Marfat.com

Marfat.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلَا اِنَّ اَوْلِیَاءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ

ھو القادر

سیدی ضیاء الدین احمد القادری رحمۃ اللہ علیہ

تالیف

عبدالمصطفیٰ محمد عارف قادری ضیائی

جلد دوم

حزب القادریہ۔ لاہور۔ پاکستان

Marfat.com

ھوالقادر

سیدی ضیاء الدین احمد القادری رحمتہ اللہ علیہ

جلد دوم

تالیف

عبدالمصطفیٰ محمد عارف قادری ضیائی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلَا اِنَّ اَوْلِیَاءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ

ھوالقادر

سیدی رضی اللہ عنہ

تالیف

عبدالمصطفیٰ محمد عارف قادری ضیائی

جلد دوم

حزب القادریہ۔ لاہور ۔ پاکستان

Marfat.com

تسلسل نمبر ------ ۲۲

84651

نام کتاب ------ سیدی ضیاء الدین احمد القادری رضی اللہ عنہ

مولف ------ عبدالمصطفی محمد عارف قادری ضیائی عفی عنہ

جلد ------ دوم

کاتب ------ ابوحمزہ عبدالرؤف عثمان قادری

تعداد ------ ۱۱۱۲

طباعت اول ------ ۴ ذوالحجہ ۱۴۲۶ھ

طباعت ثانی ------ ۴ ذوالحجہ ۱۴۲۸ھ

باھتمام ------ بدر سبحانی سیدی محمد عامر پردیسی قادری

ھدیہ ------ دعائے خیر بحق معاونین حزب القادریہ

ناشر ------ عبدالعزیز خان قادری

حزب القادریہ۔ لاہور۔ پاکستان

۲۲۲، جی بلاک گلشن راوی لاہور

Marfat.com

فہرست

صفحہ

(۱) فہرست ۵

(۲) قطب الاقطاب کے اساتذہ کرام و مشائخ عظام

۱۔ علامہ العصر مولانا محمد حسین پسروری رضی اللہ عنہ ۱۵

۲۔ عارف باللہ حضرت مولانا غلام قادر بھیروی رضی اللہ عنہ ۱۷

۳۔ حضرت علامہ وصی احمد محدث سورتی رضی اللہ عنہ ۲۲

۴۔ مجدد اعظم امام احمد رضا خاں قادری رضی اللہ عنہ ۲۸

۵۔ حضرت مولانا شاہ عبدالسلام جبل پوری رضی اللہ عنہ ۴۳

۶۔ حضرت علامہ السید مصطفیٰ الکلیدار رضی اللہ عنہ ۴۹

۷۔ حضرت سید حسین الحسنی الکردی رضی اللہ عنہ ۵۱

۸۔ حضرت علامہ شیخ احمد الشمّس القادری رضی اللہ عنہ ۵۳

۹۔ محدث اعظم حضرت علامہ محمد بدر الدین الحسنی رضی اللہ عنہ ۵۶

۱۰۔ مجاہد فی سبیل اللہ حضرت سید احمد الشریف السنوسی رضی اللہ عنہ ۶۲

۱۱۔ حضرت علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی رضی اللہ عنہ ۷۷

۱۲۔ حضرت شیخ سیدی احمد السباعی رضی اللہ عنہ ۸۷

۱۳۔ حضرت علامہ ابوالخیر محمد بن احمد خطیب رضی اللہ عنہ ۸۸

۱۴۔ حضرت شیخ سید محمد القادری الحریری رضی اللہ عنہ ۹۱

۱۵۔ حضرت مولانا شاہ علی حسین اشرفی کچھوچھوی رضی اللہ عنہ ۹۲

Marfat.com

١٦۔	قطبِ مکہ شیخ الدلائل محمد عبدالحق الہ آبادی	رضی اللہ عنہ	١٠٠
١٧۔	حضرت علامہ شاہ محمد عبدالباقی لکھنوی مہاجر مدنی	رضی اللہ عنہ	١٠٨
١٨۔	حضرت سید محمد المہدی السنوسی	رضی اللہ عنہ	١١٣
١٩۔	علامہ سید علوی بن احمد باقیہ	رضی اللہ عنہ	١١٩
٢٠۔	علامہ سید احمد بن احمد الجزائری	رضی اللہ عنہ	١٢٠
٢١۔	علامہ سید احمد بن عبدالقادر الریفی	رضی اللہ عنہ	١٢١
٢٢۔	علامہ سید عباس بن محمد رضوان	رضی اللہ عنہ	١٢٨

(٣)
زیارت اکابر

١۔	شمس العارفین حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی	رضی اللہ عنہ	١٣٧
٢۔	امام العارفین حضرت خواجہ اللہ بخش تونسوی	رضی اللہ عنہ	١٤١
٣۔	حضرت سید شاہ ابوالحسین احمد نوری مارہروی	رضی اللہ عنہ	١٤٥
٤۔	حضرت شاہ فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی	رضی اللہ عنہ	١٤٩
٥۔	حضرت سیدی محمد مصطفیٰ ماء العینین	رضی اللہ عنہ	١٥٣
٦۔	غوث الاسلام پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی	رضی اللہ عنہ	١٥٨
٧۔	مجاہدِ اعظم شیخ عمر المختار	رضی اللہ عنہ	١٦٧
٨۔	حضرت علامہ سید عبدالرحمٰن کیلانی	رضی اللہ عنہ	١٦٩
٩۔	حضرت علامہ سید محمود حسام الدین جیلانی	رضی اللہ عنہ	١٧١
١٠۔	استاذ العلماء شیخ سعید نقشبندی	رضی اللہ عنہ	١٧٣
١١۔	حضرت علامہ مولانا غلام رسول ھندی	رضی اللہ عنہ	١٧٥
١٢۔	حضرت سید احمد بن سید یاسین	رضی اللہ عنہ	١٧٧
١٣۔	حضرت علامہ سید ابراہیم الراوی	رضی اللہ عنہ	١٧٨
١٤۔	حضرت سید علوی السقاف	رضی اللہ عنہ	١٨٠

Marfat.com

(۴) مشاہیر، علماء ومشائخ کے مکتوبات بنام قطب مدینہ رضی اللہ عنہ

۱۔	سیدنا اعلیحضرت احمد رضا خاں قادری بریلوی	رضی اللہ عنہ	۱۸۸
۲۔	حضرت علامہ سید احمد شریف السنوسی	رضی اللہ عنہ	۱۹۱
۳۔	مفتی اعظم مصطفیٰ رضا خاں نوری	رضی اللہ عنہ	۱۹۲
۴۔	مفتی اعظم مصطفیٰ رضا خاں نوری	رضی اللہ عنہ	۱۹۴
۵۔	مفتی اعظم مصطفیٰ رضا خاں نوری	رضی اللہ عنہ	۱۹۵
۶۔	حضرت علامہ شاہ عبدالعلیم صدیقی قادری	رضی اللہ عنہ	۱۹۶
۷۔	حضرت علامہ برہان الحق قادری رضوی	رضی اللہ عنہ	۱۹۸
۸۔	حضرت علامہ محمد عبدالحامد قادری بدیونی	رضی اللہ عنہ	۱۹۹
۹۔	حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی ملتان	رضی اللہ عنہ	۲۰۱
۱۰۔	حضرت علامہ غلام قادر اشرفی ضیائی لالہ موسیٰ	رضی اللہ عنہ	۲۰۲
۱۱۔	علامہ شیخ عبدالوہاب الصلاحی حلبونی دمشق	رضی اللہ عنہ	۲۰۳
۱۲۔	حضرت علامہ شیخ محمد المصطفیٰ الشنقیطی مدنی	رضی اللہ عنہ	۲۰۴
۱۳۔	علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی قادری	رضی اللہ عنہ	۲۰۵
۱۴۔	حضرت علامہ ریحان رضا خاں قادری بریلوی	رضی اللہ عنہ	۲۰۷
۱۵۔	حضرت علامہ منان رضا خاں قادری بریلوی	مدظلہ	۲۰۸
۱۶۔	حضرت علامہ ارشد القادری جمشید پور	رضی اللہ عنہ	۲۰۹
۱۷۔	حضرت علامہ سید زاہد علی قادری فیصل آباد	رضی اللہ عنہ	۲۱۰
۱۸۔	حضرت علامہ محمد شریف نوری لاہور	رضی اللہ عنہ	۲۱۱
۱۹۔	حضرت علامہ مفتی محمد حسین قادری سکھر	رضی اللہ عنہ	۲۱۲

Marfat.com

۲۰۔ جناب الحاج محمد اسحاق نقشبندی جماعتی میسور رضی اللہ عنہ ۲۱۳

۲۱۔ حضرت خان بہادر بخشی مصطفیٰ علی خان رضی اللہ عنہ ۲۱۵

(۵) **مکتوبات حضرت قطب مدینہ بنام**

۱۔ ڈاکٹر پروفیسر مسعود احمد نقشبندی مجددی مدظلہ ۲۱۹

۲۔ مکتبہ نبویہ لاہور ۲۲۰

۳۔ حضرت علامہ صائم چشتی ۲۲۱

۴۔ حضرت بخشی مصطفیٰ علی خاں مدنی ۲۲۲

(۶) **اسفار قطب مدینہ** رضی اللہ عنہ

۱۔ سفرِ ترکیا ۲۲۸

۲۔ سفرِ بریلی ۲۳۰

۳۔ سفرِ بغداد ۲۳۲

۴۔ سفرِ حیدرآباد دکن ۲۳۵

(۷) **سفرِ آخرت** ۲۳۷

(۸) **تعزیت نامے بنام سیدی فضل الرحمٰن** ۲۴۷

(۹) **قطعات تاریخ وصال** ۲۸۹

(۱۰) **مناقب** ۳۱۳

(۱۱) **خراجِ عقیدت** ۳۵۱

Marfat.com

(۱۲)

معاصرین جن کے ساتھ قطب مدینہ کے گہرے مراسم تھے

۱۔	حضرت حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خاں قادری	رضی اللہ عنہ	۳۷۳
۲۔	مفتی اعظم ہند مصطفیٰ رضا خاں قادری	رضی اللہ عنہ	۳۷۸
۳۔	علامہ سید محمد محدث کچھوچھوی	رضی اللہ عنہ	۳۸۴
۴۔	حضرت علامہ محمد تاج الدین الحسنی	رضی اللہ عنہ	۳۸۷
۵۔	حضرت علامہ تقی الدین نبہانی	رضی اللہ عنہ	۳۸۹
۶۔	حضرت علامہ سید نعیم الدین مرادآبادی	رضی اللہ عنہ	۳۹۱
۷۔	حضرت مولانا برہان الحق جبل پوری	رضی اللہ عنہ	۳۹۵
۸۔	مبلغ اسلام حضرت علامہ شاہ عبدالعلیم صدیقی	رضی اللہ عنہ	۳۹۹
۹۔	حضرت پیر سید جماعت علی شاہ علی پوری	رضی اللہ عنہ	۴۰۶
۱۰۔	مجاہد ملت علامہ محمد عبدالحامد قادری	رضی اللہ عنہ	۴۱۰
۱۱۔	حضرت علامہ مفتی نجم الدین الواعظ	رضی اللہ عنہ	۴۱۵
۱۲۔	حضرت علامہ سید احمد کیلانی	رضی اللہ عنہ	۴۱۶
۱۳۔	حضرت علامہ سید حسام الدین جیلانی	رضی اللہ عنہ	۴۱۷
۱۴۔	حضرت علامہ حمدی الاعظمی	رضی اللہ عنہ	۴۱۹
۱۵۔	حضرت علامہ مفتی عبدالعزیز چشتی	رضی اللہ عنہ	۴۲۱
۱۶۔	حضرت علامہ شاہ محمد علی حسین مدنی	رضی اللہ عنہ	۴۲۴
۱۷۔	حضرت علامہ عبداللہ الطالیانی	رضی اللہ عنہ	۴۲۷
۱۸۔	حضرت علامہ سید اسماعیل الواعظ	رضی اللہ عنہ	۴۲۸
۱۹۔	حضرت مولانا حسرت موہانی	رضی اللہ عنہ	۴۳۰

Marfat.com

۲۰۔	شیخ العصر میاں علی محمد خاں نظامی	رضی اللہ عنہ	۴۳۳
۲۱۔	حضرت مولانا علامہ سید سلیمان اشرف بہاری	رضی اللہ عنہ	۴۴۰
۲۲۔	حضرت مولانا سید خادم حسین علی پوری	رضی اللہ عنہ	۴۴۳
۲۳۔	قطب عالم حضرت علامہ سید دیدار علی قادری الوری	رضی اللہ عنہ	۴۴۵
۲۴۔	مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ دہلوی	رضی اللہ عنہ	۴۴۸

(۱۳) علماء ومشائخ جن کا قطب مدینہ رضی اللہ عنہ ذکر فرمایا کرتے

۱۔	علامہ ابوالبرکات سید احمد قادری	رضی اللہ عنہ	۴۵۹
۲۔	مجاہد اعظم علامہ محمد حبیب الرحمٰن قادری عباسی	رضی اللہ عنہ	۴۶۶
۳۔	غزالی زماں علامہ سید احمد سعید کاظمی	رضی اللہ عنہ	۴۸۶
۴۔	حضرت مفتی تقدس علی خان	رضی اللہ عنہ	۴۸۹
۵۔	حضرت علامہ غلام قادر اشرفی	رضی اللہ عنہ	۴۹۴
۶۔	تاج العلماء مفتی محمد عمر نعیمی	رضی اللہ عنہ	۵۰۴
۷۔	حضرت علامہ سردار احمد قادری	رضی اللہ عنہ	۵۰۶
۸۔	حضرت علامہ شاہ احمد نورانی	رضی اللہ عنہ	۵۱۲
۹۔	شیخ القرآن علامہ عبدالغفور ہزاروی	رضی اللہ عنہ	۵۱۷
۱۰۔	حضرت مفتی احمد یار خاں نعیمی	رضی اللہ عنہ	۵۲۰
۱۱۔	ڈاکٹر پروفیسر محمد مسعود احمد مجددی	مدظلہ	۵۲۴
۱۲۔	علامہ قاری محمد مصلح الدین صدیقی	رضی اللہ عنہ	۵۳۴
۱۳۔	عارف حقانی پیر سید محمد معصوم شاہ قادری	رضی اللہ عنہ	۵۳۸
۱۴۔	حضرت خواجہ قمر الدین سیالوی	رضی اللہ عنہ	۵۴۲

Marfat.com

۱۵۔	سید زاہد علی شاہ قادری	رضی اللہ عنہ	۵۴۴
۱۶۔	حضرت مولانا ابوداؤد محمد صادق	مدظلہ	۵۴۷
۱۷۔	حضرت مولانا محمد شریف نوری	رضی اللہ عنہ	۵۵۲
۱۸۔	پیر سید حیدر حسین شاہ علی پوری	رضی اللہ عنہ	۵۵۵
۱۹۔	مفسر اعظم علامہ محمد ابرھیم رضا خان قادری	رضی اللہ عنہ	۵۶۲
(۱۴)	**خلفائے قطب مدینہ منورہ (رضی اللہ عنہ)**		۵۶۷
(۱۵)	**جانشینِ قطبِ مدینہ (رضی اللہ عنہ)**		۵۸۱
	سیدی فضل الرحمٰن مدنی قادری		
۱۔	عادات وخصائل		۵۸۹
۲۔	سیدی حبیب الرحمٰن قادری رحمتہ اللہ علیہ		۵۹۶
۳۔	حضرت علامہ ڈاکٹر رضوان قادری زید مجدہ		۵۹۷
۴۔	سیدی ڈاکٹر خلیل الرحمٰن قادری زید مجدہ		۵۹۹
۵۔	مشاھیر کی نظر میں		۶۰۱
۶۔	خلفائے سیدی فضل الرحمٰن		۶۱۱
۷۔	دو تاریخی خطبات		۶۲۳
۸۔	دعاء سیدی فضل الرحمٰن		۶۳۷
۹۔	خطوط		۶۴۳
(۱۶)	**مرکزی مجلسِ رضا لاہور**		۶۷۵
	انٹرویو حکیم محمد موسیٰ امرتسری		

Marfat.com

(۱۷) مقالہ مولانا محمد منشا تابش قصوری ۷۶۱

(۱۸) اختتامیہ ۔ میاں محمد اویس قادری ۷۶۷

(۱۹) حواشی ۷۷۳

۱۔ ۴ مفتی مکہ معظّمہ سیدی عبدالرحمٰن سراج قدس اللہ سرہ ۷۷۵

۲۔ ۱۹ مختصر شرح قصیدہ ہمزیہ ۷۷۷

۳۔ ۲۲ حضرت میاں راج شاہ صاحب ۷۷۸

۴۔ ۲۳ حضرت شاہ آل رسول مارہروی قدس اللہ سرّہٗ ۷۷۸

۵۔ ۲۴ حضرت حافظ شاہ حسین خان جہانپوری رحمتہ اللہ علیہ ۷۷۹

۶۔ ۲۵ حضرت شاہ خلیل احمد رحمتہ اللہ علیہ ۷۸۰

۷۔ ۷۱ حضرت سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ ۷۸۴

۸۔ ۷۲ حضرت سیدنا حذیفہ ابن یمان رضی اللہ عنہ ۷۸۵

۹۔ ۷۳ ملک فیصل الاول رحمتہ اللہ علیہ ۷۸۵

۱۰۔ ۷۴ حضرت علامہ الشیخ قاسم مفتی اعظم عراق ۷۸۶

۱۱۔ ۷۸ حضرت علامہ شاہ ریحان رضا خاں رحمتہ اللہ علیہ ۷۸۷

۱۲۔ ۷۹ حضرت حافظ خیر محمد سندھی رحمتہ اللہ علیہ ۷۸۸

۱۳۔ ۹۹ زبدۃ الحکماء حکیم سلطان بخش رحمتہ اللہ علیہ ۷۹۰

۱۴۔ ۱۲۸ سیدہ حفصہ رحمتہ اللہ علیہا ۷۹۲

۱۵۔ ۱۲۹ یہ کام کب ہونا ہے؟ ۷۹۳

Marfat.com

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

تیرے ان دوستوں کے طفیل اے خدا
بندۂ ننگ خلقت پہ لاکھوں سلام

حضرت قطب الاقطاب
سیدی ضیاء الدین احمد
قادری رضی اللہ عنہ

کے

اساتذہ کرام

و

مشائخ عظام

Marfat.com

شاہ برکات و برکات پیشینیاں
نو بہار طریقت پہ لاکھوں سلام
KHHANQAH BARKATIYA. MAREHRA SHARIF

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علامۃ العصر مولانا محمد حسین پسروری رضی اللہ عنہ

حضرت علامہ محمد حسین بن میاں فضل دین ۱۸۷۰ء کو پسرور ضلع سیالکوٹ کے دینی و عملی گھرانہ میں پیدا ہوئے۔ دینی تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ نے اینگلو ورنیکلر اسکول پسرور سے ابتدائی تعلیمی مراحل طے کئے۔ یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور سے عربی فاضل کے امتحان میں امتیازی حیثیت سے کامیاب ہوئے۔

پسرور گورنمنٹ ہائی اسکول میں عربی زبان کے مدرسِ اعلیٰ مقرر ہوئے، ۱۹۲۲ء تک ملازمت اختیار کی پھر استعفیٰ دے کر شاہی مسجد پسرور میں درس قرآن و حدیث پر معمور ہوئے، اسی مسجد کی خطابت بھی آپ کے سپرد تھی۔ ۱۹۲۵ء میں انجمن تبلیغ الاسلام پسرور کی بنیاد رکھی گئی تو آپ صدر چنے گئے، انجمن کے زیر اہتمام متعدد تبلیغی کتابچے شائع کئے، زبردست تبلیغی کام کیا، بے شمار ہندو، سکھ، عیسائی اور مرزائی آپ کے دست حق پرست پر دولت ایمان سے مالا مال ہوئے۔ آپ حضرت خواجہ نور محمد تیراہی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۲۸۲ھ) کے خلیفہ اول حضرت حافظ محمد فتح الدین نقشبندی قدس سرہٗ (المتوفی ۱۳۱۴ھ) جامع مسجد اعواناں رنگ پورہ سیالکوٹ والے، کے مرید و خلیفہ تھے۔ ہر جمعرات کو پیر و مرشد کی زیارت کے لئے سیالکوٹ جایا کرتے۔ حافظ فتح الدین کے وصال کے بعد بھی آپ نے یہ معمول جاری رکھا، کچھ عرصہ بعد آپ مستقل طور پر سیالکوٹ منتقل ہو گئے اور محلّہ رنگ پورہ کی مسجد کی امامت اور پیر و مرشد کے مزار شریف کی نگہداشت کرنے لگے۔ حضرت حافظ صاحب کی رحلت کے بعد حضرت خواجہ بابا فقیر محمد چوراہی رحمۃ اللہ علیہ پیر و مرشد حضرت امیر ملت پیر سید جماعت علی شاہ

Marfat.com

محدث علی پوری نے اجازت وخلافت سے نوازا۔

تحریک پاکستان میں حضرت امیر ملت محدث علی پوری رحمۃ اللہ علیہ (۱۸۴۱ء-۱۹۵۱ء) کے ساتھ بہت کام کیا، ۱۹۴۴ء میں قائداعظم جب سیالکوٹ تشریف لائے تو آپ نے جلسے میں شرکت فرمائی اور قائداعظم کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔

پروفیسر ڈاکٹر احسان الٰہی (صدر شعبۂ عربی پنجاب یونیورسٹی لاہور) فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت مولانا محمد حسین نقشبندی قدس سرہ کی بینائی معدوم ہوگئی تو انہوں نے قصیدہ بردہ شریف پڑھ کر دم کرنے کی فرمائش کی چند روز یہ عمل کیا گیا تو آپ کی بینائی واپس آ گئی۔ (برکات بردہ مطبوعہ لاہور)

آپ کے تلمیذ رشید قطب مدینہ علامہ ضیاء الدین احمد قادری رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ آپ کے استاد و برادر اکبر مولانا نور احمد پسروری ٹلمل یقین تھے اور استادِ محترم علامہ محمد حسین پسروری رضی اللہ عنہ پر تصوف کا غلبہ تھا۔ نیز آپ کے اخلاق اور قوت حافظہ کے بے حد مداح تھے۔ (فقیر قادری)

۱۱/ شوال ۱۳۷۰ھ/ ۱۵ جولائی ۱۹۵۱ء بروز اتوار بوقت عصر ۸۰ برس کی عمر میں رحلت فرمائی۔ نماز جنازہ حضرت امیر ملت محدث علی پوری رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ حضرت مولانا امام الدین رائے پوری سیالکوٹی رحمۃ اللہ علیہ نے پڑھائی حاضرین کی تعداد چالیس ہزار کے قریب تھی، جامع مسجد حنفیہ اعواناں محلّہ رنگ پورہ سیالکوٹ کے احاطہ کے شمالی جانب پیر و مرشد کے پہلو میں آخری آرام گاہ بنی۔ رحمۃ اللہ علیہ چار صاحبزادے اور ایک صاحبزادی چھوڑی۔ [1]

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عارف باللہ حضرت مولانا غلام قادر بھیروی قدس سرہ

استاذ الاساتذہ، مقتدائے اہل سنت حضرت مولانا عبدالقادر المعروف بہ غلام قادر ہاشمی ابن مولانا غلام حیدر رحمہما اللہ تعالےٰ ۱۲۶۵ھ/۱۸۴۹ء میں بھیرہ، ضلع سرگودھا میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مولانا غلام محی الدین بگوی (جوان دنوں مسجد حکیماں، اندرون بھاٹی دروازہ لاہور میں درس حدیثِ پاک دیا کرتے تھے) اوران کے چھوٹے بھائی مولانا احمد الدین بگوی سے حاصل کی، مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے حضرت مولانا مفتی صدر الدین آزردہ صدر الصدور دہلی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تکمیل علوم کے بعد لاہور تشریف لائے اوراندرون بھاٹی دروازہ، اونچی مسجد، میں خطیب مقرر ہوئے، ان کی عالمانہ تقریر کی کشش سے دور دور سے لوگ حاضر ہونے لگے بیگم شاہی مسجد کی متولیہ مائی جیواں آپ کے ارشادات سے اس قدر متاثر ہوئیں کہ اپنی مسجد کا خطیب مقرر کردیا، بعدازاں مسجد کی تولیت بھی آپ ہی کے سپرد کردی۔

سلسلۂ عالیہ چشتیہ میں حضرت خواجہ شمس العارفین سیالوی قدس اللہ سرہٗ سے بیعت ہوئے اوراجازت وخلافت سے بہرہ ور ہوئے، آپ کے اوراد واشغال میں حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ سے اویسی نسبت کی بنا پر قادریت کا غلبہ تھا۔

مشہور تاریخ گواور تذکرہ نویس بزرگ مولانا غلام دستگیر نامی لکھتے ہیں:

''آپ کو لاہور کا قطب سمجھا جاتا تھا''

۱۸۷۹ء میں اورینٹل کالج، لاہور میں عربی کے نائب استاد مقرر ہوئے اور دو سال تک طلباء کو علم وفضل سے فیضیاب کرتے رہے۔ انہی دنوں انگریزوں کو ایک فتوے کی ضرورت پیش آئی، متدین علماء نے صاف انکار کردیا، کالج سے متعلق علماء سے رجوع کیا

Marfat.com

گیا تا کہ وہ وظیفہ خوار ہونے کی بنا پر انگریز کی منشاء کے مطابق فتوے صادر کردیں، مولانا غلام قادر بھیروی کے سامنے دستخط کرنے کے لئے فتویٰ پیش کیا گیا تو انہوں نے استعفاء پیش کر دیا اور فرمایا:

''میں ملازمت سے ستبردار ہوسکتا ہوں لیکن غلط فتوے کی تائید نہیں کرسکتا''

چنانچہ آپ نے جامعہ نعمانیہ، لاہور میں درس و تدریس کا کام شروع کردیا اور تمام تر توجہ قرآن وحدیث کی تعلیم پر صرف کردی۔

لاہور کے سادہ لوح مسلمانوں کو ورغلانے کے لئے عیسائیوں اور مرزائیوں کے علاوہ دیوبندی، وہابی، نیچری اور شیعہ علماء نے سازشوں کے جال بچھانے شروع کئے تو مولانا غلام قادر بھیروی قدس سرہ نے تحریر وتقریر اور وعظ ومناظرہ کے ذریعہ سب کے دانت کھٹے کردئے۔ علمی دبدبے اور طبیعت کے جلال کے سبب کسی کو سامنے آنے کی جرات کم ہی ہوتی تھی آپ نے مسجد میں مفسدین کا داخلہ بند کررکھا تھا اور مسجد کی پیشانی پر ایک پتھر نصب کروادیا جس پر یہ عبارت درج تھی:

''باتفاق انجمن حنفیہ وحکم شرع شریف قرار پایا کہ کوئی وہابی، رافضی، نیچری، مرزائی مسجد ہذا میں نہ آئے اور خلاف مذہب حنفی کوئی بات نہ کرے''

فقیر غلام قادر عفی عنہ، متولی بیگم شاہی مسجد

آج کل کے بعض ''دانشور'' یہ تاثر دینے کی کوشش کررہے ہیں کہ سنی وہابی اختلاف محض فروعی حیثیت رکھتا ہے لہٰذا آپس میں رواداری کا ثبوت دینا چاہئے۔ سوال یہ ہے کہ جو لوگ اہل سنت کو کافر ومشرک کہتے ہوئے نہیں تھکتے، بارگاہ رسالت (ﷺ) کے آداب کو پس پشت ڈال کر گستاخانہ روش اختیار کرتے ہیں، وہ کس رواداری کے مستحق ہوسکتے ہیں؟

مولانا غلام قادر بھیروی قدس سرہٗ کی مسجد میں کوئی بدمذہب بغرضِ فساد داخل ہوجاتا تو اسے دھکے دے کر باہر نکلوادیتے۔

Marfat.com

حقیقت یہ ہے کہ اگر علماء اہلِ سنت اس تصلب کا مظاہرہ نہ کرتے تو آج دین کا حلیہ بگڑ چکا ہوتا۔ پنجاب کے علماء میں سب سے پہلے مرزا قادیانی کے خلاف آپ ہی نے فتویٰ دیا اور اس وقت مرزا کی تردید کی جب کہ اس نے ابھی تک نبوت کا دعویٰ نہیں کیا تھا۔

پنجاب کے علماء کی غالب اکثریت آپ کے رشتہ تلمذ میں منسلک تھی، چند تلامذہ کے نام یہ ہیں:

۱۔ امیر ملت پیر سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری

۲۔ مولانا محمد عالم آسی امرتسری (مصنف الکادیہ علی الغاویہ)

۳۔ مولانا نبی بخش حلوائی (مصنف تفسیر نبوی وغیرہ)

۴۔ مولانا غلام احمد حافظ آبادی (سابق صدر مدرس جامعہ نعمانیہ، لاہور)

۵۔ مولانا غلام حیدر قریشی پونچھوی

۶۔ قاضی ظفر الدین

۷۔ صوفی غلام قادر چشتی سیالوی

۸۔ حضرت مولانا محمد ضیاء الدین احمد قادری قدس اللہ سرہٗ، مقیم مدینہ منورہ

خلیفہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی قدس اللہ سرہٗ

مولوی حکیم عبدالحئ لکھنوی لکھتے ہیں:

''لم یکن له نظیر فی کثرة الدرس والافادة''

''درس وافادہ کی کثرت میں کوئی ان کا مدِّ مقابل نہ تھا''

حضرت مولانا غلام قادر بھیروی قدس سرہٗ نے درس وتدریس اور رشد وہدایت کی بے پایاں مصروفیات کے باوجود تصانیف کا گرانقدر ذخیرہ یادگار چھوڑا، تصانیف کے نام یہ ہیں۔

۱۔ اسلام کی گیارہ کتابیں (دینی تعلیم کا بہترین نصاب)

۲۔ الشوارق الصمدیہ، ترجمہ وتلخیص البوارق الحمدیہ (از مولانا شاہ فضل رسول بدایونی)

۳۔ نماز حضوری

Marfat.com

۴۔ ختماتِ خواجگان

۵۔ شمس الحنفیہ بجواب نور الحنفیہ (مسئلہ وحدۃ الوجود)

۶۔ نور الربانی فی مدح المحبوب السبحانی

۷۔ شمس الضحیٰ فی مدح خیر الوریٰ

۸۔ نماز ضروری

۹۔ حقیقتِ انوار محمدیہ

۱۰۔ جوہرِ ایمانی

۱۱۔ عکازہ در صلوٰۃِ جنازہ

۱۲۔ فاتحہ خوانی

حضرت میاں شیر محمد شرقپوری قدس سرہٗ انگریزی خواں طبقے کو ''تواریخِ حبیبِ الہٰ'' اور اسلام کی گیارہ کتابیں پڑھنے کا حکم دیا کرتے تھے۔

استاذ اساتذۃ العصر حضرت مولانا غلام قادر قریشی ہاشمی بھیروی قدس سرہ العزیز ۱۹ ربیع الاول/ ۱۰ اپریل ۱۳۲۷ھ/ ۱۹۰۹ء کو واصل بحق ہوئے اور بیگم شاہی مسجد میں محوِ استراحتِ ابدی ہوئے۔ نماز جنازہ میں خلقِ خدا کا ہجوم اس قدر تھا کہ تل دھرنے کو جگہ نہ ملتی تھی۔ مولانا کرم الدین '' رئیس بھیں''، ضلع جہلم فرماتے ہیں۔

'' مولانا غلام قادر صاحب مرحوم کا جنازہ جب شہر لاہور میں اٹھایا گیا تو ہجوم خلائق اس قدر تھا کہ نماز جنازہ باہر پریڈ میں پڑھی گئی، کارخانوں کے مزدوروں نے اس روز مزدوری ترک کر کے شمولیتِ جنازہ کی۔''

آپ کے شاگرد رشید مولانا محمد عالم آسی امرتسی نے تاریخِ وفات کہی :

(۱) منبعِ فیضِ رب جلیل ۱۳ ھ ۲۷

(۲) درخلدِ بریں قبلۂ من ۱۳ ھ ۲۷

Marfat.com

مولانا فتح محمد فاروقی حقیر نے تاریخِ وفات ۱۳۲۶ھ قرار دیتے ہوئے قطعۂ تاریخ کہا ہے ؎

تھے غلام قادر اک جو مولوی باصفا تھے
ستونِ دینِ احمد، بے ریا و باعمل
تھے عدو، لامذہبوں کے، اہل مذہب کے تھے دوست
گوہر بحرِ علوم اور تھے مناظر بے بدل
تھا ربیع الاول اور انیسویں تاریخ تھی
چار شنبہ کا تھادن جب آگئی ان کی اجل
دار فانی سے گئے ملکِ بقا کو جبکہ وہ
مرگ سے ان کی گیا سب مومنوں کا دل دہل
سال رحلت پوچھا ہاتف سے جو میں نے اے حقیر
کان میں میرے کہا "مغفور" اس نے بے خلل

۱۳۲۶ھ

۲

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ وصی احمد محدث سورتی قدس سرہٗ

محدث سورتی ۱۸۳۶ء میں راندیر (ضلع سورت، بھارت) میں پیدا ہوئے، یعنی انقلاب ۱۸۵۷ء سے تقریباً بیس سال قبل۔ ۱۲۷۷ھ میں آپ دہلی آئے یہاں مسجد فتح پوری میں قیام کیا، ان دنوں راقم کے جدامجد حضرت مفتی محمد مسعود شاہ محدث دہلوی مسجد مذکور میں درس و تدریس میں مصروف تھے۔ ممکن ہے کہ محدث سورتی نے ان سے بھی استفادہ کیا ہو۔ مسجد فتح پوری میں قیام کے بعد محدث سورتی مدرسہ حسین بخش (دہلی) پہنچے۔ وہاں کچھ عرصہ پڑھنے کے بعد ۱۲۷۹ھ میں مجاہد جنگ آزادی مولانا عنایت احمد کاکوروی کے مدرسہ فیض عام (کانپور) چلے گئے، جہاں ان کو مولانا لطف اللہ علی گڑھی جیسا استادِ کامل ملا مولانا احمد حسن کانپوری، محدث سورتی کے ہم سبق رہے۔ مولانا علی گڑھی کے فضل و کمال کا اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ پیر مہر علی شاہ گولڑوی، مولوی عبدالحق حقانی دہلوی اور نواب حبیب الرحمٰن خاں شیروانی ان کے تلامذہ میں تھے۔

محدث سورتی ۱۲۸۶ھ میں مدرسہ فیض عام سے فارغ ہوئے اور گنج مراد آباد (ضلع اناوہ یوپی) پہنچے۔ جہاں فاضل کامل و عارف اکمل مولانا فضل الرحمٰن گنج مراد آبادی کی صحبت سے مستفیض و مستفید ہوئے اور بیعت و خلافت سے نوازے گئے۔ مولانا گنج مراد آبادی کو شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی سے سندِ حدیث حاصل تھی، آپ کے تلامذہ میں مولانا محمد علی مونگیری، مولانا احمد حسن کانپوری، پیر جماعت علی شاہ محدث علی پوری اور مولانا دیدار علی الوری جیسے فضلاء شامل تھے۔

84651

۱۲۹۳ھ میں محدث سورتی دارالعلوم مظاہر العلوم (سہارنپور) پہنچے جہاں مولانا احمد علی سہارنپوری سے درسِ حدیث لیا اور تقریباً ۱۲۹۵ھ میں سندِ حدیث لی۔ اس مدرسہ

Marfat.com

میں پیر مہر علی شاہ گولڑوی اور مولانا دیدار علی الوری آپ کے ہم سبق رہے۔

تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد محدث سورتی کان پور پہنچے جہاں مدرسہ فیض عام میں درس و تدریس اور فتویٰ نویسی کی ذمہ داریاں تفویض کی گئیں۔ یہاں آپ آٹھ سال رہے۔ نسائی شریف کا حاشیہ یہیں لکھنا شروع کیا۔ ۱۲۹۶ھ میں شادی کے بعد کانپور سے پیلی بھیت (یو۔پی) تشریف لے آئے اور یہاں مدرسہ حافظ العلوم میں صدر مدرس ہو گئے۔ پندرہ سال تک درس و تدریس میں مصروف رہے پھر آپ نے مدرستہ الحدیث کے نام سے اپنا الگ مدرسہ پیلی بھیت میں قائم کیا اور درسِ حدیث کا آغاز کیا اس کے ساتھ مسجد شیخ کبیر میں آخر عمر تک امامت کے فرائض انجام دیتے رہے۔ درمیان میں دو سال کے لئے قاضی عبدالوحید کی دعوت پر مدرسہ حنفیہ (پٹنہ) چلے گئے لیکن دو سال بعد پھر اپنے مدرسہ میں آ گئے۔

محدث سورتی نے تحریک ندوۃ العلماء میں بھی حصہ لیا۔ ۱۳۱۰ھ میں مدرسہ فیض عام (کانپور) میں اس کا آغاز ہوا۔ امام احمد رضا بھی اس کے ایک اجلاس میں شریک ہوئے اور اصلاح نصاب کے سلسلے میں ایک مقالہ پڑھا لیکن جب ندوۃ العلماء کا مزاج اور کردار بدلا تو پہلے امام احمد رضا علیحدہ ہوئے اور اس کے بعد محدث سورتی، یہی نہیں بلکہ ندوۃ العلماء کے خلاف مستقل ایک تحریک کا آغاز کیا۔ اس سے قبل محدث سورتی نے پاک و ہند اور حجاز میں مولانا نذیر حسین کے زیر اثر چلنے والی مہم کا بھی تعاقب کیا تھا، اس سلسلے میں انہوں نے ایک کتاب جامع الشواہد لکھی۔ ۱۲۹۵ھ سے ۱۳۷۳ھ تک اس کے ۲۱ ہزار نسخے شائع ہو چکے تھے۔

المختصر محدث سورتی نے پاک و ہند میں حنفیت کے تحفظ و دفاع اور مسلک اہلسنّت و جماعت کے فروغ و اشاعت کے لئے مقدور بھر کوشش کی، فقہ و حدیث میں ان کو بڑا تبحر حاصل تھا، جس پر ان کی تصانیف و حواشی گواہ ہیں، ان کے تلامذہ میں بہت سے صاحب فضل و کمال ہوئے۔ بیشتر کو امام احمد رضا نے خلافت و اجازت سے نوازا۔ تلامذہ میں یہ حضرات قابلِ ذکر ہیں: مولانا محمد ظفر الدین بہاری مولانا مفتی ضیاء الدین احمد قادری

Marfat.com

مدنی، مولانا مشتاق احمد کانپوری، مولانا نثار احمد کانپوری، مولانا سید محمد محدث کچھوچھوی مولانا خادم حسین محدث علی پوری، سید سلیمان اشرف بہاری وغیرہ وغیرہ۔

محدث سورتی کا حلقہ احباب بھی بڑا وسیع تھا جس میں امام احمد رضا خاں قادری بریلوی خاص طور پر قابل ذکر ہیں، ان کے علاوہ یہ حضرات احباب میں شامل تھے۔ مولانا محمد عبدالقادر بدایونی، مولانا احمد حسن کانپوری مولانا عبدالکریم گنج مرادآبادی، مولانا ارشاد حسین رامپوری، مولانا عبدالعلی آسی، پیر مہر علی شاہ گولڑوی اور مولانا دیدار علی شاہ الوری وغیرہ۔

محدث سورتی کی اولاد میں صرف ایک صاحبزادے تھے یعنی مولانا عبدالاحد پیلی بھیتی، ان کے علاوہ پانچ صاحبزادیاں بھی تھیں۔ عبدالاحد کے صاحبزادے شاہ فضل احمد صوفی نے قابلِ قدر سیاسی وملی خدمات انجام دیں۔ ۱۹۴۸ء میں انہوں نے وصال فرمایا۔ دوسرے صاحبزادے قاری احمد پیلی بھیتی، نے بھی قابل ذکر سیاسی خدمات انجام دیں۔ وہ مسلم لیگ میں شامل تھے۔ ۱۹۴۰ء میں قرارداد پاکستان آل انڈیا سنی کانفرنس (پیلی بھیت) کے ناظم اعلی مقرر ہوئے۔ ۱۹۴۶ء میں وہ ایک قافلے کی شکل میں آل انڈیا سنی کانفرنس (بنارس) میں شریک ہوئے۔ پاکستان آنے کے بعد وہ جمعیت علماء پاکستان سے منسلک ہوگئے۔ ۱۹۷۶ء میں وصال فرمایا، تیسرے صاحبزادے شاہ مانا میاں قادری نے بھی مذہبی وملی خدمات انجام دیں۔ ۱۹۷۷ء میں انہوں نے انتقال کیا۔

تصانیف :

۱۔ حاشیہ مدارک

۲۔ حاشیہ بیضاوی (قلمی)

۳۔ حاشیہ جلالین (قلمی)

۴۔ تعلیقات سنن نسائی

۵۔ تعلیقات شرح معانی الاثار

Marfat.com

۶۔ تعلیقات شروح اربعه ترمذی

۷۔ شرح سنن ابی داؤد (قلمی)

۸۔ شرح مشکوٰۃ المصابیح (قلمی)

۹۔ افادات حصص ثمین

۱۰۔ التعلیق المجلی لمافی منیة المصلی

۱۱۔ الدره فی عقد الایدی تحت السره

۱۲۔ کشف الغمامه عن سنیة العمامه

۱۳۔ اظهار شریعت

۱۴۔ انفع الشواهد

۱۵۔ حاشیه مقامات حریری

۱۶۔ حاشیه شافیه

۱۷۔ حاشیه ملا حسن(قلمی)

۱۸۔ میبذی

محدث سورتی نے مسلک و مذہب کے لئے بے مثال خدمات انجام دے کر اور اپنی ظاہری و معنوی یادگاریں چھوڑ کر ۸ر جمادی الاول ۱۳۳۴ھ/ ۱۲ر اپریل ۱۹۱۶ء کو وصال فرمایا۔ امام احمد رضا علیہ الرحمۃ نے اس آیت قرآنی سے مادہ تاریخِ وفات نکلا ہے۔

یطاف علیهم بآنیة من فضة واکواب ۳

۱۳۳۴ھ

Marfat.com

سلسلۂ مبارکہ چشتیہ

۱۔ سید الاولین والاخرین رحمتہ للعالمین سید المرسلین خاتم النبین
سیدنا ومولانا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ وصال ۱۲/ ربیع اول ۱۱ھ

۲۔ حضرت امام الاصفیاء امیر المومنین سیدنا ومولانا علی المرتضی
اسد اللہ الغالب الشہید ۴۰ھ

۳۔ حضرت خواجہ حسن مدنی ثم بصری المتوفی ۱۱۱ھ

۴۔ حضرت خواجہ حبیب عجمی بصری المتوفی ۱۵۶ھ

۵۔ حضرت خواجہ داؤد طائی المتوفی ۱۶۵ھ

۶۔ حضرت معروف کرخی بغدادی المتوفی ۲۰۲ھ

۷۔ حضرت خواجہ سری سقطی بغدادی المتوفی ۲۵۳ھ

۸۔ قطب الاقطاب حضرت جنید بغدادی المتوفی ۳۰۲ھ

۹۔ قطب خواجہ ممشاد علو کریم الدین صائم الدھر الدینوری المتوفی ۲۹۹ھ

۱۰۔ حضرت خواجہ اسحاق شامی ثم چشتی المتوفی ۳۲۹ھ

۱۱۔ حضرت خواجہ الشریف ابی احمد شاہ ابدال چشتی المتوفی ۳۵۵ھ

۱۲۔ حضرت خواجہ الشریف ابی محمد شاہ چشتی المتوفی ۴۲۱ھ

۱۳۔ حضرت خواجہ ناصر الدین ابو یوسف شاہ چشتی المتوفی ۴۵۹ھ

۱۴۔ حضرت خواجہ سید قطب الدین مودود چشتی المتوفی ۵۲۷ھ

۱۵۔ حضرت خواجہ مخدوم شریف زندنی المتوفی ۶۱۲ھ

۱۶۔ حضرت قطب خواجہ ابی النور عثمان ھارونی مکی المتوفی ۶۱۷ھ

۱۷۔ قطب الاقطاب سلطان الہند خواجہ خواجگان سید معین الدین
حسن سنجری اجمیری المتوفی ۶۳۲ھ

Marfat.com

۱۸۔ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اوشی دہلوی — المتوفی ۶۳۳ھ

۱۹۔ حضرت خواجہ مسعود بابا فرید الدین گنج شکر فاروقی پاکپٹنی — المتوفی ۶۵۹ھ

۲۰۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء بدایونی، دہلوی — المتوفی ۷۲۵ھ

۲۱۔ حضرت خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی — المتوفی ۷۵۷ھ

۲۲۔ حضرت خواجہ سید محمد جلال الدین جہانیاں جہاں گشت اُچی — المتوفی ۷۸۸ھ

۲۳۔ حضرت خواجہ قاضی محمد اجمل بحر ایجی — المتوفی ۸۴۴ھ

۲۴۔ حضرت خواجہ سید محمد بڈھن بحر ایجی — المتوفی ۸۸۰ھ

۲۵۔ حضرت خواجہ درویش محمد القاسم ادوھی — المتوفی ۸۹۶ھ

۲۶۔ حضرت خواجہ مولانا عبد القدوس نعمانی گنگوہی — المتوفی ۹۴۴ھ

۲۷۔ حضرت خواجہ رکن الدین رکن عالم نعمانی گنگوہی — المتوفی ۹۸۳ھ

۲۸۔ حضرت خواجہ عبد الاحد فاروقی — المتوفی ۱۰۰۷ھ

۲۹۔ حضرت خواجہ احمد فاروقی مجدد الف ثانی — المتوفی ۱۰۳۴ھ

۳۰۔ حضرت خواجہ محمد معصوم — المتوفی ۱۰۷۹ھ

۳۱۔ حضرت محمد حجۃ اللہ مجددی — المتوفی ۱۱۱۵ھ

۳۲۔ حضرت محمد زبیر مجددی — المتوفی ۱۱۵۲ھ

۳۳۔ حضرت محمد ضیاء اللہ مجددی — المتوفی ۔۔۔ھ

۳۴۔ حضرت شاہ محمد آفاق مجددی — المتوفی ۱۲۵۱ھ

۳۵۔ امام المحدثین حضرت علامہ شاہ فضل رحمان گنج مرادآبادی — المتوفی ۱۳۱۳ھ

۳۶۔ حضرت علامہ شاہ وصی احمد محدث سورتی — المتوفی ۱۳۳۴ھ

۳۷۔ حضرت علامہ شاہ ضیاء الدین احمد القادری المدنی — المتوفی ۱۴۱۰ھ

رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مجدد اعظم امام احمد رضا خاں قادری قدس سرہٗ

مولانا احمد رضا خاں بریلوی نسباً پٹھان، مسلکاً حنفی، مشرباً قادری اور مولداً بریلوی تھے، آپ کے والد ماجد مولوی نقی علی خاں (م، ۱۲۹۷ھ/۱۸۸۰ء) اور جد امجد مولوی رضا علی خاں (م، ۱۲۸۲ھ/۱۸۶۶ء) اپنے عہد کے ممتاز علماء میں شمار کئے جاتے تھے۔ مولانا بریلوی نے اپنے نعتیہ دیوان حدائق بخشش (۱۳۲۵ھ/۱۹۰۷ء) میں ان دونوں کا اس طرح ذکر کیا ہے ؎

احمد ہندی رضا ابن نقی ابن رضا

مولانا احمد رضا خاں ۱۰/ شوال ۱۲۷۲ھ مطابق ۱۴/ جون ۱۸۵۶ء کو بریلی (بھارت) میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد ماجد اور دوسرے اساتذہ سے علوم منقولہ، معقولہ کی تحصیل کی، جن حضرات سے انہوں نے پڑھا، یا سند حدیث و فقہ حاصل کی ان کے اسماء گرامی یہ ہیں:

۱۔	شاہ آل رسول مارہروی	(م۔ ۱۲۹۶ھ/۱۸۷۹ء)
۲۔	مولانا محمد نقی علی خاں	(م۔ ۱۲۹۷ھ/۱۸۸۰ء)
۳۔	شیخ احمد بن زین دحلان مکی	(م۔ ۱۲۹۹ھ/۱۸۸۱ء)
۴۔	شیخ عبدالرحمٰن سراج مکی	(م۔ ۱۳۱۴ھ/۱۸۸۳ء)
۵۔	شیخ حسین بن صالح	(م۔ ۱۳۰۲ھ/۱۸۸۴ء)
۶۔	مولانا عبدالعلی رام پوری	(م۔ ۱۳۰۳ھ/۱۸۸۵ء)
۷۔	شاہ ابوالحسین احمد النوری	(م۔ ۱۳۲۴ھ/ ۱۹۰۶ء)
۸۔	مرزا غلام قادر بیگ	(م۔ ۱۳۰۱ھ/۱۸۸۳ء)

Marfat.com

مولانا احمد رضا خاں بریلوی نے جن علوم وفنون کی تحصیل اپنے اساتذہ اور ذاتی مطالعہ سے کی ان کی تعداد ۵۶ تک پہنچتی ہے۔ یہ تمام تفصیلات مولانا بریلوی نے اُس عربی سند اجازت میں دیں ہیں جو انہوں نے حافظ کتب الحرم شیخ اسمٰعیل خلیل مکی کو عنایت کی۔

مولانا بریلوی، محیر العقول فطری ذکاوت کی وجہ سے علوم عقلیہ ونقلیہ سے بہت جلد فارغ ہو گئے چنانچہ خود لکھتے ہیں:

میں نے جب پڑھنے سے فراغت پائی اور میرا نام فارغ التحصیل علماء میں شمار ہونے لگا اور یہ واقعہ نصف شعبان ۱۲۸۶ھ کا ہے۔ اس وقت میں تیرہ سال، دس ماہ، پانچ دن کا تھا، اسی روز مجھ پر نماز فرض ہوئی تھی اور میری طرف شرعی احکام متوجہ ہوئے تھے۔

علم قرآن میں ان کا ترجمہ اُردو امتیازی شان رکھتا ہے جو کنز الایمان فی ترجمہ القرآن کے نام سے ۱۳۳۰ھ/ ۱۹۱۱ء میں منظر عام پر آیا۔ پھر اس پر ان کے خلیفہ مولانا محمد نعیم الدین مراد آبادی (م۔ ۱۳۶۷ھ/ ۱۹۴۸ء) نے خزائن العرفان فی تفسیر القرآن کے عنوان سے تفسیری حواشی لکھے۔ اس ترجمے وتفسیر کے بہت سے اڈیشن ہندوستان اور پاکستان سے شائع ہو چکے ہیں اور برابر شائع ہو رہے ہیں۔

ترجمہ قرآن میں مولانا بریلوی نے جس عاقبت اندیشانہ احتیاط کو پیش نظر رکھا ہے وہ تراجم کے تقابلی مطالعے سے ظاہر ہے۔

مولانا بریلوی نے ترجمہ قرآن کے علاوہ تفسیر کا سلسلہ بھی شروع کیا تھا چنانچہ سورۂ ضحیٰ کی بعض آیات کی تفسیر ۸۰ جز تک لکھ کر چھوڑ دی، دوسرے دینی وعلمی مشاغل کی وجہ سے اتنا وقت نہ مل سکا کہ قرآن پاک کی مبسوط تفسیر لکھتے۔

علم قرآن وعلم تفسیر کے علاوہ علم حدیث میں بھی مولانا بریلوی کو تبحر حاصل تھا۔ چنانچہ شیخ یسین احمد خیاری المدنی نے علم حدیث میں بھی مولانا بریلوی کے تبحر کو سراہتے ہوئے لکھا ہے:

"وھو امام المحدثین"

اور وہ محدثین کے امام ہیں۔

Marfat.com

علم حدیث کے علاوہ علم فقہ میں مولانا بریلوی کو جو تبحر حاصل تھا اس کا اندازہ ناظم ندوۃ العلماء (لکھنو) مولانا ابوالحسن ندوی کے ان تاثرات سے لگایا جاسکتا ہے۔

فقہ حنفی اور اس کی جزئیات پر ان کو عبور حاصل ہے اس کی نظیر شاید کہیں ملے اور اس دعویٰ پر ان کا مجموعہ فتاویٰ شاہد ہے نیز ان کی تصنیف **کفل الفقیہ الفاھم فی احکام قرطاس الدراھم** جو انہوں نے ۱۳۲۳ھ میں مکہ معظّمہ میں لکھی تھی۔

جزئیات فقہ کے علاوہ متون فقہ پر مولانا بریلوی کو جو قدرت حاصل تھی وہ اہل علم کے لئے حیرت انگیز تھی۔ چنانچہ مولانا ابوالحسن علی ندوی لکھتے ہیں:

حرمین شریفین کے قیام کے زمانے میں بعض رسائل بھی لکھے اور علمائے حرمین نے بعض سوالات کئے تو ان کے جواب تحریر کئے۔ متون فقہیہ اور اختلافی مسائل پر ان کی ہمہ گیر معلومات، سرعت تحریر اور ذہانت کو دیکھ کر سب کے سب حیران و ششدر رہ گئے۔

متون فقہیہ پر استحضار کی یہ کیفیت تھی کہ بعض اوقات وہ بغیر دیکھے عبارات کی عبارات لکھتے جاتے تھے چنانچہ قیام مکہ معظّمہ کے زمانے میں بھی اس قسم کے مظاہر سامنے آئے۔ آخری ایام میں علالت کی وجہ سے بریلی سے بھوالی چلے گئے تھے، کوئی کتاب پاس نہ تھی۔ اس زمانے میں ایک استفتاء کا جواب دیا تو اس میں کتب فقہ و حدیث کے ۳۱ حوالے موجود ہیں۔

فتاویٰ حامدیہ کی دو جلدیں مولانا وصی احمد محدث سورتی (م۔ ۱۳۳۴ھ/ ۱۹۱۵ء) سے مستعار لیں اور ایک دن و ایک رات میں دیکھ کر واپس کر دیں قرآن پاک کا ایک ایک پارہ روزانہ حفظ کر کے ایک ماہ میں پورا قرآن حفظ کر لیا۔

فتاویٰ رضویہ کے مطالعہ سے مولانا بریلوی کے تبحر علمی کے ساتھ ساتھ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ علم فقہ کتنا وسیع علم ہے اور ایک باکمال فقیہ ہونے کے لئے کس قدر علوم و فنون سے واقفیت ضروری ہے۔

مولانا بریلوی کے دارالافتاء (بریلی) میں ہندوستان، پاکستان، برما، چین، امریکہ، افغانستان، افریقہ، حجاز مقدس اور بلاد اسلامیہ سے بکثرت فتوے آتے تھے جن کی

Marfat.com

تعداد ایک وقت میں کبھی چار سو اور کبھی پانچ سو تک جا پہنچتی تھی۔

مولانا بریلوی کے فتوے عربی، اردو فارسی اور انگریزی میں ہیں۔ مطبوعہ مجلدات میں اول الذکر تین زبانوں میں فتوے ہیں انگریزی فتوے ان قلمی مجلدات میں ہیں جو بریلی (بھارت) میں محفوظ ہیں۔ مولانا محمد احمد مصباحی (صدرالمدرسین، فیض العلوم، محمد آباد، گوھنہ بھارت) نے ایک مضمون میں لکھا ہے:

عرصہ ہوا فتاویٰ کی ایک قلمی جلد میں، میں تو یہ دیکھ کر سخت حیرت میں پڑ گیا کہ انگریزی کا جواب انگریزی میں ہے اور جواب بھی مختصر نہیں، بہت مبسوط ہے۔

مولانا بریلوی کے فتوے بلاد اسلامیہ اور پاکستان و ہندوستان میں قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے، حافظ کتب الحرم سید اسمٰعیل خلیل کو جب مولانا بریلوی نے اپنے عربی فتوے ارسال کئے تو انہوں نے جواباً لکھا:

"واللہ اقول والحق أقول لورَاَها أبو حنيفة النعمان
لأقرت عينيه وجعل مؤلفهامن جملة الأصحاب"

ترجمہ: اور قسم کھا کر کہتا ہوں اور سچ کہتا ہوں کہ ان فتوؤں کو اگر ابوحنیفہ نعمان دیکھ لیتے تو یقیناً ان کی آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچتی اور وہ اس کے مؤلف کو اپنے شاگردوں میں شامل کر لیتے۔

مولانا بریلوی نے تیرہ سال دس مہینہ اور چار دن کی عمر میں ۱۴/ شعبان ۱۲۸۲ھ مطابق ۱۸۶۹ء اپنے والد مولوی محمد نقی علی خاں کی نگرانی میں فتویٰ نویسی کا آغاز کیا، سات برس بعد ۱۲۹۳ھ/ ۱۸۷۶ء میں فتویٰ نویسی کی مستقل اجازت مل گئی۔ پھر جب ۱۲۹۷ھ/ ۱۸۸۰ء میں والد ماجد کا انتقال ہوا تو مستقل طور پر فتویٰ نویسی کے فرائض انجام دینے لگے۔ مولانا بریلوی نے لکھا ہے کہ ان کے جد امجد مولوی رضا علی خاں کے زمانے سے فتویٰ نویسی کا سلسلہ جاری ہے اور ۱۳۳۷ھ/ ۱۹۱۸ء میں خود ان کو فتوے لکھتے پچاس برس ہو چکے ہیں۔ اس پچاس برس کے عرصے میں فتاویٰ رضویہ کی بارہ جلدیں تیار ہو چکی تھیں۔

علوم منقولہ کے علاوہ علوم معقولہ میں بھی مولانا بریلوی کو کمال حاصل تھا، مولوی

Marfat.com

ظفرالدین بہاری نے لکھا ہے کہ ۱۳۲۹ھ/ ۱۹۱۱ء سے قبل ڈاکٹر سر ضیاء الدین نے (وائس چانسلر، مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ) علم مربعات سے متعلق ایک سوال اخبار دبدبۂ سکندری (رام پور) میں شائع کرایا جس کا مولانا بریلوی نے بروقت جواب شائع کرایا اور اپنی طرف سے ایک اور سوال پیش کر دیا جس کو پڑھ کر سر ضیاء الدین کو تعجب ہوا کہ ایک مولوی نے نہ صرف جواب دیا بلکہ الٹا سوال بھی پیش کر دیا۔ مولانا بریلوی سے سر ضیاء الدین کا یہ پہلا غائبانہ تعارف تھا۔ اس کے بعد وہ پروفیسر سید سلمان اشرف کے ایماء پر ریاضی سے متعلق ایک لاینحل مسئلہ دریافت کرنے مولانا بریلوی کے پاس گئے جس کو مولانا بریلوی نے حل کر دیا۔ مولوی محمد حسین میرٹھی (موجد طلسمی پریس) نے ۱۹۲۹ء میں سر ضیاء الدین کے قیام شملہ کے زمانے میں مولانا بریلوی سے ملاقات کے بارے میں استفسار کیا تو انہوں نے جواباً کہا:

> ''میرے سوال کا جو بہت مشکل اور لاینحل تھا ایسا فی البدیہہ جواب دیا گویا اس مسئلے پر عرصہ سے ریسرچ کی ہے۔ اب ہندوستان میں کوئی جاننے والا نہیں۔''

علم ریاضی کے علاوہ علم ھیئاۃ و نجوم میں بھی مولانا بریلوی کو کمال حاصل تھا۔ انگریزی اخبار ایکسپریس (شمارہ ۱۸/ اکتوبر ۱۹۱۹ء/ ۱۳۳۸ھ) میں امریکی منجم پروفیسر البرٹ نے ۱۷/ دسمبر ۱۹۱۹ء کے بارے میں ایک دل ہلانے والی پیشن گوئی کی تھی۔ جب مولانا بریلوی سے پوچھا گیا تو انہوں نے علمی طور سے اس کا رد کیا اور اس کو لغو قرار دیا، چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

عقائد و افکار میں مولانا بریلوی متقدمین اور سلف صالحین کے پیرو تھے، انہوں نے اپنے دور میں سیاست و مذہب میں تجدید و احیاء کے فرائض انجام دیئے۔ غالباً اسی لئے بعض علماء عرب نے ان کو مجدد کہا ہے۔ چنانچہ حافظ کتب الحرم سید اسمٰعیل خلیل مکی لکھتے ہیں:

" لوقیل فی حقه انه مجدد هٰذالقرن لکان حقاً و صدقاً"

Marfat.com

ترجمہ: اگران کے بارے میں یہ کہا جائے کہ وہ اس صدی کے مجدد ہیں
تو یہ بات صحیح اور سچی ہوگی۔

اسلامی معاشرے کے بعض افراد، فرائض وسنن کو چھوڑ کر مستحبات ومباحات کے پیچھے لگے رہتے ہیں، مولانا بریلوی کی نظر میں ایسے لوگوں کی نیکیاں شریعت کی نظر میں مردود ہیں۔ بعض لوگ شریعت وطریقت کو الگ الگ خانوں میں تقسیم کرتے ہیں، مولانا بریلوی اس تقسیم کو سختی کے ساتھ رد کرتے ہیں اور طریقت کو عین شریعت قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

''شریعت کے سوا سب راہوں کو قرآن عظیم باطل ومردود فرما چکا۔'' ۵

روحانیات وتصوف

امام احمد رضا قدس اللہ سرہٗ کے تصوف وحکمت اور شریعت وطریقت کے متعلق خواجہ حسن نظامی کے تاثرات بھی بڑی اہمیت کے حامل ہیں موصوف نے یہ تاثر فاضل بریلوی کی زندگی ہی میں پیش کیا تھا۔ جو ۱۹۱۵ء میں ہفت روزہ خطیب (دہلی) میں شائع ہوئے تاثرات اس طرح ہیں۔

''بریلی کے مولانا احمد رضا خاں صاحب جن کو ان کے معتقد مجدد مائۃ حاضرہ کہتے ہیں درحقیقت طبقہ صوفیائے کرام میں بہ اعتبار علمی حیثیت کے منصب مجدد کے مستحق ہیں انہوں نے ان مسائل اختلافی پر معرکہ کی کتابیں لکھی ہیں جو سالہا سال سے فرقہ وہابیہ کے زیر تحریر وتقریر تھیں اور جن کے جوابات گروہ صوفیہ کی طرف سے کافی وشافی نہیں دیئے گئے تھے۔ ان کی تصنیفات وتالیفات کی ایک خاص شان اور خاص وضع ہے۔ یہ کتابیں بہت زیادہ تعداد میں ہیں۔ اور ایسی مدلل ہیں جن کو دیکھ کر لکھنے والے کے تبحر علمی کا جید سے جید

Marfat.com

مخالف کو اقرار کرنا پڑتا ہے مولانا احمد رضا خاں صاحب جو کہتے ہیں وہی کرتے ہیں اور یہ ایک ایسی خصلت ہے جس کی ہم سب کو پیروی کرنی چاہیئے۔ ان کے مخالف اعتراض کرتے ہیں کہ مولانا کی تحریروں میں سختی بہت ہے اور بہت جلدی دوسروں پر کفر کا فتویٰ لگا دیتے ہیں مگر شاید ان لوگوں نے اسمٰعیل دھلوی اور ان کے حواریوں کی دل آزار کتابیں نہیں پڑھیں جن کو سالہا سال صوفیائے کرام برداشت کرتے رہے ان کتابوں میں جیسی سخت کلامی برتی گئی ہے اس کے مقابلہ میں جہاں تک میرا خیال ہے مولانا احمد رضا خاں صاحب نے اب تک بہت کم لکھا ہے۔ جماعت صوفیا علمی حیثیت سے مولانا موصوف کو اپنا بہادر صف شکن سیف اللہ سمجھتی ہے اور انصاف یہ ہے کہ بالکل جائز سمجھتی ہے۔'' [۶]

اور ڈاکٹر محی الدین الوانی جامع ازہر مصر (جو مسلکا اہلحدیث ہیں) نے فاضل بریلوی کے تصوفانہ زندگی پر اس طرح خراج عقیدت پیش کیا:

''احمد رضا بچپن ہی سے دنیاوی آرائشوں کی طرف ملتفت نہ تھے لوگوں سے معاملات میں حلم تواضع بلند اخلاقی کے ساتھ پیش آتے تھے۔ ۱۲۹۴ھ میں آپ قطب زماں حضرت مولانا سید شاہ آل رسول رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت ہوئے۔ آپ کی علمی سرگرمیوں میں تصوف، اتقاء پرہیزگاری کے بہترین نمونے ہیں۔ جس کی بناء پر آپ بہت جلد سارے برصغیر میں مشہور ہو گئے اور آپ کے پاس نور معرفت کے پروانے ہر طرف سے آنے لگے۔'' [۷]

مولانا بریلوی نے نہ صرف معاشرے کی اصلاح کی بلکہ سیاست میں بھی انہوں

Marfat.com

نے اہم کردار ادا کیا، ان کے افکار سے میدان سیاست کے شہ سواروں نے فیض حاصل کیا مولانا بریلوی کی سیاسی خدمات پر بعض مؤرخین و محققین نے لکھا ہے۔

مولانا بریلوی سیاسی استحکام کے لئے معاشی استحکام کو ضروری سمجھتے تھے دور جدید کے عالمی حالات سے ان کے اس خیال کی تصدیق ہوتی ہے۔ ملت اسلامیہ کی معاشی و اقتصادی اور مذہبی و اخلاقی فلاح و بہبود کے لئے انہوں نے چند اہم تجاویز پیش کیں جو ۱۳۳۱ھ/ ۱۹۱۲ء میں کلکتہ اور رام پور سے شائع ہوئیں۔ پروفیسر محمد رفیع اللہ صدیقی (ایم۔ ایس کوئنز یونیورسٹی، کینیڈا) نے مولانا بریلوی کی ان تجاویز کا محققانہ جائزہ لیا ہے اور ''فاضل بریلوی کے معاشی نکات'' کے عنوان سے ایک مقالہ پیش کیا ہے جو ۱۹۷۷ء میں لاہور سے شائع ہو چکا ہے۔

مولانا بریلوی نے ایک طرف اپنا رسالہ ''تدبیر فلاح ونجات واصلاح'' لکھ کر اپنی تجاویز عام کیں تو دوسری طرف انصار الاسلام اور جماعت رضائے مصطفٰے کے نام سے ان کے متبعین نے اصلاحی تنظیمیں قائم کیں اور اس وقت جو وہ کر سکتے تھے کیا۔

۱۹۲۰ء میں مسٹر گاندھی کے ایماء پر تحریک ترک موالات شروع ہوئی جو تحریک خلافت (۱۹۱۹ء) کا تتمہ کہی جا سکتی ہے۔ تحریک خلافت کے زمانے میں ہندو مسلم اتحاد کا جو ایک طوفان اٹھا تھا وہ اب شباب پر پہنچ گیا۔ مسلمان جذبات کی رو میں بہہ رہے تھے اور سارے سیاسی فوائد ہندو حاصل کر رہے تھے۔ مسلمان عوام وخواص اپنی سادگی اور سادہ لوحی کی وجہ سے اس کو محسوس نہ کرتے تھے مگر مولانا بریلوی نے یہ بات شدت سے محسوس کی اور مسلمانوں کو ایسے اتحاد سے باز رہنے کے لئے للکارا جو ان کی سیاست ومعیشت اور مذہب سب کو ختم کر کے رکھ دے۔

چنانچہ انہوں نے شدید علالت کے باوجود رسالہ **المحجة ألموتمنه فی آیته الممتحنه** (۱۳۳۹ھ/ ۱۹۲۰ء) لکھا جس میں مسلمانوں کو اس اتحاد کے انجام سے متنبہ کیا اور مخالفین کے عزائم سے خبردار، یہ وہ زمانہ تھا جب قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ اقبال دونوں خاموش سے تھے مگر مولانا بریلوی نے نتائج کی پرواہ کئے بغیر جو بات وہ حق

Marfat.com

سمجھتے تھے اس کا برملا اظہار کیا۔ اور یہ ان کی مذہبی غیرت اور سیاسی جرأت کی دلیل ہے۔

مولانا بریلوی حریت و آزادی کے لئے جو راہ متعین کر گئے تھے اس پر ان کے صاحبزادگان، خلفاء، تلامذہ اور متبعین گامزن ہوئے۔ ۱۹۲۵ء میں مولانا بریلوی کے خلیفہ مولانا محمد نعیم الدین مرادآبادی (۱۳۶۷ھ/ ۱۹۴۸ء) نے الجمعیۃ العالیۃ المرکزیہ (آل انڈیا سنی کانفرنس) کے نام سے ایک تنظیم کی بنیاد رکھی جس نے آگے چل کر پاکستان کے لئے قابل قدر خدمات انجام دیں۔ ۱۹۴۶ء میں بنارس میں اس کے تاریخی اجلاس ہوئے۔ ۲۹/اپریل ۱۹۴۶ء کے اجلاس میں یہ قرارداد پاس ہوئی:

''آل انڈیا سنی کانفرنس کا یہ اجلاس مطالبۂ پاکستان کی پر زور حمایت کرتا ہے اور اعلان کرتا ہے کہ علماء و مشائخ اہل سنت اسلامی حکومت کے قیام کی تحریک کو کامیاب بنانے کے لئے ہر امکانی قربانی کے واسطے تیار ہیں اور یہ اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ ایسی حکومت قائم کریں جو قرآن اور حدیث نبوی (ﷺ) کی روشنی میں فقہی اصول کے مطابق ہو۔''

اسلامی نقطۂ نظر سے ہندو مسلم عدم اتحاد کا یہ مقصد ہرگز نہیں کہ ہندو رعایا کو معاشی یا مذہبی حیثیت سے دل شکستہ کیا جائے مگر سوراج یا ہندو اسٹیٹ کا مقصود معلوم ہوتا ہے کہ وہاں مسلم رعایا معاشی و مذہبی طور پر دل شکستہ رہے۔ پاک و ہند کی ساٹھ سالہ تاریخ ان حقائق پر گواہ ہے۔

مولانا بریلوی فقاہت و سیاست کے علاوہ ادب و شاعری میں کمال رکھتے تھے، ان کی فصاحت و بلاغت کی اہل عرب نے تعریف کی ہے۔ چنانچہ شیخ احمد ابوالخیر میرداد مکی لکھتے ہیں:

" الحمد لله على وجود مثل هذا الشيخ فانى لم ار مثله فى العلم والفصاحة "

Marfat.com

ترجمہ: مولانا بریلوی جیسے شیخ کے وجود پر میں خدا کا شکر ادا کرتا ہوں، بے شک میں نے علم اور فصاحت میں ان جیسا نہیں دیکھا۔

اسی طرح دوسرے علمائے عرب نے بھی تعریف کی ہے۔ پاک و ہند کے بہت سے شعراء اور ادباء ان کی تعریف میں رطب اللسان نظر آتے ہیں۔ مولانا بریلوی باکمال شاعر تھے۔ وہ تلمیذ رحمٰن تھے، شاعری میں ان کا کوئی استاد نہ تھا۔

مولانا بریلوی مشہور نعت گو مولانا کفایت علی کافی شہید (۱۸۵۸ء/ ۱۲۷۴ھ) سے بے حد متاثر تھے جس کا انہوں نے ذکر کیا ہے۔ مولانا غلام رسول مہر نے بھی یہ بات لکھی ہے۔

مولانا بریلوی نے لکھا ہے کہ نعت کہنا:

''تلوار کی دھار پر چلنا ہے، بڑھتا ہے تو الوھیت میں پہنچ جاتا ہے اور کمی کرتا ہے تو تنقیص ہوتی ہے۔''

اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ کتنے محتاط تھے، اس احتیاط کے باوجود نعت کو کمال تک پہنچانا واقعی ان کا کمال ہے۔

انہوں نے ایک جگہ خود کہا ہے۔

یہی کہتی ہے بلبل باغ جناں کہ رضاؔ کی طرح کوئی سحر بیاں
نہیں ہند میں واصفِ شاہ ہدیٰ مجھے شوخی طبع رضا کی قسم

انسان جتنی دیر میں کوئی مفہوم لفظوں میں ادا کرتا ہے اعلیٰ حضرت اتنی ہی دیر میں بے تکلف تاریخی مادے اور جملے فرمایا کرتے تھے۔

مولانا بریلوی کی تقریباً تمام تصانیف کے نام تاریخی ہیں۔ اپنے والد مولانا نقی علی خاں کی وفات پر عربی میں ۱۶ تاریخی مادے کہے۔ مولانا محمد اسمٰعیل (م۔ ۱۳۱۷ھ) کی وفات پر دو عربی قطعات کہے ان اشعار کی

Marfat.com

تعارفی عبارت بھی تاریخی مادوں پر مشتمل ہے۔ اشعار کی مجموعی تعداد ۵۳ ہے۔ ہندوستان کے مشہور بیرسٹر قاضی عبدالودود بانکی پور کے والد قاضی عبدالوحید، مولانا بریلوی کے خلیفہ تھے۔ ان کے انتقال (۱۲۲۶ھ/ ۱۹۰۹ء) پر جنازے میں شریک تھے، راستہ ہی میں عربی اشعار پر مشتمل ایک قطعہ تاریخ کہا۔ جو تحفہ حنفیہ میں توضیحی نوٹ کے ساتھ شائع کیا گیا پیر عبدالغنی کی وفات (۱۴/ شوال ۱۳۳۸ھ/ ۱۹۲۰ء) پر دس عربی اشعار پر مشتمل ایک قطعہ تاریخ کہا۔ مولانا محمد عبدالکریم جبل پوری کی وفات (۱۳۱۷ھ) پر ایک عربی قطعہ تاریخ کہا۔ الغرض مولانا بریلوی کے عربی، فارسی اور اردو اشعار کا ایک بڑا ذخیرہ ہنوز منتشر ہے۔ کلیات رضا کے نام سے کوئی فاضل اس منتشر کلام کو جمع کریں تو یہ ایک ادبی خدمت ہوگی۔

مولانا بریلوی نے باخبری وخود آگاہی کے ساتھ نعتیں کہی ہیں انہوں نے نعت کہتے وقت متقدمین ومتاخرین علماء وشعراء کی نگارشات پر نظر رکھی ہے اور بڑی احتیاط کے ساتھ اس میدان میں اُترے ہیں۔

مولانا بریلوی علم قرآن، علم تفسیر، علم حدیث، علم فقہ وسیاست اور ادب وشاعری میں یدطولیٰ رکھتے تھے، بہت سے علوم وفنون قدیمہ وجدیدہ میں ان کو کمال حاصل تھا اور وہ اس صدی کے ممتاز علماء میں سے تھے۔ وہ ۱۲۷۲ھ/ ۱۸۵۶ء میں پیدا ہوئے ۲۵/ صفر ۱۳۴۰ھ/ ۱۹۲۱ء کو جمعہ کے دن بریلی میں انتقال کیا۔ وہ تقریباً ۶۵ سال اس دنیا میں رہے۔ اور نصف صدی سے زیادہ عرصہ تک اسلام اور ملت اسلامیہ کی خدمت کرتے رہے۔ ان کی یادگار صاحب علم وفضل ان کے فرزند مولانا حامد رضا خاں (م ۱۳۶۲ھ/ ۱۹۴۲ء) اور مولانا محمد مصطفےٰ رضا خاں (م۔ ۱۴۰۲ھ/ ۱۹۸۱ء) بہت سے تلامذہ، بکثرت خلفاء اور بے شمار تصانیف ہیں۔

مولانا رحمان علی نے ۱۳۰۵ھ/ ۸۔ ۱۸۸۷ء میں اپنی کتاب تذکرہ

Marfat.com

علمائے ہند مرتب کی تو مولانا بریلوی کی تصانیف کی تعداد ۵ ۷ بتائی۔ اس وقت مولانا بریلوی کی عمر ۳۰ برس ہوگی۔ ۱۳۲۳ھ/ ۱۹۰۵ء میں خود مولانا بریلوی نے یہ تعداد ۲۰۰ لکھی ہے۔ ۱۳۲۷ھ / ۱۹۰۹ء میں مولانا محمد ظفرالدین بہاری نے مولانا بریلوی کی تصانیف پر ایک رسالہ قلم بند کیا، اس میں پچاس مختلف علوم وفنون پر مولانا بریلوی کی ۳۵۰ تصانیف کا ذکر کیا ہے۔ اور لکھا ہے کہ تلاش کیا جائے تو ۵۰ تصانیف اور نکلیں گی۔ اس میں ۱۰۰ عربی ہیں، ۲۷ فارسی اور ۲۲۳، اردو۔ مولانا بریلوی کے صاحب زادے مولانا حامد رضا خاں نے لکھا ہے کہ ۴۰۰ سے زیادہ تصانیف ہیں۔

یہ اعداد وشمار مختلف اوقات میں مولانا بریلوی کی زندگی میں مرتب کئے گئے۔ انتقال کے بعد مولانا ظفرالدین بہاری نے شمار کیا تو یہ تعداد چھ سو سے زیادہ نکلی جس کا تفصیلی ذکر انہوں نے حیات اعلیٰ حضرت، جلد دوم میں کیا ہے۔ ۱۳۹۶ھ/ ۱۹۷۶ء میں بمبئی سے ماہنامہ المیزان کا امام احمد رضا نمبر شائع ہوا ہے اس میں مولانا بریلوی کی پچاس علوم وفنون پر ۵۴۸ تصانیف کا ذکر کیا ہے۔ مفتی اعجاز ولی خاں (م۔ ۱۳۹۳ھ/ ۱۹۷۳ء) نے مزید تحقیق کی تو یہ تعداد ہزار سے متجاوز ہوگئی۔ انہوں نے مولانا بریلوی کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے:

”صاحب التصانیف العالیه و التالیفات الباهرة
التی بلغت اعداد ها فوق الالف.“

ایک باوثوق اطلاع کے مطابق مولانا بریلوی کی مطبوعہ تصانیف کے پورے اعداد وشمار خانقاہ برکاتیہ مارہرہ (یو۔ پی۔ انڈیا) میں محفوظ ہیں۔ دوسری اطلاع کے مطابق دارالعلوم اشرفیہ (مبارک پور، اعظم گڑھ انڈیا) کے فاضل مولانا عبدالمبین نعمانی نے مولانا بریلوی کی تصانیف کی تفصیلی فہرست پوری تحقیق وتلاش کے بعد مرتب کی ہے۔

Marfat.com

تصانیف کے علاوہ مولانا بریلوی کے بہت سے حواشی وشروح بھی ہیں جس کا انہوں نے خود ذکر کیا ہے۔ مولانا ہدایت الرسول لکھنوی (م۔ ۱۳۳۴ھ/ ۱۹۱۵ء) نے ان حواشی وشروح کا مطالعہ کیا اور اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے لکھا کہ مولانا بریلوی کے حواشی خود ان کے افاضات وافادات ہوتے ہیں۔ مولانا عبدالحکیم اختر شاہ جہاں پوری نے حواشی وشروح کی تعداد مرتب کی ہے۔ جو ڈیڑھ سو تک پہنچتی ہے۔ [۸]

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

حضرت وحشی رضی اللہ عنہ

”قَتَلْتُ خَیْرَ النَّاس فِی الْجَاهِلِیَّةِ
وَ قَتَلْتُ شَرَّ النَّاسِ فی الاسلام“

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی لاسیما علی السید
الکریم المصطفی وآلہ وصحبہ والخلفاء اما بعد فقد اجزت اخی فی اللہ
ذا المجد والجاہ مولنا المولوی غلام احمد السنبھلی بالسلسلۃ العلیۃ
العالیہ القادریۃ البرکاتیۃ اردو اللہ تعالی لہ وبہ وعلیہ ووالدیہ
الطریق الیہ واوصیتہ ان یتمسک وکماش بمذھب اھل السنۃ وان یحتاط
اھل البدع والفتنۃ ویغتنم عمرہ فی حمایۃ السنن واعانۃ اربابھا وتکفیۃ
الفتن وانھا نتہ اصحابھا فان ذلک اعظم القرب وارضی مرضاۃ للنبی و
الرب وان لا یشاکی من مدعوۃ الصالحۃ المتوافق بالعفو والعافیۃ فی
الدین والدنیا والاخری وکان ذلک بلشہر من شہر من ذی الحجۃ الحرام
عام الف ومائتین وسبعۃ وثلثین من ھجرۃ سید الانام علیہ وعلی
آلہ وصحبہ واتباعہ وحزبہ افضل الصلاۃ والسلام امین، والحمد للہ رب العلمین
قالہ بفمہ وقلمہ عبد المصطفی احمد رضا المحمدی السنی الحنفی
القادری البرکاتی البریلوی عفی عنہ بجاہ النبی الامی
صلی اللہ تعالی علیہ وعلی آلہ
وصحبہ وبارک وسلم

(سند اجازت مولانا غلام احمد فریدی)

Marfat.com

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد
ایم۔اے، پی۔ایچ۔ڈی، اعزازِ فضیلت

تاریخ ۷ رجب المرجب ۱۴۲۵ھ

فردِ دعا و اجازت

تقریباً ۲۵ سال قبل مولانا علیم الدین فریدی علیہ الرحمہ نے اپنے والد ماجد مولانا غلام محی الدین فریدی سنبھلی علیہ الرحمہ کے نام سلسلۂ قادریہ برکاتیہ میں راقم حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اجازت نامے کی فوٹو کاپی عنایت فرمائی اور فرمایا کہ حسبِ روز سنہ سکھی نہیں ہے اور ذی الحجہ تمام لکھیں حسبِ روز عنایت کی گئی اس لیے ۲۰ ذی الحجہ تمام (الثامن عشرین) کاٹ کر ۲۰ ذی الحجہ (عشرین حلولاً) اپنے دستِ مبارک سے تحریر فرمائی۔

۲۲ اگست ۲۰۰۴ء

۱۷/۲، سی۔پی۔ای۔سی۔ایچ سوسائٹی کراچی ۷۵۴۰۰ (اسلامی جمہوریہ پاکستان)
فون: 4552468 فیکس: 92 - 21 - 2561574 ای میل: almazhar@sat.net.pk

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت مولانا شاہ عبدالسلام علیہ الرحمۃ جبل پوری

آپ کا اسم گرامی عبدالسلام اور والد کا نام مولانا شاہ عبدالکریم تھا۔ آپ کا سلسلہ نسب خلیفۃ الرسول (ﷺ) سیدنا امیر المؤمنین صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے۔ تین سال کی عمر شریف میں اپنے والد ماجد کے ساتھ حیدرآباد دکن سے جبل پور تشریف لائے۔ ۱۴ برس کی عمر شریف میں قرآن مجید حفظ کیا اور تمام ظاہری و معنوی علوم کی تکمیل اپنے والد ماجد ہی سے کی۔ فارغ ہونے کے بعد ابتداً ''ندوۃ العلماء'' کی طرف راغب ہوئے اور اس کے پہلے بنیادی جلسہ میں آپ مجلس عاملہ کے رکن کی حیثیت سے شریک بھی ہوئے۔ شوال ۱۳۱۲ھ میں مجلس ندوۃ العلماء کا اجلاس لکھنؤ میں منعقد ہوا تو آپ اس میں شریک ہوئے۔ اگلے سال شوال ۱۳۱۳ھ میں ''ندوۃ العلماء'' کا اجلاس جب بریلی میں ہونا قرار پایا اور دعوت نامہ بھی اس کا آپ کو موصول ہوگیا تو آپ کے والد نے فرمایا:

''بیٹا ندوہ فتنہ ہے اور اس میں شرکت دین اور وقت کی بربادی ہے۔''

آپ کے والد ماجد شاہ عبدالکریم (م۔ ۱۳۱۷ھ/ ۱۸۹۸ء) علیہ الرحمہ کی اگرچہ اعلیٰ حضرت سے بالمشافہ ملاقات نہ تھی مگر دونوں بزرگوں کے درمیان کچھ تحریری سلسلہ تعارف ضرور تھا جس کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ اعلیٰ حضرت نے اپنے والد ماجد مولانا مفتی نقی علی خاں (م ۱۲۹۷ھ/ ۱۸۸۰ء) علیہ الرحمہ کی کئی تصانیف آپ کے نام ارسال فرمائیں اعلیٰ حضرت نے شاہ

Marfat.com

عبدالکریم کی وفات پر عربی میں قطعہ تاریخ تحریر فرمایا جو عربی فصاحت و بلاغت کا ایک شاہکار ہے۔

قیل مات الزکی عبدالکریم　　قلت کلا بل احتطی بدوام
حی عن بنیه فکیف یموت　　انما المیُت هالک الاوهام
أیموت الذی خلف؟　　سلم الله مثل عبدالسلام
جبل الدین راسخ بقیامهٖ　　فی جبلفور شامخ الاعلام
قلت تاریخ عیشه الابدی
دام عبدالکریم خلد کرام
.....۱۳۱۷ھ.....

مولانا عبدالسلام، کے صاحبزادے مفتی برہان الحق اپنی یاداشت میں یوں رقم طراز ہیں۔ جدامجد نے فرمایا۔

''ندوہ میں شریک ہو یا نہ ہولیکن مولانا احمد رضا خان صاحب سے ضرور ملنا، اس وقت ان کا علم وفضل وکمال اپنی وسعت تابانی اور تحقیق و تدقیق کے لحاظ سے بےنظیر و بے مثال، انتہائی عروج و کمال پر ہے، جس طرح بھی ہو، مولانا کی خدمت میں رہ کر جتنا فیض حاصل کرسکو، تمہارے خاندان کے لئے باعث رحمت و برکت وسعادت وسربلندی ہوگا، بریلی میں ندوہ کا یہ اجلاس تمہارے لئے حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب سے علم و فضل وسعادت حاصل کرنے کا انشاءاللہ ذریعہ اور سبب ہے۔''[۹]

مفتی برہان الحق اکرام امام احمد رضا میں رقمطراز ہیں:

والد ماجد کے فرمان کے ساتھ آپ بریلی روانہ ہوئے، حسن اتفاق سے الہ آباد سے مولانا شاہ محمد حسین الہ آبادی (المتوفی ۱۳۲۳ھ) کا ساتھ

Marfat.com

ہوگیا۔ بریلی کے اجلاس میں شرکت ہوئی لیکن مولانا محمد حسین الہٰ آبادی کے اعتراض پر مولانا شبلی کی برہمی اور بدزبانی نے بدمزگی پیدا کردی۔ چنانچہ دونوں حضرات جلسے سے واک آؤٹ کر گئے، چلتے ہوئے مولانا عبدالسلام جبل پوری نے امام احمد رضا کے رسالے ''سوالات حقائق نما بروس ندوۃ العلماء'' پر دستخط کر کے مولانا شبلی کے ہاتھ میں دیتے ہوئے فرمایا:

''اس کے ہر سوال کا مفصل جواب دے کر مطمئن کرنا آپ کا اور آپ کے تمام ہم خیال اراکین کا ذمہ ہے اور آپ سب کا اخلاقی فرض ہے۔''

اس واقعہ کے فوراً بعد مولانا عبدالسلام محلّہ سوداگراں (بریلی) میں اعلیٰ حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ایک پرچہ پر نام لکھ کر کسی بچے کے ہاتھ رقعہ اندر بھیجا۔ چند منٹ کے بعد اعلیٰ حضرت باہر تشریف لائے ہاتھ میں ایک لفافہ تھا سلام دعا کے ساتھ معانقہ بھی کیا اور فرمایا:

''یہ آپ کے والد ماجد عبدالکریم جبل پوری صاحب کی کرامت ہے کہ ابھی مجھے لفافہ (خط) ملا، خط پڑھ ہی رہا تھا اور اسی فقرہ پر نظر تھی: فقیر زادہ عبدالسلام حاضر ہو رہا ہے اس پر نظر کرم فرما کر اپنی تربیت اور سرپرستی میں فیضان علوم ظاہرہ و باطنہ سے اسے عزت وسرفرازی بخشیں۔ عین اسی وقت آپ کا رقعہ ملا، آپ کا اسم گرامی پڑھ کر معماً متصور ہوا کہ یہ آپ کے والد محترم مولانا عبدالکریم صاحب کی کرامت ہے کہ وہ روحانی طور پر خط کے ذریعہ آپ کو اس فقیر کے سپرد فرما رہے ہیں اور آپ کا ہاتھ فقیر کے ہاتھ میں دے رہے ہیں۔''

اعلیٰ حضرت نے خیریت دریافت فرمائی اور آنے کا سبب دریافت

Marfat.com

فرمایا جس پر مولانا عبدالسلام نے ندوۃ العلماء میں شبلی کے ساتھ گفتگو کی روداد، سوالات، حقائق نما کے ٹائیٹل پر مجلس عاملہ کے خصوصی رکن کی حیثیت سے دستخط کے ساتھ چند اہم کلمات لکھتے ہوئے مولانا شبلی کے ہاتھ میں رسالہ دینے کا پورا واقعہ سنایا اس پر اعلیٰ حضرت نے فرمایا:

''ماشاء اللہ آپ نے فقیر کی بہترین نیابت ووکالت فرمائی بارک اللہ''۔

اعلیٰ حضرت نے مولانا عبدالسلام سے اپنے مدرسے میں ہی قیام کے لئے اصرار فرمایا اور مولانا عبدالسلام نے اس طرح ۱۰ ماہ مسلسل اعلیٰ حضرت کے فیض علمی وعملی، ظاہری و باطنی، صوری و معنوی اور بیعت و ارشاد کی سعادتوں سے بہرہ ور ہوئے اور مولانا حامد رضا خان خلف اکبر (اعلیٰ حضرت) کے ساتھ درس کی تکمیل فرمائی اور پھر اعلیٰ حضرت نے آپ کی علمی وعملی، ذہنی واخلاقی قابلیت وصلاحیت کا بنظر عمیق معائنہ فرمایا اور افتاء ووعظ اور درس کی اجازت کے ساتھ ساتھ مختلف سلاسل میں بیعت واجازت اور خلافت سے بھی سرفراز فرمایا۔ ۱۳۱۳ھ میں عربی میں ایک سند عطا فرمائی اور دستار فضیلت سے نوازا۔

مفتی برہان الحق اس جلسۂ دستار بندی سے متعلق آنکھوں دیکھا حال تحریر فرماتے ہیں۔

۲۶/ جمادی الثانی ۱۳۱۳ھ مطابق ۱۴/ دسمبر ۱۸۹۵ء کو مدرسہ برہانیہ میں جلسہ دستار فضیلت ہوا۔ اس میں امام احمد رضا نے تقریر بھی فرمائی۔ آپ کی تقریر ایک عجیب شاہکار تھی، ہر فرد محو سماعت تھا اور اکثر کے آنسو جاری تھے، حضور ﷺ کی عظمت شان ورفعت مکان اور محبت وفنائیت کا جو بیان فرمایا وہ آپ ہی کا حق تھا دوران تقریر حضرت والد ماجد کے متعلق کچھ قیمتی ارشادات اور بہترین کلمات خیر ارشاد فرمانے کے بعد نہایت محبت بھرے

Marfat.com

انداز میں فرمایا:

''اے جبل پور کے مسلمانو! مولانا عبدالسلام کی ذات ستودہ صفات صرف تمہارے لئے ہی نہیں بلکہ سارے ہندوستان کے لئے عیدالاسلام ہے اور ابھی آج سے مولانا عبدالسلام کے القاب میں ''عیدالاسلام'' کا اضافہ کرتا ہوں آئندہ آپ کے اسم گرامی کے ساتھ عیدالاسلام بولا اور لکھا جائے''

ان مقدس کلمات کے سنتے ہی مجمع نے بلند آواز سے والہانہ انداز میں نعرہ تکبیر کہہ کر خلوص و محبت کے ساتھ مسرت کا اظہار کیا۔ والد ماجد اعلیٰ حضرت کے قدموں کی طرف جھکے، اعلیٰ حضرت نے سینے سے لگالیا اور دیر تک لگائے رہے، عجب روح پرور، ایمان افروز اور دلکش منظر تھا اور نزول رحمت و برکت و سعادت کا وقت تھا۔ نعرہ ہائے تکبیر و رسالت سے فضا گونج رہی تھی۔ والد ماجد نے اعلیٰ حضرت کے دست مبارک کا بوسہ لیا اعلیٰ حضرت نے آپ کی پیشانی چومی، جب تک یہ منظر رہا پورا مجمع کھڑا نعرہ ہائے تکبیر و رسالت لگاتا رہا پھر اعلیٰ حضرت منبر پر رونق افروز ہوئے اور مجمع بیٹھ گیا۔

اعلیٰ حضرت کو مولانا عبدالسلام سے والہانہ محبت تھی، مولانا کی اہلیہ کا جب انتقال ہوا تو اعلیٰ حضرت نے تعزیتی خط کے ساتھ ساتھ عربی زبان میں قطعۂ تاریخ بھی ارشاد فرمایا:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تاریخ رحلتِ عفیفہ امینہ سکینہ خاتون رحمہا اللہ تعالیٰ زوجۂ مقدسہ جناب فضائل لغائب فواضل مآب حامی السنن ماحی الفتن الدنیہ جناب مولانا مولوی عبدالسلام صاحب قادری جبل پوری ادامہ اللہ بالفیض النوری آمین۔

حلت لمن عبد السلام حلية

فی العدن وهی حصينة و رزينة

Marfat.com

هی العفات مدی الحیوۃ لزینۃ
وبعفو ربی فی المماف مزینۃ
سال الرضا عام الوفاۃ معہ الدعا
قلت ارحم التابوت فیہ سکینہ

.....۱۳۲۹ھ.....

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ
۲۵ جمادی الاول ۱۳۲۹ھ یوم الخمیس

جس طرح اعلیٰ حضرت کو اپنے شاگرد و مرید و خلیفہ سے محبت تھی اسی طرح اس مرید باصفا کو اپنے مرشد اعلیٰ حضرت سے بھی اتنی ہی عقیدت تھی جس کا اندازہ آپ کے ایک استفتاء سے لگایا جا سکتا ہے جب آپ نے اپنے مرشد کو ایک استفتاء لکھا تو اس میں مندرجہ ذیل القابات سے یاد کیا۔ جو ایک تاریخ ہی نہیں حقیقت پر مبنی ہیں۔

آیت من آیات اللہ رب العلمین، نعمت اللہ علی المسلمین، اعلم العلماء المتبحرین، افضل الفضلا المتصدرین، تاج المحققین، سراج المدققین مالک ازمتہ الفتاویٰ والمفتین، ذوالمقامات الفاخرہ، والکمالات الزاھرۃ الباھرہ، صاحب الحجۃ القاھرہ، مجدد المائتۃ الحاضرہ، العلامۃ الاجل الابجل، حلال عقدۃ مالا ینحل، بحر العلوم، کاشف سر المکتوم، صدر الشریعۃ محی السنۃ، المحدث، الفقیھہ العدیم النظیر. (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۲۴۶)

اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ آپ کو دیار 'سی پی' کا قطب اوحد، فرماتے تھے۔ ۱۸/ جمادی الاول ۱۳۷۲ھ، ۳/ فروری ۱۹۵۳ء کو آپ کا وصال ہوا۔ محلّہ دار السلام جبلپور میں دفن ہوئے۔ مزار اقدس مرجع خاص و عام ہے۔[۱۰]

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ السید مصطفیٰ الکلیدار رضی اللہ عنہ

آپ اور آپ کے چار صاحبزادے احمد شرف الدین الکلیدار، سلطان الاولیاء غوث الثقلین سیدنا ابو محمد عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہ العزیز سیدی قطب مدینہ شیخ السلام ابوفضل ضیاء الدین احمد قادری مدنی رضی اللہ عنہ کے مشائخ میں سے تھے۔ بغداد مقدس میں آپ ان مشائخ کی صحبت میں رہے، اوران دونوں حضرات سے خَرقہ خلافت سے نوازے گئے۔

حضرت سید مصطفیٰ قادری رضی اللہ عنہ بغداد مقدس میں پیدا ہوئے آپ حضرت سیدنا غوث اعظم سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے کلیدار اور بغداد شریف کے جید علماء وفضلاء میں سے تھے۔ آپ کا سلسلہ نسب حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے۔ علوم عقلیہ ونقلیہ اور علوم طریقت ومعرفت اپنے والد کریم کے علاوہ حضرہ قادریہ کے اکابر علماء ومشائخ سے حاصل کئے اور مختلف مشائخ سے سند حدیث شریف سے نوازے گئے۔ اور علم وعمل اور زہد وتقویٰ کی فضیلت کی بنا پر حضرہ جیلانیہ میں احناف کے امام کے عہدہ جلیلہ پر فائز ہوئے۔

تمام زندگی شریعت وطریقت کی خدمت میں مصروف رہتے ہوئے ۱۳۱۹ھ میں وصال فرمایا اور حضرہ جیلانیہ کے قبرستان میں دفن ہوئے۔

السید مصطفیٰ الکلیدار

هو السيد الفاضل مصطفى الكليدار احد علماء بغداد الافاضل ولد فى

Marfat.com

بغداد من عائلة آل الكيلانى التى يرتقى نسبها الى سيدنا الشيخ عبدالقادر الكيلانى ونشأ على طلب العلم والمعرفة حيث درس العلوم العقلية والنقلية على كبار علماء بلده وفضلاء عصره حتى صار على جانب من العلم حيث عين امام للحنفية فى الحضرة الكيلانية الشريفة وذلک سنة ١٣١٩ هجرية وبقى يخدم شريعة الله حتى توفى فى بغداد ودفن فيها.[11]

اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ

لباس مبارک (ﷺ)

تاج والے دیکھ کر تیرا عمامہ نور کا
سر جھکاتے ہیں الٰہی بول بالا نور کا

پشت پر ڈھلکا سرِ انور سے شملہ نور کا
دیکھیں موسیٰ طور سے اُترا صحیفہ نور کا

میل سے کس درجہ ستھرا ہے وہ پتلا نور کا
ہے گلے میں آج تک کورا ہی کرتا نور کا

(حدایق بخشش۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت سید حسین الحسنی الکردی قدس اللہ سرہ العزیز

شیخ الاکمل حضرت سید حسین بن عبداللہ الحسنی الکردی رضی اللہ عنہ بڑے عابد و زاہد شب زندہ دار بزگ تھے۔ آپ کردستان (عراق) کے الجرجا قلعہ کے رہنے والے تھے۔ حضرت قطب مدینہ رحمۃ اللہ کے مشائخ میں سے تھے۔ آپ نے ڈیڑھ برس حضرت سید حسین الحسنی کی خدمت میں بسر کیا اور اجازت و خلافت سے نوازے گئے۔

حضرت قطب مدینہ قدس اللہ سرہٗ آپ کے بارے میں فرمایا کرتے تھے:

''انہوں نے ایک سو بیاسی (۱۸۲) برس عمر پائی۔ اس پیراں سالی میں وہ نوجوانوں سے زیادہ جوان تھے۔ کھڑے ہو کر نماز پڑھنا تو کجا گھوڑے کی سواری اور شیر کا شکار بھی فرماتے۔ نہایت متقی، پرہیزگار اور شب زندہ دار بزرگ تھے۔ آپ نے ایک کمرہ بنوایا ہوا تھا اسی میں اکثر قیام فرماتے تھے۔ رات کو نوافل کی ایک، ایک رکعت میں قرآن کریم کے تین، تین جز تلاوت فرماتے۔''

السید احمد شریف سنوسی آپ کے بارے میں تحریر فرماتے ہیں:

سیدی عبدالعزیز الجش رضی اللہ عنہ کے ایک خلیفہ کے خلیفہ جو ایک بہت بلند مقام والے کردی شیخ جن کا نام حسین بن عبداللہ ہے، نے سیدی عبدالعزیز الحبشی کی خبر دی۔ (فہرس الفہاس)

آپ کو سیدی اسماعیل الاولیائی رضی اللہ عنہ سے اجازت و خلافت حاصل تھی

Marfat.com

اور انہیں سیدی عبدالعزیز الحبشی قدس سرہ العزیز جن کی عمر ۶۹۵ برس تھی۔
سیدا لاولیاء سیدنا السید عبدالعزیز بن غوث الاعظم ومحی الدین ابن عربی وشیخ فخرالدین ابن البخاری والقطب احمد النہروالی وحافظ ابن حجر اور امام سیوطی سے خرقہ خلافت عطا ہوا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور آپ (سید عبدالعزیز الحبش) قطب الآفاق سیدنا السید عبدالرزاق بن سیدنا سلطان الاولیاء غوث الثقلین السید عبدالقادر جیلانی حسنی حسینی کے خلیفہ تھے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

دست و بازو مبارک (ﷺ)

جس کو بار دو عالم کی پروا نہیں
ایسے بازو کی قوت پہ لاکھوں سلام
کعبۂ دین و ایماں کے دونوں ستوں
ساعدین رسالت پہ لاکھوں سلام
ہاتھ جس سمت اٹھا غنی کر دیا
موجِ بحرِ سماحت پہ لاکھوں سلام
جس کے ہر خط میں ہے موجِ نورِ کرم
اس کفِ بحرِ ہمت پہ لاکھوں سلام
نور کے چشمے لہرائیں دریا بہیں
انگلیوں کی کرامت پہ لاکھوں سلام
عید مشکل کشائی کے چمکے ھلال
ناخنوں کی بشارت پہ لاکھوں سلام

(حدایق بخشش۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ شیخ احمد الشمّس القادری رضی اللہ عنہ

قدوۃ السالکین امام المحدثین حضرت علامہ ابو العباس شیخ احمد الشمّس المالکی الشنقیطی ۱۲۴۰ھ کو مراکش میں پیدا ہوئے۔ آپ کا سلسلۂ نسب قبیلہ اداوالحاج سے ملتا ہے، جن کی نسبت الانصار سے ہے۔ آپ الفقہ واللغتہ اورالتصوف کے کامل عالم تھے۔ علم الاسماء والاوفاق اور اذکاروالدعوات کے علوم میں ماہر تھے۔ آپ سیدی محمد مصطفیٰ ماء العینین قدس اللہ سرہ العزیز کے شاگرد و مرید اور خلیفہ و داماد تھے۔ ۱۲۷۹ھ میں ہجرت فرما کر مدینہ طیبہ آ گئے، شیوخ و محدثین مدینہ میں بلند مقام والے تھے، قلیل الکلام اور قناعت پسند تھے، محدث حجاز کے لقب سے معروف تھے۔

قطب مدینہ قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

''میں نے زندگی میں دو ایسے محدث دیکھے جو بیضاوی شریف کے حافظ تھے، ایک تو حضرت استاذی شیخ احمد الشمّس القادری رضی اللہ عنہ اور دوسرے اعلیٰ حضرت عظیم البرکت رضی اللہ عنہ کے بڑے شہزادے حضرت حجۃ الاسلام علامہ حامد رضا خان قادری رضی اللہ عنہ''

فقیر قادری نے، فقیہ ہند شارح بخاری حضرت علامہ شریف الحق امجدی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۱۴۲۰ھ سے مدینہ طیبہ میں یہ بیان کیا تو آپ نے فرمایا:

''فقیر نے ایک زمانہ بڑے حضرت (حضرت علامہ حامد

Marfat.com

رضا خان) کی خدمت میں گذارا، میرا یہ مشاہدہ ہے
حضرت قطب مدینہ رضی اللہ عنہ نے بالکل درست فرمایا۔''

حضرت قطب مدینہ علامہ ضیاء الدین احمد قادری قدس اللہ سرہٗ نے آپ کی صحبت میں عرصہ دراز گزارا، اخذ علوم وکسب فیض فرماتے رہے۔ سند حدیث وجمیع سلاسل کی خلافت واجازت سے ۱۳۳۰ھ میں نوازے گئے۔

حضرت ابوالعباس علامہ شیخ احمد شمس رضی اللہ عنہ کے بارے میں ضیاء الملت والدین قدس اللہ سرہٗ نے فرمایا:

'' شیخ احمد الشمّس المالکی المغربی ثم المدنی قدس سرہٗ نہایت متدین، متقی بزرگ تھے، ان کی غذا صرف کھجور کے چند دانے اور بکری کا دودھ تھا، بکری خود پال رکھتے، اسی کا دودھ پیتے افطار کے وقت بکری کا دودھ نچوڑتے، وہی ان کا فطور اور وہی ان کا سحور (افطاری وسحری) ہوتا۔ جب کبھی حج پر جاتے، اونٹ کے شغدف (کجاوے) کے ایک طرف بکری ڈال لیتے اور دوسرے میں خود تشریف فرما ہوتے''۔

آپ سے کثرت سے علماء نے فیوض وبرکات حاصل کئے جن میں سے

۱۔ عمر بن حمدان المحروسی	۲۔ عبدالحفیظ فاسی
۳۔ عبدالباقی لکھنوی	۴۔ ابوبکر الحبشی باعلوی
۵۔ محمد بن عوض بافضل	۶۔ محمد الطیب التلکتی
۷۔ عباس بن محمد رضوان	۸۔ محمد السالک الشنقیطی
۹۔ سیدی کامل المہدی	۱۰۔ ضیاء الدین احمد القادری

رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

Marfat.com

آپ کے سلاسل مندرجۂ ذیل ہیں:

سیدی ضیاء الدین احمد القادری عن سیدی شیخ احمد الشّمس القادری المالکی عن سیدی محمد مصطفیٰ ماء العینین الحسنی عن سیدی عبد العزیز الحسنی الحبشی عن قطب الآفاق سیدنا السید عبد الرزاق بن سلطان الاولیاء سیدنا السید عبد القادر الحسنی الحسینی الجیلانی رضی اللہ عنہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

سیدی و مرشدی شیخ ضیاء الدین احمد القادری، عن سیدی شیخ احمد الشّمس المالکی القادری، عن الشیخ العارف محمد مصطفیٰ ماء العینین الحسنی الشنقیطی، عن ابیہ الشیخ محمد فاضل، عن ابیہ مامین، عن ابیہ الشیخ محمد فاضل، عن ابیہ مامین، عن ابیہ الطالب اخیار، عن ابیہ الطالب محمد ابی الانور، عن والدہ الجیہ المختار، عن والدہ محمد الحبیب، عن ابیہ محمد علی، عن ابیہ سیدی محمد، عن ابیہ یحیی الصغیر، عن ابیہ محمد، عن الشیخ العلی، عن الحفاظ الاسیوطی (فہرس الفہارس)

مولانا الشیخ سیدی ضیاء الدین احمد القادری، عن ضوح الشّمس سید احمد بن الشّمس الشنقیطی المدنی، عن استاذہ سیدی السید محمد مصطفیٰ ماء العینین الحسنی الشنقیطی عن ابیہ سیدی فاضل بن مامین عن سیدی مصطفیٰ ابن احمد الکیحل، عن عبد اللہ بن الحاج ابرہیم العلوی، عن محمد بن الحسن النباتی، ومحمد بن سالم الحفاظ واحمد الجوہری واحمد الملاوی واحمد بن مصطفیٰ بن احمد الاسکندری عن عبد اللہ بن سالم البصری المکی ومحمد بن عبد الباقی الزرقانی عن البابلی

(از سند حضرت علامہ شاہ عبد العلیم صدیقی قادری)

۲۸/ جمادی الثانی ۱۳۴۲ھ / ۱۹۲۳ء میں وصال فرمایا اور جنت البقیع شریف میں سیدنا امام مالک رضی اللہ عنہ کی قبر مبارک کے قریب دفن کئے گئے۔ رضی اللہ عنہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محدث اعظم حضرت علامہ محمد بدرالدین الحسنی رضی اللہ عنہ

محدث شام حضرت علامہ محمد بدر الدین بن یوسف بن عبدالرحمٰن بن عبد الوہاب بن عبداللہ بن عبد الملک بن عبد الغنی المغر بی المراکشی البیانی ۱۲۶۷ھ/ ۱۸۵۱ء کو دمشق میں پیدا ہوئے۔ آپ حضرت الامام العارف ابوعبد اللہ سید محمد سلیمان الشاذلی الجزولی صاحب دلائل الخیرات کے سلسلہ نسب سے تھے۔ آپ کے اسلاف میں سے مصر منتقل ہوئے۔ آپ کے والد یوسف بن عبد الرحمٰن مصر میں البحیر کے قصبہ بیبان میں پیدا ہوئے، وہاں سے تونس چلے گئے اور ''جامع الزیتونۃ'' میں تعلیم حاصل فرمائی پھر مشرق کی جانب سفر کیا اور دمشق میں سکونت اختیار کی، المغر بی کے نام سے معروف ہوئے۔

علامہ محمد بدرالدین قدس اللہ سرہٗ نے دمشق میں تعلیم حاصل کی صحیحین (بخاری شریف ومسلم شریف) کو اسانید کے ساتھ حفظ کیا اور بیس ہزار (۲۰،۰۰۰) اشعار علوم وفنون کی کتب سے حفظ کئے۔ پھر درس وتدریس اور عبادت وریاضت کے لئے الگ تھلگ ہوگئے۔ آپ بڑے زاہد اور کثرت سے روزے رکھنے والے تارک الدنیا تھے۔ عوام وحکام کے نزدیک آپ کا مقام بہت بلند تھا، یہاں تک کہ جب اتحادیوں نے پہلی جنگ عظیم میں ترکوں سے بغاوت کی تو دمشق کے عوام نے آپ کو تحریک انقلاب کی قیادت اور بیعت خلافت لینے کو کہا تو آپ نے سختی سے انکار فرمادیا۔ الگ تھلگ ہوکر گوشہ نشین رہے۔ تالیف وتصنیف اور فتویٰ صادر کرنے کی طرف راغب نہ

Marfat.com

تھے، آپ کے دو رسالوں کے علاوہ کسی مطبوعہ تصنیف کا علم نہیں ہو سکا۔ ان میں سے ایک سند صحیح بخاری اور دوسری شرح قصیدہ غرامی جو کہ اصطلاح حدیث میں ہے اور تیسرا مخطوطہ جس کا نام ''الدرر البھیۃ فی شرح المنظومہ البیقونیۃ'' ہے۔ اس پر آپ کا نام محمد بدر الدین بن یوسف بن بدر الدین مکتوب ہے۔ آپ کے ایک تلمیذ جو ایک طویل مدت تک آپ سے کسب فیض کرتے رہے نے بتایا کہ آپ کی تقریباً چالیس مؤلفات ہیں جو حضرت علامہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تیس سال کی عمر سے پہلے تالیف فرمائیں تھیں۔ سید محمد سعید الحمزاوی نقیب الاشرف دمشق سے آپ کی تالیفات کے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے حضرت شیخ بدر الدین رحمۃ اللہ علیہ کی شان میں ایک قصیدہ لکھ بھیجا جو طاہر الاناسی کا منظومہ تھا، اس میں شیخ کی مداح کی گئی اور آپ کی کتب کا ذکر تھا۔ اس میں سے مندرجۂ ذیل اشعار ہیں:

اضحت من الفضل تتلو ابلغ السود
علی الجلالین فی التفسیر حاشیه
ارق من دمع صب لج فی السحر
و معرب جاء للقرآن، تبینة
علیک فیه، ولیس الخبر کالخبر [۱۲]

اور یہ آپ کی تالیفات میں سے ہیں:

۱۔شرح البخاری ۲۔شرح الشمائل ۳۔شرح الشفا ۴۔شرح البیقونیۃ فی المصطلح، ۵۔حاشیۃ علی شرح مختصر ابن الحاجب، فی الاصول ۶۔حاشیۃ علی عقائد النسفی ۷۔شرح نظم السنوسیۃ ۸۔شرح الخلاصۃ، فی الحساب ۹۔حواشی علی شروح الشذور والقطر والجامی، فی النحو ۱۰۔شرح مغنی اللبیب، ۱۱۔شرح لامیۃ الافعال ۱۲۔شرح السلم، فی المنطق، ۱۳۔حاشیۃ علی المطول۔

مزید ایک طویل تحقیق کے بعد رقمطراز ہیں کہ آپ کے مزید بارہ

Marfat.com

رسائل جو تفسیر و حدیث اور توحید کے بیان میں ہیں دیکھنے میں آئے ہیں اور آپ کے نورانی حالات لکھتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جب سوریا میں فرانسیسیوں نے بغاوت پیدا کرادی تو اس وقت حضرت علامہ قدس اللہ سرہٗ نے سوریا کے تمام شہروں کا دورہ فرمایا لوگوں کو جہاد کے لئے برانگیختہ کرتے اور حملہ آور کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے پر ابھارتے اور حکمت بھرے مواعظ سے مجاہدین کو تقویت پہنچاتے، جب تحریک انقلاب اٹھی تو آپ انقلابیوں اور انقلابی مجاہدین کے روحانی باپ تھے۔ [۱۳]

حضرت علامہ محمد الیاس برنی قادری تحریر فرماتے ہیں:

اچھے اچھے علماء موجود ہیں۔ خاص کر حضرت علامہ بدرالدین صاحب مدظلہ اپنے زمانہ کے بڑے جید عالم مانے جاتے ہیں۔ صدہا علما ممالک اسلام سے آکر حضرت کے درس میں شریک ہوتے ہیں۔ تفسیر اور حدیث حضرت کا خاص مضمون ہے۔ دیکھنے کو ضیعف اور سن رسیدہ ہیں لیکن ہمت جوان ہے۔ تعلیم سے از حد دلچسپی ہے شب و روز یہی مصروفیت رہتی ہے حضرت کی توجہ سے کئی عربی مدارس آباد ہیں۔ عوام و خواص امیر و غریب، سب حضرت کا احترام کرتے ہیں عقیدت کا دم بھرتے ہیں حضرت کا اثر دیکھ کر حکومت فرانس بھی دبتی ہے۔ بہت لحاظ اور ادب کرتی ہے ہم لوگوں پر حضرت کی بہت خاص شفقت عنایت رہی اور حضرت مولانا عبدالقدیر صاحب مدظلہٗ کی تو ایسی قدر شناسی فرمائی کہ دمشق کے تمام علماء میں چرچا ہوگیا کہ ہندوستان سے ایک بڑا عالم آیا ہے ایسی صحبت کہاں نصیب ہوتی ہے۔ جو کچھ استفادہ کر لیں غنیمت ہے لیکن قیام بہت مختصر تھا سب کی زبان پر تھا ع

حیف در چشم زدن صحبتِ یار آخر شد [۱۴]

حضرت شیخ علامہ محمد یحییٰ مکتبی حسینی رحمۃ اللہ علیہ تلمیذ حضرت علامہ بدر الدین و استاذ مدرسہ دارالحدیث دمشق آپ کے متعلق لکھتے ہیں:

Marfat.com

میں عرب وعجم کے علماء سے ملا۔ ان میں بزرگ ترین شخصیت میرے شیخ، میرے سردار، اور میرے رہنما، عالم ربانی، چودھویں صدی کے مجدد، کتب حدیث وآثار کے حافظ، سنت کو زندہ کرنے والے، بدعت کو مٹانے والے یعنی شیخ محمد بدرالدین محدث مشہور ہیں۔ اللہ مسلمانوں کو ان کی درازئی حیات سے نفع پہنچائے وہ جمعہ کے دن نماز جمعہ کے بعد سے عصر کی اذان تک اسناد کے ساتھ حدیث کی کتابوں کا زبانی درس دیا کرتے تھے۔ پھر کوئی شخص آجاتا تو حضرت استاذ اس کی طرف متوجہَ ہوتے اور اس شخص کے ضمیر میں جو ہوتا اس پر گفتگو فرماتے۔ بہت سے لوگ ایسے ہوتے جو اس سے پیشتر کبھی حاضر درس نہیں ہوئے تھے اور بہت ایسے ہوتے جو پہلے کسی مسئلہ میں آپ سے اختلاف رکھتے اور پھر آپ کے درس میں آتے تو ان کی مشکلیں حل ہو جاتیں۔

محدث شام علامہ محمد بدرالدین رضی اللہ عنہ حضرت حافظ ابوزکریا یحییٰ بن شرف نووی الشافعی شارح مسلم (المناج فی شرح مسلم بن الحجاج) کے مدرسہ دارالحدیث کے شیخ الحدیث اور عالم باعمل تھے۔

حضرت شیخ ضیاالدین قادری قدس سرہ العزیز فرماتے:

''آپ نہایت عابد وزاہد اور متقی انسان تھے، آپ بہت مودب تھے، ادب کی وجہ سے مسجد نبوی شریف میں داخل نہیں ہوتے تھے بلکہ باب الرحمۃ میں کھڑے صلوۃ وسلام عرض کرتے رہتے تھے۔''

سیدی قطب مدینہ رضی اللہ عنہ کو آپ سے خلافت واجازت ۱۳۳۷ھ میں حاصل ہوئی۔ ۱۳۵۴ھ/ ۱۹۳۹ء کو دمشق میں وصال ہوا۔

Marfat.com

سند السيد بدرالدين الحسنى

يروى الشيخ المعمر ضياء الدين احمد القادرى عن سيد بدرالدين الحسنى عن عبد القادر الخطيب عن محمد بن عبد الغني النابلسي عن أبيه عبد الغني النابلسي عن نجم الدين الغزي عن أبيه البدر الغزي عن عبد الحق السنباطي عن عبد الرحيم ابن الفرات عن العز ابن جماعة عن أحمد هبةالله عن الدمياطيعن المؤيد الطوسي عن محمد الفراوي عن عبد الغافر الفارسي عن محمد بن عيسى الجلودي عن أبي اسحاق بن سفيان النيسابوري عن الامام مسلم بن الحجاج النيسابوري.

بدرالدين الحسنى

يروي عن أبيه يوسف بن بدرالدين الحسني عن زين العابدين جمل الليل عن صالح الفلاني، وأحمد الدردير، ومحمد طاهر سنبل. ويروي أبوه يوسف عن عبدالله سراج، وعمر بن عبدالرسول العطار، وعارف حكمت، وعبدالعزيز القادري، وعبد الرحمن الكزبرى. ويروي بدرالدين عن ابراهيم السقاعن ثعيلب عن أحمد الملوي عن عبدالله بن سالم البصري بثبته.

ويروي بدرالدين عن عبدالقادر الخطيب عن محمد بن عبدالغني النابلسي عن عبد الغني النابلسي.

ويروى بدرالدين عن عبدالقادر الخطيب عن البرهان الباجوري عن الأمير الصغير عن الأمير الكبير.

ويروى بدرالدين الحسني عن جعفر بن اسماعيل البرزنجي عن أبيه عن صالح الفلاني.

Marfat.com

وقعت قرأة هذه الكتاب
وسمعه السيد المذكور
جلنا نسمع تعالى وإياه
إلى سواء الطريق
وإذا قنا حلاوة
التحقيق والتوفيق
بجاه النبي الأمين
وعلى



قصيدة نازلة دار الحديث
للسيد العلامة الأديب
والهمام اللوذعي
الشيخ
يوسف
البنبان
الشافعي
مفتي

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مجاہد فی سبیل اللہ حضرت سید احمد الشریف السنوسی قدس اللہ سرہٗ

حضرت سید احمد الشریف بن محمد بن محمد بن علی السنوسی خطابی ۱۲۸۴ھ/ ۱۸۶۷ء میں جغبوب میں پیدا ہوئے، آپ کا سلسلہ نسب آل خطاب جو کہ قبیلہ مجاھر میں سے ہے، سے ملتا ہے جو کہ الجزائر کی سرحدی پٹی پر آباد ہے۔ آپ مجاہد کبیر اور طریقہ سنوسیہ کے مشہور اکابرین میں سے تھے آپ نے جغبوب میں تعلیم پائی اور التاج جو الکفرہ کے علاقہ میں واقع ہے اور البرقہ کا حصہ ہے میں اقامت اختیار کی۔

۱۳۳۹ھ میں اطالیوں نے سلطنت عثمانیہ کی مخالفت کرتے ہوئے مغربی طرابلس اور برقہ پر حملہ کر دیا تو آپ نے اطالیوں کے خلاف ڈٹ کر جہاد کیا، طرابلس اور برقہ پر آپ کا قبضہ ہوگیا۔ جب اطالیوں اور عثمانیوں کے درمیان صلح ہوگئی تو آپ نے تنہا جہاد کی ذمہ داری اپنے کندھوں پر اٹھالی سید احمد شریف رضی اللہ عنہ اور ان کے چچا زاد بھائی سید ادریس کے مابین اختلافات پیدا ہوگئے، جس کی وجہ سے آپ کے ساتھی بہت تھوڑی تعداد میں رہ گئے تو آپ کو آستانہ بلا لیا۔ اسٹیمر سے سفر کیا اور دارالخلافہ عثمانیہ پہنچ گئے۔ سلطان محمد السادس کی تاج پوشی کے دن آپ کو وزیر کے مرتبہ پر فائز کیا۔

سلطنت عثمانیہ کے زوال کے بعد آپ کے عثمانیوں کے ساتھ تعلقات کے جرم کی وجہ سے مصطفیٰ کمال نے آپ کو ترکیہ سے نکل جانے کا حکم دیا تو آپ دمشق چلے گئے، چونکہ وہاں فرانسیسیوں کی حکومت تھی، انہوں نے سید شریف علیہ الرحمۃ کو وہاں رہنے کی اجازت نہ دی تو آپ سیدھے حجاز آگئے،

Marfat.com

ملک عبدالعزیز نے آپ کا استقبال کیا اور بڑے عزت واحترام کے ساتھ پیش آیا پھر آپ آخر دم تک حجاز میں قیام پذیر رہے، سردیوں میں مکہ معظّمہ اور گرمیوں میں مدینہ طیبہ میں رہتے امرشکیب ارسلان نے آپ کے اوصاف بیان کرتے ہوئے کہا:

''جرجلیل، وسیدغطریف' واستاذ کبیر، من اَنبَلِ الناس جلالۃ قدر وسراوۃ حال ورجاحۃ عقل''

آپ بہت بلند مقام اور گہرے علم والے تھے، آپ کی تصنیفات میں مندرجۂ ذیل ہیں:

١۔ ثبت کبیر.

٢۔ الانوار القدسیة فی مقدمة الطریقة السنوسیة.

٣۔ فیوضات المواهب المکیة بالنفحات الربانیة المصطفویة.

٤۔ رسالة فی فضل الجهاد والحث علیه.

٥۔ الدر الفرید الوهاج فی بیان رحلة السید محمد المهدی والسید محمد الشریف من الجغبوب الی التاج. ویسمی ایضا السراج الوهاج.

٦۔ الدر النضید من کلام ساداتنا المفید.

٧۔ تجرید الاسانید.

٨۔ الفیوضات الربانیة فی اجازة الطریقة السنوسیة الا حمدیة الادریسیة

٩۔ الشموس العرفانیه الاشرافیه فی بیان الاعلام السنوسی الادریسه الحمدیه النورانیة

١٠۔ ملخص الشموس الا شراقیة النورانیة

Marfat.com

۱۱۔ تراجم مشائحة و مشاهير من اجتمع بهم

حضرت سید احمد الشریف سنوسی نے ۱۳۵۱ھ/۱۹۲۳ء میں مدینہ منورہ میں وصال فرمایا اور بقیع الغرقد الشریف میں دفن ہوئے۔ [۱۵]

حضرت علامہ ضیاء الدین احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ آپ کے بہت گہرے مراسم تھے، آپ کو ۱۳۳۵ھ میں سید احمد شریف سنوسی رضی اللہ عنہ نے اپنے تمام سلاسل کی اجازت و خلافت عنایت فرمائی۔ آپ کی نماز جنازہ حضرت قطب مدینہ قدس سرہٗ نے پڑھائی۔ سنوسی سلسلہ کی اجازت:

۱۔ قطب مدینہ سیدی ضیاء الدین احمد القادری

۲۔ عن السید احمد الشریف السنوسی

۳۔ عن استاذہ السید محمد المھدی

الف۔ وعن والدہ السید محمد السنوسی

ب۔ وعن استاذ المعمر السید احمد الریفی

ج۔ وعن جدہ سید محمد بن علی السنوسی

۴۔ عن سیدنا السید المعمر عبد العزیز الحسنی نزیل الحبشہ

۵۔ عن الامام الاولیاء سیدنا السید عبد العزیز ابن غوث الاعظم جیلانی سیدی عبد العزیز الحبش کو مزید درج ذیل اکابر اولیاء سے اجازت تھی

الف۔ وعن سیدی شیخ الاکبر محی الدین بن العربی

ب۔ وعن شیخ زین الخلیل

ج۔ وعن الامام فخر ابن البخاری

د۔ وعن القطب احمد النہروالی

ھ۔ وعن جلال الدین السیوطی

و۔ وعن قطب الافاق سیدنا السید عبد الزراق بن سلطان الاولیاء،

Marfat.com

قطب الاقطاب، الباز الامنب الاشہب محی الدین سیدنا ومولانا الشیخ السید عبدالقادر الحسنی الحسینی الجیلانی الغوث الاعظم والمحبوب السبحانی رضی اللہ عنہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

سیدی عبدالعزیز الحبش قدس اللہ سرہ العزیز

السید احمد الشریف بن سید محمد الشریف السنوسی نے مجھے (عبدالحیٔ بن عبدالکبیر الکتانی) مدینہ منورہ سے ایک خط میں اطلاع دی کہ سیدی عبدالعزیز الحبشی رضی اللہ عنہ کے ایک خلیفہ کے خلیفہ جو ایک بہت بلند مقام والے معمر کردی شیخ جن کا نام حسین بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہما تھا۔ ان کی ایک تحقیقی تحریر سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ (سیدی عبدالعزیز الحبشی رضی اللہ عنہ) ۳ / ربیع اول ۵۸۱ھ میں پیدا ہوئے آپ کی عمر چھ سو پچانویں (۶۹۵) برس تھی۔ ایک دوسرے مکتوب میں مجھے تحریر فرمایا کہ آپ بغداد شریف گئے اور قطب الآفاق سیدنا السید عبدالرزاق قدس اللہ سرہٗ العزیز سے کسبِ فیض کیا اور مجاز و ماذون ہوئے۔ دمشق کی طرف گئے شیخ محی الدین ابن عربی رضی اللہ عنہ سے خلافت حاصل کی مزید شیخ فخر ابن بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے اخذ فرمایا۔ جس سے میری خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی۔

اور آپ (احمد شریف سنوسی) نے مجھے اپنے آخری مکتوب میں جو کہ موسم حج میں مدینہ منورہ سے لکھا، تحریر کیا کہ میں نے سید حبیب قدس اللہ سرہ سے ملاقات کی جو کہ سیدی عبدالعزیز الحبشی المعمر رضی اللہ عنہ کے سلسلہ نسب سے تھے۔ انہوں نے بیان کیا کہ میرے دادا سیدی عبدالعزیز الحبشی رضی اللہ عنہ کا نسب سترھویں (۱۷) پشت میں نبی کریم ﷺ تک جا ملتا ہے۔ [16]

اور الوسیمی والغمری سے بھی زیادہ عجیب و نادر واقعہ ہے کہ مجھے (عبدالحیٔ الکتانی) خبر دی العالم الفاضل سلیل المجد والرفعۃ السید احمد الشریف بن محمد الشریف بن الاستاذ محمد بن علی السنوسی الخطابی الطرابلسی نے،

Marfat.com

اپنے مکتوب میں جو انہوں نے شہر انا ضول سے لکھا کہ ان کے دادا، حضرت سیدی شریف معمر عبدالعزیز نزیل حبشہ سے مجاز و ماذون ہوئے۔ ان کو حافظ ابن حجر سے اجازت تھی، سیدی شریف عبدالعزیز الحبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات ۲۱ / صفر ۱۲۷۶ھ کو میرے دادا کی وفات کے تیرہ (۱۳) دن بعد ہوئی۔

سید احمد سنوسی اپنے دادا سے ثبوت کے ساتھ نقل کرتے ہیں کہ سیدی عبدالعزیز الحبشی وادی فاطمہ میں پیدا ہوئے اور اپنے دادا کے اجازت نامہ کی سند کی نقل جو ان کو سید معمر مذکور سے حاصل تھی بھیجی اور یہ سند عامہ ہے آپ روایت کرتے ہیں، المعمر الناسک عبدالہادی بن العربی عواد سے اور آپ الاستاذ السنوسی سے اور وہ سیدی عبدالعزیز الحبشی سے اور آپ الحافظ ابن حجر سے۔

میں (عبد الحیٔ الکتانی) کہتا ہوں کہ یہ وہ حبشی ہیں جن کا ذکر کتاب المجد الطارف والتالد علی اسلۂ الناصری سیدی احمد بن خالد، للعلامہ الادیب المورخ الجوال محمد الامین الصحراوی الشنقیطی المراکشی میں کرتے ہیں:

کہ حضرت علامہ صوفی سیدی الحاج عمر ابن سودہ نے مجھ سے بیان کیا، جب ہم ۱۲۸۴ھ میں دکالہ میں تھے۔ کہ موسم حج کے ایام میں مکہ مکرمہ میں ایک مرد کی زیارت کی جو حبشہ سے آئے ہوئے تھے۔ ان کی عمر چھ سو (۶۰۰) سال کے درمیان تھی، اس وقت بعض حجاج نے جو اس سے پہلے بلاد حبشہ کو جا چکے تھے مجھے اس مرد (معمر سیدی عبدالعزیز الحبشی) کی خبر دی اور مزید بیان کیا کہ ان کے دانت مدت سے بار بار گر جاتے تھے اور پھر ان کی جگہ نئے دانت نکل آتے تھے۔

عبدالحیٔ الکتانی کہتے ہیں کہ یہ وہی معمر حبشی ہیں جن کا ذکر کیا ۱۳۲۰ھ میں الاستاذ المقری المعمر الناسک ابوالعباس بن ابی العلاء ادریس البدراوی

Marfat.com

الناسی، جنہوں نے مشرق ومغرب کی سیاحت کی، سے میری ملاقات ہوئی۔ آپ نے کہا کہ ایک طویل مدت غیب رہنے کے بعد آپ شہر فاس میں وارد ہوئے۔ اور آپ نے بیان فرمایا کہ المعمر سیدی عبدالعزیز قدس سرہ سے ملاقات کی آپ نے الشیخ السید عبدالعزیز بن الشیخ سلطان الاولیاء سیدنا السید عبدالقادر الجیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما سے طریقہ حاصل کیا۔ [۱۷]

ضريح الإمام محمد بن علي السنوسي في الجغبوب، أحد معالم التاريخ الليبي التي هدمها القذافي

Marfat.com

سند رضی الله تعالی عنه فی موطأ مالک

يروي الشيخ المعمر ضياء الدين احمد القادرى عن احمد شريف السنوسى عن أحمد الريفي عن محمد بن علي السنوسي عن أبي العباس أحمد بن ادريس العرائشي عن التاودي بن سودة المري عن محمد بن عبد السلام البناني عن أحمد بن العربي بن الحاج السلمي عن محمد بن عبدالقادر الفاسي عن أبيه عن عم أبيه العارف عبد الرحمن الفاسي عن أبي عبد الله محمد القصار عن رضوان الجنوي عن سقين عبدالرحمن القيسي العاصمي عن شيخ الاسلام زكرياء الأنصاري عن عبد الرحمن بن الفرات عن ابن أبي جماعة عن أبي جعفر ابن الزبير عن أبي الخطاب ابن خليل عن ابن زرقون عن الخولاني عن الطلمنكي عن أبي عيسى يحيى بن يحيى عن عم أبيه عبيد الله بن يحيى عن أبيه يحيى بن يحيى الليشي عن امام دار الهجرة مالک بن أنس رضى الله عنه.

رضى الله تعالىٰ عليهم اجمعين

Marfat.com

سند الطريقة القادريه

أحـمد الشريف السنوسي عن عمه محمد المهدي عن محمد بن علـي السـنوسي عن أحمد بن ادريس عن أبي المواهب التازي عن محمد هـاشـم السـندي عن عبدالقادر الصديقي المكي عن سعد الله غلام محمد السـورتـي عـن مـظهـر الـنور السيد عبد الشكور عن شاه مسعود الا سفر ايينـي عـن عـلـي الـحسيـني الكلاباذي عن جعفر بن أحمد الحسيني عن ابراهيم الحيسني عن عبدالله الحسيني القادري عن السيد عبد الرزاق بن عبدالقادر الجيلاني عن أبيه عبدالقادر الجيلاني رضى الله عنه.

رضى الله تعالىٰ عليهم اجمعين

سند دلائل الخيرات

عـن عبـد الـحـفيـظ الـعـجيـمـي عن صالح الفلاني عن محمد بن عبـدالـلـه الـوولاتـي عـن مـحمد بن محمود الونكري التنبكتي عن السيد عبدالرحمن بن أحمد بن محمد بن أحمد المجذوب عن ابيه عن جده عن والـد جـده عـن محمد بن سليمان الجزولي و عن عبدالرحمن المجذوب عـن أبيـه أحـمـد عن أبيه محمد أبيه أحمد المجذوب عن سيدى محمد ابى سليمان الجزولي.

Marfat.com

سلسلہ طریقہ قادریہ

۱۔	احمد شریف السنوسی	المتوفی	۱۳۵۱ھ
۲۔	محمد المہدی السنوسی	المتوفی	۱۳۲۰ھ
۳۔	محمد بن علی السنوسی	المتوفی	۱۲۷۲ھ
۴۔	احمد بن ادریس	المتوفی	۱۲۵۳ھ
۵۔	ابی المواہب التازی	المتوفی	۱۲۱۳ھ
۶۔	محمد ہاشم سندھی	المتوفی	۱۱۷۴ھ
۷۔	عبدالقادر الصدیقی المکی	المتوفی	۱۱۳۸ھ
۸۔	سعد اللہ غلام محمد السورتی		
۹۔	مظہر النور السید عبدالشکور		
۱۰۔	شاہ مسعود الاسقرایینی		
۱۱۔	علی الحسینی الکلاباذی		
۱۲۔	جعفر بن احمد الحسینی		
۱۳۔	ابراھیم الحسینی		
۱۴۔	عبداللہ الحسینی القادری		
۱۵۔	سید عبدالرزاق	المتوفی	۶۲۳ھ
۱۶۔	سیدنا غوث الاعظم عبدالقادر الجیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین	المتوفی	۵۶۱ھ

Marfat.com

الحمد لله وحده والصلوة والسلام على من لا نبى بعده
يقول عبد ربه محلوك استاذه السيد محمد المهدى احمد ال
الخطابى الحسنى الادريسى انى تناولت هذا المصحف الشريف
السيد الكريم سيدنا محمد صلى الله عليه وسلم وشرف وعظم الى
السالك سنن الفضائل بالصدق والجد الاجل الوجيه
الاكرم محمد ابن ادريس الفاسى المحترم وامره
بتقوى الله العظيم والمراقبة فى الحقير والجسيم قال تعالى
اوتوا الكتاب من قبلكم واياكم ان اتقوا الله الله جعل
المتمسكين بحبله الاقوى العاملين باحكام كتابه المبين
المرسلين وادخ الله تعالى ان يطرح البركة فى عمره
وان يوفقه لرضاه ويبلغه من خير الدارين ما يتمناه
وبالاجابة جدير هو حرر فى ١٠ صفر الخير سنة ١٣٤٩

اقول وانا احمد الشريف السنوسى
انى قد اجزت ولدى الجليل
محمد ابن ادريس البعناني
المذكور بالقرآن وجميع
العلوم العقلية والنقلية
وبالطريق ابى العمومية
الطرق بعد المحمدية وبالاوراد والاذكار
وعلى السر التوبيس حسبما اخذت بالله
عن استاذنا الاعظم السيد المهدى واستاذنا
السيد احمد الريسونى عن الاستاذ السيد محمد بن السنوسى
[illegible]

الصفى النبيه ولدنا
وقرة عيننا وابنى اوصيه
ولقد وصينا الذين
التقوى وجعلهم من
التابعين سنة سيد
وماله وذريته وامره
انه على ما يشاء قدير

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم وصلى الله على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم

يقول عبد ربه مملوك استاذه ومليفته خادم الاسلام احمد الشريف السنوسي حمد الواهب العطايا العلى السند وصلوة وسلاما على افضل كل ملجاء وسند وعلى آله الفائزين بالاقتداء واصحابه أئمة الهدى ونجوم الاهتداء هذا فليعلم كل من اتصل بهذه المجموعة المباركة المحتوية على اسانيد الاحزاب والاوراد والاوليات والمسلسلات ورغب في الانتظام في سلك الطائفة السنوسية الادريسية والانتساب اليهم والى مشايخهم والاخذ بما أخذوه في علوم الشريعة المحمدية والطريقة الاحمدية سالكا مسلك الخشية المطلوبة باتباع السنة النبوية راجيا بذلك محبة الله لقوله تعالى فاتبعوني يحببكم الله واني اقول وابرؤا الى الله من القوة والحول فقد اجزت الشيخ ادريس بن احمد البناني الفاسي الراغب في الانخراط في سلك هذه الطائفة السنوسية الادريسية اجازة تامة مطلقة عامة بكل ما يصح لي وعني رواية ودراية بما روينه عن اساتذتي الكرام واجازوني به وهم سيدنا الامام محيي شريعة جده سيد الانام المكمل للارث المحمدي سيدنا ومولانا السيد محمد المهدي وشقيقه ذي العلوم النورانية والمعارف الصمدية سيدي ووالدي السيد محمد الشريف واستاذنا العالم العلامة والحبر الفهامة المعمر البركة محمود السكوف والحركة الجامع بين علمي الباطن والظاهر سيدي السيد احمد بن عبد القادر الريفي رضي الله عنهم برواياتهم عمن اتصل سنادهم الاكبر والملاذ الاظهر مولانا السيد محمد بن علي السنوسي وهو عن استاذه القطب الكبير والعلم الشهير صاحب المدد والتقديس سيدنا ومولانا السيد احمد بن ادريس رضي الله عنهما وهما عن مشايخهما المشارقة والمغاربة في كل ما يصح لها وعنهما من مشايخ ومسموع معرف ومجموع رضي الله عنهم ونفعنا بهم وبأسرارهم امين واني اوصي كل مجاز ومنخرط في هذا السلك بتقوى الله واتباع سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم في جميع الاحوال والاقوال والافعال تاركا قول المخالفين وان كرهوا عاملا بقوله تعالى وما اتيكم الرسول فخذوه وما نهيكم عنه فانتهوا واطلب من حضرة المجاز انحاني بصالح دعوانه في خلواته وجلواته بأن الله ينجح بنا نهج نبينا المصطفى وان يسلك بنا طريق اهل الاصطفى وان يختم لنا بخاتمة السعادة ويجعلنا من الذين احسنوا الحسنى وزيادة انه اكرم مسئول وخير مأمول وصلى الله على خير خلقه سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم وشرف وكرم وعظم تحريرا في ذي الحجة ١٣٤٥

سند اجازت برائے الشیخ محمد ادریس بن احمد البنانی

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم وصلى الله على سيدنا محمد وآله وصحبه وسلم

من عبد ربه سبحانه احمد الشريف السنوسي الى حضرة الفاضل المحترم المكرم ولدنا السيد
محمد الصادق حفظه الله تعالى .
السلام عليكم ورحمة الله تعالى وبركاته ومغفرته ورضاه وتحياته ورضوانه ولبد
نالمرجو من الله تعالى دوام صحتكم وعافيتكم ومن لله مزيد الحمد على ما تجود
وقد وصلنا جوابكم وحمدنا الله على سلامتكم ودعونا لكم من الروضه المطهر
باصلاح حالكم وتيسير اموركم والمرجو من الله الكريم انه اكرم مسؤول وخير
مأمول . ثم ما ذكرتم من خصوص الصباغ فان سيدنا رسول الله صلى الله
عليه وسلم صبغ بالكتم المعروف وروى انه صبغ بالحنا وانتم لكم الخيار ومن
خصوص بنتنا فاحمله الادريسيه لا بأس من القصد لها والحافظ هو الله .
وسلموا لنا على والدتها وعلى عموم اهل الزاويه وخصوصا أولادنا اليد السنوسي وولد
احمد الشريف وولدنا السيد محمد رضا وسلم لنا على جميع من هناك
على ولدنا السيد محمد رضا

مكتوب بنام سيد محمد صادق عليه الرحمه

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ وسلم

من عبدہ بہ خادم الاسلام احمد الزین السنوسی عفی عنہ

الی الاخ المکرم المتمم المؤکل ولدنا الاعز محمد الصادق بن المرحوم ولدنا الشیخ السنوسی حامد حفظہ اللہ آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ومغفرتہ ورضواناتہ وبعد فقد اتصلنا بکتابکم وقام لدینا مقامکم ومنہ استفدنا صحتکم وحمدنا اللہ عز وجل علی ذلک وانتم تفضلتم علینا بالسوال فالحمد للہ بأتم النعم لم یخل الوالد الاجتماع بکم فی تلک البقعۃ المقدسۃ ربنا یقدر ذلک فی ابرکہ وقت انہ سمیع مجیب وقد انتم مخصوص علی الدوام انکم جاریین العمل فی عمارتہا ربنا ینجح المقاصد ویأخذ بالید ویساعدکم وجزاکم اللہ خیرا اهتمامکم وتطلبہ لکتب للاشراف بالمساعدۃ فہا نحن فی اصلتکم تعلموا الکلا کتابہ وزجوکم الدعاء لنا امام بیت اللہ الحرام بہ المقصود کما ہو لکم بنا تجاہ سیدنا عبد النبی العباس وعلیہ القبول انہ اکرم مسئول وسلونا یشمل کافۃ الوفد والاہل جمیع ومن عندنا یہدکم السلام کافۃ الاخوان وہم محمد علی والسلام تحریرا ۱۴ ربیع اول ۱۳۴۹

ورسلانا تشمل جمیع اہل البیت وصفی الزین خصوصا

واحمد بن ادریس ومن معہم وذکرہم علی اجوبۃ کنا ہادیناہا

لکم وصلتنا ہدیۃ الرطب الطیب الذی اطعمکم اللہ من رطب الجنۃ وارسالنا

لکم شیئا من الخضر نأکلہا انتم والاہل بالہنا ومنی ان شاء

السنۃ الشہر القابل تنبع علیکم نعم الشرف لیس الرطب الربا

فیہا بالطیب المریح ملکم وخلہ علیکم بالتی ہی اقتع وعلی افتکم

تجیبہ من عندہ بما ذکرتم فی صفیہ الخیر لہ کلیب بدال

الصحۃ والعافیۃ علی نعم انہ اذا جاء الوالد ابراہیم الخیر یدعی انہ

حتی انکم خیر

مکتوب بنام سید محمد صادق علیہ الرحمہ

Marfat.com



مکتوب بنام سید محمد صادق علیہ الرحمہ

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی قدس اللہ سرہٗ

بوصیری العصر ابو المحاسن حضرت علامہ یوسف الشافعی بن اسمٰعیل بن یوسف بن اسماعیل بن محمد ناصر الدین النبہانی البیرونی فلسطین کی شمالی جانب قصبہ اجزام واقع حیفا جو کہ شام کا علاقہ ہے ۱۲۶۵ھ/ ۱۸۴۹ء میں عرب کے ایک بادیہ نشین قبیلہ بنی نبہان میں پیدا ہوئے۔ علامہ نبہانی قدس اللہ سرہٗ عاشق صادق اور محبت رسول (ﷺ) میں امتیازی شان والے بہترین شاعر ادیب تھے۔ سب سے پہلے ۱۲۹۱ھ میں محکمہ قضاء سے منسلک ہوئے۔ پھر شرقی عرب اور ترکیہ کا سفر کیا، آستانہ، موصل، حلب، دیار بکر، شہرزور، بغداد بیت المقدس اور حجاز کی سیاحت کی۔ ۱۳۰۵ھ میں بیروت کے محکمہ الحقوق العلیا کے رئیس مقرر کئے گئے۔ ۱۳۱۰ھ میں سعادت حج سے بہرہ ور ہوئے پھر حجاز (مدینہ منورہ) میں اقامت اختیار فرمالی۔

حضرت علامہ نبہانی رضی اللہ عنہ کی مؤلفات میں سے جو کتاب سب سے پہلے ظاہر ہوئی وہ ''الشرف المؤید لآل سیدنا محمد'' ہے پھر ہمزیہ جس کی وجہ سے آپ کو بہت شہرت حاصل ہوئی، اہل علم میں اس کی بلاغت وتنسیق اور لب و لہجہ کا بہت چرچا ہوا، پھر آپ کی نظم نثر میں جو تصانیف السید الاعظم ﷺ کی شانِ مبارک میں ہیں، طبع ونشر ہوکر مقبولیت عامہ حاصل کرگئیں، جس کا بین ثبوت یہ ہے کہ ۱۳۱۸ھ میں ابن عابدین والکزبری نے بیروت سے ایک رسالہ طبع کرایا جس میں آپ کے مختصر حالات زندگی اور شرح و فوائد کے ساتھ آپ کی تالیف کی فصاحت و بلاغت کا اعتراف کیا گیا۔

Marfat.com

آپ کے اساتذہ میں سے چند کے اسماء گرامی جن سے حضرت علامہ نے اخذ علوم فرمائے اور اسناد حاصل کیں۔

۱۔ الشیخ المعمر محمد الدمنہوری
۲۔ الشیخ ابراہیم البرھان السقا المصری
۳۔ الشمّس محمود حمزہ الدمشقی
۴۔ الشیخ محمد بن عبداللہ الخانی الدمشقی
۵۔ الشمّس محمد الانبانی المصری
۶۔ علامہ عبدالہادی الابیاری المصری
۷۔ علامہ شیخ ابراہیم الزرو الخلیلی
۸۔ الشیخ المعمر محمد امین ابیعار الدمشقی
۹۔ علامہ الشیخ ابی الخیر بن عابدین الدمشقی
۱۰۔ عبداللہ ابن ادریس السنوسی

رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

اور جن شیوخِ عظام سے کسبِ فیض کیا اور طرق سلاسل میں مجاز و ماذون ہوئے۔

۱۔ الشیخ اسماعیل النواب نزیل مکہ معظّمہ۔ طریقہ ادریسہ
۲۔ الشیخ عبدالقادر ابی رباح الدجانی الیافی۔ طریقہ رفاعیہ
۳۔ الشیخ حسن رضوان الصعیدی۔ طریقہ خلوتیہ
۴۔ الشیخ الشمّس محمد بن مسعود الفاسی۔ طریقہ شاذلیہ
۵۔ الشیخ علی نورالدین الیشرطی۔ طریقہ شاذلیہ
۶۔ الشیخ غیاث الدین الاربلی۔ طریقہ نقشبندیہ
۷۔ الشیخ امداد اللہ ہندی۔ طریقہ چشتیہ
۸۔ الشیخ حسن بن حلاوہ الغزی۔ طریقہ قادریہ

(رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین)

جب کہ حجۃ اللہ علی العالمین میں حضرت علامہ علیہ الرحمۃ نے الشیخ علامہ محمد سعید الدمشقی سے بھی اجازت کا ذکر فرمایا ہے۔ ان کے علاوہ مندرجہ ذیل علماء و مشائخ سے مجاز و ماذون ہوئے۔

۱۔ العارف احمد بن حسن العطاس

Marfat.com

۲۔الشیخ سلیم المسونی الدمشقی
۳۔الشیخ حسین بن محمد بن حسین الحبشی الباعلوی۔

موخر الذکر شیخین کی صحبت میں میرے (عبدالحیٔ الکتانی) ماموں زاد بھائی ابی عبداللہ صاحب تصنیف ''السلوہ''، مقیم بیروت، وعلامہ نبہانی دونوں اکھٹے رہے۔اس کے بعد میری (عبدالحیٔ) ترغیب پر

۱۔شیخ عبداللہ السکری الحنفی الدمشقی،
۲۔شیخ سید عبدالکبیر الکتانی،
۳۔الشیخ ابی عبداللہ محمد الکتانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم

اور مدینہ منورہ سے دلائل الخیرات کی اجازت شیخ محمد سعید المغربی سے حاصل کی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم سے نوازے اور آپ کے ساتھ احسن معاملہ فرمائے۔ حضرت علامہ نبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی زندگی السیرۃ المحمدیہ اور نبی کریم ﷺ کی جناب میں بلند خدمات انجام دینے کے لئے وقف کر رکھی تھی آپ کی مؤلفات میں سے یہ ہیں:

- وسائل الوصول الی شمائل الرسول
- الانوار المحمدیة مختصر المواهب اللدنیة
- افضل الصلوٰات علی سید السادات
- الاحادیث الاربعین فی وجوب طاعة امیر المومنین
- النظم البدیع فی مولد الشفیع
- الهمزیة الالفیة الطیبة الغراء فی مدح سید الانبیاء
- الاحادیث الاربعین فی فضائل سید المرسلین
- الاحادیث الاربعین فی امثال افصح العالمین
- حجة الله علی العالمین فی معجزات سید المرسلین
- سعادة الدارین فی الصلاة علی سید المرسلین

Marfat.com

١١. رياض الجنة فى اذكار الكتاب والسنة

١٢. نجوم المهتدين فى معجزات سيد المرسلين

١٣. احسن الوسائل نظم اسماء النبى الكامل

١٤. والأسمى فيما لسيدنا محمد من الاسما

١٥. شواهد الحق فى الاستغاثة بسيد الخلق فى مجلد ضخيم

١٦. البرهان المسدد فى نبوة سيدنا محمد

١٧. جواهر البحار فى فضائل النبى المختار

١٨. اتحاف المسلم باحاديث الترغيب من البخارى و مسلم

١٩. ألاربعين أربعين من احاديث سيد المرسلين

٢٠. منتخب الصحيحين

٢١. الفتح الكبير فى ضم الزيادة الى الجامع الصغير،

٢٢. حاشية دلائل الخيرات. ١٨ل

٢٣. جامع كرامات الأولياء مجلدان

٢٤. المجموعة النبهانية فى المدائح النبوية، أربع أجزاء

٢٥. تهذيب النفوس، اختصره من رياض الصالحين للنووى

٢٦. نجوم المهتدين، فى دلائل النبوة

٢٧. السابقات الجياد فى مدح سيد العباد

٢٨. الشرف المؤبد لآل محمد

٢٩. خلاصة الكلام فى ترجيح دين الاسلام

٣٠. هادى المريد الى طرق الاسانيد، ثبتة

٣١. الفضائل المحمديه

٣٢. الأساليب البديعة فى فضل الصحابة واقناع الشيعة

٣٣. منتخب الصحيحين

Marfat.com

۳۴. فضل عثمان

۳۵. فی فضل ابی بکروعمر وغیرهما

۳۶. فضائل عمر

۳۷. فصائل ابی بکر

۳۸. فضائل علی

۳۹. الرائیة الصغریٰ

۴۰. مختصر شرح قصیده همزیه [۱۹]

شیخ ابن تیمیہ وابن قیم جوزی اور شیخ محمد عبدہ و جمال الدین افغانی کا خوب رد کیا۔ جمال الدین افغانی و شیخ محمد عبدہ اور محمد رشید رضا کی ہجو میں ایک لمبا قصیدہ لکھا۔

جب پہلی عالمی جنگ شروع ہوئی تو آپ اپنے قصبہ میں واپس آ گئے اور وہاں ہی ۱۳۵۰ھ/۱۹۳۲ء میں اللہ تعالیٰ کی رحمت میں داخل ہو گئے۔ حضرت علامہ نبہانی رضی اللہ عنہ نے ۱۳۳۵ھ میں قطب مدینہ شیخ ضیاء الدین احمد قادری قدس اللہ سرہٗ کو سند حدیث و جمیع طرق سلاسل کی اجازت و خلافت عنایت فرمائی۔ [۲۰]

حضرت علامہ نے جامع الکرمات اولیاء جلد دوم صفحہ ۹۱ پر اپنا ایک شجرہ عالیہ قادریہ تحریر فرمایا ہے۔

۱۔ یوسف بن اسماعیل نبہانی
۲۔ شیخ عبدالفتاح زعی
۳۔ شیخ محمد بدرالدین (بکار)
۴۔ شیخ سید عبدالغنی
۵۔ شیخ یوسف
۶۔ شیخ علی بکار
۷۔ شیخ احمد
۸۔ شیخ محمد
۹۔ شیخ محمد ابی بکر
۱۰۔ شیخ علی نورالدین

Marfat.com

۱۱۔ شیخ سید محمد
۱۲۔ شیخ سید یعقوب
۱۳۔ شیخ سید محمد
۱۴۔ شیخ سید یعقوب
۱۵۔ شیخ سید محمد
۱۶۔ شیخ سید یعقوب
۱۷۔ شیخ سید ابی بکر عبدالعزیز
۱۸۔ شیخ سید علی کبیر
۱۹۔ شیخ سید محمد زین العابدین
۲۰۔ شیخ سید احمد ابی البقاء
۲۱۔ شیخ سید محمد شرف الدین
۲۲۔ شیخ سید ابی الفتح موسیٰ شرف الدین
۲۳۔ شیخ سید محمد شمس الدین
۲۴۔ شیخ سید علی نور الدین
۲۵۔ شیخ سید بدر الدین
۲۶۔ شیخ سید محمد شمس الدین
۲۷۔ شیخ سید محمد حسام الدین شرشیق
۲۸۔ شیخ سید محمد ابی بکر
۲۹۔ شیخ سید عبدالعزیز
۳۰۔ غوث الثقلین سیدنا عبدالقادر محی الدین الجیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہم

شجرہ عالیہ شاذلیہ

شواھد الحق صفحہ ۲۸۸ پر اس طرح رقم طراز ہیں۔

۱۔ شیخ یوسف بن اسماعیل نبہانی
۲۔ سید علی نور الدین بنی یشرط حسنی حسینی
۳۔ ابوعبداللہ محمد بن حمزہ ظافر مدنی
۴۔ شریف حسنی ابی احمد عربی درقاوی
۵۔ شریف حسنی مولائی علی عمرانی الجمل
۶۔ شیخ سیدی عربی بن احمد بن عبداللہ
۷۔ سیدی قاسم خصاص
۸۔ سید محمد بن عبداللہ الکبیر
۹۔ سیدی عبدالرحمٰن الفاسی
۱۰۔ سید یوسف فاسی
۱۱۔ سیدی عبدالرحمٰن مجذوب
۱۲۔ سیدی علی صنہاجی المشہور بالاوفاء
۱۳۔ سیدی ابراھیم الفام
۱۴۔ سیدی احمد زروق
۱۵۔ سیدی احمد بن عقبہ حضرمی

Marfat.com

۱۶۔ سیدی یحی القادری

۱۷۔ سیدی علی بن وفا

۱۸۔ سیدی محمد بحر الصفا

۱۹۔ سیدی داؤد باخلی

۲۰۔ سیدی احمد بن عطاء اللہ

۲۱۔ سیدی ابی العباس مرسی

۲۲۔ سیدی علی ابن الحسن شاذلی

۲۳۔ سیدی عبدالسلام بن مشیش

۲۴۔ سیدی عبدالرحمٰن موسیٰ

۲۵۔ سیدی القطب تقی الدین

۲۶۔ سیدی القطب فخر الدین

۲۷۔ سیدی القطب نورالدین ابی الحسن

۲۸۔ سیدی القطب تاج الدین

۲۹۔ سیدی القطب شمس الدین

۳۰۔ سیدی القطب زین الدین قزوینی

۳۱۔ سیدی القطب ابی اسحاق ابراھیم بصری

۳۲۔ سیدی القطب ابی العاصم احمد

۳۳۔ سیدی قطب سعد

۳۴۔ سیدی قطب محمد فتح السعود

۳۵۔ سیدی قطب سعید القرنافی

۳۶۔ سیدی قطب ابی احمد جابر

۳۷۔ قطب الاقطاب سیدنا و مولانا امام حسن

۳۸۔ سیدنا امیر المومنین سید علی المرتضی کرم اللہ وجہ الکریم رضی اللہ تعالیٰ عنھم اجمعین

۳۹۔ سیدنا ومولانا محمد سید الاولین والاخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ واصحابہ اجمعین

Marfat.com

سند بخاری

يروى الشيخ المعمر ضياء الدين احمد القادرى عن يوسف بن اسماعيل النبهانى يروي عن أبي الخير محمد بن أحمد بن عبد الغني عابدين عن أبيه أحمد عابدين عن محمد أمين بن عمر عابدين عن محمد شاكر العقاد عن محمد بن عبدالله المغربي عن محمد بن سالم الحفني عن محمد بن محمد البديري عن محمد بن قاسم البقري عن محمد البابلي عن محمد حجازي الواعظ عن محمد بن أحمد الغيطي عن محمد الدلجي عن محمد بن عبدالرحمن السخاوي عن محمد ابن فهد عن محمد بن ظهيرة عن محمد بن عبد الرحمن المكي عن محمد بن محمد بن علي الطبري عن أبيه محمد الطبري عن محمد بن علوي الحسيني عن محمد بن الفضل الفراوي عن محمد الخبازي عن محمد الحفصي عن محمد الكشميهني عن محمد الفربري عن محمد بن اسماعيل البخاري.

رضى الله تعالىٰ عليهم اجمعين

Marfat.com

يوسف النبهاني

يـروي عـن الـعـلامة ابـرهيـم السقا عن ثعيلب الفشني عن احمد الـملوى وعن أحمد الجوهري عن عبدالله بن سالم البصري كما في ثبته.

ويـروي ابـراهيم السقا عن الأمير الصغير عن والده الأمير الكبير بأسانيده الموجودة في ثبته المشهور.

ويـروي الـنبهـانـي عن عبدالكبير الكتاني عن عبد الغني الدهلوى عـن مـحـمـد عابد السندي بسنده. ويروي الطريقة الشاذلية عن علي نور الدين اليشر طي. رضى الله تعالىٰ عنهم اجمعين.

Marfat.com

يوسف بن اسماعيل



Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت شیخ سیدی احمد السباعی قدس اللہ سرہٗ

حضرت سیدی احمد السباعی قدس سرہٗ کبار علماء مکہ معظّمہ میں سے تھے۔ آپ مؤلف تاریخ مکہ شیخ احمد کے دادا ہیں۔ آپ حضرت علامہ مفتی عبدالرحمٰن سراج مفتیٔ حنفیہ مکہ مکرمہ کے ساتھیوں میں سے تھے۔ ۱۲۹۵ھ میں جب مجدد اعظم اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں قادری بریلوی رضی اللہ عنہ مکہ معظّمہ حاضر ہوئے تو حضرت سیدی احمد السباعی رحمۃ اللہ علیہ آپ سے ملاقات کے لئے آپ کی قیام گاہ پر متعدد مرتبہ تشریف لائے۔ حضرت سیدی و مرشدی ضیاء الدین احمد قادری قدس سرہٗ کو آپ سے سلسلہ عالیہ قادریہ کی اجازت و خلافت اور سند حدیث حاصل تھی۔

شجرہ طریقت

غوث الاعظم شیخ الطریقہ و معدن الشریعۃ و الحقیقہ سیدنا السید الشیخ عبدالقادر الجیلانی - قطب الآفاق سیدنا السید عبدالرزاق - السید الشریف عبدالعزیز نزیل الحبشہ - شیخ ابراھیم رشیدی - سیدی احمد السباعی - قطب مدینہ ضیاء الدین احمد قادری رضی اللہ تعالیٰ عنھم

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ ابوالخیر محمد بن احمد خطیب قدس اللہ سرہٗ

حضرت علامہ ابوالخیر محمد بن احمد بن عبدالغنی بابن عابدین دمشقی ۱۲۶۹ھ میں پیدا ہوئے۔ مفتی شام، مشائخ کبار میں سے تھے۔ حضرت قطب مدینہ سیدی ضیاء الدین احمد قادری قدس اللہ سرہٗ فرماتے ہیں کہ آپ عصر سے مغرب تک حضرت محی الدین ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب فتوحات مکیہ کا درس دیتے تھے۔ حلقہ درس بڑا وسیع تھا بڑے بڑے علماء ومشائخ حاضر ہوتے۔ قطب مدینہ رحمۃ اللہ علیہ آپ کے خرمنِ فیض سے مستفیض ہوئے اور اجازت و خلافت کا شرف پایا۔

حضرت شیخ ابوالخیر قدس اللہ سرہٗ نے اپنے والد حضرت علامہ ابن عبدالغنی عابدین اور اپنے چچا فقیہہ شام حضرت علامہ الشمس ابن عابدین و چچا زاد بھائی علاء الدین بن محمد امین اور علامہ محمد بن حسن البیطار اور مفتی شام محمود بن حمزہ سے تعلیم مکمل کی اور سند حدیث و خلافت حاصل ہوئی۔ ان کے علاوہ مندرجہ ذیل مشائخ سے سندیں ملیں۔

☆ حضرت علامہ محمد طاہر بن عمر الآمدی
☆ شیخ احمد مسلم بن عبدالرحمٰن الکنزبری
☆ شیخ عمر العطار
☆ علامہ محمد الطنطاوی
☆ علامہ حسین بن عمر الغزی
☆ عبداللہ الصوفی الطرابلسی
☆ علامہ سلیم العطار
☆ شیخ بکری العطار
☆ شیخ محمد طیرلی
☆ شیخ ابی المحاسن القاوقجی

Marfat.com

☆ شیخ یوسف بن بدرالدین المغربی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

حضرت ابوالخیر نے ۱۳۴۳ھ میں بیروت میں رحلت فرمائی اور دمشق میں دفن ہوئے۔ [۲۱]

آپ کی تالیفات میں سے درج ذیل ہیں۔

۱۔ التقریر فی التکریر

۲۔ حکمۃ تکریر القصص فی القرآن الکریم

۳۔ تحریر الاقول فی اخذ الحقوق من سائر الأعمال

شجرہ طیبہ

۱۔ امام الاولین والآخرین رحمۃ للعالمین سید المرسلین خاتم النبین سیدنا ومولانا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ وصال ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ

۲۔ امام الاصفیاء امیر المومنین علی المرتضیٰ حیدر کرار الشہید ۴۰ھ

۳۔ امام الاتقیاء سیدنا حسین الشہید ۶۱ھ

۴۔ امام سید علی زین العابدین المتوفی ۹۴ھ

۵۔ امام سید محمد الباقر المتوفی ۱۱۴ھ

۶۔ امام سید جعفر الصادق المتوفی ۱۴۸ھ

۷۔ امام سید اسماعیل ۸۔ امام سید محمد

۹۔ امام سید اسماعیل ۱۰۔ امام سید احمد

۱۱۔ امام سید حسین ۱۲۔ امام سید اسماعیل

۱۳۔ امام سید حسن ۱۴۔ امام سید قاسم

Marfat.com

۱۵۔ سید عزالدین

۱۶۔ سید عبداللہ

۱۷۔ سید احمد

۱۸۔ سید محمود

۱۹۔ سید احمد

۲۰۔ سید علی

۲۱۔ سید احمد

۲۲۔ سید رحمت اللہ

۲۳۔ سید حسین

۲۴۔ سید مصطفیٰ شہابی

۲۵۔ سید تقی الدین

۲۶۔ سید محمد کمال

۲۷۔ سید نجم الدین

۲۸۔ سید محمد صلاح الدین عابدین

۲۹۔ سید نجم الدین عابدین

۳۰۔ سید عبدالرحیم عابدین

۳۱۔ سید احمد عابدین

۳۲۔ سید عبدالعزیز عابدین

۳۳۔ سید عمر عابدین

۳۴۔ سید احمد بن عبدالغنی عابدین

۳۵۔ ابوالخیر سید محمد بن احمد عابدین

۳۶۔ امام قطب سیدی ضیاء الدین احمد القادری

رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت شیخ سید محمد القادری الحریری رضی اللہ عنہ

حضرت علامہ سید محمد بن علی الحریری المدنی المالکی ۱۲۰۲ھ میں پیدا ہوئے، مدینہ منورہ کے اکابر مشائخ میں سے تھے۔ حضرت سیدی قطب مدینہ مفتی ضیاء الدین احمد قادری قدس اللہ سرہٗ نے آپ سے ایک عرصہ علمی و روحانی استفادہ فرمایا۔ سلسلہ عالیہ قادریہ میں مجاز و ماذون ہوئے اور دلائل الخیرات، دعائے حزب البحر و حزب الاعظم اور قصیدہ بردہ شریف و قصیدہ حمزیہ کی خصوصی اجازت عنایت فرما کر سجادہ آپ کے سپرد فرمادیا۔
۱۳۳۷ھ، میں وصال فرمایا، بقیع شریف میں دفن ہوئے۔

سلسلہ معمریہ قادریہ ھرویہ ۔

۱- سیدنا سلطان الاولیا سید عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہٗ
۲- شمش الدین محمد الطّویل الھروي عمر ۱۳۹ برس
۳۔ شہاب الدین احمد بن علی الموصلی عمر ۱۶۹ برس
۴۔ محمد الطاھر بن عبداللہ بن حمدان الاصبھانی عمر ۵۰۴ برس
مولود ۷۳۱ھ ومتوفی ۱۲۳۵ھ (فہرس الفہارس)
۵۔ حضرت شیخ سید محمد القادری الحریری عمر ۱۳۵ برس
۶۔ سیدی ضیاء الدین احمد قادری عمر ۱۰۷ برس
رضی اللہ تعالیٰ عنھم

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت مولانا شاہ علی حسین اشرفی کچھوچھوی قدس اللہ سرہٗ

علی حسین نام نامی پیر شاہ اور اعلیٰ حضرت خاندانی خطاب، اشرفی تخلص، ۲۲ / ربیع الثانی ۱۲۶۶ھ بروز دوشنبہ بوقت صبح صادق ولادت ہوئی، حضرت مولانا گل محمد خلیل آبادی علیہ الرحمۃ نے بسم اللہ خوانی کی رسم ادا کرائی، مولوی امانت علی کچھوچھوی، اور مولانا سلامت علی گورکھپوری اور مولانا قلندر بخش کچھوچھوی علیہم الرحمۃ سے فارسی عربی کی تحصیل کی، ۱۲۸۲ھ میں اپنے برادر اکبر قطب المشائخ حضرت شاہ اشرف حسین قدس اللہ سرہٗ سے مرید ہوکر تکمیل سلوک فرما کر اجازت و خلافت حاصل فرمائی، ۱۲۹۳ھ میں پہلا حج کیا، دربار نبوی (ﷺ) سے خاص نعمتیں مرحمت ہوئیں، ۱۲۹۷ھ میں مسند سجادہ نشینی پر فائز ہوکر مصروف ہدایت و ارشاد ہوئے ۱۳۲۳ھ میں دوبارہ حج وزیارت کا سفر کیا، تیسری بار ۱۳۲۹ھ میں مناسک حج کی ادائیگی اور دیدار روضہ نبوی (ﷺ) کے بعد بیت المقدس شریف، شام ومصر، حما شریف، حمص شریف، کربلائے معلّٰی بغداد مقدس کی زیارت سے شرف یاب ہوئے، چوتھا اور آخری سفر حج وزیارت ۱۳۵۴ھ میں کیا مذکورہ بالا دیار میں صدہا علماء مشائخ داخل سلسلہ ہوئے، اور اجازت وخلافت سے سرفراز کئے گئے، حضرت میاں راج صاحب ۲۲ سوندھ شریف ضلع گڑگانواں نے سلسلہ قادریہ زاہدیہ کی اجازت کے ساتھ سلطان الاذکار و دیگر اشغال مخصوصہ کی اجازت دی اور ایک دونی عطا فرمائی، مولانا سید شاہ محمد امیر کابلی نے سلسلہ قادریہ منوریہ کی اجازت سے نوازا، حضرت شاہ آل رسول

Marfat.com

مارہری [۲۳]، حضرت شاہ حافظ حسین خاں شاہ جہانپوری [۲۴]، حضرت شاہ خلیل احمد [۲۵] مخاطب بہ عین اللہ صفی پوری نے اپنے سلاسل کی اجازتیں عطا فرمائیں، اعلیٰ حضرت سرکار کچھوچھہ علاوہ باطنی اعلیٰ اوصاف وخصوصیات کے ساتھ ظاہری شکل وصورت میں حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے ہم شکل وصورت تھے، ارباب مشاہدہ نے اس کی تصدیق کی ہے، ولی عہد سجادہ سرکار کلاں حضرت مولانا سید شاہ اظہار اشرف مدظلہٗ کی روایت ہے کہ ایک بار اعلیٰ حضرت قدس اللہ سرہٗ حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی رضی اللہ عنہ کے مزار پاک کے اندر سے فاتحہ پڑھ کر نکل رہے تھے اور فاضل بریلوی امام اہل سنت مولانا شاہ احمد رضا قدس اللہ سرہٗ بغرض فاتحہ جارہے تھے کہ فاضل بریلوی کی نظر اعلیٰ حضرت پر پڑی، دیکھا تو بالکل ہم شکل محبوب الٰہی تھے، اسی وقت برجستہ یہ شعر کہا ؎

اشرفی اے رخت آئینہ حسن خوباں　　اے نظر کردہ پروردہ سہ محبوباں

ہزارہا افراد تو صرف آپ کے حسن خداداد کی زیارت سے حلقہ بگوش اسلام ہوئے، آپ کی تقریر نہایت مؤثر ہوتی تھی، مواعظ میں جس انداز میں آپ مثنوی پڑھتے وہ بے نظیر تھا، ..... حضرت مخدوم سلطان سید اشرف سمنانی کچھوچھوی کے بعد سلسلہ عالیہ اشرفیہ میں آپ جیسے مرجع الخلائق کوئی دوسرے بزرگ نہیں گذرے، آپ ہی کی ذات مبارکہ سے شرق سے غرب اور شمال سے جنوب تک صدیوں بعد سلسلہ اشرفیہ بلاد اسلامیہ میں پھیلا۔

آپ کا دربار میکدۂ عرفان وآگہی تھا، جہاں بادہ گسارانِ طریقت کا ہر وقت میلہ لگا رہتا تھا، آپ متقدمین صوفیہ کی روش پر فکر سخن بھی فرماتے تھے، آپ کے محبوب مرید اور مشہور مبلغ اسلام میر غلام بھیک نیرنگ وکیل انبالہ نے دیوان عرفان ترجمان کا مجموعہ بنام ''تحائفِ اشرفی'' ۱۳۳۳ھ میں مرتب کرکے شائع کیا، دوبارہ ازہر بکڈپو کراچی نے شائع کیا ہے۔

گیارہویں رجب ۱۳۵۵ھ کو طویل عمر میں حضرت کا وصال ہوا، مرقد درگاہ

Marfat.com

مخدوم سید اشرف میں زیارت گاہ ہے۔ [۲۶]

آپ سے بکثرت کرامات کا ظہور ہوا، جن میں سے چند ایک کا ذکر کرتا ہوں جو یقیناً یاران طریقت کے لئے باعث فرحت و انبساط ہو گا۔

اشرف المشائخ حضرت علامہ غلام قادر اشرفی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۱۳۹۹ھ مدفون جی۔ٹی۔روڈ لالہ موسیٰ جو آپ کے مرید با صفا ہونے کے شرف سے مشرف اور خلفاء کی صف میں ممتاز درجے پر فائز تھے۔آپ نے بیان فرمایا کہ:

فرید کوٹ (بھارت) میں ایک ہندو ریلوے آفیسر تھا اس کی ایک ہندو عورت داشتہ تھی، وہ تین سال سے اس عورت کے ساتھ ناراض تھا۔ایک دن وہ عورت ہمارے گھر آئی اور کہا آپ مجھے اپنے پیر صاحب کے پاس لے چلوان سے دعا کرانا چاہتی ہوں تا کہ میرا اس آفیسر سے دوبارہ رابطہ قائم ہو جائے۔میں نے سوچا کہ حرام کام کے لئے دعا کرنا بھی حرام ہے حضرت قبلہ قدس اللہ سرہ العزیز سے یہ کس طرح ممکن ہے کہ اس کے لئے دعا فرمائیں گے، اس لئے میں نے اس عورت کو کہا کہ حضرت پیر صاحب قبلہ تو اکثر دورے پر ہوتے ہیں۔ کچھ خبر نہیں کہ وہ اس وقت کہاں تشریف رکھتے ہیں اس لئے آپ کے دولت کدہ پر حاضری تمہارے لئے کچھ مفید نہیں، جب کبھی حضرت قبلہ ہمارے ہاں تشریف لائیں گے تو اس وقت بات کر لینا۔وہ بار بار کہتی جب پیر صاحب آئیں تو مجھے ضرور اطلاع کرنا۔میں نے کہا کہ میں کس طرح تمہارے ساتھ وعدہ کر لوں کیا خبر پیر صاحب کب تشریف لائیں؟ اور جب وہ آئیں مجھے یاد رہے، نہ یاد رہے۔الغرض بڑی مشکل سے اسے روانہ کیا۔

ابھی چند دن ہی گزرے کہ حضرت قبلہ اشرفی میاں ﷺ تشریف لے آئے۔نہ جانیں اس عورت کو کیسے خبر ہوئی وہ بھی آ گئی، میں نے اس سے کہا اس وقت پیر صاحب آرام فرما رہے ہیں تم چلی جاؤ پھر کسی وقت آنا مگر وہ بضد بیٹھی رہی اور بار بار مجھے حضرت قبلہ سے ملاقات کرنے کو کہتی رہی۔ میں بہت پریشان اس کو بھگانے کی کوشش میں تھا، حضرت قبلہ رحمۃ اللہ علیہ نے فقیر کو طلب فرمایا اور فرمایا مولانا وہ عورت کیا چاہتی ہے؟ میں

Marfat.com

نے عرض کیا غریب نواز وہ ہندو عورت ہے، فرمایا مولانا میں نے پوچھا ہے کہ وہ کیا چاہتی ہے؟ عرض کیا آپ کی زیارت کرنا چاہتی ہے۔ فرمایا بلاؤ، وہ سن رہی تھی فوراً کمرے میں داخل ہوتے ہوئے آداب بجالائی بیٹھنے کی اجازت طلب کی، بیٹھ گئی اور رونا شروع کر دیا۔ میں بہت گھبرایا ہوا تھا کہ حضرت قبلہ تو میرے ساتھ ناراض ہوں گے۔ آپ نے اس عورت کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کیا چاہتی ہو؟ اس نے اپنا تمام ماجرا بیان کیا آپ نے ہاتھوں کو بلند فرماتے ہوئے دعا فرمائی اور اسے کہا جاؤ بیٹی خیر ہوگی وہ عورت چلی گئی آپ نے فرمایا مولانا ہم جاتے ہیں، عرض کیا غریب نواز ابھی تو سفر کی تھکن بھی دور نہیں ہوئی کم از کم آج کا دن تو قیام فرمائیں۔ قبول نہ فرمایا اور فوراً تشریف لے گئے۔ آپ کے تشریف لے جانے کے تقریباً چھ گھنٹے بعد وہ عورت اور اس کا مطلوب آئے اور حضرت قبلہ کا دریافت کیا۔ جب انہیں معلوم ہوا کہ آپ تشریف لے جا چکے ہیں تو انہوں نے کہا کہ ہم حضرت پیر صاحب کے پاس ابھی جانا چاہتے ہیں آپ ہمارے ساتھ چلو، سبب دریافت کرنے پر اس ہندو ریلوے آفیسر نے بتایا کہ۔

اس عورت سے میرا پرانا تعلق تھا عرصہ تین سال سے میں اس سے متنفر ہو گیا تھا۔ میں کسی بھی قیمت پر اس کی شکل دیکھنا گوارا نہیں کرتا تھا مگر تھوڑی دیر پہلے میرے دل میں خیال پیدا ہوا کہ اس سے ملاقات کرنی چاہئیے، میں تو اس کی شکل دیکھنا پسند نہ کرتا تھا اس لئے اس خیال سے چھٹکارا حاصل کرنے کی کوشش کرتا رہا۔ خواہش بڑھتی گئی اور میں اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکا ناچار و بے بس ہو کر مجبوراً اس کے پاس آ کر اپنی حالت بیان کی، پوچھا ایسا کیوں ہوا ہے؟ تو اس نے پیر صاحب کے متعلق بتایا کہ ان سے عرض کی اور آپ نے دعا فرمائی۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ آپ میرے سامنے ہو۔ اب میں حضرت پیر صاحب سے ملنے کے لئے بے چین ہوں آپ دیر نہ کریں ابھی ہمارے ساتھ چلیں۔

ریلوے آفیسر تھاریل کا ایک ڈبہ بک کروالیا اس کی بیوی دو بیٹیاں اور یہ خاتون ساتھ تھیں۔ حضرت قبلہ رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور اس عورت نے سارا قصہ حضرت صاحب کو سنایا۔ ناشتہ کیا آپ ان سے گفتگو فرماتے رہے۔ اس آفیسر نے کہا

Marfat.com

حضرت پیر صاحب ہمیں مرید کرلو۔ آپ نے فرمایا ہم کسی غیر مسلم کو مرید نہیں کرتے۔ دوپہر کے کھانے کے بعد پھر اس نے مرید ہونے کی التجاء کی آپ نے پھر فرمایا کہ ہم کسی غیر مسلم کو مرید نہیں کرتے اس نے کہا کہ کیا آپ کا مرید ہونے کے لئے مسلمان ہونا ضروری شرط ہے؟ فرمایا بہت بہت ضروری ہے۔ آگے بڑھتے ہوئے اس نے کہا تو پھر ہمیں مسلمان کرلو وہ پانچوں ہی مسلمان ہوکر داخل سلسلہ ہوئے۔ اس عورت کا اسی وقت اس سے نکاح کر دیا اس عورت کو ہزار روپے عنایت فرماتے ہوئے فرمایا تم ہماری بیٹی ہو، اپنی ضرورت کا سامان خرید لینا اور دوسروں کو پانچ پانچ سو روپے عنایت فرمائے۔ اجازت چاہی، ریلوے اسٹیشن پہنچے کچھ دیر کے بعد ایک آدمی موٹر کار پر ہمارے لئے کھانا لے کر پہنچا۔ معلوم ہوا کہ حضرت صاحب قبلہ رحمۃ اللہ علیہ نے ہمارے لئے کھانا تیار کروایا تھا کہ ہم ساتھ لے جائیں گے۔ مگر یہ خدمت جس کے ذمہ تھی وہ بھول گیا۔ جب حضرت قبلہ کو معلوم ہوا تو حکم دیا کہ وہ ابھی ریلوے اسٹیشن پر ہی ہوں گے جلدی ان کو پہنچا آؤ۔

شخص مذکور بے حد متاثر ہوا، کہا واپس چلتے ہیں ایک بار پھر پیر صاحب کی زیارت کرلیں۔ اسی موٹر کار پر واپس ہوئے رات آپ کے ہاں قیام رہا اور دوسرے دن واپس ہوئے۔

فرمایا:

حضرت قبلہ غریب نواز شاہ علی حسین اشرفی کچھوچھوی قدس اللہ سرہ العزیز لاہور تشریف لائے، حزب الاحناف میں قیام فرما تھے۔ ایک دن فرمایا آج نماز جمعہ شاہی مسجد میں پڑھوں گا۔ حضرت قبلہ سید ابوالبرکات صاحب رحمۃ اللہ علیہ و دیگر خدام نے عرض کیا حضور وہاں مولوی غلام مرشد صاحب خطیب ہیں، جن کا عقیدہ درست نہیں رہا اور آپ تو اس کے پیچھے نماز نہیں پڑھیں گے، اس لئے آپ وہاں تشریف نہ لے جائیں۔ مگر آپ رضامند نہ ہوئے، اس لئے ہمیں بھی مجبوراً جانا پڑا۔ آپ نوافل میں مشغول تھے، مولوی غلام مرشد صاحب آئے اور آپ کے قریب کھڑے ہوگئے، جب آپ رحمۃ اللہ علیہ نوافل سے فارغ ہوئے تو دست بوسی کی اور عرض کیا حضرت منبر پر تشریف لے جائیں اور ارشاد

Marfat.com

فرمائیں۔ حضرت قبلہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہمارا بھی یہی منشا ہے۔ عقائد باطلہ کی تردید میں واعظ فرمایا۔ پھر مولوی صاحب نے کہا حضرت جماعت کرائیں، آپ نے فرمایا ہم بھی یہ ہی چاہتے ہیں۔ بعد نماز کھڑے ہو کر صلاۃ وسلام عرض کیا، مولوی غلام مرشد صاحب نے دست بوسی کرتے ہوئے بیس روپے حضرت اشرف زماں رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں دیئے۔ آپ نے فرمایا یہ کیا ہے؟ مولوی صاحب نے کہا حضرت آپ کی نذر ہے، ان کو واپس کرتے ہوئے فرمایا۔ زکوۃ کی طرح چھپا کر دے رہے ہو۔ مولوی صاحب نے وہ بیس روپے اپنے دونوں ہاتھوں میں لئے اور سر سے بلند کرتے ہوئے آپ کو پیش کئے، آپ نے قبول فرمالئے۔

فرمایا:

قصور کی ایک بہت بڑی زمیندارہ پٹھان برادری سے تھیں ہمارے اور ان کے قدیم سے خاندانی مراسم تھے۔ کئی مشائخ سے بیعت ہونے کے سلسلے میں ملاقاتیں کر چکی تھی، کہیں بھی سلسلہ ارادت قائم نہ کر پائیں۔ اس کا ارادہ تھا کہ میں اس سے نسبت قائم کروں گی جو بہت ہی خوبصورت ہو۔ اشرف زماں حضرت مرشدی شاہ علی حسین اشرفی رضی اللہ عنہ کو اللہ تعالیٰ نے حسن سیرت کے ساتھ حسن صورت میں بھی بلند مرتبہ پر فائز فرمایا ہوا تھا۔ آپ لاہور میں تشریف فرما تھے۔ فقیر بھی آپ کے ہمراہ تھا۔ ایک دن عرض کیا غریب نواز قصور تشریف لے چلیں تو آپ رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا۔ مولانا قصور جانے کا کیا مقصد ٹھہرا؟ ابھی میں خاموش تھا فرمایا بولو، ہاں تو میں کیوں قصور جاؤں؟ تو میں نے اس خاتون کا ذکر کیا۔ فرمایا، وہ اگر مرید نہیں ہوتی تو نہ ہو، ہمیں کیا، ہمیں اس سے کیا غرض؟ فقیر نے عرض کیا، آپ کو تو غرض نہیں مگر ہمیں غرض ہے۔ وہ ایک دیندار گھرانے سے تعلق رکھتی ہیں، دین کی خدمت کرتی ہیں، ان سے ہمارے خاندان کے قدیم سے مراسم چلے آرہے ہیں۔ تمنا کرتا ہوں کہ ایک ہی سلسلہ طریقت میں بھی منسلک ہو جائیں۔ فرمایا اچھا مولانا تمہاری خوشی۔

دوسرے دن قصور جانے کی تیاری ہوئی، قصور پہنچتے ہی میں نے اس دینی بہن کو

Marfat.com

اطلاع کرائی کہ میرے مرشد تشریف فرما ہیں، زیارت کی تمنا ہوتو حضرت کی قیام گاہ پر آجاؤ۔ اطلاع ملتے ہی اپنے خاوند اور دونوں بیٹوں کے ہمراہ حضرت اشرفی میاں قبلہ رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہوئی۔ دیکھتے ہی بیعت کے لئے عرض کیا، آپ نے اپنا پٹکا اس خاتون کی طرف بڑھایا بمع دونوں بیٹوں اور خاوند کے داخل سلسلہ ہوئیں۔ حضرت کو پانچ سو روپیہ نذر پیش کی، آپ نے فرمایا تم ہماری بیٹی ہو ہم بیٹیوں سے لیا نہیں کرتے ہیں، خازن سے فرمایا بیعت المال میں کچھ ہے اس نے عرض کیا حضور بہت کچھ ہے اس سے ایک ہزار روپے لے کر اس خاتون کو عنایت فرمائے۔

فرمایا:

قصور ہی میں تشریف فرما تھے، ایک عورت حاضر خدمت ہوئی اور عرض کیا حضرت میرا خاوند فوت ہو گیا ہے، میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں، دعا فرمائیں میرا کوئی بہتر سبب بن جائے۔ آپ نے دعا فرمائی اور وہ اجازت لے کر رخصت ہوئی۔ تھوڑی دیر کے بعد ایک آدمی حاضرِ بارگاہ ہوا اور عرض کیا حضرت، میری بیوی فوت ہو گئی ہے، چھوٹے چھوٹے بچے ہیں ان کی کوئی دیکھ بھال کرنے والا نہیں ہے دعا فرمائیں میرے لئے کوئی بہتر سبب پیدا ہو جائے۔ فرمایا مولانا جاؤ اس بچی کو بلا لاؤ اس کی دعا اللہ تعالیٰ نے قبول فرما لی ہے۔ میں نے عرض کیا غریب نواز وہ تو جا چکی ہے اور یہاں پنجاب میں عورتوں کے ساتھ شادی کی بات کرنے کو برا خیال کیا جاتا ہے۔ مجھے ڈانٹتے ہوئے فرمایا کہ تم کیوں نہیں اس کو بلا کر لے آتے؟ ناچار گلی میں گیا اِدھر اُدھر دیکھا کہیں نظر نہ آئی، حاضر ہوا اور عرض کیا حضرت وہ تو نہیں ملی، سختی سے ڈانٹ پلاتے ہوئے کہا جاؤ میں جو کہتا ہوں وہ یہیں ہے اس کو لے آؤ۔ دوبارہ گلی میں چلا آیا، اچھی طرح دیکھا گلی سے باہر گیا نہ ملنے پر واپس ہوا اور گھر کے دروازے پر آکر کھڑا ہو گیا، عورت نظر نہیں آرہی تھی اور آپ قبلہ بضد ہیں اس کو حاضر کروں میرے لئے امتحان تھا، حیرانگی میں کھڑا تھا کہ تھوڑی ہی دیر بعد وہ عورت سامنے والے گھر سے باہر نکلی۔ میں نے اسے کہا کہ بہن پیر صاحب آپ کو بلا رہے ہیں۔ آپ کے پاس حاضر ہوئے، فرمایا دیکھا مولانا ہماری بیٹی تو یہاں ہی تھی۔ قریب حاضر

Marfat.com

ہوتے ہوئے میں نے دوبارہ عرض کیا غریب نواز یہاں پنجاب میں عورتوں کے ساتھ شادی کی بات کرنا معیوب خیال کیا جاتا ہے اس لئے اس سلسلہ میں آپ بذات خود کچھ نہ فرمائیں کسی دوسرے کے ذمہ لگا دیں۔ فرمایا مولانا تم ہر بات پر اعتراض کرر ہے ہو۔ پہلے اس کو بلانے پر راضی نہ تھے اور اب اس کے نکاح میں رکاوٹ بنتے ہو، میں نے آپ سے معذرت کی آپ خاموش رہے۔ اس خاتون کو فرمایا، بیٹی اللہ تعالیٰ نے تمہاری دعا قبول فرمالی ہے اور اس مرد کو بھیج دیا ہے۔ اب میں تمہارا دونوں کا نکاح کر دیتا ہوں، نکاح ہو گیا۔ بیت المال میں سے ایک ہزار روپے طلب فرمائے اور اس بچی کو دیئے، فرمایا تم میری بیٹی ہو اپنے جہیز کے لئے کچھ سامان خرید لینا مزید پانچ صد روپے طلب فرما کر اس آدمی کو دیتے ہوئے فرمایا، یہ میری بیٹی ہے، اس کو تنگ نہ کرنا، میں غوث پاک کا پوتا ہوں، اگر تم نے اسے تنگ کیا تو قبر تک تمہارا پیچھا نہیں چھوڑوں گا۔ دعا فرماتے ہوئے ان کو رخصت کیا۔

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

سینہ اقدس وقلب مبارک (ﷺ)

رفعِ ذکرِ جلالت پہ ارفع درود
شرحِ صدرِ صدارت پہ لاکھوں سلام

دل سمجھ سے وراء ہے مگر یوں کہوں
غنچۂ رازِ وحدت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قطب مکہ معظّمہ شیخ الدلائل محمد عبدالحق الٰہ آبادی قدس اللہ سرہٗ

محمد عبدالحق بن شاہ محمد بن یار محمد مہاجر مکی ۱۲۵۲ھ/ ۱۸۳۶ء کو الٰہ آباد، ہند میں پیدا ہوئے، آپ مفسر، فقیہ حنفی اور اس کے اصول کے عالم و فلسفی اور تصوف میں سیدنا محی الدین ابن عربی قدس اللہ سرہٗ کے طریقہ پر تھے۔ ہندوستان میں تعلیم پائی، ۱۲۸۳ھ میں حج کیا اور چار (۴) سال مدینہ طیبہ میں اقامت پذیر رہے، پھر مکہ معظّمہ میں سکونت اختیار کی، شیخ الدلائل کی حیثیت سے جانے جاتے تھے۔ ہندوستان کے حجاج آپ سے بیعت کرتے اور دلائل شریف کی اجازت حاصل کرتے۔ [۲۷]

آپ بہت بڑے ولی اللہ، عالم باعمل، متقی شب زندہ دار اور بہت عبادت گزار بزرگ تھے۔ اہل مکہ مکرمہ آپ کو قطب مکہ مکرمہ کہا کرتے تھے۔ [۲۸]

آپ صدیقی النسب تھے۔مولانا تراب علی لکھنوی وغیرہ سے درسیات پڑھی، حضرت مولانا عبداللہ صاحب گھورکھپوری سے بیعت کی، امام اہلسنّت مولانا شاہ احمد رضا خاں قادری قدس اللہ سرہٗ دوسرے سفر حج میں آپ کی قیام گاہ پر بار بار حاضر ہوئے۔ [۲۹]

سیدنا امام احمد رضا قادری قدس اللہ سرہٗ فرماتے ہیں:

''فقیر دعوتوں کے علاوہ صرف چار (۴) جگہ ملنے کو جاتا۔ مولانا شیخ صالح کمال اور شیخ العلماء محمد سعید بابصیل اور مولانا عبدالحق مہاجر الٰہ آبادی اور کتب خانے میں مولانا سید اسمٰعیل کے پاس۔ رحمۃ اللہ علیہم'' [۳۰]

Marfat.com

حضرت مولانا عبدالحق الٰہ آبادی کو چالیس سال سے زائد مکہ معظّمہ میں گزرے تھے، کبھی شریف کے یہاں بھی تشریف نہ لے گئے، قیام گاہ فقیر پر دوبار تشریف لائے۔ مولانا سید اسماعیل وغیرہ ان کے تلامذہ فرماتے تھے، کہ یہ محض خرق عادت ہے۔ مولانا کا دم بسا غنیمت تھا، ہندی تھے مگر ان کے انوار مکہ میں چمک رہے تھے۔ التزاماً ہر سال حج کرتے، مولانا سید اسمٰعیل فرماتے تھے کہ ایک سال زمانۂ حج میں حضرت مولانا عبدالحق صاحب بہت علیل اور صاحب فراش تھے، نویں تاریخ اپنے تلامذہ سے کہا: مجھے حرم شریف میں لے چلو! کئی آدمی اُٹھا کر لائے، کعبہ معظّمہ کے سامنے بٹھایا، زمزم شریف منگا کر پیا اور دعا کی الٰہی حج سے محروم نہ رکھ، اسی وقت مولا تعالیٰ نے قوت عطا فرمائی کہ اٹھ کر اپنے پاؤں سے عرفات شریف گئے اور حج ادا کیا۔ [۳۱]

امام اہل سنت مجدد اعظم احمد رضا خان قادری قدس اللہ سرہ العزیز مکہ مکرمہ کے علماء کا تذکرہ کرتے ہوئے، آپ کے بارے میں یوں ارشاد فرماتے ہیں:

> ''علماء کی خدمت سے شرف لوخصوصا اکابر، جیسے آج کل مولانا مولوی عبدالحق صاحب مہاجر الٰہ آبادی کہ حمیدیہ محل کے قریب تشریف فرما اور مسلمانان ہند کے لئے رحمت مجسم ہیں۔'' [۳۲]

حضرت مولانا غلام مصطفیٰ مدرس، مدرسہ عربیہ اشرف العلوم گھوڑا مارا راج شاہی مشرقی پاکستان ۱۳۷۹ھ/ ۱۹۵۹ء کو جب حج و زیارت سے مشرف ہوکر اپنے وطن پہنچے تو احباب کے اصرار پر انہوں نے سفر نامہ حرمین طیبین مرتب فرمایا۔ مکہ معظّمہ میں جن علماء کی خدمت میں بطور وفد حاضر ہوئے ان میں سے مولانا مفتی سعد اللہ مکی، مولانا سید محمد علوی مالکی قاضی القضاۃ، حضرت علامہ شیخ محمد مغربی الجزائری اور حضرت مولان عبدالرحمٰن درویش

Marfat.com

ہیں۔

مولانا عبدالرحمٰن درویش

مولانا غلام مصطفیٰ اپنے سفرنامہ صفحہ ۴۷ میں رقمطراز ہیں کہ:

مکہ شریف میں، ہماری ملاقات مولانا درویش عبدالرحمٰن صاحب قبلہ بانجو سے ہوئی ان سے مل کر بہت سی باتیں معلوم ہوئیں یہ نہایت ہی بزرگ اور ہردلعزیز درویش ہیں۔ میں دن کے وقت گرمی سے پریشان ہوکر ان کے مکان پر چلا جاتا۔ ان کا مکان حرم شریف سے بالکل متصل اور نہایت ٹھنڈا تھا ان کی عمر شریف تقریباً اسی سال کی ہوچکی ہے لیکن جوانوں سے بھی زیادہ چست ہیں۔ سوائے بالوں کی سفیدی کے ان پر بڑھاپے کا قطعی کوئی اثر نہیں ہے میں نے ان کی صحت کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ یہ بزرگان دین کے کرم کا اثر ہے۔ میں جب چھوٹا تھا تو حضرت علامہ شیخ الدلائل مولانا عبدالحق صاحب الٰہ آبادی مہاجر مکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا جوٹھا کھانا مجھے نصیب ہوا کرتا تھا۔ یہ حضرت موصوف کے جوٹھے کھانے کی برکت ہے کہ میں ابھی تک جوان ہوں، مولانا عبدالرحمٰن درویش یہ وہ بزرگ ہیں کہ اعلیٰ حضرت کے بہت سارے تبرکات ان کے پاس موجود ہیں جن کی میں نے اور مولانا عبدالمصطفیٰ صاحب اعظمی نے زیارت کی مولانا عبدالرحمٰن صاحب کے پاس اعلیٰ حضرت کے عطا کردہ تبرکات میں حسب ذیل چیزیں اب بھی موجود ہیں ایک کالے رنگ کی شیروانی ایک روئی دار بنڈی، بریلی شریف کے بنے ہوئے تانبے کے دو لوٹے ایک مشک، مولانا عبدالرحمٰن صاحب کا بیان ہے کہ میں اس وقت چھوٹا تھا لیکن ذی ہوش تھا مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ علمائے حرم شریف جب اعلیٰ حضرت سے ملتے تو ان کی دست بوسی کرتے اور اتنا احترام فرماتے کہ میں نے اتنا احترام کسی ہندوستانی عالم کا

Marfat.com

نہیں دیکھا۔ [۳۳]

حضرت علامہ سید علی احمد قادری رامپوری مہاجر مدنی وحضرت مولانا کریم اللہ قادری مہاجر مدنی فاضل بریلوی کے نام ایک مشترکہ مکتوب محررہ جمادی الآخریٰ ۱۳۳۰ھ میں لکھتے ہیں:

حضرت مولانا صاحب قبلہ مدظلہ العالیٰ (حضرت علامہ عبدالحق الہ آبادی مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ) نے مکہ معظّمہ سے دو خط بنام سید محمد سعید وسید محمد عباس رضوان صاحبان بھیج دیئے۔ والحمد للہ علی ذلک --- مولانا موصوف نے مکہ معظّمہ سے تحریر فرمایا ہے کہ ہمارے خطوط کی نقل کر کے بریلی کے مولانا کو بھیج دو بعد ازاں سید محمد سعید صاحب وغیرہ کو دے دینا۔ لہٰذا نقل خط نامی سید محمد سعید صاحب کے ملفوظ عریضہ ھذا اور خط نامی سید عباس صاحب کا مضمون واحد ہے نام کا فرق ہے۔ [۳۴]

اس خط کی نقل الدولۃ المکیہ مخطوطہ مخزونہ سیدی ومرشدی قطب مدینہ ﷺ کے شروع میں درج ہے۔

رسالة من العلامة الفاضل شيخ الدلائل محمد
عبدالحق الى جناب الشيخ الاجل محمد سعيد
سلمه الحميد المجيد و مولانا الشيخ عباس
رضوان سلمه الله الحنان المنان دام فضله

ﷺ

حامدا ومصليا و مسلما اما بعد.....فمن محمد عبدالحق عفى
عنه الى جناب الاجل محمد سعيد سلمه الحميد المجيد و مولانا الشيخ
عباس رضوان سلمه الله الحنان المنان السلام عليكم و على من لديكم
ورحمة الله وبركاته قد ارسلت الى جنابكم جواب كتابكم والله اكلفكم
لامر اهم وهو ان مولانا الفاضل المحقق المدقق جامع فنون العلوم

Marfat.com

وشتات الفضائل احمد رضا خان سر الحنان المنان من اجل علماء اهل السنة والجماعة وجل همته الرد على الفرق الضالة سيما الوهابية والنياشرة وغير هما شكر اليه سعيه ونفع المسلمين بطول بقائه وهم فى اشد عداوته والافتراء عليه وينسبون اليه مالا اصل له حتى افشوا انه كتب فى الرسالة الفلانية كذا و كذا والحال انه ماكتب فيها وحتى زادوا من عند انفسهم فى بعض رسالاته كما يظهر هذا الامر من مطالعة رسالاتة وقالوا لا ينبغى لاحد ان يطالع مولفاته لانه يكتب فى بعضها شيئا موافقا لاهل السنه والجماعة وبعضها مخالفا له فلا اعتبار لها اصلا وهكذا افتراء ات اخرى يطول ذكرها هنا وقد افشوا انه الف الدولة المكية فى مكة المعظمة زادها الله تعالىٰ تعظيما وتشريفا وكتب فيها كذا و كذا مخالفاً لعقيده اهل السنة والجماعة والحال ان الدولة المكية لما كتبها الشيخ منها نسخ عديدٰة كما هى موجودة هنا عند العلماء المعتبرين وما هو الا زور وكذب واختلاق عليه كما يظهر هذا من التقريظات التى قرظت فى رسالته المسماة الدولة المكية بعد افشائهم لمذكور وسيصل الى جنابكم بواسطة المولوى مجى محمد كريم الله سلمه اللهسلمه الله تعالىٰ الرسالة بالدولة المكية فالمرجو من جنابكم ان تكتبوا عليها شيئا دفعا للافتراء عليه وقد ورد فى الحديث الشريف على قائله الف الف صلوة وسلام والله فى عون العبد ماكان العبد فى عون اخيه وقال الله تعالىٰ (لينصر الله من ينصره) وبلغو السلام الى حضرة النبى ﷺ وعلى الهٰ وصحبه على جميع الانبياء والمرسلين وسلم تسليما كثيرا والسلام مع التعظيم حرر ۲ شہ ۱۳۲۸ھ هجرى عليه افضل الصلاة والتسليم.

كتبه محمد عبدالحق

آپ کو دلائل الخیرات کی سند شیخ الدلائل علی الحریری المدنی بن

Marfat.com

یوسف باشلی رحمۃ اللہ تعالیٰ عنہما سے حاصل تھی۔ حزب البحر کی اجازت علامہ شاہ عبدالغنی دہلوی مہاجر مدنی و مولانا محمد قطب الدین مہاجر مکی قدس سرہما اور حزب الاعظم کی اجازت علامہ عبدالغنی مہاجر مدنی و قصیدہ بردہ شریف کی اجازت شیخ علی الحریری اور مولانا ابی البرکات تراب علی لکھنوی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے حاصل تھی۔ [۳۵]

حضرت قدوۃ السالکین سیدی قطب مدینہ علامہ ضیاء الدین احمد قادری قدس اللہ سرہ العزیز کو آپ سے دلائل الخیرات و دیگر تمام اوراد و ظائف کی اجازت حاصل تھی۔

آپ کا وصال ۱۸ / شعبان ۱۳۳۳ھ / ۱۹۱۵ء کو مکہ معظّمہ میں ہوا اور جنۃ المعلّٰی میں مدفون ہوئے۔ [۳۶]

آپ کی تصانیف میں سے:

۱. الاکلیل علی مدارک التنزیل، شرح تفسیر نسفی، تین جلدوں میں سات اجزأ ھیں.
۲. سراج السالکین فی شرح منھاج العابدین.
۳. حاشیہ علی شرح السلم منطق [۳۷]
۴. مجموعہ ارشاد الحق
۵. تعلیم حقانی
۶. مجموعہ رسائل اربع
۷. انیس المسافرین مع رسالہ حج بدل
۸. منبع المحسنات فی مولود افضل الکائنات [۳۸]
۹. الدر المنظم فی حکم مولودالنبی الاعظم (ﷺ)
۱۰. الکنز الاکبر شرح فقہ الاصغر
۱۱. التعلیقات علی الدر المختار [۳۹]

Marfat.com

شجرہ طریقت الشاذلی والجزولی

۱۔ حضرت امام الاولین والآخرین سید المرسلین خاتم النبین رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین الروف الرحیم سیدنا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ وصال ۱۲/ ربیع اول ۱۱ھ

۲۔ حضرت امام الاصفیا امیر المومنین علی المرتضی حیدر کرار اسد اللہ الغالب زوج البتول الشہید ۴۰ھ

۳۔ امیر المومنین سیدنا الحسن المجتبیٰ السبط رسول ابن البتول شہید ۵۰ھ

۴۔ الشریف امام محمد حسن المثنی متوفی ۹۷ھ

۵۔ الشریف امام عبداللہ المحض متوفی ۱۴۱ھ

۶۔ الشریف امام محمد المہدی زکی الدین نفس الزکیہ شہید ۱۴۵ھ

۷۔ الشریف امام عیسیٰ

۸۔ الشریف امام محمد

۹۔ الشریف امام احمد

۱۰۔ الشریف امام ورد

۱۱۔ الشریف امام یوشع

۱۲۔ الشریف امام یوسف

۱۳۔ الشریف امام قصی

۱۴۔ الشریف امام حاتم

۱۵۔ الشریف امام ھرمز

۱۶۔ الشریف امام تمیم

۱۷۔ الشریف امام عبدالجبار

۱۸۔ الشریف امام عبداللہ

۱۹۔ الشریف امام علی

۲۰۔ حضرت قطب سیدی الشریف ابوالحسن الشاذلی المغربی سرِ طریق شاذلیہ ۵۵۲ھ / ۶۵۶ھ

۲۱۔ حضرت ابی عبداللہ محمد الشاذلی المغربی المتوفی ــــ

۲۲۔ حضرت ابی عبداللہ المغربی دفین دمنہور البحرہ

۲۳۔ حضرت ابی عباس احمد القرانی علی البدر القرانی

Marfat.com

۲۴۔ حضرت ابی البرکات عینوس البدوی الراعی

۲۵۔ حضرت خواجہ ابی الفضل النہدی

۲۶۔ حضرت خواجہ ابی زید عبدالرحمٰن الرجراجی متوفی ۷۹۲ھ

۲۷۔ حضرت خواجہ ابی عثمان سعید الہنتانی متوفی ۸۳۱ھ

۲۸۔ حضرت خواجہ ابی عبداللہ محمد شریف بن عبداللہ المفارالتسیطی المتوفی ۸۳۳ھ

۲۹۔ سیدنا ومولانا الشریف ابوعبداللہ محمد بن سلیمان الجزولی السملانی الحسنی
قطب العالم صاحب دلائل الخیرات الشریف المتوفی ۸۷۰ھ

۳۰۔ ابی محمد بن عبدالعزیز بن عبدالحق الحرار المتوفی ۹۱۴ھ

۳۱۔ سید السملالی

۳۲۔ احمد بن ابی العباس الصمعی

۳۳۔ عبدالقادر فاسی

۳۴۔ احمد المقری

۳۵۔ احمد بن الحاج

۳۶۔ ابی ابرکات محمد بن احمد بن احمد المشنی

۳۷۔ محمد بن سید احمد المدغری الحسنی

۳۸۔ سید علی بن یوسف الحریری باشلی مدنی

۳۹۔ علامہ محمد عبدالحق بن شاہ محمد بن یار محمد مہاجر مکی المتوفی ۱۳۳۲ھ

۴۰۔ قطب مدینہ علامہ ضیاء الدین احمد القادری المتوفی ۱۴۰۱ھ
رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ شاہ محمد عبدالباقی لکھنوی مہاجر مدنی قدس اللہ سرہٗ

حضرت مولانا محمد عبدالباقی بن مولانا علی بن ملا محمد معین بن ملا محمد مبین حنفی مدنی بروز اتوار ۱۸/ رجب ۱۲۸۶ھ کو فرنگی محل لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ یہ شہر ہندوستان کے شہروں میں علماء ومحدثین کی کثرت کی وجہ سے معروف ہے۔ چار سال کی عمر میں والد کا انتقال ہوگیا تو بڑے بھائی ابراہیم نے کفالت میں لے لیا۔ آپ کا خاندان علماء وفضلاء اور کثرت محدثین کی وجہ سے ہندوستان میں مشہور ہے۔ اس خاندان سے حضرت علامہ عبدالحلیم لکھنوی متوفی ۱۲۸۵ھ ہوئے جن کی متعدد تصانیف نافعہ ہیں۔ اور آپ کے چچا زاد حضرت علامہ عبدالحیٔ لکھنوی مولود ۱۲۶۴ھ محدث اور فقہاء حنفیہ میں سے تھے۔ اور آپ کے دادا حضرت ملا معین رحمۃ اللہ علیہ شارح مسلم الثبوت فی الاصول والسلم فی المنطق، ہیں آپ کے آباواجداد علماء میں سے چلے آرہے ہیں۔

بھائی اور والدہ کی زیرنگرانی تربیت پائی اور گیارہ برس کی عمر میں تجوید پڑھا اور قرآن کریم حفظ کرلیا۔ مدرسہ میں داخل ہوئے اور اپنے ماموں زاد بھائی اور چچا زاد بھائی علامۃ الہند عبدالحیٔ لکھنوی (متوفی ۱۳۰۴ھ) سے حساب، جومیٹری، الجبرا، المقابلہ اور صرف ونحو کی تعلیم حاصل کی، پھر دیگر علماء سے عربی اور دینی وعقلی علوم اخذ کئے۔ حفظ المتون کے بعد حضرت فاضل حفیظ اللہ نبدوی اور پھر حضرت سید عین القضاۃ بن محمد وزیر حیدرآبادی سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد شیخ قل اللہ بن نعمت ومولانا محمد نعیم بن عبدالحکیم نظامی سے کتب درسیہ وفقہ حنفی کی تعلیم پائی اور حضرت مولانا

Marfat.com

عبدالرزاق لکھنوی (بن مولانا شاہ جمال الدین رحمۃ اللہ علیہ) سے دیگر کتب کے علاوہ موطا و صحاح ستہ اور مشکوٰۃ المصابیح پڑھیں اور دوسرے علوم کے علاوہ فتویٰ صادر کرنے کا طریقہ سیکھا اور آپ سے بیعت کی، اجازت و خلافت کی سند سے بہرہ ور ہو کر درس و تدریس میں مشغول ہوئے۔

پہلی مرتبہ ۱۳۰۸ھ میں حج و زیارت کی غرض سے حجاز مقدس آئے اور بعض علماء سے ملاقاتیں کیں اور ان سے اجازتیں حاصل کیں ان میں سے شیخ مفتی عباس بن صدیق مکی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ شیخ عبداللہ بن حسین مکی قدس سرہٗ، حضرت شیخ احمد ابوالخیر مرداد حنفی رضی اللہ عنہ، حضرت شیخ علی بن ظاہر الوتری رضی اللہ عنہ، شیخ محمد الحریری رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ حضرت شیخ عبداللہ بن حسین مکی رحمۃ اللہ علیہ سے شاطبیہ پڑھی اور قاری حبیب الرحمٰن کاظمی سے عشرہ قرأۃ کے ساتھ قرآن پڑھا اور وطن واپس لوٹ کر اپنے شہر کی بڑی درسگاہوں میں پڑھاتے رہے۔

پانچ سال بعد دوسری مرتبہ ۱۳۱۳ھ میں حجاز مقدس آئے اور متعدد علماء کے سامنے زانوئے تلمذ طے کیا اور ان سے اجازتیں حاصل فرمائیں ان علماء میں سے علامہ مورخ احمد الحضری، فقیہ احمد المیرغنی مجوب، شیخ صالح السناری اور شیخ محمد بابصیل ہیں۔ پھر ہندوستان واپس ہوئے چونکہ بہت سے علماء نے آپ کو اپنی اجازتوں سے نوازا تھا جس کی وجہ سے آپ کی قدر و منزلت میں مزید اضافہ ہوا اور طلباء کی تعداد بھی بہت زیادہ ہوگئی۔

ہندوستان واپسی پر درس و تدریس میں مستغرق رہے اور طلباء کو سلوک و اخلاق سے خوب سیراب کرنے کے بعد بغداد شریف چلے گئے اور بعض علماء کبار سے بہت سے علوم حاصل کرنے کے بعد وطن کو مراجعت فرمائی تقریباً دس برس قیام رہا۔ مگر دل مجاورت رسول (ﷺ) حاصل کرنا چاہتا تھا تو ۱۳۲۲ھ میں مدینہ منورہ کی طرف ہجرت فرمائی۔ شیخ محمد امین رحمۃ اللہ علیہ،

Marfat.com

شیخ فالح الظاہری قدس سرہٗ، شیخ احمد بن اسماعیل البرزنجی رضی اللہ عنہ، اور شیخ احمد شمس الشنقیطی رضی اللہ عنہ وغیرہ ان سب جید و منفرد حیثیت کے علماء سے علوم اور عالی اجازت نامے حاصل کئے جو اس سے پہلے کسی کو حاصل نہ ہوئے تھے۔

جب آپ نے مدینہ طیبہ میں مستقل سکونت اختیار کر لی تو مسجد نبوی شریف میں درس و تدریس جاری کیا۔ علم کا بازار قائم کر کے طلباء کو عنایات سے نوازتے ہوئے درس حدیث شروع کیا۔ راویت میں توسیع پیدا کی اور دیگر علوم پڑھانے شروع کئے تو آپ کا حلقۂ درس آہستہ آہستہ وسیع ہوتا گیا حتیٰ کہ مسجد نبوی شریف کے تمام حلقوں سے بڑا ہو گیا، مگر بیماری اور بڑھاپا مسجد نبوی شریف میں تعلیم جاری رکھنے میں سنگِ گراں ثابت ہوا اور گھر پر ہی درس و تدریس پر اکتفا کرنا پڑا۔

آپ نے مدینہ منورہ میں مستقل قیام اختیار کیا تو تقریباً ۱۳۲۴ھ کو اپنے گھر حوش فواز میں مشہور مدرسہ نظامیہ قائم کیا [۴۰]

محمود احمد قادری لکھتے ہیں: ملا نظام الدین بانی درس نظامی کی یاد میں مدرسہ قائم کیا اور پوری توجہ سے تدریس کے کام میں مصروف ہوئے۔ نظام حیدرآباد میر عثمان علی مرحوم کی طرف سے مدرسہ کا وظیفہ مقرر تھا۔

محمد الیاس برنی چشتی قادری فرماتے ہیں:

مولوی عبدالباقی صاحب فرنگی محلی لکھنوی نے اپنے شوق و کوشش سے محلّہ السیح میں ایک مدرسہ نظامیہ جاری کر رکھا ہے سرکارِ نظام سے دوسو روپیہ امداد بھی ملتی ہے۔ منصوبے تو بڑے ہیں لیکن ابھی ابتدائی حالت ہے۔ تاہم کچھ نہ کچھ مفید کام ضرور ہو رہا ہے۔ [۴۱]

مدرسہ نظامیہ کی بنیاد رکھی، جس میں تمام علوم و فنون پڑھائے جاتے تھے آپ نے خالص تعلیم یافتہ نسل پیدا کرنے کے لئے زر کثیر خرچ کیا۔ وہ ایک بلند پایہ علمی درس گاہ تھی، بہت لوگوں اس سے مستفیض ہوئے۔ اس

Marfat.com

مدرسہ سے اہل مدینہ اور دیگر عالم اسلام سے آئے ہوئے لوگوں نے استفادہ کیا۔ آپ اپنی زندگی کے آخری دن تک مدرسے کے لئے تن تنہا جدوجہد کرتے رہے آپ کے وصال پر مدرسہ بند ہوگیا۔

آپ نے ایک بہت بڑا کتب خانہ چھوڑا جو کہ کثرت کتب اور نادر مخطوطوں پر مشتمل تھا۔ اور بعض مخصوص کتابوں پر تعلیقات فرمائیں، جو کہ آپ کی وسعت علم پر شاھد ہیں آپ لاولد تھے، کتب خانہ کو اہل مدینہ منورہ اور زائرین مدینہ منورہ علی ساکنہا افضل الصلاۃ والسلام کے لئے اس شرط پر وقف کیا تھا کہ ان کے گھر سے کوئی، کتاب کو باہر نہیں لے جائے گا۔ آپ کے قرابت داروں میں سے کسی نے بتایا کہ آپ کے ایک رشتہ دار نے اس کتب خانہ کو ہندوستان منتقل کر دیا تھا۔

آپ معتدل الجسم، گول چہرہ، گندمی رنگ، بڑی آنکھیں، گھنی داڑھی ہلکی مونچھیں ہمیشہ عمامہ باندھتے اور کبھی کبھار جبہ پہنتے۔

آپ نے تمام زندگی تالیف وتصنیف میں گزاری، تیس سے زیادہ تصانیف یادگار چھوڑیں، جن میں سے مندرجہ ذیل ہیں۔

۱. العقود المتلالئة فی الاسانید العالیة.
۲. الاسعاد بالاسناد.
۳. المناهل السلسة فی الأحادیث المسلسلة.
۴. نشر الغوالی فی الاحادیث العوالی.
۵. أغنام الأنام بحکم سماع الصوفیه الکرام.
۶. کشف رین الریب عن مسألة الغیب.
۷. اظهار الحق فی بعیة مولانا عبدالحق.
۸. المنح المدنیة فی مذهب الصوفیة.
۹. تحفة الأماجد بحکم صلاة الجنازة فی المساجد.

Marfat.com

۱۰. الحقيقة فى العقيقة.

۱۱. ازالة الغطاء عن حكم كتابة النساء

۱۲. الآيات الكبرىٰ فى المعراج والاسراء.

۱۳. تحفة الخطباء من خطب النبى (صلى الله عليه وسلم) والخلفاء.

۱۴. تسهيل الميزان وبداية الميزان فى المنطق.

۱۵. خير العمل تراجم فرانكى محل.

۱۶. بركة البارى فى سلالة جدنا ملاحافظ الانصارى.

۱۷. رسالة فى مناقب الأولياء الخمس.

۱۸. شرح رسالة طاش كبرىٰ زاده فى الادب.

۱۹. توضيح الصرف وميزان الصرف.

۲۰. حسرة الفحول بوفاة نائب الرسول.

آپ نے جو عمر بھر جد و جہد فرمائی اس کے آخری ایام میں اثرات نمودار ہوئے اور ۴ / ربیع اول ۱۳۶۴ھ کو اپنے خالق کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ بقیع الغرقد میں دفن ہوئے، اس طرح اہل مدینہ آپ کی موت سے ایک عالم جو صالحین علماء میں سے تھے محروم ہو گئے رحمۃ اللہ علیہ۔ [۴۲]

حضرت علامہ شیخ محمد علی حسین خیرآبادی مدنی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۳۷۴ھ) آپ کے ممتاز تلمیذ و خلیفہ تھے۔ حضرت علامہ ضیاء الدین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ کو آپ نے اجازت مرحمت فرمائی تھی [۴۳]

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سید محمد المہدی السنوسی قدس اللہ سرہ العزیز

حضرت سید محمد المہدی بن محمد بن علی السنوسی رضی اللہ عنہ ۱۲۶۰ھ / ۱۸۴۴ء میں پیدا ہوئے۔ آپ دوسری سنوسی تحریک کے رئیس تھے۔ اپنے والد کی وفات کے بعد ان کے خلیفہ مقرر ہوئے اور بطور مصلح مشہور ہوئے۔ آپ کے دور میں سلسلہ طریقت کو بہت قوت حاصل ہوئی۔ آپ کی خانقائیں المغرب الاقصیٰ سے ھند تک اور ودّای سے آستانہ، اور کثرت سے الصحراء الکبریٰ و شمال افریقہ تک پھیل گئیں۔ اس وقت ہر خانقاہ میں ایک خلیفہ مقرر تھا۔ جس کے ذمہ متعدد شعبہ تھے، عوام الناس کی تعلیم و تربیت اور جانوروں کا پالنا و زراعت کا پیشہ اختیار کرنا۔ مریدوں کی مدد اور خانقاء پر خرچ کرنا اور جو خرچ سے زیادہ بچ جاتا وہ شیخ السنوسی کی خدمت میں ارسال کر دینا۔ سخاوت میں آپ یحییٰ بادشاہ کی مشابہت رکھتے تھے۔ سلطان عبدالمجید کو آپ کے کارناموں کے انجام سے ڈرایا گیا۔ اس وجہ سے آپ ۱۳۱۳ھ میں واحہ (الکفرہ) کی طرف چلے گئے اور پھر ودّای منتقل ہو گئے۔ یہاں ہی آپ ۲۳ / صفر ۱۳۲۰ھ / ۱۹۰۲ء میں وصال فرما گئے رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔

آپ لیبیا کے آخری بادشاہ محمد ادریس السنوسی کے والد مکرم تھے۔ [۴۴]

Marfat.com

شجرہ طریقت

سیدنا غوث اعظم سیدنا عبدالقادر جیلانی - قطب الآفاق سیدنا السید عبدالرزاق - السید الشریف عبدالعزیز نزیل الحبشہ - السید محمد بن علی السنوسی - الامام السید محمد المھدی - قطب المدینہ المنورہ شیخ العرب والعجم سیدی ضیاء الدین احمد القادری رضی اللہ تعالیٰ عنھم اجمعین

الطریقہ الخضریہ

۱-	الشریف محمد المھدی	المتوفی	۱۳۲۹ھ
و	سید احمد الریفی	المتوفی	۱۳۲۰ھ
۲-	محمد بن علی السنوسی	المتوفی	۱۲۷۲ھ
۳-	احمد بن ادریس	المتوفی	۱۲۵۳ھ
۴-	ابی الموھب التازی	المتوفی	۱۲۰۶ھ
۵-	عبدالعزیز الدباغ	المتوفی	۱۱۳۱ھ
۶-	سیدنا الخضر علیہ السلام رضی اللہ تعالیٰ عنھم اجمعین		

Marfat.com

سند اجازت دلائل الخیرات

۱۔	الشریف محمد المہدی	المتوفی ۱۳۲۹ھ
۲۔	سید احمد الریفی	المتوفی ۱۳۲۰ھ
۳۔	محمد بن علی السنوسی	المتوفی ۱۲۷۶ھ
۴۔	عبدالحفظ العجیمی	
۵۔	صالح الفلانی	المتوفی ۱۲۱۸ھ
۶۔	محمد بن سنہ	
۷۔	محمد بن عبداللہ الولاتی	
۸۔	محمد بن محمود الونکری التنیکتی	
۹۔	سید عبدالرحمٰن المجذوب	المتوفی ۹۷۶ھ
۱۰۔	احمد بن محمد المجذوب	
۱۱۔	محمد بن احمد المجذوب	
۱۲۔	احمد المجذوب	
	محمد بن سلیمان الجزولی	المتوفی ۸۷۰ھ
	رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین	

Marfat.com

سند الطریقہ الشاذلیۃ

۱۔	محمد المہدی السنوسی	المتوفی	۱۳۲۰ھ
۲۔	محمد بن علی السنوسی	المتوفی	۱۲۷۶ھ
۳۔	محمد العربی الدرقاوی	المتوفی	۱۲۳۹ھ
۴۔	علی الجمل	المتوفی	۱۱۹۴ھ
۵۔	محمد العربی الأندلسی		
۶۔	احمد بن عبداللہ الفاسی		
۷۔	قاسم الخصاص	المتوفی	۱۰۸۳ھ
۸۔	محمد بن عبداللہ	المتوفی	۱۰۶۲ھ
۹۔	عبدالرحمٰن الفاسی	المتوفی	۱۰۳۶ھ
۱۰۔	ابی المحاسن یوسف الفاسی	المتوفی	۱۰۱۳ھ
۱۱۔	عبدالرحمٰن بن عیاد المجذوب	المتوفی	۹۷۶ھ
۱۲۔	علی الصنہاجی	المتوفی	دسویں ھجری کے درمیان
۱۳۔	ابی النور امحام		
۱۴۔	احمد زروق	المتوفی	۸۹۹ھ
۱۵۔	احمد بن عقبہ الحضرمی	المتوفی	۸۹۵ھ
۱۶۔	یحیی بن احمد وفا القادری		
۱۷۔	علی وفا	المتوفی	۸۰۷ھ
۱۸۔	عن أبیہ محمد وفا۔ بحر الصفا	المتوفی	۷۶۵ھ
۱۹۔	داود الباخلی	المتوفی	۷۳۰ھ
۲۰۔	تاج الدین احمد ابن عطاء اللہ اسکندری	المتوفی	۷۰۹ھ
۲۱۔	ابی العباس احمد المرسی	المتوفی	۶۸۶ھ
۲۲۔	ابی الحسن الشاذلی	المتوفی	۶۵۶ھ

Marfat.com



خطاب إبراهيم باشا درويش، ياور أكرم حضرة السلطان عبد الحميد، إلى السيد محمد المهدي السنوسي
في ١٨ جمادى الأولى ١٣١٣ و٣ نوفمبر ١٨٩٥

Marfat.com

بلدز سرای همایون

باش کتابت دائره سی

خطاب باشكاتب سراي يلدز السلطاني إلى السيد محمد المهدي السنوسي
في ٢ ربيع الآخر ١٣١٣ و ٢٢ سبتمبر ١٨٩٥

Marfat.com

علامہ سید علوی بن احمد بافقیہ رضی اللہ عنہ

حضرت علامہ سید علوی بن احمد بن عبداللہ بافقیہ مدینہ منورہ میں ''شیخ السادۃ'' تھے۔ الحرم النبوی الشریف میں امامت کے منصب پر فائز رہے۔ شیخ سید احمد برزنجی کے بعد ۱۳۲۸ھ میں مفتی شافعیہ کے عہدۂ جلیلہ پر متمکن ہوئے۔ سیدی اعلحضرت امام احمد رضا قادری رضی اللہ عنہ کی تالیف الدولۃ المکیۃ پر تقریظ لکھی۔ شیخ خلیل احمد انبیٹھوی کی متنازع عبارات کا ہمیشہ رد فرماتے رہے۔

۷/ صفر ۱۳۳۳ھ کو واصل بحق ہوئے۔ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ [۴۵]

Marfat.com

علامہ سید احمد بن احمد الجزائری قدس اللہ سرہ العزیز

حضرت علامہ سید احمد بن عبد القادر الجزائری ، الحسنی ، المالکی، تیرہویں صدی ہجری میں مدینہ طیبہ میں پیدا ہوئے۔ سیدنا غوث اعظم سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے سلسلۂ نسب اور آپ ہی کے سلسلۂ طریقت سے وابستہ تھے۔ مدینہ منورہ کے اکابر علماء سے علوم و فنون حاصل کئے، حضرت علامہ محمد امین افندی بن عمر بالی مفتی احناف سے عرصہ دراز تک استفادہ حاصل کرتے رہے۔ مفتی مالکیہ مدینہ منورہ مقرر ہوئے۔ حرم نبوی شریف میں درس و تدریس کا سلسلۂ جاری کیا۔ اور ۱۳۲۹ھ میں حرم نبوی شریف میں مالکیہ کے امام کا عہدہ حاصل ہوا۔

مجدد اعظم امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے آپ کی ملاقات ہوئی۔ آپ نے الدولۃ المکیہ اور حسام الحرمین پر تقاریظ تحریر فرمائیں۔ حضرت علامہ محمود عطار دمشقی علیہ الرحمہ نے رد گنگوہی اور انبیٹھوی میں ''استجاب القیام'' تصنیف کی تو آپ نے اس پر تقریظ لکھی۔ آپ کی وفات کی تاریخ معلوم نہ ہوسکی۔ آپ ۱۳۳۲ھ میں زندہ تھے۔ ۴۶

Marfat.com

علامہ سید احمد بن عبدالقادر الریفی قدس اللہ سرہ العزیز

حضرت علامہ سیدا حمد بن عبدالقادر الریفی، القلعی ،الادریسی، الحسنی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ ۱۲۴۴ھ کو قلعہ میں پیدا ہوئے۔ قرآن کریم پڑھنے کے بعد مروجہ علوم وفنون حاصل کئے۔ پھر فاس کا سفر کیا اور حضرت علامہ محمد بن حمدون بن الحاج الفاسی سے اخذ فرمایا۔ پھر مازونۃ کی طرف متوجہ ہوئے اور سیداحمد بن ھنی بن ابی طالب محمد المازونی سے فیض حاصل کیا اور پھر دھران گئے، وہاں سے بحری جہاز سے ۱۲۶۵ء کو مکہ مکرمہ پہنچے، مکہ شریف میں سید محمد بن علی السنوسی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔، آپ کے درس میں شامل رہے اور ساتھ ساتھ طریقت کی منازل طے کرتے رہے اور خلافت واجازت حاصل کی۔ اور سید عمران بن برکتہ، علی القومی، عبدالرحیم الزموری وجمیع سنوسی اکابر سے مزید علوم حاصل کئے۔

حضرت سید محمد بن علی سنوسی رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد آپ کے صاحبزدگان، سید محمد المہدی علیہ الرحمہ اور محمد الشریف کی تربیت فرمائی اور آپ نے ان حضرات کو اجازتیں بھی عنایت فرمائیں۔ پھر سیداحمد الشریف بن سید محمد السنوسی کی تعلیم وتربیت کے فرائض انجام دیئے اور انہیں بھی جمیع علوم وفنون کی اجازت اور خلافت سے نوازا۔

۹/ رمضان ۱۳۲۹ھ میں التاج کے قریہ الکوۃ میں وفات پائی۔ [۴۷]

Marfat.com

سند رضى الله تعالى عنه فى البخارى

المعمر ضياء الدين احمد عن أستاذا الامام السيد محمد المدي والسيد محمد الشريف وأستاذا السيد احمد الريفي، وهم عن أستاذهم السيد محمد بن علي السنوسي وهو عن أستاذه السيد أحمد بن ادريس عن أبي المواهب التازي المتولد سنة ١٠٩٩ ه والمتوفى سنة ١٢١٣ ه.

يوم السبت الحادي عشر من صفر الخير عن أبي البقاء العجيمي عن أبي الوفاء أحمد العجل اليمني المتوفى بعد صلاة العشاء ليلة رابع عشر شعبان سنة ١٠٧٤ ه ، جاء تاريخ موته (شيخ أجل أكمل) عن القطب محمد بن أحمد النهرواني عن والده علاء الدين النهرواني عن الحافظ نور الدين أبي الفتوح الطاوسي المتوفى سنة ٦٠٠ ه عن المعمر ثلاثمائة سنة بابا يوسف الهروي الهندي عن المعمر محمد بن شاذ بخت الفرغاني عن المعمر ٥١٣٤ سنة يحيى بن عمار الشهير بأبي لقمان الختلاني عن أبي عبدالله محمد بن يوسف بن مطر الفربري المولد سنة ٢٣١ ه و المتوفى سنة ٣٢٠ ه عن أمير المؤمنين أبي عبدالله محمد بن اسماعيل بن ابراهيم بن بردزبه البخاري، وكانت ولادته ليلة ١٣ /شوال سنة ١٩٤ ه و ووفاته يوم عيد الفطر سنة ٢٥٦ ه، هكذا ذكره الشيخ يحيى الشاوي المتولد سنة ١٠٦٠ ه والمتوفى سنة ١٠٩٦ ه والشيخ ابراهيم العمادي المولود سنة ١٠١٢ ه والمتوفى سنة ١٠٧٨ ه. وبالسند الى أبي المواهب التازي عن محمد بن عبد السلام البناني الفاسي المتوفي سنة ١١٦٣ ه عن أبي عبدالله الامام عبد القادر الفاسي وكان مولده سنة ١٠٠٧ ه ووفاته سنة ١٠٩١ ه عن عم والده العارف بالله أبي زيد عبدالرحمن الفاسي المتولد سنة ٩٧٢ ه توفي سنة ١٠٣٢ ه عن الامام

Marfat.com

أبي الذخائر القصار المتولد سنة ٩٣٨ ه والمتوفى سنة ١٠١٢ ه عن الشيخ خروف التونسي المتوفي سنة ٩٦٦ ه عن عبدالرحمن سقين العاصمي المتوفي بذي الحجة سنة ٩٥٦ ه عن شيخ الاسلام زكريا الأنصاري المولود سنه ٨٢٥ ه والمتوفي سنة ٩٢٥ ه عن الحافظ ابن حجر العسقلاني، وهو شهاب الدين أبو الفضل أحمد بن علي بن محمد نسبته آل حجر قوم سكنوا الجنوب وأرضهم قابس، المتوفي سنة ٨٥٢ ه ودفن بالقرافة الصغرى. رضى الله تعالىٰ عليهم اجمعين

Marfat.com

سند رضى الله تعالى عنه فى مسلم

الشيخ المعمر ضياء الدين احمد القادرى عن أستاذنا السيد أحمد الريفي عن أستاذه السيد محمد بن علي السنوسي عن أستاذه السيد أحمد بن ادريس عن أستاذه أبي المواهب التازي عن أبي عبدالله الشيخ محمد التاودي الفاسي المتوفي سنة ١٢٠٩ ه عن محمد بن أحمد الريشى المتوفي سنة ١١٤٥ ه عن شيخ الاسلام أبي محمد عبد القادر الفاسي عن عم والده أبي زيد عبدالرحمن الفاسي عن الامام أبي الذخائر القصار عن الشيخ جار الله محمد خروف الونسي الأنصاري عن عبدالرحمن بن علي العاصمي الشهير بسنتين عن الشيخ الامام أبي عبدالله محمد بن غازي المتوفي بجمادى الأولى سنة ٩١٩ ه عن زكريا الأنصاري عن الامام ابن حجر عن ابن الكويک عن عبدالرحمن بن محمد المقدسي عن ابن عبدالدايم النابلسي المتوفي سنة ٦٦٨ ه عن محمد بن علي بن صدقة الحراني المتوفي سنة ٦٨٠ ه عن أبي عبدالله محمد بن الفضل الفراوي فقيه الحرم المولود سنة ٤٤١ ه وقيل سنة ٤٤٢ ه والمتوفي سنة ٥٣٠ ه عن أبي الحسن عبدالغافر بن محمد الفارسي المتولد سنة ٤٥١ ه والمتوفي سنة ٥٢٩ ه عن أبي أحمد محمد بن عيسى بن عمرويه الجلودي المتوفي سنة ٣٦٨ ه بشهر ذي الحجة عن ابراهيم بن محمد النيسابوري المتوفي سنة ٣٠٨ ه عن مؤلفه الامام مسلم بن الحجاج القشيري وكان مولده سنة ٢٠٢ ه ووفاته سنه ٢٦١ ه. وبهذا السيد أيضافي صحيح مسلم الى الاسلام الزركشي

Marfat.com

المتوفي سنة ٧٩٤ ه عن البناني عن ابن عساكر عن المؤيد الطاووسي المتوفي سنة ٦٠٠ ه عن الفراوي عن عبد الغافر عن الجلودي عن ابراهيم بن سليمان عن مسلم بن الحجاج القشيري النيساپورى. رضوان الله تعالىٰ عليهم اجمعين

Marfat.com

سند طریقہ عالیہ قادریہ شاذلیہ

۱۔	محبوب رب اللعالمین رحمۃ للعالمین سید الانبیاء والمرسلین سیدنا ومولانا محمد ﷺ		
۲۔	سیدنا علی المرتضی بن ابی طالب	الشہید	۴۰ھ
۳۔	سیدنا الحسین بن علی حیدر کرار	الشہید	۶۱ھ
۴۔	سیدنا امام زین العابدین	المتوفی	۹۵ھ
۵۔	سیدنا امام محمد الباقر	المتوفی	۱۱۷ھ
۶۔	سیدنا امام جعفر الصادق	المتوفی	۱۴۸ھ
۷۔	سیدنا امام موسی کاظم	المتوفی	۱۸۳ھ
۸۔	سیدنا امام علی الرضا	المتوفی	۲۰۳ھ
۹۔	سیدنا معروف الکرخی	المتوفی	۲۰۲ھ
۱۰۔	سیدنا سری سقطی	المتوفی	۲۵۳ھ
۱۱۔	سیدنا ابوالقاسم جنید	المتوفی	۲۹۸ھ
۱۲۔	سیدنا ابوبکر شبلی	المتوفی	۳۳۴ھ
۱۳۔	ابوالفرج عبدالوھاب التمیمی	المتوفی	۴۲۵ھ
۱۴۔	ابوالفرح الطرطوسی	المتوفی	۴۴۷ھ
۱۵۔	ابوالحسن علی بن یوسف	المتوفی	۴۸۲ھ
۱۶۔	سیدی ابوسعید المبارک	المتوفی	۵۲۳ھ
۱۷۔	سیدنا غوث الاعظم فرد الاکبر سید عبدالقادر الجیلانی	المتوفی	۵۶۱ھ
۱۸۔	شعیب ابومدین	المتوفی	
۱۹۔	عبدالرحمٰن العطار الزیات	المتوفی	
۲۰۔	سید عبدالسلام مشیش	المتوفی	۶۲۲ھ
۲۱۔	حضرت سیدنا ابوالحسن شاذلی	المتوفی	۶۵۶ھ
۲۲۔	سیدنا ابوالعباس المرسی	المتوفی	۶۸۶ھ

Marfat.com

۲۳۔	احمد عطا اللہ الاسکندری	المتوفی ۷۰۹ھ
۲۴۔	داود بن الباخلی	المتوفی ۷۳۰ھ
۲۵۔	محمد وفا بحر الصفا	المتوفی ۷۶۵ھ
۲۶۔	علی بن وفا	المتوفی ۸۰۷ھ
۲۷۔	یحیی القادری	المتوفی
۲۸۔	احمد بن عقبہ الحضر ی	المتوفی ۸۹۵ھ
۲۹۔	شیخ احمد زروق	المتوفی ۸۹۹ھ
۳۰۔	ابراھیم الفام	المتوفی
۳۱۔	علی الفہا جی الدوار	المتوفی
۳۲۔	عبدالرحمٰن المجذ وب	المتوفی ۹۷۶ھ
۳۳۔	یوسف الفاسی	المتوفی ۱۰۱۲ھ
۳۴۔	عبدالرحمٰن الفاسی	المتوفی ۱۰۳۶ھ
۳۵۔	محمد بن عبداللہ الکبیر	المتوفی ۱۰۶۲ھ
۳۶۔	سید قاسم الخصاص	المتوفی ۱۰۸۳ھ
۳۷۔	احمد بن عبداللہ الفاسی	المتوفی
۳۸۔	العربی احمد بن عبداللہ	المتوفی ۱۱۳۳ھ
۳۹۔	علی الجمل العمرانی	المتوفی ۱۱۹۴ھ
۴۰۔	العربی بن احمد الدرقاوی الحسنی	المتوفی ۱۲۳۹ھ
۴۱۔	محمد بن علی السنوسی	المتوفی ۱۲۷۶ھ
۴۲۔	سید محمد المہدی السنوسی	المتوفی ۱۳۲۰ھ
و	سید احمد الریفی السنوسی	المتوفی ۱۳۲۹ھ
۴۳۔	شیخ المعمر ضیاء الدین احمد القادری المدنی	المتوفی ۱۴۰۱ھ

رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علامہ سید عباس بن محمد رضوان قدس اللہ سرہ العزیز

حضرت علامہ سید عباس بن محمد بن رضوان الحسنی المدنی آخر ذوالحجہ ۱۲۹۳ھ کو مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے۔ سب سے پہلے قرآن کریم حفظ کیا پھر اپنے والد سے علوم اخذ کئے۔ سند حدیث حاصل کی اور اپنے والد ہی سے روایت کرتے تھے۔

مفتی شافعیہ سید احمد بن اسماعیل برزنجی سے فقہ شافعیہ کی تعلیم حاصل کی نیز علامہ عبدالجلیل برادہ، سید علی ظاہر الوتری، سید محمد بن جعفر الکتانی، شیخ وجیہ الدین عبدالرحمٰن خضیر، شیخ احمد بن شمس الشنقیطی المالکی، شیخ عثمان بن عبدالسلام الداغستانی، سید احمد بن احمد بن عبدالرحمٰن الجزائری، سید حسین بن محمد الحبشی مفتی شافعیہ مکہ مکرمہ، شیخ محمد بن سلیمان حسب اللہ المکی، شیخ عبدالحق الہ آبادی مہاجر مکی، شیخ حسین بن محمد الجسر طرابلسی، سید عبدالقادر خطیب طرابلسی، سے علوم عقلیہ ونقلیہ حاصل کئے۔

حضرت علامہ سید علوی بن احمد بن عبداللہ بافقیہ کے بعد مسند افتاء پر متمکن رہے۔ رمضان ۱۳۲۹ھ سے ۱۳۳۲ھ تک اس منصب پر فائز رہے پھر باوجوہ مصر چلے گئے، وہاں کئی برس تک درس وتدریس کا سلسلہ جاری رہا۔

مدینہ شریف کی محبت میں ہمیشہ غمگین رہتے، جب جنگ عظیم ختم ہوئی تو مدینہ منورہ لوٹ آئے اور دوبارہ تعلیم وتعلم کا سلسلہ جاری ہوگیا۔

مجدد اعظم امام احمد رضا خاں قادری رضی اللہ عنہ کی الدولۃ المکیہ اور حسام الحرمین پر تقاریظ تحریر فرمائیں۔ آپ عالم باعمل، صوفی باصفا، شیخ الدلائل، علم حدیث کے ماہر، فقیہہ شافعی اور شاعر تھے۔

۱۸ رمضان ۱۳۴۶ھ میں مدینہ منورہ، دار درب الجنائز میں انتقال فرمایا اور

Marfat.com

جنت البقیع میں دفن ہوئے۔ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ

آپ کی مولفات میں سے مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ فتح البر شرح بلوغ الوطر۔ مطبوعہ

۲۔ اعلام الناس بآسانید السید عباس۔ مطبوعہ

۳۔ نیل الہدایۃ الی فہم اتمام الروایۃ القراء النقایۃ۔ مخطوطہ

۴۔ واسطۃ العقد الفرید المنظوم مما تنائز من فرائد الاسانید۔ مطبوعہ

۵۔ عمدۃ الطلاب۔ مطبوعہ

۶۔ نخبۃ فتح المتعم الوھاب شرح عمدۃ الطلاب۔ مطبوعہ

۷۔ کفایۃ الطلاب۔ مطبوعہ

۸۔ ارشاد الاحیاب الی اسرار کفایۃ الطلاب۔ مطبوعہ

۹۔ اسحاف الاخوان بشرح قصیدہ الصبان۔ مطبوعہ

۱۰۔ فتح رب الارباب بما اھمل فی لب الالباب۔ مطبوعہ

۱۱۔ مختصر رب فتح رب الارباب۔ مطبوعہ

۱۲۔ فرائد العقو والدریہ

۱۳۔ العقد الفرید المنظوم مما تنائر من فرائد جواھر الاسایند۔ مخطوطہ

۱۴۔ مختصر العقد االفرید

۱۵۔ الاخبار فی اسناد الاوراد والاذکار [۴۸]

Marfat.com

سند حديث سيد عباس رضوان:

يـروي عـن أبيـه مـحمد بن أحمد رضوان عن عبدالغني الدهلوى عـن محمد عابد السندي عن صالح الفلاني عن محمد سعيد سفر عن أبي الـطـاهر محمد الكوراني عن أبيه ابراهيم الكوراني عن صفي الدين أحمد الـقشـاشـي عـن أحـمـد بـن عـلـي الشـناوي عن أبيه على بن عبدالقدوس الشناوي عن عبدالوهاب بن أحمد الشعراني عن زكريا الأنصاري عن عبد الـرحيم ابن الفرات عن عمر بن حسن بن مزيد بن أميلة عن علي بن أحمد الـسـعدي عن ابن طبرزد عن عبد الملك الكروخي عن محمد بن القاسم الأزدي عـن عبـد الـجبـار الـجـراحـي عن أبي عيسى محمد بن عيسى بن سورة الترمذي رضى الله عنه ورضوان الله تعالىٰ عليهم اجمعين.

سند دلائل الخيرات

الشيـخ الـمـعـمـر ضيـاء الـدين احمد القادرى يروي سيد عباس رضـوان عـن أبيـه مـحـمـد رضـوان عـن علي بن يوسف باشلي عن محمد الـمـدغـري عن محمد المثنى عن أحمد بن الحاج عن عبد القادر الفاسي عـن أحمد المقري عن أحمد بن أبي العباس الصمعي عن أحمد السملالي عـن عبـدالـلـه الـغـزالـي الـمـراكشـي عن عبدالعزيز التباع عن محمد بن سليمان الجزولي. رضوان الله تعالىٰ عليهم اجمعين

ويـروي عبـاس رضوان عن أحمد بن اسماعيل البرزنجي عن أبيه اسماعيل البرزنجي عن صالح الفلاني بما في ثبته.

ويروي عباس رضوان عن عبد الجليل برادة، وعلي الوتري، وعثمان الداغستاني، وأحمد الجزائري، وعبد الحق الالهآبادي، وغيرهم.

رضوان الله تعالىٰ عليهم اجمعين

Marfat.com

سند اجازت دلائل الخیرات

۱۔ سید عباس رضوان

۲۔ سید محمد رضوان

۳۔ علی بن یوسف باشلی

۴۔ محمد المدغری

۵۔ محمد المشنی

۶۔ احمد بن الحاج

۷۔ عبدالقادر الفاسی

۸۔ احمد المقری

۹۔ احمد بن ابی العباس الصمعی

۱۰۔ احمد السملالی

۱۱۔ عبداللہ الغزالی المراکشی

۱۲۔ عبدالعزیز التباع

۱۳۔ محمد بن سلیمان الجزولی

رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین

Marfat.com

حضرت سیدی قطب مدینہ رضی اللہ عنہ کے بازو والے کمرے کا فوٹو۔ کھڑکی کی تصویر نمایاں ہے۔
اس کھڑکی کے ساتھ ڈاکخانہ کی عمارت ہوتی تھی۔ ڈاکخانے کی عمارت اور سیدی قطب
مدینہ رضی اللہ عنہ کی قیام گاہ کے درمیان ایک میٹر سے بھی کم کا فاصلہ تھا۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

کاملانِ طریقت پہ کامل درود
حاملانِ شریعت پہ لاکھوں سلام

زیارت اکابر

Marfat.com

مسجد الشمس بالمدينة المنورة ١٣٢٦هـ.	AL-SHAMS M. IN AL-MADINAH AL-MUNAWARA 1326H	GUNES(SEMS-ALFADIH) MESCIDI IN MEDINEI MUNEVVERE 1326H.	MASJID MATAHARI DI AL-MADINAH AL-MUNAWWARAH 1326H.	مدینہ منورہ میں مسجد شمس (الفضیح)	حقوق الطبع محفوظة لـ صلاح الصاعدي Copy Right for Salah Al-Saady TEL: 0506338945 P.O. BOX: 3271.

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شرف عظیم

حضرت ضیاء الملت والدین سیدی ضیاء الدین احمد قادری مدنی رضی اللہ عنہ کی خوش قسمتی تھی کہ آپ ایک علمی و روحانی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ بچپن ہی سے آپ کی تعلیم و تربیت کی ذمہ داری آپ کے جدِ مکرم حضرت علامہ قطب الدین المعروف میاں جی ذیلدار صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے ذمہ لے رکھی تھی۔ آپ ایک بہت بڑے جاگیردار تھے، آپ کے اس وقت کے اکثر شیوخ کے ساتھ ذاتی مراسم اور بعض شیوخ کے ساتھ گھریلو مراسم تھے۔ آپ کے جد کریم جب کسی اہل نظر کی بارگاہ میں حاضر ہوتے تو آپ کو بھی اپنے ساتھ لے جاتے۔ اس طرح آپ چند ہی برس کی عمر کے تھے تو آپ نے مشاہیر اکابر کی زیارت سے مشرف ہونے کا اعزاز حاصل کر لیا۔ خداداد ذھانت کا اس سے اندازہ فرمائیں کہ آپ کے پردادا کا انتقال اس وقت ہوا جب کہ آپ کی عمر شریف تین سال تھی۔ آپ کو ان کی میت کے غسل سے لے کر قبر میں اتارنے تک کے تمام حالات و واقعات یاد تھے۔ حضرات اکابرین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا حلیہ اس طرح واضح الفاظ میں بیان فرماتے کہ اگر کوئی مصور تصویر کشی کرنا چاہتا تو وہ بغیر کسی مشکل کے بالکل واضح تصویر بنا سکتا تھا۔ حتی کہ مشائخ کرام کس طرح کے اور کس رنگ کے لباس استعمال فرماتے تھے، اور کس طرز پر عمامہ باندھتے تھے۔ اس طرح بیان ہوتا جیسا کہ ان پاک حضرات کو سامنے دیکھتے ہوئے بیان کیا جا رہا ہے۔

Marfat.com

ان اکابرین میں سے چند ایک کے حالات بابرکات سے آپ بھی مستفید ہونے کا شرف حاصل فرمالیں۔

آپ اکثر فرمایا کرتے!

''میں بزرگانِ دین کی زیارتیں کرتا رہا۔ ان کی خدمت کرتا رہا، اور ان سے دعائیں لیتا رہا۔ ان کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے مدینہ منورہ پہنچا دیا۔''

اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ

عرض : برکتِ زرق کی کوئی دعا حضور ارشاد فرمائیں میں آج کل بہت پریشان ہوں۔

ارشاد : ایک صحابی خدمت اقدس ﷺ میں حاضر ہوئے اور عرض کی دنیا نے مجھ سے پیٹھ پھیر لی۔ فرمایا کیا وہ تسبیح تمہیں یاد نہیں جو تسبیح ہے ملائکہ کی اور جس کی برکت سے روزی دیجاتی ہے۔ طلوع فجر کے ساتھ سو (۱۰۰) بار کہا کر سُبحٰن اللہ وبِحَمدِہٖ سُبحٰنَ اللہ العظیمِ ط وَبِحَمدِہٖ اَستغفِرُ اللہَ ان صحابی رضی اللہ عنہ کو سات دن گذرے تھے کہ خدمت اقدس ﷺ میں حاضر ہو کر عرض کی حضور ﷺ دنیا میرے پاس اس کثرت سے آئی میں حیران ہوں کہاں اٹھاؤں کہاں رکھوں۔ اس تسبیح کا آپ بھی ورد رکھیں حتی الامکان طلوع صبح صادق کے ساتھ ہو ورنہ صبح سے پہلے جماعت قائم ہو جائے تو اس میں شریک ہو کر بعد کو عدد پورا کیجئے اور جس دن قبل نماز بھی نہ ہو سکے تو خیر طلوع شمس سے پہلے۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمس العارفین حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی قدس اللہ سرہ العزیز

برہان العاشقین، شمس العارفین حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی ابن حضرت خواجہ محمد یار ابن میاں محمد شریف ابن میاں برخوردار ابن میاں تاج محمود ابن میاں شیر کرم علی (قدست اسرارہم) ۱۲۱۴ھ / ۱۷۹۹ء میں سیال شریف ضلع سرگودھا میں پیدا ہوئے۔ آپ کے آباء و اجداد کئی پشتوں سے دنیاوی عز و جاہ اور علم و تقوی میں ممتاز تھے۔ آپ کے جد اعلیٰ حضرت شیر کرم علی قدس سرہٗ اپنے دور کے باکمال بزرگ اور سلسلہ عالیہ قادریہ کے عظیم مقتدا حضرت موسی پاک شہید ملتانی قدس سرہٗ کے خلیفۂ مجاز تھے۔ آپ کا سلسلہ نسب پچاس واسطوں سے حضرت عباس علمدار شہید کربلا رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے۔

حضور اعلیٰ سیالوی قدس سرہٗ ساڑھے چار سال کی عمر میں قرآن پاک کی تعلیم کے لئے مکتب میں بٹھائے گئے، سات سال کی عمر میں قرآن کریم حفظ کر لیا۔ علم دین کی تحصیل کے لئے علاقہ پنڈی گھیب کے ایک گاؤں میکی ڈھوک میں گئے، ابھی فارسی کی ابتدائی کتابیں پڑھی تھیں کہ استاذ گرامی کا وصال ہوگیا اس لئے وہاں سے حضرت مولانا محمد علی قدس سرہٗ کی خدمت میں مکھڈ شریف حاضر ہوئے اور تیرہ سال تک ان سے کسب فیض کیا، اسی اثنا میں مکھڈ شریف کے ایک تاجر میاں محمد امین نے حضرت مولانا سے گذارش کی کہ میں تجارتی مقاصد کے لئے افغانستان جا رہا ہوں اس لئے آپ کسی قدسی صفات شاگرد کو میرے ساتھ روانہ کریں تا کہ اس کی معیت

Marfat.com

باعث برکت ہو۔ استاد کامل کی نگاہ انتخاب حضور خواجہ سیالوی پر پڑی چنانچہ آپ اس تاجر کے ساتھ تشریف لئے گئے، تاجر موصوف کو وہاں کافی عرصہ رکنا پڑا، اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے فاضل یگانہ مولانا حافظ دراز قدس سرہٗ سے فقہ و حدیث کا درس لیا۔ ہدایہ شریف مکمل پڑھا سند حدیث حاصل کی، واپس آ کر پھر استاذ مشفق مولانا محمد علی رحمہ اللہ تعالیٰ سے تعلیم حاصل کرنے لگے۔

۳۴ سال کی عمر میں حضرت خواجہ شمس العارفین کا نکاح ان کے چچا میاں احمد یار کی دختر نیک اختر سے پڑھایا گیا، ان حالات میں آپ نے سیال شریف میں قیام کا ارادہ فرمایا اور ارشاد مرشد کے مطابق تمام اوراد و اذکار ادا کرنے کے ساتھ درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا، سال میں متعدد مرتبہ پاپیادہ مرشد کامل کے دربار میں حاضری دیتے اور کم و بیش چار دن تک وہاں قیام کرتے۔ چودہ مرتبہ حضرت پیر پٹھان کی معیت میں تونسہ شریف سے مہار شریف کا سفر اس شان نیاز سے کیا کہ مرشد کامل گھوڑی پر سوار ہوتے اور آپ پیر پٹھان کا قرآن مجید، رحل اور دیگر وظائف سر پر رکھے، پانی کا کوزہ دائیں ہاتھ میں، مصلیٰ اور عصا بغل میں دبائے ساتھ ساتھ دوڑتے جاتے تھے، دیکھنے والے اس پیکر حسن و جمال کی جفاکشی اور عقیدت کیشی کو دیکھ کر محو حیرت رہ جاتے اور اہل نظر اس شہباز معرفت کی قوت پرواز کو رشک کی نگاہ سے دیکھتے۔

۳۶ سال کی عمر میں جب آپ کا قلب انور عبادت و ریاضت اور پیر کامل کی نگاہ کیمیا اثر کی برکت سے رشک شمس و قمر بن چکا تھا۔ حضرت پیر پٹھان سلیمان زماں حضرت خواجہ محمد سلیمان تونسوی قدس سرہٗ نے خرقہ خلافت عطا کیا اور فرمایا :-

''جو شخص بیعت کی تمنا لے کر حاضر ہو، اس کی مراد بر لائی جائے

Marfat.com

اور اپنے اشغال میں مصروف ہو کر اسے نظر انداز نہ کر دینا''

سب سے پہلے آپ کے دست اقدس پر والدین کریمین بیعت ہوئے۔

مرشد اکمل سے عقیدت و محبت کا یہ عالم تھا کہ ایک دفعہ ایک نورانی پیکر بزرگ حضرت پیر پٹھان قدس سرہٗ کے پاس تشریف لائے اور کچھ دیر محوِ گفتگو ہو کر رخصت ہو گئے۔ ان کے جانے کے بعد حضرت نے فرمایا:

''یہ حضرت خضر تھے، جو شخص ان کی زیارت کرنا چاہتا ہے جائے اور زیارت کرے''

تمام حاضرین دیوانہ وار ان کے پیچھے چلے گئے مگر حضرت خواجہ شمس العارفین وہیں بیٹھے رہے۔ حضرت خواجہ نے فرمایا:

''مولوی! تمہیں حضرت خضر کی زیارت کا اشتیاق نہیں؟''

عرض کی میرے لئے اسی کی زیارت کافی ہے جس کی ملاقات کے لئے حضرت خضر چل کر تشریف لائے ہیں۔

اس خلوص و محبت پر حضرت پیر پٹھان بہت خوش ہوئے اور دعا کی ''اللہ سائیں میرے سیال کوں رنگ لائیں'' اس دعا کا یہ اثر ہوا کہ چار دانگ عالم سے جام عرفان کے متلاشی پروانہ وار آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے اور تسکین دل و جاں اور منزل مراد حاصل کرتے۔

آپ ملکوتی صفات اور قدسی اخلاق کے پیکر تھے، آپ کے قائم کردہ لنگر سے ہر مسافر، مفلس اور مسکین بہرہ ور ہوتا اور آپ ہر دردمند کی دکھ بھری داستان سنتے اور حسب حال اس کی امداد فرماتے، شریعت مقدسہ کی اتباع اور پیروی میں اپنی مثال آپ تھے، نماز باجماعت ادا کرتے اور مریدین کو بھی اتباع سنت مطہرہ کا سختی سے حکم دیتے، آپ نے رشد و ہدایت کا پیغام اعلیٰ پیمانے پر عوام و خواص تک پہنچایا اور بے شمار مریدین کو درجہ کمال تک پہنچایا۔ آپ کے خلفاء میں مندرجہ ذیل حضرات آسمان علم و

Marfat.com

عرفان پر مہر و ماہ بن کر چمکے جن کے ذکر اور فیض سے قیامت تک دلوں کی دنیا مستنیر ہوتی رہے گی :-

۱۔ حضرت خواجہ محمد الدین سیالوی (فرزند ارجمند)

۲۔ حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی

۳۔ حضرت پیر غلام حیدر شاہ جلالپوری

۴۔ حضرت پیر معظم الدین مرولوی (وغیرہم قدست اسرارہم)

حضور خواجہ شمس العارفین قدس اللہ سرہٗ کا وصال ۲۴ / صفر، جنوری (۱۳۰۰ھ / ۱۸۸۳ء) بروز جمعہ صبح صادق کے وقت ہوا۔

مفتی غلام سرور لاہوری نے تاریخ وصال کہی ؎

دریغا صد دریغا صد دریغا — کہ شمس الدیں امام العارفین رفت
ہزار افسوس کیں مہر جہاں تاب — بہ اوج عرش از فرشِ زمیں رفت
چو روز جست تاریخش زہاتف
بگفتا ''شمس اوج علم و دیں رفت''
۴۹ھ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

شکمِ مبارک (ﷺ)

کل جہاں ملک اور جو کی روٹی غذا
اس شکم کی قناعت پہ لاکھوں سلام
جو کہ عزم شفاعت پہ بھنچ کر بندھی
اس کمر کی حمایت پہ لاکھوں سلام
(حدائق بخشش۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

امام العارفین حضرت خواجہ اللہ بخش تونسوی قدس اللہ سرہ العزیز

سلسلہ چشتیہ کے نیرَ تاباں حضرت خواجہ اللہ بخش تونسوی ابن حضرت خواجہ گل محمد بن حضرت خواجہ شاہ محمد سلیمان تونسوی ماہ ذوالحجہ (۱۲۴۱ھ / ۱۸۲۶ء) میں تونسہ شریف میں پیدا ہوئے دینی تعلیم کے لئے حضرت خواجہ شاہ محمد سلیمان تونسوی نے آپ کو مولانا محمد امین کے سپرد کیا۔ انہوں نے قرآن مجید کے علاوہ فارسی نظم اور عربی صرف ونحو کی تعلیم دی، پھر حدیث کا درس دیا، باطنی تربیت خود حضرت پیر پٹھان نے فرمائی۔

ابتدائی زمانہ میں آپ شاہانہ شان وشوکت سے رہتے تھے، جب اپنے اصلی مقام پر فائز ہوئے تو پرانی ٹوپی، نیلا تہبند اور معمولی کپڑے زیب تن فرماتے تھے۔ جدامجد کے فیض تربیت سے نماز اور روزے کی محبت بچپن ہی میں حاصل ہوگئی تھی۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ عبادت و ریاضت سے لگاؤ انتہاء کو پہنچ گیا۔ حضرت خواجہ محمد سلیمان تونسوی آپ کے دینی جذبے سے بے حد خوش ہوتے تھے چنانچہ آپ نے اپنی حیات ظاہری ہی میں دلائل الخیرات شریف کا پڑھنا آپ کے سپرد کر دیا تھا۔

جب آفتاب تونسہ شریف حضرت خواجہ سلیمان تونسوی قدس سرہٗ کے روپوش ہونے کا وقت قریب آیا تو آپ نے حاضر ہوکر سر قدموں میں رکھ دیا اور عرض کیا :-

''میں آپ سے اور کچھ نہیں مانگتا، صرف یہ چاہتا ہوں کہ

Marfat.com

آپ کے فقیروں کے جوتے سیدھے کرتا رہوں۔''

یہ سنکر حضرت شیخ پر ایک کیفیت طاری ہوگئی اور فرمایا ونفخت فیہ روحی اور جان، جانِ آفریں کے سپرد کردی۔ شاہ غلام نظام الدین فرزند کالے صاحب نے حضرت خواجہ اللہ بخش کے سر پر دستار باندھ کر انہیں سجادہ شیخ پر بٹھا دیا۔

حضرت خواجہ اللہ بخش رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے جدامجد کی طرح پوری تندہی سے خلق خدا کی راہنمائی فرمائی اور سلسلہ کی اشاعت میں اپنی تمام خداداد صلاحیتوں کو صرف فرمایا۔ آپ نے سجادہ نشین ہونے کے بعد ہندوستان کے مختلف شہروں کا سفر کیا اور بزرگان دین کے مزارات پر حاضری دی، بیکانیر میں ہزاروں لوگ آپ کے مرید ہوئے۔ حضرت خواجہ حمیدالدین ناگوری رحمتہ اللہ تعالیٰ کے مزار پر حاضر ہوئے، ۱۸۵۴ء میں اجمیر شریف جاکر حضرت خواجہ بزرگ کے مزار پر حاضری دی اور دس روز اجمیر شریف میں قیام فرمایا، یہاں بھی ہزاروں لوگ حلقہ ارادت میں داخل ہوئے، پھر کشن گڑھ، جے پور، راجپوتانہ سے ہوتے ہوئے دہلی پہنچے اور حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی، حضرت خواجہ نصیرالدین چراغ دہلوی اور حضرت خواجہ فخر الدین قدست اسرار ہم کے مزارات کے علاوہ سلسلہ چشتیہ کے دوسرے اولیاء کے مقابر پر بھی حاضری دی۔

قیام دہلی کے دوران بہادر شاہ ظفر نے حاضر ہوکر شرف قدمبوسی حاصل کیا، بڑے بڑے امیر کبیر بھی آپ کی قدمبوسی کے لئے حاضر ہوئے اور محلات کی بیگمات مرید ہوئیں۔

مرزا غلام احمد قادیانی نے جب اپنے عقائد کی تشہیر شروع کی تو آپ نے اپنی جگہ بیٹھ کر نہایت سختی سے تردید فرمائی اور کوشش کی کہ مسلمانوں کا دینی احساس بیدار ہوجائے تاکہ اس قسم کی گمراہ کن تحریکوں سے متاثر نہ ہوں، حالانکہ ابھی تک مرزا نے نبوت کا دعوی نہیں کیا تھا۔

حضرت خواجہ شمس العارفین سیالوی کے حضرت خواجہ اللہ بخش تونسوی سے بڑے

Marfat.com

مخلصانہ تعلقات تھے، ایک دفعہ حضرت شمس العارفین نے ان کے بارے میں فرمایا:-

''انہوں نے نسبی شرافت وکرامت کے ساتھ ساتھ عبادت وریاضت میں سب سے آگے بڑھ کر قرب الٰہی حاصل کیا۔''

آپ کی تین فضیلتیں بہت ہی نمایاں تھیں:-

۱۔ آپ نے عرب شریف سے ایک قاری صاحب کو بلا کر اپنے مکان پر ٹھہرایا تا کہ علاقہ کے لوگ قرآن پاک کی قرأت کی تصحیح کرلیں، چنانچہ بے شمار افراد فیض قرآنی سے مستفیض ہوئے۔

۲۔ ۱۲۹۹ھ میں زیارت حرمین شریفین کے لئے گئے تو پچیس افراد آپ کے ہمراہ تھے، اس سفر میں آپ نے اپنے رفقاء اور حرمین طیبین کے خدام پر ساٹھ ہزار روپے صرف فرمائے۔

۳۔ حضرت خواجہ محمد سلیمان تونسوی قدس اللہ سرہٗ کے وصال کے بعد بہت سے لوگوں کو تشویش تھی کہ مریدین کی تربیت کون کرے گا اور وابستگان آستانہ کی ضروریات کا انتظام کون کریگا، جب حضرت خواجہ اللہ بخش سجادہ نشین ہوئے تو وہ حضرت شاہ محمد سلیمان تونسوی کی توجہ سے تمام اوصاف میں سب سے سبقت لے گئے:-

حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی قدس اللہ سرہٗ نے ایک مرتبہ فرمایا:-

''خواجہ اللہ بخش صاحب کی نظر میں اہل دنیا کی ذرہ برابر وقعت نہ تھی، آپ بے حد غریب نواز تھے، دنیاداروں کو بہت حقیر جانتے تھے، خواجہ اللہ بخش جیسا کوئی فقیر دیکھنے سننے میں نہیں آیا۔''

آپ کے تین فرزند تھے، حضرت خواجہ حافظ محمد موسیٰ، حضرت خواجہ حافظ احمد اور حضرت خواجہ حافظ محمود رحمہم اللہ تعالیٰ آپ کے مریدین اور معتقدین حدِ شمار سے باہر ہیں، شمس العلماء مولانا عبدالحق خیرآبادی آپ ہی کے مرید تھے۔

۲۹/ جمادی الاولیٰ، ۱۳/ ستمبر (۱۳۱۹ھ/۱۹۰۱ء) کو حضرت خواجہ اللہ بخش

Marfat.com

تونسوی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا وصال ہوا، تاریخ وصال یہ ہے :

'' چراغ جہاں بجھ گیا ہے۔ ۱۳۱۹ھ '' ۵۰

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

کلمہ طیبہ کی فضیلت

اول جمیع اوراد کا سرتاج کلمہ طیبہ ہے جو شخص ستر ہزار ایک جلسہ میں پڑھے دعا اس کی قبول ہوتی ہے اور شیخ محی الدین ابن عربی قدس اللہ سرہ نے فتوحات مکیہ میں فرمایا ہے کہ حضرت انس سے مروی ہے کہ حضرت ﷺ نے فرمایا جس نے ستر ہزار کلمہ طیبہ پڑھا ہو یا کسی نے پڑھ کر ملک کیا ہو۔ وہ جنت میں داخل کیا جائے گا۔ اس حدیث کو حافظ نجم الدین غیطی نے بھی اس عنوان سے بیان فرمایا ہے کہ شیخ ابو العباس قصاب نے اس حدیث کو عجیب قصہ میں صحیح یقین کر لیا ہے۔ کہ ان کے خادم کی والدہ فوت ہوگئی جب اس کو خبر وفات والدہ ہوئی تو وہ بیہوش ہو گیا ابو العباس نے ستر ہزار بار کلمہ شریف اس کی ماں کو بخشا۔ تب وہ خادم ہوش میں آ گیا۔ شیخ نے پوچھا کہ تو بیہوش کیوں ہو گیا تھا اور پھر ہوش میں کیسے آیا؟ اس نے عرض کی کہ جب ماں کی وفات کی خبر میں نے سنی تو مراقبہ کیا دیکھا کہ فرشتے اس کو دوزخ میں لے گئے ہیں۔ میں بیہوش ہو گیا اب ناگہاں کیا دیکھتا ہوں کہ فرشتے اس کو دوزخ سے نکال کر بہشت میں لے گئے پس میں ہوش میں آ گیا اور خوش ہوں۔

(اسلام کی ۱۱ کتابیں۔۔ حضرت علامہ غلام قادر بھیروی رحمتہ اللہ علیہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت سید شاہ ابوالحسین احمد نوری مارہروی قدس اللہ سرہٗ

کوکب کون و مکاں، نو بہار بوستان، صاحبِ دور زماں، وارث پیغمبراں، افتخار دودماں، شاہباز لا مکان، قبلہ گاہ قدسیاں، مالک گنج نہاں، صاحبِ بختِ جواں حضرت نوری میاں قدس اللہ سرہٗ کی ولادت باسعادت بمقام مارہرہ مطہرہ (ضلع ایٹہ، یوپی) ۱۹ / شوال ۱۲۵۵ھ (۲۶ / دسمبر ۱۸۳۹ء) بروز پنجشنبہ ہوئی۔ تاریخی نام مظہر علی ہے۔ والد ماجد کا اسم شریف سید شاہ ظہور حسن رحمتہ اللہ علیہ تھا جو حضور خاتم الاکابر سید شاہ آل رسول احمدی قدس اللہ سرہٗ کے خلف اکبر تھے۔ والدہ ماجدہ اکرام فاطمہ بنت سید دلدار حیدر ابن سید منتجب حسین قدس اسرارہم۔

سرکار نور کا سن شریف ڈھائی سال کا تھا کہ حضور کی والدہ ماجدہ نے انتقال فرمایا اور آپ کی پرورش و کفالت دادی حضور بی بی صاحبہ نثار فاطمہ اور دادا حضرت شاہ آل رسول قدس سرّہم نے اپنے ذمے لے لی۔ صرف ایک یہی ذات نوری تھی جن کی تربیت و تکمیل کا اہتمام خاتم الاکابر قدس اللہ سرہٗ نے خود برداشت فرمایا تھا۔ جگر کے ٹکڑے کو ہر وقت پیش نظر رکھتے۔ شب و روز باتوں باتوں میں تعلیم و تلقین فرماتے۔

میاں صاحب کا گیارہواں سال تھا کہ والد ماجد شاہ ظہور حسن نے ۲۶ / جمادی الاول ۱۲۶۶ھ کو دھاری (کاٹھیاواڑ) میں انتقال فرمایا۔ اس وقت جدمکرم حضور خاتم الاکابر قدس سرہٗ نے مجاہدات سلوک و ریاضات طریقہ شروع کرادیں۔ حضور خاتم الاکابر فرماتے۔ ان کو عیش و آرام سے کیا

Marfat.com

کام، یہ کچھ اور ہیں اور ان کو کچھ اور ہونا ہے۔ یہ سات اقطاب میں سے ایک قطب ہیں جن کی بشارت حضرت بوعلی شاہ قلندر پانی پتی رحمتہ اللہ علیہ اور حضرت شاہ بدیع الدین قطب مدار رحمتہ اللہ علیہ نے دی ہے اور یہی اس سلسلہ بشارت کے خاتم ہیں خود سرکار نور قدس سرہٗ کی فطری قابلیت قابل ستائش تھی کہ ہر بات سے ایک عمدہ نتیجہ اخذ فرماتے خصوصاً اپنے جد اکرم و پیر و مرشد قدس سرہٗ کے عادات و اقوال میں نہایت غور فرماتے اور اشارات میں ہدایات کا سبق حاصل فرماتے۔ نہ سرکار نور کے سوال و طلب و تعطش میں کمی ہوتی تھی نہ خاتم الاکابر تعلیم و تربیت میں توقف فرماتے تھے۔

اور جب حضور خاتم الاکابر نے حضرت نوری میاں صاحب کو اپنے جیسا بنا دیا تو اجازت عام و خلافت تام عطا فرمائی۔

حضرت نوری میاں صاحب قبلہ نے قرآن کریم، صرف و نحو، فقہ و اصول منطق، حدیث، تفسیر نیک استادوں اور عمدہ عالموں سے پڑھی، علوم ظاہری مولوی شاہ تراب علی صاحب لکھنوی و مولوی فضل اللہ صاحب جلیسری و مولوی نور احمد صاحب بدایونی و مولوی محمد سعید صاحب بدایونی و مولوی عبدالقادر صاحب بدایونی و مولوی فضل رسول صاحب بدایونی و مولوی احمد حسن صاحب صوفی مراد آباد و مولوی حسین شاہ صاحب بخاری رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے پڑھے۔ علوم باطنیہ کے اساتذہ میں سرعنوان نام پاک حضور خاتم الاکابر سید شاہ آل رسول احمدی قدس سرہٗ زینت افزا ہے چھوٹے دادا حضرت سید شاہ غلام محی الدین عرف امیر عالم صاحب قدس سرہٗ سے اوراد و اشغال خاندانی کی اجازت پائی قواعد فن تکسیر بھی سیکھے۔ حضرت شاہ شمس الحق عرف تنکا شاہ رحمتہ اللہ علیہ مرید و خلیفہ حضور اچھے میاں صاحب قدس سرہٗ سے بعض فوائد تکسیر و اعمال احضار و دفع جنات اور فن عمل

Marfat.com

کے حقائق حاصل فرمائے۔ مفتی سید عین الحسن صاحب بلگرامی اور مولوی احمد حسن صاحب مراد آبادی سے بعض فوائد علم تصوف حاصل فرمائے۔ حضرت حافظ شاہ علی حسین مراد آبادی رحمتہ اللہ علیہ خلیفہ حضور خاتم الاکابر سے اجازت عمل حرز یمانی اور سلسلہ قادریہ منوریہ اور سند تسبیح ملی۔

سرکار نور قدس سرہٗ کی ریاضت کا یہ حال تھا کہ ابھی عمر شریف سات برس سے زیادہ نہ تھی کہ حضور خاتم الاکابر کے حکم کے مطابق آپ صوم و خلوت و ذکر و اشغال میں مصروف رہتے۔ اٹھارہ سال تک ذکر جلالی و جمالی و خلوت میں رہے اور سلوک باقاعدہ ختم فرما کر فنائے معنوی سے بقائے حقیقی تک فائز ہوئے۔ دربار نوری کی وہ شان کہ فوائد جلیلہ دینیہ بیان ہو رہے ہیں اور ہر مسئلہ شرعی کو اس اسلوب اور وضاحت سے ارشاد فرمایا جا رہا ہے کہ ہر عامی کے ذہن نشین ہو رہا ہے۔ بعض مسائل کی تحقیق میں سوالات روانہ فرما رہے ہیں کبھی خود بھی سفر فرما رہے ہیں۔ کتب تصوف وسلوک وعقائد مطالعہ میں ہیں کبھی ان میں سے مختلف فوائد انتخاب فرما رہے ہیں۔

سرکار نور کے دربار میں ہمیشہ غرباء و فقرا کا مجمع رہتا۔ غرباء کی جماعت ہر وقت باریاب خدمت ہوکر عرض احوال کرسکتی اور کامیاب اٹھتی۔ اکثر غرباء خدام کے مکانوں پر قیام فرماتے قبول دعوت میں ہمیشہ امراء پر غرباء کو ترجیح دیتے۔ امراء جو خاندان کے مرید تھے ہمیشہ کوشش کرتے کہ حضور ان کے مکان پر رونق افروز ہوں لیکن بہت کم ایسا اتفاق ہوتا۔ جن امراء کی بیعت نہ ہوتی ان کے یہاں ہرگز تشریف نہ لے جاتے۔

حضرت سید شاہ ابوالحسین احمد نوری قدس اللہ سرہ العزیز کی تصانیف میں سے:

۱۔ العسل المصطفی فی عقایدار باب سنة المصطفی

Marfat.com

۲ ۔ سوال و جواب

۳۔ اشتہار نوری

۴. تحقیق التراویح

۵. دلیل الیقین من کلمات العارفین

۶. عقیدہ اہل سنت نسبت محاربین جمل و صفین و نہروان

۷. لطائف طریقت کشف القلوب

۸. النور و البہاء فی اسانید الحدیث و سلاسل الاولیاء

۹. سراج العوارف فی الوصایا و المعارف

۱۰. الجفر

۱۱. النجوم

۱۲. تخییل نوری

ان کے علاوہ سرکار نور نے صلوۃ غوثیہ، صلوۃ معینہ، مجموعہ صلوۃ نقشبندیہ، صلوۃ صابریہ، صلوۃ ابی العلائیہ، صلوۃ مداریہ، صلوۃ الاقربا، صلوۃ المرضیہ الفقراء المارہرویہ وغیرہ شجرے مرتب فرمائے۔ آخری تصنیف حضور کی اسرار اکابر برکاتیہ ہے جو صدہا نکات و اسرار عجیبہ پر مشتمل ہے۔ مجموعہ ہائے اعمال واشغال کا تو کوئی شمار ہی نہیں۔

شنبہ ۱۱ / رجب ۱۳۲۴ھ / ۳۱ / اگست ۱۹۰۶ء تاریخ وصال ہے۔ سال وفات ''خاتم اکابرِ ہند'' سے نکلتا ہے۔

اعلیٰحضرت فاضل بریلوی امام احمد رضا خان قادری قدس اللہ سرہٗ آپ کے خلیفہ اعظم تھے۔ [۵۱]

حضرت سیدی قطب مدینہ علامہ ضیاء الدین احمد قادری رضی اللہ عنہ تین مرتبہ آپ کی زیارت وصحبت سے مستفیض ہوئے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت شاہ فضل رحمٰن رضی اللہ عنہ گنج مرادآبادی

حضرت شاہ فضل رحمٰن گنج مرادآبادی ۲۱ / رمضان ۱۲۰۸ھ کو سندیلہ میں پیدا ہوئے آپ کے والد کا اسم گرامی حضرت شاہ اہل اللہ تھا جو حضرت شاہ عبدالرحمٰن لکھنوی کے مرید تھے۔ اور حضرت گنج مرادآبادی کا نام آپ کے والد کے پیر و مرشد نے فضل رحمٰن تجویز فرمایا۔ جس سے آپ کی تاریخ ولادت نکلتی ہے۔ حضرت شاہ فضل رحمٰن گنج مرادآبادی نے مولانا نورالحق بن مولانا انوارالحق فرنگی محلی سے ابتدائی کتب درسیہ لکھنؤ میں پڑھیں اور پھر دہلی کا سفر اختیار کیا۔ جہاں حدیث شریف کی تعلیم حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اور حضرت شاہ محمد اسحٰق محدث دہلوی سے حاصل کی۔ آپ کے ہم درس طلبہ میں مرزا حسن علی محدث لکھنوی، مولانا حسین احمد ملیح آبادی اور مولانا عبدالصمد بھی شامل تھے۔ آپ نے شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی سے حدیث مسلسل بالاولیۃ پڑھی اور سند حاصل کی جبکہ مولانا شاہ محمد اسحٰق سے حدیث کی مکمل تعلیم حاصل کی۔ بعد میں آپ سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کے شہر آفاق بزرگ حضرت شاہ محمد آفاق کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ سلوک کی تعلیم حاصل کی اور بیعت و خلافت سے سرفراز ہوئے۔ آپ کے مرشد نے آپ کو علامہ محمد ابن جزری کی کتاب حصن حصین پڑھائی اور اس کے پڑھنے اور پڑھانے کی اجازت عطا فرمائی۔ حضرت شاہ محمد آفاق آپ سے بے پناہ محبت فرماتے تھے اور بیشتر آپ کے مرشد نے آپ کی اقتداء میں نماز ادا کی۔

Marfat.com

حضرت شاہ فضل رحمٰن گنج مراد آبادی کو علم حدیث سے خصوصی شغف تھا اور معقولات کے شدید مخالف تھے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ سے ارادت رکھنے والوں نے علم حدیث کے فروغ کی جانب زیادہ توجہ دی۔ مولانا محمد علی مونگیری اپنی کتاب ارشاد رحمانی میں لکھتے ہیں کہ :-

طلب علمی کے زمانہ میں جب میری ملاقات شاہ فضل رحمٰن سے ہوئی تو مجھ سے دریافت فرمایا کہ تم کیا پڑھتے ہو۔ میں نے کہا کہ قاضی مبارک۔ ارشاد ہوا استغفر اللہ۔ نعوذ باللہ قاضی مبارک پڑھتے ہو۔ اس سے کیا حاصل۔ ہم نے فرض کیا کہ منطق پڑھ کر قاضی مبارک کے مثل ہو گئے۔ پھر کیا۔ قاضی مبارک کی قبر پر دیکھو کیا حال ہے؟ کوئی فاتحہ پڑھنے والا بھی نہیں اور ایک بے علم کی قبر پر جاؤ جس کو خدا سے نسبت تھی اس پر کیسے انوار و برکات ہیں۔

مولانا عبدالکریم گنج مرادآبادی فرماتے ہیں حدیث کے مطالعہ سے انبیاء اور اولیاء کے قلوب کے انوار و برکات جو اس میں ہیں قلب پر اثر کرتے ہیں مطالعہ حدیث سے استغفار اور خوف خدا پیدا ہوتا ہے اور خلق خدا کی رہنمائی میں مدد ملتی ہے جبکہ معقولات کے مطالعہ سے کلمات کفریہ زبان سے نکلتے ہیں۔ نفس موٹا پڑتا ہے اور کدورت پروان چڑھتی ہے۔

حضرت شاہ فضل رحمٰن گنج مرادآبادی صحاح ستہ موطا امام مالک اور حصن حصین پڑھانے پر خاص قدرت رکھتے تھے۔ شاہ صاحب کے مجاہدۂ باطنی اور علم و عرفان کی شہرت ایسی عام تھی کہ لوگ دور و نزدیک سے جوق در جوق آپ کی زیارت کے لئے گنج مرادآباد پہنچا کرتے تھے۔ تذکرہ علماء ہند کے مصنف مولانا رحمان علی لکھتے ہیں کہ حضرت مولانا کے اوصاف حمیدہ اور خصائص پسندیدہ ایسے نہیں ہیں کہ زبان بریدہ قلم بے بنیاد کاغذ پر ان میں سے تھوڑے بھی لکھ سکے۔ اور انسان ضعیف البیان کی کیا مجال ہے

Marfat.com

کہ ان کا عشر عشیر بھی بیان کر سکے۔

حضرت شاہ مانا میاں قادری چشتی پیلی بھیتی (نبیرۂ حضرت محدث سورتی) نے اپنی کتاب سوانح حیات اعلیٰ حضرت بریلوی میں لکھا ہے کہ عظیم البرکت اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی ۱۳۱۱ھ میں پہلی مرتبہ حضرت مولانا فضل رحمٰن گنج مرادآبادی کی زیارت کے لئے گنج مرادآباد تشریف لے گئے تھے اس سفر میں آپ کے ہمراہ مولانا وصی احمد محدث سورتی علیہ الرحمہ، مولوی حکیم خلیل الرحمٰن خان تلمیذ، مولوی لطف اللہ علی گڑھی، قاضی خلیل الدین حسن رحمانی المعروف حافظ پیلی بھیتی، اور استاذ الزمن مولانا احمد حسن کانپوری شامل تھے۔ اس زمانہ میں ریل گنج مراد آباد کے لئے نہیں چلی تھی۔ ہردوئی، اناؤ یا بالامیؤ سے لوگ بیل گاڑی میں بیٹھ کر جایا کرتے تھے۔ اعلحضرت اپنے احباب کے ساتھ بالامیؤ اسٹیشن سے بیل گاڑی کے ذریعہ گنج مرادآباد تشریف لے گئے۔ حضرت شاہ فضل رحمٰن کو آپ کی آمد کی اطلاع مل چکی تھی۔ لہذا آپ نے مریدین کے ساتھ قصبہ سے باہر تشریف لاکر اعلحضرت کو خوش آمدید کہا۔ تین دن سے زائد اعلیٰ حضرت گنج مرادآباد میں مقیم رہے۔ اس ملاقات کا تذکرہ شاہ فضل الرحمٰن کے موجودہ سجادہ نشین مولانا افضال الرحمٰن نے اپنی تالیف ''افضال رحمانی'' میں بھی کیا ہے۔ اور ملاقات کی تاریخ ۲۹/ رمضان ۱۲۹۲ھ بیان کی ہے۔

شاہ فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی کا وصال ۲۲/ ربیع الاول ۱۳۱۳ھ میں تقریباً ۱۰۵ سال کی عمر میں ہوا۔ گنج مرادآباد میں آپ کا مزار آج بھی مرجع عقیدت ہے اور ہر سال عرس منعقد ہوتا ہے۔ جس میں دور دراز سے ہزاروں عقیدت مند شرکت کرتے ہیں۔ حضرت شاہ فضل الرحمٰن کے تلامذہ میں ممتاز اسمائے گرامی یہ ہیں۔ مولانا عبدالکریم گنج مرادآبادی۔ مولانا

Marfat.com

محمد علی مونگیری، مولانا احمد میاں گنج مراد آبادی، مولانا وصی احمد محدث سورتی، مولانا ابو سعید رحمانی فتح پور ہسوہ، مولانا ابرار احمد رحمانی رئیس اعظم مراد آباد، حضرت مولانا قادر علی رامپوری، جد امجد مولانا ہدایت رسول رامپوری۔ پیر سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری، مولانا دیدار علی محدث الوری لاہوری، مولانا ظہور الاسلام فتحپوری، مولانا تجمل حسین بہاری۔ ۵۲

حضرت سیدی و مرشدی شیخ ضیاء الدین احمد قادری قدس اللہ سرہٗ آپ کے آخری ایام میں آپ کی زیارت سے بہرہ ور ہوئے اور آپ کی نماز جنازہ میں شرکت کی سعادت بھی حاصل فرمائی حضرت سیدی قدس سرہٗ آپ کے زہد و تقوی کے بے حد مداح تھے آپ ہی کی عقیدت و محبت کی بنا پر اپنے لخت جگر کا نام آپ کے نام پر فضل الرحمٰن منتخب فرمایا۔

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

قد و قامت مبارک (ﷺ)

قدِ بے سایہ کے سایۂ مرحمت
ظلِ ممدُود رافت پہ لاکھوں سلام
طائرانِ قدس جس کی ہیں قُمریاں
اس سہی سرو قامت پہ لاکھوں سلام
جس کے آگے سرِ سروراں خم رہیں
اُس سرِ تاجِ رفعت پہ لاکھوں سلام

(حدایق بخشش۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سید محمد مصطفیٰ ماء العینین قدس اللہ سرہ العزیز

سید ابوالانوار سیدی محمد مصطفیٰ ماء العنین بن محمد فاضل بن مامین الحسنی الادریسی الشنقیطی القلقمی ۱۲۴۶ھ / ۱۸۳۰ء کو قبیلہ القلا قمہ جو کہ عرب شنقیط میں سے ہے شہر ''حوص'' میں پیدا ہوئے۔ ملوک مغرب کے وفد کے ہمراہ حج کے لئے سفر کئے۔ آپ ان سے بہت راضی تھے۔

تمام زندگی حدیث شریف کی خدمت میں مشغول رہے۔ نعت اور سیرت پر آپ کو بہت ملکہ حاصل تھا۔ علم خواص الاسماء والجدول اور الدوائر والاوفاق میں اس وقت آپ سے بڑھ کر اور کوئی جاننے والا نہ تھا۔ سرالحروف میں امامت کے درجہ پر فائز تھے۔ آپ سے علم حاصل کرنے کے لئے لوگ جوق در جوق آتے تھے۔ علم شریعت وطریقت میں اپنی مثال آپ تھے اور اس وقت سیاسی وسعت میں بے مثال تھے۔

آپ کی بہت ساری موئفات ہیں۔ ان میں سے چند ایک کے اسماء مندرجہ ذیل ہیں۔

۱) شرح رموز الحدیث
۲) نعت البدایات وتوصیف النہایات
۳) تبیین الغموض علی النظم المسمی بنعت العروض
۴) مغری الناظر والسامع علی تعلم العلم النافع
۵) مبصر المتشوف فی التصوف

Marfat.com

۶) دلیل الرفاق علی شمس الاتفاق۔۱۳ اجزاء
۷) مذھب المخوف علی داعوات الحروف
۸) المرافق علی الموافق
۹) مفید الحاضرہ والبادیۃ
۱۰) مجموع جو کہ ان رسائل پر مشتمل ہے۔
ا) قرۃ العینین فی الکلام علی الرویۃ فی الدارین
ب) الایضاح بض الاصطلاح
ج) مایتعلق بمسائل التیمم
د) سہل المرتقی فی الحث علی التقی
ھ) فاتق الرتق علی راتق الفتق

اس وقت فرانسی اور اسپانی استعمارین جو مغرب میں موجود تھے ان کے ساتھ مقابلہ کرنے کے بہت سے مقام و مواقع تھے۔ مغربی عوام نے آپ پر بھرپور اعتماد کیا، یہ آپ کی زندگی کا آخری سال تھا۔ آپ نے جہاد کی قیادت سنبھال لی۔ فوج جمع کی جس میں آپ کے تلامذہ اور آپ سے وابستہ لوگ تھے۔ الرقیبات، دلیم، ابی السباع، النکنہ والشلوح اور السوس کے تمام قبائل شامل تھے۔ آپ نے فاس کی طرف رخ کیا جو اس وقت دارالخلافہ تھا محاذ جنگ کا معائنہ کیا۔ سمندر کے کنارے انچائی پر محاذ قائم کیا اور فوج کو جنگ کرنے کا حکم دیا۔

فرانسیوں نے اپنے سخت ترین دشمن سیدی ماء العینین رضی اللہ عنہ کی طرف ارھابیوں کو دار البیضا روانہ کیا، پھر جب سیدی نادلہ پہنچے تو فرانسیوں نے رات کے اندھیرے میں آپ پر حملہ کر دیا اور آپ کو گھیرے میں لے لیا مگر اللہ تعالیٰ نے آپ کی حفاظت فرمائی۔ اس وجہ سے فرانسیسوں اور اہل نادلہ کے درمیان جنگ چھڑ گئی۔ اسی دوران آپ بیمار ہو گئے تو شہر تزنیت کا سفر کیا۔ جو جنوب اغادیر سے ۹۵ کلومیٹر اور افنی سے ۶۰ کلومیٹر دور ہے۔
سنہ ۱۳۲۸ھ / سنہ ۱۹۱۰ء میں وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے۔ رضی اللہ عنہ ۵۳

Marfat.com

آپ کی اولاد میں سے سید احمد الھیبہ ، الشیخ النعمۃ ، الشیخ امربیہ ربوزیادہ معروف ہیں۔ حضرت شیخ احمد الشّمس قادری شنقیطی آپ کے شاگرد ، مرید و خلیفہ اور داماد تھے جو محدث حجاز کے لقب سے معروف تھے، حجاز مقدسہ کے اکثر محدثین آپ کے تلامذہ میں سے ہیں۔

قطب مدینہ سیدی ضیاء الدین احمد قادری قدس اللہ سرہ النورانی اور حضرت سید کامل مہدی مغربی بھی آپ کے شاگردوں اور خلفاء میں سے ہیں۔

سیدی قطب مدینہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

''اعلحضرت رضی اللہ عنہ جب پہلی مرتبہ ۱۲۹۵ھ میں حج کے لئے گئے تو مکہ شریف میں آپ کی سیدی ماء العینین سے ملاقات ہوئی تھی۔''

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

پسینہ مبارک (ﷺ)

شبنم باغ حق یعنی رُخ کا عرق

اس کی سچی براقت پہ لاکھوں سلام

بھینی بھینی مہک پر مہکتی درود

پیاری پیاری نفاست پہ لاکھوں سلام

(حدایق بخشش۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com



مصطفى بن محمد فاضل . . ماء العينين

اللوحة مستعارة من مجلة « صحراء المغرب » ويقرأ السطران الأخيران منها : كوبته عبيد ربه وأسير ذنبه ماء العينين بن شبخه الشيخ محمد فاضل بن مأمين غفر الله لهم وللمسلمين آمين . أواخر رجب الفرد عام ١٣٠٢ .

المباني (كما وصفها في مقدمة الشرح) رأيته في الخزانة العامة بالرباط « د ٣٨٤ » واسمه على هذه النسخة « محمد مصطفى الشريف الحسني الإدريسي الملقب ماء العنين » [1] .

تحرير حضرت محمد مصطفیٰ ماء العینین قدس اللہ سرہ العزیز

Marfat.com



زاوية الشيخ ماء العينين : بقايا المسجد

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

غوث الاسلام والمسلمین پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی قدس اللہ سرہ العزیز

ماہ شریعت مہر طریقت حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی ابن حضرت مولانا پیر سید نذر الدین شاہ قدس سرہما یکم رمضان ۱۲۷۵ھ/۱۸۵۹ء بروز سوموار گولڑہ شریف ضلع راولپنڈی میں پیدا ہوئے۔ آپ کا سلسلہ نسب ۲۵ واسطوں سے حضرت سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ اور ۳۶ واسطوں سے حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ہے۔

قرآن مجید پڑھنے کے بعد مولانا غلام محی الدین ہزاروی سے کافیہ تک کتابیں پڑھیں، پھر بھوئی ضلع راولپنڈی میں مولانا محمد شفیع قریشی کے مدرسہ میں داخل ہوئے اور نحو و اصول کی متوسط کتب کے علاوہ منطق میں قطبی پڑھی، بعد ازاں اکثر و بیشتر کتب انگہ ضلع سرگودھا میں مولانا سلطان محمود سے پڑھیں اور کانپور میں مولانا احمد حسن کانپوری کی خدمت میں حاضر ہوئے اس وقت مولانا احمد حسن کانپوری سفر حرمین طیبین کے لئے تیار تھے، اس لئے آپ نے استاذ الکل مولانا لطف اللہ علی گڑھی کی خدمت میں حاضر ہو کر معقول اور ریاضی کی کتب عالیہ کا درس لیا۔ مولانا احمد علی سہارنپوری محشی بخاری سے درس حدیث لیا اور ۱۲۹۵ھ/۱۸۷۸ء میں سند حدیث حاصل کی۔ سلسلہ عالیہ چشتیہ میں حضرت خواجہ شمس العارفین سیالوی قدس سرہٗ کے دست اقدس پر بیعت ہوئے اور خلافت و اجازت سے مشرف ہوئے۔

تکمیل علوم کے بعد ایک عرصہ تک درس و تدریس کے ذریعہ تشنگان

Marfat.com

علوم کو سیراب کیا۔ شیخ اکبر محی الدین ابن عربی قدس اللہ سرہٗ کے نظریہ وحدۃ الوجود کے زبردست حامی اور مبلغ تھے، اس سلسلے میں علامہ اقبال کا ایک مکتوب بڑی اہمیت رکھتا ہے :-

لاہور ۸/۱ اگست ۱۹۳۳ء

مخدوم ومکرم حضرت قبلہ ۔ السلام علیکم

جناب کی وسعت اخلاق پر بھروسہ کرتے ہوئے یہ چند سطور لکھنے کی جرأت کرتا ہوں کہ اس وقت ہندوستان بھر میں کوئی اور دروازہ نہیں جو پیش نظر مقصد کے لئے کھٹکایا جائے۔

میں نے گذشتہ سال انگلستان میں حضرت مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ پر ایک تقریر کی تھی جو وہاں کے ادا شناس لوگوں میں بہت مقبول ہوئی، اب پھر ادھر جانے کا قصد ہے اور اس سفر میں حضرت محی الدین ابن عربی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ پر کچھ کہنے کا ارادہ ہے، نظر بایں حالات چند امور دریافت طلب ہیں، جناب کے اخلاق کریمانہ سے بعید نہ ہوگا اگر ان سوالوں کا جواب شافی مرحمت فرمایا جائے۔

۱۳۰۷ھ/۱۸۹۰ء میں حرمین شریفین کی زیارت کے لئے گئے تو حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی قدس سرہٗ آپ کے ہمراہ تھے۔ مکہ مکرمہ میں مولانا رحمت اللہ مہاجر مکی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ بانی مدرسہ صولتیہ مکہ مکرمہ سے ملاقات ہوئی تو وہ آپ کے علم وفضل سے بہت متاثر ہوئے۔ مولانا محمد غازی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نائب مدرس مدرسہ صولتیہ آپ کے علم وفضل و کمال کے اتنے گرویدہ ہوئے کہ ہمیشہ کے لئے گولڑہ شریف آ گئے۔

مدینہ طیبہ کے سفر میں وادی حمراء میں ڈاکوؤں کے خطرے کی بنا پر حضرت، عشاء کی سنتیں ادا نہ کر سکے، خواب میں حضور سید عالم ﷺ کے جمال جہاں آرا سے مستفیض ہوئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا:

Marfat.com

''آل رسول را نباید کہ ترک سنت کند''

حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی قدس اللہ سرہٗ نے عمر بھر شریعت وطریقت کی بے مثال خدمات انجام دیں، مسلک اہل سنت کی حمایت اور بدمذہبوں کی سرکوبی پر خاص طور پر توجہ فرمائی، مولانا فیض احمد گولڑوی لکھتے ہیں :-

''حضرت نے امکان کذب باری تعالیٰ کو محال، علم غیب عطائی اور سماع موتے کو برحق اور ندائے یارسول اللہ (ﷺ) زیارت قبور، توسل و استمداد انبیاء واولیاء علیہم السلام اور ایصال ثواب کو جائز قرار دیا۔''

آپ کی مساعی جمیلہ نے فتنہ قادیانیت کی سازشوں پر پانی پھیر دیا۔ ۱۳۱۷ھ/۱۹۰۰ء - ۱۸۹۹ء میں آپ نے شمس الہدایہ لکھ کر حیات مسیح علیہ السلام پر زبردست دلائل قائم کئے، مرزا قادیانی ان دلائل کا جواب تو نہ دے سکے البتہ مناظرے کا چیلنج دے دیا۔ ۲۵ رجولائی ۱۹۰۰ء کی تاریخ برائے مناظرہ طے پائی۔ حضرت پیر صاحب اور علماء کی بہت بڑی جماعت مقررہ تاریخ پر شاہی مسجد لاہور میں پہنچ گئی لیکن مرزائے قادیانی کو سامنے آنے کی جرأت نہ ہوسکی۔ اس خفت کو مٹانے کے لئے ۱۵ ردسمبر ۱۹۰۰ء کو سورہ فاتحہ کی تفسیر اعجاز المسیح کے نام سے عربی زبان میں شائع کی جس کے بارے میں مرزا کذاب یہ تاثر دے رہے تھے یہ الہامی تفسیر ہے، حضرت پیر صاحب نے ۱۹۰۲ء میں سیف چشتیائی لکھ کر شائع فرمادی جس میں مرزا صاحب کی عربی دانی کی قلعی کھول دی اور قادیانی دعوؤں کی دھجیاں بکھیر دیں، یہ کتاب آج تک لاجواب ہے۔

اسی طرح جب وہابیت نے پر پرزے نکالنے شروع کئے اور سواد اعظم اہل سنت کے خلاف ریشہ دوانیاں شروع کیں تو آپ نے ان کا سختی سے محاسبہ فرمایا، مولوی عبدالاحد خانپوری وہابی، آپ کی وہابیت کش پالیسی پر

Marfat.com

بڑے برہم رہتے تھے چنانچہ انہوں نے ایک رسالے میں دس علمی سوال لکھ کر حضرت کو جواب دینے کی دعوت دی۔ آپ نے الفتوحات الصمدیہ میں ان سوالات کے جوابات دے کر بارہ سوالات اپنی طرف سے پیش کئے جن کا جواب مولوی عبدالاحد خانپوری بلکہ ان کی تمام جماعت سے نہ بن سکا۔ اعلاء کلمتہ اللہ (نذر و نیاز، سماع موتی، استمداد وغیرہ مسائل پر لاجواب کتاب) بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔

تقویۃ الایمان میں مولوی اسمعیل دہلوی کی روش پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں :-

''الحاصل کاملین کی ارواح اور بتوں میں ظاہر و باہر فرق ہے لہذا بتوں کے بارے میں وارد ہونے والی آیات کو انبیاء و اولیاء پر چسپاں کرنا جیسا کہ ''تقویۃ الایمان'' میں، قبیح تحریف اور بدترین تخریب ہے۔''

آپ کے خلاف وہابیوں کے مشتعل ہونے کا ایک سبب یہ بھی تھا کہ آپ نے سیف چشتیائی میں مدعیان نبوت کا ذکر کرتے ہوئے مسیلمہ کذاب اور مرزائے قادیانی کے ساتھ ساتھ محمد بن عبدالوہاب نجدی کو بھی شمار کر دیا تھا۔

حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی شریعت وطریقت کے راہنما تھے۔ انہوں نے ملکی سیاست میں حصہ نہیں لیا لیکن جب تحریک خلافت اٹھی تو آپ نے کسی کی پروا کئے بغیر شرعی نقطۂ نظر کو وضاحت سے پیش کیا، ترکی سلطنت کو خلافت اسلامیہ کا درجہ نہیں دیتے تھے تاہم آپ کی تمام ہمدردیاں ترکی مسلمانوں کے ساتھ تھیں چنانچہ طرابلس اور بلقان کی جنگ کے موقع پر گھر کے زیورات اور اصطبل کے گھوڑے تک فروخت کر کے قیمت چندہ میں دے دی تھی۔ تحریک ہجرت کے بارے میں فرمایا کہ اس غیر شرعی ہجرت کا نتیجہ

Marfat.com

خراب نکلے گا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ آپ نے ذبیحۂ گاؤ کی ممانعت کو ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا، کانگرسی لیڈروں نے جب انگریز سے ترک موالات پر زور دیا تو فرمایا :

یہود اور مشرکین کی عداوت قرآن شریف میں صراحتۂ مذکور ہے پس ترک موالات ہندو اور انگریز اور یہود سب سے ہونی چاہئے تفریق اور ترجیح بلا مرجح (یعنی انگریز سے مقاطعہ اور ہندو سے دوستی) ٹھیک نہیں ہے۔

آپ کی محققانہ تصانیف کے نام یہ ہیں :-

۱۔ سیف چشتیائی
۲۔ شمس الہدایہ
۳۔ تحقیق الحق
۴۔ عجالہ بردوسالہ
۵۔ الفتوحات الصمدیہ
۶۔ اعلاء کلمتہ اللہ فی بیان ما اہل بہ لغیر اللہ
۷۔ فتاوی مہریہ

۲۹/ صفر، ۱۱/ مئی (۱۳۵۶ھ/ ۱۹۳۷ء) بروز سہ شنبہ آپ کا وصال ہوا، گولڑہ شریف میں آپ کے مزار مبارک کا گنبد دور سے دعوت نظارہ دیتا ہے، ہر سال آپ کے عرس کے علاوہ حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا عرس بڑی عقیدت سے منایا جاتا ہے۔ [۵۴]

حضرت سیدی قطب مدینہ ضیاء الملت والدین قدس اللہ سرہٗ حضرت پیر صاحب رضی اللہ عنہ کی بہت تعریف فرمایا کرتے۔ فرماتے !

''حضرت قبلہ عالم پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی رضی اللہ عنہ کے درس تصوف میں فقیر حاضر ہوتا رہتا تھا، آپ کو فصوص الحکم اور فتوحات مکیہ کی شرح میں درجۂ کمال حاصل تھا، مثنوی شریف پڑھنے کا خوب انداز تھا، ظاہری و باطنی علوم کے عالم تھے ایسے صوفی دنیا میں کم دیکھنے میں آتے ہیں۔ سیدنا اعلحضرت عظیم البرکت رضی اللہ عنہ کی

Marfat.com

مجالس میں حضرت پیر صاحب کا تذکرہ ہوتا رہتا تھا۔ سیدنا اعلیٰحضرت رضی اللہ عنہ مرزا قادیانی کذاب کے رد میں آپ کے مجاہدانہ کارناموں سے بے حد خوش تھے۔''

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

عرض: حضور دعا کے وقت اگر کسی شخص کے ہاتھ سردی کی وجہ سے ڈھکے رہیں تو کیسا ہے؟

ارشاد: ایک بزرگ شاید حضرت ذوالنون مصری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے دعا میں سردی کے سبب صرف ایک ہاتھ نکالا تھا الہام ہوا ایک ہاتھ اٹھایا ہم نے اس میں رکھ دیا جو رکھنا تھا دوسرا اٹھاتا تو اسے بھی بھر دیتے۔

عرض: دعا ہر وقت مقبول ہوتی ہے؟

ارشاد: حدیث شریف میں ہے اللہ تعالیٰ حیا والا کرام والا ہے اس سے شرم فرماتا ہے کہ اس کا بندہ اس کی طرف ہاتھ اٹھائے اور انہیں خالی پھیر دے اور فرمایا جو دعا نہ مانگے اللہ تعالیٰ اس پر غضب فرماتا ہے۔

(ملفوظات۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی خاتم النبیین ورحمۃ للعالمین واہل بیتہ ومترتہ الطاہرین
واصحابہ الکرام والذین استقوم بہاں الی یوم الدین اما بعد رسالہ انوار قادریہ میری ملاحظہ سے گذرا
جو کہ شائقین معتقدین سلسلہ علیہ قادریہ کے لیے خصوصا اور عام اہل اسلام کو عموما بوجہ مشرف بشمول ذکر ساداتِ
عظام رضوان اللہ علیہم اجمعین مفید وموجب خیر وبرکت ثابت ہوگا ۔ جزی المصنف ربہ عن ناظریہا
کیوں نہ ہو جب کہ سر حلقہ اولیاء فی الارض والسماء عالیجناب سیدنا عبد القادر الجیلی الحسنی الحسینی رضی اللہ تعالیٰ عنہ
کا ذکر خیر اسمیں مندرج ہے جنکے عالیشان میں خاتم الولایۃ المحمدیہ شیخ اکبر قدس سرہ الاطہر فتوحات کے
باب ۷۳ میں لکھتے ہیں (وہم رضی اللہ عنہم رجل واحد وقد تکون امراۃ فی کل زمان آیۃ (وہو القاہر
فوق عبادہ ۔ لہ الاستعلاء علی کل شیء سوی اللہ شہم شجاع مقدام کثیر الدعوی بحق یقول حقا
ویحکم عدلا کان صاحب ہذا المقام شیخنا عبد القادر الجیلی ببغداد کانت لہ الصولۃ والاستعلاء بحق
علی الخلق کان کبیرا شان) یعنی [illegible] سیدنا عبد القادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ
بغیر حق سبحانہ وتعالیٰ کہ ہر شی پر غالب ومتصرف ہے گویا مظہر شرح آیۃ یہاں (وہو القاہر فوق عبادہ)
بعد اسکے اسی باب میں لکھتے ہیں ۔ کہ محمد ادانی المعروف بابن قائد مجمع افراد [illegible]
(سیدنا) عبد القادر جیلی کہ اصحاب میں سے تھا جسکے شان میں عالیجناب فرماتے ہے کہ محمد بن قائد ادانی اون علیہ الرحمۃ
اولیاء افراد سے ہے جو دائرہ قطب خضر کی مانند حارث ہوتے ہیں جنکی نظیر ملائکہ میں ملائکہ کروبین
میکائیل جلال اللہ ہیں جنکو بغیر حق سبحانہ وتعالیٰ کے کسی شی کا علم نہیں نہ اپنا اور نہ غیر کا
جب عالیجناب سیدنا عبد القادر رضی اللہ عنہ کہ بعض خدام خضر علیہ السلام کی مانند قطب وقت
کے دائرہ کے خارج ہیں تو پھر آپ کے [illegible] آپ کا شان کیا ہوگا واللہ اعلم بمناصب عبادہ وہو بکل شی علیم وہذا اسولتہ والرجوعیۃ لا یسعنی ذکرہا لضیق المقام
وللہ الحمد اولا وآخرا الاقل
کمینہ خلق اللہ مہر علی عفی عنہ
علی کا محب
شاہ جیلاں واجمیر کا حلقہ بگوش
روز گرلاہ سنہ خفو ۱۳۳۱ھ صفر

۱۲ ۱۶ ۱۸۴۴ء

رسالہ انوار قادریہ پر حضرت پیر مہر علی شاہ علیہ الرحمہ کی تقریظ

Marfat.com

حضرت سید پیر مہر علی شاہ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی وادی حمرا کے واقعہ کے متعلق تحریر

Marfat.com

ف قال چگانیدن در میدان شب مینماید ؎ من ندانم باده ام یا باده را پیمانه ام
عاشق شوریده ام یا عشق یا جانانه ام

مستلزم حیرتم جان گو بمیت یا جان جان
اصطلاح شوق بسیار است و من دیوانه ام

شوق موسیٰ در ظهور آورد نار طور را
در نهاد شمع آتش میزند پروانه ام

با جمال ذاتیش حسن دگر در کار شد
چشم او را سرمه ام یا زلف او را شانه ام

غافل از خود ماند از صورت چو پر شد آئینه
تا ترا بشناخت جانان زخود بیگانه ام

الغز

نخستین باده کاندر جام کردند
مزاجش عکس آن گلفام کردند

هویدا شد در امکان صورت حق
بآن صورت جهان را رام کردند

همی بایست تفصیلی ازان روی
مکارم را بآن اتمام کردند

شراب وحدت از خمخانهٔ غیب
مرا صبح ازل در کام کردند

چو غلطیدم ز مستیها بهر سو
حریفان مستی از من وام کردند

حقیقت را که مستور از نظر بود
بما مشهود خاص و عام کردند

پس انگه موج دریا باز گردید
باتمام فنا اکرام کردند

امین رمزی دقیق با تو گویم
بخود آغاز و نیز انجام کردند

اللهم صل وسلم وبارک دائما علی سیدنا محمد وآله واصحابه۔

حضرت سید پیر مہر علی شاہ رحمتہ اللہ علیہ کے دست مبارک سے تحریر شدہ دو غزلیں

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مجاہد اعظم شیخ عمر المختار رقدس اللہ سرہٗ

عمر بن مختار بن عمر، البطنان کے قبیلہ ''المنفہ'' جو کہ بادیہ برقہ کے قبائل سے ہے کی ۱۲۷۵ھ/۱۸۵۸ء میں ولادت ہوئی۔ آپ طرابلس المغرب کے ان مشہور مجاہدین میں سے تھے جو اٹلی استعمار کے خلاف جہاد میں مصروف رہے، زاویہ سنوسیہ جغبوب میں تعلیم حاصل کی اور اپنے مرشد محمد المہدی الادریسی رحمتہ اللہ علیہ کے ساتھ ''زاویۃ القصور'' جو کہ المرج کے قریب جبل الاخضر میں واقع ہے میں مقیم ہو گئے۔ ۱۳۱۲ھ میں آپ کے ساتھ سوڈان کا رخ کیا، وہاں زاویہ ''کلک'' کا سجادہ آپ کے سپرد ہوا، ۱۳۲۱ھ تک وہیں مقیم رہنے کے بعد برقہ واپس ہوئے اور زاویہ ''القصور'' کے شیخ المشائخ مقرر ہوئے۔ ۱۳۲۹ھ میں اٹالیوں نے شہر بن غازی پر حملہ کر دیا تو شیخ عمر مختار مجاہدین کی صف اول میں تھے، جنگ طول پکڑ گئی، آپ اٹالیوں پر برابر حملے کرتے رہے، المختار کا علاقہ محفوظ و مضبوط تھا۔ جب ۱۳۴۰ھ میں اٹالوی اور طرابلسی تھک گئے، اور طرابلس و برقہ کے عمائدین میں اختلافات پیدا ہو گئے تو پھر دوبارہ اٹالیوں کے ساتھ جنگ چھڑ گئی اور ادریسوں نے اس سے اپنا دامن بچالیا تو عمر المختار نے ''الجبل الاخضر'' کی قیادت سنبھال لی تو وہاں تمام قبائل جمع ہو گئے اور تمام سردارانِ قبائل نے آپ کو باتفاق قائداعظم اور مجاہدین کا کمانڈر انچیف منتخب کیا۔ اٹلی کی فوجیں حملہ آور ہوئیں تو آپ نے ان کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور بہت سا مال غنیمت حاصل ہوا، جس میں جنگی آلات اور دیگر

Marfat.com

خورد ونوش کا بے بہا سامان تھا۔ بہت سے معرکے ہوئے جن میں سے زیادہ مشہور الرحیبة و عقیرة المطورة اور کرسة ہیں یہ جبل الاخضر کے علاقوں کے نام ہیں ان ہی علاقوں میں یہ معرکے واقع ہوئے۔ اٹلی فوج کے کمانڈر غراسیانی(GRAZIANI) نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ سید عمر المختار اور ان کی فوجوں کے درمیان بیس (۲۰) ماہ میں دو سو تیرسٹھ (۲۶۳) معرکے ہوئے۔ یہ ان معرکوں کے علاوہ ہیں جو بیس (۲۰) برس پہلے عمر المختار سے ہوتے رہے جن کی کسی کو خبر بھی نہ تھی۔ آپ جبل الاخضر کے ان اہم ترین پچاس اشخاص میں سے تھے جو اکثر مواقع پر دشمنوں کے راز فاش کرتے تھے۔

اٹلی فوجوں نے اچانک ایک زبردست حملہ کر کے آپ کو محاصرہ میں لے لیا آپ کے اکثر ساتھی شہید ہوئے بعض بچنے میں کامیاب ہو گئے، آپ کا گھوڑا قتل کر دیا گیا اور خود شدید زخمی ہوئے شیخ عمر المختار قیدی بنائے گئے لیکن پہچانے نہ گئے بعد میں شناخت ہوئے اور ''سوسہ'' بھیج دیئے گئے، پھر بحری راستے سے بن غازی لے گئے چار (۴) دن قید رکھا، آپ سے آپ کے کارناموں کے بارے میں پوچھ گچھ کی، بے خوف وخطر، ترکی بہ ترکی جواب دیتے رہے۔ ۱۳۵۰ھ/۱۹۳۱ء کو بن غازی کے مرکز ''سلوق'' میں پھانسی پر لٹکا کر شہید کر دیا گیا، رضی اللہ عنہ آپ کے بے شمار کارنامے ہیں، شوقی اور مطران دونوں شاعروں نے آپ کی بہت مداح کی۔ ۵۵

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ سید عبدالرحمٰن کیلانی رضی اللہ عنہ

حضرت سید عبدالرحمٰن بن علی بن سلمان قادری نقیب اشراف بغداد یکم رجب ۱۲۶۱ھ/۱۸۴۵ء کو محلّہ باب الشیخ میں پیدا ہوئے۔ شیخ عبدالرزاق حلاویہ، شیخ عیسیٰ افندی بندنیجی و محدث داؤد اور شیخ عبدالسلام، مدرس حضرہ جیلانیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اخذ علوم فرمائے۔ اور پھر ۱۲۸۴ھ میں مفتی سید اسحاق افندی کے پوتے علامہ سید عبدالنافع دفتر دار اور ۱۲۹۷ھ میں محدث شام علامہ عبدالغنی الفینسی سے سند اجازت حاصل فرمائی۔ آپ کو علم و فضل کی وجہ سے بغداد میں مجلس تمییز کا رکن منتخب کیا گیا سید سلمان نقیب کی رحلت کے بعد ذوالحجہ ۱۳۱۵ھ میں نقیب الاشراف اور طریقہ عالیہ قادریہ کے شیخ مقرر ہوئے۔ ۱۳۳۸ھ/۱۹۲۰ء کو عراق کے عبوری وزیر اعظم بنائے گئے اور ۱۹۲۱ء میں ملک فیصل بن حسین کے تخت نشین ہونے کے بعد مستعفی ہوئے۔ صفر ۱۳۴۱ھ/۱۹۲۲ء کو پھر انہی ایام میں دوسری مرتبہ ملک فیصل نے آپ کو ملک میں وزارت قائم کرنے کے لئے مقرر کیا اور تیسری مرتبہ آخر ستمبر ۱۹۲۲ء میں اس عہدہ پر فائز ہوئے اور وزارت تشکیل دی۔ ملک فیصل نے آپ کو عراق اور برطانیہ کے درمیان معاہدہ کرنے کے لئے مقرر کیا تو آپ نے بڑے احسن طریقہ سے کامیابی حاصل کی۔

سید عبدالرحمٰن نے حضرہ جیلانیہ کی گرانقدر خدمات انجام دیں عمارت کی توسیع اور دینی مدارس تعمیر کرائے، وضو کے لئے پانی کا تالاب بنوایا

Marfat.com

اور لنگر خانہ کو وسعت دی فقراء و مساکین کے کھانے پینے کے علاوہ ان کے وظائف مقرر کئے اور ہر فلاح و بہبود کے کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا آپ نے پوری زندگی دین و ملک کی خدمت کے لئے وقف کر رکھی تھی۔ ۱۳ ذوالحجہ ۱۳۴۵ھ/۱۹۲۶ء کو وصال ہوا اور حضرہ قادریہ میں دفن کئے گئے۔ آپ کی تصنیفات میں سے الفتح المبین فی الرد تریاق المحبین، رسالہ فی الادب، ومساجلات مع السید حیدر علی حلی ہیں۔

حضرت نقیب صاحب عظیم اور منفرد شخصیت کے مالک تھے آپ کی وفات پر عراق کے علاوہ اسلامی دنیا خصوصاً افغانستان و ہندوستان اور مراکش وغیرہ میں ایصال ثواب کے لئے فاتح خوانی کی مجالس قائم کی گئیں۔ ۵۶

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض : خدا ﷻ اور رسول ﷺ کی محبت کس طرح دل میں پیدا ہو۔

ارشاد : تلاوت قرآن مجید اور درود شریف کی کثرت اور نعت شریف کے صحیح اشعار خوش الحانوں سے بکثرت سنے اور اللہ و رسول ﷻ ﷺ کی نعمتوں اور رحمتوں میں جو اس پر ہیں غور کرے۔ ایک روز خاکسار کچھ استفتے سنا رہا تھا اور حضور جوابات ارشاد فرماتے جاتے ایک کارڈ پر اسم جلالت لکھ گیا اس پر ارشاد فرمایا یاد رکھو کہ میں کبھی تین چیزیں کارڈ پر نہیں لکھتا۔ اسم جلالت اللہ اور محمد اور احمد اور نہ کوئی آیۃ کریمہ مثلاً اگر رسول ﷺ لکھنا ہے تو یوں لکھتا ہوں حضور اقدس علیہ افضل الصلاۃ والسلام یا اسم جلالت کی جگہ مولیٰ تعالیٰ۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ سید محمود حسام الدین جیلانی قدس اللہ سرہٗ

نقیب الاشراف حضرت علامہ سید محمود بن سید عبدالرحمٰن بن سید علی ۱۲۸۰ھ/۱۸۶۳ء کو فضیلت والے گھرانے میں پیدا ہوئے، سات برس کی عمر میں قرآن کریم پڑھ لیا پھر کاظمیہ میں، جامع امام ابی یوسف میں فاضل اجل حضرت علامہ القرہ طاغی کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا پھر منورہ خاتون کے مدرسہ میں شیخ عبدالوہاب النائب سے سند حدیث حاصل کی پھر حضرۃ جیلانیہ میں شیخ عبدالسلام اور دیگر علماء کے علاوہ علامہ مولوی غلام رسول ہندی سے خوشہ چینی فرماتے رہے اور جملہ علوم نقلیہ وعقلیہ میں مہارت تامہ حاصل کی۔ آپ عالم و فاضل، زاہد و عابد، پاکباز، خیر اور بھلائی کے خواہاں فعال زندگی بسر کرنے والی شخصیت تھے۔ مدرسہ حضرہ قادریہ کی آپ نے بہترین طریقہ پر رہنمائی فرمائی۔

۱۳۲۵ھ کو ''الحزب المحمدی'' میں شامل ہوئے، آپ کو نگران اعلیٰ النقیب الکبیر عبدالرحمٰن افندی کا اعتماد و حمایت حاصل تھی، اتحادیوں کو ختم کرنے میں بڑا کردار ادا کیا ''الحزب المحمدی'' کے سرپرست کی حیثیت سے ملک کے خلاف ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، آپ کو سینٹ اور عراقی دستور ساز کونسل کا ممبر مقرر کیا۔ آپ بڑے غیور تھے، عراق و انگریز کے ساتھ جو معاہدہ ہوا اس پر دستخط کرنے سے انکار فرما دیا۔

جیلانیہ خاندان کے ایک فعال چشم و چراغ ہونے کے سبب ۱۳۴۶ھ میں نقیب الاشرف مقرر ہوئے اور مشیخیت حضرہ جیلانہ پر فائز ہوئے نیز

Marfat.com

اوقاف قادریہ کے ناظر مقرر ہوئے اور تولیت آپ کے سپرد کر دی گئی۔
آپ ایک ولولہ انگیز خطیب، محدث و مفسر اور کامل مرشد تھے۔
۱۳۵۷ھ/۱۹۳۶ء کو اس دار فانی سے کوچ فرما گئے۔ جامع سیدنا عبد القادر رضی اللہ عنہ کے شرقی دروازہ سے داخل ہوتے، دائیں ہاتھ کے حجرہ میں دفن ہوئے۔ ۵۷ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض : حضور طلب اور بیعت میں کیا فرق ہے؟
ارشاد : طالب ہونے میں صرف طلب فیض ہے اور بیعت کے معنی پورے طور سے بکنا۔ بیعت اس شخص سے کرنا چاہیے جس میں چار باتیں ہوں ورنہ بیعت جائز نہ ہوگی۔ اولاً سنی صحیح العقیدہ ہو۔ ثانیاً کم از کم اتنا علم ضروری ہے کہ بلا کسی امداد کے اپنی ضرورت کے مسائل خود کتاب سے نکال سکے۔ اس کا سلسلہ حضور اقدس ﷺ تک متصل ہو کہیں منقطع نہ ہو۔ رابعاً فاسق معلن نہ ہو۔ اسی سلسلہ بیان میں ارشاد ہوا کہ لوگ بیعت بطور رسم ہوتے ہیں بیعت کے معنیٰ نہیں جانتے بیعت اسے کہتے ہیں کہ حضرت یحییٰ منیری کے ایک مرید دریا میں ڈوب رہے تھے۔ حضرت خضر علیہ السلام تشریف لائے اور فرمایا کہ اپنا ہاتھ مجھے دے کہ تجھے نکال لوں ان مرید نے عرض کی یہ ہاتھ حضرت یحییٰ منیری کے ہاتھ میں دے چکا ہوں اب دوسرے کو نہ دوں گا۔ حضرت خضر علیہ السلام غائب ہو گئے اور حضرت یحییٰ منیری ظاہر ہوئے اور ان کو نکال لیا۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

استاذ العلماء شیخ سعید نقشبندی رضی اللہ عنہ

حضرت علامہ شیخ محمد سعید بن عبدالقادر بن عبدالغنی، النائب علاقہ بغداد علامہ عبدالوہاب کے حقیقی بھائی ۱۲۷۷ھ میں بغداد شریف کے محلّہ الفضل میں پیدا ہوئے۔ بچپن میں قرآن شریف پڑھ لیا اور خطاطی اچھی طرح سیکھ لی۔ پھر اپنے بھائی حضرت علامہ عبدالوہاب النائب، علامہ محمد فیضی الزھاوی، علامہ داؤد، علامہ عثمان الرضوانی اور علامہ محمد ھندی، وغیرہ مشائخ سے تعلیم مکمل کرنے کے بعد سند فراغت حاصل کی۔

۱۳۰۷ھ کو بیت الحرام کی طرف ادائیگی فریضۂ حج کے لئے رخت سفر باندھا، علماء حجاز نے قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھا۔ شریف نے، اعزاز و احترام کے ساتھ مدعو کیا۔

۱۳۱۲ھ کو سلطان عبدالحمید الثانی کی دعوت پر ترکیا کا سفر کیا، آپ کا شاندار استقبال کیا گیا۔ اور سلطان نے سامراء میں آپ کی زیر نگرانی دینی علوم کے مدرسہ کا اجراء کرنے کا ارادہ ظاہر کیا۔

۱۳۱۶ھ میں سامراء میں مدرسہ علمیہ کی غرض سے گئے۔ سامراء پہنچنے پر آپ کا شاندار استقبال ہوا، پورا شہر نعروں کی آواز سے گونج اٹھا۔

۱۳۱۶ھ میں بغداد واپس ہوئے جب مدرسہ علمیہ کی غرض سے سامراء پہنچنے پر آپ کا فقید المثال استقبال ہوا، اس سے پہلے کسی عالم کا اس طرح سے استقبال دیکھنے میں نہ آیا تھا۔

مدرسہ کے لئے شہر کے وسط میں الحضرۃ الشریفۃ کے قریب جامع الکبیر

Marfat.com

سے ملحق، جگہ کا انتخاب کیا گیا۔ مدرسہ کے لئے یہ جگہ انتہائی موزوں و مناسب تھی۔ یہ جگہ رہائشی تھی، لوگ آپ کی معرفت، حسن سیرت اور اخلاق سے اس قدر متاثر ہوئے کہ مکان خالی کر دیئے، مالکان کو منہ مانگی رقم ادا کر دی گئی اور عمارت کی تعمیر شروع ہوگئی۔

آپ انتہائی سنجیدہ، دور اندیش اور پختہ ارادہ کے مالک اور عارفانہ بصیرت رکھتے تھے۔ مدرسہ اپنی پوری تابانی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہوا۔ آپ کی مجلس ہمیشہ پر رونق رہتی، صبح درس و تدریس اور فتوی نویسی کی مصروفیت ہوتی تو عصر کو واعظ و ارشاد میں وقت گزرتا اور رات کے وقت ذکر و اذکار و اوراد کی مجلس قائم رہتی تھی۔ ۱۳۲۶ھ کو بغداد شریف میں منتقل ہوکر جامع الامام الاعظم میں درس و تدریس کی ذمہ داری سنبھال لی پھر ۱۳۳۶ھ میں تکیہ خالدیہ میں شیخ و مرشد کی حیثیت سے نقشبندیہ طریقہ پر خدمت میں مصروف ہوگئے۔ ۱۹۱۷ء کو جب انگریز نے بغداد شریف پر قبضہ کیا تو آپ کو قید کرنا چاہا، چونکہ آپ سخت علیل تھے اور گھر سے باہر بھی نہیں نکل سکتے تھے، اس لئے قید نہ ہو سکے، وفات تک گھر ہی میں رہے۔ ۱۳۳۹ھ کو انتقال ہوا۔ ۵۸

آپ نے امام احمد رضا خاں قادری رضی اللہ عنہ کی تصنیف الدولۃ المکیہ پر تقریظ تحریر فرمائی۔

آپ کی تصنیفات میں سے۔

۱۔ السیف الباروق فی عنق الماروق — مطبوعہ ۱۹۱۰ء

۲۔ العلم الموروث فی اثبات الحدوث — مطبوعہ ۱۹۱۲ء

۳۔ قرۃ العیون فی ان الاموات فی المذاھب الاربعۃ یسمعون ۵۹

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ مولانا غلام رسول ہندی رضی اللہ عنہ

حضرت علامہ مولانا غلام رسول ہندوستان کے ایک دینی وعلمی گھرانہ میں ۱۲۶۰ھ کو پیدا ہوئے۔ اس وقت کے جید علماء سے شرف تلمذ پایا، اسلامی اور عربی علوم پر عبور حاصل کرنے کے بعد ۱۳۱۳ھ کو عراق آئے اور بغداد شریف میں سکونت اختیار کی، عراق کے اطراف واکناف سے تشنگان علم اور علماء آپ کے اردگرد جمع ہو گئے۔

حضرت مولانا غلام رسول رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے سب سے پہلے جامع شیخ سید عبدالقادر جیلانی (رضی اللہ عنہ) میں فرائض تدریس انجام دیئے، پھر ایک سال کے بعد کرخ منتقل ہوئے پھر جامع حبیب عجمی (رضی اللہ عنہ) میں استاد مقرر ہوئے وہاں سے رصافہ اور پھر مندی گئے، تھوڑی ہی مدت کے بعد بغداد شریف واپس آ گئے۔ اور کرخ مسجد الخضار میں تدریس شروع فرمائی۔ آپ نے تحصیل علوم کے لئے آستانہ، دارالخلافہ عثمانیہ کی طرف تین مرتبہ سفر کئے۔ مستقل قیام بغداد شریف کے بعد ہر طرح کی مصروفیات کو خیرآباد کہتے ہوئے صرف علوم دینیہ کی تدریس میں مشغول ہو گئے۔ آپ کو علوم دینیہ کی تدریس پر کمال درجہ کی مہارت حاصل تھی، علم الکلام اور ریاضیات میں امامت کے درجہ پر فائز تھے۔ آپ کے نمایاں علمی حلقوں میں سب سے زیادہ مشہور جامع حبیب عجمی (رضی اللہ عنہ) کا حلقۂ درس تھا۔ مدرسہ عمریہ میں آپ رہائش پذیر تھے۔

اپنے شاگردوں کے علاوہ کسی دوسرے سے خدمت نہ لیتے تھے۔

Marfat.com

مولانا علامہ غلام رسول ہندی قدس سرہٗ علماء کے مشار'' الیہ تھے، طلباء کے علاوہ کوئی دوسرا آپ کی مجلس میں نہ ہوتا تھا۔

طویل عرصہ تک مجرد رہنے کے بعد ایک بغدادی خاتون سے نکاح کیا اور محلّہ جامع عطا میں سکونت اختیار فرمائی چند بچے پیدا ہوئے جو چھوٹی عمر ہی میں انتقال کر گئے۔

۱۳۳۰ھ/۱۹۳۱ء کو پیٹ کے درد میں مبتلا ہو کر اللہ تعالیٰ کی رحمت میں داخل ہوئے، حضرت معروف کرخی رضی اللہ عنہ کے قبرستان میں دفن ہوئے۔ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ ۶۰

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض : اکثر لوگ بد مذہبوں کے پاس جان بوجھ کر بیٹھتے ہیں ان کے لئے کیا حکم ہے؟

ارشاد : حرام ہے اور بد مذہب ہو جانیکا اندیشہ کامل اور دوستانہ ہو تو دین کیلئے زہر قاتل۔ رسول اللہ تعالیٰ ﷺ فرماتے ہیں۔ **ایاکم وایاھم لا یضلونکم ولا یفتنونکم** انہیں اپنے سے دور کرو اور ان سے دور بھاگو وہ تمہیں گمراہ نہ کردیں کہیں وہ تمہیں فتنے میں نہ ڈال دیں اور اپنے نفس پر اعتماد کرنیوالا بڑے کذاب پر اعتماد کرتا ہے **انھا اکذب شی اذا حلفت فکیف اذا وعدت نفس** اگر کوئی بات قسم کھا کر کہے تو سب سے بڑھ کر جھوٹا ہے نہ کہ جب خالی وعدہ کرے صحیح حدیث میں فرمایا جب دجال نکلے گا کچھ اسے تماشے کے طور پر دیکھنے جائیں گے کہ ہم تو دین پر مستقیم ہیں ہمیں اس سے کیا نقصان ہوگا۔ وہاں جا کر ویسے ہی ہو جائیں گے۔ حدیث میں ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا میں حلف سے کہتا ہوں کہ جو جس قوم سے دوستی رکھتا ہے اس کا حشر اسی کے ساتھ ہوگا تو سید عالم ﷺ کا ارشاد ہمارا ایمان اور پھر حضور ﷺ کا حلف سے فرمانا دوسری حدیث ہے جو کافروں سے محبت رکھے گا وہ انہیں میں سے ہے۔

(ملفوظات۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت سید احمد بن سید یاسین رضی اللہ عنہ

عالم باعمل، متقی و صالح سید احمد بن سید یاسین ۱۲۷۸ھ میں بغداد مقدس میں پیدا ہوئے۔ سلسلہ نسب سیدنا السید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے۔ علم وفضل کے گہوراہ میں پروان چڑھے۔ حضرۃ جیلانیہ میں قرآن کریم ختم کیا، اور حضرۃ قادریہ کے مدرسین، علامہ شیخ عبدالسلام افندی، حضرت علامہ بہاء الحق ہندی سے علوم اخذ کئے پھر علامہ غلام رسول ہندی سے جملہ علوم معقولہ و منقولہ سے فراغت حاصل کرنے پر جمیع علوم کی سندِ عامہ اور تدریس کی اجازت حاصل ہوئی۔ حضرۃ جیلانیہ میں آپ کے لئے ایک کمرہ مختص کردیا گیا جس میں طلبہ کی تدریس شروع کی۔ آپ کے تلامذہ میں محمد طاہر حلبی بن محمد سلیم آل المرخی والشیخ محمد العباس المشہور ربا بن جلال اور آپ کے بھانجے سید نورالدین بن سید محمود الکیلانی تھے۔ آپ بہت خلیق، مخلص اور ملنسار تھے، شیخ عبدالوہاب النائب نے آپ کو ادبی کتاب سے تشبیہ دیتے ہوئے کہا کہ میں اس سے مستغنی نہیں ہوسکتا۔

۱۳۶۴ھ کو پاؤں کی انگلیاں سن ہوگئیں۔ چلنا پھرنا موقوف ہوگیا اور اسی سال راہی ملک بقا ہوئے رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔ حضرۃ جیلانیہ میں مدفون ہیں۔ [۶۱]

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ سید ابراہیم الراوی رضی اللہ عنہ

حضرت علامہ سید ابراہیم بن سید محمد مفتی عانۃ بن سید عبداللہ بن سید احمد بن سید رجب الصغیر بن سید عبدالقادر ابن شیخ رجب الکبیر الراوی الرفاعی آپ کا نسب سید احمد نجم الدین بن سبط امام سید احمد الرفاعی کے واسطہ سے سیدنا حسین بن علی رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین تک پہنچتا ہے۔

آپ ۱۲۷۶ھ میں ناحیہ رواۃ کے علم و معرفت اور تقوی و صلاح والے معروف گھرانے میں پیدا ہوئے۔ مقامی علماء سے ابتدائی علوم حاصل کرنے کے بعد ۱۲۹۲ھ بغداد شریف منتقل ہوئے۔ یہاں اپنے زمانے کے مشاہیر علماء کبار سے فقہ و حدیث کے علوم اخذ کئے ان میں سے حضرت علامہ داؤد و حضرت علامہ علی الخوجہ جیسے مشائخ شامل ہیں، ان مشائخ سے اجازت حاصل ہوئی، انہوں نے آپ کے علم و فضل کا اعتراف کیا۔ پھر موصل گئے وہاں کے معروف علماء شیخ عبداللہ الفیضی و شیخ محمد افندی اور شیخ یحیٰ خضر کے علوم سے مستفید ہوئے اور بغداد مقدس واپس آ کر ۱۲۹۸ھ میں شیخ عبداللطیف کے حلقہ درس میں شامل ہوئے۔ پھر دمشق کا سفر کیا اور حضرت علامہ بدرالدین حسینی سے حدیث اور اصول حدیث کی تعلیم پائی سند اجازت سے نوازے گئے اور بغداد مقدس لوٹ کر علامہ عبدالوہاب النائب سے علم و معرفت حاصل کرنے کے بعد جامع سید سلطان علی میں درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا۔

سید ابراہیم الراوی عراق میں طریقہ رفاعیہ کے بڑے شیخ طریقت

Marfat.com

تھے، آپ نے فلاح و بہبود کے بہت سے کام کئے، اسکول و یونیوسٹیاں قائم کیں اور اپنے دادا کا قائم کیا ہوا تکیہ از سرِ نو تعمیر کیا، آخری عمر تک محفل ذکر کا انعقاد کرتے رہے، جس میں کثرت سے لوگ شرکت کرتے تھے ۱۳۶۵ھ/۱۹۴۶ء کو بغداد میں وفات پائی۔ حضرت شیخ معروف کرخی رضی اللہ عنہ کی قبر کے پاس دفن کئے گئے۔ ۶۲

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

عرض : حضور مجذوب کی کیا پہچان ہے؟

ارشاد : سچے مجذوب کی یہ پہچان ہے کہ شریعت مطہرہ کا کبھی مقابلہ نہ کریگا۔ حضرت سیدی موسیٰ سہاگ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ مشہور مجاذیب سے تھے۔ احمد آباد میں مزار شریف ہے، میں زیارت سے مشرف ہوا ہوں زنانہ وضع رکھتے تھے۔ ایک بار قحط شدید پڑا بادشاہ و اکابر جمع ہو کر حضرت کے پاس دعا کے لئے گئے انکار فرماتے رہے کہ کیا میں دعا کے قابل ہوں جب لوگوں کی التجا و زاری حد سے گذری ایک پتھر اٹھایا اور دوسرے ہاتھ کی چوڑیوں کی طرف لائے اور آسمان کی جانب منہ اٹھا کر فرمایا مینہ بھیجئے یا اپنا سہاگ لیجئے یہ کہنا تھا کہ گھٹائیں پہاڑ کی طرح اٹھیں اور جل تھل بھر دیئے۔ ایک دن نماز جمعہ کے وقت میں جا رہے تھے ادھر سے قاضی شہر کہ جامع مسجد کو جاتے تھے آئے انہیں دیکھ کر امر بالمعروف کیا کہ یہ وضع مردوں کو حرام ہے مردانہ لباس پہنئے اور نماز کو چلئے اس پر انکار و مقابلہ نہ کیا چوڑیاں اور زیور اور زنانہ لباس اتارا اور مسجد کو ساتھ ہو لئے۔ خطبہ سنا جب جماعت قائم ہوئی اور امام نے تکبیر تحریمہ کہی اللہ اکبر سنتے ہی ان کی حالت بدلی فرمایا اللہ اکبر میرا خاوند حی لا یموت ہے کہ کبھی نہ مریگا اور مجھے یہ بیوہ کئے دیتے ہیں اتنا کہنا تھا کہ سر سے پاؤں تک وہی سرخ لباس تھا اور وہی چوڑیاں۔ اندھی تقلید کے طور پر ان کے مزار کے بعض مجاوروں کو دیکھا کہ اب تک بالیاں کڑے پہنتے ہیں یہ گمراہی ہے۔ صوفی صاحب تحقیق اور ان کا مقلد زندیق۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت سید علوی السقاف رضی اللہ عنہ

حضرت علامہ سید علوی بن احمد بن عبدالرحمٰن السقاف الشافعی ۱۲۵۵ھ/۱۸۳۹ء کو مکہ معظّمہ میں پیدا ہوئے۔ آپ مکہ معظّمہ کے علماء کبار میں سے تھے اور علوی سادات کے نقیب تھے، ۱۲۹۸ھ میں نقیب مقرر ہوئے۔ ۱۳۱۱ھ میں بمعہ اہل و عیال امیر فضل بن علوی کی دعوت پر اس کے پاس گئے، ۱۳۲۷ھ تک وہیں مقیم رہنے کے بعد مکہ مکرمہ واپس آئے ۱۳۳۵ھ/۱۹۱۶ء کو مکہ مکرمہ میں انتقال فرمایا۔

آپ کی تصنیفات میں سے مندرجہ ذیل کتب ہیں :

۱. ترشيح المستفيدين حاشية فى فقه الشافعية التسابيع
۲. فتح العلام بأحكام السلام
۳. القول الجامع المتين فى بعض المهم من حقوق إخواننا المسلمين
۴. الفوائد المكية
۵. القول الجامع النجيح فى أحكام صلاة
۶. منظومة فى الأنبياء الذين يجب الإيمان بهم
۷. نظم فى معرفة الوقت والقبلة
۸. مجموعة فهيا سبع رسائل
۹. مصطفى العلوم
۱۰. أنساب أهل البيت

Marfat.com

۱۱. مطلب الراغب فیما یحتاج الیه الطالب

۱۲. رسائل فی النحو والفلک و الحساب والمیقات وغیره وغیره [۶۳]

اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ

کبوتروں کی محبت

اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مولانا الشاہ احمد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمتہ کے خلیفہ سیدی وسندی مولانا ضیاء الدین علیہ الرحمتہ نے مجھے ایک مرتبہ واقعہ سنایا جب سعودیوں نے حرم شریف کا انتظام سنبھالا تو حرم انوار کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے فیصلہ کیا کہ حرم شریف میں کبوتروں کے لیے دانہ نہ ڈالا جائے اس طرح کبوتر دانہ کی تلاش کے لیے دوسری جگہوں میں منتقل ہو جائیں گے اور حرم شریف صاف رہ سکے گا۔ اس حکم پر عمل کیا گیا۔ کئی دن گزر گئے دانہ تو نہیں ڈالا گیا مگر کبوتروں کی گنبدِ خضریٰ سے محبت کا یہ عالم ہے بھوک سے مرتو رہے ہیں مگر آستانہ محبوب چھوڑنے کے لیے تیار نہیں۔ اہل مدینہ نے اس عشق و محبت بھرے منظر کو دیکھا۔ دنیا میں یہ بات شہرت پکڑ گئی۔ لوگوں نے حکومت کو تار دیے، اصرار کیا پھر وہ حسب سابق معاملہ شروع ہو گیا۔ بعض حضرات کا یہ خیال ہے یہ کبوتر اس کبوتر کی نسل سے ہیں جو نوح علیہ السلام کی کشتی سے نیچے آیا تھا اور خشکی کی خبر دی تھی۔ علامہ علی بن برہان الدین حلبی فرماتے ہیں یہ کبوتر اس جوڑے کی نسل سے ہیں جنہوں نے غار ثور پر گھونسلہ بنایا انڈے دیے۔ محبوب کریم ﷺ کو ان کی خدمت ایسی پسند آئی کہ ان کی نسل کو بھی اپنے پاس رہنے کی اجازت فرما دی۔

(مدینۃ الرسول (ﷺ)۔ حضرت ابوالنصر منظور احمد شاہ)

Marfat.com



من أرشيف مركز الدراسات الليبية

المبنى الذي شهد أحداثاً كبيرة في التاريخ الليبي الحديث منها محاكمة عمر المختار (١٩٣١) والذي تحول بعد الثورة إلى المتحف التاريخي للبرلمان في بنغازي والذي هدمت وأزيلت بعد انقلاب سبتمبر ١٩٦٩ (أحد المعالم التاريخية الهامة التي

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھو القادر

مشاھیر

علماء و مشائخ

کے

مکتوبات

بنام

قطب مدینہ قدس اللہ سرہٗ

Marfat.com

بئر(النبي) بئرغرس

Marfat.com

حضرت سیدی ومرشدی قدس سرہ العزیز کی عادت مبارکہ تھی کہ جب خطوط کچھ زیادہ تعداد میں جمع ہو جاتے تو ان خطوط کو ایک تھیلے میں پیک کروا کر گھر کے تہہ خانہ میں محفوظ کروا دیتے، اس طرح خطوط کے متعدد تھیلے جمع ہوتے گئے۔ مگر بد قسمتی سے ۱۹۷۶ء میں اسی تہہ خانہ میں آگ لگ گئی جس کی وجہ سے بہت سی قیمتی کتب جن میں نایاب کتب اور مخطوطات بھی شامل تھے۔ اور نوادرات سے بھرے ہوئے مذکورہ تھیلے آگ کی لپٹ میں آگئے۔ یہ چند خطوط وہ ہیں جو اوراق گم گشتہ کے ساتھ بسے ہوئے تھے جو خوش قسمتی سے اس حادثہ سے بچ گئے اور کچھ خطوط اس حادثہ کے بعد کے ہیں۔

پہلا مکتوب سیدنا اعلحضرت مجدد اعظم محدث بریلوی رضی اللہ عنہ کا مورخہ ۸ رجب ۱۳۲۹ھ کا محررہ ہے۔ یہ مکتوب حضرت سیدی مفتی ضیاء الدین احمد قادری اور حضرت علامہ محمد کریم اللہ قادری رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے نام مشترکہ ہے۔ جو کہ الفضل الموہبی کے حاشیہ پر سیدنا اعلحضرت عظیم البرکت رضی اللہ عنہ نے اپنے دست کرم سے تحریر فرما کر یہ کتاب سیدی قطب مدینہ رحمتہ اللہ علیہ کو ارسال فرمائی۔ اس خط میں الدولۃ المکیہ پر تقاریظ لکھنے والوں کا مختصر ذکر بھی ہے۔

Marfat.com

فہرست مکتوبات

۱۔ امام اہل سنت سیدنا اعلحضرت احمد رضا خاں قادری بریلوی رضی اللہ عنہ

۲۔ مجاھد فی سبیل اللہ حضرت علامہ سید احمد شریف السنوسی رضی اللہ عنہ

۳۔ شہزادۂ اعلحضرت مفتی اعظم مصطفیٰ رضا خاں نوری رضی اللہ عنہ

۴۔ شہزادۂ اعلحضرت مفتی اعظم مصطفیٰ رضا خاں نوری رضی اللہ عنہ

۵۔ شہزادۂ اعلحضرت مفتی اعظم مصطفیٰ رضا خاں نوری رضی اللہ عنہ

۶۔ مبلغ اسلام حضرت علامہ شاہ عبدالعلیم صدیقی قادری رضی اللہ عنہ

۷۔ برہان الملت حضرت علامہ برہان الحق قادری رضوی رضی اللہ عنہ

۸۔ مجاھد ملت حضرت علامہ محمد عبدالحامد قادری بدایونی رضی اللہ عنہ

۹۔ غزالی زمان حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی ملتان رضی اللہ عنہ

۱۰۔ اشرف المشائخ حضرت علامہ غلام قادر اشرفی ضیائی لالہ موسیٰ رضی اللہ عنہ

۱۱۔ حضرت علامہ شیخ عبدالوھاب الصلاحی حلبونی دمشق رضی اللہ عنہ

۱۲۔ حضرت علامہ شیخ محمد المصطفی الشنقیطی مدنی رضی اللہ عنہ

۱۳۔ قائد اہل سنت حضرت علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی قادری رضی اللہ عنہ

۱۴۔ حضرت علامہ ریحان رضا خاں قادری بریلوی رضی اللہ عنہ

۱۵۔ حضرت علامہ منان رضا خاں قادری بریلوی مدظلہ

۱۶۔ حضرت علامہ ارشد القادری جمشید پور رضی اللہ عنہ

۱۷۔ حضرت علامہ سید زاہد علی قادری فیصل آباد رضی اللہ عنہ

۱۸۔ حضرت علامہ محمد شریف نوری لاہور رضی اللہ عنہ

Marfat.com

۱۹۔ حضرت علامہ مفتی محمد حسین قادری سکھر رضی اللہ عنہ

۲۰۔ محترم جناب الحاج محمد اسحاق نقشبندی جماعتی میسور رضی اللہ عنہ

۲۱۔ حضرت خان بہادر بخشی مصطفیٰ علی خان خلیفۂ مجاز حضرت پیر سید جماعت علی شاہ نقشبندی علی پوری رضی اللہ عنہ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ



Marfat.com



الحمد للہ

یہ مختصر فتوے نافع تقوے دافع طغوے جس مین حدیث کی صحت اثری وصحت عملی کے فرق عظیم کا روشن تبیان ہی جس سے غیر مقلدان زمانہ کی جہالت وضلالت کے ٹوٹے جھوٹے مکر مین رہکر اونچی محلون کا خواب دیکھنے کی حالت صاف عیان ہے سزاوار نامقلدان نذیر حسین صاحب دہلوی کی حدیث دانی اور کس بتے پر تتے پانی کا واضح بیان ہے

مسمے بہ

الفضل الموہبی فی معنی انف اصح ایجد فہوندہبی

الفادری

ملقب بلقب تاریخی

اغر النکات بجواب سوال ارکات

مع بعض دیگر فتاوی نافعہ دیگر غیر مقلدان

تصنیف لطیف

صاحب حجت قاہرہ مجدد مائۃ حاضرہ عالم اہل سنت ناصر دین وملت

قامع بدعت اعلحضرت مرشدنا ومادسنا مولانا مولوی مفتی حاجی

احمد رضا خان صاحب قادری برکاتی ادام اللہ فیوضہم

باہتمام

حامی سنت ماحی بدعت جناب مولانا مولوی ابو العلا

امجد علی صاحب اعظمی رضوی

مطبع اہل سنت وجماعت واقع بریلی مین طبع ہوا

عکس مکتوب امام اہلسنت مجدد اعظم احمد رضا خاں قادری رضی اللہ عنہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مسئلہ از گڑامپور علاقہ نارتھ ارکاٹ مرسلہ کاکا محمد عمر ۱۳ رجب سنہ ۱۳۱۳ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ کوئی حنفی المذہب حدیث صحیح غیر منسوخ وغیر متروک جس پر کوئی ایک امام ائمہ اربعہ وغیرہم سے عمل کیا ہو جیسے آمین بالجہر اور رفع الیدین قبل الرکوع وبعد الرکوع اور وتر میں رکعتین سات ایک قعدہ اور ایک سلام کے ادا کرے تو مذہب حنفی سے خارج ہو جاتا ہے یا حنفی ہی رہتا ہے اگر خارج ہو جاتا ہے کہیں تو رد المحتار میں جو حنفیہ کی معتبر کتاب ہے اوسمیں امام ابن الشحنہ سے نقل کیا اذا صح الحدیث فکان علی خلاف المذہب عمل بالحدیث ویکون ذلک مذہبہ ولا یخرج مقلدہ عن کونہ حنفیا بالعمل بہ فقد صح عنہ انہ قال اذا صح الحدیث فھو مذہبی وحکی ذلک ابن عبد البر عن ابی حنیفۃ وغیرہ من الائمۃ انتہی ترجمہ جب صحت کو پہنچے حدیث اور وہ حدیث خلاف پر مذہب امام کے رہے عمل کرے وہ حنفی اس حدیث پر اور ہو جائے وہ عمل مذہب اوسکا اور نہیں خارج ہوتا ہے مقلد امام کا حنفی

بینوا توجروا

الجواب

صورت مسئولہ میں اگر واقعی حنفی مذہب منفی من المدینہ الی یوم الدین کی کتابوں سے ثابت ہے تو بیشک حنفی ہی رہے گا اگرچہ ان مسائل پر عمل کرے اور اگر ان کتابوں سے ثابت نہیں تو ضرور خارج ہو جائے گا اگرچہ ان مسائل پر عمل کرے اور اگر ان کتابوں سے ثابت نہیں تو ضرور خارج ہو جائے گا اگرچہ ان مسائل پر عمل کرے

عکس مکتوب امام اہلسنت مجدد اعظم احمد رضا خاں قادری رضی اللہ عنہ

Marfat.com

ہونے سے بسبب عمل کرنے اُسکے اس حدیث پر اسلیے کہ مکرر صحت کو پہنچی یہ بات امام ابوحنیفہ سے
کہ اُنھون نے فرمایا کہ جب صحت کو پہنچے حدیث پس وہی مذہب میرا ہی اور حکایت کیا اسکو ابن
عبدالبر نے امام ابوحنیفہ اور دوسرے امامون سے بھی انتھے اور کتاب مقامات مظہری مین حضرت
مظہر جانجانان حنفی کے سولھوین مکتوب مین ہی اگر بحدیث ثابت عمل نماید از مذہب امام برنمی آید
چراکہ قول امام اذا صح الحدیث فھو مذہبی سے ست درین باب و اگر باوجود اطلاع بر حدیث ثابت
عمل نکند این قول امام را ترکوا اقولی بخبر الرسول صلعم خلاف کردہ باشد انتھے اور بھی اسی مکتوب
مین ہی ہر کہ میگوید عمل بحدیث از مذہب امام برمی آرد اگر بر بطلانے برین دعوے دارد بیارد اور شاہ
ولی اللہ محدث دہلوی حنفی نے اپنی کتاب عقد الجید مین فرمایا لاسبب لمخالفۃ حدیث
النبی صلعم الا نفاق خفی او حمق جلی اُن سب بزرگون کے اُن اقوال کا کیا جواب اگر مذہب امام سے
نہین خارج ہوتا ہی کہین تو اسپر طعن تشنیع کرنا گناہ اور بیجا ہی یا نہین بینوا توجروا

فتوے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی انزل الفرقان فیہ تبیان لکل شئ تمییز الطیب من الخبیث و امر بینہ
ان یبینہ للناس بما اراہ اللہ فقرن القرآن ببیان الحدیث و الصلاۃ و السلام علی من بین
القرآن و اقام المطان و اذن للمجتہدین باعمال الاذھان فاستخرجوا الاحکام بالطیب الخبیث
فلولا الائمۃ لم تفھم السنۃ و لولا السنت لم یفھم الکتاب و لولا الکتاب لم یعلم الخطاب
فیالھا من سلسلۃ تھدی و تغیث و علی الہ و صحابتہ و مجتہدی ملتہ و سائر امتہ ایوم التوی

الجواب

اقول و باللہ التوفیق صحت حدیث علی مصطلح الاثر و صحت حدیث لعمل المجتہدین عموم خصوص
مطلقا بلکہ من وجہ ہی کبھی حدیث سنداً ضعیف ہوتی ہی اور ائمہ امت و اُمنائے ملت بنظر قراین

Marfat.com

عکس مکتوب امام اہلسنت مجدد اعظم احمد رضا خاں قادری رضی اللہ عنہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ وسلم

من عبد ربہ سبحانہ ومولاہ استاذنا وخلیفتہ خادم الاسلام احمد الشریف السنوسی الخطابی الادریسی الحسنی
الی حضرۃ ذی الاجل الافضل النبیل الکامل غایۃ الوداد ومخلصہ الصمیم احد اعلام المنتمین الورع المتنسک محبنا الاکرم
الشیخ احمد ضیاء الدین الشیلکوتی حفظہ اللہ ورعاہ دائمین

السلام التام الکامل الدائم والرضوان الشامل الاعم علیکم ورحمۃ اللہ تعالی وبرکاتہ ومغفرتہ ومن ظافۃ وبعد فموجبہ السؤال
عنکم نرجو اللہ تعالی ان تکونوا بحال النعمۃ والسلامۃ وان سألتم عنا فنحن وللہ مزید الحمد بی خیر ان عمیمہ ونعم وافرۃ جسیمہ ادام
اللہ فضلہ علی الجمیع ببرکۃ النبی الشفیع صلی اللہ علیہ وسلم وشرف وکرم وعظم وفرج عنا وعنکم وعن جمیع المسلمین ونسعی اللہ تعالی لنا ولکم وجمیع
المسلمین بصلاح الحال وبلوغ المآل ونسأل اللہ قبول ذلک انہ الکریم المتفضل الوھاب وقد کنا انتظرنا کم قبل المجئ لاجل نجتمع
جمیعا حسب وعدکم فلم تفوا بہ نسأل اللہ تعالی ان یجمعنا وایاکم عن قریب بمدینۃ الحبیب صلی اللہ علیہ وسلم وشرف وعظم
والواصل الیکم دعاء الاسم اللطیف ودعاء الاسم الاعظم لعلی ھذا یصلکم ان شاء اللہ وانتم بخیر وعافیۃ واعلموا بوصول
ذلک الیکم وللاتیان داعیین لکم بصالح الدعاء عند بیت اللہ الحرام والمشاعر العظام فما ھو المطلوب منکم عند ضریح سید
المرسلین واصحابہ الکرام علیہ وعلیہم اتم الصلاۃ والسلام وعلی آلہ القبول انہ الکریم مسئول وخیر مامول ودمتم محفوظین
وبعین العنایۃ ملحوظین والسلام تحریرا ۲۴ ذی الحجہ ۱۲۴۶ھ

والطلب مع الاسف لعدم
قدرۃ الاتیان بہ ھنا وللوصول ولد

عکس مکتوب مجاھد فی سبیل اللہ حضرت علامہ سید احمد شریف السنوسی رضی اللہ عنہ

Marfat.com

عکس مکتوب شہزادہ اعلیٰحضرت مفتی اعظم مصطفیٰ رضا خاں نوری رضی اللہ عنہ

Marfat.com

عکس مکتوب شہزادہ اعلیٰحضرت مفتی اعظم مصطفیٰ رضا خاں نوری رضی اللہ عنہ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ



قمیص فخر النساء (فاطمة الزهراء) كما يطلق عليه
الكتابات والرسوم التي على القميص لم تكن موجودة اصلا في
حياتها رضي الله عنها ولكن تم اضافتها في عصور متاخرة

Marfat.com

تار کا پتہ: مفتی اعظم ہند بریلی

۷۸۶/۹۲

شہزادہ اعلیٰ حضرت (العلامہ) مصطفیٰ رضا خاں مفتی اعظم ہند

سجادہ نشین آستانہ عالیہ رضویہ سوداگران بریلی شریف

تاریخ ... ذی قعدہ ... سنہ ۱۳۹۱ھ

مکرمی ... السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

عکس مکتوب شہزادہ اعلیحضرت مفتی اعظم مصطفیٰ رضا خاں نوری رضی اللہ عنہ

Marfat.com

عکس مکتوب شہزادہ اعلیٰحضرت مفتی اعظم مصطفیٰ رضا خاں نوری رضی اللہ عنہ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ



مخطط تقريبي لبيوت الصحابة رضوان الله عليهم حول المسجد النبوي الشريف بعد توسعة المهدي عام ١٦٥ هـ
ويوضح كذلك موقع دار آل عمر والمخطط من اعداد الدكتور المهندس عبدالعزيز بن عبدالرحمن كعكي

Marfat.com

۷۸۶

Marfat.com

عکس مکتوب مبلغ اسلام حضرت علامہ شاہ عبدالعلیم صدیقی قادری رضی اللہ عنہ

مکرمی جناب سلام مسنون۔ امید ہے کہ بخیر ہوں گا مسلم لٹریچر

سیارہ، بیٹی آمنہ، حفصہ حمدہ، خاکسار حسب الیقین ادریسی سلمہ

کی بہت بہت دعا دی طلب ہیں۔

آئندہ تا اطلاع ثانی میرا پتہ یہ ہے اگر کوئی ڈاک یا تار

وغیرہ ہو تو اسی پتہ پر بھیجی جائے۔ صندوق البرید ۷۸۴ ممباسہ

C/o P.O. Box 784 Mombasa Kenya E.A.

والسلام

خادم فقر محمد یعقوب نقشبندی

فرمایا ایک سوسائٹی عالم حسن بن عمیر الشیرازی نے ایک رسالہ

"مولد سرکار لمحبذلہ" اپنی تالیف آجکل تذکرتاً کتب خانہ حضرت

کی خدمت میں حاضر کرتا ہوں امید ہے کہ آپ حضرت اپنے

اندر رسالہ معمول کو دیکھ کر بخشش فرمائیں گے۔ مولد ہر زنجی کو فوز دارین

عکس مکتوب مبلغ اسلام حضرت علامہ شاہ عبدالعلیم صدیقی قادری رضی اللہ عنہ

Marfat.com

Mohamed Burhanul Haque
(MUFTI KHATIB)
DARUSSALAM
Jabalpur — 12.2.1981
MOHALLA UPRENGANJ

EX. M. L. A

محمد برہان الحق
(مفتی خطیب)
دارالسلام
جبلپور — ۲۵ شوال ۱۴۰۱ھ
PHONE. 24577

حضرت سراپا برکت مخدومنا المحترم مولینا ضیاؤالدین صاحب دام ظلہ القدس

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

امید کہ مزاج گرامی بہ عافیت ہوگا اس فقیر حقیر سراپا تقصیر کی دعا ہے کہ ظلِ ہما ہوں تادیر رب العزت تبارک وتعالیٰ سایہ فگن رکھے۔ اہلیۂ فقیر جو آں حضرت کے زیر سایہ چند روز یہاں کا فیض حاصل کر چکی ہے عرضہ داشت ہے علالت پر ہے اور ضعف اور کمزوری کے سبب چلنے پھرنے سے معذور اور بغیر سہارا اٹھنے سے قاصر ہے۔ حضرت والا کی خدمت میں بصد آداب سلام عرض کرکے رسالت مآب صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دربار میں دعائے صحت وعافیت کی طالب ہیں۔ فقیر کی جانب سے نذر حقیر ۱۰۰ روپیہ کو شرف قبولیت بخشیں اور خیریت مزاج گرامی کے ساتھ وصولیابی نذر حقیر اور فقیر اور اہلیۂ فقیر اور فقیر زادوں واہل وعیال کیلئے دعائے خیر کے چند کلمات حاملِ رقعہ مولانا محمد عبدالکریم کے ہاتھ روانہ فرمائیں۔

دونوں فقیر زادوں اور ان کے بچوں کی جانب سے آداب واشتیاق قدمبوسی کے ساتھ طلب دعائے خیر۔ معزز عزیز مولینا فضل الرحمٰن اور ان کے صاحبزادوں اور صاحبزادیوں کو ہم سب کی جانب سے بہت بہت محبت اور عقیدت کے ساتھ سلام اور دعائیں

والسلام

طالب دعائے خیر

طالب دعائے خیر برہان الحق قادری رضوی عفی عنہ

عکس مکتوب برہان الملت حضرت علامہ برہان الحق قادری رضوی رضی اللہ عنہ

Marfat.com



عکس مکتوب مجاہد ملت حضرت علامہ محمد عبدالحامد قادری بدایونی رضی اللہ عنہ

Marfat.com

عکس مکتوب مجاهد ملت حضرت علامہ محمد عبدالحامد قادری بدایونی رضی اللہ عنہ

Marfat.com

یا اللہ جل جلالہ

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

از دفتر دارالافتاء مدرسہ اسلامیہ عربیہ انوار العلوم ۱۷ جیٹھ کچہری روڈ ملتان شہر
فون نمبر ۲۵۲۱

تاریخ ۱۹ از بعصد ۹۲ سنہ مطابق [illegible] سنہ ۱۹ [illegible]

از فقیر ناکارہ احمد سعید کاظمی عفی عنہ

سیدی و سندی و مولای حضرت علامہ مولانا ضیاء الدین صاحب قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ
السلام علیکم ورحمۃ اللہ تعالیٰ وبرکاتہ مزاج قدس؟ اللہ تعالیٰ آپ کا
ظل رحمت تادیر سلامت رکھے آمین بارگاہ رسالت میں
سلام کے گلہائے گلبات اور بے حد آداب و نیاز کے بعد عاجزی اور
خاکساری کی دعا مطلوب ہے۔
فقیر بخیر و عافیت وقت خط قدس کا ہے دعائی بالخیر ہے خط
صاحبزادہ صاحب قبلہ کی وجہ سے گلبات و آداب و
حامل ہذا جناب حاجی محمد یعقوب صاحب فقیر ناکارہ کے مخلص اور
آشنائی محسن ہیں۔ بارگاہ اقدس میں حاضر ہو رہے ہیں حضور والا کی
شفقتوں اور عنایات کے محتاج ہیں ان کے حق میں حضرت
دعا و تمنا ہیں رب العزۃ دارین کی نعمتوں سے سرفراز فرمائے آمین
حضور والا۔ احقر ساتھ جاہ سے بہاولپور سے ملتان آیا
اور حسب دستور سابق دورہ حدیث شریف پڑھا رہا ہے۔
اللہ تعالیٰ کی شفقت سے ایمان کے ساتھ خاتمہ فرمائے آمین۔ احقر
حضور کی دعاؤں کا ہر وقت محتاج ہے والسلام مع الاکرام فقیر احمد سعید کاظمی عفی عنہ

عکس مکتوب غزالی زمان حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی ملتان رضی اللہ عنہ

Marfat.com

نحمدہ و نصلی علیٰ حبیبہ الکریم
بعد از سلام مسنون و نیاز مشحون بعد ادب و احترام
عقیدت و نیازمندی عرض خدمت اقدس ہے
برادرم صوفی محمد ابراہیم صاحب اشرفی
حافظ و قاری آپ کی بات صحیح لکھنے اور نقش
غریب طبع ہیں — امید ہے سابقہ روایات
کے مطابق رہنمائی و الطاف عمیمانہ
میں کمی نہ رکھیں گے اور ذرہ نوازی فرمائیں گے۔
فقیر نے کئی بار درخواست پیش کی ہے لیکن
حاضری کی سعادت نہیں مل سکی۔ دعا فرمائیں
کہ اللہ تعالیٰ حاضری سرکار کا شرف مرحمت
فرمائے آمین۔ فقط والسلام
فقیر غلام سید اشرفی غفرلہ

بخدمت فقیر حضرت مخدومی و مکرمی مولانا سید شاہ مصطفیٰ
جناب مولوی محمد ضیاء الدین صاحب قادری
دامت برکاتہم
باب العلم — مدینہ منورہ

عکس مکتوب اشرف المشائخ حضرت علامہ غلام قادر اشرفی ضیائی لالہ موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

عبد الوهاب الصلاحي
دمشق — حلبوني
هاتف : ( )

وصلى الله على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه أجمعين
في كل لمحة ونفس عدد ما وسعه علم الله

دمشق / ١٥ شوال ١٣٧٢ الموافق /

لحضرة سيدي ومولاي الأستاذ الفاضل والمرشد الكامل الشيخ محمد ضياء الدين أحمد القادري المعظم متعنا الله بطول حياته وأفاض علينا من جزيل بركاته

سيدي ومولاي السلام عليكم ورحمة الله تعالى وبركاته أسأله تعالى أن تكونوا بكمال الصحة والعافية وعموم الأسرة كما أنه الجميع بخير فنحن ولله الحمد كذلك سيدي في البريد الماضي ودعنا الأخ السيد هاشم المدني وحملته سلامنا لسيادتكم ورجوته حمل شيء من عنب الكرم لعلمي أنه سيعود لطرفنا قريباً كما فحمت نه ذلك فأجابني لوكالته رطباً ليس لمواجهل والكل فشكرت له ذلك فأرجوكم أن تتفضلوا بهجوعه لطرفنا وترسلوا معه عوينات نستبرئ الفقير بطرفكم وعمامة أيضاً كالتي بعض الأخوان أهدانيها في عدن ولكوني حج في هذا العام فأرغب الفقير أن يراني متعمماً بها لأنه يعز علي والعمامة أيضاً بسيطة ولكنه لابد أنه يدخل عليه السرور أنه رآها على رأسي هذا وأهدي سلامي إلى العائلة الكريمة خصوصاً ولدنا فضل الرحمن رفقنا الله وإياه لما يحبه ويرضاه والأخ الحاج محمد بخش والأخ الشيخ جمال خان وغلام رسول والأستاذ الشيخ محمد علي السقاف ومصطفى الحموي وعبد الله مسنت والسيد أحمد الخيارية ومحمد عمر سبيه وعمه أبو ناجي والسيد هاشم أولاد السيد علاء الدين وإخوانه والسيد محمد بخار وكل من يسأل عنه الفقير بطرفكم خصوصاً والدة الصغير السيد محمود حافظوا طلبوا لنا الدعاء منها عند الزيارة وللأولاد أهدي للسلامة أجمعين ومن طرفنا أولادها وأحفادها وأسباطها وكنائنها كلهم يسلمون عليها ويطلبون الدعاء منها ويشتاقون لرؤياها قرب الله أيام للقاء والاجتماع وأيضاً إخواني الباقين نوفيهم ويكبن ومنيرة وأيضاً وعبد الغني وحدامكم إبراهيم وأولاده ومحمد أبو الفرج ومحمد أبو النضر والدتهم يسلمون على الجميع ويرجون دعاهم على الدوام في كل الأوقات والعفو للعاجز المقصر

الحقير

عکس مکتوب حضرت علامہ شیخ عبدالوہاب الصلاحی حلبونی دمشق رضی اللہ عنہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

المحترم

ھذہ جواب المحترم العزیز المکرم الشیخ ضیاء الدین اضی وعن عمی
رئیس المدرسۃ الموجہ الیھا سلام لا طمئن انوارکم بانی بما اجری علیکم
الی یوم شدنی المرض بحمد اللہ وشکرہ مدۃ یوم ما نزلت فیہ حرفا
ادرکنی مرض علیکم وما کنت اقدر علی الصلوٰۃ فی الحرم الی یوم لا بی محرز
شافی العلم لحمی وفتر علی ذلک والآن الطبیب الرکبی وقالوا لی
النقل سیحملونی عاجلا والسلام الداعی لکم بالخیر

محمد المصطفیٰ ابن الحاج المختار الشنقیطی
۱۳۴۷
۱۰

عکس مکتوب حضرت علامہ شیخ محمد المصطفیٰ الشنقیطی مدنی رضی اللہ عنہ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ



Marfat.com

PHONE 515782

2 MASTER HOUSE NEAR MEMON MASJID
SADDAR GHAZANFAR ALI ROAD
KARACHI 3 PAKISTAN
Present Address

C/O SURINAME MUSELEM
ASSOCIATIE.
50-58, KANKANTRIESTRAT
PARAMARIBO
SURINAME.
S. AMERICA

Shah Ahmad Noorani Siddiqi
PRESIDENT

THE WORLD ISLAMIC MISSION
INTERNATIONAL ISLAMIC MISSIONARIES GUILD

عکس مکتوب قائد اہل سنت حضرت علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی قادری

Marfat.com

اس کی قبولیت کی دعاء فرمائیے اور ہوئے تعالیٰ مزید کی توفیق عطاء
فرمائے امین ۔

حضور والا کی طبیعت مبارک کیسی ہے، ہوئے تعالیٰ لطفیل حبیب لبیب
صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا سایہ مبارک ہم فقیروں پر تادیر صحت و عافیت
کرم گستر رکھے امین بجاہ سید الاولین صلی اللہ علیہ وآلہ اجمعین ۔

گھر میں خالی حضرت عمتی آمنہ اسشیہ حمدہ
اختی بدور واختی عزیزہ عمای اسہ کریمہ گیخد منہ
سلام مسنونہ

سیدی فضل الرحمن گیخدمت میں بھی علیحدہ خط بھیجا ہے ۔
حاضرین محفل گیخدمت میں مودبانہ سلام مسنونہ
و درخواست دعاء

الراقم
الملتمس دعاء گفش خاکپا
فقیر شاہ لغفرلہ السید
۱۲۰۰ھ

عکس مکتوب قائد اہل سنت حضرت علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی قادری

Marfat.com



عکس مکتوب حضرت علامہ ریحان رضا خاں قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com



مکرم المقام حضرت قبلہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ

بعد تسلیم مع الخیر طالب خیر ہے آپ سے التماس ہے کہ خصوصی دعاؤں میں یاد فرمائیں۔ ادارہ اہل ادارہ کی کامیابی کے لئے خصوصی دعا فرمائیں۔ حصول مقصد کیلئے سرکار دوجہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ عالی میں خاص توجہ دعا فرمائیں۔ حضرت قبلہ صحت کے لحاظ سے اب بہتر ہیں احقر فقیر ازہر کی خیریت حضرت قبلہ کو سلام شوق کرے دعا طالب دعا۔ والسلام

خادم فقہ ان نبی بخش

عکس مکتوب حضرت علامہ منان رضا خاں قادری بریلوی مدظلہ العالی

اللہ اللہ

عرض : کفار کے جنازے کے ساتھ جانا کیسا ہے؟

ارشاد : اگر اس اعتقاد سے جائے گا کہ اس کا جنازہ شرکت کے لائق ہے تو کافر ہو جائے گا اور اگر یہ نہیں تو حرام ہے۔ حدیث میں فرمایا اگر کافر کا جنازہ آتا ہو تو ہٹ کر چلنا چاہئے کہ شیطان آگے آگے آگ کا شعلہ ہاتھ میں لئے اوچھلتا کودتا خوش ہوتا ہوا چلتا ہے کہ میری محنت ایک آدمی پر وصول ہوئی۔

(ملفوظات۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

الی السید الشیخ العالم علامہ شاہ ضیاء الدین مدنی

بجوار المسجد النبوی

المدینۃ المنورۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الی السید الشیخ امام الطریقۃ العلیۃ البہیۃ قائد العاشقین

فی الحضرۃ النبویہ دامت برکاتہم القدسیۃ وصلۃ

تحیۃ السلام وتحفۃ الاکرام مع تقبیل الاقدام

حامل ھذہ الرقعۃ من المتوسلین بالسلسلۃ العالیۃ القادریۃ

الرضویۃ المسمی محمد قاسم الرضوی الساکن ببلدۃ کلکتہ

یتشرف اول مرۃ بالحج والزیارۃ - یرید ان یتشرف

بتشرف مضان بالمدینۃ الامینۃ ویستفید برکاتھا الفائضۃ

یاسیدی انظر الیہ بنظر الرحمۃ والاحسان

وھو متوسل بک والی اللہ والرسول ومعتقم بذیلک الکریم

معہ امہ وکلہ یمہ -

بلغ سلامنا وصلواتنا الی عتبۃ المصطفی سید الوری

علیہ التحیۃ والثناء وادع لنا السلامۃ والحفظ فی

دیننا ودنیانا — والسلام علی اھل البیت —

کلکتہ

نور

Marfat.com

عکس مکتوب حضرت علامہ ارشد القادری جمشید پور رحمۃ اللہ علیہ

علماء اہلسنت وجماعت کی تصانیف کا مرکز
مکتبہ نوریہ رضویہ بغدادی مسجد گلبرگ اے لائلپور
فون نمبر ۶۰۵۶

حوالہ..... ۷۸۶ مورخہ.....

بخدمت حضور سیدی وسندی قبلہ دامت برکاتہم العالیہ

بعد سلام مسنون معروض۔ خیر وعافیت

گذشتہ دنوں حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب کا گرامی نامہ تشریف لایا کاشف احوال فقیر حضور کی دعاؤں سے خیریت ہے حاضری کی خواہش بے چین کر رہی ہے = حضور کی دعائی ضرورت ہے فقیر نے مکتبہ نوریہ رضویہ کا سلسلہ بھی شروع کیا ہے جسمیں سرکار اعلیٰحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تصانیف مبارکہ شائع کرنے کا پروگرام بنایا ہے فی الحال جو چند کتابیں فقیر نے شائع کی ہیں ان کا ایک ایک نسخہ حاضر ہے قبول فرمائیے

الخیرات الحسان - تجلی الیقین مع تمہید ایمان - روح ایمان -
سرور القلب - غایۃ التحقیق - رشد وہدایت ایمان رہائی -

ایک نسخہ کرم بار دے کر حرم میں رکھدیا ہے جو کرسی کا چھپا ہوا ہے

زائر دربار کا ادنیٰ خادم سید زاہد علی عفی عنہ
۱۹- شوال المکرم

عکس مکتوب حضرت علامہ سید زاہد علی قادری فیصل آباد رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

مکتبہ اسلامیہ انارکلی بازار لاہور

نمبر

تاریخ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بلسل اساس حضرت سیدی و سندی مولٰنا محمد ضیاء الدین احمد صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مزاج بخیر باد

اس سال حاضری مدینہ عالیہ سے محروم رہوں حضور خصوصی دعا

فرمائیں تاکہ آئندہ سال تدبیر کی ناکامی حاصل کر سکوں

رسید ہے حضور خصوصی دعا فرمائے حضور کے تمام صاحبزادگان کی خدمت میں سلام

والسلام

خاکپا محمد شریف نوری لاہور

عکس مکتوب حضرت علامہ محمد شریف نوری لاہور رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

دار العلوم کے اہم شعبہ جات

① دورۂ حدیث شریف
② درس نظامی
③ شعبۂ فارسی
④ شعبۂ تجوید و قرأت
⑤ شعبۂ حفظ کلام پاک
⑥ شعبۂ ناظرہ قرآن پاک
⑦ شعبۂ دار الافتاء
⑧ شعبۂ کتب
⑨ شعبۂ تبلیغ و اشاعت
⑩ شعبۂ اردو پرائمری اسکول
⑪ بورڈنگ ہاؤس

شاخہائے دار العلوم

① بھٹہ مسجد مزاف بازار سکھر
② مسجد وائس روڈ سکھر
③ مسجد نوری پرانا سکھر
④ روہڑی شہر

حوالہ نمبر ــــــ تاریخ ــــــ

حضرت فیض مدظلہ رہبر شریعت سیدی و سندی حضور قبلہ دامت برکاتہم العالیہ

سلام مسنون۔ خیر و عافیت مزاج گرامی

درس سے قبل بھی عریضہ حاضر خدمت کیا تھا لیکن جواب سے محروم رہے حضور والا جمعیت العلماء پاکستان نے
مقررہ تاریخ پر قومی اسمبلی کے انتخاب لیے کھڑا کیا ہے جیسا کہ حضرت والا فضل الرحمٰن صاحب
کو بخوبی معلوم ہے لہٰذا حضور والا خصوصی دعاؤں میں یاد فرمائیں کہ مولیٰ عزوجل اپنے حبیب
پاک صاحب لولاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صدقے جلالہ سے کامیابی سے ہمکنار فرمائے فقیر کا
بارگاہ رسالت میں صلوٰۃ و سلام عرض کریں اور کامیابی کیلئے عرض کریں۔ ہم فقیروں
کی پونجی دولت سے یہی ملکی ریاستیں ہے وسائل دنیوی نہیں ہیں تو کل ہر کھڑے ہوگئے
ہیں قومی اسمبلی کیلئے لاکھوں روپے کی ضرورت پڑتی ہے دوسرے امیدوار جو مقام
پر کھڑے ہیں ان کے پاس سرمایہ ہے ہمارے پاس مدینہ والے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کی کرم نوازی ہے۔ مقام سکھر کی نشست پر ہر اسمبلی سے نظر کرم فرمائیں
کامیابی و کامرانی کیلئے دعا فرمائیں امسال شاید حاضری ہو سکے آگے ان کا
کرم باعث رحمت ہے

قسمت میں لکھ دیجئے ہوں سو بل ہزار کے
یہ ساری گفتگو ایک تری دید پر نثار کی ہے

حضور آپ کی بخشیں دعاؤں میں یاد رکھیں حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب
دار العلوم حقانیہ پر ہمارے حال پر بہت عنایات ہیں سلام
والسلام

فقیر ابو الکلام محمد حسین قادری رضوی مصطفوی غفرلہٗ
خادم جامعہ غوثیہ رضویہ سکھر

عکس مکتوب حضرت علامہ مفتی محمد حسین قادری سکھر رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

عکس مکتوب محترم جناب الحاج محمد اسحاق نقشبندی جماعتی میسور رحمۃ اللہ علیہ

A. Mohamed Ishaq & Brothers

SONS OF THE LATE SAHUKAR HAJEE A. MOHAMED IMAM SAHEB

TELEGRAMS: "SAKLESPUR"
RY. STN.: HASSAN.

BAITHNEY ESTATE,
SAKLESPUR P.O.
(MYSORE STATE)

Dated ۲۷ محرم الحرام ۱۳۶۶ھ
۲۳ دسمبر ۱۹۴۶ء

حضور فیض گنجور لاجع النور عالم علوم ربانی مقبول بارگاہ سبحانی مخزن اسرار معقول ومنقول کاشف استار فروع واصول۔ مطلع العلوم۔ مجمع الفہوم عالم باعمل۔ فاضل بے بدل۔ منبع اخلاق۔ منہل الاشفاق۔ مرصد احسان۔ مظہر امتنان۔ لوذعی زماں۔ قدوۃ السالکین۔ زبدۃ العارفین۔ محبوب رب العالمین۔ مولانا ومخدومنا

ہم تمام خدام حاجی صوفی نوری حضرت محمد ضیاء الدین صاحب بیتہ وکلہ مدظلہ العالی زادہ مجدکم۔ دام اقبالہ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قصبہ بوسل۔ خیریت۔ لعلین بوسل۔ مزلج اقدس؟ لعلہ آپ بخیر ہوں گے۔ یہ عاصی وخاکسار آپ سے جدا ہو کر غلیسہ بعد فراغ حج ادا کرتا ہوا بخیریت وآبادی وعافیت کے ساتھ ۱۲ ماہ روان کو کراچی پہنچ کر ۱۵ ماہ روان کو ملی پور شریف حاضر ہو حضور رتبہ عالم العیرت روحی فداہ کی قدمبوسی سے مستفیض ہو ۱۵ ماہ روان کو بخیریت وطن داخل ہوا۔ الفضل للہ ایفلیس الحمدللہ وحضور العیرت روحی فداہ وآبادی وعافیت سے ہر طرح شاکل حال ہے۔ اہل وعیال وخاندان کا ہر فرد بخیر ہے۔ حضرت! یہ عاصی وخاکسار وخادم کس دل۔ کس زبان کس منہ سے آپ کی توصیف وتوصیف کر سکتا ہے۔ نہ زبان کی طاقت ہے آپ کی توصیف کر سکوں۔ نہ دل کی قوت ہے بیان کر سکوں۔ نہ قلم کی ہمت ہے تحریر میں لاسکے۔ ہم خدام حضور عاصی وخاکسار وحبوبات مدینہ منورہ میں اکیاہ اقامت کیا تھا۔ اس دوران اقامت میں آپ اور آپ کے صاحبزادان عالی شان حاجی نورانی حاجی محمد فضل الرحمن صاحب منعم نے جو گرانقدر عزت افزائی فرمائی۔ اور میرے لئے جو تحائف بیش بہا عنایت فرمائے۔ اور خانقاہ نقشبندیہ وبقاع مقدسہ کی زیارت کرائے۔ اسکا تہ دل سے ممنون وشکر گزار ہوں۔ اور حضور قلب شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جب سے بیت خاک پر باعالم پاک کی شمال کیا ہے کئی کے نمایاں والطاف کریمانہ واحسان عمیمہ واخلاق پسندیدہ کا ذکر کروں۔ ہر مجلس میں دوستی ذاتا ہوں تو آپکی نظر ملتفانہ وشفقانہ کا ذکر کرتا ہوں۔ کتب سیر ومودت میں رعایت انعامات کی درخواست کی واستصواب کرتا ہوں۔ ہم دوران اقامت میں عاصی وخادم وخاکسار سے سہواً یا عمداً جو کچھ خطا واقع ہوا ہے ہیں۔ اسکو معافی کا جامہ پہنا کر ہمیشہ کی ممنونیت کا موقعہ عنایت فرمائیں گے۔ بہت ہی جسلی کچھ انتہا ہی نہیں۔ ایسا شرمندہ ہوں۔ کہ جان سر ہا ہوں میں آپکی کچھ خدمت نہ کر سکا۔ میرا فرض منصبی تھا آپکی فرمد الفرد خدمت کرتا تھا۔ اور تعظیم وتوقیر بجا لاتا تھا۔ بجائے اسکے آپ کو تکلیف دیا اور خود آپ سے عزت افزائی حاصل کر لیا ہوا۔ اسی عاصی کے زمانے میں آپ جیسی مقدس ومتبرک ہستی کے دیار حبیب میں بعد دو سال ایسا لطف حقیقی الطف آیا۔ اور جو کچھ معلومات وفیض حاصل کرنا تھا آپکے وسیلہ سے حاصل کیا۔ اسپر جتنا ناز کروں کم۔ جتنا فخر کروں تھوڑا۔ خدا کے وحدہ لاشریک سے اسی عاصی کی التجا ہے آپکو تا نہایت سلامت وقائم رکھے اور اسی طرح سے ہر دو عالم میں مستفیض ہوتا رہے۔ آمین ثم آمین۔

Marfat.com

حضرت شیخ مکتوب نمبر ۱۰۳ جناب اخوند درویزہ رحمۃ اللہ علیہ کی جانب سے تحریر فرمودہ

Marfat.com



علیہ وسلم اچھی ہے مگر اب کمزوری اور بہت بڑھ گئی ہے۔ گذشتہ سال کے شعبان میں بندہ آپ کے رخصت ہوا تھا اور وقت تک طاقت کماوبیش قائم تھا جو ۱۳۶۹ھ کے ماہ محرم تک آنکھ کی روشنی کو خود اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔ تب تو اپنی پیروں کو گھسیٹ کر دو آدمی کے سہارے چل لیتے تھے۔ اب پیروں کی وہ طاقت بھی باقی نہ رہی۔ اب قضائے حاجت کے لئے آنجناب قدس کو دو آدمی بستر سے اٹھا کر لیجاتے ہیں لوٹا باخانے میں چھوڑ آتے ہیں۔ آواز آنے پر پھر اٹھا لاتے ہیں۔ غرض حجاز کا دوبارہ سفر جو آپ نے حضور قبلۂ عالم مدظلہم العالی سے صاف الفاظ میں فرمایا کہ اب تو مجھ میں دوسرے سفر کی طاقت باقی نہیں ہے۔ صاحبزادہ حضرت سید نور حسین شاہ صاحب دام بقاہ کا پاس زادراہ سفر حجاز اسوقت جمع ہے اور چند ہر بندگان طریقت نے جو عرض کیا ہے حاضر علی پور سیداں ہے فرمائش کی ہے کہ اگر حضور قبلۂ عالم مدظلہم العالی سفر کا ارادہ فرمائیں تو ان کے لئے بھی اوسی جہاز میں سفر کرنے کا ٹکٹ خرید لیا جائے اور ان میں ایک نے تو ٹکٹ کی مبلغ کا بیعانہ بھی بندہ کے پاس جمع کر دیا ہے۔ لیکن نہ صرف آپکی تحقیق کے بابت بلکہ خود آپ نے جو اپنی کمزوری کے باعث جو الفاظ زبان مبارک سے فرمائے ہیں ان کے پیش نظر کیا جا سکتا ہے کہ شاید اس سال سفر حجاز اقدس نہ ہو سکے۔ بندہ ۹ رجب تک حاضر دربار علی پور سیداں تھا۔ اب اپنے گھر کے کام کو واپس آیا ہوا ہے۔ اس ماہ رجب کے ۲۷ یا ۲۸ تک پھر واپس علی پور سیداں پہنچ کر ۱۵ شعبان کو حضرت قبلۂ عالم کے والد ماجد رحمۃ اللہ علیہما کا عرس ہے اس میں شریک ہو کر

عکس مکتوب حضرت خان بہادر بخشی مصطفیٰ علی خان خلیفۂ مجاز
حضرت پیر سید جماعت علی شاہ نقشبندی علی پوری رحمتہ اللہ علیہ

Marfat.com



عکس مکتوب حضرت خان بہادر بخشی مصطفیٰ علی خان خلیفۂ مجاز
حضرت پیر سید جماعت علی شاہ نقشبندی علی پوری رحمتہ اللہ علیہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھوالقادر

مکتوبات

حضرت ضیاء الملت والدین
ضیاء الدین احمد قادری
قدس اللہ سرہٗ العزیز

بنام

-- ڈاکٹر پروفیسر مسعود احمد نقشبندی مجددی
-- مکتبہ نبویہ لاہور
-- حضرت علامہ صائم چشتی مصنف کتاب گیارہویں شریف
-- حضرت بخشی مصطفیٰ علی خاں مدنی۔ خلیفہ مجاز حضرت امیر ملت
پیر جماعت علی شاہ علی پوری (رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com



سقيفة الرصاص على يمين المتجه لباب السلام
قبل التوسعة الأخيرة للمسجد والآن ضمن الساحات

Marfat.com

۱۶/ذی قعدہ ۱۳۹۳ھ/۱۰/دسمبر ۱۹۷۳ء

عزیز القدر گرامی منزلت پروفیسر محمد مسعود احمد صاحب سلمہ اللہ الصمد۔

السلام علیکم ورحمتہ اللہ تعالیٰ وبرکاتہ

تحیہ زاکیہ وادعیہ واقعیہ کے بعد آپ کی تازہ ترین تصنیف

''فاضل بریلوی علماء حجاز کی نظر میں''

نظر نواز ہوئی۔ آپ کی یہ کاوش اور دیدہ ریزی قابل صد ستائش ولائق تحسین ہے۔ دعا کرتا ہوں کہ آپ کی یہ کوشش عنداللہ مقبول اور عندالناس مشکور ہو۔

یہ امر محتاجِ بیان نہیں کہ اعلحضرت عظیم البرکت کی عظیم شخصیت کے لئے ضرورت تھی کہ اس موضوع پر سیر حاصل بحث کے بعد آپ کی عظمت کو اُجاگر کیا جائے، سو یہ آپ کے قلم حقیقت رقم سے پوری ہوگئی۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے اور سعی مشکور ہو۔

فقیر ضیاء الدین احمد القادری عفی عنہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ——— نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

کتب خانہ لاہور ، مفسر قرآن مولانا ہاشمی فرید آبادی کی حسین یادگار ہے ۔ دین حقہ کی خدمات ۱۹۲۸ء سے یہ کتب خانہ تسلسل و پابندی کے ساتھ انجام دے رہا ہے ۔ آپ کے وصال کے بعد آپ جانشین مولانا ہاشم علی نے یہ خدمت انجام دینے لی ۔ اللہ کو منظور تھا کہ ۱۹۹۶ء میں حضرت اقبال الصدر مولانا ہاشم رضی کی خدمات حاصل کر لیں ۔ جب سے یہ کتب خانہ مرکزی کتب خانوں میں شمار ہونے لگا ۔ مسلک اہل سنت کی تدریس و اشاعت کے سلسلہ میں جتنے حضرت شیخ المحقق سید عبدالحق محدث دہلوی ، حضرت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی ، دیگر علمائے اہل سنت کی تالیفات کا ملک و بیرون ملک اشاعت کا اہتمام کیا ، اللہ اکبر و کبیرا ۔ ہندوستان پر حملہ قاہرانہ کے بعد نسخہ ، دیباچہ ، تقدیم ہمہ کر اللہ شرائع کر کے اپنی عام فہم بنا دیا ۔ چنانچہ حال ہی میں کتب خانہ کے قدیمی مخطوطات کے حصہ پنجم کی طباعت کی سعادت حاصل کی ۔ حکمرانوں سے طباعت جدید کی اجازت ۔۔۔ سے منسلک ہے ۔ خدا کرے اہل اکرام طباعت سے کتب خانہ کے اپنی گلشن گلدستہ زیبا تحسین ہے ، دعا کرتا ہوں ہر کتب خانہ کی زیارت سے زیادہ تر خدمت دین حقہ اللہ مسلک اہل سنت کی خدمت کرواتا رہے ۔ آمین ۔

۱۲ ذی الحجہ الحرام ۱۴۱۳ھ ——— آمین بجاہ طٰہٰ و یٰسین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

حيدر الحبدري

Dr. Haidar al Haidari
Bab Almajidi Medina
(Tdlg. Alhaidari Medina Hadjaz)
Tel. 25 : 505



Marfat.com

ناظرین کرام کے لئے خصوصاً اور ان پروانہائے طیبہ طیبہ کے لئے جواس شدید گرانی کی مصیبت کے ایام میں جیرانِ نبی اکرم (ﷺ) کی مدد کررہے یا کروارہے ہیں۔مکتوب ذیل جو بندہ کے بنام حضرت مولوی ضیاءالدین احمد صاحب قبلہ مدنی سے موصول ہوا ہے، بعید از دلچسپی نہ ہوگا۔

(ایڈیٹر ہفت روزہ الفقیہ امرتسر)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از مدینہ منورہ الف الف الصلوٰۃ
والسلام علیٰ ساکنہا ومنورہا

۲۵ر ذیقعدالحرام ۱۳۶۳ھ
بروز جمعۃ المبارک

محبّ جیران شفیع المذنبین محبی ومخلصی جناب الحاج بخشی صاحب
دام افضالہ آمین
السلام علیکم ورحمتہ اللہ تعالیٰ وبرکاتہ

محبت نامہ بدست مکرمی الحاج داؤد سیٹھ صاحب تشریف لا کر موجب سرور و کاشف حالات ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو خرم ومسرور رکھ کر سعادت دارین کی دولت سے سرخرو فرمائے آمین۔ حاجی سلیمان سیٹھ صاحب وحاجی داؤد سیٹھ صاحب نے اہل مدینہ طیبہ کی صحیح طور پر خدمت کی، اللہ تعالیٰ قبول فرمائے آمین اور مزید توفیق عطا فرمائے، اہل مدینہ منورہ اس وقت شدتِ گرانی اور عدم آمدن کی وجہ سے ازحد پریشان حال ہیں، ہر مسلمان پر ان کی خدمت واجب ہے، ہر ممکن طریق سے مولا تعالیٰ اخلاص ومحبت سے

Marfat.com

توفیق خدمت عطا فرمائے۔

حضرت قبلہ عالم امیر ملت مدظلہ کی آمد کی خبر آج کی تاریخ تک تحقیق نہیں پہنچی۔ جہاز آخری پہنچنے پر معلوم ہوگا۔

حضرت قبلہ عالم مدظلہ کا اہل مدینہ طیبہ بصیم قلب انتظار کر رہے ہیں اور ان کی حاضری بارگاہ اقدس کے لیے دائماً دعا گو ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو بھی مدینہ طیبہ کی حاضری کی سعادت عطا فرما کر ہم سے ملاقات کرادے۔ آمین ثم آمین

مدینہ طیبہ میں تقسیم خیرات کی حکایت خود حاجی سلیمان صاحب و حاجی داؤد صاحب بیان فرمادیں گے۔

مجھے بہت افسوس ہے میں اس وقت چند دانے کھجور بھی ہدیہ روانہ نہیں کر سکا۔ کھجور بھی گراں اور ٹین اس سے گراں۔ اللھم لاحول و لا قوۃ الا باللہ ! اللہ تعالیٰ اس شدت گرانی کی مصیبت کو جلد ٹال دے اور اپنی حفاظت وصیانت میں رکھے۔ آمین۔ اللہ تعالیٰ آپ کی سعی مشکور فرمادے کہ جو آپ اہل مدینہ منورہ کی خدمت دل و جان سے کر اور کرا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مزید توفیق عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ جانبین کو جانبین میں اپنی حفاظت اور صیانت میں رکھے۔ آمین۔ عزیزم حافظ فضل الرحمٰن سلمہ، اور سب گھر کے لوگ سلام مسنون عرض کرتے ہیں۔ امید ہے کہ اپنی خیریت سے گاہے بگاہے شاد فرماتے رہیں گے۔ تاکہ آپکی یاد مدینہ طیبہ میں تازہ ہوتی رہے۔ مکتوب نصف الملاقات کی مثل مشہور ہے، جملہ احباب حاضرین کی خدمات میں سلام مسنون گزارش ہے۔ ۶۴

کتبہ فقیر ضیاء الدین احمد القادری عفی عنہ

Marfat.com



مرقد مبارک سیدنا امام اعظم رضی اللہ عنہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھو القادر

اسفار

قطب مدینہ منورہ رضی اللہ عنہ

Marfat.com

نعل الرسول السبتية المحفوظة في متحف قصر توب كابي

حذاء الرسول يمنية الطابع
ذات مقدمة مدببة من الجلد الأسود
المحفوظة في متحف قصر توب كابي

Marfat.com

حضرت شیخ المشائخ سیدی ضیاء الملت والدین مفتی ضیاء الدین احمد القادری رضی اللہ عنہ نے حج کے علاوہ مدینہ منورہ ذادھا اللہ شرفاً و تعظیماً سے چار مرتبہ سفر کیا۔

۱۔ سفرِ ترکیا ۱۳۳۳ھ

۲۔ سفرِ بریلی ۱۳۳۹ھ

۳۔ سفرِ بغداد ۱۳۴۳ھ

۴۔ سفرِ حیدرآباد دکن ۱۳۵۲ھ

Marfat.com

پہلا سفر

ترکیا ۱۳۳۳ھ

فرمایا:

عثمانی دور حکومت میں ہر وہ کام کیا جاتا تھا جس میں اسلام کی شان و شوکت کا اظہار ہو۔ آذان کے بعد صلاۃ و سلام پڑھا جاتا تھا۔ اسلامی آثار کی بڑی ذمہ داری سے حفاظت کرتے تھے۔ حکومت کی طرف سے اسلامی تہوار بڑی عقیدت مندی اور شان و شوکت سے منائے جاتے تھے۔ لوگ بڑے امن و سکون کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ انگریز اسلام کی شان و شوکت سے گھبرا رہا تھا۔ انگریز نے مکر و فریب سے شریف مکہ کو ورغلا کر عثمانی حکومت کے خلاف کر دیا۔ شریف حسین رحمتہ اللہ علیہ دھوکے میں آ گئے اور برطانیہ کی مدد سے حملہ کر دیا۔ ترک بڑے مؤدب تھے حرمین شریفین میں جنگ و جدال اور خون ریزی کو پسند نہ کرتے تھے اس لئے جنگ سے گریزاں رہے۔ مزاحمت نہ کرنے کے باوجود بھی بہت سے بے گناہ مسلمانوں کا خون بہا۔ ترکی جب حرمین شریفین سے نکلے تو یہاں سے علماء و مشائخ اور متدین حضرات کو ان کی جانوں کے خوف کی وجہ سے اپنے ساتھ ترکیا لے گئے۔ اس لئے فقیر کو بھی مدینہ طیبہ سے مجبوراً ۱۳۳۳ھ میں جانا پڑا۔ استنبول میں بطور سلطانی مہمان ٹھہرایا گیا۔ کچھ عرصہ حضرت علامہ عبدالعلیم صدیقی رحمتہ اللہ علیہ بھی فقیر کے ہمراہ قیام پذیر رہے۔

۱۳۳۴ھ میں شریف حسین رحمتہ اللہ علیہ کی حرمین شریفین پر حکومت قائم ہوئی۔ اور امن و امان قائم ہو گیا تو چند ماہ کے بعد ۱۳۳۴ھ کو فقیر دوبارہ مدینہ شریف حاضر ہو گیا۔ دس برس تک شریف مکہ کی حکومت رہی اس دور میں بھی امن و سکون ہی تھا۔ عقائد کے

Marfat.com

جھگڑے بھی اتنے کھڑے نہیں ہوئے تھے۔ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی تعظیم وتکریم کی وجہ سے مسلمانوں پر بدعت وشرک کے فتوے جاری نہیں کئے جاتے تھے۔ یہ دور ۱۳۴۳ھ تک رہا۔

انگریز تو مسلمانوں کی شان وشوکت سے خائف رہتا تھا۔ اس لئے ۱۳۴۴ھ میں آل سعود اور برطانیہ میں گٹھ جوڑ کے سبب معائدہ طے پایا۔ اور مکہ مکرمہ پر حملہ کر دیا۔ شریف مکہ، دفاع کرنے میں ناکام رہا۔ بے شمار مسلمان شہید ہوئے، عورتیں اور چھوٹے چھوٹے بچے گولیوں سے چھلنی ہوئے۔ بوڑھوں کا بھی قتل عام ہوا۔ یہاں تک کہ بیت اللہ شریف اور قبہ خضرا مبارکہ پر بھی گولیاں برسائیں گئیں۔ قحط پیدا کر دیا گیا۔ بہت سے لوگ مکہ معظّمہ اور مدینہ منورہ سے ہجرت کرنے پر مجبور ہو گئے۔ شریف حسین کو شکست اور آل سعود کو فتح ہوئی۔ عقیدے کے معاملہ میں یہ لوگ محمد بن عبدالوھاب کے پابند ہو گئے۔

۶۵

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

عرض: وقت عصر میں کراہت کس وقت آتی ہے؟

ارشاد: غروب آفتاب سے بیس منٹ قبل تک کراہت نہیں یعنی سلام کے بعد بیس منٹ غروب میں باقی رہیں۔ اس کے بعد کراہت ہے کہ اس وقت تخمینی میں آفتاب پر نگاہ جمنے لگتی ہے۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

دوسرا سفر

بریلی ۱۳۳۹ھ

اے شہنشاہ بلند اختر خدا را ہمتے
تا ببوسم ہم چوں گردوں خاک ایوان شما

فرمایا:

ایک دفعہ میں نے ہندوستان کا سفر ۱۳۳۹ھ میں کیا، میں نے یہاں مدینہ شریف میں خواب دیکھا تھا۔ اس کی تعبیر خود ہی میری سمجھ میں یہ آئی تھی کہ شاید دنیا میں سیدنا اعلحضرت کا یہ آخری سال ہے۔ اشتیاق ہوا کہ اعلحضرت کی قدم بوسی کر آؤں۔ تو مدینہ شریف سے میں نے سفر کیا۔ بمبئی پہنچا وہاں سے اجمیر شریف گیا، زیارت کی اور بریلی شریف چلا گیا۔ دو مہینے دو دن مجھے حضرت نے رکھا۔ اس وقت آپ چلنے پھرنے سے بالکل معذور تھے مگر قلم متحرک تھا۔ حضرت نے ''المحجة المؤتمنة فی آیة الممتحنة'' [۶۶] انہی ایام میں ترک موالات پر لکھی، یہ ان کی آخری تصنیف ہے۔

مسجد شریف میں لوگ کرسی [۶۷] پر بیٹھا کر کے اٹھا کر لے جاتے اور آپ جماعت کے ساتھ نماز پڑھتے۔ کوشش ہوتی کہ آپ کھڑے ہو کر نماز پڑھیں۔ لاٹھی [۶۸] کے سہارے کھڑے ہوتے، فرض نماز کی پہلی رکعت کھڑے ہو کر پڑھتے اور باقی بیٹھ کر ادا کرتے۔

رمضان شریف کا مہینہ قریب تھا اور حضرت گرمی کی شدت اور نقاہت وضعف کے سبب بریلی شریف میں روزے نہیں رکھ سکتے تھے۔ اس لئے اعلحضرت بریلی سے نینی تال بھوانی پہاڑ [۶۹] پر جانے لگے۔

Marfat.com

میں اجازت لے کر واپس آ گیا۔ مکہ شریف پہنچا حج کیا۔ ان دنوں موٹریں تو تھیں نہیں، اونٹوں کے قافلے تھے، محرم کے آخر میں مدینہ شریف پہنچا اور صفر کے آخر میں تار آیا کہ حضرت کا وصال ہو گیا ہے۔ رحمتہ اللہ علیہ

حضرت صدرالا فاضل مولانا سید نعیم الدین سے وہاں ہی ملاقات ہوئی۔ حضرت مولانا حشمت علی خاں بھی اعلحضرت کی خدمت میں حاضر تھے اور ان کو بہت قرب حاصل تھا۔ پھر حضرت صدرالا فاضل سے دو مرتبہ مدینہ منورہ میں ملاقات ہوئی۔ پہلے حج میں تو حضرت اشرفی میاں قبلہ رضی اللہ عنہ اور سید ابوالبرکات لاہوری اور حضرت محدث صاحب کچھوچھوی علیہ الرحمۃ بھی ساتھ تھے۔ بڑا بابرکت قافلہ تھا۔ سارا قافلہ ہی علماء وصوفیا کا تھا، ۱۳۵۴ھ میں اور حضرت اشرفی میاں قبلہ کا وصال ۱۳۵۵ھ میں ہوا تھا۔ ۷۰

اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ

عرض: اگر ریا کے لئے نماز روزہ رکھا تو فرض ادا ہو گا یا نہیں؟

ارشاد: (معاذ اللہ) فقہی نماز روزہ ہو جائے گا کہ مفسد نہ پایا گیا۔ ثواب نہ ملے گا بلکہ عذاب نار کا مستحق ہو گا۔ روز قیامت اس سے کہا جائے گا او فاجر، او غادر، او خاسر، او کافر تیرا عمل حبط ہوا اپنا اجر اس سے مانگ جس کے لئے کرتا تھا۔ یہی ایک برائی ریا کی مذمت کو کافی ہے۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

تیسرا سفر

بغداد ۱۳۴۳ھ

۱۳۹۳ھ میں سیدی قطب مدینہ نے یہ واقعہ بیان فرمایا۔
ابھی یہ تھوڑے عرصے کی بات ہے پچاس سال بھی نہیں ہوئے۔ غالباً ۱۳۴۳ھ / ۱۹۳۲ء میں بغداد شریف سے چالیس میل کے فاصلے پر مدائن ہے۔ جہاں سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ [۱] کی زیارت مبارک ہے۔ وہ جگہ بلندی پر ہے۔ تھوڑی دور دریا بہتا ہے۔ دریا کے کنارے پر دو قبریں تھیں۔ ایک سیدنا حذیفہ یمانی رضی اللہ عنہ [۲] کی اور دوسری سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی، ان میں پانی آنا شروع ہو گیا۔ سیدنا حذیفہ یمانی رضی اللہ عنہ نے خواب میں ملک فیصل شریف [۳] کو جو اس وقت بادشاہ تھے ان کو حکم دیا کہ ہماری قبروں میں پانی آ گیا ہے ان کو تبدیل کرو۔ بادشاہ نے سنا یا نہ سنا، یا بے غوری کی یا یہ کہ امور سلطنت کی وجہ سے فرصت نہ ہوئی۔ پھر چند دنوں کے بعد جو بڑا مفتی [۴] تھا بغداد شریف کا اس کو خواب میں حکم فرمایا۔ جب اس کو خواب آیا تو وہ بادشاہ کے پاس اس سلسلہ میں گفت وشنید کے لئے گئے کہ مجھے خواب میں حضرت حذیفہ یمانی رضی اللہ عنہ نے ایسا فرمایا ہے۔ ملک فیصل شریف نے جواب میں کہا کہ مجھے بھی خواب میں آپ نے ایسا ہی حکم دیا ہے۔ اور بادشاہ نے کہا یہ ہمارا کام نہیں ہے یہ تو آپ کا کام ہے۔ آپ شرعی فتویٰ دو، اور ہمارا کام نافذ کرنے کا ہے۔ تو مفتی صاحب نے کہا آپ صحابہ کرام میں سے ہیں اور سیدنا حذیفہ یمانی رضی اللہ عنہ وہ صحابی ہیں جو حضور ﷺ کے راز دار ہیں۔ بعض باتیں ایسی ہیں جو حضور ﷺ نے آپ کو فرمائیں وہ دوسرے صحابہ کو نہیں فرمائیں۔ آپ رضی اللہ عنہ کا حکم ماننے میں کوئی

Marfat.com

ہرج نہیں۔تو بادشاہ کے ساتھ اتفاق ہوا کہ ان دونوں قبروں کو کھولا جائے۔اس کے لئے دن مقرر ہوا اور اعلان کیا گیا۔ بادشاہ نے بلور کے شیشے کے بڑے بڑے تابوت منگوائے جو قدِ آدم سے بھی زیادہ لمبے تھے تا کہ جب جنازے نکلیں تو ان میں رکھ کر لے جائیں۔

حج کے ایام تھے۔ یہاں جو حج کو بڑے، بڑے امراء آئے ہوئے تھے انہوں نے بادشاہ کو تار دیئے کہ آپ کم از کم دس دن اور تاخیر کریں تا کہ حج کے مناسک ادا ہو جائیں اور ہم لوگ بھی آسکیں۔ مدینہ منورہ سے ہم چار آدمی بھی زیارت کے لئے حاضر ہوئے مقصود یہ کہ بہت مخلوق تھی۔ امریکہ سے جرمنی سے بڑے بڑے فلاسفر، بڑے بڑے ڈاکٹر اس مقام کو دیکھنے کے لئے آئے۔ لاکھوں افراد نے بلاتفریق دین و مذہب شرکت کی۔ سب کی موجودگی میں پہلے سیدنا حذیفہ یمانی رضی اللہ عنہ کی قبر شریف کھولی آپ کا وجود سلامت، کوئی حرکت میں فرق نہیں، آنکھیں روشن، پلکیں موجود، وہ جو بڑے بڑے فلاسفر اور ڈاکٹر امریکہ و جرمنی وغیرہ کے تھے دیکھ کر حیران رہ گئے۔ بولے یہ حقانیت کی دلیل ہے۔ یہ ان کے دین کے حق ہونے کی دلیل ہے اور بے شمار لوگ مسلمان بھی ہوئے۔ایک جرمن ڈاکٹر جو آنکھوں کا ماہر تھا نے صحابہ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالکر دیکھنا چاہا مگر اس کو ہمت نہ ہوئی اسی وقت مفتی اعظم کے سامنے کلمہ طیبہ پڑھتا ہوا مسلمان ہو گیا۔

ابوتمام نے بیت کہا ہے۔

وَمِن النّاسِ مَیّت و ھُوَ حَیّ بِذِکرِہِ
وَحیٌ سَلِیمٌ فی الناس و ھو میت

اور لوگوں میں سے ایسے ہیں جو مر گئے ہوئے ہیں اور وہ زندہ ہیں خدا کے ذکر سے۔ اور لوگوں میں زندہ چلتے پھرتے ہیں اور وہ مردہ ہیں۔

حضرت، مردہ تو ہم ہیں اور وہ تو زندہ ہیں۔

Marfat.com

اور اندلس کے انقلاب پر لکھتا ہے۔

المسِاجدُ تَبُقِیُ وھِیَ جامدۃُ　　وَالمنابِرُ تبقی وھِیَ عیَدانُ

مسجدیں رورہی ہیں اور یہ پتھر کی ہیں۔　　اور منبر رورہے ہیں اور یہ لکڑی کے ہیں۔

اور جرمنی کے ایک شخص نے کہا کہ ان کی قبروں کے لئے ستون میں پیش کروں گا۔ وہ جرمنی گیا اور ستون بنوا کر لے آیا جو قبروں میں نصب کئے گئے۔

ہمارے پنجاب میں بھی حضرت سلطان باھو رضی اللہ عنہ کو دو دفعہ قبر سے نکال کر دوسری جگہ دفن کیا گیا۔ وہاں بھی پانی کی سیل آجاتی تھی۔ ۵ے

مرقد مبارک سیدنا عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ

Marfat.com

چھوتھا سفر

حیدرآباد دکن ۱۳۵۲ھ

فرمایا:

میرے بیٹے فضل الرحمٰن کو گلے کی بیماری ہوگئی تو کھانے پینے کی بہت تکلیف بڑھ گئی۔ علاج معالجہ کیا کچھ آفاقہ نہ ہوا۔ حیدرآباد سے ایک ڈاکٹر حج کے لئے آئے، نظام دکن نے ان کو ارسطو یار جنگ کا خطاب دیا ہوا تھا۔ ان کو فضل الرحمٰن کے علاج کے لئے کہا گیا۔ انہوں نے معائنہ کرنے کے بعد کہا، اس کا علاج تو ہوسکتا ہے مگر یہاں پر ممکن نہیں، ان کو حیدرآباد لے آئیں تو وہاں اس کا علاج ہو جائے گا۔ چنانچہ میں ۱۳۵۲ھ میں فضل الرحمٰن کو لے کر کے حیدرآباد روانہ ہوا۔ اس وقت اس کی عمر آٹھ برس تھی۔ وہاں پہنچنے پر مجھے تو نواب فخر یار جنگ اپنے گھر پر لے گئے اور فضل الرحمٰن کو کوئی اور صاحب لے گئے اور سامان کوئی اور، ہر کسی کی خواہش تھی کہ ہمارا قیام اس کے ہاں رہے۔ آخر یہ طے پایا کہ قرعہ اندازی کر لی جائے جس کے نام قرعہ آئے گا اس ہی کے گھر میں قیام ہو۔ چنانچہ قرعہ اندازی ہوئی تو نواب فخر یار جنگ ہی کا نام آیا، فضل الرحمٰن اور سامان ان کی قیام گاہ پر آ گیا۔ پھر ان ہی کے ہاں فقیر کا قیام رہا۔ ان دنوں میں وہ وزیر مالیات تھے۔

فضل الرحمٰن کا کئی ڈاکٹروں سے معائنہ کرایا گیا۔ ان کی رائے یہ تھی کہ آپریشن کرنا پڑے گا۔ اور آپریشن کرنا خطرے سے خالی نہیں ہے۔ اس لئے کوئی ڈاکٹر بھی علاج کرنے پر رضامند نہ ہوا۔ آخر ایک ہندو ڈاکٹر سے رابطہ ہوا، اس نے علاج اور آپریشن کی حامی بھری۔ چند دن کے بعد اس نے آپریشن کیا، علاج ہوا، الحمد للہ، اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے اچھا کر دیا۔

انہی ایام میں وہاں علماء ومشائخ سے ملاقاتیں ہوتی رہیں۔ ان حضرات میں سے

Marfat.com

پیر طریقت حضرت عبداللہ شاہ صاحب، حضرت عبدالقدیر صاحب، حضرت مفتی عبدالرحیم صاحب، حضرت مولانا ابوالوفاء سید محمود قادری صاحب شیخ الفقہہ جامعہ نظام حیدرآباد، آپ افغانی عالم تھے اور حضرت مولانا سید محمد فرید پاشا قادری [۶ے] (مشیر امور مذہبی واستاد نواب میر برکت علی خاں نظام ہفتم) ابوالمحفوظ سید حبیب اللہ قادری المعروف رشید پاشا (امیر جامعہ نظام ورئیس قسم التصیح دائرۃ المعارف العثمانیہ) حیدرآباد میں ہی خواجہ حسن نظامی سے بھی ملاقات ہوئی، بڑے حوصلے والے آدمی تھے۔ میں نے ان کو کچھ ایسی باتیں کہہ دیں کہ وہ برا منا سکتے تھے مگر آپ خاموش ہی رہے۔

حیدرآباد میں میرا قیام چار ماہ سے کچھ اوپر ہی رہا۔ [۷ے]

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

خدا جو دے آنکھیں تو کرتے ہی رہیں دیدار محمد ﷺ

خدا جو دے کان تو سنتے ہی رہیں گفتار محمد ﷺ

قادری کی دعا ہے تجھ سے اے قادرِ مطلق

جب تک جیوں رہوں گرفتار محمد ﷺ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھو القادر

شیخ الشیوخ حضرت سیدی ضیاء الدین احمد قادری
قدس اللہ سرہ العزیز

کا

سفرِ آخرت

۴ / ذوالحجۃ ۱۴۰۱ھ
۲ / اکتوبر ۱۹۸۱ء

جہان میں اہل ایمان صورت خورشید جیتے
اِدھر ڈوبے اُدھر نکلے، اُدھر ڈوبے اِدھر نکلے

Marfat.com



☆ قبر شریف قطب مدینہ رضی اللہ عنہ

Marfat.com

شیخ العرب والعجم حضرت سیدی ضیاء الدین احمد قادری رضی اللہ عنہ وصال سے تقریباً دو ماہ قبل عالمِ برزخ کی طرف رجوع فرما چکے تھے۔ اکثر اوقات خاموشی تھی، مگر ہونٹ حرکت میں رہتے۔ کبھی خفیف آواز میں حسبنا اللہ ونعم الوکیل۔ استغفار۔ درود شریف اور کلمہ طیبہ سننے میں آتا رہا۔ بعض اوقات کچھ حکمت بھرے جملے ارشاد فرماتے۔ جن کا عام انسانوں کی عقل احاطہ نہیں کر سکتی تھی۔ کوئی اسرار و رموز کو سمجھنے والا ہی مفہوم حاصل کر سکتا تھا۔ اور کبھی جو ارشاد فرماتے تو وہ خواص ہی کا حصّہ تھا۔

ان حالات میں بھی نہ تو کبھی نماز میں تاخیر ہوئی اور نہ ہی محفل میلاد میں، عشاء کی نماز کے بعد جس وقت آپ کے ہاں محفل شروع ہوتی تھی عین اسی وقت صلی اللہ علیک یا رسول اللہ وسلم علیک یا حبیب اللہ ﷺ بلند آواز سے پڑھنا شروع کر دیتے تو مجلس شروع ہو جاتی۔

مستری نور محمد صاحب رحمتہ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

ایک دن حضرت صاحب قبلہ کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ ابھی میں دروازے پر ہی تھا۔ فرمایا۔ نور محمد آ گئے۔ آگے بڑھا سلام مسنون عرض کرتے ہوئے ہاتھ کا بوسہ لیا اور عرض کیا حضور آپ کا خادم حاضر ہو گیا۔ آپ نے سلام کا جواب عنایت فرمایا۔ اور میں آپ کی چارپائی کے قریب بیٹھ گیا۔ پھر فرمایا بھائی نور محمد کیا حال ہے، بچے کیسے ہیں؟ میں نے عرض کیا الحمدللہ سب خیریت ہے۔ آپ نے خاموشی اختیار فرمالی۔ میں کچھ معروضات پیش کرنا چاہتا تھا مگر مولانا فضل الرحمٰن جو اس وقت قریب تشریف فرما تھے اشارہ سے منع کر دیا۔ تھوڑی دیر بعد کہا یہ چارپائی چوڑائی میں کم ہے اگر ایک بالشت اس طرف سے اور ایک بالشت دوسری طرف سے چوڑی کر دی جائے تو اچھا ہے۔ میں نے عرض کیا حضرت میں آپ کا خادم ہوں ابھی چارپائی کو دونوں طرف سے ایک ایک بالشت چوڑی کر دیتا ہوں۔ فرمایا نہیں یہ تمہارے بس کا کام نہیں۔

آپ چارپائی پر آرام فرما رہے تھے، نقاہت کی وجہ سے بغیر سہارے کے اٹھ

Marfat.com

نہیں سکتے تھے، مگر آپ حسبنا اللہ ونعم الوکیل پڑھتے ہوئے ایک دم اچھلے اور چارپائی پر دوزانو بیٹھتے ہوئے درود شریف پڑھنا شروع کیا۔ آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ فرمایا حضرات مشائخ کرام تشریف لا رہے ہیں ان کے لئے راستہ چھوڑ دو، پھر ٹانگیں چارپائی سے نیچے اتارنے کی کوشش شروع کی مگر ٹانگیں نیچے نہ اتار سکے۔ مولانا فضل الرحمٰن آگے بڑھے تو فرمایا، فضل پیچھے ہٹ جاؤ، حضرت سیدنا غوث الثقلین سید عبدالقادر الجیلی رضی اللہ عنہ اور یہ حضرت خضر علیہ السلام ہیں اور ان کے ساتھ دیگر مشائخ عظام رضی اللہ تعالیٰ عنہم تشریف لائے ہیں۔ پھر کہا حضرات میں معذور ہوں اس کے سبب کھڑا نہیں ہوسکتا۔ پورے طور پر تعظیم بجا نہیں لاسکتا، بے ادبی ہے، مگر آپ کریم ہیں، درگزر فرماتے ہوئے معاف فرمائیں گے۔ درود شریف پڑھ رہے تھے اور گریہ طاری تھا۔ ہم جو چند لوگ وہاں موجود تھے باادب کھڑے ہو گئے تھے، ہمارے لئے دعائے خیر فرمائی۔ مولانا فضل الرحمٰن نے آگے بڑھتے ہوئے آپ کو چارپائی پر لٹا دیا اور آپ درود پاک پڑھنے میں مشغول رہے۔

کبھی فرماتے حضرت داتا گنج بخش رحمتہ اللہ علیہ اور کبھی فرماتے حضرت سیدنا معین الدین چشتی رحمتہ اللہ علیہ اور کبھی دیگر اولیا عظام کا ذکر فرماتے۔ کہ تشریف لائے ہیں۔

وصال سے دو دن قبل کھانا پینا اور گفتگو فرمانا موقوف فرما دیا تھا، شب جمعہ ۴ / ذوالحجہ کو فرزند ارجمند کو طلب فرمایا۔ دھیمی آواز میں چند مرتبہ درود شریف ناریہ اور صلوٰۃ تنجینا پڑھتے رہے، پھر سیدی فضل الرحمٰن کو ہاتھ سے قریب آنے کا اشارہ کیا۔ آپ سیدی رحمتہ اللہ علیہ کی چارپائی پر جھک گئے۔ اپنے لخت جگر کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں تھام لیا اور ذکر و اذکار میں مشغول رہے۔ پھر مولانا فضل الرحمٰن کو اور قریب ہونے کا اشارہ فرمایا۔ آپ نے حضرت سیدی کے سینہ مبارک پر سر رکھتے ہوئے اپنا کان آپ کے منہ سے بالکل قریب کر دیا۔ مولانا فضل الرحمٰن کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ مولانا آپ کی چارپائی کے ساتھ سہارا لیتے ہوئے بیٹھ گئے۔ کیا ارشاد ہوا؟ وہ مولانا فضل الرحمٰن مدظلہ العالی نے کبھی ظاہر نہیں فرمایا۔ قدرے توقف سے فرمایا:

Marfat.com

"فضل سنیوں کی خدمت پر معمور رہنا، مصائب و آلام پر صبر وشکر سے وقت گزارنا۔اور میرے بعد جہاں تک ممکن ہوسکے میرے معمولات جاری رکھنے کی کوشش کرنا۔اللہ تعالیٰ تمہیں خیر و برکت دے۔"

یوم جمعہ ۴ / ذوالحجہ کو نماز فجر کے بعد خواتین اہل خانہ کو طلب فرمایا اوران کے لئے خیر و برکت کی دعا فرمائی اور اپنی صاحبزادی سیدہ آمنہ کو حکم فرمایا کہ:

"حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے مہمانوں کی خدمت کے متعلق تمہارے دل میں کسی قسم کا کوئی وسوسہ بھی پیدا نہیں ہونا چاہیے۔"

پھر اپنی بہو سیدہ حفصہ رحمتہ اللہ علیہا کو مہمانان رسول (ﷺ) کی ہمیشہ خدمت گزاری پر تشکرانہ جملے ادا فرماتے ہوئے بہت سی دعاؤں سے نوازا۔ پھر لے پالک بیٹی سے بڑی شفقت و محبت سے گفتگو فرماتے ہوئے دیگر تمام اہل خانہ کو ان کے ساتھ ہمیشہ محبت و مودت اوران کی تعظیم وتکریم ادا کرتے رہنے کو کہا۔ پوتیوں کے ساتھ خصوصی گفتگو فرمائی۔ محبت بھرے اور دعائیہ جملے بار بار ادا فرماتے رہے تمام اہل خانہ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔آپ نے انہیں اوپر جانے کو کہا۔ بادل نخواستہ سب اہل خانہ سلام مسنون عرض کرتے اور تعظم بجالاتے ہوئے رخصت ہوگئے اور یہ اہل خانہ کی آپ سے آخری ملاقات تھی۔

حضرت مولانا فضل الرحمٰن قادری مدظلہ العالیٰ نے دودھ میں شہد ملاتے ہوئے حضرت سیدی رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت میں پیش کیا۔آپ خاموش رہے۔دوبارہ درخواست کی مگر خاموش ہی رہے۔ پھر حضرت مولانا نے کہا صلوا علی الحبیب واشربُ الحلیب، یہ سنتے ہی درود شریف پڑھنا شروع کردیا، چند مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد تھوڑا سا دودھ نوش فرمایا اور باقی سیدی فضل الرحمٰن قادری کو عنایت فرمادیا۔

ڈاکٹروں کی سخت ھدایات کی وجہ سے ملاقات پر پابندی تھی۔دن کے بارہ بجے کے قریب حضرت غوث الثقلین سیدنا غوث اعظم السید عبدالقادر جیلانی قدس سرہ العزیز کے حضرہ قادریہ کے خطیب حضرت شیخ صبیح مدظلہ العالیٰ زیارت کی غرض سے تشریف

Marfat.com

لائے۔ان سے عرض کیا گیا کہ ڈاکٹروں کی پابندی کی وجہ سے مجبور ہیں اس لئے ملاقات نہیں ہوسکتی۔حضرت شیخ نے جناب مولانا فضل الرحمٰن قادری مدظلہ سے ملاقات کی اور فرمایا کہ میں بغداد شریف سے صرف اور صرف حضرت سیدی کی زیارت کی غرض سے آیا ہوں۔ اس سفر سے میرا اور کوئی مقصد نہیں ہے، میں حج سے قبل ہی بغداد شریف واپس جانا چاہتا ہوں۔مولانا فضل الرحمٰن مدنی حضرت شیخ کو اپنے ساتھ لیتے ہوئے حضرت قطب مدینہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔حضرت قطب مدینہ نے سیدی شیخ صبیح کا سر اپنے سینہ سے لگا لیا اور درود پاک پڑھتے ہوئے بہت دعاؤں سے نوازا۔آخری ملاقات کرنے والے آپ ہی تھے اور پھر چار دن بعد ۸/ ذوالحجہ کو آپ واپس بغداد شریف روانہ ہوگئے۔

۴/ ذوالحجہ ۱۴۰۱ھ جمعہ المبارک کی دوسری آذان شروع ہوئی، درود شریف پڑھا حسبنا اللہ ونعم الوکیل، اور کلمہ طیبہ پڑھتے ہوئے خالق و مالک کی بارگاہ میں حاضر ہوگئے۔

انا للہ و انا الیہ راجعون

حضرت مولانا فضل الرحمٰن مدنی مدظلہ پر کچھ عجیب کیفیت طاری ہوگئی اور آپ نے حضرت سیدی قطب مدینہ رضی اللہ عنہ کی چارپائی سے ٹیک لگا لی۔ چند لمحوں کے بعد طبیعت سنبھل گئی۔تھوڑی ہی دیر میں آپ کے وصال کی خبر حجاز شریف کے علاوہ دوسرے ممالک میں بھی پہنچ گئی اور تعزیتی ٹیلی فون آنے شروع ہو گئے۔سب سے پہلے تعزیتی ٹیلی فون حضرت علامہ سید محمد علوی بن عباس مالکی مکی مدظلہ کا آیا۔اور پھر تعزیتی برقیہ وصول ہوا اور اسی رات مکہ شریف سے ایک وفد آپ کے بھائی سید عباس علوی کی زیر قیادت تعزیت کے لئے مدینہ منورہ پہنچ گیا۔

چونکہ ایام حج تھے، دنیا بھر سے آئے ہوئے مہمانان رسول مقبول (ﷺ) جوان دنوں مدینہ طیبہ میں حاضر تھے، حضرت سیدی قطب مدینہ رضی اللہ عنہ کے وصال پُر ملال کی خبر سنتے ہی آپ کی قیام گاہ پر پہنچنا شروع ہوگئے۔تھوڑی دیر میں جمع غفیر آخری زیارت کے

Marfat.com

لئے بے تاب نظر آ رہا تھا۔

بعد نماز جمعہ آپ کو غسل دیا گیا۔ غسل میت میں جن خوش نصیب حضرات نے شرکت کی ان میں حضرت صاحبزادہ سیدی فضل الرحمٰن قادری مدنی، حضرت علامہ قاری مصلح الدین صدیقی قادری (کراچی)، حضرت شیخ صبیح (بغداد شریف)، حضرت علامہ ریحان رضا خان قادری [۸۷] (سجادہ نشین سیدنا اعلحضرت)، حضرت مفتی نور اللہ بصیر پوری (بصیر پور)، مداح النبی سید ھاشم حسین (مدینہ منورہ)، سید سامی بزرنجی (مدینہ طیبہ) اور حضرت علامہ اشرف القادری (یونان) نے شرکت کی۔

کفن دیا سر کے نیچے حجرۂ مقدسہ کی خاک شریف اور سینہ پر حجرہ شریف کے غلاف مبارک اور غلاف بیت اللہ شریف کے ٹکڑے، حضرت غوث الثقلین میراں محی الدین سیدنا سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی قبر مبارک اور سیدنا حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری قدس سرہٗ کی قبر شریف کی چادر رکھی گئی۔ مختلف اقسام کے عطور جو زائرین نے پیش کئے ان سے معطر کیا گیا۔ گلاب کے پھولوں کے نذرانے پیش کرتے ہوئے بعد نماز عصر درود وسلام پڑھتے ہوئے جنازہ اٹھایا گیا اور مسجد نبوی شریف (ﷺ) کے باب الرحمۃ سے داخل ہوئے کثرت ہجوم کی وجہ سے متعدد حضرات زخمی ہو گئے۔

ریاض الجنۃ میں محراب النبی شریف کے ساتھ جنازہ رکھا گیا۔ حضرت علامہ مفتی محمد علی مراد شامی جو سیدی قطب مدینہ کے خلیفہ تھے، نے حضرت صاحبزادہ سیدی فضل الرحمٰن قادری مدظلہ کے تعمیل ارشاد کرتے ہوئے نماز جنازہ کی امامت فرمائی۔ جنازہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی بارگاہ، مواجہہ شریف میں پیش کرتے ہوئے صلاۃ وسلام عرض کیا گیا۔ اس وقت میت پر وجدانی کیفیت کا نظارہ اس عاشق صادق کے عشق مصطفیٰ (ﷺ) کی شہادت دے رہا تھا۔ پھر جنازہ محبوب کریم ﷺ کے مبارک قدموں میں رکھتے ہوئے صلاۃ وسلام کا ھدیہ پیش کیا گیا اور پھر باب سیدنا جبرائیل (علیہ السلام) سے باہر لے جایا گیا۔ مخلوق خدا ذکر واذکار میں مشغول اس عاشق رسول (ﷺ) کو اس کی منزل سے قریب سے قریب تر کئے جا رہی تھی۔ جنازہ کے آگے سیدنا اعلحضرت محدث بریلوی رضی اللہ عنہ کا قصیدہ

Marfat.com

مبارکہ:

کعبہ کے بدرالدجیٰ تم پہ کڑوڑوں درود

اورایک طرف سے:

مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام

کی آوازیں اس میزبانِ مہمانانِ رسول مقبول (ﷺ) کی روح کے لئے فرحت وانساط پیش کررہیں تھیں۔

اہل مدینہ قصیدہ بردہ شریف اپنی امتیازی طرز پر پڑھتے ہوئے حضرت سیدی قطب مدینہ سے اپنی عقیدت ومحبت کے اظہار میں کوشاں تھے۔ کچھ شامی حضرات قصیدہ حمزیہ سے مجمع کومخمور کرتے چلے جا رہے تھے۔تکرونی و شنقیطی اپنی اپنی زبانوں میں محبوب کریم ﷺ کی بارگاہ میں عقیدت پیش کرتے ہوئے اپنے عظیم مرشد کوراحت پہنچانے کی کوشش میں تھے۔وہی سماں تھا جوحضرت کے دردولت پر محفل میلاد میں ہوتا تھا۔وہاں بھی مختلف علاقوں کے لوگ مختلف زبانوں میں مدح محبوب (ﷺ) میں مشغول ہوتے۔

حضرت قطب مدینہ سیدی ضیاء الدین احمد قادری قدس اللہ سرہ العزیز فرمایا کرتے:

"جب میں مرجاؤں تو مجھے اہل بیت کے قدموں میں لے جاکر ڈال دینا (اورکبھی فرماتے "پھینک دینا") میں خودہی دوڑکر ان کے قدموں سے لپٹ جاؤں گا۔"

شیخ صدقہ حسن خانجی نے جوان دنوں مدینہ طیبہ کے "امین البلدیہ" تھے، قبہ اہل بیت کے قریب حضرت سیدہ فاطمہ زہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبرشریف سے پاؤں کی جانب تقریباً ڈیڑھ میٹر کے فاصلہ پراپنی نگرانی میں قبرتیارکروائی۔

اس عاشقِ رسول مقبول (ﷺ) کا جنازہ جنت البقیع شریف کے دروازہ پر لایا گیا۔اس وقت کے قانون کے مطابق چند ورثاء کو جنازے کے ساتھ اندر جانے کی اجازت تھی۔مگرشیخ صدقہ کے کہنے پر بقیع شریف کا مین گیٹ اورطرفین کے دروازے بھی

Marfat.com

عوام الناس کے لئے کھول دیئے گئے۔اس وقت جنت البقیع شریف کے اندراز دحام کی صورت وکیفیت قابل دید تھی۔

بقول جناب بشیر حسین ناظم:

''بقیع شریف کے اس وقت کے منظر سے ایسے معلوم ہوتا تھا کہ ستر ہزار ملائکہ جو حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی بارگاہ میں سلام عرض کرنے حاضر ہوتے ہیں وہ بھی تشریف فرما ہیں۔''

مدینہ منورہ کے علاوہ عرب وعجم سے آئے ہوئے مہمانان مصطفیٰ (ﷺ) اور اہل مدینہ منورہ کی موجودگی میں حضرت سیدی فضل الرحمٰن قادری قبر میں اترے اور احباب کے تعاون سے حضرت سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا طیبہ طاہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مبارک قدموں میں، آنسوں اور سسکیوں کا نذرانہ پیش کرتے ہوئے لٹادیا۔رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ

بعداز نماز عشاء حضرت قبلہ رضی اللہ عنہ کی قیام گاہ پر قرآن خوانی اور حسبِ معمول مجلس منعقد ہوئی حاضرین ماہی بے آب کی طرح تڑپ تڑپ کر آنسوؤں کے موتی نچھاور کر رہے تھے۔عجیب پرسوز و پر کیف مجلس تھی۔دعائے مغفرت کے بعد حسبِ معمول لنگر پیش کیا گیا۔

دوسری رات آپ کی قیام گاہ پر حسب معمول کی محفل میلاد کے بعد حضرت صاحبزادہ علامہ مفتی فضل الرحمٰن مدنی قادری مدظلہ العالی کی علما و مشائخ اور اشراف مدینہ منورہ کی موجودگی میں حضرت ریحان ملت علامہ ریحان رضا خان قادری سجادہ نشین سیدنا اعلحضرت محدث بریلوی، مفتی شام حضرت علامہ محمد علی مراد خلیفۂ مجاز قطبِ مدینہ منورہ اور حضرت علامہ شیخ صبیح خطیب حضرۃ قادریہ بغداد شریف کے ہاتھوں دستار بندی ہوئی۔

تیسرے دن قل ہوا جس میں دوسرے ممالک سے آئے ہوئے احباب کے علاوہ اہل مدینہ منورہ نے کثرت سے شرکت فرمائی اس کے بعد مسلسل تعزیت کا سلسلہ

Marfat.com

جاری ہوگیا۔عوام وخواص اور حکام تعزیت کے لئے آتے رہے۔

حضرت سیدی رضی اللہ عنہ کی قیام گاہ پر ہر رات محفل میلاد منعقد ہوتی تھی آپ کے دم واپسی کے بعد بھی جاری وساری ہے، الحمد للہ۔ حضرت صاحبزادہ صاحب قبلہ اپنے والد کریم کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے بڑی پابندی کے ساتھ مہمانانِ رسول مقبول (ﷺ) کی خدمت کے فرائض احسن طریقے سے ادا فرمارہے ہیں۔

رب العزت جل شانہ کی بارگاہ میں التجاء ودعا ہے کہ تا قیام قیامت یہ عزت اس مبارک خاندان کے نصیب میں رہے۔آمین آمین آمین

سیدی قطب مدینہ ضیاء الدین احمد قادری قدس اللہ سرہٗ العزیز کا پہلا عرس سید الشہدا سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کے مزار مقدس کے قرب میں ''قصر رانیا'' میں منعقد ہوا منظر قابل دید تھا۔

خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

القبر على يمين الزائر لفاطمة الزهراء ويليه يساراً قبر العباس بن عبد المطلب وفي الخلف قبور الحسن بن علي بن أبي طالب وأحفاد علي رضوان الله عليهم أجمعين

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

هو القادر

تعزیت نامے

بنام

سیدی فضل الرحمن مدظلہ العالی

Marfat.com



مصحفِ عُثمانی

Marfat.com

محمد برہان الحق
(مفتی وخطیب)
دارالسلام

جبل پور ۸/ محرم ۱۴۰۱ھ

محترم المقام عزیز مکرم مولانا المحتشم جناب بھائی فضل الرحمٰن قادری الھمہ الصبر واعزّہ ربّناالقوی السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته آپ کا گرامی نام حضرت عالی منقبت مولانا ضیاء الدین رضی اللہ عنہ کے وصال وانتقال پر ملال کی خبر کے ساتھ موصول ہوا۔ انا للہ وانا الیه راجعون. احسن الله تعالیٰ عزاکم و غفر لحضرة ابیکم والهمکم الصبر وادخله الله تعالیٰ فی الجنات النعیم.

آپ کا محبت نامہ آنے سے قبل اور صرف دو دن قبل پاکستان سے میرے عزیز ابن عم مولوی صوفی عبدالودود سلمہ اللہ تعالیٰ نے مولانا مرحوم کے انتقال کی خبر تحریر کی تھی۔ ان شاء المولی العزیز محرم شریف کی ۱۰ تاریخ جمعہ کی نماز کے بعد مولانا علیہ الرحمہ کے ایصال ثواب کے لئے ختم قرآن عظیم وفاتحہ کا انتظام کیا جارہا ہے۔

مولانا الاعزیہ فقیر بے توقیر ہر سال پابندی سے حضرت مولانا علیہ الرحمتہ کی خدمت میں عریضہ اور نذر حاضر کرتا رہا ہے۔ وہ انشاء اللہ تعالیٰ آنعریز کے لئے تاحیات فقیر اس سلسلہ کو جاری رکھے گا۔

سرکار ابد قرار سید اکرم ﷺ کے حضور میری جانب سے نیز میری اہلیہ اور دونوں فقیر زادوں۔ مولوی حکیم محمد محمود احمد سلمہ، ومولوی ڈاکٹر محمد حامد احمد سلمہ، اور جملہ متعلقین کی جانب سے صلوٰۃ وسلام کا ہدیہ نذر فرما کر ہم سب کے لئے دعاء ثبات واستقامت فرمائیں۔ بالخصوص میرے لئے، نیز میری اہلیہ کے لئے دعاء صحت وعافیت کی عنایت فرمائیں۔

Marfat.com

اپنے جملہ اہل وعیال ۔صاحبزادوں ۔صاحبزادیوں اور تمام متعلقین کو ہم سب کی جانب سے دعاء صبر واستقامت کے ساتھ سلام مع الاکرام ۔ میں اپنی انتہائی ضعف بصارت کے سبب یہ تعزیت نامہ اپنے عزیز محمد مسعود الرضا سے تحریر کروا کر حاضر کر رہا ہوں ۔ان کے لئے بھی دعا فرمائیں کہ رب العزت تبارک وتعالیٰ انہیں زیارت روضہ اقدس اور فریضہ حج نصیب فرمائے ۔

امید قوی ہے کہ گاہے گاہے اپنی خیریت وحالات سے مطلع فرماتے رہینگے ۔

دعا گو وقابل توجہ

محمد برہان الحق قادری رضوی غفرلہ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ



مرقد سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ

Marfat.com

سید احمد سعید کاظمی

صدر مرکزی جماعت اہل سنت پاکستان
صدر مرکزی تنظیم المدارس (اہل سنت) پاکستان
مہتمم وشیخ الحدیث، مدرسہ عربیہ انوار العلوم ملتان

۵/ ذوالحجہ ۱۴۰۱ھ

از ملتان

سیدی الکریم حضرت قبلہ مولانا فضل الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم العالیہ
السلام علیکم ورحمتہ اللہ تعالیٰ وبرکاتہ

انا للہ وانا الیہ راجعون حضرت قبلہ عالم آپ کے والد معظم سیدی حضرت مولانا ضیاء الدین قادری رحمتہ اللہ علیہ کی وفات حسرت آیات کی خبر سے جو صدمہ قلبِ حزیں پر ہوا قابل بیان نہیں حضرت اقدس کا وجود مبارک دنیائے اسلام کیلئے آیۂ رحمت و موجب برکت تھا تمام سنی سوگوار ہیں خصوصاً علماء اہل سنت کے قلوب حضرت کے وصال کی خبر سے انتہائی مغموم ہیں مدینہ منورہ میں حضرت ممدوح قدس سرہٗ العزیز کا مقصد ہی یہ تھا کہ حرم نبوی میں وفات پاکر شہادت کا درجہ حاصل ہو۔

رب العزّۃ بجاہ نبیہ الکریم علیہ وآلہ وصحبہ الصلوٰۃ والتسلیم حضرت ممدوح معظّم قدس اللہ سرہ العزیز کو دیار حبیب (ﷺ) کے انوار و برکات سے مستنیر فرما کر جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام پر فائز فرمائے اور جناب والا کو و نیز جملہ اہل بیت و متعلقین کرام سب مریدین ومسترشدین، محبّین وجمیع اہل سنت کو صبر جمیل اور اس پر اجر جزیل عنایت فرمائے۔آمین۔

مدرسہ انوار العلوم میں سب مدارس، اہل سنت کے ارکان فوری طور پر جمع ہوئے

Marfat.com

اور اہل سنت غمگین ہو کر اس اجتماع میں شامل ہوئے۔ حضرت قدس سرہ العزیز کی یاد میں ہم سب بے انتہا مغموم رہے ایصال ثواب کے بعد رنج والم لئے ہوئے ہر ایک رخصت ہوا، اللہ تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ کے طفیل جناب کو حضرت کا صحیح جانشین بنائے اور آستانہ عالیہ کی رونقیں ہمیشہ باقی رہیں حضرت کے فیوض و برکات جاری رہیں آمین۔

والسلام مع الاکرام

مسکین و غمگین احمد سعید کاظمی عفی عنہ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ



مرقد سیدنا علی رضی اللہ عنہ

Marfat.com

مولانا المحترم ذوالمجد والکرم زیدت۔۔۔۔۔

سلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

میں اپنے بہنوئی کے انتقال کے سلسلہ میں کراچی گیا ہوا تھا وہاں حضرت قبلہ کے
صال کی خبر ملی ہفتہ کوفوری حضرت نورانی صاحب کے یہاں فاتحہ خوانی میں شریک ہوارات
کو کھوڑی گارڈن کی مسجد میں جلسہ تعزیت منعقد ہوا وہاں شریک ہوا دوسرے دن صبح
دارالعلوم امجدیہ میں قرآن خوانی اور جلسہ تعزیت میں شرکت کی۔ میں کراچی سے آپ کو خط
لکھتا لیکن اپنے بہنوئی کے انتقال اور مراسم میں شرکت کی وجہ سے عریضہ حاضر نہ کر سکا
حضرت قبلہ کا وصال عالم اسلام کیلئے ایسا المیہ ہے جو نا قابل تلافی ہے میرے مربی اس دنیا
سے رخصت ہو گئے سیدی ہمیں بے آسرا چھوڑ گئے خدائے برتر حضرت قبلہ کو اعلیٰ علیّین میں
خاص مقام عطاء فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطاء فرمائے یہاں بھی
فاتحہ خوانی ہوئی اب سوائے ایصال ثواب کے اور کیا چارہ ہے مولی تعالیٰ کو منظور یہی تھا
پروردگار قدوس آپ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ قرآن عظیم سے میں نے تاریخ وصال استخراج
کی جس کے اعداد ۱۴۰۱ھ ہیں۔

(ان المتقین فی جنت و نعیم ۱۴۰۱ھ)

آپ کا مخلص دعا گو۔

تقدس علی قادری رضوی

درگاہ شریف: پیر جو گوٹھ

ضلع خیر پور سندھ

۶/ ذوالحجہ ۱۴۰۱ھ

Marfat.com

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

حضرت فیض درجت صاحبزادہ والاشان علامہ الشیخ فضل الرحمٰن صاحب مدنی زید مجدھم العالی

حضرت سیدی۔امام اہل سنت خلیفۂ اعلحضرت الشیخ ضیاء الدین احمد رضوی مدنی قدس سرہ العزیز کے وصال پر بہت ہی رنج وغم ہے۔ابھی مجاہد ملت علامہ حبیب الرحمٰن علیہ الرحمہ کا غم مندمل نہ ہونے پایا تھا تو اچانک یہ صدمہ اہل سنت کو برداشت کرنا پڑا۔قلب و جگر کی جو کیفیت ہوئی اور ہے وہ بیان سے باہر ہے۔مولی تعالیٰ حضور سیدی خلیفۂ اعلحضرت کے درجات بلند فرمائے۔قبر اطہر کو انوار خاص سے ڈھانکے۔اور انکی برکات سے اہل سنت کو مستفیض فرمائے۔اور آپ کو و جملہ عزیزوں کو صبر اور اس پر عظیم اجر عطاء کرے۔اور آپ کی عمر میں برکتیں عطاء فرمائے۔اور آپ کا سایۂ اہل سنت پر تا دیر قائم رکھے۔اور آپ کے فیض سے ہم سب کو مستفیض فرماتا رہے۔ آمین

و السلام

الفقیر محمد معین الدین القادری الرضوی عفی عنہ

خادم جامعہ قادریہ رضویہ فیصل آباد

Marfat.com

۷۸۶

۹۲

سیدی المخدوم الکریم دامت برکاتھم القدسیہ

تحیۃ السلام والاکرام بسنۃ خیر الانام

مزاج ہمایوں

اخبارات کے ذریعہ حادثہ عظیمہ کی خبر معلوم کر کے ہندوستان کے سارے سنی مسلمانوں پر غم کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔ ہر طرف صف ماتم بچھ گئی۔ سنی مدارس میں ایصال ثواب اور تعزیت کے جلسے منعقد ہوئے۔ وہ اسم با مُسمّٰی دین وسنت کی ضیاء تھے۔ آج دنیا ایک نادرالوجود شخصیت کی برکتوں سے محروم ہوگئی۔

رحمہ المولی تعالے رحمۃ کاملۃ واسعۃ و افِرَۃ

وصال شریف، جنازۂ مبارکہ، اور تدفین وتجہیز کی تفصیلات سے مطلع فرمائیں۔ جملہ حاضرین متوسلین ومعتقدین کی خدمات میں سلام مودت۔ قائد اہل سنت حضرت علامہ شاہ احمد نورانی مدظلہ کی خدمت میں سلام۔ حضرت علیہ الرحمہ کا چہلم شریف کس تاریخ کو کیا جائیگا۔

مدرسۂ فیض العلوم کے سارے اساتذہ اور طلبہ سلام عقیدت کے بعد تعزیت پیش کرتے ہیں۔

و السلام

ارشد القادری

مہتمم مدرسہ فیض العلوم۔ جمشید پور۔ بہار (الھند)

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

الاخ العزيز حفظک الله

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته،

وصلنى الآن الخبر بان العم والدكم توفى الى جوار رحمة الله، انا لله وانا اليه راجعون ط

اعلى الله مقامه فى الجنة و وفّقكم اجمعين لحسن الصبر و جميله، كنت تشرفت بزيارة فى سنة ۱۹۳۲ء مضت خمسون سنة تقريباً علىٰ هذا و لقيت منه دائماً اجمل الأخلاق واكر مها.

مع تعزيتى و دعائى له و لكم اجمعين

الفقيرالى الله

محمد حميدالله

(پيرس)

۲۲/ ذوالحجة ۱۴۰۱ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت صاحبزادہ مولانا فضل الرحمٰن صاحب قبلہ دامت برکاتہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

حضرت قطب مدینہ مولانا ضیاء الدین احمد رحمتہ اللہ علیہ کی وفات حسرت آیات کی خبر ملی۔

انا للہ وانا الیہ راجعون ط

آپ بہت بڑے عالم تھے، اور عالم کی موت یقیناً ایک عالم کی موت ہے۔ آپ کا کوئی لمحہ ایسا نہیں گزرا، جس میں ذکر خدا و ذکر مصطفیٰ جاری نہ رہا ہو۔ حضرت کا دنیا سے سفر کر جانا اہل سنت کے لئے بہت بڑا صدمہ ہے۔ دنیا بھر کے سنی مسلمان ایک روحانی پیشوا سے محروم ہو گئے۔

رب العزت بجاہ نبیہ الکریم علیہ وآلہ وصحبہ الصلوٰۃ والتسلیم حضرت صاحب کے مدارج بلند فرمائے۔ آپ کو، تمام اہل خانہ اور سب عقیدت مندوں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

آمین

جملہ اہل خانہ کو میری طرف سے تعزیت پیش کر دیں۔

سید افضل حسین شاہ

(سجادہ نشین دربار علی پور سیداں)

Marfat.com

بخدمت جناب محترم المقام واجب الاحترام قبلہ
مولانا و بفضلہٖ اولانا الشیخ الفضیلت علامہ مفتی فضل الرحمٰن مدظلہ العالی

السلام علیکم کے بعد گذارش ہے کہ بواسطہ قاری غلام رسول صاحب مجھے خبر ملی ہے کہ قبلہ شمس العارفین عمدۃ الواصلین پیر طریقت شہباز شریعت مَلجأ نا و مَأوٰ نا مرشدنا قبلہ مولانا ضیاء الدین (فی الدنیا و الأخرہ) اس دنیا فانی کو چھوڑ کر اپنے حقیقی مالک سے جا ملے ہیں۔

انا للہ وانا الیہ راجعون جب یہ خبر ملی تو اس وقت میں مقام ابراہیم علیہ السلام کے سامنے بیٹھا ہوا تھا اور چند علماء کرام بھی پاس بیٹھے ہوئے تھے تو ایسے معلوم ہوا کہ اہل سنت کا آج شمس غروب ہوگیا کہ جس کی نوری شعاعوں سے پوری دنیا میں عقائد اہل سنت کے باغ مہک رہے تھے۔ اور آج اہل سنت یتیم ہوگئے تو تمام احباب کی زبانوں پر حسرت کے کلمات جاری ہوگئے اور آنکھیں بہنے لگیں۔ یہ سب پریشانیاں ہمارے لئے ہیں ورنہ حضرت صاحب قبلہ تو کئی دنوں سے دلہن بن چکے تھے اور آوازیں دے رہے تھے کہ بلاؤ غوث پاک رضی اللہ عنہ کو میں تو یقین سے کہتا ہوں کہ یاَیتھا النفس المطمنة ٥ ارجعی الی ربک راضیة مرضیة ٥ فادخلی فی عبادی ٥ وادخلی جنتی ٥ کی شان سے تمام کائنات کے اولیاء اللہ کی معیت میں اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو بے حساب جنت اعلیٰ میں جگہ عطاء فرمائے۔ دنیا کے تمام اہل سنت قیامت تک آپ کے احسانات کا شکریہ ادا نہیں کر سکتے۔ ۷۵ سال کے پر آشوب زمانہ میں مرکز کائنات میں بیٹھ کر جس شان سے آپ نے مسلک حقہ اہل سنت و جماعت کی اعلحضرت عظیم البرکت کے نقش قدم پر چل کر خدمت کی ہے اور پھر آج تک آپ کو کوئی طاقت اپنی منزل مقصود تک پہنچنے میں رکاوٹ نہیں بن سکی یہ آپ کی اتنی بڑی

Marfat.com

کرامت ہے کہ جس کی صدیوں میں نظیر نہیں ملتی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔

محمد علی ناظم اعلیٰ جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور

اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ

عرض : لادین کو مسلمان بنانیکا کیا طریقہ ہے؟

ارشاد : **لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم** ۔ اَللّٰہ ایک ہے۔آسمان سے پانی اتارنے والا ایک اَللّٰہ ہے۔زمین سے کھیتی اگانے والا ایک اَللّٰہ ہے۔جلانے والا ایک اَللّٰہ ہے۔مارنے والا ایک اَللّٰہ ہے۔ روزی دینے والا ایک اَللّٰہ ہے۔ایک اَللّٰہ کی پوجا ہے۔اَللّٰہ کے سوا کسی کی پوجا نہیں۔لوگ اَللّٰہ کے سوا جن جن کو پوجتے ہیں۔وہ سب جھوٹے ہیں۔اَللّٰہ نے اپنے بندوں کو سچا راستہ دکھانے کے لئے اپنے نیک بندے بھیجے جنہیں نبی اور رسول کہتے ہیں وہ جو کچھ خدا کے پاس سے لائے وہ سب حق ہے میں ان نبیوں اور کتابوں پر ایمان لایا ان میں سب سے بڑے اور سب کے سردار محمد ﷺ ہیں۔جو کچھ اَللّٰہ کے پاس سے لائے سب سچ ہے۔ میرا دین مسلمانوں کا دین ہے۔مسلمانوں کا دین سچا ہے مسلمانوں کے دین کے سوا اور دین جتنے ہیں سب جھوٹے ہیں۔

لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

(ملفوظات۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

محترم المقام مشفقم حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدنی القادری زید مجدھم

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔

قبلہ عالم حضرت ضیاء الملت والدین کی وفات حسرت آیات کی خبر نحس اثر مجھے ایام سفر میں ملی میں حضرت قائد اہل سنت مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی کے ہمرکاب ہوں۔ بروقت آپ کی خدمت عالیہ میں تعزیت نامہ ارسال نہ کر سکا۔ ایک ماہ کی جبری تاخیر کے بعد حاضر خدمت ہوں۔ حضرت مولانا ضیاء العرب والعجم دنیا بھر کے سنی مسلمانوں کے لئے مرکز رشد و ہدایت اور مینارۂ نور تھے۔ ان کی ذات ہمارے لئے زبردست سہارا تھی۔ ان کی محبت آمیز گفتگو اور پدرانہ شفقت ایسی نعمت تھی جو از قبیل مغتنمات ہے۔ موت العالم موت العالم کا راز ان کے دار فانی سے عالم جاودانی کی جانب رحلت کے بعد معلوم ہوا۔ میرا ایمان ہے کہ ان کا روحانی تصرف پہلے سے زیادہ ہے۔ میری دعا ہے کہ ''الولد سر لابیه'' کے مصداق اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے خصوصی الطاف وعنایات ومقامات سے نوازے، آپ کے ذریعے بابا رحمتہ اللہ علیہ کی دعوت وارشاد کے مشن کو جاری وساری رکھے۔ آمین اور آپ کو اپنی عافیت میں رکھے اور مدارج بلند عطاء فرمائے۔ آمین ثم آمین

فقط والسلام۔۔۔۔۔مخلص محمد عبدالستار خان نیازی

Marfat.com

حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدنی القادری مدظلہ العالی
خلف الصدق خلیفۂ اعظم اعلیٰحضرت عظیم البرکت شاہ احمد رضا خاں بریلوی القادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا نبی سلام علیک یا حبیب سلام علیک یا رسول سلام علیک
صلوۃ اللہ علیک

خدا (جل جلالہ) کی ان پہ رحمت ہو محمد (ﷺ) کی شفاعت ہو
دعا میری سدا یہ ہے انہیں جنت میں راحت ہو

میرے حد سے زیادہ مہربان وکرم فرما عالی جناب برادرم مکرم محترم معظم محتشم مخلصم مجسم مولانا مولوی علامہ فہامہ مقدام الفقہاء سند العقلاء، مفتی اعظم منبع جود وسخا ابو الفضل منظور نظر سیدی سلطان المشائخ شہزادہ والا تبار محمد فضل الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم العالیہ وزید مجدہ۔ السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔

آج ہی ابھی ابھی حضرت علامہ قبلہ الشیخ مولانا مولوی ضیاء الدین احمد القادری صاحب قطب مدینہ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ، آپ کے والد محترم کی وفات حسرت آیات کا پڑھ کر جو میرے دل کو صدمہ عظیم لاحق ہوا ہے وہ تو احاطہ تحریر وتقریر سے باہر ہے۔ گو ہم اس صدمہ عظیم کی برداشت کے لائق تو نہیں ہیں مگر رضائے ربی کے سامنے تو اظہار بے بسی ہے۔ مولا کریم کے حضور دعا ہے کہ حضرت والا تبار مولانا صاحب قبلہ رحمتہ اللہ علیہ کو جنت الفردوس میں بے حساب جگہ عطاء فرما دے اور تمام کے تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرماوے آمین ثم آمین بجاہ سیدنا طٰہٰ ویٰسین ﷺ۔ میں ان کی روح پرفتوح کو ایصال ثواب

Marfat.com

کے لئے ایک بہت بڑی مجلس کا انعقاد کرار ہا ہوں مولا کریم قبول ومنظور فرماوے۔آمین۔
آپ میری طرف سے اپنے تمام کے تمام خاندان عالیہ کے ہر ہر فرد سے اظہار تعزیت فرمائیں تاکید ہے۔

میں بستر پر لیٹے لیٹے بمشکل آپ کی خدمت اقدس میں یہ خط تحریر کرر ہا ہوں اور اس جانکاہ صدمہ عظیم کی وجہ سے تو میری بیماری میں اور اضافہ ہو گیا ہے۔مولی کریم مجھے اور آپ کو اس صدمہ عظیم کے برداشت کرنے کی ہمت وتوفیق عطاء فرمادے۔میری حالت تو اس وقت ناگفتہ بہ ہو رہی ہے ،اور بے حد مجبور ومعذور ہوں،سفر کے تو قابل نہیں رہا ہوں ورنہ میں تو بسر وچشم بدل وجان ضرور ضرور حاضر ہو جاتا مگر کیا کروں؟ اور کیا نہ کروں؟ نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن والا معاملہ ہے۔

شریک غم
سید حیدر حسین شاہ
علی پور سیداں۔ضلع سیالکوٹ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض : ریل گاڑی میں بنچ پر بیٹھ کر پاؤں لٹکا کر فرض یا وتر پڑھے نماز ہوئی یا نہیں بعض ایسا کرتے ہیں۔

ارشاد : نہیں کہ قیام فرض ہے اور جب تک عجز نہ ہو ساقط نہیں ہوسکتا۔فرض اور وتر اور صبح کی سنتیں یوں نہ ہوسکیں گے۔

(ملفوظات۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

مکرمی ومحترمی اخی المکرّم مولانا فضل الرحمٰن صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔

آپ کے گرامی قدر والد مکرم علیہ الرحمۃ کے انتقال پر ملال کا بہت افسوس ہوا۔ ایک عظیم برکت والی ہستی دنیا سے رخصت ہوگئی جنکی مشفقانہ دعاؤں کے ہم وظیفہ خوار تھے۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کریم ﷺ کے طفیل انکی روح مبارک پر بیحد و بے حساب رحمتیں نازل فرمائے۔ اوران کی روحانی برکتوں سے ہم گنہگاروں کو بہرہ ور فرمائے رکھے۔ میرے پاس الفاظ نہیں ہیں جن سے ان کی نوازشات وعنایات کا شکرانہ ادا کرسکوں زیادہ کچھ عرض کرنے سے معذور ہوں۔ دعاؤں میں یاد رکھیں۔

والسلام مع الاکرام

عاصی پرمعاصی طالب دعا نور جہانیاں محمودی

از درگاہ معلّٰی اسمعیل چشتیاں شریف

ضلع بہاولنگر پاکستان

۱۴/ ذوالحجہ ۱۳/ اکتوبر ۱۹۸۱ء

اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ

عرض : حضور اگر نماز فاسد ہو جائے تو سلام پھیرنا چاہیئے؟

ارشاد : کوئی ضرورت نہیں سلام نماز پوری کرنے کے لئے ہوتا ہے۔ جب نماز ہی فاسد ہوگئی تو سلام کیسا۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

حضرت محترم ذالعزوالمجد والکرم فضل الملۃ والدین

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

آج اخبار نوائے وقت میں خبر وحشت اثر سانحہ ارتحال حضرت سیدی قبلہ عالم پاکر انتہائی قلق ودکھ ہوا۔ ہوش وحواس کھو بیٹھا۔ سکتہ سا طاری ہوگیا۔ انتہائی جدائی کا ناقابل برداشت صدمہ ہے۔ گھر میں بھی سب مغموم ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب پاک ﷺ صاحب لولاک شافع محشر ﷺ کے صدقے میں حضرت کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقامات عطاء فرمائے۔ آمین۔ آپ کو اور ہم سب گھر والوں کو صبر جمیل دے۔

اس خبر نے دنیائے اہل سنت میں زلزلہ پیدا کر دیا ہے۔ پورے ملک میں صف ماتم بچھ گئی۔ ہم سب اس غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے پیارے محبوب کے صدقے میں حضرت کا فیض آپ کی ذات والا صفات سے جاری وساری رکھے۔ اور آپ کا سایۂ ہمارے سروں پر قائم ودائم رکھے۔

مسجد وزیر خان میں جامعہ حسنات العلوم کی طرف سے تعزیتی جلسہ اور فاتحہ خوانی کا انتظام کیا گیا ہے۔ ہم سب کی طرف سے حضرت کے شرکاء محفل سے بھی تعزیت پیش خدمت ہے۔

عجب سرائے یہ دنیا کہ جس میں شام و سحر
کسی کا کوچ کسی کا مقام ہوتا ہے

اللہ تعالیٰ صبر جمیل عطاء فرمائے۔ آمین

والسلام۔ غمزدہ
امین الحسنات سید خلیل احمد قادری
خطیب وچیئرمین جامع مسجد وزیر خاں
مورخہ ۵/۱ اکتوبر ۱۹۸۱ء

Marfat.com

گرامی قدر جناب مولانا شیخ فضل الرحمان صاحب
القادری المدنی مدظلہ العالی

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

شیخ الاسلام سیدی مولانا ضیاء الدین احمد قادری مدنی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے سانحہ ارتحال پر تمام عالم اسلام خصوصاً دارالعلوم امجدیہ کے اراکین مدرسین اور طلباء نوحہ کناں ہیں مولانا کے وصال کا ہم سب کو بے حد ملال ہے۔ ایک عظیم ہستی جو ہم سب کیلئے مرجع تھے اور اعلیٰ حضرت عظیم البرکت کے جلیل القدر خلفاء میں سے تھے اور جو مقبول بارگاہ رب العزت کے ساتھ بارگاہ نبوی (ﷺ) میں بھی بے حد مقبول تھے، ہم سب ان کے ظاہری فیض سے محروم ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب پاک کے صدقے میں اپنے جوار رحمت میں جگہ عطاء فرمائے اور ان کے درجات کو بلند فرمائے۔ ان کے مزار پر انوار کو آنحضرت ﷺ کی نورانیت سے منور فرمائے۔ اور آپ تمام حضرات کو اور متوسلین اور معتقدین کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ حضرت کے وصال کی اطلاع ملتے ہی دارالعلوم امجدیہ میں تعزیتی اجلاس منعقد کیا جس میں مفتی محمد ظفر علی نعمانی۔ مولانا مفتی وقار الدین صاحب، احقر عبدالمصطفیٰ ازہری۔ علامہ محمد حسن حقانی اور قاری رضاء المصطفی اعظمی و شہر کے معززین اساتذہ اور طلباء نے شرکت کی حقیقت یہ ہے کہ مولانا کی ذات ہمہ صفت تھی اور ہم اہل سنت کے لئے اس دربار نبوی (ﷺ) میں بہت بڑی ڈھارس ڈھال اور سہارا تھی۔ اب اس معاملے میں ساری امیدیں اور توقعات آپ سے وابستہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپکو ان کا صحیح جانشین بنائے اور آپ کے فیض سے ہم سب کو فیض یاب فرمائے۔ آخر میں پھر ایک مرتبہ ہم صمیمِ قلب کے ساتھ مولانا کے وصال پر تعزیت کرتے ہیں۔

احقر عبدالمصطفیٰ ازہری

۶/ ذوالحجہ ۱۴۰۱ھ

Marfat.com

گرامی قدر حضرت قبلہ عم فضل الرحمٰن صاحب زید مجدکم

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

آپ کے والدِ محترم حضرت شیخ ضیاء الدین نور اللہ مرقدہ وطاب اللہ ثراہ میرے لیے دین و دنیا کی ضیاء ہیں۔ حضرت کی ذات کے ساتھ مدینہ منورہ اس طرح وابستہ ہے کہ جب حضرت قبلہ یاد آتے ہیں تو مدینہ شریف یاد آتا ہے۔ میں اپنے رنج وغم کے لیے کہاں سے الفاظ لاؤں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب پاک ﷺ کے صدقے میں آپ کو حضرت قبلہ کا جانشین بنائے تا کہ دنیائے سنّیت اپنے کو بے سہارا نہ سمجھے۔ آمین

آپ کا اپنا۔
رضاء المصطفی اعظمی

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ



Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام

حضرت سیدی علامہ فضیلت الشیخ فضل الرحمٰن قادری دامت برکاتہم

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

حضرت سیدی ومرشدی قطب مدینہ رضی اللہ عنہ کے سانحۂ ارتحال کی خبر سے دل بے حد مغموم ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ۔مریدین و متعلقین تو یتیم ہوگئے، رنج وغم کے اظہار کے لئے الفاظ نہیں پا رہا۔ اہل سنت ایک سچے عاشق رسول مقبول (ﷺ)، شب زندہ دار عابد، متبحر عالم دین اور عظیم روحانی پیشوا سے محروم ہوگئے۔ حضرت سیدی ومرشدی کی صورت آپ کی شکل میں ہمارے سامنے ہے۔ الحمد للہ حضرت قبلہ نے ہمیں بے سہارا نہیں چھوڑا، مولی تعالیٰ کو ایسا ہی منظور تھا۔ اللہ تعالیٰ حضرت سیدی قبلہ قدس سرہٗ کو اعلیٰ علیین میں مقام خاص اور پسماندگان کو صبر جمیل و اجر عظیم عطاء فرمائے۔ آمین۔

بجاہ سیدنا طٰہٰ ویسین ﷺ۔

غمزدہ

محمد فیاض قادری

سجادہ نشین سیدنا علی ہجویری

حضرت داتا گنج بخش۔ لاہور

۵/ ذوالحجہ ۱۴۰۱ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محترمی ومکرمی محبّ الفقراء والمساکین حضرت صاحبزادہ صاحب قبلہ مدظلہ العالی

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔

اخبارات میں حضرت سیدی، مخدومی ومرشدی رحمتہ اللہ علیہ کی وفات حسرت آیات کی خبر پڑھی، اس حادثہ عظیمہ کا بہت صدمہ ہوا۔ حضرت سیدی ومرشدی کا کوچ فرما جانا پوری دنیا کے اہل سنت کے لئے شدید صدمے کا باعث ہے، یہ عالم اسلام کا ایک عظیم نقصان وملی سانحہ ہے جو نا قابل تلافی ہے۔ حضرت قبلہ نے اپنی زندگی دین متین کی تبلیغ کے لئے وقف کر رکھی تھی۔ اسلاف کی قابلِ قدر یادگار، سلف صالحین کی منہ بولتی تصویر اور خلقِ محمدی کے مظہر تھے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ حضرت سیدی قطب مدینہ ﷺ کے مدارج بلند سے بلند تر فرمائے۔ آپ کو، آپ کے اہل خانہ ومتوسلین اور عقیدت مندوں کو صبر جمیل کی توفیق رفیق عطاء فرمائے۔

آمین بجاہ سیدنا سید المرسلین صلی اللہ علیہ والہ وصحبہ وسلم۔

غمگین ودعاجو

عبدالعزیز خان قادرری ضیائی

کونٹی نینٹل ٹریولز۔ لاہور

۴/۱ اکتوبر ۱۹۸۱ھ

Marfat.com

محترمی گرامی قدر حضرت مولانا فضل الرحمان صاحب مدنی

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

امید ہے آپ کی صحت اچھی ہوگی،

حضرت شیخ طریقت مولانا ضیاء الدین مدنی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے وصال کی خبر اسلامیان پاکستان پر بجلی بن کر گری ہے۔ حضرت صاحب رحمتہ اللہ علیہ کا وجود نہ صرف یہ کہ ہم سب کیلئے ایک بڑا سہارا تھا بلکہ وہ ہمارے لئے مرکز کی حیثیت رکھتے تھے۔

مجھے یقین ہے کہ انکے فیوض و برکات ہمیں انکے وصال کے بعد بھی حاصل رہیں گے، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے درجات عالیہ کو بلند فرمائے اور حضرت کے وابستگان کے سروں پر آپ کا سایہ برقرار رکھے، آمین

حضرت صاحب رحمتہ اللہ علیہ کا وصال صرف آپ ہی کیلئے نہیں عالم اسلام بالخصوص اہل سنت کے لئے عظیم نقصان ہے، آپ حضرت کے علم، فضل اور تقوی کے صحیح معنی میں جانشین ہیں اور حضرت کے بعد آپ ہی ہماری امیدوں کا سہارا ہیں، امید ہے کہ آپ کی محبتیں، شفقتیں، سرپرستی اور فیضِ روحانی ہمیں حاصل رہے گا۔

میرے حق میں دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی مدینہ طیبہ کی موت عطاء فرمائے۔ آمین۔

دیگر دوستون اور صاحبزادگان کو سلام

آپ کا مخلص

ظہور الحسن بھوپالی

Marfat.com

محترمی صاحبزادہ صاحب قبلہ

بعد سلام وقدمبوسی کے عرض ہے کہ سنیچر کی شب، ریڈیو پاکستان نے اطلاع دی کہ مدینہ شریف میں حضرت مولانا سیدی ضیاء الدین صاحب قبلہ کا انتقال ہوگیا۔

انا للہ و انا الیہ راجعون.

مولا تعالیٰ آپ حضرات کو صبر جمیل کی توفیق عطاء فرمائے اور حضرت صاحب قبلہ کی قبر انور پر تا قیامت اپنے رحم وکرم کی بارش فرمائے۔ آمین ثم آمین

حضرت والا محتاج تعارف نہیں تھے، میرے آقائے نعمت حضور مجاھد ملت مولانا محمد حبیب الرحمٰن صاحب قبلہ رئیس اعظم اڑیسہ (انڈیا) فرمایا کرتے تھے کہ دنیا میں تین شخصیتیں ایسی ہیں جنھیں دیکھ کر میرے قلب کو سکون میسر ہوتا ہے۔

''ان میں سے ایک حضرت موصوف تھے۔''

بے شک دنیائے سنیت میں ایک ایسا خلا پیدا ہوگیا ہے جسے پر کرنا ناممکن ہے۔

دعاؤں میں یاد رکھیئے گا۔

فقط والسلام

دعاؤں کا محتاج

غلام مجاہد ملت محمد عزیز القادری

انڈیا

Marfat.com

بحضرۃ اکمل الاکامل افضل الافاضل مخدوم المخادیم حضرت العلام صاحبزادہ مولانا محمد
فضل الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم العالیہ

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

مزاج اقدس بعافیت مطلوب، حضرت حجۃ الاسلام شیخ الاسلام والمسلمین رئیس الاولیاء حضرت مولانا الشیخ محمد ضیاء الدین قادری مدنی رحمۃ اللہ و برکاتہ علیہ کے وصال و ارتحال کی خبر اخبارات کے ذریعہ معلوم کر کے دلی صدمہ ہوا، انا للہ و انا الیہ راجعون دعا ہے کہ حضرت رب العلمین انہیں حبیب اعظم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قرب خاص سے سرفراز فرمائے اور انکے فیوض و برکات تا قیام قیامت جاری و ساری رکھے اور حضرت کی ظاہری جدائی پر آپ کو اور تمام افراد خانہ کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔

محتاج دعاء ناچیز ابوالفیض علی محمد نوری غفرلہ

۱۵/۱ اکتوبر ۱۹۸۱ء

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض : اگر کسی شخص کا ستر کھل جائے تو جس نے دیکھا یا جس کا ستر کھلا وضو رہے گا یا نہیں؟

رشاد: وضو کسی چیز کے دیکھنے یا چھونے سے نہیں جاتا۔ تیں عضو عورت کے عورت ہیں اور نو (۹) مرد کے ان میں سے کسی عضو کا چہارم بقدر رُکن یعنی تین بار سبحان اللہ کہنے تک بلا قصد کھلا رہنا مفسد نماز ہے اور بالقصد تو اگر ایک آن کے لئے کھولے جب بھی نماز جاتی رہے گی۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

سینئر ماسٹر ہاؤس
صدر کراچی
۳۱/اکتوبر ۱۹۸۱ء

اخی محترم فضل الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم العالیہ

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

انتہائی دل گیر حالات میں آپ کو یہ سطور تحریر کر رہا ہوں حضرت قبلہ کے وصال سے متعلق اطلاع بروز جمعہ ہی یہاں پہنچ گئی تھی رات کو ریڈیو سے نشر ہوئی اور آج تقریباً تمام اخبارات میں چھپی تمام سنی علماء خصوصاً اور عوام میں تمام معتقدین کو سخت صدمہ ہوا درحقیقت آپکے والد اور میرے چچا ہی اس دنیا سے نہیں رخصت ہو گئے بلکہ سنیوں کے سر سے ان کا تاج اٹھ گیا۔ اب جیلانی کی نظر میں کوئی ایسا ولی نہیں رہا جس کے متعلق وہ اعتماد سے کہہ سکے کہ جاؤ اگر کسی نے زندہ ولی کو دیکھنا ہے تو مدینہ شریف میں حضرت مولانا ضیاء الدین صاحب کا دیدار کر لینا۔ عشق رسول (ﷺ)، سنت مبارکہ پر عمل اور دین متین کی خدمت کے ساتھ اس درجہ پُرخلوص، ہستی اب نہ ملے گی۔ اللہ تعالیٰ ہی نے ہمیں پیدا فرمایا اور اس کی پاک ذات کی طرف ہمیں لوٹنا ہے۔

انا للہ وانا الیہ راجعون.

اللہ پاک آپ کو آمنہ بہن کو حفصہ بہن کو تمام بچوں اور بچیوں کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ اور آپ کو ہمت اور قوت عطاء فرمائے کہ آپ خلوص وتقویٰ کا پیکر بنکر انکی مسند پر بیٹھیں اور عالم سنیت کے لئے منبع فیض بنیں۔ مجھے یقین ہے کہ آپ ان کے روحانی فیض وبرکات سے اس مسند پر بیٹھ کر اور زیادہ مستفید ہونگے اور دوسروں کو فیض پہنچائیں گے۔

آمنہ بہن، حفصہ بہن، حمدہ بہن، عزّہ، بدور اور میاں رضوان اگر وہاں پہنچ چکے

Marfat.com

ہوں تو سب کو میری اور امی جان کی جانب سے تعزیت و دعا پہنچا دیجئے۔

نوٹ : میں انشاءاللہ دو تین ہفتہ میں وہاں حاضری کا ارادہ رکھتا ہوں۔

والسلام

آپکا مخلص بھائی
جیلانی صدیقی

اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ

عرض : حضور اللہ میاں کہنا جائز ہے یا نہیں؟

ارشاد : زبان اُردو میں لفظ میاں کے تین معنی ہیں۔ ان میں سے دو ایسے ہیں جن سے شان الوہیت پاک و منزہ ہے اور ایک کا صدق ہو سکتا ہے تو جب لفظ دو خبیث معنوں اور ایک اچھے معنی میں مشترک ٹھہرا اور شرع میں وارد نہیں تو ذات باری پر اس کا اطلاق ممنوع ہو گا۔ اس کے ایک معنی مولیٰ تعالیٰ بے شک مولیٰ ہے، دوسرے معنی شوہر اور تیسرے معنی زنا کا دلال کہ زانی اور زانیہ میں متوسط ہو۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

۲۰۷ این، سمن آباد، لاہور

۱۷/ اکتوبر ۱۹۸۱ء

مکرمی بھائی فضل الرحمٰن صاحب قادری دامت برکاتہم

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔ یہ معلوم کر کے کہ ماموں ضیاء الدین صاحب کا انتقال ہوگیا ہمیں بہت ہی افسوس ہوا۔ خاص طور پر ہم کو یہ بھی مزید غم کا باعث ہوا کہ باوجود ارادہ کے ہم ماموں صاحب سے مل بھی نہ سکے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطاء فرمائے اور ہم سب کو صبر کی توفیق عطاء کرے۔ آمین

ابھی تین ماہ قبل ہمارے چھوٹے ماموں ہم سے رخصت ہوگئے اور بہت جلد ہی بڑے ماموں بھی ان سے جا ملے۔ اماں پہلے ہی ماموں مقبول کی وفات پر بہت روتی تھیں اور اب ان کے لئے ایک اور بڑا صدمہ آن پہنچا۔ ہم سب بھی اس صدمہ میں شریک ہیں۔ کافی سالوں سے آپ بھی پاکستان نہیں آئے اور اگر شاید چند دن کے لئے آئے بھی تو ہم سے ملاقات نہ ہوسکی۔ آپ ماموں صاحب کو چھوڑ کر آ بھی نہیں سکتے تھے۔

ہم آج انشاء اللہ سیالکوٹ جائیں گے اور وہاں چند دن مامی جی کے پاس رہیں گے۔ سیالکوٹ والا گھر اب بہت ہی خالی ہوگیا ہے۔ اماں جی آج کل ایبٹ آباد ہیں اور انشاء اللہ سردیوں میں یہاں آئیں گی۔

شاید آپ کو معلوم ہوا ہو کہ بھائی منیر الدین کو دل کا دورہ پڑ گیا تھا اور کافی عرصہ ہسپتال میں رہ کر اب گھر آ گئے ہیں۔ ان کا خط آپ کو مل گیا ہوگا۔

محمودہ کی طرف سے مضمون واحد ہے۔ بھابھی صاحبہ کو آداب اور بچوں کو دعوات

والسلام

غم میں شریک آپکا بھائی معز الدین۔

۲۵۸، شادمان کالونی، لاہور

Marfat.com

برادرم فضل الرحمٰن

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

آج کے اخبار میں قبلہ ماموں جان مولانا ضیاء الدین صاحب کی وفات کی خبر پڑھ کر از حد رنج ہوا۔

بزرگوں کا سایہ غنیمت ہوتا ہے۔ اور ماموں جان مرحوم جیسا بزرگ تو سب خاندان کے لئے برکت کا باعث ہوتا ہے۔ لیکن خدا کے حکم کے سامنے سر تسلیم خم کرنا ہی پڑتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ آپ کو صبر کی توفیق دے۔ ہمارے خاندان کا نیک ترین بزرگ ہم کو چھوڑ گیا۔

احقر منیر الدین

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض : تحیۃ الوضو کی کیا فضیلت ہے؟

ارشاد : ایک بار حضور اقدس ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا اے بلال (رضی اللہ عنہ) کیا سبب ہے کہ میں جنت میں تشریف لے گیا تو تم کو آگے آگے جاتے دیکھا۔ عرض کی یا رسول اللہ (ﷺ) میں جب وضو کرتا ہوں دو رکعت نفل پڑھ لیتا ہوں۔ فرمایا یہ ہی سبب ہے۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

حضرت والا درجت

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

حضرت سیدی قدس سرہٗ کی وفات کی خبر سنکر تعزیت کا مکتوب لکھنے کی استطاعت نہ رہی۔ حقیقت عرض کروں کہ آپ ہی کے سر سے حضرت سیدی کا سایۂ عاطفت نہیں اٹھا۔ اب تو مجھے اور دوسروں کو بھی یہ معلوم ہورہا ہے کہ ہم ایسے سایۂ عاطفت سے محروم ہوگئے ہیں جس کو الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔

لیکن یہ یقین ہماری تسلی کرتا ہے کہ سیدی قدس سرہٗ کے فیوض ہماری دستگیری کرتے رہیں گے۔

رب کریم آپ کو اور متوسلین و متعلقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے اور حضرت سیدی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے درجات کو مزید بلندی عطا فرمائے اور ہمیں انکے فیض سے بہرہ مند فرمائے۔ آمین

محمد اطہر نعیمی

خطیب جامع مسجد، آرام باغ، کراچی

Marfat.com

مولانا محمد ظفر اقبال مصطفوی (لاہور)

۵/۱ اکتوبر ۱۹۸۱ء

حضرت فاضل علامہ، مولانا فضل الرحمٰن صاحب قادری مدنی مدظلہ العالی

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

پاکستانی اخبارات میں شائع ہونیوالی اس روح فرسا خبر نے دنیائے اہل سنت میں صف ماتم بچھادی کہ قطب وقت الشیخ حضرت مولانا ضیاء الدین صاحب مدنی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ ۲/ اکتوبر ۱۹۸۱ء کو مدینتہ الرسول (ﷺ) میں انتقال فرما گئے۔

اناللہ وانا الیہ راجعون

ابھی شیخ الاسلام خواجہ قمر الدین سیالوی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ اور مجاہد ملت مولانا حبیب الرحمٰن رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی وفات کا زخم مندمل نہ ہونے پایا تھا کہ حضرت کی وفات حسرت آیات سے یہ زخم اور گہرا ہوگیا۔ آپ کی وفات سے سنیوں کی آنکھیں پرنم اور دل افسردہ ہیں، سنیوں کا یہ وہ عظیم نقصان ہے جس کی تلافی ناممکن ہے۔

حضرت شیخ الاسلام مولانا ضیاء الدین صاحب رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی ذات گرامی، امام اہل سنت مجدد دین و ملت امام احمد رضا خان صاحب رحمتہ اللہ علیہ اور علامہ یوسف نبہانی رحمتہ اللہ علیہ کے مشن کی علمبردار اور صحیح جانشین تھی۔

وہ اہل سنت کے لیے سایۂ رحمت متلاشیان حق کے لیے شمع ہدایت اور ایک ایسا چشمۂ فیض تھے جن سے ہزاروں نہیں لاکھوں نے روحانی سکون کی لازوال دولت کو اپنے سینوں میں سمیٹا۔

حضور پرنور خاتم النبین ﷺ سے عشق و محبت کا ہی یہ صلہ انہیں دربار رسالت

Marfat.com

(ﷺ) سے عطاء ہوا تھا کہ آقائے دوعالم ﷺ نے اپنے اس طالب صادق کو اپنے گنبد خضرا کے سائے میں زندگی کے لمحات معطر کرنے کا اعزاز بخشا اور پھر کرم بالائے کرم یہ کہ تا قیامت اپنے زیر سایہ اس خطہ پاک میں آخری آرام گاہ مرحمت فرمائی جہاں شمع نبوت کے ہزارواں پروانے محو استراحت ہیں۔

اس فقیر کو گذشتہ برس حاضری حرمین شریفین کی سعادت حاصل ہوئی اور ساتھ ہی ۱۰/ محرم ۱۴۰۰ھ کو حضرت قطب وقت کی قدمبوسی کا شرف حاصل ہوا تھا۔ حضرت نے بڑی شفقت فرمائی اور دعاؤں سے نوازا، اسی محفل میں مجاہد ملت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب کا شہادت پر بیان بھی ہوا، اس مجلس کی روحانی لذت اب تک محسوس کرتا ہوں۔

دعا ہے کہ مولا تعالیٰ اپنے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے طفیل انہیں اپنے خاص جوار رحمت میں جگہ مرحمت فرمائے۔ آمین اور ان کے فیوض و برکات کا سلسلہ آپ کے ذریعہ تا قیامت جاری وساری رہے اور اسی طرح خلق خدا مستفید ہوتی رہے۔

فقط و السلام مع الاکرام صاحبزادگان کی خدمت میں سلام

محتاج دعاء

فقیر محمد مظفر اقبال مصطفوی

بازار ھٹھی ملاحاں۔ اندرون ٹیکسالی گیٹ۔

لاہور، پاکستان

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بلاشبہ حضور کی ذات سنیت کا عظیم مرکز تھی، جن کے قدموں میں حاضری اہل دل اپنے لئے باعث سعادت تصور کرتے تھے۔ برطانیہ کے جملہ اہل سنت ان کے وصال کو شدت سے محسوس کر رہے ہیں۔ جملہ مساجد اہل سنت میں محافل ایصال ثواب منعقد ہوئیں۔ ورلڈ اسلامک مشن کی طرف سے مانچسٹر میں مجلس ایصال ثواب منعقد ہوئی جس میں برطانیہ بھر کے علماء اور مشائخ نے شرکت کی اور حضور سیدی رحمتہ اللہ علیہ کی روح کو ایصال ثواب اور خراج تحسین وعقیدت پیش کیا گیا۔

قمر الزماں اعظمی
دی ورلڈ اسلامک مشن
۲۲/اکتوبر ۱۹۸۱ء

Marfat.com

واجب الاحترام حضرت قبلہ مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہ العالی

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

حضرت شیخ العالم قبلہ مرشدی وسیدی مولانا ضیاء الدین صاحب نوراللہ مرقدہ کی وفات کی خبر اخبار میں پڑھ کر دل کو صدمہ ہوا۔ اور جذبات عشق کو دھچکا لگا۔ حضرت کی ذات والا گدایان بارگاہ نبوی (ﷺ) کیلئے جائے راحت وتسکین تھی۔ مدینہ الرسول (ﷺ) میں اہل سنت کے مرکز کا مقام جناب کا دولت کدہ متصور ہوتا ہے حضرت کی وفات موت العالم کا حقیقی مصداق ہے ! انا للہ وانا الیہ راجعون.

جس قدر میرے اور جاننے والے احباب کے دلوں کو صدمہ ہے ان جذبات کو الفاظ کا جامہ نہیں پہنایا جا سکتا۔ پروردگار عالم موجودہ دور کے سنیوں کے متفقہ پیشوا مولانا ضیاء الدین مرحوم علیہ الرحمۃ کو جنت الفردوس میں مقام اعلیٰ عطاء فرمائے۔ براہ کرم مرکزیّت قائم رکھیں۔ اور ہم جیسے گدایان دربار عالیہ کو مایوسی سے دوچار نہ ہونے دیں۔ گھر کے تمام افراد کو اور جناب ودیگر پسماندگان کو مالک الملک صبر عطاء فرمائے اور ہم سب کو حضرت کی طرح اپنے دلوں میں عشق رسول (ﷺ) کی شمع روشن کرنے کی توفیق بخشے۔

والسلام

لطیف احمد چشتی

مہتمم مدرسہ اسلامیہ، کامونکی، پاکستان

بمعہ جملہ اہل خانہ۔ کارکن مدرسہ۔ احباب اہل سنت، کامونکی

۱/۵ اکتوبر ۱۹۸۱ء

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ایبٹ آباد

۱۳/اکتوبر ۱۹۸۱ء

محترم ومکرم جناب بھائی فضل الرحمٰن صاحب

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ

کل نفس ذائقة الموت

پاکستان ٹائمز میں حضرت ماموں جان قبلہ کی وفات حسرت آیات کی خبر پڑھی، بہت ہی دکھ ہوا۔ **اناللہ وانا الیہ راجعون.**

آمنہ آپا کو یاد ہوگا کہ میں ان کی کتنی منتیں کرتی رہی کہ چند دن کے لئے میرے پاس آجاؤ مگر ان کا یہی جواب ہوتا کہ بھابھی ابا جی کو نہیں چھوڑ سکتی، بیمار ہیں، ان کی، اور ان کے ضیوف کی خدمت کرنی ہوتی ہے مگر رضائے ربی کے سامنے ہم دم نہیں مار سکتے۔ حضرت ماموں صاحب قبلہ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے اصلی گھر، اعلیٰ مقام جنت البقیع میں خواب راحت کے مزے لے رہے ہیں، خدا تعالیٰ کی صدہا، ہزار ہا رحمتیں ان پر ہوں۔ آمین ثم آمین

بارہ سال پہلے کے واقعات یاد آتے ہیں، جب ہم نے مدینہ منورہ میں ان کے پاس بے انتہا آرام وسکون سے دن گذارے تھے۔ جب ان کا کرم اور شفقت یاد آتی ہے تو ایک عجیب کیفیت طاری ہو جاتی ہے، جس کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ بچیاں تو اکثر بہت یاد کرتی رہتی ہیں۔ فاخرہ آپ حضرات کو بہت یاد کرتی رہتی ہے خصوصاً پھوپھی آمنہ

Marfat.com

کو۔ جب سے اس صدمہ عظیمہ کا علم ہوا آپ سب کی یاد اور زیادہ بڑھ گئی ہے۔ منظر کو بھی بے حد غم ہوا، جب ذکر ہوتا تو دعا کرتے ہیں۔ حضرت ماموں رحمتہ اللہ علیہ کی شفقت تو برابر یاد آتی ہے۔

اماں جی (آپ کی پھوپھی) بہت ہی اداس اور دکھی ہیں بس چُپ چاپ بیٹھی رہتی ہیں۔ ماموں جی مقبول احمد صاحب رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی وفات اور حضرت ماموں جان قبلہ ضیاء الدین قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی وفات کا وقفہ بھی تو صرف تین ماہ کا ہے، اس لئے ان کو بہت زیادہ صدمہ ہوا ہے۔

اللہ تعالیٰ مرحوم ومغفور کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء کرے، ہم سب کو یہ صدمہ عظیمہ برداشت کرنے کی قوت و ہمت دے۔ آمنہ، حمدہ، حفصہ، حبیب، رضوان، خلیل، سلمی، بدور، عزہ سب کو اللہ تعالیٰ صبر جمیل عطاء فرمائے۔ آمین

و السلام
شریک غم
آپ کی بھابھی زبیدہ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

ع

حسرت نو کا سانحہ سنتے ہی دل بگڑ گیا

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ایبٹ آباد

۲/اکتوبر ۱۹۸۱ء

محترمی وعزیزی بیٹے فضل الرحمٰن قادری سلمہ

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

۲/اکتوبر کو جناب بھائی صاحب کی وفات کی خبر اخبار میں پڑھ کر صدمہ عظیمہ ہوا۔ میرے دونوں بھائی تین ماہ کے عرصہ میں راہی ملک بقا ہوئے، میں اکیلی رہ گئی، رنج و غم میں ڈوب گئی ہوں، دل غم سے نڈھال ہوگیا، آنکھیں خشک ہی نہیں ہوتیں، ہمت نہیں رہی، کیا کروں؟ بھائی مقبول احمد رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ تو قریب تھے، میں ان کا آخری دیدار نہ کرسکی اور میرے یہ مایہ ناز رہبر شریعت وطریقت، بھائی تو تھے ہی کافی دور، میں دن رات ان کو یاد کرتی رہتی ہوں۔ ایک امید تھی کہ زندگی میں ان سے ایک بار پھر ملوں گی، سو وہ بھی جاتی رہی۔ آمنہ بیٹی کا خیال آتا ہے، اس کی تو اپنے والد میں جان تھی۔ اس کا رنج و غم سے کیا حال ہوگیا ہوگا؟

اللہ رب العزت سے التجا ہے کہ مجھے اور آپ سب کو یہ صدمہ عظیمہ برداشت کرنے کی قوت عطاء فرمائے اور میرے سخی و پارسا بھائی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔ وہ تو انشاء اللہ تعالیٰ بخشے ہوئے ہیں۔ آمنہ، حمدہ، حفصہ آپ تمام نے صبر و شکر سے وقت گذارنا ہے۔ حبیب، رضوان، خلیل، سلمی، عزہ، بدور سب کو تسلی دینی ہے۔ ہائے میرا عظیم بھائی! میں اس کی آخری زیارت سے بھی محروم رہی، یہ غم تو میں آخری دم تک نہ بھول سکوں گی۔ ان کی جنت البقیع کی تمنا تو الحمدللہ پوری ہوگئی،

Marfat.com

کل من علیها فان و یبقی وجه ربک ذوالجلال والاکرام۔
خدا سے فریاد ہے کہ ہمیں صبر کی نعمت سے نوازے آمین ثم آمین۔

و السلام
شریک غم
آپ کی پھوپھی
فاطمہ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

فاتحہ مقتدی کو پڑھنی مکروہ تحریمی ہے

معانی آثار میں جابر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے قال رسول ﷺ من کان له امام فقراة الامام له قراة. حضرت ﷺ نے فرمایا کہ جس کا امام ہو سو قرات امام اس کی ہے۔قال الله تعالی واذا قری القران فاستمعوا له وانصتوا لعلکم ترحمون. فرمایا اللہ تعالیٰ نے جب قرآن پڑھا جائے تو تم سنو اور چپ رہو امید ہے کہ تم پر رحم کیا جائے۔ پس ثابت ہوا کہ فاتحہ کا پڑھنا نماز میں مقتدی کو فرض نہیں اور مقتدی کو فاتحہ کا پڑھنا ترکِ واجب ہے یعنی مکروہ تحریمی اور ناجائز۔

(اسلام کی ۱۱ کتابیں۔۔حضرت علامہ غلام قادر بھیروی رحمتہ اللہ علیہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقبول منزل، ۱۰/اکتوبر

محترم ومکرم بھائی جان السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

حضرت محترم تایا جان کے انتقال کی خبر پڑھ کر از حد افسوس ہوا، اللہ تعالیٰ سے دعاء ہے کہ مرحوم ومغفور کو جنت الفردوس میں جگہ عطاء فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق رفیق عطاء ہو۔ آمین

تین مہینوں کے وقفے پر دونوں بھائی یکے بعد دیگرے اللہ کو پیارے ہو گئے۔ ہمارے خاندان کے آخری بزرگ آنکھوں سے اوجھل ہو گئے۔ حضرت تایا جی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی دینی خدمات اور سخاوت وشرافت کا زمانہ معترف ہے۔ ہم نے ان کے بارے میں بہت کچھ سنا، ابا جی جس محبت واحترام سے تایا جان کا ذکر کرتے تھے اس سے آپ کی عظمت کا اندازہ کرنا مشکل نہ تھا۔ ہمیں تو حسرت ہی رہی، ہم تایا جان کی زیارت سے مشرف نہ ہو سکے۔ ہماری قسمت میں ان سے ملاقات نہ تھی۔ حضرت والد محترم کی وفات حسرت آیات کے بعد حضرت تایا جی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی یاد زیادہ ستانے لگی۔ ہم ہر وقت ان کی صحت وسلامتی کے لئے دعا گو تھے۔ اللہ تعالیٰ کو یہی منظور تھا۔ اماں جی اور بانو اظہار افسوس کرتیں ہیں۔ آمنہ آپا، حمدہ باجی اور حفصہ بھابھی، سلمیٰ، بدور، عزہ، حبیب، رضوان، خلیل اور دیگر تمام اہل خانہ کو ہم سب کی طرف سے تعزیت کر دیں۔

اماں جی کی صحت بدستور خراب ہے ان کی مکمل صحت کے لئے دعا کریں سب کی خدمت میں سلام اور دعاء کی درخواست۔

فقط

آپ کی بہن نینا مقبول

مقبول منزل محلّہ اراضی یعقوب سیالکوٹ شہر

Marfat.com

۷۸۶
۹۲

باسمہ تعالیٰ

از ناگپور (انڈیا)، ۲/ محرم ۱۴۰۱ھ

سیدی الکریم دامت فیوضکم العالیہ السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

خدا کرے حضور والا کا مزاج مقدس بخیر ہو۔

یہ سن کر بے پناہ افسوس اور صدمہ ہوا کہ حضور سیدی ومرشدی الکریم شیخ الفضیلۃ قطب الارشاد الحضر ۃ العلامہ الشیخ ضیاء الدین القادری غفرلہ الباری کا وصال ہوگیا۔

انا للہ وانا الیہ راجعون.

آہ درچشم زدن صحبت یار آخرشد - روئے گل سیرنہ دیدیم بہار آخرشد

اخبار انقلاب میں ''آفتاب ولایت غروب ہوگیا'' کے عنوان سے اعلان شائع ہوا۔ پڑھ کر آنکھیں اشکبار ہوگئیں۔ اور بار بار کلمہ استرجاع زبان پر جاری ہوا دوسرے دن الجامعہ الرضویہ دارالعلوم امجدیہ ناگپور میں شاندار پیمانے پر قرآن خوانی اور جلسۂ تعزیت کا پروگرام ہوا۔ کئی ختم قرآن پاک کا ایصال ثواب بہ روح مقدس شیخ الفضیلۃ الشیخ ضیاء الدین علیہ الرحمتہ والرضون نذر کیا گیا اور حضرت والا کی ترقی درجات فی الجنۃ کی دعا کی گئی۔ نیز آپ کی صحت وسلامتی کیلئے بھی دعا کی گئی۔ بہرحال فقیر دعا گو ہے مولی تعالیٰ بطفیل سید الانبیاء علیہ التحیۃ و الثناء اُن کو مخصوص رحمتوں سے غفران فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام پر فائز فرمائے۔ نیز آپ حضرات کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ آمین

والسلام شریک غم

محمد عبدالحلیم رضوی اشرفی ضیائی

ناگپور نمبر۲۔ انڈیا

Marfat.com

بخدمت گرامی قدر
حضرت العلامہ سیدی فضل الرحمٰن صاحب
قبلہ المدنی دامت برکاتہم العالیہ ۔

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

مدینتہ الرسول سے ایک ہمدرد دارالعلوم اسحاقیہ نے بذریعہ مکتوب یہ خبر جانکاہ دی کہ ۲ ر اکتوبر ۱۹۸۱ء کو دنیائے سنیت کے آفتاب خلیفۂ اعلیٰحضرت علیہ الرحمہ مرجع علمائے اہل سنت فی مدینتہ الرسول سوختہ عشق رسول پاک حضرت سیدی الشیخ مولانا ضیاء الدین صاحب قبلہ اس دارفانی سے دارالبقاء کو تشریف لیگئے ۔

انا للہ و انا الیہ راجعون۔

اس خبر جانکاہ نے پورے دارالعلوم کو ہی نہیں بلکہ تمام برادران اہل سنت کو غم واندوہ کے بحر عمیق میں مستغرق کر دیا۔ دارالعلوم اسحاقیہ کی فلک بوس عمارت سوگ میں غرق ہوگئی۔ ساتذہ دارالعلوم وطلبہ پیکر رنج والم نظر آنے لگے۔ بزرگ وخوردحضرات کی آنکھوں سے اشکوں کے موتی نچھاور ہونے لگے ایک مایہ ناز فرزند سنیت، پیر طریقت کی بارگاہ ذی وقار میں آہوں وسسکیوں کا خراج عقیدت پیش ہونے لگا۔ اعلیٰ حضرت الشیخ المحترم کی شخصیت کوئی محتاج تعارف نہیں۔ تمام ذی شعور حضرات آپکے اسم گرامی سے اور بعض بزرگ حضرات آپ کی ذات ستودہ صفات سے خوب واقف ہیں۔ برادران اہل سنت پیکر رنج والم بنے ہوئے حضرت مفتی اعظم راجستان کی خدمت میں آنے لگے۔

حاضرین کے سامنے حضرت الشیخ المحترم کی عبقری شخصیت، آپ کا دنیائے

Marfat.com

اہل سنت پر عظیم احسان۔ آپ کا سرکار دو عالم ﷺ سے والہانہ عشق صادق پر روشنی ڈالی۔ حاضرین نے اشکوں کے موتی نچھاور کر کے اپنے عظیم محسن کی بارگاہ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ اور بعد نماز ظہر دوبارہ قرآن خوانی ہوئی، حضرت الشیخ المحترم کی روح پر فتوح کیلئے ایصال ثواب کیا گیا۔

و السلام

محمد اشفاق حسین

صدر مدرس دار العلوم اسحاقیہ محلّہ خرادیاں

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

طریق ختم خواجگان قادریہ عالیہ رحمتہ اللہ علیہم

اول سہ ۳ یوم روزہ رکھے۔ اول یوم بدھ، دوم یوم جمعرات، سوم یوم جمعہ۔ پس بروز جمعہ، دوگانہ ہر ایک رکعت میں آیۃ الکرسی ایک بار اور سورہ اخلاص گیارہ بار پڑھے۔ پس روبقبلہ ہو کر بیٹھے اور ختم شروع کرے۔ استغفار ایک سو گیارہ دفعہ پھر درود شریف ایک سو گیارہ دفعہ پھر کلمہ تمجید **سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولاحول ولا قوہ الا باللہ العلی العظیم** ایک سو گیارہ دفعہ بعدہ سورہ الم نشرح ایک ہزار ایک سو گیارہ دفعہ پڑھ کر حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی روح مبارک کو بخشے۔ بعدہ دعا کرے۔ یا مجیب (۵۵ بار)۔ یہ ختم کبیر ہے۔

(اسلام کی ۱۱ کتابیں۔۔ حضرت علامہ غلام قادر بھیروی رحمتہ اللہ علیہ)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

قطعاتِ تاریخِ وصال

Marfat.com



ترکی دور میں سیلاب کا منظر

سعودی دور میں سیلاب کا منظر

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قطعہ تاریخ وصال

شیخ العالم حضرت مولانا ضیاء الدین احمد قادری رضوی مدنی علیہ الرحمۃ

نتیجہ فکر: حضرت **سید شریف احمد شرافت** نوشاہی علیہ الرحمۃ

چوں شُد مرخصاز ما آں مخزنِ معانی — رختِ سفر بہ بست و بگذاشت دار فانی

شیخ عرب ممالک، ہم مرشد عجم بود — در علم و فضل یکتا شہباز لامکانی

در عشق ذات احمد عمرے سفر بفرمود — اسرار فقر و عرفاں جملہ بروعیانی

جائش بصدر جنت در بقعہ مدینہ — ایں مرحمت شُد اُورا از مغفرت نشانی

ترحیل او شرافت پُر سید از سر وشے

سال وصال گفتا ''مغفور جاودانی''

ا ۰ ۴ ا ھ

ان المتقین فی جنت و نعیم — ۱۴۰۱ھ

ضیاء الدین ارشد — ۱۴۰۱ھ

ضیاء الدین نیک کردار — ۱۴۰۱ھ

Marfat.com

حضرت شیخ ضیاء الدین احمد قادری رضوی مدنی رضی اللہ عنہ کے وصال پر ملال پر، حضرت مولانا فضل الرحمٰن مدنی قادری کے نام ایک تاریخی تعزیت نامہ

تاریخ وصال ہادیٔ بلاد
۱۴۰۱

ملال افزاء تاریخ
۱۴۰۱

بنگاہ سیدی فضل الرحمٰن
۱۴۰۱

ادب آگاہ مولانا فضل الرحمٰن
۱۴۰۱

سیدی سندی حضرت مدنی سلام علیک
۱۴۰۱

جانشین وحید ضیاء الدین احمد
۱۴۰۱

باب صفا جانشین ضیاء
۱۴۰۱

السلام علیکم ورحمۃ اللہ، زندہ باشی
۱۴۰۱

آہ سیدی یہ تاریخی نامہ
۱۴۰۱

وصال ولی عالم مولانا ضیاء الدین احمد
۱۴۰۱

وصل ضیاء الدین احمد قادری
۱۴۰۱

وصل سیدی مولانا ضیاء الدین احمد مدنی
۱۴۰۱

وصال ولی عالم مولانا ضیاء الدین احمد
۱۴۰۱

-پر مشتمل۔

ان کا ابراہیم غلام
۱۴۰۱

حاضر خدمت ہے اور۔

تعزیت سرور اولیاء
۱۴۰۱

کر رہا ہے۔

درگاہ سیدی مولانا ضیاء الدین احمد
۱۴۰۱

میں۔

واصف سیدی خوشتر صدیقی
۱۴۰۱

کا سلام اور نذرانہ ثواب پیش کیجئے۔

آہ محفل سلوک اُجڑ گئی۔

خاتم محفل سالک کامل
۱۴۰۱

نہ رہا۔

Marfat.com

عالم زھد وتقویٰ ویران ہوگیا۔ زاہد عالم خاتم جام محفل روپوش ہوگیا۔ زمانہ مرثیہ خواں

۱۴۰۱

ہے۔

فدائے ولی جہاں مولانا ضیاء الدین احمد مدنی پاک نگاہ رخصت ہوا۔ قادری رضوی جلوہ گاہ

۱۴۰۱ ۱۴۰۱ ۱۴۰۱

سونی ہے۔ بدر فلک بزم رضوی منزل جاوید میں غروب ہو گیا۔

۱۴۰۱ ۱۴۰۱

خاتم مجلس اصحاب فہم صادق العقیدہ خموش ہوگیا۔

۱۴۰۱ ۱۴۰۱

ہادی محفل خاتم اصفیاء محبّ مولیٰ حضور جان اصفیاء ﷺ ہے

۱۴۰۱ ۱۴۰۱

اسلاف تو عالم فانی چھوڑ ہی چکے تھے آہ آہ! خاتم اسلاف چودھوی صدی۔

۱۴۰۱

بھی عازم خلد بریں ہوا اور نائب ختم رسل باادب۔ حاضر دامان رسول ﷺ

۱۴۰۱ ۱۴۰۱

۔ہوگیا۔ وقالت الملئکة طب یا عبدالله المحصی

۱۴۰۱ ۱۴۰۱

مرحبا حبیبی سیدی مولانا ضیاالدین احمد وادخُلوھَا خالدین

۱۴۰۱ ۱۴۰۱

والسلام مع الاکرام واصف سیدی خوشتر صدیقی

15-10-81 ۱۹۸۱ء

Marfat.com

قطعات وصال حضرت شیخ الاسلام مولانا ضیاء الدین احمد قادری رضوی مدنی رضی اللہ عنہ

چہ خبر آمد کہ دل رنجوری آید بہ بین
نالہ کردہ ہر نفس مجوری آید بہ بین
بشنو چہ مژدہ ملائک دادہ اند
شیخ ما حضرت ضیاء مغفوری آید بہ بین

۱۴۰۱ھ

از حرم تا حل ہے کیسا شور وغل
رحلت شیخ طریقت واصف مولائے کل
مژدہ سال ولادت تھا ضیا کا یاغفور
وصل کی تاریخ کیا جز نائب ختم رسل

۱۲۹۷[1]
۱۴۰۱ھ

جلوہ گاہ قادری رضوی نہ پوچھ
جس کے غم میں رو رہے ہیں انس وجن
ہے ملال افزا بڑی تاریخ، آہ
چارتھی ذوالحج کی اور جمعہ کا دن

۱۴۰۱ھ

واصف سید خوشتر صدیقی

۱۹۸۱ء

[1] (حضرت علامہ خوشتر صدیقی مدظلہ کو سہو ہوا اور آپ نے حضرت قطب مدینہ قدس اللہ سرہٗ کا سن ولادت ۱۲۹۷ھ اور مادہ تاریخ ولادت یاغفور سے تخریج فرمایا جب کہ قطب مدینہ رضی اللہ عنہ کا سن ولادت ۱۲۹۴ھ اور نام نامی احمد مختار، اور یہی مادہ تاریخ ولادت باسعادت ہے۔)

Marfat.com

قطعہ تاریخ وصال

یگانہ آفاق شیخ اکبر

نتیجہ فکر: ابوالطاہر فدا حسین فداؔ

ہیں آج واصلِ حق حضرت ضیاء الدین — کہ جن کا قبلہ وکعبہ در پیمبر ہے
گئے ہیں عشق نبی کی وہ لیکے دل میں تڑپ — نگاہ ، شافعِ محشر کی خاص اُن پر ہے
زہے نصیب یہ عظمت یہ رفعتِ اعزاز — میسر آج انہیں جو مرام کوثر ہے
وہ تھے مجددِ دوراں کے نائب برحق — یہ ان کے درج فضیلت کا خاص جوہر ہے
وہ ان کا زہد وتقدس وہ درس رشد وہدیٰ — نظر نواز، دل فروز ، روح پرور ہے

سن وصال پہ اُن کے فدا سے ہاتف نے
کہا ''یگانہ آفاق شیخ اکبر'' ہے

۱۴۰۱ھ

اَللّٰہ اَللّٰہ

طریق ختم صغیر (چھوٹا) غوثیہ عالیہ قدس اللہ سرہ

اول درود شریف ایک سو گیارہ بار، پھر کلمہ تمجید ایک سو گیارہ دفعہ، سورہ یٰسین ایک دفعہ، سورہ الم نشرح ایک سو اکتالیس (۱۴۱) دفعہ بعدہ درود شریف ایک سو گیارہ دفعہ پھر دعا فاتحہ بروح پاک حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ۔ اگر بڑی ضرورت ہو تو ختم کبیر کرے ورنہ ختم صغیر سے کام آسان ہو جاتا ہے۔

(اسلام کی ۱۱ کتابیں۔۔۔ حضرت علامہ غلام قادر بھیروی رحمتہ اللہ علیہ)

Marfat.com

شیخ الاسلام قطب مدینہ حضرت ضیاء الدین احمد قادری
رضوی مہاجر مدنی رضی اللہ عنہ

خلیفہ مجاز امام اہل سنت اعلیٰ حضرت **شاہ احمد رضا** خان فاضل بریلوی قدس اللہ سرہٗ

وصال، ۴/ ذوالحجہ ۱۴۰۱ھ مطابق ۲/ اکتوبر ۱۹۸۱ عیسوی،

ابدی آرامگاہ: جنت البقیع شریف (مدینہ منورہ)

نتیجہ فکر: ابوالطاہر فدا حسین فدا

ضیا دین و ملت کی پھیلا کے وہ
اٹھے بزم دنیا سے بے قیل و قال
شریعت طریقت کے شیخ جلیل!
وہ تھے صاحبِ علم وفضل و کمال

ودیعت تھا حق سے انہیں سوز عشق
وہ رکھتے تھے سینے میں روح بلال
مطیع خدا تابع شاہ دیں
وہ تھے ایک شخصیت بے مثال

تھے علامہ دھر روشن ضمیر
سراپائے عزم وعمل باکمال
تصور میں ان کے چمکتا رہا
نبی مکرم کا حسن و جمال

Marfat.com

نگوں سر ہوئے دیں کے اعداء تمام
تھی شمشیر حق ان کا جاہ و جلال
ندا عرش سے آئی مجھ کو فدا یہ
کہوں ''رخصتِ قطب'' تاریخِ سال

۱۴۰۱ھ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

فاتحہ خوانی

سوال: صدقات مالی جیسے طعام اور شیرینی و پھول اور عبادت بدنی جیسے کلمہ شریف، درود شریف و اوراد واذکار و نماز و روزہ و ختم قرآن شریف ان کا ثواب موتی کو پہنچتا ہے یا نہیں؟

جواب: صدقات مالی کا ثواب پہنچتا ہے اور معتزلہ اس کے منکر ہیں۔ حنفیہ کرام کے نزدیک جمیع صدقات وعبادات کا ثواب موتی کو پہنچتا ہے۔

دار قطنی میں ہے کہ ایک شخص حضرت رسول کریم ﷺ کی خدمت شریف میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں اپنے ماں باپ کے ساتھ ان کی زندگی میں سلوک کیا کرتا تھا۔ اب بعد وفات کے سلوک کس طرح کروں؟ حضرت ﷺ نے فرمایا کہ سلوک بعد وفات کے یہ ہے کہ تم اپنی نماز کے ساتھ ان کے لئے نماز پڑھا کرو۔ اور اپنے روزوں کے ساتھ ان کے لئے روزے رکھا کرو۔

(اسلام کی ۱۱ کتابیں۔۔ حضرت علامہ غلام قادر بھیروی رحمتہ اللہ علیہ)

Marfat.com

قطعہ سال وصال

”فاخر بزم عشاق“

۱۴۰۱ھ

طارق سطان پوری حسن ابدال (اٹک)

در محبوب کے گوشہ نشیں تھے
نبی کے شہر رحمت کے مکیں تھے

عظیم المرتبت قطب مدینہ
وہ معمولی کوئی انساں نہیں تھے

دل آرا مرکزِ بزم طریقت،
چراغ محفلِ اہل یقیں تھے

محمد ﷺ سے محبت کا مبلّغ
علم بردار عشق شاہ دیں تھے

وہ مرد حق سرشت و پاک طینت
امام اہل حق کے جانشیں تھے

کیا فیض رضا کو عام اس نے
قسیم فیض مرشد بالیقیں تھے

وقار و ناز اہل عشق و مستی
وہ فخر کاملین و متقیں تھے

معارف کا خزینہ اُن کا سینہ
وہ اک گلزار عرفان و یقیں تھے

ہوئے مدفون شہر مصطفیٰ میں
وہ اک باشندۂ خلد بریں تھے

رہے وہ عمر بھر شہر نبی میں
فدائے رحمۃ للعالمین تھے

سر ”دیں“ سے ہے سال وصل ان کا

۴

”نشان عظمتِ دین مبیں“ تھے

۱۹۸۱ = ۱۹۷۷ + ۴

Marfat.com

قطعہ تاریخ وصال

مقبول بارگاہ سید المرسلیں (ﷺ) قطب مدینہ

حضرت مولانا **ضیاء الدین احمد** مدنی قادری رحمۃ اللہ علیہ

پروفیسر محمد یونس حسرتؔ ننکانہ

گنبد خضرا کے بابرکات سائے کے تلے
مرتبے حضرت ضیاء الدین کو کیا کیا ملے
تھا لقب قطب مدینہ ان کی ذات پاک کا
شان سے اس منصب عالی پہ وہ فائز رہے
محفل میلاد کا ہر روز رکھا اہتمام
عاشق سرکار دوعالم تھے ایسی شان کے
کہہ کے دریا دل لکھو حسرت یہ تاریخ وصال

۲۴۹

آبروئے دین مولانا ضیاء الدین تھے

۱۷۳۲

۲۴۹ + ۱۷۳۲ = ۱۹۸۱ء

Marfat.com

تاریخ ہائے وصال
ولی کامل قطب مدینہ رضی اللہ عنہ

مولانا صائم چشتی

سال رحلت آپ کا صائم ہوا مطلوب جب
میں نے حضرت کو، ضیائے دین و ملت کہدیا

۱۴۰۱ھ

صائم اُن کا سال رحلت
ہے بس عاشق اعلیٰ حضرت

۱۹۸۱ء

خیال آیا صائم جو تاریخ کا
کہا ہے وصال ضیاء رضا

۱۹۸۱

حب ولی کامل قطب مدینہ مولانا ضیاء الدین

۱۴۰۱ھ

Marfat.com

عاشق اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ

۱۹۸۱ء

صابر براری۔ کراچی

اعلیٰ حضرت کے خلیفہ چل دیئے سوئے عدم
اب ہے ان کا آستانہ جنت الفردوس میں

زہد و تقویٰ حب خالق اور ولائے پنجتن
لے کے پہنچے یہ خزانہ جنت الفردوس میں

خیر مقدم کررہے ہیں حور و غلمان و ملک
والہانہ والہانہ جنت الفردوس میں

ہے زباں پر یارسول اللہ انظر حالنا
کیا سماں ہے عارفانہ جنت الفردوس میں

ہے اگر صابر براری فکرتاریخ وفات
لکھ ضیاء الدیں یگانہ جنت الفردوس میں

۱۹۸۱ء

Marfat.com

لوح واحد تاریخِ وصال

۱۴۰۱ھ

مکین دیار سید المرسلین ﷺ، حضرت شیخ علامہ ضیاء الدین احمد مدنی قادری علیہ الرحمۃ

بسم اللہ الغنی الکافی

۱۴۰۱ھ

اللہ رب محمد صلی علیہ وسلما نحن عباد محمد صلی علیہ وسلما

۱۴۰۱ھ

مستخرجہ قاری محمد امانت رسول رضوی (پیلی بھیت، یوپی)

آہ غروب مہ علماء

۱۴۰۱ھ

زبدہ عالیہ، فاضل اوحد عالم نبیل و جلیل

۱۴۰۱ھ

شمس رضا

۱۴۰۱ھ

نائب الشاہ رضا

۱۴۰۱ھ

سلطان مناظرین

۱۴۰۱ھ

ضیاء الدین احمد القادری المدنی

۱۴۰۱ھ

Marfat.com

شاہ ضیاء الدین احمد مدنی

۱۴۰۱ھ

فاضل اکمل اوحد ضیاء الدین احمد

۱۴۰۱ھ

الشاہ ضیا الدین احمد مدنی

۱۴۰۱ھ

الحاج شاہ ضیاء الحق و الدین

۱۴۰۱ھ

علیہ رضوان احکم الحاکمین

۱۴۰۱ھ

اَللّٰہ اَللّٰہ

قَالُو مَتیٰ مَضیٰ اَریت اَختر

نَادِیَتُ خَاضَ فِی النَّعماء یحبر
۱۴۰۱ھ

علامہ اختر رضا خاں قادری ازہری

Marfat.com

احساسات

تاثرات امانت بروصال حضور ضیاء الملت علیہ الرحمۃ

ازنتجہ فکر: الحاج مولانا قاری محمد امانت رسول
رضوی پیلی بھیتی (انڈیا)

آہ مرد باصفا جاتا رہا — تاجدار اصفیا جاتا رہا
اہل حق کا پیشوا جاتا رہا — سنّیوں کا مقتدا جاتا رہا
واصفِ شاہ دنیٰ جاتا رہا — عاشق غوث الوریٰ جاتا رہا
کیا مناقب ہوں بیاں مجھ سے بھلا — رہبر راہ ہدیٰ جاتا رہا
اہلسنّت اہل حق اہل نظر — کا معظم رہنما جاتا رہا
جس سے پُر رونق تھا اسلامی چمن — وہ جمال اولیا جاتا رہا
تھا ضیاء الدین احمد نام پاک — مظہر احمد رضا جاتا رہا
نام میں الشاہ مدنی جب ملا — سال رحلت مل گیا جاتا رہا
چار ذالحجہ تھی روز جمعہ کو — سوئے جنت باخدا جاتا رہا
جس نے عالم کومنور کردیا — آہ وہ شمس رضا جاتا رہا
ہے درود رضویہ میں دیکھ لو — اس کی رحلت کا پتہ جاتا رہا

یعنی

اللہ رب محمد صلے علیہ وسلما نحن عباد محمد صلے علیہ وسلما

۱۴۰۱ھ

مسجد نبوی سے سن لی جب اذاں — کرنے جمعے کو ادا جاتا رہا
ملنے محبوب خدا سے بالیقیں — جب بلاوا آگیا جاتا رہا

Marfat.com

رب کعبہ کی حضوری کیلئے — اس جہاں سے دائما جاتا رہا
سوئے فردوسِ بریں کلمہ شریف — پڑھتے پڑھتے باخدا جاتا رہا
اہلبیت پاک کے قدموں کا وہ — بوسہ لینے باخدا جاتا رہا
بے ٹھکانوں کا ٹھکانہ جس کا در — بے کسوں کا آسرا جاتا رہا
موت عالم موت عالم ہے حدیث — زندگی کا اب مزہ جاتا رہا
فضل رحمٰن عالم ذیشان کو — چھوڑ کر اپنی ضیا جاتا رہا

اے امانت بس یہی تاریخ ہے
نائب الشاہ رضا جاتا رہا

۱۴۰۱ھ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض: اگر کسی مرید کی اپنے شیخ سے زیادہ رسائی ہو اس پر اس کے پیر بھائی رنج رکھیں۔

ارشاد: یہ حسد ہے جو لیجاتا ہے جہنم میں رب العزت تبارک وتعالیٰ نے حضرت آدم نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہ رتبہ دیا کہ تمام ملائکہ سے سجدہ کرایا۔ شیطان نے حسد کیا وہ جہنم میں گیا۔ دنیا میں اگر کسی کو اپنے سے زیادہ دیکھے شکر بجالائے کہ مجھے اتنا مبتلا نہ کیا اور دین میں دیکھے تو اس کی دست بوسی کرے اسے مانے کسی پر حسد کرنا رب العزۃ پر اعتراض ہے کہ اسے کیوں زیادہ دیا اور مجھے کیوں کم رکھا؟

(ملفوظات۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

مظہر احمد رضا جاتا رہا

از نتیجہ فکر: محمد امانت رسول رضوی پیلی بھیتی

جو دلوں پر نقش تھا جاتا رہا
آہ وہ مرد خدا جاتا رہا

اہل سنت آبدیدہ کیوں نہ ہوں
اُن کا ہادی ، پیشوا جاتا رہا

چھن گئی تخت تصوف سے بہار
تاجدار اصفیا جاتا رہا

مقتدی غوث الاعظم دستگیر
مظہر احمد رضا جاتا رہا

جو محمد مصطفیٰ کے عشق میں
جیتے جی ہی تھا فنا، جاتا رہا

آئینے بھی جس پہ ہوتے تھے نثار
وہ جمال اولیا، جاتا رہا

منزلیں ، ان پاؤں کی دھول تھیں
رہبروں کا رہ نما جاتا رہا

چار ذوالحجہ جمعہ سن چودہ سو ایک
آیا، اور جان وفا جاتا رہا

اس زمیں میں اٹھ گیا اک چرخ سا
چرخ سے خورشید سا جاتا رہا

کیا بتا سکتے ہیں ان کے جاں نثار
کیا بچا ہے اور کیا جاتا رہا

دل، ضیاء الدین احمد ہی کا ہے
آنکھ سے عکسِ ضیاء جاتا رہا

ہم تو نقطے ہیں ہمارے اردگرد
وہ جو تھا اک دائرہ جاتا رہا

ہوگیا رخصت مدینے کا امیر
یاقطب اس شہر کا جاتا رہا

بے گھروں کا گھر تھیں اسکی قربتیں
بے کسوں کا آسرا جاتا رہا

مسجد نبوی سے جب اٹھی اذاں
سوئے حق، حق آشنا جاتا رہا

ہائے اہل بیت کا عاشق تھا وہ
بوسہ لینے بارہا جاتا رہا

بارگاہ مالک کونین سے
جب بلاوا آگیا، جاتا رہا

Marfat.com

اس نے چکھی موت، ہم سب کا مگر زندگی کا ذائقہ جاتا رہا

فضل رحمان، عالم ذیشان کو دے کر اپنا بوریا جاتا رہا

دے صدا ہاتف امانت غیب سے

نائب الشاہ رضاؒ جاتا رہا

۱۴۰۱ھ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

Marfat.com

تاریخِ رحلت

قطب مدینہ، عارف صمدی
شیخ ضیاء الدین المدنی
پہرہ دار باب مجیدی
غرق مئے حبِ مصطفوی
چھپا تراب بقیع میں جاکر
بدر فلکِ بزم رضوی

۱۴۰۱ھ

مولانا خوشتر القادری صاحب قبلہ کے مستخرجہ مادہ کو فقیر بدر القادری نے اشعار کے خاکے میں لانے کی سعی کی۔

فقط بدر غفرلہٗ

۲۱/ صفر ۱۴۱۸ھ

Marfat.com

فقیہ ہند علامہ شریف الحق امجدی رحمتہ اللہ علیہ

فهو فی عیشة رّاضیه

۱۴۰۱ھ

علامہ سید مقبول حسین حبیبی الہ آباد

هذا حبیب الله مات فی حب الله

۱۴۰۱ھ

حضرت حافظ مبین الدین محدث جامعہ نعیمہ مرادآباد

ان المتقین فی جنة ونعیم

۱۴۰۱ھ

علامہ امام الدین فیض آباد

ساغر علم

۱۴۰۱ھ

Marfat.com

علامہ محمد سلطان شیخ الحدیث جامعہ عربیہ فیض آباد

عفر الحبیب باللہ

۱۴۰۱ھ

حضرت علامہ عاشق الرحمٰن حبیبی

وحقة الا ان اولیاء الله لا خوف علیهم ولاهم یحزنون

۱۴۰۱ھ

حضرت مفتی مظفر احمد صدیقی بدایونی

ولی زمن خاتم الفقہاء

۱۴۰۱ھ

منازل محبان غوث الوریٰ

۱۴۰۱ھ

اہل التقویٰ واہل المغفرۃ

۱۴۰۱ھ

تاجدار اہل سنت قبلہ حق

۱۴۰۱ھ

لاتقنطوا من رحمتہ اللہ

۱۴۰۱ھ

Marfat.com

رضی الملک الجامع عنہ

۱۴۰۱ھ

حضرت علامہ مظفر الدین احمد کلیم مصباحی

بارتباط بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۴۰۱ھ

خلیق دھر رھنمائے قوم

۱۴۰۱ھ

دعوت اتحاد دوامی دیتے ہوئے

۱۴۰۱ھ

بقول قادر وہاب کل نفس ذائقہ الموت

۱۴۰۱ھ

اور گلستان جنت میں اولا جگہ پائی

۱۴۰۱ھ

قادرا قلیم تیری قبر کو نور سے بھر دے

۱۴۰۱ھ

اور ہم کو صبر جمیل کی توفیق محکم دے

۱۴۰۱ھ

حزین دل کلیم مصباحی

۱۴۰۱ھ

Marfat.com

الإسلامية

صحيفة أسبوعية دولية تصدر كل يوم جمعة عن جامعة الدعوة الإسلامية العالمية بثلاث لغات العربية والإنجليزية والفرنسية

تأسست سنة 1400 من ميلاد الرسول ﷺ

﴿ولتكن منكم أمة يدعون إلى الخير ويأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر وأولئك هم المفلحون﴾

الأربعاء 26 من شهر ربيع الأول الموافق 28 من شهر (6) العسبد 1430 من ميلاد الرسول ﷺ | العدد 704 | الثمن 250 درهما

الأزهر يعتمد ترجمة حديثة لمعاني القرآن بلغة الأردو

وافق مجتمع البحوث الإسلامية بالقاهرة برئاسة الدكتور محمد سيد طنطاوي شيخ الأزهر على إصدار ترجمة حديثة لمعاني القرآن الكريم بلغة الأردو والتي أعدها الشيخ محمد احمد رضا خان القادري من كبار علماء الإسلام في الهند.

وكانت الجامعة الاشرفية بالهند قد قدمت الترجمة للأزهر لمراجعتها وتقوم الجامعة بطبع الترجمة على نفقتها لتوزيعها على المساجد ومعاهد التعليم الإسلامي بالهند والبلدان المتحدثة بلغة الأردو

Quran Translation

The Cairo based Islamic research academy headed by Dr. Muhammad Sa'yed Tantawi, Sheikh of al-Azhar has ratified the release of a modern interpretation of the meanings of the Holy Quran in Urdu language. The Ashrafiya University in India submitted the interpreted copy to Al-Azhar for review before it goes to printing to be distributed to mosques and Islamic institutes in India and the Urdu speaking countries. The interpretation was finalized by Sheikh Muhammad Ahmad Richa Khan Al-Qadri, one of the prominent Muslim scholars in India.

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

مناقب

ضیائے روحی وضیائے قلبی

قطب مدینہ

حضرت سیدی ضیاء الدین احمد القادری رضی اللہ عنہ

Marfat.com

حقوق الطبع محفوظة لـ صلاح الصاعدي Copy Right for Salah Al-Saady TEL 0506338946 P.O. BOX 3271	قبر سيدنا ابراهيم بن رسول الكرم محمد صلى الله عليه وآله وسلم	KUBUR SAIDNA IBRAHIM BIN MUHAMMAD SAW DI BAQI 1326H	PEYGAMBER EFENDIMIZIN(S.A.V)OGLU IBRAHIM(R.A)MEZARI SERIFI 1326H	SAYDNA IBRAHIM IN AL-BAGFF 1326H	مزار سيدنا ابراهيم بن سيدنا محمد صلى الله عليه وسلم بالبقيع ١٣٢٦هـ

Marfat.com

ہادی جہاں

مفتی مظفر احمد

ہیں آپ ہادیٔ جہاں ضیاء الدین
ضیائے مجلس غوث زماں ضیاء الدین

امیر قافلۂ عارفاں ضیاء الدین
ہیں چارہ ساز دل بیکساں ضیاء الدین

نگاہ حضرت احمد رضا کے میں قرباں
بنایا عاشق اچھے میاں ضیاء الدین

ہے غوث پاک کی اس پر نگاہ لطف و کرم
ہو جس غریب پہ تم مہرباں ضیاء الدین

رضا کے ہاتھ سے پی تھی جو تم نے مے آقا
عطا ہو بہر شہ مرسلاں ضیاء الدین

پئے حسین و حسن بھیک میں خوشی دیدو
ہیں آپ نائب غوث جہاں ضیاء الدین

تباہ حال ہیں غربت میں خانماں برباد
ہیں تم سے طالب امن و اماں ضیاء الدین

دعا جو دی تھی مظفرؔ کو اس کے صدقے میں
رہے جہاں بھی رہے شادماں ضیاءالدین

☆☆☆☆☆☆

Marfat.com

چراغ بزم الفت

سکندر لکھنوی (کراچی)

نقیب دین فطرت، حضرت قبلہ ضیاء الدین
امیر اہل سنت، حضرت قبلہ ضیاء الدین
محمد مصطفیٰ صَلِّ علیٰ کے عاشق صادق !
نگہبان شریعت، حضرت قبلہ ضیاء الدین
نگینِ معرفت، قطب مدینہ، رہبر کامل
متاع بیش قیمت، حضرت قبلہ ضیاء الدین
خلیق و مہرباں و میزبانِ زائر طیبہ
فقیر نیک سیرت، حضرت قبلہ ضیاء الدین
محافظ مسلکِ غوث الوریٰ ہیں کوئے طیبہ میں
محبّ اعلیٰ حضرت، حضرت قبلہ ضیاء الدین
مبلغ دینِ برحق، سنتِ محبوب حامل
چراغ بزم الفت، حضرت قبلہ ضیاء الدین
محبانِ محمد سے، ثنا خوانِ محمد سے!
دلی رکھتے تھے الفت حضرت قبلہ ضیاء الدین
مٹادیتے تھے جو دل کی سیاہی اک توجہ سے
وہ تھے شیخ طریقت حضرت قبلہ ضیاء الدین
دلوں کو بخشتے تھے روشنی عشق محمد کی
بہ فیض اعلیٰ حضرت، حضرت قبلہ ضیاء الدین

Marfat.com

حصار منکروں میں بھی نبی کے نام نامی کی!
بلند رکھتے تھے عظمت، حضرت قبلہ ضیاء الدین
ستارہ بادلوں میں چھپ گیا جو جگمگاتا تھا!
مدینے میں بصورت، حضرت قبلہ ضیاء الدین
چراغ قادری بجھ کر بھی تابندہ و روشن ہے
ہیں زندہ درحقیقت، حضرت قبلہ ضیاء الدین
سکندر بھی سلامی ہے ملے شرف قبولیت
مکین قصر جنت، حضرت قبلہ ضیاء الدین

☆☆☆☆☆

تحریر سیدی قطب مدینہ رضی اللہ عنہ

Marfat.com

عاشق مصطفیٰ ﷺ ضیاءالدین رضی اللہ عنہ

مولانا محمد الیاس عطار

عاشقِ مصطفیٰ (ﷺ) ضیاء الدین

زاہد و پارسا ضیاء الدین
دلبر و دلربا ضیاء الدین
میرے دل کی ضیاء ضیاء الدین
تم کو قطبِ مدینہ یا مرشد!
علماء نے کہا ضیاء الدین
باعثِ فخر ہے یہ میرے لئے
ہوں مرید آپ کا ضیاء الدین
مجھ کو اپنا بناؤ دیوانہ
بہرِ غوث الوریٰ ضیاء الدین
چشمِ رحمت بسوئے من مرشد
بہرِ احمد رضا ضیاء الدین
ایسا کردے کرم رہیں یارب!
مجھ سے راضی سدا ضیاء الدین
کیسے بھٹکوں گا کہ ہیں میرے تو
رہبر و رہنما ضیاء الدین
ایک مدت سے آنکھ پیاسی ہے
اپنا جلوہ دکھا ضیاء الدین
مرض عصیاں سے نیم جاں ہوں میں
مجھ کو دیدو شفا ضیاء الدین

Marfat.com

چشمِ تر اور قلبِ مضطر دو
بہرِ حمزہ شہا ضیاء الدین
میری سب مشکلیں ہوں حل مرشد
میرے مشکل کشا ضیاء الدین
پون سو سال تک مدینے میں
تم نے بانٹی ضیاء ، ضیاء الدین
جام عشق نبی(ﷺ) پلا ایسا
ہوش میں آؤں نا ضیاء الدین
میرے دشمن ہیں خون کے پیاسے
مجھ کو ان سے بچا ضیاء الدین
آہ! طوفاں میں گھرِ چکی ہے ناؤ
اے مرے نا خدا ضیاء الدین
موت آئے مجھے مدینے میں
کر دو حق سے دعا ضیاء الدین
مجھ کو دیدو بقیع غرقد میں
اپنے قدموں میں جا ضیاء الدین
حشر میں دیکھ کر پکاروں گا
مرحبا، مرحبا ضیاء الدین
مصطفیٰ کا پڑوس جنت میں
مجھ کو حق سے دلا ضیاء الدین
بے عمل ہی سہی مگر عطارؔ
کس کا ہے ؟ آپ کا ضیاء الدین

☆☆☆☆☆

Marfat.com

سرورِ دل و جاں

مولانا محمد الیاس عطار

ضیاء پیر و مرشد مرے رہنما ہیں
سرور دل و جاں مرے دل ربا ہیں

کلی ہیں گلستانِ غوث الوریٰ کی
یہ باغ رضا کے گلِ خوش نما ہیں

شریعت طریقت ہو یا معرفت ہو
یہ حق ہے حقیقت میں حق آشنا ہیں

سہارے ہیں بے کس کے، دکھیوں کے والی
سخا کے ہیں مخزن تو کانِ عطا ہیں

خدا کی محبت سے سرشار ہیں وہ
دل و جان سے مصطفیٰ پر فدا ہیں

ملا سبز گنبد کا قسمت سے سایہ
دیار محمد میں جلوہ نما ہیں

بلالو مجھے اپنے قدموں میں اب تو
کہ ایّام فرقت بڑے بے مزا ہیں

مجھے روئے زیبا ذرا پھر دکھا دو
زیارت کے لمحے بڑے جانفزا ہیں

تصور جماؤں تو موجود پاؤں
کروں بند آنکھیں تو جلوہ نما ہیں

Marfat.com

نہ کیوں اہل سنت کریں ناز ان پر
کہ وہ نائبِ غوث و احمد رضا ہیں
منور کریں قلبِ عطارؔ کو بھی
شہا آپ دینِ مبیں کی ضیاء ہیں

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

عرض: اس کی کیا وجہ ہے کہ چاندی کی انگوٹھی جائز رکھی جائے جو اس سے بیش بہا ہے اور تانبے وغیرہ کی مکردہ؟

ارشاد: چاندی کی انگوٹھی تذکیر آخرت کے لئے جائز رکھی گئی ہے کہ سونا چاندی جنتیوں کا زیور ہے، تانبے وغیرہ کا وہاں کیا کام۔ پھر فرمایا ایک صاحب خدمتِ اقدس (ﷺ) میں حاضر ہوئے ان کے ہاتھ میں پیتل کی انگوٹھی تھی ارشاد فرمایا **مالی اریٰ فی یدک حلیۃ الاصنام** کیا ہوا کہ میں تمارے ہاتھ میں بتوں کا زیور دیکھتا ہوں۔ انہوں نے اتار کر پھینک دی۔ دوسرے دن لوہے کی انگوٹھی پہن کر حاضر ہوئے۔ ارشاد فرمایا **مالی اریٰ فی یدک حلیۃ اھل النار** کیا ہوا کہ میں تمہارے ہاتھ میں دوزخیوں کا زیور دیکھتا ہوں انھوں نے اتار کر پھینک دی اور عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) کس چیز کی انگوٹھی بناؤں۔ ارشاد فرمایا **اتخذہ من الورق ولا تتمہ مثقالا** چاندی کی بناؤ اور ایک مثقال (یعنی ساڑھے چار ماشے) پوری نہ کرو۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

مقدر کیوں نہ ہو نازاں

محمد علی ظہوری قصور

تصور میں یہ کیسا منظرِ طیبہ ہے لہرایا
زباں پر نام جب آیا ضیاء الدین احمد کا

مقدر کیوں نہ ہو نازاں کہ ان کو تا دم آخر
مکینِ گنبد خضرا کا قرب خاص حاصل تھا

چراغ عشق مصطفوی جلائے عمر بھر جس نے!
کہ روز و شب رہا معمول ذکر مصطفیٰ جن کا

وہ جس کی ذات اِک سر چشمہ رشد و ہدایت تھی
عرب میں اور عجم میں بھی ہے اس فیاض کا چرچا

مہکتا تھا جو حُبِّ احمدِ مرسل کی خوشبو سے
وہ پیکر نسبتِ احمد رضا خاں سے منوّر تھا

رہا کردار اس کا شیوۂ اسلاف کا مظہر
نہیں ملتا کہیں دنیا میں گوہر بے بہا ایسا

سبق دیتی ہے ان کی زندگی ہر سانس ہو جائے
رسول ہاشمی کی ہر ادا پہ والہ وشیدا

ظہوری نے بھی ان کے ہاں حضوری کے مزے لوٹے
''خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را''

☆☆☆☆☆

Marfat.com

گلہ

مرزا شکور بیگ حیدرآباد دکن

عبدیت کا رخ دکھایا آپ نے
اور ولایت کو چھپایا آپ نے
خواب غفلت سے جگایا آپ نے
راستہ سیدھا دکھایا آپ نے
لے رہا اب بھی دل جس کے مزے
نغمہ کچھ ایسا سنایا آپ نے
شکر ہے میخانۂ طیبہ کا جام
خود پیا ہم کو پلایا آپ نے
سب پہ فرمائی شفقت آپ نے
سب کو گرویدہ بنایا آپ نے
کام وہ جو اور کے بس کا نہ تھا
کام وہ بھی کر دکھایا آپ نے
کام یعنی اہل سنت کا چراغ
باد صرصر میں جلایا آپ نے
شہر طیبہ نے بسایا آپ کو
دل میں طیبہ کو بسایا آپ نے
منہ لگانے کے بھی قابل نہ تھے!
ہم کو سینے سے لگایا آپ نے

Marfat.com

چند قطرے بھی کرم کے تھے بہت
ہم پہ تو دریا بہایا آپ نے
سال کے بارہ مہینوں، سالہا
غوث کا لنگر چلایا آپ نے
فاطمہ زہرہ کے قدموں کے قریب
قبر کی منزل کو پایا آپ نے
ہے دعا سب کی یہی، پھولے پھلے
وہ چمن جس کو لگایا آپ نے
معاف کیجئے ہے یہ مرزا کو گلہ
پردہ فرماکر رُلایا آپ نے

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض: ٹوپی یا کپڑے وغیرہ میں سجاف کا کام ہوتو کیا حکم ہے؟

ارشاد: اگر چار انگل تک ہے تو حرج نہیں اور اگر چند بوٹیاں اور ہر ایک چار انگل سے زیادہ نہیں اور دور سے دیکھنے میں فصل معلوم ہوتا ہو جب بھی کوئی حرج نہیں اگرچہ جمع کرنے سے چار انگل سے زیادہ ہوجائیں ہاں اگر بوٹی چار انگل سے زیادہ ہے یا مغرق ہے کہ دور سے فصل نہ معلوم ہوتا ہوتو ناجائز۔

(ملفوظات۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

گلُ باغ ولایت

مرزا شکور بیگ حیدرآباد دکن

پیر کامل اور پابندِ شریعت آپ تھے
فضلِ حق سے واقفِ رازِ حقیقت آپ تھے

حضرت والا ضیاء الدین احمد قادری
اس شہر کی نعمتوں میں ایک نعمت آپ تھے

عمر تو تھی آپ کی سو سال سے زائد مگر
اس ضعیفی میں بھی کیا پابندِ سنّت آپ تھے

آپ پر تو اعلیٰ حضرت کی شفقت خاص تھی
اور دل و جاں سے فدائے اعلیٰ حضرت آپ تھے

غوث اعظم سے تو تھی ایسی محبت آپ کو!
ہے بجا گر میں کہوں غرق محبت آپ تھے

سرور کونین سے جو والہانہ عشق تھا
اس کا صدقہ تھا مجسّم خیر و برکت آپ تھے

ہر دعا جو آپ فرماتے تھے ہوتی تھی قبول
کیونکہ مقبول حبیبِ رب العزت آپ تھے

اس لئے نازاں تھے سارے اہل سنّت آپ پر
ان کے حق میں پیکرِ ہمت و قوت آپ تھے

آپ کے لختِ جگر اِک فضل ہے رحمٰن کا
قلب کی ٹھنڈک اور ان کا چین و راحت آپ تھے

Marfat.com

رہتی دنیا تک رہے گا نام باقی آپ کا!
خوبصورت اِک گلِ باغ ولایت آپ تھے
وہ عقیدت مند مرزا کیوں نہ روئے زار زار
اسکی ساری زندگانی کی مسّرت آپ تھے

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض: حضور بزرگان دین کے اعراس میں مزامیر ہوتے ہیں۔ جب تک مزامیر ہوں اس وقت تک نہ جائے اور مزامیر کے بعد قل میں شریک ہونے کے واسطے جا سکتا ہے یا نہیں؟

ارشاد: جا سکتا ہے۔ امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جب بلوائیوں نے بلوہ کیا تمام مدینہ منورہ میں ان کا شور تھا۔ امیر المومنین کے مکان کو گھیرے ہوئے تھے۔ نماز بھی وہی پڑھاتے تھے۔ سوال ہوا کہ ان کے پیچھے نماز پڑھی جائے یا نہیں۔ ارشاد فرمایا لوگ جب بُرائی کریں تو ان سے علیحدہ ہو اور جب بھلائی کریں تو ان کے شریک ہو۔

عرض: حضور اگر صاحب سجادہ بد مذہب ہو؟

ارشاد: اگر آپ صاحب سجادہ کے پاس جانا چاہتے ہیں تو نہ جائیے اور صاحب مزار کی خدمت میں حاضر ہونا چاہتے ہیں تو جائیے۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

مقبولیت کی شان

مرزا شکور بیگ حیدرآبادی

سینے سے اپنے مجھ کو لگا کر چلے گئے
اک بے ہنر کو اپنا بنا کر چلے گئے

یاد خدا و یاد نبی اور یاد غوث
یادوں سے اپنے گھر کو بسا کر چلے گئے

تعظیم سے ہمیشہ لیا نام پیر کا
مرشد کا احترام سکھا کر چلے گئے

تازہ رکھیں گے یاد کو حضرت کی عمر بھر
ایسے کرم کے پھول لٹا کر چلے گئے

ہر جان سوگوار ہے' ہر آنکھ اشک بار
ہر دل کو بے قرار بنا کر چلے گئے

غافل کے دل پہ کھول دی عظمت رسول کی
عشقِ نبی کے جام پلا کر چلے گئے

آنکھوں کو بند کر لیا' دیدار کے لئے
کیسی عجیب بات بتا کر چلے گئے

دل نے کہا جنازے کی وہ دھوم دیکھ کر
مقبولیت کی شان دکھا کر چلے گئے

Marfat.com

لخت جگر کی شکل میں جاری ہے ان کا فیض
کیسے کوئی کہے کہ بھلا کر چلے گئے

حضرت ضیاء کے اور بھی درجات ہوں بلند
جو سنّتوں کو اوج پر لا کر چلے گئے

مرزؔا ملے گی ویسی محبت کہاں مجھے
جس کی بہار مجھ کو دکھا کر چلے گئے

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض: پیراہن اقدس (ﷺ) میں کیا کیا کپڑے ہیں؟

ارشاد: ردا، تہ بند، عمامہ یہ تو عام طور سے ہوتا تھا اور کبھی قمیص اور ٹوپی پاجامہ ایک بار خریدنا لکھا ہے۔ پہننے کی روایت نہیں۔ عورتیں بھی تہ بند ہی باندھتی تھیں۔ ایک بار حضور ﷺ تشریف لئے جاتے تھے راہ میں ایک بی بی کا پاؤں پھسلا روئے مبارک (ﷺ) اس طرف سے پھیر لیا۔ صحابہ نے عرض کیا حضور ﷺ وہ پاجامہ پہنے ہوئے ہے۔ ارشاد فرمایا **اللّٰھمَّ اشفر للمتسرولات** اے اللہ بخش دے ان عورتوں کو جو پاجامہ پہنتی ہیں اور غالبًا پاجامہ تنگ تھا اس واسطے کہ اگر ڈھیلا ہوتا تو اس میں بھی تہ بند کی طرح کھل جانے کا احتمال ہوسکتا تھا۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

پاسباں جاتا رہا

مرزا شکور بیگ حیدرآبادی

عشق کا پیکر شرع کا پاسباں جاتا رہا
منزل مقصود کا روشن نشاں جاتا رہا

روتے ہیں چھوٹے بڑے ان کا دُعا گو چل بسا
اہل سنّت کا کفیل اور پاسباں جاتا رہا

وہ رہا تو برکتیں ہی برکتیں تھیں بزم میں
وہ گیا تو برکتوں کا اک جہاں جاتا رہا

گھس نہ آئے کارواں میں اختلاف و انتشار
ہو الٰہی خیر، میرِ کارواں جاتا رہا

وہ کہ جو اوروں کے غم میں دل سے ہوتا تھا شریک
وہ کہ جس کی تھی بہت میٹھی زباں جاتا رہا

وہ نبی کا تھا چہیتا، غوث کا تھا لاڈلا
اپنے مرشد کا دُلارا، مدح خواں جاتا رہا

ہائے وہ کیسا ہمارے سر سے سایہ اُٹھ گیا
جس کے اُٹھ جانے سے سب آرام جاں جاتا رہا

فضل ہے رحمٰن کا، محفل بھی، لنگر بھی ہے
پھر بھی یوں لگتا ہے جیسے وہ سماں جاتا رہا

چیر کر سینہ کوئی مرزاؔ کے غم کو دیکھ لے
چین اور آرام جو کچھ تھا یہاں جاتا رہا

Marfat.com

مسدس

مجموعۂ حسنات

مرزا شکور بیگ حیدرآباد دکن

نہ یہ قصہ ہے کوئی اور نہ یہ کوئی کہانی ہے
نہ یہ زور قلم ہے اور نہ اس کی درفشانی ہے
حقیقت سے جو ہے بھر پور ایسی حق بیانی ہے
ضیاء الدین احمد کی دلوں پہ حکمرانی ہے
نہ رکنے پائے راہ شرع وسنت سے قدم اِن کے
جہاں کی رفعتیں ان کی نظر میں راہ کے تنکے

ضیاء الدین احمد قادری فیضِ مسلسل تھے
یہ تھے مجموعہ حسنات الطاف مکمل تھے
یہ اپنے چاہنے والوں کی ہر مشکل کا بھی حل تھے
کتاب زیست کے ہر باب کی شرحِ مفصّل تھے
گزارے چین کے دن گنبد خضرا کے سایہ میں
رہے اَسّی برس تک یہ شہِ بطحا کے سایہ میں

ضیاء الدین تھے روحانیت کے جوہرِ قابل
بفضلِ حق تعالیٰ تھے علوم دین کے حامل
یہ پابندِ شریعت بھی تھے اور تھے ذاکر و شاغل
خلافت قادری سلسلہ کی ان کو تھی حاصل

Marfat.com

امام اہل سنت نے دیا ان کو وثیقہ بھی!
یہ تھے احمد رضا خاں اعلیٰ حضرت کے خلیفہ بھی
فیوضِ پیر سے دارین کی دولت ملی اِن کو
بزرگوں سے چلی آئی تھی وہ نعمت ملی اِن کو
مدینہ میں رسول پاک کی قربت ملی اِن کو
یہ قربت کیا ملی بس جیتے جی جنّت ملی اِن کو
بہر رخ، زندگی حضرت کی تابندہ نظر آئی
پس مُردن بھی یہ ہستی درخشندہ نظر آئی
تھی عمر اٹھارہ[1] سال ان کی، مگر یہ دیکھئے قسمت
وطن کو چھوڑ کر کی آپ نے بغداد کو ہجرت
فیوضِ غوث اعظم سے ہوئے جب بہرہ ور حضرت
بڑھی ایمان کی دولت، ملی عرِفان کی نعمت
ملی ہے آٹھ[2] سال ان کو سعادت حاضری کی بھی
ہوئی ہے قادری جلوہ سے روشن زندگی انکی
دل و روح و نظر تھے قادری فیضان سے روشن
وہ انوار فیوض غوث کا تھا ان کا دل مسکن
ہوا سرسبز اور شاداب بھی عرِفان کا گلشن
شریعت کے بنے مخزن، طریقت کے ہوئے معدن
حضور غوث اعظم سے تعلق وہ تعلق ہے
غلامی ان کی مل جائے تو پھر سب کچھ تصدق ہے

Marfat.com

وہی ہیں پیرِ پیراں، میرِ میراں غوث صمدانی
خدا نے جن کو بخشا رتبہ محبوب سبحانی
خزانہ آپ کا ہے نازشِ گنج سلیمانی
جہانِ اولیاء پر حشر تک ہے ان کی سلطانی
فیوضِ پیکراں ہے آستانہ غوث اعظم کا!
خدا ہے غوث اعظم کا زمانہ غوث اعظم کا!

گھڑی آخر وہ آئی اور بھی جب سرفرازی کی
نئی آئی نظر اک شانِ حق کی کارسازی کی
ملی ہے قوت پرواز ان کو شاہ بازی کی
بشارت میں تھی پنہاں شان بھی بندہ نوازی کی
ہوا ارشاد حضرت، ارض طیبہ کو کریں ہجرت
قوی تر تا کہ ہوجائے قوی بغداد کی نسبت
بشارت ملتے ہی حضرت مدینے کو چلے آئے!
جو دولت غوث نے دی تھی اسے بھی ساتھ لے آئے
نہ گھبرائے، اگرچہ آئے نازک مرحلے آئے
اُمنگیں تازہ تازہ اور نوادر حوصلے لائے
وہ جب آئے تو ترکوں کی خلافت کا زمانہ تھا
مگر پیشِ نظر اُن کے نبی کا آستانہ تھا
شریف مکہ کا دور آگیا اُن کی نگاہوں میں
نشیب آئے فراز آئے ہمیشہ ان کی راہوں میں
کبھی تھے عامیوں میں اور کبھی تھے شہنشاہوں میں
نظر آئے برابر مسجدوں میں خانقاہوں میں

Marfat.com

مدینے میں سعودی دور بھی برسا برس دیکھا
ذرا سا بھی نہ بدلے آپ گو سارا جہاں بدلا

یہ عالم جس پہ نازاں ہو مقدر ایسا پایا تھا
رسول اللہ (ﷺ) نے ان کو مدینے میں بلایا تھا
نبی کے نور نے ہستی کو ان کی جگمگایا تھا
شرف یہ اختصاصی آپ کے حصّہ میں آیا تھا

رسول پاک جس پر مہرباں، حق مہرباں ہوگا
ہوُا حق مہرباں تو مہرباں سارا جہاں ہوگا

نظارہ گنبدِ خضرا کا روز و شب یہ کرتے تھے
ان ہی انوار سے ممدوح کے جوہر نکھرتے تھے
یہ بحرِ معرفت میں ڈوبتے تھے اور اُبھرتے تھے
ہمیشہ نت نئے صدقوں سے دامن اپنا بھرتے تھے

مقدر کے دھنی بے شک ضیاء الدین احمد تھے
بفیضِ حبِّ ختم المرسلین اونچے ہوئے تھے
رہا اسی برس تک سلسلہ رشد و ہدایت کا
شریعت کا طریقت، معرفت کا اور حقیقت کا
رکھا اونچا ہی جھنڈا آپ نے حق وصداقت کا
ملا تھا آپ کو ثمرہ بھی فیضانِ رسالت کا

اندھیرے آئے تو چمکے یہ حق کی روشنی بن کر
ہر اک عہد حکومت میں رہے حضرت جری بن کر

Marfat.com

خدا و مصطفیٰ سے رابطہ اور دنیا سے بے گانہ
رہے ہیں حُبِّ شمعِ غوث پر یہ بن کے پروانہ
یہی ہے مختصر سے مختصر حضرت کا افسانہ
خزانہ دولتِ دارین کا تھا ان کا کاشانہ
نہ ہٹنے پائے راہ شرع وسنت سے قدم ان کے
نبی کے فیض سے جاری رہے لطف وکرم ان کے
غمِ رحلت وہ ہے جو خون کے آنسو رُلاتا ہے
بھلاؤ لاکھ پھر بھی لطف ان کا یاد آتا ہے
یہاں آتا ہے جو بھی ایک دن دنیا سے جاتا ہے
یہ سب ہے ٹھیک مرزا دل کہاں سے چین پاتا ہے
ہوا گم دین و دنیا کا گہر دن کے اجالے میں
خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں

۱ بائیس (۲۲) برس کی عمر میں ۲ نو برس اور چندہ ماہ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض: بعد طلوع فجر کے سنت الفجر میں تحیۃ الوضو اور تحیۃ المسجد کی نیت جائز ہے یا نہیں؟
ارشاد: نہیں۔ کہ بعد طلوع فجر سوائے سنت فجر کے اور کوئی نفل پڑھنا ناجائز ہے ہاں بغیر نیت کے تحیۃ الوضو و تحیۃ المسجد سنت فجر ہی سے ادا ہو جائیں گی۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

شیخ العرب والعجم قدس اللہ سرہٗ

سیدّ عارف محمود مہجور رضوی گجرات

جسے عُشّاق دیتے ہیں سلامی
نہیں بھولے گی وہ ذات گرامی

متاع اہلِ سنت تھے وہ واللہ
ضیاء الدین ہے جن کا نام نامی

شہ ابرار کی تھی ان پہ شفقت
شہِ بغداد نے انگشت تھامی

امام احمد رضا ہیں ان کے مرشد
لجاتے ہیں جنہیں دیکھے سے جامی

نظر سے کر دیئے سب راز افشاء
میسر تھا انہیں علمِ دوامی

ہوا ہے مستفیض ان سے زمانہ
سراپا جود تھے شیخِ گرامی

ہر اک ان کے محاسن کا ہے شاہد
کوئی رومی ہو یا کوئی شامی

کیا دیں کا اندھیرے میں اجالا
ضیائے دیں تھے حضرت امامی

رہا مدحِ نبی (ﷺ) ہر دم وظیفہ
رہے عشق نبی (ﷺ) کے وہ پیامی

Marfat.com

رہے ثابت قدم ہر جا پہ حضرت
گھٹائیں لاکھ اٹھیں انتقامی

جہانِ بے وفا سے چل بسے وہ
کہ جن کی ذات تھی عشقِ تمامی

کہاں گم گشتگانِ راہ جائیں!
کہاں سے اب ملے گی خوش کلامی

ہوئے آسودہ کوئے مصطفیٰ میں!
عجب پائی ہے معراجِ غلامی

عرب کے اور عجم کے شیخِ برحق
ہیں جنت میں مدینہ کے مقامی

سدا ان کا منوّر آستاں ہو
سدا جاری رہے وہ فیضِ عامی

مقرب ہو رسول محترم کے
عطا کیجئے ہمیں قرب منامی

الٰہی فیضِ حضرت عام کر دے
ہے زوروں پر کفر کی بے لگامی

گلوں کو رنگ رنگوں کو بقا دے
کہ پھرتے ہیں چمن میں شر کے حامی

کہاں تک ان کے میں اوصاف لکھوں
حقیقت میں تھے وہ مہجورؔ خامی

Marfat.com

مقتدائے اہلسنت

مولانا منصور علی خاں رضوی

مقتدائے اہل سنت سیّدی شاہ ضیا
رہنمائے دین و ملت سیّدی شاہ ضیا

شاہ محدّث سورتی کے آپ تھے شاگرد خاص
خاص فیضاب اعلی حضرت سیّدی شاہ ضیا

دشمنوں میں رہ کے بھی ہر روز میلاد نبی
آپ کی زندہ کرامت سیّدی شاہ ضیا

مصطفیٰ نے اپنے قدموں میں بلا کردی جگہ
کون سمجھے تری رفعت سیّدی شاہ ضیا

جس طرح سے آپ نے تبلیغِ حق کی ویسے ہی!
دیجئے ہم سب کو ہمت سیّدی شاہ ضیا

مصطفیٰ اور غوث کے صدقات بٹتے ہیں یہاں
کیسی ہے با فیض نسبت سیّدی شاہ ضیا

شان سے آتے رہے اور شان ہی سے چل دیئے
مصطفیٰ کے گھر سے جنت سیّدی شاہ ضیا

میں چلا تھا ہند سے دیدار کی حسرت لئے
آپ پہنچے خلد حضرت سیّدی شاہ ضیا

آل واصحاب رسول پاک کے صدقے میں ہو
آپ پر ہر وقت رحمت سیّدی شاہ ضیا

Marfat.com

چار ذوالحجہ جمعہ کے دن اذاں سنتے ہوئے
ہو گئے دنیا سے رخصت سیّدی شاہ ضیا
آپ کے شہزادے حضرت فضل رحماں قادری
یہ رہیں زندہ سلامت سیّدی شاہ ضیا
ہو غلاموں پر بقیع پاک سے نظرِ کرم
بڑھ رہا ہے درد فرقت سیّدی شاہ ضیا
میرے مرشد مفتی اعظم کے صدقے میں مجھے
ہو عطا نورانی دولت سیّدی شاہ ضیا
خادم در آپ کا منصور رضوی ہے شہا
کیجئے لطف و عنایت سیّدی شاہ ضیا

مسجد الكاتبية أو مسجد السنوسية

Marfat.com

عارف حق

جناب محمد انور بابر چشتی، لکی مروت بنوں

عارف حق رہبرِ دوراں ضیاء الدین تھے
کِشورِ عرفان کے سلطاں ضیاء الدین تھے

کی ودیعت اعلیٰ حضرت نے خلافت آپ کو!
جانشینِ حضرت ذیشاں ضیاء الدین تھے

چار سو پھیلی ضیاء الدین احمد کی ضیاء
معرفت کے اِک مہ تاباں ضیاء الدین تھے

معتقد ہیں آپ کے اہلِ حرم اہلِ عجم
ناز عربستان و پاکستاں ضیاء الدین تھے

گنبدِ خضرا کے سایہ میں رہا جن کا قیام
سیّد الابرار کے مہماں ضیاء الدین تھے

آخری دم تک مدینہ کو نہ چھوڑا آپ نے
مصطفیٰ پہ جان سے قرباں ضیاء الدین تھے

پہلوئے اہل جناں میں مل گئی آرام گاہ!
بے بہا دُرِّ شہِ شاہاں ضیاء الدین تھے

مل گیا انور انہیں قطبِ مدینہ کا خطاب
بے گماں شاہ عرب کی شاں ضیاء الدین تھے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

عیاں ہے شان اور عظمت ضیاء الدین مدنی کی

مولانا محمد حفیظ نقشبندی راجوروی کراچی

لبوں پر ہے رواں مدحت ضیاء الدین مدنی کی
ہے دل میں جاگزیں الفت ضیاء الدین مدنی کی

خدا کی یہ نوازش ہے، نبی کی خاص رحمت ہے
بقیع میں بن گئی تربت ضیاء الدین مدنی کی

لقب محبوب محبوب الہٰ العالمیں اُن کا
عیاں ہے شان اور عظمت ضیاء الدین مدنی کی

نظر والے یہ کہتے ہیں یہی قطبِ مدینہ ہے
سراپا آئینہ سیرت ، ضیاء الدین مدنی کی

خلافت اعلیٰ حضرت سے انہیں حاصل ہے جب لوگو
جہاں میں چھائی ہے نسبت، ضیاء الدین مدنی کی

بُھلا سکتی نہیں تاریخ ان کے کارناموں کو
رہے گی حشر تک شہرت، ضیاء الدین مدنی کی

حفیظؔ اب تو دعا ہے کہ مجھے بھی خواب میں اک دن
نظر آجائے وہ صورت، ضیاء الدین مدنی کی

☆☆☆☆☆

Marfat.com

ضیاءالدین برہان محمد (ﷺ)

سید محمد ریاض الدین ریاض سہروردی
خطیب بغدادی مسجد کراچی

ضیاء الدین دربانِ محمد(ﷺ)
بڑا ہے ان پہ احسانِ محمد(ﷺ)
بقیعِ قدس میں اب تا قیامت
رہیں گے زیرِ دامانِ محمد(ﷺ)
وہ خود بھی بن گئے پھر شان والے
بنے جب مظہرِ شان محمد(ﷺ)
کرم ان پر ہے کتنا مصطفیٰ (ﷺ) کا
کہ ہیں اب بھی وہ مہمانِ محمد(ﷺ)
محمد(ﷺ) تو ہیں بُرہانِ الٰہی
ضیاء الدین بُرہان محمد(ﷺ)
نبی کے نُور ہی سے ہو کے روشن
بنے شمع شبستانِ محمد(ﷺ)
ریاضؔ اس دل کا کیا کہنا کہ جس میں
ضیاء جیسا ہے ارمانِ محمد(ﷺ)

☆☆☆☆☆

Marfat.com

فیضیاب مصطفیٰ، قطب مدینہ طیبہ

محمد حنیف نازشؔ قادری۔ کامونکی

غرق عشقِ مصطفیٰ (ﷺ)، قطب مدینہ طیبہ
فیض کا اک سلسلہ قطبِ مدینہ طیبہ

روشنی پھیلا رہا ہے نام قطبِ وقت کا
دین احمد کی ضیاء، قطبِ مدینہ طیبہ

نیک سیرت، نیک طینت، نیک خو مہماں نواز
باکمال و پارسا، قطبِ مدینہ طیبہ

حق پرست و حق نگر، حق آشنا وحق رسا
حق بیان و حق نوا، قطبِ مدینہ طیبہ

خوش جمال و خوش کلام و خوش دل و خوش اعتقاد
خوش خصال و خوش ادا، قطبِ مدینہ طیبہ

محفلِ نعت انکے ہاں ہر روز ہوتی منعقد
مہتمم ہوتے سدا، قطبِ مدینہ طیبہ

عمر گذری حاضری میں سیّدِ کونین (ﷺ) کی
فیضیاب مصطفیٰ (ﷺ)، قطبِ مدینہ طیبہ

تھے شہنشاہ بریلی کے خلیفہ مجاز
قاسمِ فیضِ رضا، قطبِ مدینہ طیبہ

ساکنِ شہر مدینہ، مرکزِ مہر و وفا
مصدر حلم و حیا، قطبِ مدینہ طیبہ

Marfat.com

پاکباز و پاک باطن، عادتاً دل کے غنی
دوست دار اِتقّا، قطبِ مدینہ طیبہّ
میں نے بھی نازش اٹھایا آپ کی صحبت کا فیض
پیکرِ صدق و صفا، قطبِ مدینہ طیبہّ

اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ

قبلہ

وَلِكُلٍّ وِ جْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا (بقرہ: ۱۴۸)

تفسیر رُوح المعانی

اِنَّ لِكُلِّ أَحَدٍ قِبْلَةٌ ، فَقِبْلَةُ الْمُقَرَّبِيْنَ الْعَرْشُ، وَالرُّوحَانِيِّينَ الْكُرْسِيُّ، وَالْكَرَّوْبِيْنَ الْبَيْتُ الْمُعْمَورُ، وَالْاَنْبِيَاءِ قَبْلَكَ بَيْتُ الْمُقَدَّسِ، وَقِبْلَتُكَ الْكَعْبَةُ، وِهِيَ قِبْلَةُ جَسَدِكَ وَ أَمَّا قِبْلَهُ رَوْحِكَ فَأَنَا وَقِبْلَتِي أَنْتَ .

(سید محمود آلوسی بغدادی: تفسیر رُوح البیان، ج ۲، ص ۲۳، مطبوعہ بیروت ۱۹۹۴ء)

(ترجمہ) بیشک ہر ایک کیلئے قبلہ ہے، تو خاص دوستوں کا قبلہ عرش ہے، فرشتوں اور جنوں کا قبلہ کرسی ہے اور خاص فرشتوں کا قبلہ بیت المعمور ہے، تم سے پہلے نبیوں کا قبلہ بیت المقدس رہا ہے اور تمارا قبلہ کعبہ ہے اور یہ تمارے جسم کا قبلہ ہے، تمہاری رُوح کا قبلہ تو میں ہوں اور میرا قبلہ تم ہو۔

Marfat.com

محمد (ﷺ) کی دعا قطب مدینہ رضی اللہ عنہ

احمد علی قائؔد شرقپوری

محمد (ﷺ) کی دعا قطبِ مدینہ رضی اللہ عنہ
رضا رضی اللہ عنہ کے دلرُبا قطبِ مدینہ رضی اللہ عنہ
ہوئی آسان فوراً میری مشکل
زباں سے جب کہا قطبِ مدینہ رضی اللہ عنہ
ولی بھی تھے ولی گر بھی تھے واللہ
امامُ الاولیاء قطب مدینہ رضی اللہ عنہ
فناء فی الغوث اعظم، مہرِ تاباں
فروغ قلب ما قطب مدینہ رضی اللہ عنہ
وہ تھے قائؔد کے قائد اس جہاں میں
مدینے کی فضا قطب مدینہ رضی اللہ عنہ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض: عمامہ کے دونوں سرے کامدار ہوں تو کیا حکم ہے؟
ارشاد: اس میں راجح یہ ہے کہ اگر چار انگل سے زائد ہے تو ممنوع ہے۔

(ملفوظات۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

ضیاء الدین قطب اولیاء ہیں

علامہ صائمؔ چشتی فیصل آباد

ضیاء الدین نگار اصفیاء ہیں
ضیاء الدین بہار اتقیاء ہیں
ضیاء الدین ضیاء مصطفیٰ ہیں
ضیاء الدین قطبِ اولیاء ہیں

محیطِ بیکراں عشق نبی کا
رضا کا عکس کامل با رضا ہیں

جوار گنبد خضریٰ میں رہ کر
ہوئے محبوب پر آخر فدا ہیں

بلا تشکیک ہیں قطب مدینہ
فناء فی المصطفیٰ (ﷺ) و مرتضی ہیں

جمال یار چہرے پر فروزاں
دلیلِ نور ہیں نور الہدیٰ ہیں

سراپا شفقت و رافت سراپا
کرم ہیں، جود ہیں، مہر و وفا ہیں

جسے دیکھا انہیں کا ہوگیا وہ
نبی (ﷺ) کے خلق کا عکسِ صفا ہیں

نبی (ﷺ) کی نعت کی محفل سجا کر
عبادت کا سدا لیتے مزا ہیں

Marfat.com

وہ سلطان عجم، شیخ عرب ہیں
وہ اقطاب زمانہ کا دیا ہیں
ہیں قطبِ قادری، غوث زمانہ
کمال حضرت غوثُ الوریٰ ہیں
ہوا ہے خاص ان پہ فضلِ رحماں
جو بیٹے پہ کئے جاتے عطا ہیں
میں کہتا جا رہا ہوں شعر صائمؔ
وہ میرے سامنے جلوہ نما ہیں

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

عرض: نماز جنازہ میں تو تین صف کرنے کی فضیلت ہے۔اس کی ترکیب درمختار وکبیری میں لکھی ہے کہ پہلی صف میں تین دوسری میں دو اور تیسری میں ایک آدمی کھڑا ہو اس کی کیا وجہ ہے ہر صف میں دو دو کھڑے ہو سکتے تھے۔

ارشاد: اقل درجہ صف کامل کا تین آدمی ہیں اس واسطے صف اول کی تکمیل کر دی گئی اور اس کی دلیل یہ ہے کہ امام کے برابر دو آدمیوں کا کھڑا ہونا مکروہ تنزیہی ہے اور تین کا مکروہ تحریمی۔ کیونکہ صف کامل ہوگئی اور اس صورت میں امام کا صف میں کھڑا ہونا ہو گیا اور پنج وقتہ نماز میں بھی۔ بعض صورتوں میں تنہا صف میں کھڑا ہونا ناجائز نہیں ہے۔ مثلاً دو مرد اور ایک عورت ہے تو عورت پچھلی صف میں تنہا کھڑی ہوگی۔

(ملفوظات۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

منقبت شریف

قطب مدینہ حضرت مولانا ضیاء الدین مہاجر مدنی رضی اللہ عنہ

نتیجہ فکر مولانا محمد سعید اعجاز کامٹوی

نبی کے نور سے پیر و مریدِ با صفا چمکے
بریلی میں رضا چمکے مدینہ میں ضیاء چمکے

ضیاء کا فیض پہنچا ناگپور ارض مدینہ سے
ضیاء کے فیض سے عبد الحلیم با صفا چمکے

ضیاء الدین کے عرس مبارک کی تجلی سے
خدا وندا قیامت تک عمریا کی فضا چمکے

ضیاء الدین کا باب کرم ہے کتنا نورانی
زبانِ التجا کھولوں تو حرف التجا چمکے

شریعت اور طریقت کی مقدس رہگزاروں میں
جب ان کا نقش پا چمکا تو لاکھوں رہنما چمکے

مدینہ کے قطب کی ذات اسم با مسمّٰی ہے
ضیاء الدین بن کر دین و ملت کی ضیاء چمکے

یہ بس دن بھر چمکتا ہے ہمیشہ تم چمکتے ہو
تمہارے سامنے سورج اگر چمکے تو کیا چمکے

چمک اٹھا مقدر پیرزادہ فضلِ رحمٰن کا
ضیاء کے جانشیں بن کر مثال آئینہ چمکے

یہاں اعجاز ہر دم نور کی خیرات بٹتی ہے
مدینہ کی گلی میں جو بھی آئے وہ گدا چمکے

☆☆☆☆☆☆

Marfat.com

نذرانہ عقیدت

قاری امانت رسول پیلی بھیتی

پرتوِ مرتضی ضیاء الدین
ظلِّ احمد رضا ضیاء الدین
سچے وارث علوم مولا کے
آپ ہیں با خدا ضیاء الدین
وصی احمد وہ شہرۂ آفاق
تم ہو ان کی ضیاء ضیاء الدین
کیا فضائل ہوں ان کے مجھ سے بیاں!
جب ہوں واصفِ رضا ضیاء الدین
دینِ حق کے چراغ کو تم نے
خوب روشن کیا ضیاء الدین
قطب بطحا کہا مشائخ نے!
مرحبا، مرحبا، ضیاء الدین
اعلی حضرت سے تم نے جو پایا!
کم کسی کو ملا ضیاء الدین
مرشدی مصطفیٰ سے پوچھے کوئی
آپ کا مرتبہ ضیاء الدین
اک نگاہ کرم ہو مجھ پر بھی!
کنز لطف و عطا ضیاء الدین

Marfat.com

فضل رحمٰن عالمِ ذی شان
ہیں تمہاری ضیا ضیاء الدین
ہے امانت رسول مصطفوی
تیرے در کا گدا ضیاء الدین

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

عرض : ایام وبا میں بعض جگہ دستور ہے کہ بکرے کے داہنے کان میں سورہ یٰسین شریف اور بائیں میں سورہ مزمل شریف پڑھ کر دم کرتے ہیں اور شہر کے اردگرد پھرا کر چوراہے پر ذبح کرتے ہیں اور اس کی کھال دوسری زمین میں دفن کر دیتے ہیں یہ کیسا ہے؟

ارشاد: کھال دفن کرنا حرام ہے کہ اضاعت مال ہے اور چوراہے پر لے جا کر ذبح کرنا جہالت اور بیکار بات ہے۔ اللہ کے نام پر ذبح کر کے مساکین کو تقسیم کر دیں۔

عرض: کیا خطبہ نکاح بھی کھڑے ہو کر قبلہ رو پڑھنا چاہئے؟

ارشاد: ہاں کھڑے ہو کر پڑھنا افضل ہے اور قبلہ رو ہونا کچھ ضروری نہیں۔ سامعین کی طرف منہ ہونا چاہئے۔ خطبۂ جمعہ بھی تو قبلہ کی جانب پشت کر کے پڑھا جانا مشروع ہے۔

عرض : معلم کی تنخواہ مقرر نہ ہو تو بچوں سے کام لے سکتا ہے یا نہیں؟

ارشاد: اگر والدین کو ناگوار نہ ہو اور بچہ کو تکلیف نہ ہو تو حرج نہیں تنخواہ مقرر ہو یا نہ ہو۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

٣٥٠



بسم الله الرحمن الرحيم من محمد عبد الله ورسوله
الى المقوقس عظيم القبط سلام على
من اتبع الهدى اما بعد فاني
أدعوك بدعاية الاسلام اسلم
تسلم يؤتك الله اجرك مرتين
فان توليت فعليك اثم كل القبط
يا اهل الكتاب تعالوا الى كلمة
سواء بيننا وبينكم ان لا نعبد الا الله ولا نشرك به شيئا ولا يتخذ بعضنا
بعضا أربابا من دون الله فان
تولوا فقولوا اشهدوا بانا
مسلمون

من رسالة الرسول صلى الله عليه وسلم الى مقوقس مصر
وزيه البردى . (دار الآثار العراقية) رقم ٧٢/١٢

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

خراجِ عقیدت

ببارگاہ قطب مدینہ قدس اللہ سرہ العزیز

Marfat.com

Marfat.com

(۱) مجاہد فی سبیل اللہ حضرت علامہ سید احمد شریف السنوسی رضی اللہ عنہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم وصلی اللہ علی حبیبہ المصطفی وآلہ وصحبہ وسلم

من عبد ربہ سبحانہ ومولاہ استاذہ وخلیفتہ خادم الاسطع احمد الشریف السنوسی الخطابی الادریسی الحسنی
الی حضرۃ ذی الاجل الافضل النبیل الکامل غایۃ الوداد ومظہریۃ المراد العالم المتمسک الورع المتنسک محبنا اکرم
الشیخ احمد ضیاء الدین الگمشخانوی حفظہ اللہ ورعاہ دارین

(۲) شہزادۂ اعلیٰحضرت مفتی اعظم سیدی مصطفیٰ رضا خاں نوری قدس اللہ سرہ العزیز

حضرت ذی فضل المرتبۃ عظیم البرکۃ حامی دین متین
ناصر سنت سنیہ رشید حضرت مولانا مرکزی ضیاء الدین آقای
قادری رضوی خلیفہ حضرت اعلیٰ حضرت قدس سرہ العزیز دام ظلہم عالی دلیل المستشرشدین

(۳) حضرت علامہ ابوالبرکات **سید احمد** قادری رضی اللہ عنہ مفتی اعظم پاکستان

شیخ الاسلام والمسلمین حضرت علامہ مفتی ضیاء الدین احمد قادری، اعلیٰحضرت عظیم البرکت امام احمد رضا خاں قادری قدس سرہ العزیز کے خلیفۂ اعظم، عاشق رسول، استقامت علی الحق کا روشن مینار اور مدینہ عالیہ میں اہل سنت کی پناہ گاہ، ہمارے ملجاء وماوی ہیں۔

Marfat.com

(۴) سنوسی الہند مجاہد اعظم علامہ محمد حبیب الرحمٰن عباسی قادری رضی اللہ عنہ
رئیس اعظم اڑیسہ، دھام نگر

﴿ حضرت مولانا علامہ ضیاء الدین احمد قادری دامت برکاتہم القدسیہ۔ قطب مدینہ منورہ، میرے مربی، علم وعرفان کے قافلے کے سالار اعظم، اکابر کی یادگار، مدینہ طیبہ میں نعمت غیر مترقبہ ہیں۔ ﴾

(۵) غزالی زماں حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی قدس اللہ سرہ العزیز

﴿ حضرت قبلہ مولانا ضیاء الدین احمد قادری رضی اللہ عنہ قطب مدینہ کی وفات حسرت آیات پر جو فقیر کے قلب حزیں کو صدمہ عظیمہ پہنچا وہ تو بیان نہیں ہوسکتا حضرت اقدس کا وجود مبارک دنیائے اسلام کے لئے آیۂ رحمۃ وموجب خیر وبرکت تھا۔ حضرت قبلہ مفتی اعظم ہند رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ عجم میں ہم کو یتیم فرما گئے، اور حضرت مہاجر مدنی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ عرب میں یتیم فرما گئے۔ اب ہمارا ظاہری طور پر کوئی سہارا نہیں، سوائے اس کے کہ ان حضرات مقدسہ کی روحانیتیں ہماری طرف متوجہ ہوں اور ہمارا دین و دنیا سنور جائیں۔ ﴾

(مدینہ طیبہ میں ایک بیان)

(۶) حضرت خواجہ محمد محمود چراغ تونسوی رضی اللہ عنہ

﴿ مدینہ منورہ میں ہمارے وکیل مولانا ضیاء الدین احمد مدنی ہیں۔ ﴾

(مرشدِ عالم)

Marfat.com

(۷) حضرت خواجہ **محمد نظام الدین** تونسوی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿ مدینہ منورہ میں کسی نیک ترین شخصیت کے متعلق دریافت کیا جاتا تو مولانا ضیاء الدین احمد رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا نام لیا جاتا۔ ﴾

(غلام فرید نظامی: مرشدِ عالم)

(۸) حضرت سید **محمد اسماعیل** رحمتہ اللہ علیہ المعروف کرمانوالہ

خطیب اعظم حافظ محمد شفیع رحمتہ اللہ علیہ اوکاڑوی فرماتے ہیں:
ایک دن احقر حضرت کرمانوالہ رحمتہ اللہ علیہ کی بارگاہ میں حاضر تھا۔ دوران گفتگو حضرت قطب مدینہ کا ذکر آیا تو آپ نے فرمایا:

﴿ حضرت مولانا ضیاء الدین احمد مدنی بڑے بلند پایہ بزرگ ہیں، اولیاء اللہ کے گروہ کے سردار ہیں۔ قطب مدینہ منورہ ہیں۔ ایسے ہی پاک حضرات کے صدقہ بارش ہوتی ہے، برکتیں ملتی ہیں اور مشکلات دور ہوتی ہیں۔ ﴾

(۹) شیخ القرآن علامہ **عبدالغفور** ہزاروی رضی اللہ عنہ

﴿ حضرت مولانا ضیاء الدین احمد قادری صاحب قبلہ مدینہ شریف کے قطب ہیں۔ آپ کو حضور پاک صاحب لولاک ﷺ کی ذات اقدس سے بے پناہ عشق ہے۔ ان کی مجلس میں کوئی حاضر ہو اور وہ یہ کہے کہ مجھے جسمانی غذا کے ساتھ روحانی غذا نہیں ملی تو میں نہیں مانتا۔ ﴾

Marfat.com

(۱۰) اشرف المشائخ حضرت علامہ غلام قادر اشرفی قدس اللہ سرہ العزیز۔

﴿ حضرت غریب نواز قطب مدینہ ضیاء الملت والدین مولانا ضیاء الدین احمد قادری مدظلہ العالی کا وجود مبارک نورانی ہے۔ اکابر علماء ومشائخ کا کامل نمونہ ہیں۔ آپ کی نظر میں دنیا کی کوئی قدر و قیمت نہیں۔ ریال اور ٹھیکریاں آپ کی نظر میں برابر ہیں۔ ﴾

(۱۱) محدث اعظم پاکستان حضرت علامہ ابوالفضل محمد سردار احمد قادری ﷺ

حضرت مفتی عبدالقیوم قادری نے مدینہ طیبہ میں بیان کیا کہ جب کوئی حج کو جاتا اور حضرت شیخ الحدیث رحمتہ اللہ علیہ سے ملاقات کے لئے آتا تو آپ اس کو تاکید فرماتے کہ حضرت مولانا ضیاء الدین احمد قادری صاحب کی بارگاہ میں مدینہ طیبہ میں ضرور حاضر ہونا۔ اور فرمایا:

﴿ حضرت قطب مدینہ مولانا ضیاء الدین احمد قادری کئی برس حرم نبوی شریف (ﷺ) میں شیخ الحدیث کے منصب جلیلہ پر فائز رہے۔ آپ میں سلف صالحین کی تمام خصوصیات بدرجۂ اتم موجود ہیں۔ متبع سنت رسول (ﷺ) ہیں۔ نادرِ روزگار شخصیت اور اہل سنت کا سرمایہ ہیں۔ ﴾

Marfat.com

(۱۲) حضرت علامہ قاری مصلح الدین صدیقی قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿ شیخ العرب والعجم سیدی قطب مدینہ حضرت علامہ مفتی ضیاء الدین احمد قادری مہاجر مدنی چودھویں صدی کی عظیم بابرکت شخصیت ہیں۔ جن کے فیوض و برکات سے دنیا بھر کے سنی مستفید ہو رہے ہیں۔ خوش نصیب ہیں وہ نفوس جن کو ان کی روحانی مجلس کی حاضری نصیب ہوتی ہے۔ ان میں سے ایک حضرت کے قریبی خادم، ہمارے بھائی محمد عارف ضیائی ہیں جو اس وقت یہاں موجود ہیں۔ ﴾

(۱۳) شیخ القرآن حضرت علامہ غلام علی اوکاڑوی رحمتہ اللہ علیہ

﴿ حضرت مخدوم ضیاء الملت والدین ضیاء الدین احمد قادری رحمتہ اللہ علیہ قطب مدینہ نہایت ہی خلیق، متواضع و منکسر المزاج شخصیت تھے۔ عابد و زاہد، متبع سنت، رشد و ہدایت کا روشن مینار، رضوی و اشرافی مجمع البحرین تھے۔ ﴾

(مدینہ طیبہ میں ایک تقریر)

(۱۴) حضر پیر سید حیدر حسین رحمتہ اللہ علیہ علی پوری

﴿ کوئی عالم دین مدینہ منورہ جائے اور وہ حضرت قطب مدینہ مولانا ضیاء الدین احمد قادری سے متعارف ہو اور پھر وہ حضرت صاحب قبلہ کی بارگاہ میں حاضری نہ دے تو میرے نزدیک اس کی سنیت مشکوک ہے۔ ﴾

Marfat.com

(۱۵) حضرت علامہ شیخ عبدالوہاب الصلاحی حلبونی دمشق رضی اللہ عنہ

عبد الوهاب الصلاحي

دمشق – حلبوني

هاتف: ( )

وصلى الله على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه أجمعين
في كل لمحة ونفس عدد ما وسعه علم الله

بسم الله الرحمن الرحيم
وبه نستعين
وعلى الله فتوكلنا

دمشق / ١٥ شوال ١٢٧٢ الموافق /

لجناب نضرة سيدي ومولاي الأستاذ الفاضل والمرشد الكامل الشيخ محمود ضياء الدين أحمد القادري المعظم متعنا الله بطول حياته وأفاض علينا من جزيل بركاته

سيدي ومولاي السلام عليكم ورحمة الله تعالى وبركاته أسأله تعالى

(۱۶) حضرت علامہ ارشد القادری جمشید پور رحمتہ اللہ علیہ

بسم الله الرحمن الرحيم

الى السيد السند امام الطريقة العلية البهية قائد العاشقين
في الحضرة النبوية دامت بركاتهم القدسية الرضية

تحية السلام وتحفة الاكرام مع تقبيل الاقدام

(۱۷) جناب الحاج محمد اسحاق نقشبندی جماعتی میسور رحمتہ اللہ علیہ

A. Mohamed Ishaq & Brothers

(SONS OF THE LATE SAHUKAR HAJEE A. MOHAMED IMAM SAHEB)

TELEGRAMS: "SAKLESPUR"
RY. STN.: HASSAN.

BAITHNEY ESTATE,
SAKLESPUR P.O.
(MYSORE STATE)

Dated ٢٧ محرم الحرام ١٣٦٦ھ
٢٣ دسمبر ١٩٤٦ء

بخدمت فیض گنجور، لاح انور عالم علم ربانی مقبول بارگاہ سبحانی مخزن اسرار معقول ومنقول، کاشف استار فروع واصول، مطلع العلوم، مجمع الفہوم عالم باعمل، فاضل بے بدل، منبع اخلاق، منہل آب شفاق، مصدر احسان، مظہر امتنان، لوذعی زماں، قدوۃ السالکین، زبدۃ العارفین، محبوب رب العالمین، مولانا ومخدومنا

بدیہ نادرہ حاوی صوفی نوری جنابت مآبی محمد ضیاء الدین صاحب زید کمالہ المعالی زاد المجدکم، دام بقاہ، سلامت تا قیامت

Marfat.com

(۱۸) حضرت خان بہادر بخشی مصطفیٰ خان خلیفۂ مجاز
سید جماعت علی شاہ علی پوری رحمتہ اللہ علیہ

﴿ مقبول حضرت سید الانام علیہ التحیاۃ واسلام محترم المقام حضرت مولوی صاحب قبلہ زادمجدھم ﴾ (مکتوب صفحہ ۲۰۹)

(۱۹)

دیوبندی مذہب

کا

علمی محاسبہ

تالیف

مولانا غلام مہر علی گولڑوی

Marfat.com

(۲۰)

جاء الحق وزهق الباطل

المعروف

فیصلہ مسائل



جسمیں موجودہ زمانہ کے عام مختلف فیہ مسائل کا نہایت تحقیقانہ مدلل فیصلہ کر دیا گیا ہے

(۲۱) حضرت میاں محمد قادری نوری رحمتہ اللہ علیہ سجادہ نشین سیدنا علی ہجویری (رضی اللہ عنہ)

﴿ حضرت مولانا ضیاء الدین احمد قادری جیسا عاشق رسول (ﷺ)، مہمان نواز اور سخی انسان میں نے اپنی پوری زندگی میں نہیں دیکھا۔ حضرت صاحب مستجاب الدعوات ہیں میرے لئے دعا کروانا اللہ تعالیٰ مجھے شفاء عنایت فرمائے اور میری پھر حاضری ہو۔ میرے پیر و مرشد (حضرت پیر سید محمد معصوم شاہ جیلانی رضی اللہ عنہ) آپ کا بڑا احترام فرمایا کرتے تھے۔ روزانہ آپ کی مجلس میں شمولیت کرتے جتنی دیر آپ کے پاس بیٹھتے دوزانو بیٹھے رہتے۔ ﴾

Marfat.com

(۲۲) صوفی محمد جمیل نقشبندی رحمتہ اللہ علیہ

آپ ہر سال بائی روڈ حجاج کا قافلہ لے جایا کرتے تھے۔راستے میں حجاج کے ساتھ گفتگو کے دوران کہتے۔

﴿ اس وقت مدینہ طیبہ میں صرف ایک ہی بزرگ ہستی ہیں۔اور وہ ہیں حضرت مولانا ضیاء الدین احمد قادری صاحب، عاشق رسول (ﷺ)اور صحیح العقیدہ سنی ہیں۔ان کی بارگاہ میں حاضری دینا،آپ کے ہاں روزانہ نماز عشاء کے بعد محفل میلاد ہوتی ہے اس میں حاضر ہوکر محبت رسول (ﷺ) کا درس حاصل کرنا۔ بدمذہب کی مجلس سے بچنا۔کسی بدعقیدہ کی مجلس میں جا کر کہیں اپنا عقیدہ خراب نہ کر لینا۔ ﴾

(۲۳) مجاہد ملت حضرت مولانا عبدالستار خان نیازی رحمتہ اللہ علیہ

﴿ مدینہ طیبہ میں حضرت قطب مدینہ کی بارگاہ میں اکیس شب وروز آپ ہی کے کمرے میں میرا قیام رہا۔آپ جیسا عابد وزاہد، متقی و پرہیز گار شخص میں نے زندگی میں نہیں دیکھا آپ کی شخصیت وروحانیت میرے دل میں اتر گئی۔آج تک میں نے طریقت میں کسی کو اپنا پیشوا ومقتدا تسلیم نہیں کیا سوائے حضرت قطب مدینہ کے اور قائداعظم کے بعد میں نے کسی کو اپنا سیاسی قائد تسلیم نہیں کیا سوائے حضرت علامہ شاہ احمد نورانی کے۔ ﴾

Marfat.com

(۲۴)

العذاب الشدید
رد
مقام مع الحدید

(۲۵) جناب محمد سردار خان صاحب

آپ ننکانہ صاحب میں تبلغی جماعت کے سربراہ اور زمیندار ہیں۔ ۱۹۷۴ء میں اکھٹے حج کے لئے آئے۔ مدینہ منورہ میں ہمارے ساتھ رباط جماعت منزل پر قیام پذیر ہوئے۔ حضرت قطب مدینہ قدس سرہ العزیز کی مجلس شریف میں حاضر ہوتے رہتے اور لنگر سے مستفید ہوتے۔ احقر کو کہتے کہ بہت لنگر بچ جاتا ہے، بچے ہوئے لنگر میں سے میرے لئے لے آیا کرو۔ اور متعدد مرتبہ کہا۔

﴿ ”کاش ہمارے دیوبندیوں کا بھی کوئی ایسا پیر یہاں ہوتا۔“ ﴾

Marfat.com

(۲۶) حضرت پروفیسر علامہ محمد الیاس برنی قادری چشتی

صراط الحمید یعنی سفر نامۂ مقامات مقدسہ مطبوعہ مسلم یونیورسٹی پریس علی گڑھ سنہ ۱۳۴۲ھ / سنہ ۱۹۲۸ء میں تحریر فرماتے ہیں۔

﴿ اور بھی بعض حضرات سے ملاقات ہوئی۔ اور ان کی محبت ہمیشہ یاد رہے گی۔ معلوم ہوا عام طور بھی حجاج کے ساتھ یہ صاحبان ہمدردی کرتے ہیں۔ مثلاً مولانا ضیاء الدین صاحب قادری باب السلام کے قریب مقیم ہیں۔ ہندی مہاجر ہیں۔ صاحب دل ہیں۔ اخلاص مند ہیں۔ ﴾

(۲۷) حضرت سید سلیمان الواعظ رضی اللہ عنہ نقیب حضرہ قادریہ

جب کبھی حضرت شیخ الاسلام سیدی ضیاء الدین احمد قادری قدس سرہ العزیز کا ذکر ہوتا تو آپ فرماتے۔

﴿ شیخ ضیاء اللہ یرحمہ ھوا قطب الاکبر۔ ﴾

(۲۸) حضرت حافظ خیر محمد سندھی مہاجر مدنی رحمتہ اللہ علیہ ۹ے

فقیر آفات زمانہ میں مبتلا تھا۔ تقریباً ایک سال مدینہ محبوبہ کی حاضری سے محروم رہا، جب حاضری نصیب ہوئی، سیدی خیر محمد رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ سے شکوہ شروع کیا۔ جلال میں آگئے اور فرمایا۔ ارے تمہیں سیدی کامل کی وہ بات یاد نہیں۔

﴿ ”لاتدور الرحه خادم الدوله ما یسترح.“

ارے راحت مت ڈھونڈو، حکومت کا خادم آرام نہیں پکڑتا۔

تم حضرت مولانا ضیاء الدین قادری رحمتہ اللہ علیہ کے خلیفہ ہو، آپ قطب تھے۔

Marfat.com

کیا تم نے زندگی میں ایسا کوئی اور کامل مرد دیکھا؟
آپ پر گریہ طاری ہوگیا۔ فاتحہ پڑی اور دعا فرمانے لگے۔

(۲۹) حضرت پروفیسر شاہ فرید الحق مدظلہ

۱۹۷۴ء میں حج کی سعادت حاصل ہوئی۔ دورانِ قیام مدینہ منورہ یہ اشتیاق پیدا ہوا کہ حضور ﷺ کے ایک عاشق بزرگ جو مسجد نبوی کے سایہ میں مدتوں سے قیام پذیر ہیں، ان سے ملاقات کی جائے۔۔۔۔۔۔ ایک بزرگ ترین شخصیت پر نظر پڑی جو کونے میں تشریف فرما تھے ان کے گرد تکیے رکھے تھے، پیروں پر اونی شال پڑی ہوئی تھی، سر پر عمامہ، گرم کرتہ اور جیکٹ زیب تن کئے ہوئے تھے۔ دبلے پتلے ضعیف چہرہ پر سفید چمکتی ہوئی داڑھی، ماتھے پر خفیف سا سجدہ کا نشان، گندمی رنگ، نظر پڑتے ہی ایسا معلوم ہوا کہ چہرہ پر نور برس رہا ہے، دل نے کہا یہی وہ بزرگ معلوم ہوتے ہیں جن کی شہرت ہندو پاک ہی میں نہیں بلکہ تمام بلاد اسلامیہ میں ہے۔ میں نے لپک کر مصافحہ کیا، ہاتھوں کو بوسہ دیا اور ایک کنارے بیٹھ گیا، لوگوں کا ہجوم بڑھتا گیا یہاں تک کہ پورا کمرہ بھر گیا۔ نعت خوانی شروع ہوئی، ایک گھنٹہ تک نعت خوانی ہوتی رہی۔ اس کے بعد اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں رحمتہ اللہ علیہ کا مشہور سلام پڑھا۔ حضرت ضعف پیری کی وجہ سے کھڑے نہیں ہو سکتے تھے۔۔۔۔۔۔

دوسری بار ۱۹۷۵ء میں حج کے دنوں مدینہ منورہ میں حضرت مدنی علیہ الرحمہ کی محفل میں حاضر تھا۔ حضرت کے پاس شام کے ایک بزرگ عبداللہ بن ابراہیم قادری اور ایک نعت خوان محمد خیر بن علی فہل دمشقی تشریف لائے، اور حضرت کی قدمبوسی کے بعد ادب سے بیٹھ گئے۔ حضرت نے خیریت دریافت فرمائی اور دمشق کے لوگوں کے متعلق پوچھا یہ حضرات عربی میں گفتگو فرما رہے تھے۔ محمد خیر

Marfat.com

بن علی فہل دمشقی نے عربی میں ذوق وشوق سے نعت سنائی، حاضرین پر ایک وجد کا عالم طاری ہوگیا، حضرت شیخ رونے لگے، ایک عجیب پر کیف سماں تھا۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو ذوق وشوق عطا فرمائے۔ ﴿

ماہنامہ ترجمان اہل سنت کراچی
شمارہ جولائی ۱۹۷۵ء

(۳۰) محترم عبدالعزیز عرفی ایڈوکیٹ کراچی

﴿ مدینہ منورہ میں حضرت مولانا ضیاء الدین مدنی رحمتہ اللہ علیہ کی محافل میلاد النبی (ﷺ) میں ہم نشینی رہی اور بعدہ ہم لوگوں نے دورانِ حج مولانا کے ہمراہ منیٰ وعرفات میں بھی ایک ہی معلم کی خیمہ گاہ میں قیام کیا۔ مولانا مرحوم مدینہ میں سکونت پذیر ہونے سے قبل کئی برس حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے روضۂ اطہر پر بھی مقیم رہے تھے۔ لہذا اس دوران انہوں نے حضرت شیخ طریقت السید عبدالقادر الگیلانی رضی اللہ عنہ اور سیدنا یوسف رضی اللہ عنہ کے عہدِ طفولیت کی بہت سی باتیں بھی سنائی تھیں۔

حضرت مدظلہ العالیٰ، اعلحضرت فاضلِ بریلوی کے خلیفۂ مجاز تھے اور حبِ رسول (ﷺ) میں سرشار، روزانہ ان کے دولت کدہ پر نعت خوانی ہوتی، اور سلسلۂ درود وسلام رات گئے تک جاری رہتا تھا۔ حضرت کی طبیعت میں انتہائی انکساری تھی۔ ہر شخص پر اپنی پر خلوص شفقت کے پھول نچھاور کیا کرتے تھے۔ ﴾

(عرفان قادر: سیرت سیدنا عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ صفحہ ۳۱۲)

Marfat.com

(۳۱) الحاج کوثر نیازی صاحب

﴿ ۱۹۶۵ء میں پہلی بار مجھے دیار حبیب (ﷺ) کی حاضری نصیب ہوئی، ایک روز عصر کے بعد حضرت مولانا ضیاء الدین رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضری ہوئی۔ پاکستانی سفارت خانہ کے ایک متدین کارکن ہمارے وفد کے ہمراہ تھے اب ٹھیک طرح نام یاد نہیں رہا شاید منہاس نام تھا۔ بریلوی مسلک اور عشق رسول (ﷺ) میں غرق، مجھے روضۂ رسول (ﷺ) پر روتے بلکتے دیکھا تو انہی نے حضرت مولانا ضیاء الدین رحمتہ اللہ علیہ کے گھر کا راستہ دکھایا۔ وہ حضرت سے بیعت بھی تھے اور آپ کے مقرب بھی، پہنچے تو یہاں محفل جمی ہوئی تھی۔ لوگ ایک نورانی شخصیت کے گرد ہالہ کئے بیٹھے تھے۔ منہاس صاحب پہلے ہی جا کر تعارف کرا چکے تھے۔ محبت سے ملے پاکستان سے آئی ہوئی مٹھائیاں منگوائیں چائے پیش فرمائی مگر ایسی چائے کہ اب تک ذائقہ دعائیں دیتا ہے۔ فرمایا ہماری اپنی بکری کا دودھ ہے اسی لئے چائے میں خاص مزا ہے۔ محفل میں ایک نعت خوان بھی موجود تھے حضرت کے اشارے پر انہوں نے نعت سنائی جوار رسول (ﷺ) میں۔ اس لیے بھی کہ مولانا کا گھر روضہ رسول (ﷺ) اور مسجد نبوی سے چند سو گز ہی کے فاصلے پر تھا۔ اس درد بھری آواز نے محفل کو تڑپا دیا۔ حضرت کی حالت بھی دیدنی تھی۔ آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگی ہوئی تھی اور یہ ایک صاحب دل کی توجہ کا فیض تھا کہ فضا میں ہر طرف انوار ہی انوار نظر آ رہے تھے۔ دوسری مرتبہ ۱۹۷۱ء کے بعد حاضر ہوا۔ اب ضعیف ہو چکے تھے۔ حسب معمول وہی لذیز چائے پلائی اور اس میں اپنی بیکراں شفقتوں کا رس گھول دیا۔ بطور خاص دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور چلتے ہوئے مدینہ منورہ کی کھجوریں بھی عطا کیں۔ میں نے خود تو آپ سے نہ پوچھا البتہ ان کے قریبی حلقے سے تصدیق ہوئی کہ نماز وہ مسجد نبوی میں امام کے پیچھے نہیں

Marfat.com

پڑھتے ان کے خیال میں یہ لوگ بے ادب تھے میں نے بہت سے لوگوں کو ان کے اس مسلک پر تنقید کرتے بھی دیکھا مجھ عاجز کا اپنا طریقہ عمل اس مسئلے میں ان کے عمل سے مطابقت نہیں رکھتا لیکن ایک بات واضح ہے۔ ان کا یہ انداز فکر بھی عشق رسول (ﷺ) ہی پر مبنی تھا۔ امام بدعقیدہ یا گستاخ ہے کہ نہیں اس پر بحث کی جاسکتی ہے لیکن جب ایک شخص یہ مانتا ہو کہ امام واقعی ایسا ہے تو پھر اس کے پیچھے اس کی نماز کیسے ہوسکتی ہے؟

میں نے مفتیٔ اعظم پاکستان حضرت مفتی محمد شفیع مرحوم سے ایک عجیب بات سنی اور یہ بات شاید انہوں نے اپنے کسی رسالے میں بھی لکھی ہے کہ جب حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی کا انتقال ہوا اور کسی نے حضرت مولانا اشرف علی تھانوی کو اس کی اطلاع دی تو انہوں نے بے ساختہ ان کے لیے دعائے مغفرت کی، دیکھنے والے جانتے تھے کہ دونوں بزرگوں کے اختلاف کا زمانے بھر میں چرچا ہے کسی نے عرض کی حضرت! مولانا احمد رضا خاں صاحب تو آپ کو کافر کہتے تھے آپ ان کیلئے دعائے مغفرت کر رہے ہیں فرمایا:

''حضرت مولانا مجھے کافر کہتے تھے کہ میں ان کے نزدیک گستاخِ رسول (ﷺ) تھا، اگر وہ یہ سمجھنے کے بعد بھی مجھے کافر نہ کہتے تو خود کافر ہو جاتے۔''

حفظِ مراتب اور سخن فہمی کا یہ انداز ان حضرات کے معتقدین بھی اپنا لیں تو آج ہمارے کتنے مسئلے حل ہو جائیں گے۔

روزنامہ جنگ کراچی

۱۷ نومبر ۱۹۸۱ء

Marfat.com

(۳۲) پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مجددی مدظلہ

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

ایم اے، پی ایچ ڈی، ایف آر ایس

مقر المختار
مدینہ المنورہ

۱۴۲۶ھ

تاریخ ۲۶ شعبان المعظم

ضیائے مدینہ حضرت مفتی ضیاء الدین قادری مدنی علیہ الرحمہ
سلف صالحین کی یادگار تھے، زاہد و عابد تھے، عاجز و منکسر المزاج
تھے، دلدار و دل نواز تھے، خلیق و ملنسار تھے، فقیر کی
بہت ہی حوصلہ افزائی فرماتے تھے، علمی و شرعی امور میں
کام رجوع تھے، سادات کرام کی دل سے تعظیم و تکریم فرماتے
کردار و گفتار میں یکسانیت فرماتے۔ عالمانہ غرور اور مشیخانہ تکبر سے
کوسوں دور تھے، سراپا نیاز تھے۔

۱۰۰ سی پی ای سوسائٹی کراچی ۷۵۲۰۰ اسلامی جمہوریہ پاکستان
فون 455 24 68 فیکس 92 021 455 24 68 ای میل: almazhar@sat.net.pk

Marfat.com

(۳۳) علامہ افتخار احمد قادری مدظلہ

Iftikhar Ahmad Qadri
Darul Uloom Qadria
Ghareeb Nawaaz
Ladysmith,
South Africa
Cell: 0731576199
Tel: 063 635 7863 Fax: 063 637 8633
Email: info@darululoom.co.za

افتخار أحمد قادري
المدينة المنورة ، العوالي
ت : ٠٤ ٨٣٤٤١٥٠ .
جوال : ٠٥٦٧٧٢٩٦٣٦ .
ص . ب : ٢٥٥٠٩
E-mail: Iftekhar_qadri@hotmail.com

قطب مدینہ اور نور کا منبر

لوگوں کے درمیان اللہ عزوجل کے کچھ ایسے برگزیدہ بندے بھی ہوتے ہیں جنکا ہر عمل ہر قدم اور ہر جنبش لمحہ اپنے خالق کی رضا کے لئے ہوا کرتی ہے اور خلقِ خدا کی رشد و ہدایت خدمت اور ان سے محبت ان کا حاصلِ زندگی ہوتا ہے ۔ یہ اللہ کے خاص بندے خلق سے بے لوث محبت کرتے ہیں ان میں یہ محبت نہ کسی رشتہ کے نام پر ہوتی ہے اور نہ کسی مالی منفعت کی خاطر ، ان کا مستقبل اور مقام روزِ قیامت کیا ہوگا اسے بزبانِ نبوت سنئے ۔

" اللہ کے کچھ ایسے بندے ہوتے ہیں جو انبیاء اور شہداء تو نہیں مگر انبیاء و روزِ قیامت ایسا قرب الٰہی حاصل ہوگا کہ انبیاء و شہداء ان پر رشک کریں گے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے (حیرت بھرے انداز میں) عرض کیا ، یارسول اللہ ! یہ کون لوگ ہیں ، انہوں نے اعمال کیا ہیں ؟ شاید ہم ان سے محبت کریں ، سرکار نے ارشاد فرمایا : یہ وہ لوگ ہیں جو صرف رضائے الٰہی کے لئے ایک دوسرے سے اس طرح محبت کرتے ہیں کہ ان کے درمیان نہ کوئی رشتہ ہوتا ہے اور نہ ان کے پیش نظر کوئی مال منفعت ، اللہ کی قسم (قیامت کے دن ان کا عالم یہ ہوگا) ان کے چہرے منور ہوں گے اور وہ نور کے منبر پر جلوہ بار ہوں گے جب محشر میں دوسرے لوگ پراشاں اور خوفزدہ ہوں گے یہ لوگ بے خوف و مطمئن ہوں گے دوسرے لوگ رنج و ملال میں ہوں گے اور یہ لوگ غم زدہ نہ ہوں گے پھر سرکار نے یہ آیت تلاوت فرمائی : ألا إن أولياء الله لاخوف عليهم ولاهم يحزنون" (تفسیر قرطبی)

سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ان کلمات مبارکہ کے تناظر میں

Marfat.com

Iftikhar Ahmad Qadri
Darul Uloom Qadria Ghareeb Nawaaz
P.O.Box: 3727
Ladysmith, 3370
South Africa
Cell: 0731576199
Tel: 063 635 7863 Fax: 063 637 8633
Email: info@darululoom.co.za

افتخار أحمد قادري
المدينة المنورة ، العوالي
ت : ٠٤ ٨٣٤٤١٥٠ .
جوال : ٠٥٦٧٧٢٩٦٣٦ .
ص . ب : ٢٥٥٠٩
E-mail: Iftekhar_qadri@hotmail.com

ہم حضرت قطب مدینہ علامہ ضیاء الملۃ والدین قدس سرہ کو دیکھتے ہیں تو ہمیں صاف نظر آتا ہے کہ آپ میں وہی صفتیں تھیں جو حدیث میں بتائی گئی ہیں۔

قطب مدینہ کی زندگی کا مشاہدہ کرنے والے آج بھی سینکڑوں افراد شاہد ہیں کہ آپ امت کے ہر ہر فرد سے بے لوث محبت فرماتے تھے خواہ یہ سنی مسلمان مشرق کا رہنے والا ہو یا غرب کا، شمال کا رہنے والا ہو یا جنوب کا۔

ان میں صرف محبت تھی، وہ خلق خدا سے محبت فرماتے تھے، محبت کا درس دیتے تھے اور پیغام محبت کو دور دور تک پہونچانا ان کا خاص مشن تھا۔ "میرا پیغام محبت ہے جہاں تک پہونچے"

=

بشارت نبوی کے بموجب ان شاء اللہ العزیز روز قیامت حضرت قطب مدینہ ضیاء الملۃ والدین علیہ الرحمۃ والرضوان اپنے پُرنور چہرہ کے ساتھ نور کے منبر پر جلوہ افروز ہوں گے اور ہم محبین ان کے نوری منبر کے نیچے ان کی شفاعت کے امیدوار ہوں گے۔

محب قطب مدینہ
افتخار احمد قادری
٢ رمضان المبارک ١٤٢٦ھ
4.10.05
المدينة المنورة

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

باقی ساقیانِ شراب طہور
زینِ اہلِ عبادت پہ لاکھوں سلام

معاصرین

حضرت ضیاء الملت والدین سیدی قطب مدینہ مفتی ضیاء الدین احمد قادری مہاجر مدنی قدس اللہ سرہ العزیز کے ان معاصرین میں سے جن سے آپ کے گہرے مراسم تھے۔

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شہزادۂ اعلیٰ حضرت حجۃ الاسلام
مولانا مفتی محمد حامد رضا خان قادری بریلوی رضی اللہ عنہ

امام احمد رضا خان کے بڑے صاحبزادے مولانا حامد رضا بریلوی قدس سرہ ۱۲۹۲ھ۔ ۱۸۷۵ء میں بریلی میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تاریخی نام محمد ہے۔، عرفاً حامد رضا اور حجۃ الاسلام اور امام الاولیاء کے القاب سے مشہور ہیں۔ والد ماجد امام احمد رضا سے درسیات کی تکمیل کی۔ انیس برس کی عمر میں فارغ التحصیل ہوئے، عربی زبان وادب پر بڑا عبور حاصل کیا۔ برس ہا برس دارالعلوم منظر اسلام بریلی میں درس حدیث وتفسیر دیا دارالعلوم منظر اسلام کے مہتمم ہوئے۔ آپ کا درس بیضاوی، شرح عقائد نسفی، شرح چغمینی بہت مشہور تھا۔ فقہی مسائل حل کرنے اور فتاوی تحریر کرنے میں بھی بہت ملکہ حاصل تھا، بلکہ بعض علماء کو فقہ کی مشہور ومعتبر اور متداول کتاب درمختار کا بھی درس دیا کرتے تھے۔

حضرت مخدوم شاہ سید ابوالحسین احمد نوری مارہروی قدس سرہ سے بیعت و خلافت تھی۔ والد گرامی نے جمیع سلاسل کی خلافت واجازت دی۔ علم وفضل میں اپنے والد ماجد کے آئینہ تھے۔ اسی حقیقت کو امام احمد رضا خان نے یوں بیان فرمایا۔ ؎

انا من حامد و حامد رضا منی کے جلوؤں سے
بحمد اللہ رضا حامد اور حامد رضا تم ہو

حجۃ الاسلام قدس سرہ کو علم وفضل اور ادب وتفقہ میں وہ ملکہ تام حاصل تھا کہ بڑے بڑے علماء دیکھ کر عَش عَش کر اٹھتے تھے۔ فی البدیہہ عربی میں قصائد ونظم کی تدوین تو معمولی بات تھی۔ آپکے عربی ادب پر مہارت کے چند واقعات مولانا مفتی محمد اعجاز ولی بریلوی شیخ الجامعہ جامعہ داتا گنج بخش، لاہور نے لکھے ہیں۔ مولانا موصوف لکھتے ہیں۔

Marfat.com

مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ ۱۳۴۲ھ، ۱۹۲۴ء میں حجاز مقدس کے وزیر دفاع حضرت سیدّ حسین دباغ رحمۃ اللہ علیہ ان مظالم کا ذکر کر رہے تھے جو اھل حرمین و مقابر مطہرہ پر کئے جا رہے تھے اور حضرت امام حجۃ الاسلام قدس سرہ ان کے ساتھ برجستگی کے ساتھ عربی میں گفتگو فرما رہے تھے۔ چنانچہ خود حضرت سید حسین دباغ نے فرمایا کہ میں نے اکناف و اطراف ہند میں دورہ کیا۔ مگر ایسی تیز اور نفیس و سلیس عربی بولنے والا نظر نہ آیا۔

حجۃ الاسلام عربی زبان پر ایسی دسترس رکھتے تھے کہ اپنے والد ماجد امام احمد رضا کی تصانیف جلیلہ الدولۃ المکیۃ بالمادۃ الغیبیہ ۱۳۲۳ھ اور کفل الفقیہہ الفاہم ۱۳۲۳ھ کی عربی زبان میں تمہیدات قلم برداشتہ لکھیں اور امام احمد رضا نے حرمین طیبین اور عالم اسلام کے جلیل القدر علماء کو جو علمی سندات دیں، ان کو ترتیب دیا، ان پر مقدمہ بھی لکھا۔

حجۃ الاسلام علیہ الرحمہ نے فرق باطلہ سے متعدد مناظرے کیئے جن میں بفضلہٖ تعالی آپ نے ہمیشہ فتح پائی۔ شوال ۱۳۵۲ھ ۱۹۳۴ء کو انجمن حزب الاحناف لاہور کی طرف سے مسجد وزیر خان میں ایک فیصلہ کن مناظرہ ہونا قرار پایا۔ علماء دیوبند کی طرف سے مولوی اشرف علی تھانوی مناظر مقرر ہوئے اور اھل سنت کی طرف سے حجۃ الاسلام مناظر مقرر ہوئے۔ قرار پایا کہ حفظ الایمان۔ براہین قاطعہ اور تحذیر الناس کی متنازعہ فیہ عبارات پر فیصلہ کن گفتگو کی جائے۔

وقت مقررہ پر حضرت حجۃ الاسلام کے علاوہ کثیر تعداد میں علماء اھل سنت مسجد وزیر خان پہنچ گئے۔ مگر مولوی اشرف علی دیوبندی نہ خود آئے اور نہ ہی اپنا وکیل بھیجا۔ کاش دیوبندی مناظر، میدان مناظرہ میں آجاتے اور اختلاف و نزاع کے رفع و خاتمہ کی کوئی صورت ہو جاتی۔ بہر حال حضرت حجۃ الاسلام کے مقابل اُسے آنے کی جراءت نہ ہو سکی۔

حضرت حجۃ الاسلام علم و فضل اور حسن سیرت کے ساتھ حسن صورت کی دولت سے بھی سرفراز تھے، نہایت ہی حسین و جمیل اور وجیہہ شخصیت کے مالک تھے، آپ کی

Marfat.com

وجاہت، چہرہ کی رونق، نورانیت اور خداداد حسن و جمال بھی ایسا تھا کہ جس سے اھل سنت کی خود بخود تبلیغ ہو جاتی، آپ کے نورانی چہرہ کو دیکھ کر ہی لوگ خود رفتہ ہوکر پروانہ وار جمع ہو جاتے اور آپ کے سلسلہ میں داخل ہو جاتے۔

مقتدر عالم کی حیثیت سے حجۃ الاسلام نے برصغیر میں مسلمانوں کے مذہبی و سیاسی، معاشرتی، معاشی اور عمرانی حقوق کی خاطر اٹھنے والی تحاریک میں نمایاں حصہ لیا۔ شریعت وطریقت کے مجمع البحرین حضرت حجۃ الاسلام کی متعدد تصانیف آپ کے کمال علمی پر دال ہیں۔ چند تصانیف کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

(۱) الصارم الربانی علی اسراف القادیانی (۱۳۱۵ھ) مرزا غلام احمد قادیانی کے ہذیانیات کے خلاف اولین تصانیف میں سے ایک ہے۔

(۲) سلامت اللہ لاہل السنۃ من سیل العناد والفتنہ۔

(۳) سدالفرار (مسئلہ اذان پر لاجواب کتاب ہے)۔

(۴) حاشیہ رسالہ ملا جلال (منطق کی مشہور کتاب پر حاشیہ) قلمی صورت میں ہے۔

(۵) نعتیہ دیوان۔

(۶) مجموعہ فتاویٰ

(۷) الاجازات المتینہ لعلماء بکۃ والمدینہ۔

امام احمد رضا نے سلاسل طریقت اور روایات علوم کی جو اسناد عالم اسلام کے علماء کو ۱۳۲۳ھ، ۱۹۰۶ء کے حج کے موقع پر عطا فرمائیں۔ آپ کے خلف اکبر حجۃ الاسلام نے ان کو جمع فرمایا اور اس پر تقدیم لکھی۔

(۸) الدولۃ المکیۃ بالمادۃ الغیبیہ، مصنف امام احمد رضا کا اردو ترجمہ کیا۔

(۹) الدولۃ المکیۃ کے حاشیہ الفیوضات المکیۃ کا کامیاب اردو ترجمہ کیا۔

(۱۰) کفل الفقیہ الفاہم فی احکام قرطاس الدراہم (۱۳۲۴ھ) مصنف امام احمد رضا کا دیباچہ حجۃ الاسلام نے لکھا اور اس کتاب کا کامیاب اردو ترجمہ کیا۔

سیدی اعلحضرت رضی اللہ عنہ نے سارے اذکار و اشغال، اور اوراد و اعمال اور جمیع

Marfat.com

مرویات مشائخ کرام کی اجازت مطلق تام عطا فرمائی اور اسی روز انہیں اپنا سجادہ نشین و خلیفہ مقرر فرمایا۔ سند سجادگی عطا فرمائی۔

امام احمد رضا قدس سرہٗ کے وصال اقدس سے ایک ہفتہ پہلے جو لوگ بیعت کیلئے حاضر ہوئے ان سے ارشاد فرماتے ہیں۔

''حامد رضا کا ہاتھ میرا ہاتھ اور ان کی بیعت میری بیعت اور ان کا مرید میرا مرید ہے۔''

بدر الطریقت والشریعت، ماہتاب علم و فضل حضرت حجۃ الاسلام قدس سرہ نے ۱۷ جمادی الاولیٰ ۱۳۶۰ھ، ۲۴ مئی ۱۹۴۲ء پونے گیارہ بجے شب عین حالت تشہد میں السلام علیک ایھا النبی کہتے ہوئے اپنی جان جانِ آفرین کے سپرد کر دی۔

انا للہ و انا الیہ راجعون. ۸۰

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض: حضور ایک استغاثہ پیش کرنا ہے۔ اس کے واسطے کون سا دن مناسب ہے۔

ارشاد: اس کے لئے کوئی خاص دن مقرر نہیں البتہ حدیث شریف میں ارشاد ہے کہ جو شخص کسی حاجت کو ہفتہ کے دن صبح کے وقت قبل طلوع آفتاب اپنے گھر سے نکلے تو اس کی حاجت روائی کا میں ضامن ہوں۔

عرض: حضور ﷺ نے ہر حاجت کے لئے ارشاد فرمایا ہے؟

ارشاد: ہاں جائز حاجت ہونا چاہیئے۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

جعلی خط وانپر خدا کی

ظہار الخلیل مطبوعہ ۳۰ اکتوبر ۱۹۲۵ء مین میری نام سے توبہ ورجعت کا شائع ہوا اسکی نسبت اوس سے بہتر کیا کہہ
سکتے ہین جو قرآن کریم نے فرمایا کہ لعنۃ اللہ علی الکذبین واحد قہار اور اوسکے حبیب مالک مختار اور اوسکے
جملہ انبیاء واطہار اور تمام ملئکہ ابرار علیہ وعلیہم افضل الصلاۃ والسلام کی ہزار ہزار بیشمار لعنتین اوس خبیث کذاب
شریر شیطان مجسم ابلیس پر جسنے میری طرف سے یہ ملعون جعلی خط بنایا اور شائع کرایا اگر اوس کے لیے واقعیت ہے تو
اوسکے منہ پر دے مارین اور ملاوہ اصلی خط پیش کرین ورنہ لعنت الٰہی کے گہرے گڑھے مین گرین بے شرم قہر زدون نے پیش خویش یہ مولوی
صاحب کی توبہ کا معاوضہ گڑھا ہے موخر چڑھانے سے چند انسان نہین ہوسکتا اللہ عزوجل شاہد ہے کہ مین اعلیحضرت
سیدنا والد ماجد دامت برکاتہم العالیہ کو حقیقی سچے امام اہلسنت ومجدد مائۃ حاضرہ ومؤید ملت طاہرہ وناصر سنت زاہرہ
اور سبب حجت قاہرہ جانتا مانتا ہون وکفی باللہ شہیدا اور نہ صرف مین بلکہ بحمدہ تعالی جماعت اہلسنت عرب وعجم
مین ایسا ہی جانتے مانتے ہین اور نام نہاد خلافت کہ اوسکے لیڈرون کے اقرار سے حقیقۃً سوراج کمیٹی بلکہ سوراج معدوم
کے وجود سے پہلے اوسکی پیشگی بیٹی ہے ؎

از ستر خلافت خر سوراج بجست ۔۔۔ در گاندھی کیپ ترک ترک ترک کست

آزاد و محمد علی و شوکت گفت ۔۔۔ گر ترک آیند تیغ گیریم بدست

مسلمین اسلام اور شرعی احکام کو چھری سے ذبح کیے گئے اور اتباع بعض آیات کا نام رکھا کر کثیر ارشادات الٰہیہ سخت مسائل کی سخت پامالی کیے
جانے کا مؤید کتاب ۔۔۔ المحجۃ المؤتمنہ کے مطالعہ سے ظاہر ہے اور اوسکے لیڈرون مین سے بعض کو ناشی مرتد جانتا ہون
کے پھندے مین پھنسے ہوئے جاہلان افتادہ در چاہ واللہ علی ما اقول وکیل اللہ ورسول جانتے ہین کہ یہ جو کچھ مین نے لکھا اسلام واحکام شریعت
سے ہو نہ انگریزون کی طمع یا خوف یا رورعایت سے آمین جو جھوٹ کہتا ہو اور جو باتباع شیطان بدگمانی کرین اور جو اہانت رکھتے ہین اون
سب پر غضب الٰہی ہو ۔ یہ جعلی تحریر میری سخت توہین مذہبی دینی ودنیوی شدید نقصان رسانی کیلیے شائع کیگئی والی اللہ المشتکی ۔

فقیر محمد حامد رضا قادری بریلوی غفرلہ ۱۸ صفر سنہ ۱۳۴۰ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابوالبرکات محی الدین محمد مصطفیٰ رضا خان قادری بریلوی

المعروف

بہ مفتی اعظم علیہ الرحمہ

مفتی اعظم قدس اللہ سرہ العزیز ۲۲/ ذوالحجہ ۱۳۱۰ھ، ۷/ جولائی ۱۸۹۲ء بروز جمعہ بریلی شریف میں پیدا ہوئے، آپ امام احمد رضا محدث بریلوی علیہ الرحمہ کے فرزند اصغر ہیں۔ آپ کی ولادت کا سن ہجری اس آیت کریمہ سے نکلتا ہے۔

و سلام علی عبادہ الذین اصطفی

---۱۳۱۰ھ---

آپ کا پیدائشی نام محمد رکھا گیا۔ اعلی حضرت نے غیبی اشارہ پا کر نام آل رحمٰن رکھا۔ پیرومرشد نے آپ کا نام ابوالبرکات محی الدین جیلانی تجویز کیا اور عرف میں آپ کو مصطفیٰ رضا خان کے نام سے پکارا گیا۔ فن شاعری میں نوری تخلص کیا اور عوام الناس میں مفتی اعظم جیسے لقب سے مشہور رہے۔

سید المشائخ حضرت شاہ سید ابوالحسین احمد نوری علیہ الرحمہ نے اگرچہ آپ کی پیدائش کے وقت ہی اپنے سلسلے میں داخل کرلیا تھا مگر جب آپ بریلی تشریف لائے تو چھ ماہ کے آل رحمٰن مصطفیٰ رضا خان کو گود میں لیا پیشانی کو بوسہ دیا۔ اپنی انگشت شہادت آپ کے منہ میں ڈالی اور نہ صرف سلسلے میں داخل فرمایا بلکہ تمام سلاسل میں اجازت وخلافت سے بھی نوازا اور آپ کی شان میں مستقبل کے لئے یہ کلمات ارشاد فرمائے۔ یہ بچہ دین و ملت کی بڑی خدمت کرے گا اور مخلوق خدا کو اس کی ذات سے بہت فیض پہنچے گا۔

"یہ بچہ ولی ہے۔ اس کی نگاہوں سے لاکھوں گمراہ انسان دین
حق پر قائم ہوں گے یہ فیض کے دریا بہائے گا۔"

مفتی اعظم ہند علیہ الرحمہ نے اعلحضرت سے اکثر علوم وفنون حاصل کئے مگر اپنے

Marfat.com

بڑے بھائی مولانا حامد رضا خان بریلوی علیہ الرحمہ سے اکثر کتابیں پڑھیں اس کے علاوہ استاذ الاساتذہ علامہ شاہ رحم الٰہی منگوری علیہ الرحمہ اور مولانا بشیر احمد علی گڑھی سے بھی آپ نے بھرپور استفادہ کیا۔ حدیث شریف کا درس خاص کر علامہ ظہور الحسین فاروقی رامپوری (المتوفی ۱۳۴۲ھ) تلمیذ مولانا محمد فضل رحمٰن گنج مراد آبادی سے حاصل کیا۔ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ نے ۲۵ سلاسل اولیاء وسلاسل حدیث کی اجازت مرحمت فرمائی۔

حضرت مفتی اعظم ہند علیہ الرحمہ نے درس نظامی کے جملہ علوم وفنون عقلیہ و نقلیہ سے فراغت کے بعد ۱۳۲۸ھ، ۱۹۱۰ء سے ۱۳۵۶ھ، ۱۹۳۷ء تک جامعہ رضویہ منظر اسلام میں تدریس فرمائی اور پھر اپنی قائم کردہ جامعہ رضویہ مظہر اسلام (مدرسہ بی بی جی) میں طویل عرصے تک تدریس کا سلسلہ جاری رکھا اور لگ بھگ ۶۰۔۷۰ سال تک درس وتدریس فرماتے رہے جس نے آپ کو درس نظامی کا ایک ماہر وفکر ساز مدرس، بالغ نظر محدث اور عظیم فقیہہ اور متکلم بنادیا جس کے باعث پاک و ہند کی تمام جامعات اور مدارس میں آپ کے تلامذہ یا ان کے تلامذہ درس وتدریس میں مشغول ہیں یہ ایک صدقہ جاریہ ہے جو قیامت تک جاری رہے گا۔ آپ کے اجل تلامذہ کی ایک انتہائی طویل فہرست ہے۔ جن کے فیضِ نظر سے آج پاک و ہند کے تمام مدارس مستفیض ہو رہے ہیں۔

حضرت مفتی اعظم ہند کے تلامذہ وخلفاء صرف پاک و ہند تک محدود نہیں بلکہ بلاد عرب میں بھی ایک کثیر تعداد موجود ہے۔ تیسرے حج کے موقعہ پر ۱۳۹۱ھ میں مکہ معظّمہ اور مدینہ منورہ میں عرب کے بڑے بڑے جید علماء کرام نے اور مفتیان عظام نے اجازت حدیث اور خلافت کا اعزاز حاصل کیا جن میں قابل ذکر نام مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ علامہ سید محمد مغربی مالکی
۲۔ مولانا سید امین کتبی مکی
۳۔ علامہ جعفر بن کثیر
۴۔ مولانا عمر ہمدان مکی۔
۵۔ مولانا سید عباس مالکی
۶۔ مولانا ابراہیم مدنی
۷۔ علامہ موزعرقی
۸۔ علامہ فضل الرحمٰن ابن ضیاالدین مدنی

(آپ کو دوسرے حج پر خلافت عطا فرمائی تھی)

Marfat.com

۹۔ مولانا عبدالمالک ۱۰۔ مولانا سید علوی مالکی

مفتی اعظم ہند نے فتوی نویسی کا آغاز ۱۳۲۸ھ، ۱۹۱۰ء سے کیا اور پہلا مسئلہ رضاعت سے متعلق لکھا جس کے جواب کو اعلی حضرت نے بہت پسند کیا اور اسی وقت ابوالبرکات محی الدین جیلانی آل رحمٰن عرف محمد مصطفیٰ رضا کے نام کی مہر بنا کر آپ کو عطا کی اور دارالافتاء آپ کے سپرد کیا۔

یہ بھی عجب حسن اتفاق ہے کہ اعلحضرت نے بھی ۱۴ سال کی عمر شریف میں پہلا فتوی رضاعت کا ہی لکھا تھا جس کو آپ کے والد مولانا مفتی نقی علی خان علیہ الرحمہ نے جب دیکھا تو فرط محبت سے پیشانی چومی اور آپ کو دارالافتاء کی ذمہ داری سپرد کر دی۔

مفتی اعظم ہند نے اعلی حضرت کی حیات میں فتاوی نویسی کا آغاز کیا اور عمر کے آخری ایام تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ اس طرح لگ بھگ ۷۰ برس مسلسل فتاوی نویسی کی خدمت انجام دیتے رہے۔

آپ نے بیعت حضرت مخدوم شاہ ابوالحسین احمد نوری سے کی اور اجازت و خلافت والد ماجد سے پائی۔ لاکھوں مسلمان آپ سے شرف بیعت رکھتے ہیں۔ جن میں علماء کی تعداد زیادہ ہے۔ بکثرت علماء کو آپ نے اجازت وخلافت مرحمت فرمائی ہے۔ افتاء نویسی میں آپ کو ید طولی حاصل ہے اور مفتی اعظم ہند کے پیارے لقب سے یاد کئے جاتے ہیں۔ اعلحضرت قدس اللہ سرہ العزیز کو آپ کی فقاہت پر ناز تھا۔ آپ کو دارالافتاء کا مہتمم مقرر کر رکھا تھا۔ اکثر فتاوی پر اعلحضرت رضی اللہ عنہ اپنے شہزادہ اصغر والا تبار سے تصدیق حاصل کرتے۔

سیاست میں اگرچہ باقاعدہ حصہ نہیں لیتے تاہم اپنے والد ماجد کی اتباع میں سیاسی معاملات میں اعلی بصیرت رکھتے ہیں اور کمال درد دل سے بروقت سیاستدانوں کی غلطیوں پر ان کو انتباہ فرماتے ہیں۔ تحریک ہجرت میں لیڈروں کی ناعاقبت اندیشی سے مسلمانوں کا جو نقصان ہوا اس کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں۔

Marfat.com

''اس وقت یہ حکم جہاد بھی اُسی دشمن اسلام و مسلمین گاندھی بددین کا حکم ہے۔ جیسے پہلے ہجرت سے نقصان پہنچائے۔ مسلمانوں کے خانماں برباد کرائے ان کی بیش بہا جائیدادیں اور اموال کوڑیوں میں بکوائے۔ سب کے کوڑے کرائے۔''

خود ساختہ خلافت کی تحریک میں شرعی قباحتوں کے سبب شریک نہ ہوئے لیکن ترکوں اور سلطان ترکی سے ہمدردی رکھتے تھے۔ چنانچہ سلطان ترکی کی حمایت میں یوں ارشاد فرمایا۔

سلطان المُسلمین ترکی اللّٰھم انصرہ و انصرمن نصرہ واخذل اعدائہ الکفرۃ الفجرۃ اللّٰھم دمر دیارھم و قصر اعمارھم و زلزل اقدامھم ولا تجعل لھم.

علیہ وعلینا سبیلا کی حرمت وعزت کے لئے خدمت محترمین کیا کم ہے۔ ترکیا کی سلطنت علیہ کی حفاظت وحمایت کے لئے خلافت کی شرط حماقت ہے۔ تحفظ وامداد سلطنت اسلام کے لئے امامت کبری شرط ہی کب ہے۔ جس کے لئے یہ لغو وفضول و بے معنی کد ہے۔

تحریک خلافت کے لیڈروں کا دعوی تھا کہ سلطان ترکی شرعی خلیفہ ہے اس لئے اس کی امداد واعانت اور خلافت ترکیہ کی حمایت وصیانت فرض ہے۔ وہ یہ بات بھول چکے تھے کہ خلافت شرعیہ مصطلحہ کے لئے جن سات شرطوں کا پایا جانا ضروری ہے ان میں سلطان ترکی میں قرشیت کی شرط مفقود ہے۔ گویا وہ شریعت اسلامیہ کے اجماعی اصول کا انکار کر کے بزعم خود شریعت اسلامیہ کی خدمت کر رہے تھے۔ دیگر علماء راسخین نے ترکی کی خلافت مصطلحہ کو نہ مانتے ہوئے بھی اس کی امداد واعانت اور حمایت وصیانت میں کمی نہ کی۔

جناب شوکت صدیقی جو ایک غیر جانبدار مورخ ہیں نے بھی تحریک پاکستان میں حضرت مفتی اعظم ہند مدظلہ کی خدمات جلیلہ کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ لکھتے ہیں۔

مولانا احمد رضا خان کے فرزند اور ان کے جانشین مولانا مصطفیٰ رضا خان نے

Marfat.com

ہمیشہ تحریک پاکستان کی کھل کر حمایت کی ہے۔ انہوں نے اپریل ۱۹۴۶ء میں تحریک پاکستان کی حمایت وتائید میں منعقد ہونے والی آل انڈیا سنی کانفرنس میں نہایت سرگرمی کے ساتھ حصہ لیا مگر قیام پاکستان کے بعد مولانا مصطفیٰ رضا خان بریلی کے دارالعلوم منظر اسلام کے ذریعہ اشاعت وتبلیغ اسلام کے کام میں سرگرم عمل ہیں۔

آپ کو شعر وسخن سے بھی لگاؤ ہے۔ کلام نعت پر مشتمل ہے۔ اپنے والد ماجد اور خاندانی روایات کے مطابق عشق مصطفیٰ ﷺ سے وافر حصہ پایا۔ نوری تخلص فرماتے ہیں۔ برجستہ تاریخ گوئی میں بھی آپ کو کمال حاصل تھا۔ کیوں نہ ہو کہ ''الولد سر لابیہ'' بھی تو صحیح ہے۔ نامور محدث، فقیہہ اعظم، بے مثال صاحب رشد و ہدایت، سخن گو وسخن سنج ہونے کے علاوہ کثیر تصانیف آپ کے علم وفضل کا واضح ثبوت ہیں۔

حضرت مفتی اعظم ہند علیہ الرحمہ کا وصال پر ملال بروز بدھ ۱۴ محرم (شب ایک بجکر ۴۰ منٹ پر) ۱۴۰۲ھ، مطابق ۱۱ نومبر ۱۹۸۱ء بریلی شریف میں ہوا اور والد ماجد اعلیٰ حضرت احمد رضا خان محدث بریلوی کے پہلو میں دفنایا گیا۔ [۸۱]

Marfat.com



سیدی مفتی اعظم رحمتہ اللہ علیہ

کا مکتوب

حضرت علامہ مفتی اعجاز ولی خان رحمتہ اللہ علیہ

کے نام

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت ابوالمحامد سید محمد محدث کچھوچھوی رحمۃ اللہ علیہ

اسم گرامی سیدّ محمد تھا، والد ماجد کا نام حکیم سیدّ نذر اشرف تھا، آپ کی ولادت ۱۵ ذوالقعدۃ ۱۳۱۱ھ کو قبل از نماز فجر موضع جائس ضلع رائے پور بریلی میں ہوئی۔ آپ کی تربیت نانا جان حضرت شیخ المشائخ سید علی حسین اشرفی کچھوچھوی رحمۃ اللہ علیہ نے کی۔ والد گرامی سے فارسی پڑھنے کے بعد حضرت مولانا عبدالباری فرنگی محلی رحمۃ اللہ علیہ سے مدرسہ نظامیہ فرنگی محل سے علوم عربیہ کی تحصیل کی۔ مولانا عبدالباری آپ کے سیدّ زادے ہونے کی بناء پر آپ کا بہت احترام کرتے، آٹھ سال بعد حضرت مفتی لطف اللہ سے شرح تجرید اور افق المبین کا درس لیا، مفتی صاحب نے سند فراغت میں علامہ کا لفظ لکھا۔ پیلی بھیت میں مولانا شاہ مطیع الرسول عبدالمقتدر بدایونی رحمۃ اللہ علیہ سے حدیث پڑھ کر سند حاصل کی۔

فارغ التحصیل ہونے کے بعد دہلی میں مدرسۃ الحدیث قائم کر کے درس حدیث دینا شروع کیا اور اپنے نانا جان حضرت سیدّ علی حسین اشرفی رحمۃ اللہ علیہ کے حکم سے اپنے ماموں شاہ احمد اشرف قدس سرہ سے بیعت کی اور خلق خدا کی روحانی تربیت فرمانے لگے۔

آپ نے اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی قدس سرہ سے بھی تلمذ حاصل کیا تھا۔ اعلیٰ حضرت قدس سرہ کی خدمت میں حاضری کا واقعہ اس طرح ہے کہ ایک روز حضرت مولانا شاہ سید احمد اشرف صاحب کچھوچھوی تشریف لائے ہوئے تھے۔ رخصت کے وقت انہوں نے عرض کیا کہ مولوی سیدّ محمد صاحب اشرفی اپنے بھانجے کو میں چاہتا ہوں کہ حضور کی خدمت میں حاضر کردوں۔ حضور جو مناسب خیال فرمائیں ان سے کام لیں۔ ارشاد ہوا۔ ضرور تشریف لائیں، یہاں فتوے لکھیں اور مدرسہ میں درس دیں ردوہابیہ اور افتاء دونوں ایسے فن ہیں کہ طب کی طرح یہ بھی صرف پڑھنے سے نہیں آتے اس میں بھی طبیب حاذق کے مطب میں

Marfat.com

بیٹھنے کی ضرورت ہے۔ پھر فرمایا۔

''سید محمد اشرفی صاحب تو میرے شاہزادے ہیں۔ میرے پاس جو کچھ ہے وہ انہیں کے جدامجد یعنی حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا صدقہ وعطیہ ہے۔''

اعلیٰ حضرت بھی آپ کو سید ہونے کی وجہ سے بہت محترم جانتے اور بڑے ادب سے پیش آتے یہاں تک کہ ہاتھ چومتے۔ اعلیٰ حضرت نے آپ کو اجازت وخلافت سے بھی نوازا تھا۔ آپ کو اپنے مرشد برحق سے خاص عقیدت ومحبت تھی، عرس رضوی بریلی شریف میں ہر سال حاضر ہوتے اور اعلیٰ حضرت کی قائم کردہ جماعت رضائے مصطفیٰ کے تاحیات صدر رہے۔ تدبر اور اصابت رائے وصف تھا۔ علمائے اہل سنت کے درمیان اتحاد کے عظیم علمبردار تھے۔ بنارس سنی کانفرنس ۱۹۴۶ء کے موقع پر آئندہ کے لئے بالاتفاق صدر عمومی مقرر کئے گئے۔ اسی کانفرنس کے استقبالیہ کے آپ صدر تھے۔

آپ بیک وقت عالم، فاضل، ادیب، خطیب، صوفی، شاعر، پیر طریقت اور محدث تھے، تمام سال تبلیغی دوروں پر صرف کرتے۔ پانچ ہزار سے زائد غیر مسلموں نے آپ کے دست حق پرست پر اسلام قبول کیا اور کئی لاکھ مسلمان شرف بیعت سے مشرف ہوئے۔

مذہبی، تبلیغی اور سماجی کاموں کے علاوہ آپ نے سیاسی تحریکوں میں بھی بھرپور حصہ لیا تحریک پاکستان میں آپ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ آپ نے دیگر مشائخ اہل سنت کے شانہ بشانہ مگر قائدانہ حیثیت سے کام کیا، تحریک پاکستان کی حمایت میں ملک گیر دورے کئے اور عوام کو مسلم لیگ کے منشور سے آگاہ کر کے نظریہ پاکستان کا ہمنوا بنایا۔ بنارس کی آل انڈیا سنی کانفرنس اور اجمیر سنی کانفرنس میں آپ کے خطبے تحریک پاکستان کی حمایت کے جیتے جاگتے ثبوت ہیں۔ آپ نے آل انڈیا سنی کانفرنس (جو ۱۳۴۴ھ/۱۹۲۵ء میں قائم ہو چکی تھی) کے پلیٹ فارم سے تحریک پاکستان کے لئے عظیم خدمات سرانجام دیں، پاک و ہند کے تقریباً سب ہی چھوٹے بڑے شہروں میں پاکستان کے حق میں مدلل تقاریر فرمائیں اور اپنے لاکھوں مریدوں کو تحریک پاکستان میں حصہ لینے کا حکم صادر فرمایا۔

Marfat.com

آپ ایک بے مثال خطیب ہونے کے ساتھ ساتھ ادیب بھی تھے مندرجہ ذیل تصانیف آپ کی یادگار ہیں۔

۱۔ ترجمہ قرآن پاک

۲۔ فرش پہ عرش

۳۔ تفسیر قرآن پاک

۴۔ حیات غوث العالم

۵۔ اتمام حجت

۶۔ میلاد اشرفی

۷۔ التحقیق البارع فی حقوق الشارع

۸۔ تقوی القلوب

عشق رسول ﷺ آپ کے رگ و پے میں سمایا ہوا تھا، چار مرتبہ زیارت حرمین و روضہ انور سرکار دو عالم (ﷺ) سے مشرف ہوئے۔ حضرت محدث اعظم ہند علیہ الرحمہ کا وصال ۱۶/ رجب ۱۳۸۱ھ، ۲۵/ دسمبر ۱۹۶۱ء بروز شنبہ ساڑھے بارہ بجے دن لکھنو میں ہوا اور کچھوچھہ شریف میں دفن کئے گئے۔ نماز جنازہ سید مختار اشرف سجادہ نشین سرکار کچھوچھہ شریف نے پڑھائی۔ [۸۲]

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ محمد تاج الدین الحسنی قدس اللہ سرہ

حضرت علامہ محمد تاج الدین بن محمد بدر الدین بن یوسف بن عبدالرحمٰن الحسنی مراکشی بیبانی ۱۳۰۷ھ/۱۸۹۰ء کو دمشق میں پیدا ہوئے۔ سوریا پر فرانسیوں کے قبضہ کے دوران آپ جمہوریہ سوریا کے بغیر انتخاب صدر مقرر ہوئے۔

آپ کے والد حضرت شیخ محدث محمد بدرالدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ہر طرف سے منقطع ہو کر تدریس وعبادت میں منہمک تھے۔ اس وجہ سے علامہ تاج الدین نے ان حکام کی طرف سے منہ پھیر لیا جو آپ کے والد کو حکومت میں شمولیت اختیار کرنے کے لئے رضا مند کرنے کی کوشش میں تھے۔ ان حالات میں آپ ۱۹۱۲ء کو دمشق میں دینی علوم کے مدرسہ سلطانیہ میں مدرس مقرر ہوئے۔ سلطنت عثمانیہ کے عہد میں آپ اصلاح المدارس کے ممبر اور حکومت سوریا کی قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔ جب ۱۹۱۶ء میں افواجِ عثمانی کے اخبار ''الشرق'' کا اجراء ہوا تو آپ اس کے مدیر اعلیٰ بنائے گئے۔ اور ملک فیصل کے عہد میں ''الموتمر السوری'' کے رکن اور پھر ''مجلس شوریٰ'' کے ممبر ہوئے۔ پھر سوریا کے دارالخلافہ دمشق میں عہدۂ قضا کو نوازا اور ''معہد الحقوق'' میں اصول فقہ کی تدریس فرماتے رہے۔ سوریا پر فرانسیسیوں کے قبضہ کے دوران آپ کو دو مرتبہ سوریا کا وزیر اعظم منتخب کیا گیا۔ پہلی مرتبہ ۱۹۲۸ء سے ۱۹۳۱ء تک تین سال کی مدت تھی اور دوسری مرتبہ ۱۹۳۴ء سے ۱۹۳۶ء تک۔ وہ بڑے فتنہ وفساد کا دور تھا آپ مستعفی ہو گئے۔ متعدد مرتبہ قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں اور پیرس کی طرف سفر کیا، وہاں عرصۂ دراز تک مقیم رہنے کے بعد دمشق واپس لوٹ آئے تو آپ کو فرانسیسیوں نے ۱۳۶۰ھ/ ۱۹۴۱ء میں سوریا کا صدر بنا دیا۔ تادم واپسی اسی عہدے پر فائز رہے۔ آپ بڑے دور اندیش اور ذکی تھے۔، عوام کے

Marfat.com

ساتھ بڑی مہربانی اور حسن اخلاق سے پیش آتے تھے۔

دمشق میں ۱۳۶۲ھ/۱۹۴۳ء میں انتقال فرما گئے۔ ۸۳

امام احمد رضا خان قادری رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف الدولۃ المکیہ پر آپ نے تقریظ تحریر فرمائی۔ حضرت علامہ شیخ ضیاء الدین قادری مدنی رحمۃ اللہ کے ساتھ بڑے گہرے دوستانہ مراسم تھے۔ مدینہ طیبہ کی حاضری کے ایام میں آپ کی مجلس میں اکثر تشریف لایا کرتے۔

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض: اگر نماز کے وقت عمامہ باندھ لے اور سنتوں کے وقت اتار لے کہ دردسر کا گمان ہے۔ تو جائز ہے یا نہیں؟

ارشاد: خیر مگر اولیٰ یہ ہے کہ نہ اتارے۔ ایک جمعہ عمامہ کے ساتھ ستر (۷۰) جمعہ بغیر عمامہ کے برابر ہے۔ پھر ارشاد فرمایا دردسر اور بخار وہ مبارک امراض ہیں جو انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو ہوتے تھے۔ ایک ولی اللہ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے درد سر ہوا۔ آپ نے اس شکریہ میں تمام رات نوافل میں گذار دی کہ رب العزّت تبارک وتعالیٰ نے مجھے وہ مرض دیا جو انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو ہوتا تھا۔ ﷺ یہاں یہ حالت کہ اگر برائے نام درد معلوم ہوا تو یہ خیال ہوتا ہے کہ جلد نماز پڑھ لیں۔ پھر فرمایا ہر ایک مرض یا تکلیف جسم کے جس موضع پر ہوتی ہے وہ زیادہ کفارہ اسی موقع کا ہے کہ جس کا تعلق خاص اس سے ہے۔ لیکن بخار وہ مرض ہے کہ تمام جسم میں سرایت کر جاتا ہے جس سے باذنہ تعالیٰ تمام رگ رگ کے گناہ نکال لیتا ہے۔ الحمدللہ کہ مجھے اکثر حرارت اور دردسر رہتا ہے۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علامہ شیخ تقی الدین نبہانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

امام المجاہدین ''حزب التحریر الاسلامی'' کے بانی حضرت قاضی تقی الدین بن یوسف نبہانی حیفا کے قریب قصبہ اِجزام کے قبیلہ الحناجرہ کے نبہانی خاندان میں ۱۳۲۶ھ/ ۱۹۰۸ء کو ایک دینی و علمی گھرانے میں پیدا ہوئے، اور اسی ماحول میں پروان چڑھے۔

تمام علوم وفنون اپنے والد حضرت علامہ یوسف نبہانی رحمۃ اللہ علیہ سے اخذ کئے جو کہ شام کے بہت بڑے عالم اور مفتی تھے۔ ابتدائی تعلیمی مراحل سوریا میں طے کئے۔ آپ کے والد قصبہ اِجزام واپس لوٹے، ۱۹۲۲ء میں یہاں ہی آپ نے ابتدائی تعلیم مکمل کی اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے مصر کا قصد فرمایا، جامعہ الازہر شریف سے ''العالمیہ فی الشریعۃ'' کی سند حاصل کرنے کے بعد ''المعہد العالی'' جو کہ جامعہ الازہر کے ماتحت ہے، میں قضاء شرعی کے لئے داخلہ لیا اور سند قضاء سے سرفراز ہوئے۔ پھر عربی ادب اور دیگر علوم کے حصول کے لئے دارالعلوم میں داخل ہوئے، دو سال میں تعلیم مکمل کرنے پر عربی ادب و دستور کا ڈپلومہ حاصل کیا۔ اتمام علوم دینیہ وعلمیہ کی تکمیل کے بعد عازم فلسطین ہوئے جہاں حیفا کے مدارس میں مدرس کی حیثیت سے خدمات انجام دیتے رہے۔ اس پیشہ کو دین اور ملک کی روح سمجھتے ہوئے اپنایا، اس کا طلبہ کے ذہن پر مستقبل کے لائحہ عمل پر، گہرے اور دوررس اثرات مرتب ہوئے۔ آپ سے طلباء کی ایک بہت بڑی تعداد نے علوم اخذ کئے۔ آپ کے تلامذہ میں بڑی بڑی مشہور شخصیتیں ہیں ان میں سے ایک ڈاکٹر احسان عباس ہیں۔

پھر عہدۂ قضاء کو زینت بخشی۔ پہلے بیبان پھر قدس شریف، رملہ اللد اور آخر میں حیفا کی شرعی عدالت کے قاضی مقرر ہوئے۔ انقلاب فلسطین اور شیخ عزالدین کی شہادت

Marfat.com

کے بعد آپ نے سیاست میں حصہ لیتے ہوئے۔ ۱۹۳۸ء میں ''جمعیۃ الاعتصام الاسلامیہ'' کی بنیاد رکھی۔ اس جماعت کا مقصد قابض انگریز کو بھگانا اور بیرون ملک سے آنے والے یہود کو روکنا تھا۔ ۱۹۴۸ء میں یہودیوں کے تسلط کے بعد آپ کا خاندان بیروت کی طرف متوجہ ہوا۔ پھر غربی پٹی کے، اردن کے ساتھ الحاق کے بعد آپ قدس شریف میں محکمہ ''الاستئناف الشرعیۃ'' کے رکن منتخب ہوئے۔ پھر عہدۂ قضا سے مستعفی ہوتے ہوئے عمان میں بحیثیت مدرس کام شروع کیا۔

۱۹۵۲ء میں دینی کاموں میں مشغولیت کے سبب استعفیٰ دے دیا اور ''حزب التحریر الاسلامی'' کی بنیاد رکھی جس کا مقصد خلافت اسلامیہ کا قیام تھا، اس دعوت کے پھیلانے کے لئے عرب اور اسلامی ممالک کے اطراف میں دور دراز کے سفر اختیار کئے۔ اس دعوت کو عرب حکومتوں نے قبول نہ کیا۔ آپ کو اذیتیں دیں اور گرفتاری کا حکم صادر ہوا تو روپوش ہونے پر مجبور ہوئے۔ حتیٰ کہ بیروت میں ۱۳۹۸ھ/ ۱۹۷۸ء میں واصل بحق ہوئے۔ ۸۴

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض: اگر امام منبر چھوڑ کر خطبہ پڑھے اور جب کہا جائے تو کہے کوئی حرج نہیں۔ اس صورت میں نماز ہوگی یا نہیں؟

ارشاد: خلاف سنت ہے۔ امام کو سمجھانا چاہئیے۔ نماز ہوگئی۔ حضور اقدس ﷺ کے زمانے میں برسوں کے بعد منبر شریف بنا، اکثر ستون کے سہارے حضور ﷺ نے خطبہ فرمایا ہے۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مولانا سیدّ محمد نعیم الدین مرادآبادی علیہ الرحمہ

صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین مرادآبادی علیہ الرحمۃ کی ولادت ۲۱ / صفر ۱۳۰۰ھ (یکم جنوری ۱۸۸۳ء) کو مرادآباد (یو۔پی بھارت) میں ہوئی۔ ۱۳۲۰ھ، ۱۹۰۲ء میں مدرسہ امدادیہ (مرادآباد) سے دستار فضیلت حاصل کی۔ استادگرامی مولانا شاہ محمد گل رحمۃ اللہ علیہ عارف کامل اور فاضل اجل تھے۔ فاضل ممدوح کے عشق ومحبت اور علمیت وفقاہت کی ایک جھلک ان کی تالیف ذخیرۃ العقبیٰ فی استحباب مجلس میلاد مصطفیٰ (۱۳۳۹ھ/ ۱۹۲۰ء) میں نظر آتی ہے آپ کا سلسلہ حدیث براہ راست حجاز مقدس سے مربوط ہے، برّصغیر پاک و ہند کے دوسرے سلاسل حدیث کے مقابلے میں آپ کو یہ خصوصی امتیاز حاصل ہے۔

صدر الافاضل ایسے جلیل القدر استاد کے تلمیذ رشید تھے جو علوم عقلیہ ونقلیہ کے ماہر تھے بالخصوص فن حدیث اور علم التوقیت میں ید طولی رکھتے تھے۔ علم طب میں بھی مہارت حاصل تھی اور حکیم شاہ فضل احمد امروہوی سے شرف تلمذ تھا۔ شاعری میں اپنے والد ماجد استاذ الشعراء مولانا معین الدین نزہت سے فیض حاصل کیا اور نعیم تخلص فرماتے تھے۔ آپ کا دیوان ''ریاض نعیم'' شائع ہو چکا ہے۔

صدر الافاضل حضرت شاہ محمد گل علیہ الرحمہ سے سلسلہ قادریہ میں بیعت تھے۔ بیعت کے بعد حضرت شاہ صاحب نے آپ کو حضرت شاہ علی حسین کچھوچھوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۳۵۵ھ) کے سپرد کر دیا۔ صدر الافاضل نے آپ سے استفادہ کیا اور آپ ہی سے خلافت واجازت حاصل کی۔ آپ ہی کی اجازت سے فاضل بریلوی مولانا احمد رضا خان علیہ الرحمہ (م ۱۹۲۱ء) سے بھی خلافت واجازت حاصل کی۔ صدر الافاضل، فاضل بریلوی کے راز دار اور رمز شناس تھے۔ آپ نے ان کے مشن کو بڑی کامیابی کے ساتھ آگے بڑھایا اور مسلمانان ہند کی سیاسی اور مذہبی امور میں رہنمائی فرمائی۔

Marfat.com

۱۳۲۸ھ/ ۱۹۱۰ء میں مراد آباد میں آپ نے مدرسہ انجمن اہل سنت و جماعت کی بنیاد رکھی۔ بعد میں ۱۳۵۲ھ/۱۹۳۳ء میں اس مدرسہ کا نام جامعہ نعیمیہ قرار پایا۔اس جامعہ کے فیض یافتہ اور صدر الافاضل کے تلامذہ پاک و ہند میں بہت سی جامعات کے بانی، بہت سی کتابوں کے مصنف اور بہت سے رسالوں کے مدیر ہیں۔

صدر الافاضل تبلیغ اسلام اور ناموس مصطفیٰ (ﷺ) کی حفاظت وحمایت میں ہمہ تن مصروف رہتے۔اس سلسلے میں آپ نے عیسائیوں اور آریوں سے کامیاب مناظرے فرمائے۔ آپ نے اپنے رسالہ السواد الاعظم میں بھی ان لوگوں کا رد کیا مثلاً پنڈت دیانند سرسوتی کی کتاب ستیارتھ پرکاش کے اسلام وشارع اسلام پر اعتراضات کے مسکت و مدلل جواب دیئے مگر تحریر وتقریر میں کسی مقام پر تہذیب وشائستگی کا دامن ہاتھ سے جانے نہ دیا۔

۱۹۱۹ء/ ۱۳۳۸ھ اور ۱۳۳۹ھ/ ۱۹۲۰ء میں تحریک خلافت، تحریک ترک موالات کے جذباتی دور میں آپ نے تحریر وتقریر کے ذریعے مسلمانوں تک اسلام کے سچے پیغام کو پہنچایا اور صدر جمعیت علماء ہند کو ہندو مسلم اتحاد کے خطرات سے آگاہ کر کے مسلمانوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے سے روکا۔ پھر دہلی جا کر مولانا محمد علی جوہر کو سمجھایا، بالآخر وہ ہندو مسلم اتحاد کی دعوت سے دستبردار ہو کر تائب ہو گئے۔

۱۹۳۱ء میں دوسری گول میز کانفرنس (لندن) میں جب علامہ اقبال نے تقسیم ہند کی تجویز پیش کی تو آپ نے اس کی پرزور تائید کی اور اس تجویز کے مخالف ہندو اخبارات و رسائل کا خوب تعاقب فرمایا۔اور اپنے موقف کی حمایت میں نہایت معقول اور دل نشین دلائل پیش کئے۔ ۱۹۴۰ء/ ۱۳۵۹ھ جب لاہور میں قرارداد پاکستان منظور ہوئی تو اس موقع پر آپ کے تلمیذ رشید مولانا ابوالحسنات محمد احمد علیہ الرحمہ موجود تھے اور جلسہ کے سرگرم کارکن تھے۔ ۱۹۴۶ء میں نواب محمد اسماعیل خان (صدر یوپی مسلم لیگ) کے ذریعہ قائداعظم کو تار دلوایا کہ جب تک حکومت برطانیہ پاکستان کے مشرقی اور مغربی علاقے کے درمیان ایک بین الاقوامی آزاد علاقہ تسلیم نہ کر لے تقسیم کی تجویز منظور نہ کریں۔

۱۳۶۶ھ/ ۱۹۴۶ء میں صدر الافاضل ہی کی کوشش سے بنارس (بھارت) میں

Marfat.com

آل انڈیا سنی کانفرنس کے چار روزہ تاریخی اجلاس ہوئے (یعنی ۲۰/اپریل تا ۳۰/اپریل) اس کانفرنس میں پاک و ہند کے دو ہزار علماء و مشائخ اور ۶۰ ہزار دوسرے حاضرین شریک تھے۔ قرارداد پاکستان کی حمایت میں جو تجویز اتفاق رائے سے منظور ہوئی۔ اس کے یہ الفاظ قابل توجہ ہیں۔

آل انڈیا سنی کانفرنس کا یہ اجلاس مطالبہ پاکستان کی پر زور حمایت کرتا ہے۔

خطبہ صدارت جمہوریہ اسلامیہ، مطبوعہ (مرادآباد ۱۹۴۶ء - ۲۹)

مطالبہ پاکستان کی حمایت و اشاعت کے لئے صدرالافاضل نے ہندوستان اور پاکستان کے دور دراز علاقوں کا دورہ کیا۔ حتی کہ مرادآباد سے بنگال تک تشریف لے گئے اور وہاں مسلمانوں میں ایک نئی روح پھونکی جو آگے چل کر مشرقی پاکستان کی تعمیر و تشکیل میں معین و مددگار ثابت ہوئی۔

آل انڈیا سنی کانفرنس کے مذکورہ بالا اجلاس کے بارے میں حضرت مولانا عبدالحامد بدایونی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۳۹۰ھ/۱۹۷۰ء) کے تاثرات قابل توجہ ہیں۔

میں نے اپنی چوالیس سالہ قومیات کی زندگی میں صدہا کانفرنسیں دیکھیں اور بیسیوں خود منعقد کیں لیکن میں کہتا ہوں کہ بنارس کی سنی کانفرنس کی طرح گذشتہ چالیس سالوں میں کوئی کانفرنس بھی نہ ہوسکی۔

(غلام معین الدین۔ حیات صدرالافاضل، مطبوعہ لاہور صفحہ ۲۰۰۔)

پاکستان معرض وجود میں آنے کے بعد صدرالافاضل لاہور اور پھر کراچی تشریف لائے، دستوری خاکہ کے لئے آپ سے عرض کیا گیا، لیکن اچانک طبیعت ناساز ہوگئی اور واپس ہندوستان تشریف لے گئے اور پھر وہاں ممالک اسلامیہ اور خلافت عثمانیہ کے دساتیر وقوانین کو سامنے رکھ کر پاکستان کیلئے ایک اسلامی دستور کا خاکہ تیار کرنا شروع کیا۔ ابھی گیارہ دفعات لکھنے پائے تھے کہ ۱۹/ ذوالحجہ ۱۳۶۷ھ/۲۲/اکتوبر ۱۹۴۸ء کو مرادآباد میں وصال فرما گئے۔ مزار مبارک جامعہ نعیمیہ (مرادآباد) کے احاطہ میں واقع ہے۔

صدرالافاضل متبحر عالم اور صاحب بصیرت سیاستدان تھے۔ علمیت کا اندازہ اس

Marfat.com

سے ہوتا ہے کہ حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمہ نے الطاری الداری کا مسودہ آپ کو دکھایا اور جب آپ نے بعض ترمیمات کی سفارش کی تو قبول کر لی گئیں۔ آپ نے بیس سال کی عمر میں الکلمۃ العلیاء لِاعلاء عِلم المصطفیٰ تصنیف فرمائی۔ ڈیڑھ درجن سے زیادہ کتب و رسائل آپ سے یادگار ہیں۔ جن کی تفصیل یہ ہے۔

۱۔ تفسیر خزائن العرفان	۲۔ اطیب البیان
۳۔ مجموعہ فتاویٰ	۴۔ تبرکات صدرالافاضل
۵۔ سوانح کربلا	۶۔ کتاب العقائد ابتدائی
۷۔ اسواط العذاب	۸۔ آداب الاخیار
۹۔ فرائد النور	۱۰۔ کشف الحجاب
۱۱۔ التحقیقات لِدَفعِ التلبیسات	۱۲۔ زادالحرمین
۱۳۔ ریاض نعیم	۱۴۔ گلبن غریب نواز
۱۵۔ پراچین کال	۱۶۔ احقاق حق
۱۷۔ ارشادالانام فی محفل المولود والقیام	۱۸۔ القول السدید



Hajar Aswad (The Black Stone)

The Eight Pieces of Hajar Aswad Highlig

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مولانا محمد عبدالباقی علیہ الرحمہ

المعروف

برہان الحق جبل پوری

آل رحمٰن برہان الحق　　شرق پہ برق گراتے یہ ہیں

(اعلیٰ حضرت)

حضرت علامہ مفتی محمد عبدالباقی جبل پوری ابن علامہ مفتی محمد عبدالسلام قادری رضوی جبل پوری المعروف بہ عیدالاسلام مورخہ ۱۲ / ربیع اوّل شریف ۱۳۱۰ھ / ۱۸۹۱ء کو نماز فجر کے وقت جبل پور میں پیدا ہوئے۔ پیدائش کے وقت آپکے دادا حضرت علامہ محمد عبدالکریم تلاوت فرمارہے تھے اور آیت کریمہ **قد جاء کم برھان من ربکم** جاری تھی۔ دادی صاحبہ نے اطلاع دی، سنتے ہی فرمایا الحمدللہ برہان آ گیا۔

آپ کے والد ماجد نے مادۂ تاریخ ولادت قرآن کریم کی مندرجہ ذیل آیہ مبارکہ سے نکالا۔ **وسلام علی عبادہ الذین اصطفٰی** (۱۳۱۰ھ)

ابتدائی تعلیم والد ماجد سے ہی حاصل کی اور فارسی کی تعلیم چچا بشیر الدین صاحب سے حاصل کی اور تکمیل اعلیٰ حضرت کی نگرانی میں مدرسہ منظر اسلام میں ہوئی۔ کم و بیش ۳ سال تک تعلیم کا سلسلہ جاری رہا۔ ۱۳۳۷ھ / ۱۹۱۹ء میں اعلیٰ حضرت کے دست مبارکہ سے جبل پور میں دستار بندی ہوئی اس وقت دورانِ وعظ آپ کے والد ماجد کو خطاب کرتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا۔

Marfat.com

مولانا عبدالاسلام، برہان میاں آپ کے جسمانی فرزند ہیں اور میرے روحانی فرزند، دوران قیام بریلی میں فقیر نے ان کا ذہنی، علمی، عملی جائزہ بخوبی لیا ہے۔ اخلاق و تقویٰ، افتاء، اتباع سنت وشریعت وغیرہا میں ہر پہلو سے آزمالیا ہے، میں اپنے اس روحانی فرزند سعادت مند محمد برہان الحق کو دستار فضیلت سے مزین کر کے ۴۵ علوم اور گیارہ سلسلوں کی اجازت دیتا ہوں۔ اس کے بعد مزید فرمایا۔

ربّ العزّت تبارک وتعالی میرے روحانی ولد اعز کو ان کے برہان الحق کے ساتھ برہان الدین، برہان الملۃ، برہان السنۃ، بنائے اور حضرت عید الاسلام کے ظلِّ رحمت وعاطفت کے تحت دین متین وشرع مبین کی خدمت وحمایت پر ثابت قدم رکھے۔

اعلی حضرت آپ کی تعلیم وتربیت میں خصوصی دلچسپی لیتے تھے اور آپ کی ذہانت کا اکثر ذکر کرتے رہتے تھے۔ اعلی حضرت نے جب مولانا برہان الحق کو علم توقیت میں دلچسپی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پایا تو ۱۳۳۷ھ/ ۱۹۱۸ء میں جب آپ جبل پور تشریف لے گئے تو وہاں اس فن پر آپ کے لئے ایک رسالہ علم توقیت پر بہ عنوان، جدول تعدیل النہار جبلفور تحریر فرمایا۔ اسی قیام کے دوران اعلی حضرت نے مولانا برہان الحق کے ایک رسالہ بہ عنوان اجلال الیقین بتقدیس سید المرسلین ۱۳۳۷ھ پر تقریظ بھی تحریر فرمائی جس سے آپ کی اس خاندان پر شفقت ومحبت کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

الحمد للہ۔ فقیر غفرلہ القدیر اس تالیف منیف وتوصیف، نظیف کے مطالعہ سے مسرور ہوا، مولی عزوجل اس کے مولف سعید حمید رشید فرزند سعادتمند مولانا مولوی برہان الحق جعلہ اللہ تعالی کاسمہ دلیل الصدق و برہان الحق کو دارین میں مدارج عالیہ ومعارج جلیلہ کرامت فرمائے۔ بجمد اللہ تعالی یہ ان کے والد ماجد عمدۃ العلماء زبدۃ الفضلا وحامی السنن، ماحی الفتن، حسنۃ الزمن، زینۃ الایام مولانا مولوی حافظ شاہ محمد عید الاسلام سلمہ

Marfat.com

السلام، لحمایۃ الاسلام، و نکایۃ الکفرۃ والمبتدعین و ادام فیضہ الہی یوم القیام کے برکات ہیں۔

مولانا مفتی برہان الحق جبل پوری نے اعلی حضرت کے دیگر خلفاء کے ساتھ تحریک پاکستان میں بھی بھر پور حصہ لیا۔ آل انڈیا سنی کانفرنس میں بڑھ چڑھ کر کاوشیں کیں۔ جبل پور میں اس کی شاخ قائم کی اور بنارس کانفرنس میں شرکت فرمائی۔ خاص کر ۱۹۴۰ء میں قرارداد پاکستان کی منظوری کے بعد ملک کے طول وعرض میں دورے کئے، سرحد، پنجاب، سندھ میں تقریریں کیں اور پاکستان کی آزادی کے لئے سخت جدوجہد کی۔ قائد پاکستان نے آپ کی کوششوں کو سراہا اور شکریہ کا خط بھی تحریر کیا۔ اس ضمن میں آپ خود تحریر فرماتے ہیں۔

فقیر نے تعمیر پاکستان میں جو نمایاں حصہ لیا ہے اور جناب جناح کے مشن کو تقویت دینے کے لئے صوبہ پنجاب، سرحد اور سندھ کا پورا دورہ کیا۔ اور اس سلسلے میں جو فقیر کی تقریریں ہیں وہ ایک علیحدہ موضوع ہے۔ جو بعونہ، تعالی قلمبند ہیں۔ مگر فقیر اپنی شہرت کا نہ کبھی طالب ہوا اور نہ ہی اس کی اشاعت ضروری سمجھی۔ جناح صاحب کے ایک شکریہ کا خط بھی محفوظ ہے۔ اللہ تعالی میری کوششوں کو قبول فرمائے اور پاکستان کو ہر قسم کے شر و فساد سے محفوظ رکھے۔

مولانا نے درس و تدریس کے علاوہ زیادہ خدمت دارالافتاء کی کی ہے۔ لگ بھگ ۷۵ برس برابر فتوی نویسی کی جس سے یقیناً ایک ضخیم ذخیرہ تحریر وجود میں آیا ہوگا۔ مگر افسوس کہ ابھی تک وہ شائع نہیں ہوسکا۔ البتہ تصانیف جو زیور طبع ہو چکی ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ اجلال الیقین بتقدیس سید المرسلین (۱۳۳۷ھ، ۱۹۱۸ء)
(مطبوعہ کلکتہ)

۲۔ البرہان الاجلی فی تقبیل اما کن الصلحاء (غیر مطبوعہ)

Marfat.com

۳۔ الاهلال فِیُ شَهَاداتِ روية الهلال (مطبوعہ)

۴۔ روح الوردها لنقح على سوالات هر دا (مطبوعہ)۔

مدھیہ پردیش میں آپ کی ذات بابرکات ہمیشہ مرجع خلائق رہی آپ کی شخصیت پیکر جود وسخا، ورع اور تقویٰ کی آئینہ دار رہی۔ آپ بلند پایہ ادیب کے ساتھ ساتھ شاعری کا بھی اعلیٰ ذوق رکھتے تھے۔ عشق رسول پاک (ﷺ) سے قلبی تسکین کی خاطر نعت رسول مصطفیٰ ﷺ بھی بارہا کہی ہیں اگر چہ کوئی دیوان تو مرتب نہ کیا جا سکا۔

مولانا مفتی برہان الحق جبل پوری کا وصال پُر ملال ۱۴۰۵ھ، ۱۹۸۵ء کو ہوا والد صاحب کے پہلو ہی میں دفن کئے گئے۔ ۸۶

The Interior of the Ka'bah



Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مبلّغ اسلام حضرت مولانا شاہ محمد عبدالعلیم صدیقی میرٹھی قدس اللہ سرہ العزیز

محسنِ ملت، نازشِ اہل سنت، مبلغ اسلام حضرت مولانا شاہ محمد عبدالعلیم صدیقی میرٹھی ابن حضرت مولانا محمد عبدالحکیم قدس سرہما ۱۵ رمضان، ۳ر اپریل (۱۳۱۰ھ/۱۸۹۲ء) کو میرٹھ (یو۔پی) میں پیدا ہوئے آپ کے والد ماجد عظیم المرتبت درویش صفت عالم دین اور بلند پایہ شاعر تھے۔ جوش تخلص کرتے تھے، ابتدائی تعلیم گھر پر ہی حاصل کی۔ چار سال چھ ماہ کی عمر میں قرآن پاک پڑھ لیا، اردو، فارسی اور عربی کی ابتدائی تعلیم والد گرامی سے حاصل کی بعدازاں جامعہ قومیہ میرٹھ میں داخل ہوئے اور سولہ سال کی عمر میں درس نظامی کی سند حاصل کی۔

آپ کو چونکہ شروع ہی سے تبلیغ اسلام کا شوق تھا اس لئے علوم جدیدہ حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ اٹاوہ ہائی اسکول سے میٹرک پاس کیا اور پھر ڈویژنل کالج میرٹھ میں داخلہ لیا، ۱۹۱۷ء میں بی اے کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا، کالج کی چھٹیوں کے دنوں میں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی خدمت میں بریلی شریف حاضر ہوکر اکتساب فیض کرتے رہے۔

میرٹھ کالج کی تعلیم کے دوران آپ کو آل برما ایجوکیشنل کانفرنس کا صدر منتخب کیا گیا۔ اس کانفرنس میں آپ نے جو خطبہ دیا وہ برما اور سیلون میں مقبول ہوا اور برما کے احباب سے دینی نشر واشاعت پر آپ کی جو گفتگو ہوئی وہ مستقبل کے تبلیغی مشن کے لئے بنیاد ثابت ہوئی۔

آپ اعلیٰ حضرت امام اہل سنت مولانا شاہ احمد رضا بریلوی قدس سرہ کے دست

Marfat.com

حق پرست پر بیعت ہوئے اور خلافت واجازت سے سرفراز ہوئے اور انہی کے ایماء و ارشاد پر اپنی زندگی تبلیغ دین اور خدمت اسلام کے لئے وقف کردی اور اپنے نجی خرچ پر پیغام اسلام دنیا کے کونے کونے میں پہنچایا۔ محسن ملت امام اہل سنت آپ کو بڑی قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھتے تھے، اپنے تلامذہ اور خلفاء کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں

عبد علیم کے علم کو سنکر جہل کی بہل بھگاتے یہ ہیں

حضرت مولانا صدیقی قدس سرہٗ کو اپنے شیخِ طریقت سے کمال عقیدت تھی۔ حرمین طیبین کی زیارت سے واپسی پر آپ نے ایک طویل قصیدہ مدحیہ اعلی حضرت امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ کی خدمت میں پیش کیا جس کے چند شعر درجِ ذیل ہیں :

تمھاری شان میں کیا کچھ کہوں اس سے سوا تم ہو
قسیمِ جام عرفاں اے شہِ احمد رضا تم ہو

غریقِ بحرِ الفت، مستِ جام بادہ وحدت
محبِ خاص ، منظور حبیبِ کبریا تم ہو

جو مرکز ہے شریعت کا مدار اہلِ طریقت کا
جو محور ہے حقیقت کا وہ قطب الاولیاء تم ہو

عرب میں جا کے ان آنکھوں نے دیکھا جس کی صولت کو
عجم کے واسطے لاریب وہ قبلہ نما تم ہو

تمہیں پھیلا رہے ہو علمِ حق اکناف عالم میں
امام اہلِ سنت نائب غوث الوریٰ تم ہو

علیمِ خستہ اک ادنیٰ گدا ہے آستانہ کا
کرم فرمانیوالے حال پر اس کے شہا تم ہو

جب یہ اشعار سنا چکے تو امام اہلِ سنت نے اپنے قیمتی عمامہ کی طرف اشارہ

Marfat.com

کرتے ہوئے فرمایا :

"مولانا! آپ کی خدمت میں کیا پیش کروں؟ آپ اس دیار پاک سے تشریف لا رہے ہیں، یہ عمامہ تو آپ کے قدموں کے بھی لائق نہیں، البتہ میرے کپڑوں میں سب سے بیش قیمت ایک حبہ ہے، وہ حاضر کئے دیتا ہوں"

اس واقعہ اور مندرجہ بالا قصیدے کو غور سے پڑھئے اور دیکھئے کہ آج کل وہ خلوص و محبت کہاں جوان مقدس ہستیوں کا طرۂ امتیاز تھا۔

حضرت مولانا محمد عبدالعلیم صدیقی شعلہ بیان خطیب، بلند پایہ ادیب اور عظیم مفکّرِ اسلام تھے۔ جب آپ اپنی نغمہ ریز آواز میں دلائل و براہین سے اسلام کی حقانیت بیان کرتے تو حاضرین پر سکوت چھا جاتا اور بڑے بڑے سائنسدان، فلاسفر اور دہریہ قسم کے لوگ آپ کے دستِ اقدس پر حلقہ بگوشِ اسلام ہو جاتے۔ آپ تقریباً دنیا کی ہر زبان میں اس روانی سے تقریر کرتے تھے کہ خود اہلِ لسان ورطۂ حیرت میں رہ جاتے۔ آپ نے پوری قوت اور بے باکی سے دینِ فطرت اسلام کا پیغام دنیا کے گوشے گوشے میں پہنچایا جس کے نتیجے میں پچاس ہزار سے زائد غیر مسلم مشرف بہ اسلام ہوئے۔ یہ وہ ناقابلِ فراموش کارنامہ ہے جو آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔

۱۹۵۱ء میں آپ نے پوری دنیا کا تبلیغی دورہ کیا جس میں قابلِ ذکر ممالک انگلستان، فرانس، اٹلی، برٹش گیانا ہڈ غاسکر، ٹرینی ڈاڈ، امریکہ، کینیڈا، فلپائن، سنگاپور، ملائشیا، تھائی لینڈ، انڈونیشیا اور سیلون تھے۔ اس کے علاوہ برما، سیلون، ملائشیا، انڈونیشیا، تھائی لینڈ، انڈوچائنا، چین، جاپان، ماریشس، جنوبی و مشرقی افریقہ کی نوآبادیات سعودی عرب، عراق، اردن، فلسطین، شام اور مصر کے متعدد تبلیغی دورے کئے، تمام مذاہب کے لوگوں کو دعوت اسلام دی اور ہر زبان میں اسلام کا لٹریچر شائع کیا۔ آپ کی تبلیغی کوششوں سے بورنیو کی

(Her Highness Princess Gladys Palmer

Marfat.com

Khairunnisa of Sarawark Staateborneo)

ماریشس جنوبی افریقہ کے فرانسیسی گورنر مروات

(Governor Merwate Tifefrnch Statesman)

اور ٹرینی ڈاڈ کی خاتون وزیر

(Munift Donawa Fatima)

مشرف بہ اسلام ہوئے۔

بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح، مراکش کے غازی عبدالکریم، فلسطین کے مفتی اعظم سید امین الحسینی، اخوان المسلمین کے سربراہ حسن البنا، سیلون کے آنریبل جسٹس ایم مروانی، کولمبو کے جسٹس ایم ٹی اکبر، سنگاپور کے ایس این دت اور مشہور انگریز ڈرامہ نویس اور فلسفی جارج برناڈ شا آپ کی علمی وروحانی شخصیت سے بے حد متاثر تھے۔

۱۷/اپریل ۱۹۳۵ء کو ممباسا (جنوبی افریقہ) میں جارج برناڈ شا سے آپ کی ملاقات ہوئی۔ آپ نے برناڈ شا کے مختلف سوالات کے جوابات اس انداز سے دئے کہ دنیا کا عظیم فلاسفر آپ کے سامنے طفلِ مکتب نظر آنے لگا۔ آپ نے اسلام اور عیسائیت کے اصولوں کا تقابلی جائزہ تاریخ، سائنس اور فلسفہ کی روشنی میں اس طرح بیان کیا کہ برناڈ شا کو اسلام کی عظمت کا اعتراف کرنا پڑا۔ اس گفتگو کا اردو ترجمہ ماہنامہ ترجمانِ اہل سنت، کراچی شمارہ محرم و صفر ۱۳۹۲ء میں شائع ہو چکا ہے۔

حضرت مولانا صدیقی رضی اللہ عنہ نے تعلیمات اسلامیہ کو عام کرنے کے لئے ہر پہلو پر توجہ دی، متعدد مساجد تعمیر کرائیں جن میں سے حنفی جامع مسجد کولمبو، سلطان مسجد سنگاپور، اور مسجد ناگریا جاپان زیادہ مشہور ہیں۔ اس کے علاوہ عربی یونیورسٹی ملایا، پاکستان نیوز مسلم ڈائجسٹ، ٹرینی ڈاڈ مسلم اینوول (جنوبی افریقہ) کی بنیاد آپ ہی نے قائم کی۔ ۱۹۴۹ء میں سنگاپور میں تنظیم بین المذاہب کے نام سے ایک ادارے کی بنیاد ڈالی اور تمام دنیا کے عیسائی، یہودی، بدھ مت اور سکھ مذاہب کے پیشواؤں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کر کے لادینیت کا قلع قمع کرنے کی اپیل کی، تمام مذاہب کے راہنماؤں کی اس مشترکہ کانفرنس

Marfat.com

میں آپ کو ہز ایکس ایٹڈ ایمی انسی (His Exalted Eminence) کا خطاب دیا گیا۔ نیز مصر میں تنظیم بین المذاہب الاسلامی کے نام سے مختلف مکاتبِ فکر کی ایک تنظیم قائم کی۔

۱۳۶۵ھ/ ۱۹۴۶ء میں حضرت مولانا شاہ عبدالعلیم صدیقی قدس سرہٗ رابطہ اسلامیہ ہند کے رئیسِ وفد اور ملایا، شرقی و جنوبی افریقہ اور جزائرِ شرقیہ کے مندوب کی حیثیت سے سعودی عرب تشریف لے گئے اور سعودی حکومت کی طرف سے حجاج پر عائد کردہ ٹیکسوں کے خاتمہ اور حجاج کے لئے سہولتیں فراہم کرنے کے لئے دنیا بھر سے آئے ہوئے اجل علماء، حکومت سعودیہ کے عمائدین اور عبدالعزیز بن سعود سے مذاکرات کئے، جن کا خاصا اثر ہوا۔ ان مذاکرات کی تفصیل البیان کے نام سے عربی میں شائع ہوئی تھی جس کے آغاز میں اخوان المسلمین (مصر) کے بانی حسن البناء نے ابتدائیہ لکھا اور حضرت مولانا شاہ محمد عبدالعلیم قدس سرہٗ کی مساعی جمیلہ کو خراج تحسین پیش کیا، چنانچہ لکھتے ہیں:۔

> ”اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے دوسال ہوئے ہماری ملاقات ارضِ مقدس میں بیت اللہ شریف کے پاس صاحبِ فضیلت مبلغ اسلام الشیخ محمد عبدالعلیم صدیقی سے ہوئی (کچھ عبارت کے بعد) ہم اللہ تبارک و تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ صاحبِ فضیلت استاذ شیخ محمد عبدالعلیم صدیقی کو تمام مسلمانوں کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے۔“

تبلیغِ اسلام کی قابل قدر خدمات کے علاوہ آپ کی سیاسی خدمات بھی ناقابلِ فراموش ہیں۔ دنیا کے کسی گوشے میں مسلمانوں پر ظلم وستم ڈھایا جاتا آپ بے چین ہو جاتے۔ تحریکِ خلافت، شدھی تحریک اور تحریکِ پاکستان میں مردانہ وار حصہ لیا۔ صرف پاک و ہند ہی نہیں بلکہ دیگر ممالک میں بھی تحریک پاکستان کے لئے فضا ہموار کی۔ مصر اور انگلینڈ میں کانگرسی ایجنٹوں سے مناظرے کئے، مسلم لیگ کی طرف سے باقاعدہ طور پر علماء کی ایک جماعت کے قائد کی حیثیت سے حج کے موقع پر مکہ مکرمہ جا کر دنیا کے گوشے گوشے

Marfat.com

سے آئے ہوئے مسلمانوں کے سامنے پاکستان کی اہمیت کو واضح کیا۔ مفتی اعظم فلسطین سید امین الحسینی ، حسن البناء قائد اخوان المسلمین ، سید عبداللہ شاہ (اردن) اور دیگر عرب لیڈروں کو تحریکِ پاکستان سے پوری طرح روشناس کرایا۔

۱۹۴۶ء میں آل انڈیا سنّی کانفرنس ، بنارس میں شرکت فرمائی اور علی الاعلان تحریکِ پاکستان کی حمایت فرمائی ۔ قائداعظم کی وفات سے کچھ عرصہ پہلے عالمی دورے سے واپسی پر کراچی میں عظیم کانفرنس منعقد کی جس میں سندھ، پنجاب اور مشرقی پاکستان کے اکابر علماء ومشائخ نے شرکت کی۔ اس کانفرنس میں پاکستان کے لئے آئینِ اسلامی کے جامع دستور کا مسودہ تیار کرلیا گیا، علماء نے تائیدی نوٹ لکھے اور حضرت مولانا صدیقی رحمتہ اللہ تعالیٰ کی سرکردگی میں قائدِ اعظم کی خدمت میں مسودۂ آئین پیش کیا گیا۔ قائداعظم نے تین گھنٹہ تک مسودۂ آئین کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی، حضرت مولانا نے انہیں اس خوش اسلوبی سے مطمئن کیا کہ قائدِ اعظم نے یقین دلایا کہ انشاء اللہ تعالیٰ قومی اسمبلی کے منظور کرنے پر بہت جلد یہ آئین نافذ کردیا جائے گا اس کے بعد جلد ہی ان کی وفات ہوگئی اور قائدِ اعظم علماء کرام سے کیا ہوا یہ وعدہ ایفاء نہ کرسکے۔ یادرہے کہ پاکستان بننے کے بعد قائدِ اعظم نے پہلی نماز عید آپ ہی کی اقتداء میں ادا کی تھی۔

حضرت مولانا شاہ عبدالعلیم صدیقی قدس سرہٗ نے تالیف وتصنیف پر بھی خاطر خواہ توجہ دی اور کثیر التعداد، قابلِ فخر تصانیف کا ذخیرہ یادگار چھوڑا لیکن افسوس ان میں سے بہت سی تصانیف زیورِ طبع سے آراستہ نہ ہوسکیں اور جو طبع ہوئیں ان کا شایانِ شان اہتمام نہ کیا گیا۔ چند تصانیف کے نام یہ ہیں:۔

۱۔ ذکرِ حبیب (دو حصے)

۲۔ کتاب تصوف

۳۔ بہارِ شباب (نوجوانوں کی اصلاح کے لئے بہترین کتاب)

۴۔ احکام رمضان (یہ تصانیف اردو میں ہیں)

۵۔ اسلام کی ابتدائی تعلیمات

Marfat.com

۶۔ اسلام کے اصول

۷۔ اسلام اور اشتراکیت

۸۔ مسائلِ انسانی کا حل

۹۔ اسلام میں عورت کے حقوق

۱۰۔ مکالمہ جارج برناڈ شا

۱۱۔ مرزائی حقیقت کا اظہار (یہ تصنیفات انگریزی میں ہیں)

چالیس سال تک دنیا بھر میں تبلیغِ اسلام کا فریضہ انجام دے کر ۲۲ / ذوالحجۃ ، ۲۱ / اگست (۱۳۷۴ھ / ۱۹۵۴ء) کو مدینہ منورہ میں اپنے محبوب حقیقی سے جا ملے، اور تعلیمات اسلامیہ کی تبلیغ واشاعت کے انعام کے طور پر جنت البقیع میں جگہ ملی، اس نابغۂ روزگار ہستی کے وصال سے تاریخِ اسلام کا ایک روشن ورق الٹ گیا۔

آپ کی نماز جنازہ قطب عالم علامہ ضیاء الدین قادری قدس سرہٗ نے پڑھائی اور اُم المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قدموں میں مدفون ہوئے۔ (فقیر قادری)

حضرت مولانا شاہ عبدالعلیم صدیقی قدس سرہٗ کے وصال کے بعد آپ کے محبوب خلیفہ اور داماد حضرت مولانا حافظ ڈاکٹر محمد فضل الرحمٰن انصاری قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ بین الاقوامی تبلیغی جماعت ورلڈ فیڈریشن آف اسلامک مشنز کے بانی وصدر اور فرزندِ ارجمند حضرت مولانا علامہ شاہ احمد نورانی مدظلہ العالی (صدر جمعیت علماء پاکستان) نے نہ صرف حضرت علامہ صدیقی قدس سرہٗ کے مشن کو جاری رکھا بلکہ اسے آگے بڑھایا، حضرت علامہ شاہ احمد نورانی وہ حق گو، بیباک اور مرد مجاہد ہیں جن کی جرأت ایمانی کو موافق ومخالف نے تسلیم کیا ہے، ان دنوں پاکستان میں نظام مصطفٰے (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نفاذ کے لئے تمام تر مساعی کو وقف کئے ہوئے ہیں۔ اللہ رب العزت انہیں کامیابی عطا فرمائے۔ ملک وملت کی بقاء و استحکام اور عزت وآبرو کا راز صرف اور صرف آئینِ اسلامی کے عملی نفاذ میں ہے۔ ۸۷ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

امیر ملت حضرت پیر سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری قدس اللہ سرہ

حضرت پیر سید جماعت علی شاہ ابن سید کریم شاہ علی پوری ۱۲۵۷ھ/ ۱۸۴۱ء میں علی پور سیداں ضلع سیالکوٹ (پنجاب) میں پیدا ہوئے۔ آپ نجیب الطرفین سید اور سادات شیراز کے حضرت سید محمد مامون المعروف بہ قطب شیرازی کی اولاد امجاد سے تھے۔ آپ کا سلسلہء نسب ۳۸ واسطوں سے حضرت سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ہے۔ آپ نے حضرت حافظ شہاب الدین کشمیری سے علی پور سیداں میں قرآن پاک حفظ کیا۔ ابتدائی کتب مولانا عبدالرشید علی پوری اور مولانا عبدالوہاب امرتسری سے پڑھیں۔ مولانا غلام قادر بھیروی، مولانا فیض الحسن سہارنپوری سے کسب فیض کیا۔ کانپور میں مولانا محمد علی مونگیری ناظم ندوۃ العلماء سے بھی استفادہ کیا، علامہ زماں مولانا احمد حسن کانپوری سے علمی استفادہ کیا، مولانا قاری عبدالرحمٰن پانی پتی سے بھی فیضیاب ہوئے، حدیث شریف کی سند مولانا عبدالحق مہاجر مکی سے حاصل کی۔ حضرت مولانا شاہ فضل الرحمٰن گنج مراد آبادی نے بھی حدیث کی سند عطا فرمائی، سلسلہء عالیہ نقشبندیہ میں حضرت خواجہ فقیر محمد المعروف باباجی علیہ الرحمۃ (چورہ شریف) کے مرید ہوئے اور قلیل مدت کے بعد خلافت و اجازت سے مشرف ہوئے۔

آپ نے تبلیغ اسلام کے سلسلے میں گرانقدر خدمات انجام دیں۔ اسلام کا پیغام ہندوستان (متحدہ پاک و ہند) کے کونے کونے تک پہنچایا۔ عیسائی مشنریوں اور آریہ سماج کی ریشہ دوانیوں کو ناکام بنایا۔ ہزارہا عیسائی اور ہندوؤں کو مشرف بہ اسلام کیا، شدھی تحریک (مسلمانوں کو ہندو بنانے کی تحریک) کے خلاف بھرپور جدوجہد کی اور آگرہ میں تبلیغی مرکز قائم کر کے طوفانی دورے کئے۔ مرزائے قادیانی کے دعاوی باطلہ کی زبردست

Marfat.com

تردید کی۔ شاہی مسجد، لاہور میں مرزا کی موت کی پیشن گوئی کی جو حرف بحرف صحیح ثابت ہوئی۔ (تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو الکافیہ علیہ الغاویہ، حصہ دوم، مصنفہ حضرت مولانا محمد عالم آسی امرتسری) آپ کی سیاسی خدمات بھی ناقابل فراموش ہیں۔ تحریک ترک موالات اور تحریک ہجرت (۲۱-۱۹۲۰ء) کے نقصانات سے مسلمانوں کو پوری طرح باخبر کیا۔ ۱۹۳۵ء میں مسجد شہید گنج کی تحرک کے وقت شاہی مسجد لاہور میں ولولہ انگیز تقریر کی جس کی بناء پر آپ کو امیر ملت کا خطاب دیا گیا۔ آپ کے لاکھوں مریدین پاک و ہند اور دیگر ممالک میں پھیلے ہوئے ہیں۔

آپ نے تحریک پاکستان میں بھرپور حصہ لیا اور تمام مریدین کو مسلم لیگ کی حمایت کرنے کی پُرزور تلقین کی۔ ۱۹۳۹ء میں جب کانگریس وزارت سے مستعفی ہوئی تو قائداعظم نے جمعہ ۲۲ر ستمبر (۱۳۵۸ھ/۱۹۳۹ء) کو یوم نجات منانے کی اپیل کی، اس موقع پر آپ نے نماز جمعہ کے بعد علی پور سیداں میں دوران تقریر فرمایا:

''دو جھنڈے ہیں ایک اسلام کا، دوسرا کفر کا، مسلمانو! تم کس جھنڈے کے نیچے کھڑے ہوگے؟ حاضرین نے بآواز بلند جواب دیا کہ اسلام کے، پھر آپ نے دریافت فرمایا کہ جو کفر کے جھنڈے تلے کھڑا ہو تو کیا تم اس کے جنازہ کی نماز پڑھو گے؟ حاضرین نے انکار کیا۔ پھر آپ نے استفسار فرمایا کہ کیا تم اس کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کروگے؟ حاضرین نے بالاتفاق کہا نہیں ہرگز نہیں! اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ اس وقت اسلامی جھنڈا مسلم لیگ کا ہے، ہم بھی مسلم لیگ کے ساتھ ہیں اور سب مسلمانوں کو مسلم لیگ میں شامل ہونا چاہیئے''۔

دینی مدارس کی امداد اپنا فرض منصبی سمجھتے تھے۔ ۱۹۱۰ء میں سلطان عبدالحمید کی اپیل پر آپ نے حجاز ریلوے فنڈ میں اپنے متوسلین کی طرف سے چھ لاکھ روپے جمع کرائے۔ ۱۹۱۱ء میں علیگڑھ کالج کو یونیورسٹی بنانے کی غرض سے نواب وقارالملک نے امداد کی اپیل کی اور یقین دلایا کہ انگریزی کے ساتھ دینیات کی تعلیم لازمی ہوگی اور یونیورسٹی کی مساجد میں پنجوقتہ نمازوں کی حاضری تمام طلبہ پر لازم ہوگی، آپ نے کئی لاکھ

Marfat.com

روپیہ اپنے حلقہ ارادت سے جمع کروایا۔

علامہ اقبال آپ کی بہت تعظیم کیا کرتے تھے۔ ایک دفعہ آپ انجمن حمایت اسلام لاہور کے جلسہ کی صدارت کررہے تھے کہ علامہ اقبال آ کر آپ کے قدموں میں بیٹھ گئے اور کہا کہ بزرگوں کے قدموں میں بیٹھنا سعادت ہے، آپ نے فرمایا اقبال جس کے قدموں میں ہو، اسے اور کیا چاہیئے ؟ ایک موقع پر پیر صاحب نے ازراہ عنایت فرمایا: ڈاکٹر صاحب، آپ کا یہ شعر ہمیں بھی یاد ہے ؎

کوئی اندازہ کرسکتا ہے ان کے زور بازو کا
نگاہ مرد مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

اس پر علامہ اقبال نے کہا:

''میری نجات کے لئے یہی کافی ہے کہ آپ کو میرا یہ شعر یاد ہے''

آپ کے مریدین اور خلفاء میں زیادہ تر جدید تعلیم یافتہ طبقہ شامل ہے۔ آپ نے بے شمار حج کئے، کم وبیش ساٹھ مرتبہ دربار رسالت میں حاضری دی، سینکڑوں مسجدیں تعمیر کرائیں، متعدد مدرسے جاری کئے۔ ۱۹۰۴ء میں انجمن خدام الصوفیہ کی بنیاد لاہور میں رکھی، اس انجمن نے دینی اور ملی کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ کئی رسائل آپ کی سرپرستی میں شائع ہوتے رہے، ماہنامہ انوار الصوفیہ لاہور (جوان دنوں قصور سے شائع ہوتا ہے) اور ماہنامہ لمعات الصوفیہ سیالکوٹ پر آپ کی خاص نظر عنایت تھی، اس دور میں یہ رسائل بڑے وقیع مضامین پر مشتمل ہوتے تھے۔

آل انڈیا سنی کانفرنس بنارس میں بحیثیت سرپرست شریک ہوئے، غرض آپ کے کارہائے نمایاں آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں۔ آپ کی سخاوت اور دریادلی کا ایک عالم میں چرچا تھا، کوئی سائل آپ کے دربار سے خالی نہ جاتا تھا، خاص طور پر عربوں کی بہت عزت وتکریم کرتے چنانچہ اہل عرب آپ کو ''ابوالعرب'' کے لقب سے یاد کرتے تھے۔

امیر ملت ابوالعرب حضرت پیر سید جماعت علی شاہ قدس اللہ سرہٗ کا وصال

Marfat.com

۲۶/ ذوالقعدۃ (۲۶ اور ۲۷ کی درمیانی شب، ۳۰/ اگست (۱۳۷۰ھ/ ۱۹۵۱ء) جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب کو ہوا۔ آپ کا مزار انور علی پور سیداں میں مرجع خلائق ہے۔ ہر سال نہایت شان وشوکت سے آپ کا عرس ہوتا ہے جس میں ہزاروں مریدین شرکت کرتے ہیں۔ ۸۸

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض: خطبہ میں خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا ذکر زمانہ اول میں نہ تھا؟

ارشاد: زمانہ اول میں ثابت ہے فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے آپ کا ذکر خطبہ میں کیا۔ بعد آپ کے ذکر کے سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا۔ اس کی خبر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو پہنچی سخت ناراض ہوئے کہ تم نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ذکر میرے بعد کیوں کیا؟ مجھ سے پہلے چاہیئے تھا ذکر کرنے پر ناراضی نہ فرمائی۔

عرض: رغما لا نوف الو هابية و الرافضية خطبہ میں سرکار حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا ذکر کیسا ہے؟

ارشاد: جائز و مستحسن ہے اور میرے اکثر خطبوں میں حضور کا ذکر ہوتا ہے ہاں التزام سے نہیں۔

عرض: کھڑاؤں پہننا کیسا ہے؟

ارشاد: صحیح روایت سے ثابت ہے کہ حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ بعد وضو کھڑاویں پہنا کرتے۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مجاھد ملت مولانا شاہ محمد عبدالحامد قادری بدایونی قدس اللہ سرہ

تحریک پاکستان کے ممتاز رہنما حضرت مولانا شاہ محمد عبدالحامد بدایونی ابن مولانا حکیم عبدالقیوم شہید (ماہ رجب ۱۳۱۸ھ) ابن مولانا حافظ فرید جیلانی ابن مولانا محی الدین ابن مولانا سیف اللہ المسلول شاہ فضل رسول بدایونی قدست اسرارہم ۱۳۱۸ھ، ۱۹۰۰ء میں دہلی میں اپنے ننھیال کے ہاں پیدا ہوئے۔ محمد ذوالفقار حق (۱۳۱۸ھ) تاریخی نام تجویز ہوا۔ ابھی آپ کی عمر بیس دن ہی کی تھی کہ والد ماجد کا انتقال ہوگیا۔ ان کے وصال کا واقعہ بڑا روح پرور ہے، پٹنہ بہار میں ایک عظیم الشان اجلاس منعقد ہورہا تھا جس میں شرکت کے لئے آپ تین سو علماء کے ہمراہ تشریف لے جا رہے تھے۔ راستے میں ایک اسٹیشن پر عصر کی نماز ادا کی اتنے میں گاڑی چل دی، آپ سوار ہوتے ہوئے پہیوں میں پھنس گئے، زخم اس قدر تھے کہ ستر ٹانکے لگائے گئے، اسی حالت میں اجلاس میں شریک ہوئے، تمام تقریریں سنیں، اختتام پر صلوۃ وسلام پڑھنے کے لئے اٹھ کر کھڑے ہوگئے، رقت کے عالم میں ٹانکے ٹوٹ گئے اور صلوۃ وسلام پڑھتے ہوئے مالک حقیقی کی بارگاہ میں حاضر ہوگئے۔

آپ کے اساتذہ میں آپ کے مرشد برحق حضرت مولانا شاہ عبدالمقتدر بدایونی قدس سرہ کے علاوہ حضرت مولانا محب احمد قادری، مولانا حافظ بخش بدایونی، مولانا قدیر بخش بدایونی، مولانا مفتی محمد ابراہیم، مولانا مشتاق احمد کانپوری، مولانا واحد حسین اور مولانا عبدالسلام فلسفی کے نام ملتے ہیں۔

Marfat.com

گاندھی نے تحریک خلافت میں شریک ہوکر قائدانہ پوزیشن حاصل کر لی تھی، مسلمان اپنی سادہ لوحی کی بناء پر ہندوؤں کو اپنا ہمدرد تصور کر بیٹھے تھے لیکن شدھی تحریک شروع ہونے پر منکشف ہوا کہ ہندو کے عیار ذہن میں مسلمانوں کے خلاف، کیا کیا منصوبے پرورش پا رہے ہیں۔ مولانا عبدالحامد بدایونی شدھی تحریک کے شروع ہوتے ہی کانگریس سے الگ ہوگئے اور مرکزِ تبلیغ الاسلام، انبالہ اور آگرہ میں شریک ہوکر ہر اس جگہ میں پہنچے جہاں شدھی تحریک کام کر رہی تھی۔

ہندوؤں کی تنگ نظری اور اسلام دشمنی کے پیش نظر ضرورت محسوس کی گئی کہ مسلمانوں کی الگ جماعت قائم ہونی چاہئے چنانچہ جب مسلم کانفرنس قائم کی گئی تو مولانا عبدالحامد بدایونی اور تحریکِ خلافت کے اکثر مسلم رہنما مسلم کانفرنس میں شریک ہوگئے۔ لندن کانفرنس کے بعد دہلی میں مولانا شوکت علی کی قیام گاہ پر مسلم زعماء کا اجلاس ہوا تو مولانا عبدالحامد بدایونی نے بھی اس میں شرکت کی، اس اجلاس میں طے ہوا کہ آئندہ انتخابات میں صرف مسلم لیگ مسلمانوں کی نمائندگی کرے گی۔ مولانا عبدالحامد بدایونی نے یوپی، بہار، اڑیسہ، بنگال، آسام، بمبئی، کراچی، سندھ، بلوچستان اور پنجاب کے دور افتادہ علاقوں میں جاکر عامۃ المسلمین کو مسلم لیگ کے حق میں ووٹ دینے پر تیار کیا۔ پیر صاحب مانکی شریف کے ایماء پر قائداعظم نے انہیں صوبہ سرحد میں بھیجا۔ جہاں آپ نے خان برادران کے اثرات کو زائل کر کے مسلم لیگ کی مقبولیت کو چار چاند لگا دیئے، انہی خدمات کی بناء پر آپ کو فاتح سرحد کا لقب دیا گیا تھا۔ سلہٹ اور بنگال میں مولوی حسین احمد ٹانڈوی کا بڑا اثر ورسوخ سمجھا جاتا تھا، مولانا بدایونی کی ولولہ انگیز تقریروں نے کانگریسی طلسم کو توڑ کر مسلم لیگ کے نمائندہ کو کامیاب کرایا۔

حافظ بشیر احمد غازی آبادی لکھتے ہیں:

آج کے بہت سے (کانگریسی) علماء جو پاکستان میں نظریہ پاکستان کی حفاظت کر رہے ہیں اور مختلف سیاسی پلیٹ فارموں سے اپنی حب الوطنی کا ڈھنڈورا پیٹ رہے

Marfat.com

ہیں، آل انڈیا نیشنل کانگریس کے ہم نوا تھے اور آل انڈیا مسلم لیگ اور قائداعظم محمد علی جناح کے مقابلے میں حریفانہ سیاسی چالیں چل رہے تھے، خدا مولانا عبدالحامد بدایونی کو کڑوٹ کڑوٹ جنت نصیب کرے انہوں نے اس محاذ پر نیشنلسٹ علماء کا مقابلہ کیا اور مسلم لیگ میں اپنی بہترین صلاحیتیں صرف کیں۔

۱۹۴۵ء میں قائداعظم اور میر عثمان علی خان فرمانروائے دکن کے باہمی اختلافات نازک صورت اختیار کر گئے تو قائد ملت خان لیاقت علی خان نے مولانا عبدالحامد بدایونی کو منتخب کیا تاکہ اختلافات ختم کرانے کے لئے دونوں رہنماؤں کی ملاقات کا راستہ ہموار کریں۔ والئی دکن مولانا بدایونی کی بڑی قدر و منزلت کرتے تھے۔ اور انہیں دینی جلسوں میں تقاریر کے لئے مدعو کیا کرتے تھے۔ مولانا نے فرمانروائے دکن سے ملاقات کی اور طویل گفتگو کے بعد انہیں قائداعظم سے ملاقات کرنے پر آمادہ کیا۔

۱۹۴۶ء میں آپ کی تحریک سے ٹاور، کراچی سے میلاد النبی (ﷺ) کا عظیم الشان جلوس نکالا جس میں اس وقت کے وزیرِ اعلیٰ سندھ محمد ایوب کھوڑو بھی پا پیادہ شریک ہوئے، اس کے علاوہ خلفاء راشدین اور امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ایام شان و شوکت سے منانے کا اہتمام بھی آپ ہی نے شروع کیا، ان اجتماعات میں پاکستان کے گورنر جنرل اور وزیراعظم نے بھی شرکت کی۔

۱۹۴۸ء میں مولانا شاہ عبدالعلیم میرٹھی کی قیادت میں سندھ کے علماء و مشائخ کے ایک وفد نے قائدِ اعظم سے ملاقات کی جس میں مولانا بدایونی بھی شریک تھے اور تفصیلی یادداشت پیش کرتے ہوئے مطالبہ کیا:

> ”ملکِ پاکستان کا دستور کتاب و سنت کی روشنی میں تیار کیا جائے اور دیگر اسلامی ممالک کی طرح پاکستان میں بھی وزارت امور مذہبیہ قائم کی جائے۔“

آپ چین، روس، مصر، ترکی، تیونس، نائجیریا، کویت، عراق، ایران اور حجازِ مقدس گئے اور مسئلہِ کشمیر کی اہمیت کو واضح کیا۔ آپ نے بائیس مرتبہ حرمین شریفین کی

Marfat.com

حاضری کی سعادت حاصل کی ۔آپ کے شاہ فیصل، صدر ناصر، ڈاکٹر محمد حمتی، عبدالسلام عارف (عراق) مفتی اعظم فلسطین سید امین الحسینی اور مسلمانانِ روس کے مفتی اعظم سے ذاتی مراسم تھے اوران حضرات نے آپ کی وفات پر تعزیتی پیغامات میں آپ کی دینی اور علمی خدمات کوخراجِ عقیدت پیش کیا۔

جمعیۃ العلماء پاکستان کے قیام اوراستحکام کے لئے ابتداء ہی سے آپ نے اپنی کوششیں وقف کررکھیں تھیں، حضرت علامہ ابوالحسنات قادری کے وصال کے بعد جمعیۃ کے مرکزی صدر بنے اوراپنی شبانہ روز محنت سے جمعیۃ کو چار چاند لگا دیئے، مولانا ان علماء میں شامل تھے جنھوں نے ۲۲ نکات پر مشتمل دستوری خاکہ مرتب کیا تھا۔ ۱۹۵۳ء میں جب تحریکِ ختم نبوت شروع ہوئی تو اس میں آپ نے کھل کر حصہ لیا اور انتہائی علالت کے باوجود فروری ۱۹۵۳ء سے جنوری ۱۹۵۴ء تک کراچی اور سکھر کی جیلوں میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرتے رہے۔

۱۵/ جمادی الاول، ۲۰/ جولائی (۱۳۹۰ھ/۱۹۷۰ء) کوتحریکِ پاکستان کے صفِ اول کے مجاہد، عالمِ باعمل مولانا شاہ محمد عبدالحامد بدایونی قادری قدس سرہٗ کا جناح ہسپتال، کراچی میں وصال ہوا۔ آپ کی آخری آرام گاہ جامعہ تعلیمات اسلامیہ، منگو پیر روڈ، کراچی کے احاطہ میں بنی۔

حضرت مولانا عبدالحامد بدایونی کے وصال پر سفیرِ عراق نے یہ پیغام تعزیت بھیجا:

"مولانا بدایونی کے اچانک انتقال کی خبر مجھے ابھی ابھی معلوم ہوئی ہے، مولانا بدایونی علیہ الرحمۃ جیّد عالم وفاضل تھے اور مسلمان قوم میں ان کا بہت بڑا مقام تھا، خدا تعالیٰ مولانا کی روح پُرفتوح پر اپنے فضل وکرم کی بارش کرے۔"

حضرت مولانا فضل الرحمٰن مدظلہ العالی ابن حضرت مولانا شاہ ضیاء الدین رحمۃ اللہ علیہ نے برقی پیغام بھیجا:

"افسوس کہ پاکستان اور پاکستانی قوم ایک مقتدر مذہبی پیشوا اور

Marfat.com

جید عالم اور فاضل سے محروم ہوگئی، باری تعالیٰ مولانا علیہ الرحمۃ
کے خاندان کو اس غیر معمولی صدمہ کو برداشت کرنے کی ہمت
دے اور مرحوم پر اپنے فضل وکرم کی بارش فرمائے، آمین۔ ''

مولانا جمال میاں فرنگی محلی ابن حضرت مولانا عبدالباری فرنگی محلی (قدس سرہٗ)
نے ان الفاظ میں تعزیت کا پیغام بھیجا:

''علامہ مولانا عبدالحامد القادری البدایونی کے انتقال کی خبر سے
میں غیر معمولی طور پر قلبی صدمہ محسوس کرتا ہوں، یہ حادثہ نہ صرف
میرے لئے بلکہ پوری ملتِ پاکستان کے لئے ایک نا قابلِ تلافی
نقصان ہے۔ '' ۸۹ھ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض: نماز جنازہ کی تعجیل سے کیا مراد ہے؟

ارشاد: غسل وکفن کے بغیر تو نماز پڑھ سکتے ہی نہیں ہاں اس کے بعد تاخیر نہ کرے۔
بعض لوگ شب جمعہ میں جس کا انتقال ہوا میت کو تا نماز جمعہ رکھے رہتے ہیں
کہ آدمیوں کی نماز جنازہ میں کثرت ہو جائے یہ ناجائز ہے اور اس کی تصریح
کتب فقہ میں موجود ہے اور اگر قبر تیار ہونے سے پیشتر کسی عذر سے تاخیر کی
جائے تو حرج نہیں۔

(ملفوظات۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ مفتی نجم الدین الواعظ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

حضرت علامہ نجم الدین بن ملا عبداللہ الواعظ الدسوقی ۱۲۹۸ھ/۱۸۸۰ء کو بغداد میں کرخ کے محلّہ سوق حمادہ میں علم وفضل والے گھرانے میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد سے قرآن پاک پڑھنے کے بعد علامہ شیخ عباس قصاب وحضرت مولانا علامہ غلام رسول ہندی سے کرخ میں اور علامہ عراق شیخ عبدالوہاب نائب (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) سے رصافہ میں علوم اخذ کئے اور سند فراغت حاصل ہوئی۔ محدث شام علامہ محمد بدرالدین حسنی مغربی قدس سرہٗ سے سندِ حدیث سے ممتاز ہوئے۔ ۱۹۲۲ء کو کرخ میں جامع حنان میں امام وخطیب مقرر ہوئے۔ وہاں سے مدرسہ الرواس میں مدرس کا عہدہ سنبھالا پھر ۱۹۴۶ء میں مدرسہ وفائیہ منتقل ہوئے اور ۱۹۴۷ء کو جامع مرجان کی خطابت آپ کے سپرد ہوئی پھر مدرسہ عادلیہ کبیر گئے اور ۱۹۵۶ء میں مدرسہ قبلانیہ میں رونق افروز ہونے کے بعد ۱۹۵۸ء میں جامع امام اعظم (رضی اللہ عنہ) اور وہاں سے جامع العسافی گئے، ۱۹۶۵ء میں ریٹائر ہوئے۔

آپ کو اول مجلس نواب کا نائب صدر مقرر کیا گیا۔ آزادی کے بعد خدمت اسلام کے لئے اس عہدہ سے سبکدوش ہوگئے۔ درس وتدریس اور واعظ وارشاد میں منہمک ہوگئے۔ اسلامی اجتماعات میں شرکت فرماتے عراق کی، ''جمیعۃ رابطۃ العلماء'' اور جمیعۃ الاداب الاسلامیہ'' کے سربراہ رہے۔

حضرت شیخ العلم والعلماء علامہ قاسم القیسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی وفات کے بعد بالاتفاق علماء، عراق کے مفتی اعظم مقرر ہوئے۔ جمیعت دفاع فلسطین کے نائب رئیس اور بہت سی کتابوں کے مصنف تھے۔

صفر ۱۳۹۶ھ/۱۹۷۶ء کو اعظمیہ میں وصال فرمایا، حضرت شیخ معروف کرخی رضی اللہ عنہ کے قبرستان میں دفن ہوئے۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ۹۰

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علامہ سید احمد کیلانی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت علامہ سید احمد بن سید یسین ۱۲۷۸ھ میں علم و فضل اور شرف والے گھرانے میں پیدا ہوئے۔ آپ کا سلسلہ نسب غوث الثقلین سیدنا عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے ہے۔ حضرہ قادریہ میں حضرت علامہ عبدالسلام افندی اور حضرت شیخ بہاالحق ہندی سے شرف تلمذ حاصل کیا۔ پھر حضرت علامہ غلام رسول ہندی رضی اللہ عنہ سے جملہ علوم معقولہ و منقولہ سے فراغت حاصل کرنے پر سندِ عامہ سے نوازے گئے۔

حضرہ جیلانیہ میں طلباء کی تدریس کے لئے آپ کے لئے کمرہ مخصوص کر دیا گیا، آپ کے تلامذہ میں شیخ محمد طاہر حلبی آل راضی و علامہ محمد العباس معروف بابن جلال اور آپ کے بھانجے سید نورالدین بن سید محمود کیلانی مردافندی نقیب تھے۔

پھر تدریس سے سبکدوش ہو کر بغداد شریف سے باہر اپنی ذاتی جاگیر پر کام شروع کیا۔ حضرت سید احمد جیلانی کے اقوال حکمت سے لبریز ہوتے۔ آپ بہت ملنسار تھے، حضرت علامہ شیخ عبدالوہاب نائب رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کو ادبی کتاب سے تشبیہ دیتے ہوئے فرمایا کہ میں ان سے مستغنی نہیں ہوسکتا۔

آپ کے پاؤں کی انگلی سن ہوگئی، جس کی وجہ سے گھر سے باہر نکلنا دشوار ہوگیا، ۱۳۶۴ھ میں وفات پائی اور حضرہ قادریہ میں دفن ہوئے۔ رحمۃ اللہ علیہ [۹۱]

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علامہ سید حسام الدین جیلانی قدس اللہ سرہٗ

نقیب الاشرف حضرت علامہ سید محمود حسام الدین بن سید عبدالرحمٰن بن سید علی ۱۲۸۰ھ/۱۸۶۳ء کو بغداد شریف میں پیدا ہوئے، ختم قرآن کے بعد کاظمیہ میں حضرت امام ابو یوسف کے مدرسہ میں علامہ شیخ عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ سے عربی و دینی علوم حاصل کرنے کے بعد حضرت علامہ شیخ عبدالوہاب نائب سے مدرسہ منورہ خاتون میں اور حضرت شیخ عبدالسلام سے حضرہ جیلانیہ میں تحصیلِ علوم فرمائی اور حضرت علامہ غلام رسول ھندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے فراغت علوم کے بعد علمی ایوارڈ سے سرفراز ہوئے۔ آپ بڑے متقی اور عابد و زاہد تھے۔ حضرہ قادریہ میں آپ کی مجلس میں بڑے دقیق علمی مسائل پیش کئے جاتے تھے۔ آپ بڑی سنجیدگی اور حکیمانہ انداز میں ان کے جوابات عنایت فرماتے، آپ ہمیشہ طلباء وعلماء کی راہنمائی فرماتے رہے۔

۱۳۲۰ھ میں الحزب المحمدی میں شمولیت اختیار کی اور اپنے والد جو کہ اس وقت جماعت کے امیر تھے، کی سرپرستی میں پارٹی کو کامیابی سے ہمکنار کیا، پھر حزب محمدی کے اعتدال پسند گروپ کی سرپرستی فرمائی، جس کے ملک وملت کے مفاد میں بہت اچھے اثرات مرتب ہوئے۔ سینیٹر منتخب ہوئے، غیرت وطنی کی بناء پر آپ نے انگریزوں اور عراق کے درمیان ہونے والے معاہدے پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا۔

۱۳۴۶ھ میں نقیب الاشراف مقرر ہوئے، اور اوقاف قادریہ کی تولیت ونگرانی اور حضرہ قادریہ کی سجادگی آپ کے سپرد ہوئی پھر اسی دن

Marfat.com

سرکاری طور پر تمام جہتوں کی توثیق کر دگی گئی۔

جامعہ قادریہ کی مرمت وتعمیر اور حضرہ قادریہ کی خدمت پر بڑی پابندی سے معمور رہو گئے۔آپ بلند پایہ مفسر و محدث اور زبردست خطیب تھے۔

۱۳۵۷ھ/ ۱۹۳۶ء میں دار فنا سے دارِ بقا کی طرف منتقل ہوئے اور جامع سیدنا عبدالقادر رضی اللہ عنہ کے شرقی دروازے سے داخل ہونے پر بائیں طرف کے کمرہ میں دفن ہوئے رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔ [۹۲]

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

عرض: عورتوں کی نماز باریک کپڑوں سے ہوتی ہے یا نہیں؟

ارشاد: آزاد عورتوں کو سر سے پاؤں تک تمام بدن کا چھپانا فرض ہے۔مگر چہرہ یعنی پیشانی سے ٹھوڑی اور ایک کنپٹی سے دوسری کنپٹی تک (جس میں سر کے بالوں کا حصہ داخل نہیں نہ ٹھوڑی کے نیچے کا) یہ تو بالاتفاق نماز میں چھپانا فرض نہیں اور گٹوں تک دونوں ہاتھ، ٹخنوں تک دونوں پاؤں ان میں اختلاف روایات ہے۔ ان کے سوا اگر کسی عضو کا چوتھائی حصہ نماز میں قصداً کھولے اگرچہ ایک آن کو یا بلا قصد بقدر ادائے رکن یعنی تین بار سبحان اللہ کہنے کی دیر تک کھلا رہے تو نماز نہ ہوگی اور باریک کپڑے جن سے بدن نظر آئے یا رنگت دکھائی دے یا سر کے بالوں کی سیاہی چمکے تو نماز نہ ہوگی۔

(ملفوظات۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ **حمدی** الاعظمی قدس اللہ سرہٗ

حضرت علامہ حمدی الاعظمی بن ملا عبد اللہ بن محمد بن عبد اللہ الاعظمی العبیدی ۱۲۹۸ھ کو بغداد شریف میں اعظمیہ کے محلّہ السفینہ میں پیدا ہوئے۔ قرآن پاک کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد رشیدیہ و عسکریہ عثمانیہ مدارس میں زیر تعلیم رہے جو کہ بغداد شریف کے منفرد مدارس میں سے تھے۔ سند فراغت حاصل کرنے کے بعد مدرسہ مرجانیہ میں علامہ نعمان افندی آلوسی اور علامہ عبد الرزاق افندی اعظمی سے تعلیم پائی پھر مدرسہ سیدنا امام اعظم میں علامہ معروف افندی و علامہ محمد سعید افندی سے مزید فیض حاصل فرمایا اور حضرت علامہ شیخ قاسم الغواص سے شرف تلمذ سے سرفراز ہوکر عالم شباب میں اجازت عامہ حاصل کی۔ ۱۳۱۵ھ میں آپ کی قابلیت کو خوب شہرت حاصل ہوئی، ۱۳۱۷ھ میں رشیدیہ منتقل ہوئے، وہاں سے استنبول گئے، مجلس المعارف الکبیر کے امتحان میں شریک ہوکر دینی و اجماعی علوم کی تیرہ شاخوں میں پورے نمبر حاصل کئے۔ اس کامیابی کے بعد شیخ الاسلام مفتی خالدی زادہ جمال الدین افندی نے محرم ۱۳۲۶ھ میں مدرسہ احمدیہ میں بحیثیت مدرس تقرری کے لئے سلطان عبد المجید سے حکم صادر کرایا۔ پھر اسی سال بغداد شریف واپس آئے اور از سرنو مدرسہ رشیدیہ کی عمارت میں سلسلہ تعلیم کا اجراء کیا پھر بغداد شریف کے ماڈل اسکول میں پرنسپل اور شاہی مدرسہ میں ادب، ترکی، فارسی اور دیگر علوم دینیہ کے مدرس مقرر ہوئے۔

۱۳۲۸ھ میں امام اعظم یونیورسٹی میں ریاضی کے پروفیسر مقرر ہوئے اور اس کے مختلف شعبہ جات میں مثلاً دار المعلمین میں طبیعات و مدرسہ ہندسہ میں ریاضیات پڑھاتے رہے۔ ۱۳۳۰ھ میں کلیۃ الحقوق میں داخلہ لیا اور اعلی

Marfat.com

درجہ میں کامیابی حاصل کی اور المعہد المالی میں رہے۔ کئی سال عراقی ریڈیو پر دینی واجتماعی پروگرام پیش کرتے رہے اور اپنی تنخواہ کو انجمن حقوق بچگان کے لئے وقف کر دیا۔ ۱۹۲۴ء میں اوقاف کے ڈائریکٹر اور ۱۹۲۸ء میں وزارۃ العدل میں بطور قانون دان خدمات انجام دیں۔ آپ کی بے پایاں خدمات کے پیش نظر عراق کے سابق بادشاہ ملک غازی اول نے ۱۹۳۴ء کے سال کا تمغہ دیا۔ ۱۹۴۶ء میں ریٹائرمنٹ ہوئی اور شرعی یونیورسٹی میں پرنسپل مقرر ہوئے۔ ۱۹۵۳ء تک اس عہدہ کو رونق بخشی، ۱۹۶۳ء میں المجمع العلمی کے رکن منتخب ہوئے۔ مختلف علوم وفنون پر ایک بہت بڑا ذاتی کتب خانہ تھا۔ ۱۳۸۱ھ میں اپنی وفات سے پہلے اعظمیہ میں ایک لائبریری بنا کر اپنی تمام کتب وقف کر دیں۔ آپ کی کثیر تعداد میں تصنیفات بھی ہیں۔

تمام زندگی خدمت اسلام میں بسر کرتے ہوئے ۱۶/ محرم ۱۳۹۱ھ/ ۱۹۷۱ء کو حضرہ قادریہ میں وفات پائی اور اعظمیہ کی لائبریری میں دفن کئے گئے۔ ۹۳

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض: خلافت راشدہ کسے کہتے ہیں اور اس کے مصداق کون کون ہوئے اور اب کون کون ہونگے؟

ارشاد: خلافت راشدہ وہ خلافت کہ منہاج نبوت پر ہو جیسے حضرات خلفاء اربعہ وامام حسن مجتبیٰ و امیر المومنین عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے کی اور اب میرے خیال میں ایسی خلافت راشدہ امام مہدی رضی اللہ عنہ ہی قائم کریں گے۔ والغیب عنداللہ۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مولانا ابو رشید مفتی محمد عبدالعزیز چشتی قدس اللہ سرہٗ

(مزنگ، لاہور)

مولانا مفتی ابو رشید محمد عبدالعزیز ابن میاں محمد فضل الدین (یکم صفر، ۶ نومبر ۱۳۳۷ھ/ ۱۹۱۸ء) ابن محمد عطاء اللہ ابن میر عبدالحکیم ابن میر قائم ابن میر شرف اللہ ابن میر زمان اللہ (یکے از خلفائے بابا نصیب الدین غازی) موضع چانگان والی (مضافات جلال پور جٹاں ضلع گجرات) میں پیدا ہوئے، مدرسہ رحیمیہ نیلا گنبد لاہور میں مولانا محمد عالم سے استفادہ کیا، کچھ عرصہ مدرسہ حمیدیہ انجمن حمایت اسلام لاہور میں بھی تعلیم حاصل کی۔ مولانا کریم بخش (والد ماجد مولانا فضل میراں متوفی ۶ ربیع الاول، اپریل ۱۳۲۵ھ / ۱۹۰۷ء) سے فیضیاب ہوئے، ادب عربی کے مہ ناز فاضل مولانا فضل میراں پروفیسر اسلامیہ کالج لاہور کی خدمت میں دس بارہ برس رہ کر ظاہری و باطنی علوم کی تحصیل کی، مفتی صاحب مولانا فضل میراں کے قابل فخر شاگرد اور داماد تھے۔ مزنگ میں مرزا محمد بیگ سے جلد سازی کا کام سیکھا۔ تکمیل کے بعد مسجد چاہ جھنڈی والی میں امام و خطیب مقرر ہوئے، یہاں آپ نے ایک مدرسہ قائم کیا جہاں سے مزنگ کے کئی علماء فیضیاب ہوئے، اس کے بعد عرصہ دراز تک مسجد قلعہ مہرا مزنگ اور جامع مسجد جنازگاہ میں بلا مشاہرہ خطیب رہے۔ انجمن اسلامیہ مزنگ کی بنیاد رکھی اور مختلف مقامات پر تبلیغ کے لئے تشریف لے جاتے رہے۔ حکومتِ برطانیہ کے عہد میں آپ سنٹرل جیل میں جا کر تبلیغ کیا کرتے تھے جس سے متاثر ہو کر کئی ہندو اور سکھ مشرف بہ اسلام

Marfat.com

ہو گئے، آپ حضرت پیر قربان علی شاہ (آدم پور دوآبہ ضلع جالندھر) کے مرید تھے۔

آپ مرنجان مرنج انسان تھے، والدہ ماجدہ کی بیحد خدمت کی اور دعائیں لیں۔ آپ کا ذریعہ معاش تصحیح کتب تھا۔ ملک دین محمد اینڈ سنز لاہور اور متعدد ناشرین کی اکثر و بیشتر مطبوعات کی تصحیحِ کتابت آپ ہی کرتے تھے۔ چنانچہ بہار شریعت (۱۷ حصے)، تجرید الاحادیث، اور تجرید البخاری وغیرہ کتب پر بحیثیت مصحح آپ ہی کا نام ملتا ہے۔ آپ ہر وقت مطالعہ کتب، تصحیح، فتویٰ نویسی اور تصنیف و تالیف میں مصروف رہتے، اس دوران اگر کوئی مسئلہ دریافت کرتا تو کتب معتبرہ کے حوالہ سے جواب دیتے اور کسی کو مایوس نہ کرتے، بچے سلام کرنے حاضر ہوتے تو انہیں شیرینی عنایت فرما کر خوش کر دیتے۔ آپ کثیر التصانیف عالم دین تھے، چند کتابوں کے نام یہ ہیں:

۱۔ الافتاء فی جواب الاستسقاء (اہلسنّت کے عقائد اور معلومات کو دلائل کی روشنی میں ثابت کیا ہے۔)

۲۔ عزیز المعظم فی اکرام المکرّم (اس بارے میں کہ سیدہ کا نکاح غیر سید سے نہیں کرنا چاہیئے۔)

۳۔ آفتاب ہدایت (ردروافض میں)

۴۔ عزیز البیان فی تفسیر القرآن۔ (یہ تفسیر مستند تفاسیر کا خلاصہ مولوی اشرف علی تھانوی کے ترجمہ کے ساتھ حاشیہ پر چھپی ہے، اس تفسیر میں مفتی صاحب کے ساتھ مولانا ابوالمظفر فضل الرحمٰن شریک تھے۔)

۵۔ عہد نامہ مترجم (مطبوعہ ملک سراج دین لاہور)

۶۔ اربعین عزیزی المعروف بہ احسن الاقوال فی احوال الابدال

Marfat.com

(اس میں بڑی عرق ریزی سے کام لیا گیا ہے اس میں ستر کتبِ معتبرہ سے استفادہ کیا گیا ہے۔)

۷۔ سیرۃ النبی الخلیل ﷺ (سوانح عمری سرکار دو عالم ﷺ)

۸۔ عزیز المجلی (ترجمہ وتشریح منیۃ المصلی المعروف بہ مکمل صلوٰۃ الرحمٰن)

۹۔ قربانی کے احکام،

۱۰۔ مسائل زکوٰۃ،

۱۱۔ نسب نامہ نبی کریم ﷺ

۱۲۔ زادالآخرہ فی مسائل الجنازۃ۔

۱۳۔ تصحیح وتحشیہ عزیز المرقات الی مطالبِ مشکوۃ۔

آپ کی تصانیف دیکھ کر یوں معلوم ہوتا ہے کہ آپ دینی اور فقہی معلومات کے دائرۃ المعارف (انسائیکلوپیڈیا) تھے۔ ذوالحجہ ، فروری (۱۳۵۶ھ/ ۱۹۳۸ء) میں حج وزیارت سے مشرف ہوئے، الحاج مولانا میاں محمد حسین نقشبندی مجددی (ف ۱۳۷۸ھ/ ۱۹۵۸ء) ساکن جھگیاں شہاب الدین حضرت مفتی صاحب کے شاگرد اور صاحب دل بزرگ تھے۔

مفتی صاحب نے ۳۰ رجب ۱۶/دسمبر (۱۳۸۳ھ/۱۹۶۳ء) کو دار فانی سے انتقال فرمایا۔ مکرمی حکیم محمد موسیٰ امرتسری مدظلہ نے یہ تاریخ وصال نکالی ہے:

''آہ خوش سیر عبدالعزیز'' ۹۴

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت مولانا شاہ محمد علی حسین مدنی قدس اللہ سرہٗ

مولانا محمد علی حسین صاحب ابن حضرت مولانا شاہ اعظم حسین خیر آبادی قدس سرہما ۱۲/ ربیعثانی ۱۳۱۲ھ میں بھوپال میں پیدا ہوئے، اردو، فارسی کی ابتدائی تعلیم مولانا یداللہ سنبھلی سے حاصل کی اور قرآن مجید حفظ کیا، معقول ومنقول کی تکمیل والد ماجد سے کی، ۱۹۰۳ء میں والد ماجد کے ساتھ مدینہ طیبہ چلے گئے، اور وہیں سے بلاد عرب عراق وشام ومصر کا سفر کیا، اور عتبات عالیہ کی زیارت کی، ۱۳۲۶ھ میں آپ نے دمشق میں امام الدھر حافظ العصر شیخ بدرالدین دمشقی سے ان کے صاحبزادے مولانا تاج الدین کی معیت میں شرح وقایہ کا درس لیا، حضرت مولانا محمد عبدالباقی فرنگی محلی مدنی المتوفی ۱۳۶۴ھ کے درس میں مختصر المعانی، تلخیص المفتاح پڑھی، صحیح مسلم اور بعض دوسری کتب حدیث کا حضرت مولانا شاہ محمد معصوم ابن شاہ عبدالرشید ابن حضرت شاہ احمد سعید مجددی سے درس لیا۔ شیخ المحدثین مدینہ منورہ سید علی بن ظاہر الوتری سے بھی کسب فیض کیا، ۱۳۲۷ھ میں حضرت مولانا شاہ محمد نعیم نبیرہ حضرت مولانا بحر العلوم فرنگی محلی نے فاتحہ تشکر کے بعد دستار فضیلت باندھی اور سند مرحمت فرمائی، فراغت کے بعد دور عثمانی وہاشمی میں حضرت مولانا عبدالباقی کے مدرسہ نظامیہ میں عرصہ تک درس دیا، نجدی تسلط کے بعد اپنے مکان پر یہ سلسلہ جاری رکھا۔

آپ کو اپنے والد ماجد سے سلسلہ قادریہ میں بیعت وخلافت تھی، ان کے علاوہ (۱) حضرت شاہ معصوم (۲) مولانا عبدالباقی (۳) سید علی الوتری

Marfat.com

(۴) امام الدھر شیخ بدرالدین الحسنی الدمشقی (۵) شیخ عبدالحکیم افغانی (۶) شیخ احمد شمس مالکی قادری (۷) علامہ شیخ صالح (۸) شیخ علی مبارک المغربی (۹) حضرت امین رضوان شیخ الدلائل مدینہ منورہ (۱۰) حسان الزمان مدافع عن سید الاکوان صلی اللہ علیہ وسلم شیخ یوسف بن اسمٰعیل النبہانی سے بھی اجازت وخلاف تھی، مگر آپ بیعت والد ماجد کے طریقہ قادریہ میں کرتے تھے، مدینہ طیبہ کے آداب میں آپ کے اطوار امام مالک جیسے تھے۔

(۱) جہاں بھی ہوتے ہمیشہ یہ خیال رکھتے کہ حرم شریف کی طرف پیٹھ نہ ہو۔

(۲) جس راستہ سے بھی گذر ہوتا اور گنبد خضراء نظر آتا تو آپ فوراً مؤدب دست بستہ سلام عرض کرتے، پھر آگے بڑھتے۔

(۳) مسجد نبوی میں داخل ہونے سے پہلے سلام عرض کر کے داخلہ کی درخواست کرتے اور تھوڑا وقفہ ٹھہر کر قدم بڑھاتے، عموماً نمازیں حجرۂ سیدۃ النساء کے متصل ادا کرتے۔

(۴) حرم شریف نبوی میں سر جھکائے رکھتے اور کسی سے کسی قسم کی گفتگو نہیں کرتے، سلام کا جواب اشارہ سے دیتے اور اگر کوئی گفتگو کی کوشش کرتا تو اشارے سے بتاتے کہ گھر پر آؤ۔

(۵) نجدی انہدامات قبور کے بعد جنۃ البقیع میں کبھی داخل نہیں ہوئے، فصیل شہر اقدس کے اندر کبھی سواری کا استعمال نہیں کیا۔

(۷) امر بالمعروف اور نہی عن المنکر آپ کا خاص شیوہ تھا، اس میں امیر و غریب کی کوئی قید نہ تھی، جس کو غلطی کرتے دیکھتے فوراً ٹوک دیتے۔

(۸) بدمذہبوں سے آپ کو سخت نفرت تھی، نجدی عقائد کے متبعین کو ابن تیمیہ وغیرہ کے اقوال ہی سے قائل کر دیتے، آپ کو معاملات فقہی

Marfat.com

پر غیر معمولی عبور تھا، مقدمات میں شرعی نکات معلوم کرنے والوں کا آپ کے یہاں مجمع لگا رہتا تھا، نجدی قاضی و علماء آپ سے بہت گھبراتے تھے، اختلاف عقائد و مسلک کے باوجود سلاطین نجد آپ کے تبحر علمی سے مرعوب تھے۔

۱۲/ جمادی الاول ۱۳۷۴ھ کو بعد فجر اللہ اللہ کہتے ہوئے واصل بحق ہوئے اور سیدنا ابراھیم ابن رسول کریم (ﷺ) کے جوار میں اپنے والد ماجد کے قریب دفن کئے گئے، اسی روز ریڈیو جدہ نے آپ کی وفات کی خبر نشر کی۔

تصانیف:

(۱) الصواعق الملکوت علی استاذ شلتوت المصری ثبوت حیات سیدنا عیسیٰ علی نبینا و علیہ السلام کے بارے میں شیخ الازہر شلتوت مصری کے فاسد عقائد کا رد (عربی)۔

(۲) سیرت شیخ یوسف النبہانی (غیر مطبوعہ، عربی)

(۳) سیرت اعظم حسین رحمۃ اللہ علیہ (عربی، غیر مطبوعہ)

(۴) رد تجدید و احیاء دین، ابو الاعلیٰ مودودی کے مزعومات کا رد (اردو مطبوعہ)

آپ کے بڑے صاحبزادے حضرت مولانا شاہ محمد علاء الدین مدنی مالک فندق طیبہ، مدینہ طیبہ اعلیٰ اخلاق و اوصاف اور فقہی مہارت میں نامور ہیں۔ ۹۵

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ عبداللہ الطالبانی قدس اللہ سرہ العزیز

بغداد شریف میں سلسلہ قادریہ کے شیخ طریقت حضرت عبد اللہ بن شاعر شہید علامہ شیخ رضا طالبانی ۱۲۹۸ھ کو کرکوک میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم حضرت علامہ محمد افندی خطیب زادہ سے حاصل کی، پھر علامہ علی افندی حکمت سے اعلیٰ تعلیمی مدارج طے کئے اور علم وعمل اور رشد و ہدایت میں مخلوق خدا کی رہنمائی میں مصروف ہو گئے۔ ۱۳۲۸ھ میں بغداد شریف آ گئے اور محلّہ طوب میں جامع مرادیہ کے قریب اپنے والد حضرت شیخ رضا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خانقاہ میں، مسند پر رونق افروز ہوکر رشد و ہدایت اور تبلیغ دین کا فریضہ انجام دیتے رہے۔ ۱۹۶۱ء میں تکیہ اور دیگر ملحقہ عمارات کو منہدم کروایا اور وہاں ایک بہت بڑی لائبریری تعمیر کرائی اور ۱۳۸۶ھ/ ۱۹۶۶ء میں رصافہ کی طرف مسیح کے علاقہ میں ایک مسجد بھی تعمیر کرائی۔

حضرت عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ کے لیل ونہار اسی خانقاہ میں گزرتے۔ آپ کے اردگرد دراویش جمع رہتے اور آپ ان سے بہت مانوس رہتے۔ فقراء کو خیرات پیش کی جاتی، ہر جمعہ کے دن عمومی حلقۂ ذکر کی مجلس قائم ہوتی اور عشاء کے بعد روزانہ محفل ختم منعقد ہوتی، آخری دم تک آپ کا یہی معمول رہا۔

۹ / محرم ۱۳۹۰ھ / ۱۹۷۰ء کو واصل بحق ہوئے اور حضرت سیدنا عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے قبرستان میں دفن ہوئے۔ آپ کے وصال کے بعد خانقاہ کے اوقاف کی تولیت آپ کے بیٹے کے سپرد ہوئی اور ان کی وفات کے بعد وزارۃ الاوقاف کی تحویل میں گیا۔ [۹۶]

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علامہ سید اسماعیل الواعظ قدس اللہ سرہٗ

ابو سلیمان سید اسماعیل بن سید مصطفیٰ الواعظ ۱۲۹۷ھ کو بغداد شریف کے محلّہ باب الشیخ میں علم و عمل کے گہوارہ میں ولادت ہوئی۔ بچپن ہی میں قرآن کریم پڑھ کر مدرسہ رشید میں داخل ہوئے اور علوم جدیدہ حاصل کئے۔ پھر اپنے والد ماجد کے علاوہ حضرت علامہ علی افندی آلوسی، علامہ محمود شکری آلوسی، حضرت سید عارف حکمت برزنجی و علامہ شیخ احمد افندی اور علامہ غلام رسول ہندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم سے علوم وفنون اخذ کئے۔ علم تجوید اپنے چچا سید جعفر افندی الواعظ اور علامہ فاضل محمد افندی الشیخلی سے حاصل کیا اور اپنے والد سید مصطفیٰ الواعظ سے مجاز و ماذون ہوئے۔ آپ کے علم و فضل کے پیش نظر محکمہ بداۃ الدیوانیہ میں آپ کا تقرر کیا گیا پھر اسی محکمہ کے رکن مقرر ہوئے، ۱۳۱۲ھ میں اس کی رکنیت سے دستبردار ہو گئے اور رصافہ کی جانب مدرسہ جامع نازندہ خاتون میں مدرس اور اسی جامع کے خطیب کی خدمات آپ کے سپرد ہوئیں اور جامع خفافین میں واعظ متعین ہوئے۔ ۱۳۲۶ھ کو حلہ میں مدرس اور مفتی کے عہدہ پر فائز ہوئے۔ ۱۳۲۸ھ کو دونوں عہدوں کو خیرآباد کہتے ہوئے ''لواء الدیوانیہ'' میں منتقل ہو گئے۔ انگریز کے ہاتھوں سقوط بغداد ۱۳۳۵ھ تک امت کی خدمت میں مصروف رہے۔ پھر بغداد شریف واپس آئے اور مدرسہ نازندہ خاتون مذکورہ میں تدریس شروع کر دی پھر اس مدرسہ سے کرخ کی طرف مدرسہ جامع شیخ صندل منتقل ہوئے۔ ابھی آپ نے اس مدرسہ میں چند ماہ ہی گزارے تھے کہ ۱۳۵۱ھ

Marfat.com

میں محکمہ اوقاف کے ڈائریکٹر نے سید اسماعیل الواعظ کو رصافہ کی طرف ابی النجیب سہروردی کے مدرسہ میں تبدیل کر دیا۔

نیز آپ ۱۹۴۴ء سے ۱۹۴۶ء تک جامع مرجان میں خطیب کے فرائض انجام دیتے رہے اور بغداد شریف میں دارالایتام کے سربراہ کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دیں۔

۱۳۶۴ھ / ۱۹۴۶ء کو رحلت فرمائی، سیدنا امام غزالی رضی اللہ عنہ کے قبرستان میں دفن ہوئے، رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔ ۹۷

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

عرض: الم کے پارے میں ایک جگہ عَـذَابٌ عَظِیم آیا ہے اگر نماز میں الیم پڑھا ہو جائے گی یا نہیں؟

ارشاد: ہاں ہو جائے گی نماز اس غلطی سے جاتی ہے جس سے معنی فاسد ہو جائیں۔

عرض: نماز میں اگر بسم اللہ شریف بالجہر نکل جائے تو کیا حکم ہے؟

ارشاد: بلا قصد نکل جائے تو خیر ورنہ قصداً مکروہ۔

عرض: دو مسجدیں قریب قریب ہیں۔ ایام بارش میں ایک شہید ہو گئی اب اس کا سامان دوسری مسجد میں کہ وہ بھی شکستہ حالت میں ہے لگا سکتے ہیں یا نہیں؟

ارشاد: ناجائز ہے حتی کہ ایک مسجد کا لوٹا بھی دوسری مسجد میں لے جانے کی ممانعت ہے۔ مسلمانوں پر دونوں کا بنانا اور آباد کرنا فرض ہے اور اس قدر قریب بنانے کی ضرورت ہی کیا۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت مولانا حسرت موہانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

(۱۲۹۵ھ/۱۸۷۸ء..... ۱۳۷۱ھ/۱۳ر مئی ۱۹۵۱ء)

اردو کے بلند پایہ شاعر، سیاست دان وقومی لیڈر سید فضل الحسن نام حسرت تخلص تھا۔ والد کا نام سید ازہد حسن تھا۔ اودھ میں پیدا ہوئے۔ سلسلہ نسب امام علی موسیٰ رضا (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) تک پہنچتا ہے۔ پہلے قرآن شریف، اردو فارسی کی متداول کتابیں میاں جی، غلام علی موہانی سے پڑھیں۔ ۱۸۹۴ء میں مڈل کا امتحان پاس کیا۔ ۱۸۹۹ء میں میٹرک کا امتحان خاص امتیاز سے پاس کیا۔ فتح پور ہسوہ کی آب وہوا حسرت کی ادبی و ذہنی تعلیم کے لئے بہت راس آئی۔ یہاں مولانا سید ظہور السلام مولانا نور محمد، مولانا حبیب الدین جیسے اساتذہ کے سامنے زانوتلمذ تہہ کیا۔ ۱۹۰۳ء میں علی گڑھ سے بی اے کیا۔ تعلیم سے فارغ ہوکر اردوئے معلیٰ نامی رسالہ نکالا جس میں ادبی مضامین کے ساتھ سیاسی مضامین بھی ہوتے تھے۔ مئی ۱۹۰۴ء میں مولانا نے انڈین نیشنل کانگرس کے اجلاس منعقدہ بمبئی میں ایک ڈیلی گیٹ کی حیثیت سے شرکت کی۔ ۱۹۰۵ء میں آل انڈیا کانگرس میں حصہ لیا اور اسی وقت سدیشی تحریک کے مبلغ بن گئے۔

۱۹۰۷ء میں کانگرس کو چھوڑ دیا۔ ۱۹۰۸ء میں اپنے رسالے میں ایک مضمون شائع کرنے کی پاداش میں قید بامشقت کی سزا ہوئی۔ اس قید کے زمانے میں آپ کے والد کا انتقال ہوگیا۔ ۱۹۱۰ء میں قید سے رہا ہونے کے بعد پرچہ دوبارہ جاری کیا۔ مئی ۱۹۱۳ء میں گورنمنٹ نے پرچہ دوبارہ بند کر

Marfat.com

دیا تو مولانا نے وطنی مال کا ایک اسٹور شروع کیا۔

اسی زمانے میں احرار نے جنم لیا، اس جماعت کے رہنماؤں اور رہبروں میں مولانا محمد علی، مولانا شوکت علی، ابوالکلام آزاد، مولانا ظفر علی خان اور مولانا حسرت موہانی تھے۔ یہیں سے مولانا حسرت موہانی رئیس الاحرار کہلائے۔ حکومت مولانا کو تحریک آزادی کے صف اول کے قائدین میں شمار کرتی تھی۔ چنانچہ ۱۹۱۶ء میں للت پور جیل میں قید کر دیئے گئے۔ ۱۹۱۹ء میں کانگریس کے سالانہ اجلاس امرتسر میں منعقد ہوا۔ مسلم لیگ کا جلسہ بھی اس کے ساتھ ہوا۔ مولانا نے اس میں بھی نمایاں حصہ لیا۔ مولانا نے ترک موالات کی تحریک میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اپریل ۱۹۲۲ء میں تیسری اور آخری مرتبہ پھر دو سال کے لئے قید ہوئے۔

۱۹۲۵ء میں اردوئے معلیٰ پھر سے جاری کیا۔ ۱۹۳۶ء میں مولانا مسلم لیگ کی تنظیم جدید سے وابستہ ہوئے اور یو پی پارلیمنٹ کے سرگرم ممبر بنے۔ اس زمانے میں مسلم لیگ کو عوام میں مقبول بنانے میں مولانا شوکت علی، مولانا ظفر علی، اور مولانا حسرت موہانی کا بہت بڑا حصہ ہے۔

۱۹۳۸ء میں ہندی مسلمانوں کے وفد کے ایک رکن کی حیثیت سے مولانا قاہرہ کی فلسطین کانفرنس میں شریک ہوئے۔ ۱۹۴۵ء میں مسلم لیگ کے ٹکٹ پر یو پی اسمبلی اور ہندوستان کی دستور ساز اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔

تقسیم کے بعد مولانا ہندوستان ہی میں رہے۔ تقسیم کے بعد ہندوستان کے مسلمانوں کے لئے ان کا وجود بہت بڑا سہارا تھا۔ ہندوستانی پارلمینٹ میں ایک ایسا وقت بھی آیا جب مولانا حسرت موہانی کے علاوہ کوئی ایسا ممبر نہ تھا جو مسلمانوں کے جذبات کی ترجمانی کرے۔ مولانا نے ۷۵ برس کی عمر میں لکھنو میں وفات پائی اور وہیں باغ مولانا انوار میں دفن ہوئے۔ اولاد میں پانچ لڑکے اور دو لڑکیاں، پہلی بیوی سے اور ایک لڑکی دوسری بیوی سے

Marfat.com

ہے۔

مولانا کی زندگی صحیح معنوں میں ایک مرد مسلمان کی زندگی تھی۔ ان کا ظاہر و باطن یکساں تھا۔ مولانا جس بات کو اپنے نزدیک حق سمجھتے تھے اس کو بغیر کسی تامل کے بغیر گھٹائے بڑھائے، بغیر ہموار کئے اور کسی مصلحت اور موقع کا انتظار کئے بغیر کہہ دیتے تھے۔

مولانا نے مالی عسرت کے باوجود گیارہ حج کئے اور بارہ مرتبہ مدینہ طیبہ میں حاضری دی۔ مولانا کی تصانیف میں شرح دیوان غالب، متروکات سخن، شاہدات زنداں، انتخاب سخن اور دیوان شامل ہے۔ [۹۸]

حضرت مولانا حسرت موہانی رحمتہ اللہ علیہ ۱۳۴۶ھ میں جب حج کے لئے آئے، مدینہ طیبہ حاضر ہوئے، اس وقت ان کے ہمراہ حضرت مجاہد ملت مولانا محمد عبد الحامد قادری بدایونی علیہ الرحمۃ و مولوی کرم علی صاحب اور جناب خلیفۂ اعلحضرت محمد نور سیاح عالم (جوان دنوں مکہ مکرمہ میں مقیم تھے بعد میں مدینہ طیبہ ہجرت کر آئے، حضرت قطب مدینہ کی بارگاہ میں اکثر حاضر ہوتے رہتے) کے ہمراہ قطب مدینہ قدس اللہ سرہٗ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔

حکیم سلطان احمد [۹۹] رحمۃ اللہ علیہ بیان کیا کرتے تھے کہ میں اس وقت حضرت علامہ شیخ ضیاء الدین قادری قبلہ (رحمۃ اللہ علیہ) کی بارگاہ میں حاضر تھا، جب یہ حضرات تشریف لائے۔ حضرت مولانا حسرت موہانی رحمۃ اللہ علیہ پر گریہ طاری تھا۔ حضرت مولانا جذبات سے اسقدر مغلوب تھے کہ سلام بھی نہ کر سکے۔ حضرت مولانا قبلہ کے زانو مبارک پر سر رکھ دیا اور تا دیر ہچکیوں سے روتے رہے۔ بعد میں قدرے سکون ہوا تو سلام عرض کیا اور ہاتھ کو بوسہ دیتے ہوئے بڑے عجز و نیاز کے ساتھ طالب دعا ہوئے۔ میں یہ معاملہ دیکھ کر بڑا حیران ہوا کہ دنیا کا ایک بہت بڑا آدمی حضرت مولانا کے سامنے کس طرح حاضر ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شیخ العصر حضرت میاں **علی محمد** خاں قدس سرہٗ (بسی شریف)

مجمع علم و عرفاں حضرت الحاج میاں علی محمد خان ابن حضرت محمد عمر خاں قدس سرہما ۱۲۹۹ھ/ ۱۸۸۱ء میں بستی عمر خاں، متصل ہریانہ ضلع ہوشیار پور (بھارت) میں پیدا ہوئے۔ مشہور تاریخ گو بزرگ پیر غلام دستگیر نامی نے غالباً ۱۳۷۶ھ میں آپ کی ولادت مبارکہ کا قطعہ تاریخ لکھا تھا۔ جس کا تاریخی شعر یہ ہے ؎

رقم کن ''ظہور علی زیب ہند''

۱۲ ۹۹

پئے سال تولید آں خوش سپر

آپ کے والد ماجد حضرت محمد عمر خان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ صاحب علم و فضل، فقیر منش زمیندار تھے، ''یاد پیر'' اور تہذیب دھرم'' (رد ہنود) وغیرہ تصانیف یادگار ہیں۔ آپ کے نانا حضرت خواجہ میاں محمد خاں المعروف میاں محمد چشتی نظامی فخری قدس سرہ اپنے دور کے ولی کامل تھے۔ ان کا مزار بسی نو، متصل ہوشیار پور میں مرجع خلائق ہے۔

حضرت میاں علی محمد خاں نے اپنے نانا کی نگرانی میں افاضل اساتذہ سے درس نظامی کی تعلیم حاصل کی، علم طب اور فنون سپہ گری پر بھی خصوصی توجہ فرمائی آپ کے اساتذہ میں حضرت مولانا دین محمد (مدفون بسی نو) مولانا

Marfat.com

حکیم محمد عبداللہ جگرانوی اور مولانا مرید احمد خاں اپنے دور میں علم و فضل کے آفتاب و ماہتاب ہوئے ہیں، مروجہ علوم سے فارغ ہوکر اپنے نانا اور مرشد گرامی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سلوک و معرفت کی تعلیم کے ساتھ ساتھ بزرگان دین کے مزارات پر حاضر ہوکر اکتساب فیض کرتے رہے۔

۱۳۳۲ھ/۱۹۱۴ء میں حضرت خواجہ میاں محمد رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے وصال پر حضرت خواجہ میاں علی محمد خاں قدس سرہٗ مسند شیخ پر فائز ہوئے اور سجادگی کا حق ادا کر دیا۔ حضرت ملک الشعراء گرامی مرحوم نے ایک قطعہ لکھا۔

محرم نکتہ خفی و جلی جانشین محمد است علی
آفتاب، آفتاب راست دلیل درخود مسند ولی است ولی

''چاندسی صورت کا محاورہ پڑھا بھی تھا اور دیکھا بھی لیکن سچ پوچھئے تو جس طرح میاں صاحب اس پر پورے اترتے تھے، بہت کم لوگ اترتے ہوں گے، صورت اور لباس، صفائی اور پاکیزگی میں ایک سے بڑھ کر ایک، ایک باران کی طرف دیکھیں تو دوسری بار دیکھنے کے لئے دل مچل مچل جائے، اگر یہ درست ہے کہ چہرہ دل کا آئینہ ہوتا ہے تو پھر میاں صاحب ایسے صاحب دل تھے کہ جو اس دور میں انگلیوں پر گنے جاسکیں گے''۔

(مجیب الرحمٰن شامی، ہفت روزہ اداکار، لاہور مارچ ۱۹۷۵ء ص ۴)

حضرت صاحب قدس سرہٗ بزم رشد و ہدایت کی شمع نورانی تھے، ملکی سیاست سے کبھی تعلق نہ رکھا البتہ تحریک پاکستان کے ایام میں مکمل طور پر تحریک کے حامی اور معاون رہے۔ ۱۹۴۵ء میں پیر صاحب مانکی شریف، پاکپتن شریف عرس کے موقع پر مشائخ کرام سے ملے اور تحریک پاکستان کے سلسلے میں مشورے کرتے رہے۔ حضرت میاں صاحب سے بھی ملے اور ایک گھنٹہ

Marfat.com

سے زیادہ وقت تک گفتگو ہوتی رہی، بعد ازاں ان کا ایک نمائندہ بسی نو پہنچا اور علیحدگی میں کچھ گفتگو کر کے فوراً واپس چلا گیا، انتخاب بالکل قریب آئے تو عقیدتمندوں اور تحریک کے قائدین نے اصرار کیا کہ آپ ایک بیان کے ذریعے اپنے نیاز مندوں کو حکم دو کہ ووٹ مسلم لیگ کو دیں، چنانچہ آپ کا بیان نوائے وقت میں شائع ہوا۔

قیام پاکستان کے بعد حضرت میاں صاحب لاہور تشریف لے آئے اور حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری قدس سرہ کے زیر سایہ اپنی قیام گاہ میں ڈیڑھ دو ماہ قیام کیا۔ ایک موقع پر فرمایا ہمیں حضرت گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ ہی اپنے پاس ٹھہرائیں گے، پھر حضرت فرید الدین گنج شکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایسے حاضر ہوئے کہ آپ کا مزار بھی انہی کے مبارک قدموں میں بنا۔

حضرت میاں صاحب اوراد و وظائف کی بے مثال پابندی کے ساتھ ساتھ کتب تصوف کے پڑھنے پڑھانے میں بڑی دلچسپی رکھتے تھے، شیخ اکبر حضرت محی الدین ابن عربی قدس سرہ کی تصنیف لطیف فصوص الحکم سے تو آپ کو عشق تھا۔ مولانا فیض احمد (قبولہ شریف) نے فصوص الحکم آپ سے سبقاً پڑھی تھی۔

جناب مجیب الرحمٰن شامی نے حضرت میاں صاحب کے چہلم پر مختصر مگر جامع تأثر لکھا تھا، ذیل میں اس کا کچھ حصہ پیش کیا جاتا ہے:

میاں صاحب کی زندگی تو بندگی سے عبارت تھی، ان کے ہاں عجز ہی عجز تھا، غرور اور گھمنڈ کو ان کے دربار میں حاضری کی اجازت ہی نہ ملی تھی۔

کوئی ایک مہینہ پہلے میاں صاحب ۹۴ سال ایک ماہ کی عمر میں اسی شہر لاہور میں اپنے رب سے جا ملے اور پاکپتن میں درگاہ بابا فرید میں اپنی وصیت کے مطابق دفن ہوئے، دل کا عارضہ تھا اور مرگ کا بستر، ڈاکٹروں نے مکمل آرام کا مشورہ دے رکھا تھا، بستر سے اٹھنا اور چلنا پھرنا تو زہر قاتل ٹھہرا تھا

Marfat.com

لیکن نماز کا وقت آیا تو اٹھنے لگے تا کہ وضو کر کے نماز پڑھ سکیں۔ ڈاکٹر نے منع کیا تو بولے۔

''ڈاکٹر صاحب یہ زندگی اسی لئے تو درکار ہے کہ فرائض ادا کر سکیں، اگر فرائض ہی ادا نہ ہوں تو ایسی زندگی کس کام کی؟''۔

اس پر ڈاکٹر صاحب پیچھے ہٹ گئے اور میاں صاحب نے اٹھ کر نماز ادا کی۔ تکلیف بڑھی تو رات دو بجے پتھیڈین کے ۲ انجکشن لگائے گئے، جوں ہی چار بجے، اٹھ بیٹھے تا کہ تہجد ادا کر سکیں، اٹھتے ہوئے مسکرائے اور فرمایا:

''یہ دو سوئیاں میری ۷۲ سال کی عادت نہیں بدل سکتیں''۔

اپنے رب سے اس اہتمام سے ملاقات کی کہ دل کی دھڑکن بند اور نبض بھی بند، ڈاکٹر طبعی طور پر موت کا اعلان کر چکے ہیں لیکن میاں صاحب اس دنیا میں موجود ہیں، دل کے ڈھڑکنے کی آواز نہیں آ رہی، نبض کی ٹک ٹک نہیں چل رہی لیکن وہ ہیں کہ زندہ سلامت ہیں، دو گھنٹے تک اسی کیفیت میں لیٹنے کے بعد وہ عالم مکمل طور پر طاری ہوا جسے عالم مرگ کہتے ہیں:

عملی طور پر سیاست سے ہمیشہ دور رہے، نہ کسی گروہی مناقشے میں حصہ لیا، نہ سرکار دربار میں جانا مناسب سمجھا، جس کو آنا ہوتا ان کے پاس چل کر آتا جنہیں دنیا بڑا مانتی ہے میاں صاحب کے پاس چھوٹے بن کر، سر جھکا کر آتے، کمیونسٹ سرگرم ہوئے، امن چین درہم برہم ہوا اور پاکستان کے نظریاتی تشخص کو خطرہ لاحق ہوگیا تو میاں صاحب نے کمیونسٹوں کے خلاف

Marfat.com

جدو جہد پر زور دیتے ہوئے باقاعدہ ایک اعلان پر دستخط کئے، عقیدتمندوں اور مریدوں کو کمیونزم کے خلاف جہاد کی ہدایت جاری ہوئی اور یہی ہدایت ان کا پیغام مسلسل ہے:

''جہاں بھی ہو، جس جگہ پر بھی ہو، وطن عزیز کے نظریاتی کردار کی حفاظت کرو، اس کے لئے سر دھڑ کی بازی لگا دو''۔

(مجیب الرحمٰن شامی ہفت روزہ اداکار، لاہور ۲ تا ۸ مارچ، ۱۹۷۵ء، ص ۴۔)

تمام معاصر علماء و مشائخ آپ کو محبت و احترام کی نگاہ سے دیکھتے تھے، ایک مرتبہ آپ امام المحدثین مولانا سید دیدار علی شاہ قدس سرہ سے ملاقات کرنے کے لئے حزب الاحناف لاہور تشریف لائے، اس وقت امام المحدثین یہ حدیث بیان کر رہے تھے:

''النظر الی علی عبادۃ'' (الصواعق المحرقہ، ص ۱۲۳)

اور اس کا ترجمہ یہ فرما رہے تھے:

''علی مرتضی کی زیارت عبادت ہے''

حضرت میاں صاحب نے بے ساختہ فرمایا، حضرت یوں کیوں نہیں کہتے؟

''دیدار علی عبادت ہے''

۱۹۷۱ء میں یوم رضا کے موقع پر آپ نے مختصر پیغام میں فرمایا:

Marfat.com

اعز محترم محبّ الفقراء و المساکین محمد عارف رضوی صاحب زاد محسبتکم وعلیکم السلام بعد سلام مسنون و دعا خیر واضح رائے عالی ہو کہ حضرت علامہ مولانا احمد رضا خاں قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمات محتاج بیان نہیں۔ ع

آفتاب آمد دلیل آفتاب

الداعی

(پیغامات یوم رضا) علی محمد بقلم خود

۱۰/ محرّم ۲۸/ جنوری ۱۳۹۵ھ/ ۱۹۷۵ء بروز منگل آفتاب شریعت وطریقت وحید العصر، فرید الدھر حضرت میاں علی محمد خان چشتی نظامی فخری قدس اللہ سرہٗ کا لاہور میں وصال ہوا، ان کی آخری آرام گاہ حضرت خواجہ گنج شکر رضی اللہ عنہ کی درگاہ شریف میں بنائی گئی۔

استاذ العلماء مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا سید ابوالبرکات دام ظلہ العالی نے تعزیت نامہ میں فرمایا:

''حضرت میاں علی محمد خاں صاحب رحمتہ اللہ علیہ سلسلہ چشتیہ کے بزرگ، سلف صالحین کی یادگار، تقویٰ، پرہیز گاری کی جیتی جاگتی تصویر تھے، حضرت میاں صاحب علیہ الرحمۃ عالم دین، واقفِ رموز معرفت واسرار تصوف اور عالم باعمل تھے۔ آہ! اب وہ پیکر حسن سیرت وصورت، ظاہری آنکھوں سے اوجھل ہو گئے۔'' [۱۰۰]

Marfat.com

۷۸۷

3 - FEB 1975

PAK PATTAN

حب الفقراء المساکین صاحب الحاج مہر عارف صاحب ۔ السلام

علیکم ورحمۃ اللہ

واقعی مریدین تو لاوارث اور یتیم ہو گئے ہیں ۔

خداوند کریم ان پر اپنی رحمتیں اور برکتیں

نازل فرمائے ۔ اور ہمیں ان کے زیر سایہ

ہمیں رکھے ۔ والسلام

پوسٹ کارڈ

POST CARD

PAKISTAN 10 PAISA

نام الحاج مہر عارف صاحب قادری حب الفقراء المساکین

پتہ عاشق نبی صلی اللہ علیہ وسلم

ڈاکخانہ رود سٹریٹ 2

ضلع لاہور

منجانب احقر

پتہ

حضرت قبلہ میاں صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے مرید و خادم خاص
زبدۃ الحکماء حکیم شمس الدین رحمتہ اللہ علیہ چشتی نظامی کا
مکتوب احقر فقیر قادری کے نام

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مولانا سید سلیمان اشرف بہاری رحمتہ اللہ علیہ

مولانا سید سلیمان اشرف بہاری محلّہ میر داد قصبہ بہار شریف ضلع پٹنہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم یہیں حاصل کی، بعد میں جون پور کے مدرسہ حنفیہ میں حضرت استاذ العلماء مولانا ہدایت اللہ فاضل رامپوری سے براہ راست اکتساب علم کیا اور درسیات تمام کر کے سند فراغت حاصل کی۔ قادر الکلام مقرر تھے۔ ۱۹۰۲ء میں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں صدر شعبہ علوم اسلامیہ مقرر ہوئے۔

ڈاکٹر سید عابد علی سابق ڈائریکٹر بیت القرآن لاہور بیان کرتے ہیں۔

استاد محترم سید سلیمان اشرف پر حضرت مولانا بریلوی کا اتنا اثر تھا کہ میں نے مولانا احمد رضا خان قدس سرہٗ کی عظیم شخصیت کا اندازہ دراصل استاد محترم کی شخصیت ہی سے لگایا۔ مجھے مولانا سلیمان اشرف سے شرف تلمذ کے علاوہ ان کا انتہائی قرب بھی رہا اور میں دیکھتا کہ اکثر مولانا بریلوی رضی اللہ عنہ کا ذکر چھیڑ دیتے اور یوں محسوس ہوتا کہ اکثر ان ہی کے تصور میں مگن رہتے۔ حتی کہ استاد محترم کی طبیعت ان ہی کے رنگ میں رنگی گئی تھی اور اپنے معتقدات اور ایمانیات میں منطقی استدلال اور علوم عقلیہ میں خوش کلامی اور قوت بیان میں مولانا کے انداز اور کیفیات کو اپنا چکے تھے۔ غیر اسلامی شعائر کی مذمت میں تشدد، کانگرس اور ہندوں کی ہمنوائی کرنے والے لیڈروں اور عالموں کے متعلق سخت گیر رویہ، مشرکین کو نجس سمجھنا اور ان کے معاملہ میں کسی قسم کی مداھنت روا نہ رکھنا، یہ سب صفات دونوں بزرگوں میں مشترک تھیں۔ اسی طرح عشق رسول (ﷺ) کے معاملہ میں طبیعت کا ایک والہانہ انداز بھی سید صاحب میں حضرت فاضل بریلوی ہی کی طرف سے آیا تھا۔ لباس اور وضع قطع میں بھی استاد محترم حضرت مولانا کا تتبع فرماتے۔ حتی کہ مجھے یاد ہے کہ آپ عمامہ

Marfat.com

بھی اسی انداز کا رکھتے جیسا کہ حضرت مولانا مرحوم (سیدنا اعلحضرت رضی اللہ عنہ) استعمال فرماتے تھے۔

(ڈاکٹر سید عابد علی: مقالات یوم رضا، لاہور ۱۹۷۱ء)

مولوی سید سلیمان ندوی یوں لکھتے ہیں۔

مرحوم خوش اندام، خوش لباس، خوش طبع، نفاست پسند، سادہ مزاج اور بے تکلف تھے۔ ان کی سب سے بڑی خوبی ان کی خودداری اور اپنی عزت نفس کا پاس تھا۔ ان کی ساری عمر علی گڑھ میں گزری۔ جہاں امرا اور ارباب جاہ کا تانتا لگا رہتا تھا۔ مگر انہوں نے کبھی کسی کی خوشامد نہیں کی اور نہ ان میں سے کسی سے دب کر یا جھک کر ملے جس سے ملے برابری سے ملے اور اپنے عالمانہ وقار کو پوری طرح ملحوظ رکھ کر علی گڑھ کے سیاسی انقلاب کی آندھیاں بھی ان کو اپنی جگہ سے نہ ہلا سکیں۔ ان کی قیام گاہ ایک درویش کی خانقاہ تھی جو آتا جھک کر آتا۔ اگر مجلس سازگار ہوتی تو دعائیں لے کر گیا ورنہ الٹے پاوں ایسا واپس آیا کہ پھر ادھر کا رخ نہ کیا۔ ان کی تقریر و وعظ میں بڑی دلچسپی اور گرویدگی تھی۔

(سید سلیمان ندوی : معارف اعظم گڑھ ، جون ۱۹۳۹ء)

خواجہ حسن نظامی، سید صاحب رحمتہ اللہ علیہ کا حلیہ بیان کرتے ہیں:

گورا رنگ، مضبوط جسم، گنجان داڑھی، تیز و چمکدار آنکھیں، عمر پچاس کے قریب بہار میں مکان ہے۔ علی گڑھ میں دینیات کے پروفیسر ہیں۔ صوفیانہ مشرب رکھتے ہیں۔ کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ تقریر ایسی تیز اور مسلسل کرتے ہیں جیسے ای۔ آئی۔ آر کی ڈاک گاڑی، دوران تقریر صرف درود شریف پڑھنے کے لئے تھوڑی دیر وقفہ ہوتا ہے۔ ورنہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہمالیہ کی چوٹی سے گنگا کی دھارا نکلی ہے جو ہردوار تک کہیں رکنے اور ٹھہرنے کا نام نہیں لے گی۔ بیان کی ایسی روانی آج کل ہندوستان کے کسی عالم میں نہیں ہے۔ تقریر میں محض الفاظ ہی نہیں ہوتے ، بلکہ ہر فقرے میں دلیل اور علمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔

(خواجہ حسن نظامی: درویش جنتری ۱۹۲۳ء)

Marfat.com

حضرت علامہ سید سلیمان اشرف رحمتہ اللہ علیہ کثیر التصانیف تھے۔

فارسی شعر و ادب کی تاریخ میں ''الانہار'' لکھی، حج کے موضوع پر ایک کتاب ''الحج،، لکھی اس کے علاوہ دو قومی نظریہ کی وضاحت اور حمایت میں ''النور'' اور ''الرشاد'' بھی آپ کی مایہ ناز تصانیف ہیں۔

عربی زبان کی فضیلت و برتری پر ''المبین'' نامی کتاب تالیف کی۔ مشہور مستشرق پروفیسر براؤن نے المبین دیکھ کر کہا مولانا نے اس عظیم موضوع پر اردو میں یہ کتاب لکھ کر ستم کیا ہے، عربی یا انگریزی میں ہوتی تو کتاب کا وزن اور وقار بڑھ جاتا۔ [۱۰۱]

مولانا نے ''المبین'' کا ایک نسخہ ڈاکٹر اقبال کو بھی بھجوایا تھا۔ اتفاقاً کچھ دن بعد اقبال علی گڑھ گئے۔ تو دوران ملاقات اس کتاب کی بڑی تعریف کی اور کہا۔

''مولانا آپ نے عربی زبان کے بعض ایسے پہلوؤں پر بھی روشنی ڈالی ہے جن کی طرف پہلے کبھی میرا ذہن منتقل نہیں ہوا تھا۔''

(رشید احمد صدیقی، پروفیسر۔ گنجہائے گرانمایہ صفہ ۴۱)

۵/ ربیع الاول ۱۳۵۸ھ/ ۲۵/ اپریل ۱۹۳۹ء میں علی گڑھ میں وصال ہوا۔ یونیورسٹی کے قبرستان میں شیروانیوں کے احاطہ میں دفن ہوئے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مولانا سید خادم حسین رحمتہ اللہ علیہ

مولانا سید خادم حسین ولد پیر جماعت علی شاہ محدث علی پوری تقریباً ۱۲۹۴ھ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم علی پور سیالکوٹ میں حاصل کی حافظ قاری شہاب الدین سے کلام مجید حفظ کیا اور لاہور آ کر اورنٹیل کالج لاہور سے مولوی فاضل کا امتحان پاس کیا۔ بعد میں تحصیل و تکمیل علم کے لئے کانپور پہنچے اور کچھ دن قیام کے بعد حضرت محدث سورتی کی خدمت میں حاضر ہو کر دورہ حدیث کی سند حاصل کی آپ نہایت ذہین اور لائق طالب علم تھے یہی وجہ ہے کہ حضرت محدث سورتی آپ سے بے پناہ محبت فرماتے تھے۔ منیۃ المصلی کی تدریس کے دوران آپ کی گذارش پر حضرت محدث سورتی نے منیۃ المصلی کی شرح التعلیق المجلی کے نام سے لکھی اور اس کی غرض تصنیف بیان کرتے ہوئے اپنے شاگرد عزیز مولانا سید خادم حسین کی ذہانت کی تعریف کی ہے۔ آپ کے ہمدرس طلبہ میں مولانا ضیاء الدین مدنی اور مولانا فضل حق رحمانی شامل تھے۔ سیرت امیر ملّت کے مولفین نے مولانا خادم حسین کے ضمن میں حضرت محدث سورتی کا تذکرہ نہیں کیا۔ جبکہ مولانا محمود احمد قادری نے تذکرۂ علماء اہلسنت میں مولانا خادم حسین کو حضرت محدث کا شاگرد لکھا ہے۔

مولانا سید خادم حسین نے فراغت علم کے بعد درس و تدریس کو اپنا مشغلہ بنا لیا اور مدرسہ نقشبندیہ علی پور سیداں میں ایک عرصہ تک آپ کا فیض جاری رہا۔ آپ کو مطالعہ کا بے پناہ شوق تھا۔ چنانچہ آپ نے نادر اور قیمتی کتب کا ایک قابل قدر ذخیرہ جمع کیا تھا۔ جو بعد میں مدرسہ نقشبندیہ کے لئے وقف کر دیا۔ آپ ریل کے ایک حادثہ میں شدید زخمی ہو کر ۲۲ر اکتوبر ۱۹۵۱ء کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ آپ کے صاحبزادے مولانا سید نذر حسین شاہ آپ کے علمی جانشین ہیں۔ [۱۰۲]

Marfat.com

حضرت قطب مدینہ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ حضرت پیر سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری رحمتہ اللہ علیہ کی معیت میں حضرت پیر سید خادم حسین شاہ رحمتہ اللہ علیہ مدینہ منورہ حاضر ہوئے۔ ان کا علمی مقام بہت بلند تھا۔ فقیر نے حضرت پیر صاحب (پیر سید جماعت علی شاہ رحمتہ اللہ علیہ) سے کہا کہ پیر سید خادم حسین صاحب سے ملاقات کے بعد میں محسوس کرتا ہوں کہ آپ کے بعد یہ کام سنبھال لیں گے۔ پیر صاحب رحمتہ اللہ علیہ خوش ہوئے اور فرمایا۔ یہ عربی مجھ سے زیادہ جانتا ہے۔ (فقیر قادری)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت مولانا سید محمد دیدار علی رحمتہ اللہ علیہ

امام المحدثین حضرت مولانا سید محمد دیدار علی شاہ الوری قدس اللہ سرہ العزیز کا تذکرہ ہوتا تو **قطب مدینہ** فرماتے :

"اُس وقت پنجاب میں دو عالم ایسے تھے، جنہوں نے اسلام کی نصرت کے لئے بہت کام کیا۔ایک تو حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی رحمتہ اللہ علیہ اور دوسرے حضرت علامہ مفتی سید دیدار علی شاہ رحمتہ اللہ علیہ۔"

(فقیر قادری)

مرجع الفقہاء والمحدثین مولانا ابو محمد سید محمد دیدار علی شاہ ابن سید نجف علی ۱۲۷۳ھ/ ۱۸۵۶ء بروز پیر محلّہ نواب پورہ، الور میں پیدا ہوئے، آپ کے عمِ مکرم، باخدا بزرگ مولانا سید نثار علی شاہ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے آپ کی ولادت سے قبل آپ کی والدہ ماجدہ کو بشارت دیتے ہوئے فرمایا:

"بیٹی! تیرے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا جو دینِ مصطفوی (ﷺ) کو روشن کریگا، اس کا نام دیدار علی رکھنا۔"

آپ کا سلسلہ نسب حضرت امام موسیٰ رضا رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ہے۔آپ کے آباء و اجداد مشہد سے ہندوستان آئے اور الور میں قیام پذیر ہوئے۔آپ نے صرف ونحو کی ابتدائی کتابیں الور میں مولانا قمر الدین سے پڑھیں، مولانا کرامت اللہ خاں سے دہلی میں درسی کتابوں اور دورہ حدیث کی تکمیل کی، فقہ ومنطق کی تحصیل مولانا ارشاد حسین رام پوری

Marfat.com

سے کی، سندِ حدیث مولانا احمد علی محدث سہارنپوری اور حضرت مولانا شاہ فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی سے حاصل کی، حضرت شیخ الاسلام پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی اور مولانا وصی احمد محدث سورتی آپ کے ہم درس تھے۔آپ سلسلہ نقشبندیہ میں حضرت مولانا فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی کے مرید اور خلیفہ تھے، سلسلہ چشتیہ میں حضرت مولانا سید علی حسین کچھوچھوی اور سلسلہ قادریہ میں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی کے خلیفہ مجاز ہوئے۔

حضرت مولانا سید دیدار علی شاہ اور صدرالافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین مرادآبادی کے درمیاں بڑے گہرے دوستانہ مراسم تھے۔ایک مرتبہ حضرت صدرالافاضل نے اعلی حضرت امام احمد رضا بریلوی کا ذکر کیااور ملاقات کی رغبت دلائی، حضرت سید المحدثین نے فرمایا:

'' بھائی مجھے ان سے کچھ حجاب سا آتا ہے، وہ پٹھان خاندان سے تعلق رکھتے ہیں اور سنا ہے، طبیعت سخت ہے۔''

لیکن حضرت صدرالافاضل دوستانہ روابط کی بناء پر بریلی لے ہی گئے، ملاقات ہوئی تو حضرت مولانا نے عرض کی حضور مزاج کیسے؟ اعلیٰ حضرت نے فرمایا :

'' بھائی کیا پوچھتے ہو پٹھان ذات ہوں، طبیعت کا سخت ہوں ''

کشف کی یہ کیفیت دیکھ کر مولانا کی آنکھوں میں آنسو آ گئے، سرِ عقیدت نیاز مندی سے جھکا دیا اس طرح بارگاہ رضوی سے نہ ٹوٹنے والا تعلق قائم ہو گیا۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ نے حضرت مولانا سید دیدار علی شاہ قدس سرہ اور آپ کے قابلِ صد فخر فرزند مفتی اعظم پاکستان مولانا سید ابوالبرکات رضی اللہ تعالیٰ عنھما کو تمام کتب فقہ حنفی کی روایت کی اجازت عطا فرمائی اور اجازت و خلافت عطا فرماتے ہوئے تمام اوراد و وظائف کی اجازت فرمائی ۔تکمیلِ علوم کے بعد ایک سال مدرسہ اشاعت العلوم، رامپور میں رہے۔سنہ ۱۳۲۵ھ/سنہ ۱۹۰۷ء میں الور میں قوت الاسلام کے نام سے ایک دارالعلوم قائم کیا، پھر لاہور تشریف لا کر جامعہ نعمانیہ میں فرائضِ تدریس انجام دیتے رہے۔سنہ ۱۳۳۵ھ/ سنہ ۱۹۱۷ء میں مولانا ارشاد حسین رام پوری کے ایماء پر آگرہ میں

Marfat.com

شاہی مسجد کے خطیب اور مفتی کی حیثیت سے تشریف لے گئے ۱۳۴۰ھ/ ۱۹۲۲ء میں دوبارہ لاہور تشریف لائے اور مسجد وزیر خاں میں خطابت کے ساتھ درس وتدریس کا سلسلہ شروع کیا۔

۱۳۴۳ھ/۱۹۲۵ء میں مرکزی انجمن حزب الاحناف قائم کی اور دار العلوم حزب الاحناف کی بنیاد رکھی، جہاں سے سینکڑوں علماء، فضلاء اور مدرسین پیدا ہوئے۔ آج پاکستان کا شاید ہی کوئی شہر یا دیہات ہوگا جہاں حزب الاحناف کے فارغ التحصیل علماء دینی خدمات انجام نہ دے رہے ہوں۔

حضرت کی ذات ستودہ صفات محتاجِ تعارف نہیں، بے باکی اور حق گوئی آپ کی طبیعت ثانیہ بن چکی تھی، مخالفتوں کے طوفان آپ کے پائے ثبات کو جنبش نہ دے سکے، دنیا کی کوئی طاقت انہیں مرعوب نہ کر سکتی تھی، علم وفضل کے تو گویا سمندر تھے، کسی مسئلے پر گفتگو شروع کرتے تو گھنٹوں بیان جاری رہتا۔ سورۂ فاتحہ کا درس ایک سال میں ختم ہوا۔ آپ کے خلوص وایثار، زہد وتقوی، سادگی اور اخلاق عالیہ کے مخالف وموافق سبھی معترف تھے۔ سنیت اور حنفیت کے تحفظ اور فروغ کے لئے آپ نے نہایت اہم خدمات انجام دیں، غازی کشمیر مولانا سید ابوالحسنات قادری صدر جمعیت علماء پاکستان (رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ) اور مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا ابوالبرکات شیخ الحدیث دار العلوم حزب الاحناف لاہور رضی اللہ عنہ آپ ہی کے فضل وکمال کے عکسِ جمیل ہیں۔ آپ عربی، اردو اور فارسی میں شعر بھی کہتے تھے۔ آپ کے دیوان پختگی کلام پر شاہد ہیں۔

۲۲ رجب المرجب، ۲۰/ اکتوبر ۱۳۵۴ھ/ ۱۹۳۵ء کو اپنے رب کریم کے دربار میں حاضر ہوئے اور جامع مسجد اندرون دہلی دروازہ لاہور میں دفن ہوئے، مولانا ابوالحسنات رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے قطعہ تاریخ وصال کہا جس کا تاریخی شعر یہ ہے ؎

حافظ پسِ سر کوبی اعداء شریعت

"دیدار علی یافتہ دیدار علی را"

۱۰۳ ۱۳ ۵۴

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ دہلوی علیہ الرحمہ

امام احمد رضا محدث بریلوی علیہ الرحمہ کے حوالہ سے جو لوگ مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ سے متعارف تھے۔۔۔انہی میں امام احمد رضا محدث بریلوی علیہ الرحمہ کے خلیفۂ اجل مفتی ضیاء الدین مدنی علیہ الرحمہ تھے۔۔۔جن کا حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ نے اپنے خطوط میں ذکر فرمایا۔

(ڈاکٹر پروفیسر محمد مسعود احمد)

آپ دہلی کے ممتاز عالم وفقیہ شاہ محمد مسعود مجددی کے فرزند ارجمند حضرت علامہ مفتی محمد سعید احمد کے ہاں ۱۵/ رجب ۱۳۰۳ھ / ۲۱/ اپریل ۱۸۸۲ء کو پیدا ہوئے۔

حضرت مفتی اعظم دھلوی سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ میں حضرت سید امام علی شاہ قدس سرہ کے فرزند اور جانشین حضرت سید صادق علی شاہ صاحب سے ۱۸۹۸ء میں بیعت ہوئے۔اس وقت آپ کی عمر صرف ۱۴ سال تھی۔حضرت سید صادق علی شاہ قدس سرہ نے اپنے استاد محترم حضرت شاہ محمد مسعود قدس سرہ کے خلیفہ خاص حضرت شاہ رکن الدین قدس سرہ کے ذریعے حضرت مفتی اعظم دھلوی کو طلب فرمایا اور بیعت طریقت سے سرفراز فرمانے کے بعد ایک ہی توجہ میں علوم باطنی سے مالا مال فرما دیا اس طرح حضرت مفتی اعظم دھلوی علوم ظاھری کی تکمیل سے پہلے ہی علوم باطنی سے سرفراز ہو گئے۔

آپ کے جد امجد کے خلیفہ خاص حضرت شاہ رکن الدین نے سلوک کی منازل طے کرائیں اور ۷ ابرس کی عمر میں اجازت و خلافت عطا فرمادی۔آپ کو سلسلہ قادریہ، چشتیہ اور سہروردیہ میں بھی اجازت وخلافت تھی۔

Marfat.com

حضرت مفتی اعظم دھلوی مسجد فتح پوری کے امام وخطیب ہی نہ تھے بلکہ روحانیت کا ایک مینارہ نور تھے۔آپ کا زہد وتقویٰ، خشیت الٰہی اور عشق رسول (ﷺ) اپنی مثال آپ تھے، دہلی کے ایک علمی گھرانے کے دانشور مسلم احمد نظامی فرماتے ہیں:

"حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ اسلامی حسن اخلاق کا بہترین نمونہ تھے، یہ عاجز اپنی کم عمری سے حضرت مفتی اعظم سے قریب رہنے کا شرف رکھتا ہے اور الحمدللہ کہ حضرت کے دست حق پرست پر شرف بیعت بھی حاصل ہے، اس لئے اس عاجز نے بہت قریب سے حضرت کے شب وروز کے معمولات کا مشاہدہ کیا ہے، اس لئے میں بلا مبالغہ یہ کہنا حقیقت پر مبنی سمجھتا ہوں کہ حضرت کی حیات طیبہ کا ہر پہلو شریعت و سنت کا چلتا پھرتا نمونہ تھا۔عبادت وریاضت باوجود یہ کہ زندگی کا ایک ذاتی پہلو ہے مگر اس زہد، ورع کا اثر اخلاق پر جس انداز سے حضرت مفتی اعظم کی ذات میں ظاہر تھا اس کا جواب ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔"

آپ کی حیات طیبہ اتباع شریعت وسنت میں حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی سیرت کا آئینہ تھی جس کا اعتراف آپ کے ہمعصر اکابر علماء ومشائخ نے خود کیا۔ چنانچہ مسلم نظامی نے ایک مرتبہ حضرت محدث اعظم کچھوچھوی رحمۃ اللہ تعالی علیہ سے عید میلاد النبی (ﷺ) کے مبارک موقع پر جامع مسجد فتح پوری میں بگوش خود سنا ہے کہ:

"دلی کے مسلمانو۔!تم خوش نصیبی میں عالم اسلام میں سب سے آگے ہو کیونکہ تم اپنی آنکھوں سے اس ذات مقدس کو دیکھ رہے ہو جس کی صورت وسیرت صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے عین مطابق ہے۔"

آپ نے شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے فارسی ترجمہ قرآن کو اردو میں منتقل کیا تھا، یہ ترجمہ لاہور سے شائع ہونے والا ہے۔

حضرت مفتی اعظم دھلوی علیہ الرحمہ شاتم اور گستاخِ رسول کو کافر سمجھتے تھے۔ایک

Marfat.com

مرتبہ دہلی میں ایک نجی محفل میں حضرت مفتی اعظم دھلوی نے ایک متبحر عالم سے (جن کا رویہ گستاخانِ رسول کے بارے میں ذرا نرم تھا) بعض علماء کے گستاخانہ کلمات کے بارے میں استفسار فرمایا، استفسار کا انداز ذرا نرم تھا جس سے وہ غلط فہمی میں مبتلا ہو گئے اور ان کلمات شنیعہ کی تاویل کر کے فیصلہ قائلین کے حق میں سنانا چاہتے تھے کہ حضرت مفتی اعظم دھلوی کو جلال آ گیا اور ان سے فرمایا'' آپ کیا کہتے ہیں؟'' وہ عالم اس قدر گھبرائے کہ ان کی گھبراہٹ دیدنی تھی موقع کی نزاکت کے پیش نظر انہوں نے فوراً گستاخانِ رسول کے خلاف فیصلہ صادر فرما دیا اور اطمینان کا سانس لیا۔

حضرت مفتی اعظم دھلوی کی کوشش سے دہلی میں جلسہ عید میلاد النبی (ﷺ) کا آغاز ہوا چنانچہ دبدبہ سکندری (رام پور) میں خواجہ محمد حسن زیدی نے اس پہلو پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھا:

'' مرشد طریقت حضرت جناب الحاج مفتیِ اعظم دھلوی مولانا مظہر اللہ صاحب مجددی خطیب وامام جامع مسجد دہلی نے مجلس عید میلاد اس وقت شروع کی جب کہ دہلی میں چاروں طرف توہب اور غیر مقلدیت کے گھٹا ٹوپ بادل چھائے ہوئے تھے اور کوئی صحیح العقیدہ مسلمان بارہ ربیع الاول کو یہ بھی نہیں جانتا تھا کہ یہ ایک دن ہے اور اس کی کیا اہمیت ہے۔ حضرت ممدوح ہی کی وہ ذات قدسی صفات ہے جس نے جشن عید میلاد النبی (ﷺ) سے اہل دہلی کو روشناس کرایا۔''

اس محفل کا مزاج نہایت باوقار و سنجیدہ ہوتا تھا، اس محفل کے بعد دوسری کسی محفل میلاد میں یہ روحانی لطف و سرور میسر نہ آسکا، جامعہ مدنیہ لاہور کے ایک عالم مولانا محمد مبین احمد بھی چالیس سال قبل اس محفل میں شریک ہوئے۔ چالیس سال گزر جانے کے بعد اس محفل کی یاد ان کے دل سے نہ مٹی اور مضطربانہ میرِ محفل حضرت مفتی اعظم دھلوی کے مزار قدس پر لاہور سے دہلی حاضر ہوئے، موصوف حضرت کے فرزند ماہرِ رضویات پروفیسر ڈاکٹر

Marfat.com

محمد مسعود احمد مدظلہ کو ایک مکتوب میں لکھتے ہیں:

''مجھے جو چیز کھینچ کر لے گئی تھی وہ حضرت مولانا مفتی مظہر اللہ صاحب قدس سرہ العزیز کی روحانیت تھی، چالیس سال پہلے کی بات ہے میلاد النبی (ﷺ) کی تقریب میں گیارہویں، بارہویں، شب کو میں رات بھر مسجد فتح پوری میں رہا سیرت پاک کے موضوع پر تقاریر ہوتی رہیں لیکن حضرت مولانا مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ، عشاء سے صبح صادق تک مجلس میں شریک رہے اور خاموشی سے درود پاک پڑھتے رہے، ان کی صورت، ان کی سیرت یاد آتی ہے۔ وہ ایک شریف، نفیس اور پاکیزہ مزاج مسلمان تھے۔''

حضرت صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین مرادآبادی علیہ الرحمہ اس محفل پاک میں شرکت کے لئے ہر سال بالالتزام تشریف لاتے تھے، ماہنامہ السواد الاعظم (مرادآباد) نے اس پہلو پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھا ہے:

''ربیع الاول کی بارہویں شب کئی سال سے دہلی کے حصے میں آگئی ہے اور وہاں حضرت مولانا مولوی مظہر اللہ صاحب امام مسجد فتح پوری اور صوفی عبدالصمد صاحب دو نہایت مقدس ہستیاں ہیں اور حضرت صدر الافاضل مدظلہ کو ان حضرات کے ساتھ بہت محبت و مودت ہے اس لئے باوجود نہایت کشمکش کے یہ وقت دہلی کے لئے مخصوص کر دیا جاتا ہے۔''

محفل عید میلاد النبی (ﷺ) کے علاوہ دہلی میں حضرت مفتی اعظم دھلوی اور حضرت صدر الافاضل کی تائید وحمایت اور حضرت مولانا ناصر جلالی کی تحریک پر جلوس بڑے اہتمام سے نکلتا تھا۔

آپ سراپا روحانیت تھے آپ کے تصور سے سوتے ہوئے دل جاگ جایا

Marfat.com

کرتے۔ چنانچہ مشرقی پنجاب (بھارت) کے ایک نومسلم فاضل ومحقق پروفیسر سردار جوگندر سنگھ (مرحوم) سیدی استاذی مخدوم ومحترم علامہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب مدظلہ کے نام ایک مکتوب میں لکھتے ہیں:

"اور آپ (شاہ مظہر اللہ) کا چہرہ مبارک تصور میں لانے سے
فوراً دل یادالہیٰ میں مصروف ہوجاتا ہے"

سبحان اللہ جب تصور کا یہ عالم ہے تو پھر صحبت کا کیا عالم ہوگا۔

حضرت مفتی اعظم دھلوی بھی تحریک آزادی میں سرگرم رہے البتہ سیاسی معاملات میں ہمیشہ شریعت کو پیش نظر رکھا۔ تحریکِ خلافت کے آغاز (۱۹۱۹ء) میں کچھ عرصہ شریک رہے لیکن جب تحریکِ ترک موالات (۱۹۲۰ء) کا آغاز ہوا تو اس سے علیحدہ ہوگئے اور ہندو مسلم اتحاد کے خلاف فتویٰ دیا، اس فتوے کی بنیاد سیاسی نہ تھی بلکہ خالصتاً شرعی تھی۔

آپ نے ہمیشہ سیاسی معاملات کو شریعت کی کسوٹی پر پرکھا اور اس دینی اور سیاسی بصیرت کا ثبوت دیا جو ان کے معاصرین علماء میں ماسوائے چند ایک کے کسی کو حاصل نہ تھی۔ اس وقت کے اکابر علماء ومشائخ اہل سنت سے آپ کے قریبی ومخلصانہ تعلقات تھے۔ اعلحضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمتہ اللہ علیہ کے خلفاء صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین مرادآبادی اور مبلغ اسلام علامہ محمد عبدالعلیم صدیقی میرٹھی (والد ماجد علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی) سے نہایت قربت تھی یہ حضرات آپ کی محافل میں برابر خطاب کرنے تشریف لایا کرتے تھے۔ محمد علی جناح اور شہید ملت لیاقت علی خاں بھی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے ان قائدین کو بھی قرآن وسنت کی پابندی کی تلقین فرمائی۔

حضرت مفتی اعظم دھلوی وصال سے کئی برس قبل مخلوق سے بے نیاز وبے تعلق ہو کر واصل باللہ اور باقی باللہ کے منصب پر فائز ہو چکے تھے۔ اب صرف عالم فانی کے سفر کا انتظار تھا، سو وہ گھڑی بھی جلد ہی آ پہنچی اور ۱۴/ شعبان ۱۳۸۶ھ، ۲۸/ نومبر ۱۹۶۶ء کی شام جب سورج غروب ہو رہا تھا، علم وعرفان کا یہ آفتاب درخشاں بھی غروب ہوگیا۔ جامع مسجد

Marfat.com

شاہجہانی (دہلی) میں نماز جنازہ کے بعد جامع مسجد فتح پوری دہلی میں آپ کو مستقل آغوش رحمت سے ہم آغوش کر دیا گیا۔

اس وقت آپ کے صاحبزادہ ممتاز مصنف و محقق ماہر رضویات حضرت علامہ پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد مدظلہ (سابق ایڈیشنل سیکریٹری، وزارت تعلیم حکومت سندھ) اور ہندوستان میں آپ کے پوتے علامہ ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد مسند رشد و ہدایت پر متمکن ہیں۔ [۱۰۴]

بردة (جبة) السيدة فاطمه الزهراء من الصوف جملي اللون ومبطنة من الداخل في بعض الأجزاء بقماش قطني ازرق اللون البردة ثم احضارها وحفظها في متحف ثوب كاني بتركيا بعد ان وجدت ضمن المقتنيات الشخصية لاحدى الأميرات

Marfat.com

کیا فرماتے ہیں علمائے دین متینا بن شرح متین اس مسئلہ میں

کہ جب کہ حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے کیوں تجدید کرنے والے

دعا کی ہے جو کہ تجدید ملک غائب جو ہے اس مسئلہ کی حدیث

شریف سے حوالہ دیکر جواب عطا فرمائیں بینوا توجروا

راقم بی کبشی عابد عفو عنہ الصمد از مدینہ منورہ

الجواب

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجد کے واسطے دعا میں فرمائی

صحابہ نے وہاں بھیجے دعا بھیجنے عرض کی تو فرمایا کہ وہاں تو زلزلے

اور فتنے ہیں اور وہاں سے شیطان کا سینگ طلوع ہوگا۔

عن ابن عمر قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اللھم

بارک لنا فی شامنا اللھم بارک لنا فی یمننا قالوا

یا رسول اللہ وفی نجدنا فاظنہ قال فی الثالثۃ

ھناک الزلازل والفتن وبھا یطلع قرن الشیطان

واللہ اعلم بحقائق فقہ وارسلہ حکم

محمد مظہر اللہ عفی عنہ

فتویٰ حضرت مفتی شاہ محمد مظہر رحمتہ اللہ علیہ

Marfat.com

نور مطرفی التحصیل و سرور فوز الحصیل اختتام المنیل المولی المجیل
السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔ خط انگریزی مضمون ہوئے
مسرت ہوا لیکن لوگو کی زبانی جو حال سنا رکھا ہوں وہ قلب کو
سکون پر نہیں آنے دیتا مولی تعالی دے دن کرے کہ ہم تم سب
کو اب وہ عزیز رکھے استاذ محترم الحریزانی پوری قوت سے
سرفراز ہیں جب کفیہ قسیس ہے۔ فساد ات کی خبریں بالکل
بے بنیاد ہیں۔ فتح پوری میں اب جمعہ کو طرفین کی صلحنامیاں
پڑھ کر جھگڑے کی ساری کی صلحنامی میں ہی ہی ہی صلحنامی ہوئے
لگی ہیں۔ میری طبیعت ہی ہے۔ جمعہ کے بعد جھگڑے ہی
لوگوں سے پر ہو جاتا ہے۔ گلی میں اگر چہ سرکاری بیمہ
شرقی آباد میں لیکن فقیر کے اوسان درست ہیں بہتر کی
عرض کرتی ایسی شدید ہے جسکی وجہ کر تم کو فکر ہے۔
سب کو سلام مسنون دعا کہیں بعد سلام

محمد مظہر اللہ عفی عنہ

مکتوب شریف مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمۃ محررہ ۳۰ اپریل ۱۹۴۹ء از دھلی

Marfat.com

صـــورة قديمـة للمـدينـة المـنورة Old Picture of Al-Madinah Al-Mounawarah

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

بے عذاب و عتاب وحساب وکتاب
تا ابد اہلِ سنت پہ لکھوں سلام

ان علماء ومشائخ میں سے جن کا حضرت شیخ العرب والعجم سیدی
قطب مدینہ مفتی ضیاء الدین احمد قادری قدس اللہ سرہ العزیز
گاہے بگاہے ذکر خیر فرمایا کرتے تھے۔

Marfat.com



Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علامہ ابوالبرکات **سید احمد** قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

قطب مدینہ:

''اس وقت پاکستان میں حضرت علامہ ابوالبرکات سید احمد قادری جیسا کوئی دوسرا عالم نہیں، آپ نے دین کی بڑی خدمت کی ہے۔''

فقیر قادری

استاذ العلماء علامہ ابوالبرکات سید احمد قادری ۱۳۱۶ھ / ۱۹۰۶ء میں بمقام محلّہ نواب پورہ ریاست الور میں پیدا ہوئے۔ حضرت سید محمد دیدار علی شاہ الوری رحمۃ اللہ علیہ کے نامور فرزندِ ارجمند ہیں اور سادات الور کی علمی اور دینی وراثت کے امین ہیں۔ بچپن میں ہی اپنے والد مکرم کے دینی دارالعلوم قوت الاسلام کے فاضل اساتذہ کے اسباق کی سماعت سے مستفیض ہوئے۔ اس مدرسہ میں مولانا عبدالکریم، مولانا ظہور اللہ اور حضرت مولانا پردل خان صدر مدرس جامعہ نعمانیہ دہلی پڑھاتے تھے سید صاحب موصوف نے ابتدائی کتابیں مولوی عبدالکریم اور حضرت مولانا ظہور اللہ (جو آپ کے بہنوئی بھی تھے) سے پڑھیں اور دوسری کتابیں مولانا ارشاد علی الوری، مفتی زین الدین اور صوفی عبدالقیوم سے پڑھیں۔ پھر صدرالافاضل حضرت مولانا سید محمد نعیم الدین مرادآبادی کے مدرسہ اہلسنّت و جماعت مرادآباد

Marfat.com

میں داخلہ لیا اور ۱۹۲۰ء تک شمس بازغہ، میبذی صدرا اور افق المبین پڑھیں۔ مولانا فضل احمد سے شرح عقائد پڑھی اور فقہ تکمیل الفقہ اور دورہ حدیث کے لئے اپنے والد مکرم کے مدرسہ آگرہ (جوان دنوں مفتی آگرہ تھے) میں داخل ہوئے اور سندِ تکمیل علوم دینیہ حاصل کی۔

ان دنوں آگرہ علماء دین اور علماء سیاست کا مرکز تھا۔ تحریکِ خلافت زور پر تھی۔ ندوہ کی بنیاد رکھی جا چکی تھی۔ مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا عبدالماجد بدایونی (مولانا عبدالحامد بدایونی کے بھائی) مولانا فاخر الٰہ آبادی خلافت کے پلیٹ فارم پر کانگریس کے حق میں تقاریر کرتے مگر مولانا دیدار علی مفتی آگرہ اور حضرت سید صاحب موصوف ان لوگوں کی مخالفت میں جلسے کرتے جس سے مولانا دیدار علی شاہ کی شہرت سارے ہندوستان میں پھیل گئی۔

لاہور کی دینی سیاست نے حضرت کی اہمیت کو محسوس کرتے ہوئے جلسوں میں تقاریر کرنے کی دعوت دی۔ حضرت صاحب نے پنجاب کے دل میں تقاریر کر کے ذہنوں کو ایک نیا ذوق دیا چنانچہ یہاں کے عوام کے اصرار پر آپ آگرہ چھوڑ کر لاہور تشریف لے آئے۔ اور حضرت سید صاحب موصوف آگرہ کی جامع مسجد کے خطیب ہوئے۔ اپنے والد گرامی اور استاد مکرم کے ساتھ حضرت سید صاحب موصوف بریلی شریف حاضر ہوئے امام اہلسنّت اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی کی صحبت میں رہے۔ آپ ان دنوں اعلیٰ حضرت کے مدرسہ میں فتویٰ نویسی پر مامور تھے۔ مختلف استفتاء آتے۔ دوسرے علماء سمیت آپ جواب فتویٰ لکھتے اور اعلیٰ حضرت نظر ثانی فرما کر منظور کرتے اور اس طرح مسئول علیہ کو بھیج دیئے جاتے۔ اعلیٰ حضرت نے اپنے دست خاص سے سندِ اجازت لکھ کر دی۔ ان دنوں اعلیٰ حضرت کے فتاویٰ رضویہ کی جلد اوّل حسنی پریس پٹنہ میں باقاعدہ چھپنا شروع ہوئی۔ بہار

Marfat.com

شریعت کے پہلے حصے ابو العلائی پریس آگرہ میں آپ نے ہی طبع کرائے سنیوں کا تاریخی رسالہ سواد اعظم مراد آباد کا پہلا شمارہ آپ کی ادارت میں شائع ہوا۔

لاہور میں والد مکرم نے جامع مسجد داتا گنج بخش کی خطابت کے لئے طلب کیا۔ آپ غالباً ۱۹۲۳ء میں لاہور پہنچے۔ داتا گنج بخش کی جامع مسجد ان دنوں زیر تعمیر تھی۔ محرم علی چشتی، سید محمد امین اور خلیفہ مولوی تاجدین کے مشورہ سے آپ کو مسجد وزیر خان میں تدریس علوم دینیہ پر مامور کر دیا گیا۔ مسجد وزیر خاں میں ان دنوں حضرت مولانا سید دیدار علی خطابت فرماتے۔ سید صاحب کی محنت کی شہرت نے سارے پنجاب کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ طلباء جوق در جوق لاہور پہنچنے لگے اور مسجد وزیر خاں کے وسیع صحن میں دینی علوم حاصل کرنے والوں کے جمگھٹے لگ گئے۔ مرزا ظفر علی جج ان دنوں مسجد وزیر خاں کے متولی تھے انہیں طالب علموں کے اجتماع سے اختلاف تھا۔ چنانچہ حضرت مولانا دیدار علی شاہ نے مسجد وزیر خان سے استعفاء دے دیا۔ اسی اثناء میں لاہور کے سنی زعماء نے ایک دارالعلوم کی ضرورت کو بڑی شدت سے محسوس کیا۔ چنانچہ قاضی حبیب اللہ، مولوی محمد دین، حاجی شمس الدین (جسے زمیندار علامہ ٹوٹوی اور علامہ بھوسوی کے القابات سے یاد کرتا تھا) اور مولانا مہرالدین، قاضی سراج احمد جیسے نامور شاگرد زیر تعلیم تھے۔ اسی سے سید صاحب نے لوکو شاپ کے سامنے نماز جمعہ پڑھانے کا آغاز کیا (بحمداللہ ۵۰ سال تک آپ وہاں جمعہ کی نماز ادا کرتے رہے) دارالعلوم حزب الاحناف کا ابتدائی دور بڑا بے سروسامانی کا دور تھا۔ مسجد وزیر خاں سے نکلے تو لنڈا بازار، وہاں سے اُٹھے تو یکی دروازہ، پھر دائی والی کی مسجد اور بعدازاں مائی لاڈو کی مسجد میں تدریس جاری ہوئی۔ آخر کار ۱۵ر مارچ ۱۹۲۶ء کو دہلی دروازہ کے اندر تین گنبدوں والی مسجد جو شیر شاہ سوری کے

Marfat.com

زمانے کی تعمیر شدہ تھی، دارالعلوم کیلئے منتخب کی گئی۔ مسجد کی صفائی ہوئی، مرمت ہوئی پیر جماعت علی شاہ علی پوری نے پانچ سو روپیہ مسجد کی صفائی پر خرچ کیا اور نو ماہ میں یہ سنی دارالعلوم اپنی پوری تابانیوں سے جلوہ گر ہوگیا۔ ابتدائی اساتذہ میں حضرت مولانا سید دیدار علی شاہ کے علاوہ علامہ ابوالبرکات، علامہ ابوالحسنات، مولانا عبدالقیوم، مولانا عبدالحنان جیسے لوگ شریکِ تھے۔ سب سے پہلے جلسے میں پاک و ہند کے نامور سنی علماء کا اجتماع ہوا جن میں حضرت صدر الافاضل محمد نعیم الدین مرادآبادی، مولانا حامد رضا، مولانا عبدالعزیز خان، مولانا رحمت الٰہی، مولانا مشتاق احمد کانپوری، مولانا مصطفیٰ رضا، مولوی عبدالمجید پانڈے والے، مولانا عبدالمجید بنارسی، صبغۃ اللہ شہید انصاری اور مولانا حشمت علی جیسے نامور ان اہلسنّت تشریف لائے۔ اس جلسے نے پنجاب بھر میں دارالعلوم کی شہرت کو چار چاند لگا دیئے اور آگے چل کر دارالعلوم حزب الاحناف نے اتنے بڑے بڑے فاضلانِ روزگار پیدا کئے جو آسمانِ شہرت پر آفتاب و ماہتاب بن کر چمکے۔ مولانا مہر الدین، قاضی سراج احمد، مولوی محمد علی، ابوالنور مولوی محمد بشیر کوٹلی لوہاراں، مولانا حافظ مظہر الدین، مولانا غلام دین، مولانا غلام علی اوکاڑوی، مولانا تازہ گل کابلی، مولانا نوراللہ بصیر پوری، مولانا عبداللہ قصوری اور حافظ محمد عالم سیالکوٹی جیسے مایۂ ناز فرزندان، اہلسنّت تو قابل فخر ہیں۔

آپ حضرت علی حسین کچھوچھوی اشرفی سمنانی کے مرید ہیں۔ اسی نسبت سے اشرفی کہلائے۔ اپنے پیرومرشد اور استادمکرم مولانا نعیم الدین مرادآبادی کے ہمرکاب ۱۹۳۰ء میں حج بیت اللہ کو گئے اور روحانیت کی دولت سے دامنِ مراد بھر کر لوٹے اور خدمت دین میں مستغرق ہوگئے۔ لاہور ان دنوں بداعتقادیوں کے طوفانوں کی زد میں تھا۔ وہابی، دیوبندی، نیچری، مرزائی اور رافضیوں کے علاوہ کئی قسم کے دوسرے فتنے اٹھے اور

Marfat.com

سنیت کے اس کوہ الور سے ٹکرائے۔ آپ نے مولوی اشرف علی تھانوی کو لاہور میں مناظرے کیلئے للکارا مگر وہ نہ آیا۔ مولوی احمد علی کا مقابلہ کیا۔ زمیندار کی خرافات کا جواب دیا۔ مشرقی کے غلط مذہب کا پوسٹ مارٹم کیا۔ مرزائیوں سے مناظرے کیے اور چکڑالویوں کو چاروں شانے چت گرایا۔ اس سلسلہ میں آپ کی مشہور ترین تحریریں مناظرہ تلون، دبوس المقلدین، فتح المبین، مناظرہ ترن تارن، ضیاء القنادیل، وہابیوں کی کہانی اور مشرقی کا غلط مذہب کی شکل میں سامنے آئیں۔ اس سلسلہ میں آپ پر قاتلانہ حملہ ہوا مگر آپ نے اپنا کام جاری رکھا۔

آپ ۱۹۲۶ء سے ۱۹۷۸ء تک طلباءِ علوم دینیہ کو قران و حدیث کی ضیاؤں سے منور فرماتے رہے۔ طویل علالت کے بعد ۲۴ ستمبر ۱۹۷۸ء ۱۳۹۸ھ کو وفات پائی۔ [۱۰۵]

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

سیدی مجاہد اعظم محمد حبیب الرحمٰن عباسی قادری علیہ الرحمہ
کے عصا کا عکس

Marfat.com

Marfat.com

حضرت سیدی علامہ مفتی فضل الرحمٰن مدنی قادری زید مجدہ کا حضرت علامہ ابوالبرکات سید احمد قادری قدس اللہ سرہ العزیز کی وفات پر تعزیتی برقیہ۔

اناللہ و انا الیہ راجعون

حضرت قبلہ مفتی اعظم علامہ ابوالبرکات سید احمد قادری رحمتہ اللہ علیہ کی وفات سے جو میرے قلب پر صدمہ ہوا وہ نا قابل بیان ہے۔ نیز اس خبر کا سیدی والد ماجد پر بہت گہرا اثر پڑا ہے۔

آپ اعلحضرت عظیم البرکت امام احمد رضا خاں قادری قدس اللہ سرہ العزیز کے خلیفہ، اہل سنت کے مقتدا، سلف صالحین کی یادگار، عالم باعمل اور پیکر عشق و محبت تھے۔ حضرت شیخ العالم کی موت یقیناً ایک عالم کی موت ہے۔ رب العزت ممدوحِ معظم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام اہل خانہ و متعلقین کو صبر جمیل عنایت فرمائے۔ آمین۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سنوسی الہند مجاہد اعظم علامہ **محمد حبیب الرحمٰن** عباسی قادری
قدس اللہ سرہ العزیز۔ رئیس اعظم اڑیسہ۔ دھام نگر

قطب مدینہ منورہ قدس اللہ سرہ العزیز:

''حضرت مجاہد ملت علامہ مولانا محمد حبیب الرحمٰن عباسی قادری، اللہ تعالیٰ ان کی عمر شریف میں برکت دے اس وقت ان کا وجود نعمت ہے، جس کسی نے ان کو مجاہد ملت کہا ہے، حق کہا ہے اور یہ ان ہی کے لئے ہے۔ آپ موت کی گود میں بیٹھ کر برملا اظہار حق فرماتے ہیں اور دلائل و براھین سے نجدی کا منہ بند کر دیتے ہیں۔ اپنے گھر کے بڑے رئیس ہیں، اڑیسہ میں بہت اراضی ہے ان کی، سب اللہ کے راستے میں خرچ کر دی۔ مدرسہ آپ کا ہے سوا سو، ڈیڑھ سو طالب علم پڑھتے ہیں کسی سے کوئی چندہ وغیرہ نہیں لیتے اپنے گھر سے خرچ کرتے ہیں، کھانا پینا اور سب ضروریات زندگی اپنے پلے سے پوری کرتے ہیں۔''

شہزادہ اعلیٰحضرت مفتی اعظم رضی اللہ عنہ:

''فقیر پورے یقین کے ساتھ کہتا ہے کہ حضور مجاہد ملت قبلہ مدظلہ العالی کا کوئی قول و فعل ہرگز ہرگز اہل سنت کے خلاف نہیں ہے۔ اگر انہوں نے جماعت ''کل ہند خاکساراں حق'' قائم کی ہے تو اس میں انشاء اللہ تعالیٰ اہل سنت ہی کا مفاد و فائدہ ہوگا۔''

Marfat.com

سیدی فضل الرحمٰن مدنی قادری قدس اللہ سرہ العزیز:

''حضرت مولانا محمد حبیب الرحمٰن قادری قدس اللہ سرہ العزیز اہل سنت کی شمشیر برا ہنہ تھے۔حق کہنے میں کسی قسم کا کوئی خوف محسوس نہیں کرتے تھے،اپنا گوشت پوست کا ہاتھ بے ڈھرک لوہے کے ہاتھ میں دیتے تھے۔ غیروں کی حکومت اور پھران کے سامنے اپنے عقائد بیان کرنے اوران کے عقائد باطلہ کی تردید فرمانے میں اپنے زمانے میں آپ وحید اور اپنی مثال آپ تھے۔سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ سے جو آپ کو عشق تھا یہ ان ہی کا حصہ تھا۔جس نے آپ کو اپنے معاصرین میں سب سے ممتاز حیثیت اور اعلی مقام پر فائز کر دیا تھا۔ان کی مدینہ طیبہ سے محبت اور بقیع شریف کی طلب مومن کے دل کو تڑپا کر رکھ دیتی۔ اپنے مشائخ کی جس قدر تعظیم آپ فرماتے تھے،کسی دوسرے سے یہ ممکن نہ تھا۔حضرت سیدی والد ماجد رحمتہ اللہ علیہ کی نظر میں آپ کا خاص مقام اور قدر ومنزلت تھی۔''

علامہ مفتی سید مقبول حسین قادری مدظلہ الہ آبادی

''میرے آقائے نعمت حضور مجاہد اعظم قدس سرہ العزیز کہیں تشریف لے جانا چاہتے تھے۔رکشہ والے سے پانچ روپے کرایہ طے کیا اور سوار ہو گئے۔رکشہ ڈرائیور سے نام پوچھا،اس نے حامد رضا بتایا، فوراً رکشہ رکوایا اور اتر گئے۔اس کو پانچ روپے دیئے اور اس کے پاؤں کو چھوتے ہوئے فرمایا۔

'' میرے پیر کے نام والا ہے ممکن نہیں کہ اس سے خدمت لوں''

Marfat.com

سنوسی الہند مجاہد اعظم علامہ مفتی محمد حبیب الرحمٰن قادری عباسی بن ملا محمد عبدالمنان بن محمد مظہر الحق بن ملا محمد صادق، صبح صادق بروز دوشنبہ ۸ محرم ۱۳۲۲ھ میں دھام نگر ضلع بالاسور اڑیسہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا سلسلہ نسب حضرت سیدنا عباس عم النبی (ﷺ، رضی اللہ عنہ) سے ملتا ہے۔ ۹ سال کی عمر میں والد ماجد انتقال فرما گئے۔ آپ کی تعلیم و تربیت کی ذمہ داری آپ کی والدہ ماجدہ حکیمہ خاتون بنت محمد طاہر الحق نے سنبھالی۔ آپ کے ماموں ملا ابرار الحق نے انگریزی اسکول میں داخل کرا دیا، مگر آپ کی طبیعت انگریزی تعلیم کی طرف راغب نہ ہوئی۔ والدہ ماجدہ کے حکم پر انگریزی سلسلہ تعلیم بند کر کے دینی علوم کا سلسلہ شروع ہوا۔ حضرت مولانا شفقت حسین مراد آبادی رحمتہ اللہ علیہ سے فارسی کی تعلیم شروع ہوئی۔ مزید تعلیم حضرت علامہ عبدالمجید رحمتہ اللہ علیہ سے حاصل کی۔ عربی سلسلہ تعلیم حضرت علامہ مولانا عبدالعزیز و حضرت علامہ مفتی شاہ ظہور حسام حسامی مانک پوری اور حضرت مولانا مفتی عبدالصمد بالاسوری رحمتہ اللہ علیہم سے حاصل کی۔ ۹ رجب ۱۳۴۰ھ میں آپ کی شادی ہوئی۔ ۱۳۴۱ھ میں اپنے چچا کی معیت میں فریضۂ حج ادا کیا۔ ۱۳۴۲ھ میں مدرسہ سبحانیہ الہ آباد میں داخلہ لیا اور حضرت علامہ مفتی نجم الدین بہاری تلمیذ رشید سیدی مجدد اعظم امام احمد رضا خاں قادری اور حضرت علامہ حافظ عبدالکافی و حضرت علامہ مفتی عبدالرحمٰن بادشاہ پوری رحمتہ اللہ علیہم سے علوم و فنون اخذ فرمائے۔ یہاں سے اجمیر شریف جامعہ معینیہ منتقل ہو کر حضرت علامہ شاہ حامد حسین اور صدر الشریعہ حضرت علامہ مفتی امجد علی اعظمی رحمتہ اللہ علیہما سے شرف تلمذ حاصل کیا۔

یہاں آپ کے ہم سبق ساتھیوں میں حافظ الملت علامہ عبدالعزیز مبارکپوری، حضرت علامہ سردار احمد محدث اعظم پاکستان، حضرت علامہ غلام جیلانی میرٹھی، حضرت علامہ شاہ رفاقت حسین کانپوری، حضرت مولانا قاضی شمس الدین جعفری جونپوری تھے۔

اجمیر شریف سے جامعہ نعیمیہ مراد آباد حضرت صدر الافاضل سیدی نعیم الدین رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر حدیث شریف کے دورے میں شامل ہوئے۔ فراغت کے بعد جامعہ نعیمیہ میں مدرس مقرر ہوئے۔ حضرت علامہ حافظ عبدالکافی علیہ الرحمہ کے وصال

Marfat.com

کے بعد ۱۹۳۴ء میں صدر المدرسین مقرر ہوئے۔

حضرت حافظ مفتی عبدالکافی رحمتہ اللہ علیہ سے سلسلہ عالیہ قادریہ میں بیعت ہوکر مجاز و ماذون ہوئے۔ اور مندرجہ ذیل شیوخ سے خلافت و اجازت سے سرفراز ہوئے۔

- شبیہِ غوث اعظم حضرت شاہ علی حسین اشرفی کچھوچھوی رحمتہ اللہ علیہ
- حجتہ الاسلام علامہ حامد رضا خان قادری قدس اللہ سرہ العزیز
- قطبِ مدینہ منورہ سیدی علامہ ضیاء الدین احمد قادری رضی اللہ عنہ
- حضرت مولانا حکیم سید محمد احسن قدس اللہ سرہٗ
- حضرت علامہ مولانا سعد اللہ مکی رحمتہ اللہ علیہ
- حضرت مولانا شاہ ظہور حسام حسامی رحمتہ اللہ علیہ

اللہ تعالیٰ نے آپ کو علم و عمل، زہد و تقویٰ، عجز و نیاز، بردباری و انکساری، سادگی و وقار، حلم و عرفان، امارت و وجاہت اور فقر و غنا ایسی صفات سے متصف فرمایا۔ مگر آپ نے ترک امارت فرما کر اولیاء سلف صالحین کی یاد تازہ کر دی۔ ان صفات میں سے آپ اکابرین میں بلند مقام و مرتبہ والے تھے۔

آپ نے اپنی زندگی تبلیغ اسلام، مسلمانوں کی ترقی اور فلاح و بہبود کے لئے وقف کر رکھی تھی۔ ہمیشہ مسلمانوں کی حالت پر تڑپتے رہتے، اپنی ساری جاگیر تبلیغ اسلام اور مسلمانوں کی خوش حالی کے لئے صرف کر دی۔ مسلمانوں پر کفار و مشرکین جو ظلم و ستم ڈھاتے تھے ان کا دفاع کرنے کی تعلیم و تربیت پر بھرپور توجہ آخر زندگی تک رہی۔ اس غرض کے لئے ایک نیم فوجی جماعت ''کل ہند خاکسارانِ حق'' قائم کی، جس کی غرض و غایت یہ تھی کہ ہندو مسلم فسادات ہونے پر مسلمانوں کا دفاع کیا جا سکے اور یہ نام اختیار کرنے میں حکمت یہ تھی کہ اس جماعت کو بیلچہ رکھنے کی قانونی طور پر اجازت حاصل ہوگی۔ آپ بذات خود ساڑھے سات کلو وزنی بیلچہ کندھے پر اٹھائے راست چپ کی آواز سے اپنے ساتھیوں کو پریڈ کرواتے اور خود بھی پریڈ کرتے۔ جہاں کہیں مسلمانوں پر بلوہ ہوتا آپ اپنی جماعت کے ساتھ بیلچہ لئے پہنچ جاتے اور خوب ڈٹ کر دفاع فرماتے پورے جسم پر زخموں کے

Marfat.com

نشانات اس پر شاھد تھے۔

اس راہ میں طرح طرح کے مصائب و آلام برداشت کئے مگر جدو جہد مسلسل جاری رہی۔ متعدد مرتبہ قید و بند کی صعوبتوں سے دوچار ہونا پڑا مگر آپ کے پائے استقلال کو معمولی سی جنبش بھی نہ ہوئی۔ جمعیت علماء ہند اور اندرا حکومت خصوصی طور پر آپ پر ظلم و ستم کرنے، آپ کی آواز دبانے اور حراساں کرنے کا ہر طریقہ استعمال کرتی رہی مگر اس مرد حق آگاہ کے سامنے ان کی سب تدبیریں ہیچ ہوگئیں اور انہوں نے ہمیشہ ناکامی و نامرادی کا منہ دیکھا۔ آپ مجموعی طور پر تقریباً نو برس پس زنداں رہے۔ اندرا گاندھی دورِ حکومت میں آپ کو قید خانہ میں زہر کھلا دیا گیا جس کی وجہ سے آپ کی جلد پھٹ گئی، جسم میں بہت کمزوری اور لکنت پیدا ہوگئی۔ لیکن آپ مسلم کاز سے سرمو بھی نہ ہٹے تمام مصیبتیں اور اذیتیں برداشت کی، مگر آپ کی نظر ہمیشہ اور ہمیشہ اپنے مقصد پر لگی رہی۔ آپ نتائج کی پروا کئے بغیر اسلام اور مسلمانوں کے مفاد میں برسر پیکار رہے۔

ریحان ملت علامہ ریحان رضا خاں قادری رحمتہ اللہ علیہ سجادہ نشین خانقاہ عالیہ قادریہ رضویہ نے فرمایا:

''حضرت مجاہد ملت جیل میں تھے مگر غرباء و مساکین کی ایک جماعت یہ ماننے کو تیار نہ تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ حضرت فلاں دن تشریف لائے اور ہمیں اناج، کپڑا، روپے و دیگر ضروریات زندگی کا سامان عنایت فرما گئے ہیں۔ اور وہ یہ سامان بھی دکھاتے تھے، یہ بات بہت معروف تھی۔ حضرت مجاہد ملت کی زیارت کے لئے گیا تو پہلے ان لوگوں سے ملاقات کی انہوں نے سامان دکھاتے ہوئے تصدیق کی کہ آپ اکثر ہمارے ہاں تشریف لاتے ہیں اور یہ سب کچھ آپ ہی عنایت فرما گئے ہیں۔ اور ہر کوئی اپنا علیحدہ علیحدہ واقعہ بیان کرتا۔ پھر فقیر حضرت مجاہد ملت قبلہ کی زیارت کرنے جیل گیا تو دوران گفتگو یہ واقعات بیان کئے، آپ خاموش رہے۔ دوبارہ باصرار دریافت کیا تو آپ پر گریہ طاری ہوگیا۔ فرمایا۔ ''میں تو ایک

Marfat.com

گنہگار انسان ہوں، ہمارے بزرگوں کو اللہ تعالیٰ نے یہ اختیارات عنایت فرمائے ہوئے تھے۔"

آپ کے کارناموں میں سے ایک کارنامہ "آل انڈیا تبلیغ سیرت" کی بنیاد ہے۔ جس سے اہل سنت کو بڑی حد تک تقویت پہنچی ہے۔ جس کا بڑا مقصد تحفظ ناموس رسالت ہے۔ عقائد اہل سنت کا پرچار اور اہل سنت کو منظّم کرنا۔ بدمذہبوں کی تردید اور مثبت انداز میں لٹریچر مہیا کرنا۔ جہاں ضرورت ہو وہاں مناظرہ کرنا عید میلاد النبی شریف (ﷺ) پر جلسے جلوس اور سیمنار قائم کرنا۔ اہل سنت کی کتب شائع کرنے والے اداروں کے ساتھ عملی طور پر بھرپور تعاون واعانت کرنا ہے۔

حق گوئی کی پاداش میں سعودی عرب میں بھی پابند سلاسل کئے گئے۔ جب آپ کو مدینہ طیبہ میں ہتھکڑیاں پہنائی گئیں تو آپ نے ان کو چومتے ہوئے فرمایا:

"اے حبیب الرحمٰن تو اس لائق کہاں تھا کہ تجھے مدینہ طیبہ کے کنگن پہنائے جاتے۔ یہ تو ان کا کرم ہے کہ سیدِ سجاد رضی اللہ عنہ کی سنت ادا ہوگئی ہے۔"

۱۹۷۹ء میں آپ کو مدینہ منورہ میں علیحدہ جماعت کرانے کے جرم میں پکڑا گیا۔ جب رئیس المحاکم کے سامنے پیش کیا گیا تو اس نے سوال کیا۔

رئیس المحاکم : تم علیحدہ جماعت کیوں کرواتے ہو؟

مجاہد اعظم : پہلے وہابیہ کے عقائد بیاں کئے۔ اور کہا ہم یاغوث رضی اللہ عنہ یا رسول اللہ ﷺ کہنے والے ہیں۔ اور تم ہمیں مشرک بتاتے ہو۔ جب کہ تمہارے عقائد خوارج کے عقائد ہیں اور علماء اہل سنت خارجیوں سے دور رہنے کو فرماتے ہیں۔ اور تم جبکہ اہل سنت کو مشرک بتاتے ہو تو بتلاؤ بھلا تمہارے نجدی عقائد والے امام کے پیچھے ہماری نماز کیسے ہوگی؟

رئیس المحاکم: وسیلہ طلب کرنا، غیر اللہ سے مدد مانگنا، یاغوث (رضی اللہ عنہ)، یا رسول اللہ (ﷺ) کہنا، جیلانی، تیجانی، بدوی، کو پکارنا یہ سب شرک اکبر ہے۔

Marfat.com

چونکہ تم نے اقرار کیا ہے کہ تم ان سے مدد مانگتے ہو اسلئے تم مشرک ہو، اور مشرک حج نہیں کرسکتا۔ اس لئے تمہیں حج سے روکا جاتا ہے۔

مجاہد اعظم : شیعہ بھی تو یا علی، یا حسن، یا حسین کہتے ہیں ان کو کیوں حج سے نہیں روکتے؟

رئیس المحاکم : وہ تو ہمارے پیچھے نماز پڑھتے ہیں۔

مجاہد اعظم : کیا تمہارے پیچھے نماز پڑھنے سے شرک ختم ہو جاتا ہے؟

رئیس المحاکم: خاموش رہو۔ ہم نے تمیں یہاں تمہارے دلائل سننے کے لئے نہیں بلایا، تم پر حکم لگانے کے لئے بلایا ہے۔

حکم دیا کہ اس کے عقائد مشرکانہ ہیں اور مشرک حج نہیں کرسکتا، اس کو حج سے روکا جاتا ہے۔ جیل میں بھیج دیا جائے اور اس کو فریضہ حج ادا نہ کرنے دیا جائے اور حکومت کی زیر نگرانی اس کو اس کے ملک روانہ کر دیا جائے۔ اور آئندہ کبھی بھی حج پر نہیں آسکتے۔

آپ نے فرمایا: ''میں آؤں گا اور انشاء اللہ آئندہ برس ہی آؤں گا۔''

ان کے ہاں کوئی علمی قاعدہ یا قانون تو نہیں ہے، جو قاضی کے دل میں آئے وہی حکم لگا دیتا ہے۔ اسلام کو تو صرف بدنام کیا جا رہا ہے۔

آپ کو جیل میں بیڑیاں پہنائے رکھا گرمیوں کی سخت دھوپ میں لوہے کے گیٹ سے لٹکائے رکھتے اور آپ کے چہرہ مبارک پر تھپڑ مارتے۔ مختلف پوز سے فوٹو اور ہاتھوں کے نشانات لئے اور کہا کہ تم آئندہ کبھی بھی حج کے لئے نہیں آسکتے۔

الحمدللہ آئندہ برس ۱۹۸۰ء میں باوجود شدید علالت و بے حد جسمانی کمزوری کے بغداد مقدس کی حاضری کی سعادت حاصل ہوئی۔ حج کے بعد مدینہ طیبہ حاضر ہوئے اور اپنی جماعت علیحدہ ہی کراتے رہے۔ واپسی پر بمبئی میں علالت مزید بڑھ گئی، ہسپتال میں داخل کر دیا گیا۔

بروز جمعہ ۶ جمادی الثانی ۱۴۰۱ھ بمطابق ۱۳ مارچ ۱۹۸۱ء میں اپنے خالق و مالک کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔ رضی اللہ عنہ

Marfat.com

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

سیدی مجاہد ملت قدس اللہ سرہ العزیز

مرکزی مجلس رضا پاکستان کے پہلے صدر جناب محمد عارف صاحب ضیائی نہایت ہونہار اور زیرک نوجوان انسان ہیں۔ جنہیں بارہا حج و زیارت کی سعادت نصیب ہے۔ متعدد ممالک کی سیاحت کر چکے ہیں۔ بیسوں علماء کرام اور مشائخ عظام سے مل چکے ہیں۔ قطبِ مدینہ حضرت مولانا ضیاء الدین احمد قادری مدنی علیہ الرحمہ کے مرید ہیں۔ حضرت مجاہد ملت علیہ الرحمہ (سیدی مجاہد اعظم محمد حبیب الرحمٰن عباسی قادری رضی اللہ عنہ) کی دست بوس کا شرف انہیں بارہا نصیب ہوا ہے۔ موصوف کا بیان ہے کہ:

"میں نے زندگی بھر ایسا مرد مجاہد نہیں دیکھا۔ جو گستاخانِ رسول کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اپنے مشن کی تکمیل میں سرگرداں رہا ہو۔"

محمد منشاء تابش مولانا: مجاہد ملت نمبر ۱۹۸۶ء
پندرہ روزہ نوائے حبیب کلکتہ۔ صفحہ ۱۰۸

Marfat.com



سند اجازت سیدی مجاہد اعظم

Marfat.com



سند اجازت سیدی مجاہد اعظم

Marfat.com

وما توفیقی الا باللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

علیہ توکلت والیہ انیب

۷۱۷
۹۲

محبی مخلصی میاں عارف جعلک اللہ کاسمک عارفا بمحمد صلی اللہ علیہ وسلم

حامل رقعہ ہذا اکبر مقرما حاجی محمد یحیی صاحب اللہ کرے عمر میں عزیزی علی محسن سلمہ کو ملا دینا
اور مطلع کرنا کہ اس سے ملاقات ہو تو کیا بیں اسکو اوسے ملا دیا بیں۔
عزیزی اور آکر ابھی مطلع نہیں ہوئی کیا بیں ملاقات کرے تاکید کیجئے کہ ہر یا لوٹنا
ضرور انتظار نہ کریں وہ سے بہت دیر ہو جاتی ہے مجھی کہا کہ آکر گھر کا نہ کیا ہے

تمہارا مجھ سے ملنا کب ہوگا یعنی اپنے مقررہ وعدہ پر جاؤ گے ہے یا کچھ دیر میں جاؤ گے
سنا ہے کہ اکبر جہاز ۲۵ فروری کو شنی روانہ ہوئیوالا تھا اگر کی تاریخ تبدیل ہو گئی ہو
تو ممکن ہے کہ مجھ کو بھی نہ جانیکا موقع کہ تا کب روانہ ہوا اپنے تا حال خود ہی کچھ
سر دست نہیں کل ہی خدا کرے بنا بنا یا کام بن جائے مفسدہ جو لوگ خفیہ خفیہ
ان سے ملاقات ہو اور مقصد سمجھا دیں آؤ سے تو سمجھا کہنا - ذکر کرنا اپنا دیکھنا کب
ملاقات ہوتی ہے فقط والسلام فقیر محمد محمد الرحمن قادری

روز سہ شنبہ از مدینہ منورہ

مکتوب سیدی مجاہد اعظم بنام فقیر قادری

Marfat.com

مکتوب سیدی مجاہد اعظم بنام فقیر قادری

Marfat.com

مکتوب سیدی مجاہد اعظم بنام فقیر قادری

Marfat.com

مکتوب سیدی مجاہد اعظم بنام فقیر قادری

Marfat.com

۷۵۷/۹۲

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم واٰلہ وصحبہ وبارک وسلم

مخدومی زید مجدکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محمد وفا کا خط پہنچا حضرت آں محب معلوم ہوئے اس سے پہلے کوئی خط روانہ کیا جا چکا ہے شاید مل گیا ہو

اس وقت یہی احوال ہیں شاید آخر فروری اوائل مارچ جلوں کیلئے جائیں بہت جلد حاضری ہوگی آمد کی رائے بدل گئی ہے خدا نخواستہ

حرمین شریفین سے زندہ واپس آنا ثابت نہیں ہوئے آئندہ کا مالک ہے کل روانگی کا تاریخ بھی جب ہوگی

ہوائی اڈے پر پہنچنے تو وہاں آگ لگی ہوئی تھی اس لئے جہاز واپس آیا۔ خدا جانے کب روانگی ہوتی ہے اعمال بات تو

یہ ہے جیسا کردار چاہیئے ہے تب روانگی ہوگی۔ اگر موقع ملا آپ کو حضرت مولانا ضیاء الدین صاحب مدظلہ العالی مجمع الاولیاء

توسط سے مدینہ منورہ زادھا اللہ شرفا وتعظیما کے پتہ پر روانہ کیا جائے گا مولانا محمد اکرم صاحب کشمیری عجب

ہا مزاجی والے مسجد ۱۴۲ سیفی جو بلی اسٹریٹ بمبئی ۳ کے پتہ پر بھیج دیں اور کیا ہی اچھا ہوتا

کہ حرمین شریفین میں زیارت کے ساتھ ساتھ آں محب سے بھی ملاقات ہو جاتی احباب اللہ

مفتی الاعظم محمد مکرم
۲۹ شوال المکرم ۱۴۰۰ھ
۱۹ ستمبر ۱۹۸۰ء
عالمی والی مسجد ۱۴۲
سیفی جو بلی اسٹریٹ بمبئی ۳

مکتوب سیدی مجاہد اعظم بنام فقیر قادری

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھوالقادر

یاددھانی

از

سنوسی الہند مجاہد اعظم

علامہ محمد حبیب الرحمٰن عباسی قادری رضی اللہ عنہ

اے عزیز!

یادرکھ کہ تیری پیدائش کے وقت سب خنداں تھے مگر تو گریاں تھا۔ ایسا جینا جی کہ تیری موت کے وقت سب گریاں ہوں اور تو خنداں، تو اگر اخلاص سے یاد الٰہی میں تضرع وزاری کرتا ہے ہجر حبیب وفراق محبوب ﷺ میں دل تپاں سینہ بریاں، گریہ کناں رہے تو ضرور ضرور وقت انتقال وصال محبوب (ﷺ) پاکر شاداں وفرحاں اور تیرے فراق پر مخلوق نالاں و پریشان ہوگی۔

اے عزیز!

اپنے یہ عہد یادرکھ جو تو نے خدا سے اُس کے اِس ناچیز گنہگار بندے کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر کئے ہیں اور اس فقیر بے توقیر کے لئے بھی دعا کر کہ جیسی اللہ چاہے ویسی پابندی احکام خداوندی میں جیئے۔ تادم واپسیں ایسی پابندی کرتا رہے۔ آمین۔

Marfat.com

اے عزیز!

تو نے عہد کیا ہے کہ تو مذہب مہذب اہل سنت پر قائم رہے گا، ہر بد مذہب کی صحبت سے بچتا رہے گا، اس پر سختی سے قائم رہنا۔ **لا تموتن الا وانتم مسلمون** یاد رکھنا۔

اے عزیز!

یاد رکھ تو نے عہد کیا ہے کہ تو نماز روزے ہر فرض اور واجب کو بھی ان کے وقتوں پر ادا کرتا رہے گا اور گناہوں سے بچتا رہے گا۔ خدا کرے تو اپنے عہد پر قائم رہے۔ عہد توڑنا حرام ہے اور سخت عیب اور نہایت برا کام ہے۔ وفائے عہد لازم ہے اگرچہ کسی ادنیٰ سے ادنیٰ مخلوق سے کیا ہو۔ یہ عہد تو، تو نے خالق جل وعلا سے کئے ہیں۔

اے عزیز!

موت کو یاد رکھ اگر موت کو یاد رکھے گا تو انشاءاللہ تعالیٰ ہلاکت سے بچا رہے گا۔ دین وایمان سلامت لے جائے گا اور اتباع شریعت کرتا رہے گا، گناہوں سے بچتا رہے گا۔

اے عزیز!

آج جاگ لے کہ موت کے بعد سکھ، چین اطمینان وآرام کی نیند سوتا رہے گا، فرشتہ تجھ سے کہے گا نم کنومۃ العروس سن۔سن۔سن ؎

جاگنا ہے جاگ لے افلاک کے سایہ تلے　　حشر تک سوتا رہے گا خاک کے سایہ تلے

اے عزیز!

دنیا پر مت ریجھ۔ دنیا پر والہ وشیدا ہونا ہی خدا سے غافل ہونا ہے۔ دنیا خدا سے غفلت ہی کا نام ہے۔

Marfat.com

پردہ کی اہمیت

فرمایا:

عورتیں پردہ کوفرض جانیں۔ ہرنامحرم سے پردہ فرض ہےاورنہ بے پردہ پھریں نہ بے پردہ گھر میں رہیں۔ باریک کپڑے جن سے بال یابدن چمکے پہن کر پہونچوں سےاوپر کاحصہّ پاؤں کے ٹخنے کےاوپر پنڈلی کاحصہّ اور گلا، سینہ کھول کر یاباریک کپڑوں سے نمایاں ہونے کی حالت میں محض غیرنہیں، جیٹھ، دیور، بہنوئی یہی نہیں اپنے سگے چچازاد، خالہ زاد، پھوپھی زاد، ماموں زاد بھائی کے سامنے ہونا بھی حرام ہے، حرام ہے، بدانجام ہے،

مردوں پرفرض ہے کہ وہ اپنی بیبیوں، بیٹیوں، بہنوں وغیرھن محارم کو بے پردگی سے بچائیں، پردے کی تاکید کریں اورعدم تعمیل پرجنھیں سزادے سکتے ہیں سزادیں۔ جومرداپنی محارم کی بے پردگی کی پرواہ نہ کرے گا۔ غیرمحرموں کے سامنے پھرائے گاخصوصاً اس طرح کہ بے پردگی کے ساتھ بےستری بھی بعض اعضا کی ہودیوث ٹھہرے گا۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محترم المقام مہاوب العزو الشان

جناب الحاج محمد عارف صاحب قادری

السلام علیکم بعد از خیریت طرفین مطلوب القلوب

المرام آنکہ کہنے میں فقط آدھی ملاقات ہوتی ہے لیکن یہ مقولہ شائد وصول کرنے والے کے لیے ہے لکھنے والے کے لیے تو شائد چوتھائی ملاقات ہوتی ہے چونکہ مجھے جواب آنے کا یقین نہیں ہے اس لیے دوسرا طریقہ پیش کر رہا ہوں تاکہ چوتھائی ملاقات بندہ بھی الحظ نصیب اللہ ملاقات کا مصداق بن جائے

حاشیہ خیر محمد مدظلہ کی خدمت میں چند مرتبہ حاضری ہوئی ہر مرتبہ یہی سوال ہوا کہ کوئی خط آیا چچا کا عرض کیا ابھی جواب نہیں آیا فرمایا کہ مدینہ ہر خط لکھ دیا تھا جواب نعم میں تھا - مزید خط لکھنے کی صورت میں سلام لکھنے کا حکم ہوا - چند روز قبل ایک ملاقات میں اتفاقاً ایک مصری عالم بھی آئے ہوئے تھے تو پھر میرا تعارف آپ نے ایک دوست کی حیثیت سے کرایا گیا پھر آپ کا تعارف اور پھر حضرت مجاہد ملت مدظلہ کا ذکر بھی لازم قرار دیا گیا اور طریقہ وہی اختیار کیا گیا فرق صرف یہ تھا کہ آپ گلہ بھی ساتھ پوچھا گیا اور وہ ترجمہ کرتے گئے

Marfat.com

آخر میں میاں صاحب نے بھی ایسے عالم ہیں ۔

مزے کی بات ہے دوران گفتگو سیدی کاملؒ کی تواریخ بیان کی گئیں

تو سورہ کے حافظ الاسدؒ کی بات بھی آگئی بات کاٹتے ہوئے

مصری عالم نے پوچھا کیا حافظ الاسد ٹھیک ہے تو آپ جلال میں فرمایا

کہ انت رجل ذکی۔ فہیم۔ سمجھا نہیں ہم تیخ کی حضو تواریخ کی

بات کر رہے ہیں ہمیں حافظ الاسدؒ کے ٹھیک یا نہ ٹھیک ہونے سے غرض نہیں

یعنی میں نے یہ ساری تواریخ آپ کو سنا کر دخلت العلم فی تیز الھمار ۔

خیر عباس طاہر

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

غزالی دوراں علامہ سید احمد سعید کاظمی رضی اللہ عنہ

قطب مدینہ:

''حضرت قبلہ سید احمد سعید کاظمی علم کے سمندر ہیں، بڑے متقی و پرہیزگار ہیں۔ حضرت ابوالبرکات سید احمد قادری لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کے بعد ان جیسا کوئی عالم پاکستان میں نہیں ملے گا۔''

فقیر قادری

غزالی زماں، رازی دوراں علامہ ابوالنجم سید احمد سعید کاظمی ولد سید محمد مختار کاظمی رحمتہ اللہ علیہ بمقام امروہہ مضافات مرادآباد (بھارت) ۱۳۳۲ھ / ۱۹۱۳ء میں سادات کے ایک عظیم رُوحانی و علمی گھرانے میں پیدا ہوئے۔

آپ کا سلسلہ نسب سیدنا امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ہے۔ اسی نسبت سے آپ کاظمی کہلاتے ہیں۔

آپ ابھی اپنی عمر کی ابتدائی منازل طے کر رہے تھے کہ والد ماجد وصال فرما گئے۔ چنانچہ آپ کی تربیت، آپ کے برادر معظم حضرت علامہ سید محمد خلیل کاظمی رحمتہ اللہ علیہ کی نگرانی میں ہوئی۔

حضرت علامہ سید محمد خلیل کاظمی رحمتہ اللہ علیہ (محدث امروہی) اس وقت شاہ جہانپور کے مدرسہ بحرالعلوم میں تدریسی فرائض سرانجام دے رہے تھے، چنانچہ حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمتہ اللہ علیہ نے آپ سے ہی علوم دینیہ کا درس لینا شروع کر دیا اور سولہ سال کی عمر میں تمام علوم وفنون کی تکمیل کے بعد سندِ فراغت حاصل کی۔

دستار بندی کے موقع پر ایک پُر انوار اجتماع تھا۔ حضرت شاہ علی حسین اشرفی

Marfat.com

کچھوچھوی، صدر الافاضل مولانا نعیم الدین مرادآبادی اور نثار احمد کانپوری رحمہم اللہ کے علاوہ دیگر کئی علماء ومشائخ اہل سنت موجود تھے۔ حضرت شاہ علی حسین اشرفی کچھوچھوی رحمتہ اللہ علیہ نے آپ کے سر پر دستار باندھی۔

فراغت کے بعد آپ لاہور تشریف لائے۔ حضرت علامہ سید دیدار علی رحمتہ اللہ علیہ (م ۱۳/ رجب ۱۳۵۴ھ / ۲/ اکتوبر ۱۹۳۵ء) علامہ ابوالحسنات سید محمد احمد قادری رحمتہ اللہ علیہ، علامہ سید احمد رحمتہ اللہ علیہ اور دیگر علماء اہل سنت سے ملاقات کی۔ دریں اثنا جامعہ نعمانیہ میں مدرس مقرر ہو گئے۔

آپ کا جامعہ میں مسندِ تدریس پر متمکن ہونا تھا کہ علوم اسلامیہ کے شیدائی جوق در جوق آنا شروع ہو گئے۔ یہاں تک کہ اٹھائیس اسباق کی تدریس آپ سے متعلق ہو گئی۔ ۱۳۵۰ھ / ۱۹۳۱ء میں آپ اپنے وطن مالوف امروہہ (ہندوستان) تشریف لے گئے۔ اور چار سال تک مدرسہ محمدیہ حنفیہ امروہہ میں پڑھاتے رہے۔ اس کے بعد آپ حکیم جان عالم کی دعوت پر اوکاڑہ تشریف لائے اور ایک سال مسلسل تبلیغِ دین فرما کر بدعقیدگی اور تنقیصِ رسالت کی وجہ سے مکدر ہونے والی فضا کو صاف فرمایا۔

حضرت نصیر عالم رحمتہ اللہ علیہ (ایک درویش صفت بزرگ)، ہر سال ملتان میں حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا عرس پاک منعقد کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ حضرت علامہ کاظمی مدظلہ کو دعوت تقریر دی۔ وہ آپ کی تقریر سے اس قدر متاثر ہوئے کہ انہوں نے آپ کو مستقل طور پر ملتان لانے کی کوششیں شروع کر دیں۔ آخر ان کے مسلسل اصرار نے آپ کو مستقل طور پر ملتان آنے کے لئے مجبور کر دیا۔

ملتان میں آپ نے درس و تدریس کا آغاز اپنے رہائشی مکان سے کیا۔ آپ کی شہرت سن کر دور دور سے علمی ذوق رکھنے والے لوگ فیض یاب ہوتے رہے۔ اسی دوران آپ نے مسجد حافظ شیر بیرون لوہاری دروازہ (ملتان) میں قرآن مجید کا درس دینا شروع کیا اور مختلف دشمن عناصر کی سازشوں کے باوجود اٹھارہ سال میں درس قرآن مکمل کیا۔ اس کے علاوہ مسجد چپ شاہ میں درسِ حدیث شروع کیا اور مشکوٰۃ شریف و صحیح بخاری شریف کا

Marfat.com

درس مکمل کیا۔

۱۷/اکتوبر ۱۹۷۸ء کو جماعتِ اہل سنت پاکستان کے اجلاس میں آپ کو جماعت کا مرکزی صدر منتخب کیا گیا۔ آپ کی قیادت میں کل پاکستان سنی کانفرنس ۱۶، ۱۷/اکتوبر ۱۹۷۸ء کو ملتان میں منعقد ہوئی۔ اس تاریخی کانفرس میں لاکھوں کی تعداد میں ملک کے اطراف واکناف سے سوادِاعظم اہل سنت شریک ہوئے۔

سابق صدر پاکستان فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کے دور حکومت میں جب محکمہ اوقاف نے جامعہ اسلامیہ بہاول پور کا انتظام سنبھالا، تو درس حدیث کے لئے کسی ماہر شیخ الحدیث کی ضرورت پڑی، چنانچہ آپ کی علمی تحقیق کے پیش نظر آپ کو اس عظیم منصب کے لئے منتخب کیا گیا۔ اس طرح آپ ۱۹۶۳ء سے ۱۹۷۴ء تک جامعہ اسلامیہ (اسلامی یونیورسٹی) بہاول پور میں شیخ الحدیث کے عہدہ پر فائز رہے۔ یونیورسٹی سے واپسی پر آپ کو تمغہ خدمت پیش کیا گیا۔

تحریک پاکستان میں علماء اہل سنت نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ چنانچہ دیگر اکابر اہل سنت کی رفاقت میں آپ قیام پاکستان کے لئے بھرپور کوشش کرتے ہوئے مسلم لیگ کے اسٹیج سے پاکستان کے حق میں جلسے کرتے رہے اور ۱۹۴۶ء میں قراردادِ پاکستان کی توثیق کے لئے بنارس کی آل انڈیا سنی کانفرنس میں شرکت کی۔ یہ وہ وقت تھا جب کانگریسی اوراحراری علماء سر دھڑ کی بازی لگا کر پاکستان کی مخالفت کررہے تھے۔

قیام پاکستان کے بعد آپ کی تحریک پر مدرسۃ عربیہ انوار العلوم ملتان میں ۲۶، ۲۷، ۲۸/مارچ ۱۹۴۸ء کو ملک بھر کے علماء ومشائخ کا اجتماع ہوا اور جمعیۃ علماء پاکستان کی تشکیل کے بعد حضرت علامہ ابوالحسنات کو صدر اور آپ کو ناظم اعلی مقرر کیا گیا۔

آپ نے اپنے برادر معظم واستاد محترم حضرت علامہ سید محمد خلیل کاظمی قدس سرہ کے دستِ حق پرست پر بیعت کا شرف پایا اور خلافت حاصل کی۔

آپ کی متعدد تصانیف اور تلامذہ کی کثیر تعداد موجود ہے۔

۲۵ رمضان ۱۹۸۶ء میں آپ کا وصال ہوا۔ [۱۰۶]

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت مفتی تقدس علی خاں علیہ الرحمہ

قطب مدینہ:

''سادہ لوح، بے تکلف، بس دین کی خدمت سے غرض رکھنے والے عالم ہیں۔''

فقیر قادری

حضرت علامہ مولانا مفتی تقدس علی خاں علیہ الرحمہ یادگار سلف اور افتخار خلف تھے وہ امام احمد رضا خاں علیہ الرحمہ کے خانوادہ عالیہ کے چشم و چراغ تھے۔ان کے پردادا مولانا رضا علی خاں علیہ الرحمہ، امام احمد رضا خاں علیہ الرحمہ کے دادا تھے۔ رجب ۱۳۲۵ھ (اگست ۱۹۰۷ء) میں آستانہ عالیہ رضویہ، بریلی میں ان کی ولادت ہوئی، شہرہ آفاق مدرسہ عالیہ رام پور اور دارالعلوم منظر اسلام، بریلی میں تعلیم حاصل کی اور وہیں سے انھوں نے درس نظامیہ سے فارغ ہوکر سند حاصل کی، ان کے اساتذہ میں امام احمد رضا خاں بریلوی، مولانا حامد رضا خاں بریلوی، مولانا امجد علی اعظمی اور مولانا حسنین رضا خاں بریلوی جیسے اکابر علماء شامل تھے۔امام احمد رضا خاں بریلوی نے آپ کو شرح جامی کا خطبہ پڑھایا تھا۔ یہی خطبہ مناظر اسلام، محدث کبیر مولانا محمد سردار احمد رحمۃ اللہ علیہ نے آپ سے پڑھا اور بہت سے علماء نے بھی پڑھا۔

تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد دارالعلوم منظر اسلام، بریلی میں مدرس ہوئے، اس دارالعلوم میں وہ نائب مہتمم اور مہتمم بھی رہے۔اس کے علاوہ وہ جامعہ نظامیہ حیدرآباد دکن اور الہ آباد یونیورسٹی کے ممتحن بھی رہے۔انھوں نے الہ آباد یونیورسٹی میں علوم شرقیہ کے امتحانات کا سلسلہ شروع کرایا۔ ۱۳۷۱ھ / ۱۹۵۱ء میں وہ پاکستان تشریف لائے، کراچی

Marfat.com

رہے پھر ۱۳۷۲ھ / ۱۹۵۲ء میں پیر جو گوٹھ (خیر پور سندھ) چلے گئے۔ جہاں ۱۹۵۲ء ہی میں جامعہ راشدیہ کا افتتاح ہوا جس کے وہ پہلے شیخ الحدیث ہوئے اور تا حیات اس منصب پر فائز رہے۔ سندھ کے مشہور بزرگ پیر پگارا نے بھی آپ سے علمی استفادہ کیا، وہ آپ کو بڑی قدر و منزلت سے دیکھتے تھے۔ حضرت علامہ مولانا مفتی تقدس علی خاں علیہ الرحمہ نے ساٹھ سال تک تدریس کے فرائض انجام دیئے اور ایک عالم کو سیراب کیا۔ حق یہ ہے کہ جس نے اتنے طویل عرصے دین کی خدمت کی اس نے دنیا و آخرت میں سب کچھ کما لیا اور ایک ایسی کھیتی لگا دی جو ہمیشہ ہمیشہ ہری بھری رہے گی اور اس کے ثمرات سے لوگ مستفید ہوتے رہیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حضرت علامہ علیہ الرحمہ کے تلامذہ میں مولانا محمد خوشتر صدیقی (ڈربن، جنوبی افریقہ) مفتی رجب علی (مفتی ریاست نان پارہ، بھارت) مفتی اعجاز ولی خاں (شیخ الحدیث نعمانیہ، لاہور) وغیرہ شامل ہیں۔ بکثرت تلامذہ پاک و ہند کے طول و عرض اور بیرونی ممالک میں پھیلے ہوئے ہیں۔

حضرت علامہ مولانا تقدس علی خاں علیہ الرحمہ سلسلہ قادریہ میں امام احمد رضا خاں بریلوی سے بیعت تھے اور چاروں سلسلوں میں اجازت و خلافت حاصل تھی، اس کے علاوہ حجۃ الاسلام مولانا محمد حامد رضا خاں بریلوی علیہ الرحمہ اور قطب مدینہ مفتی ضیاء الدین احمد قادری مدنی رضی اللہ عنہ سے اجازت و خلافت حاصل تھیں۔ حضرت علامہ علیہ الرحمہ، امام احمد رضا کے فرزند معنوی تھے۔ آپ اعلیٰحضرت کے فرزند اکبر حضرت حجۃ الاسلام کے فرزند نسبتی (داماد) تھے۔ خانوادۂ امام احمد رضا سے یہ روحانی، علمی اور نسبی نسبتیں کچھ کم نہ تھیں۔

حضرت علامہ علیہ الرحمہ نے ملک میں چلنے والی مختلف تحریکوں میں حصہ لیا۔ چنانچہ انھوں نے آل انڈیا سنی کانفرنس، مراد آباد، تحریک پاکستان، تحریک ختم نبوت، تحریک نظام مصطفیٰ وغیرہ میں بھرپور حصہ لیا اور ۱۶/۱۷/۱ اکتوبر ۱۹۷۸ء کو ہونے والی کل پاکستان سنی کانفرنس (منعقدہ ملتان) کے افتتاحی اجلاس کی صدارت کی۔ یہ کانفرنس اپنی نوعیت کی واحد کانفرنس تھی۔ پاکستان کی تاریخ میں جس کی مثال نہیں ملتی، اہل سنت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر تھا جس نے دیکھنے والوں کو حیرت میں ڈال دیا۔

Marfat.com

حضرت علامہ علیہ الرحمہ کے دل میں اسلام اور مسلمانوں کا درد تھا۔ وہ سچے عاشق رسول (ﷺ) تھے۔ ۱۳۶۸ھ / ۱۹۴۹ء میں انہوں نے ہندوستان سے پہلا حج کیا، پھر ۱۳۸۸ھ / ۱۹۶۸ء میں پاکستان سے دوسرا حج کیا، اس کے بعد ۱۳۹۲ھ / ۱۹۷۲ء میں تیسرا حج کیا اور ۱۳۹۵ھ / ۱۹۷۵ء سے برابر بارہ سال تک رمضان میں عمرہ اور زیارت حرمین شریفین کی سعادت سے بہرہ ور ہوتے رہے آپ نے بغداد شریف، کربلائے معلیٰ، نجف اشرف وغیرہ کی بھی زیارت کی۔

آپ کے فضائل و خصائل کیا بیان کئے جائیں۔ آپ بلند پایہ مفسر، محدث اور فقیہہ تھے۔ شہرت و ناموری اور صلہ وستائش سے بے نیاز۔ دین کی خدمت میں سرشار۔ سادہ گفتار، سادہ لباس، شگفتہ مزاج، سراپا شفقت وکرم، علم دوست، محبت نواز، بے نفس بے تکلف، سراپا اخلاص۔ مرنجاں مرنج، صاف دل، صاف گو، کن کن خوبیوں کا ذکر کیا جائے؟ وہ صفات حسنہ کا ایک حسین گل دستہ تھے۔ ان کی صحبت میں بیٹھنے والا کبھی نہ اکتاتا، خوش رہتے اور خوش رکھتے، مصائب کو خندہ پیشانی سے سہنا کوئی ان سے سیکھے۔ ایسے عظیم انسان کا اٹھ جانا کوئی معمولی سانحہ نہ تھا، ان کی جدائی ہر دل کا داغ بن کر رہ گئی۔ ۲۲ر فروری ۱۹۸۸ء کو کراچی میں وصال فرمایا۔ ع

اک چراغ اور بجھا اور بڑھی تاریکی

انا للہ وانا الیہ راجعون! دنیائے سنیت میں صفِ ماتم بچھ گئی، آنکھیں اشکبار، دل غم فگار۔ نماز جنازہ جامع مسجد آرام باغ (کراچی) میں حضرت علامہ مفتی وقار الدین صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے پڑھائی۔ پھر دوسرے دن ۲۳ر فروری کو پیر جو گوٹھ (خیر پور، سندھ) میں نماز جنازہ ہوئی جہاں آپ نے اپنی زندگی کے آخری ۳۲ سال گزارے تھے۔ شہر میں سارا کاروبار اور دکانیں بند ہو گئیں۔ لوگ نماز جنازہ کے لئے امنڈ پڑے، نماز جنازہ حضرت علامہ مفتی محمد رحیم سکندری مدظلہ العالیٰ نے پڑھائی اور جسد اطہر کو آخری آرام گاہ میں اتار دیا گیا۔ ؎

مثلِ ایوان سحر مرقد فروزاں ہو ترا　　نور سے معمور یہ خاکی شبستاں ہو ترا

Marfat.com

حضرت علامہ مفتی تقدس علی خاں علیہ الرحمہ کی وفات حسرت آیات پر علماء و مشائخ کے علاوہ وزیر اعظم پاکستان، وزراء، اسمبلی کے ممبروں اور عمائدین نے تعزیتی بیانات جاری کئے۔ اخبارات میں خبریں شائع ہوئیں مثلاً اخبار جنگ، مشرق، نوائے وقت، امن، ڈان اور مارننگ نیوز وغیرہ۔

حضرت علامہ علیہ الرحمہ کی اہلیہ محترمہ تو پہلے ہی وصال فرما چکی تھیں۔ بہن بھائیوں میں صرف ۲ بہنیں سوگوار ہیں، اولاد میں کوئی نہیں ہاں ان کے بے شمار تلامذہ ان کی معنوی اولاد ہیں ساٹھ سال کے طویل عرصے میں جن کی آپ تربیت فرماتے رہے۔ حضرت علامہ علیہ الرحمہ باد بہاری کی طرح آئے، کلیاں چٹکیں، پھول کھلے، پھر وہ چلے گئے۔

نہ پیوستم دریں بُستاں سرا دل ایں و آں آزادہ رفتم
چو باد صبح گردے چند گلاں را آب درنگے دارہ رفتم

حضرت علامہ مفتی تقدس علی خاں علیہ الرحمہ کے وصال پر ادارہ تحقیقات امام احمد رضا آپ کے متعلقین و متوسلین کی خدمت میں دلی تعزیت پیش کرتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ ہم سب کا غم ہے اور سب ایک دوسرے کے غم میں شریک ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ مولائے کریم حضرت علامہ علیہ الرحمہ کے درجات بلند فرمائے اور ہم سب کو ان کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ واز واجہ واصحابہ وسلم۔ ۱۰۷ھ

Marfat.com

جامعہ نظامیہ رضویہ (رجسٹرڈ)

اندرون لوہاری گیٹ، لاہور ○ فون نمبر ۶۸۳۵۲

حوالہ نمبر ۷۸۷/۹۲ مورخہ

نمبری محمد عارف صاحب قادری رضوی کو بعض مقید نجدیہ کی تصنیف شریف دلائل الخیرات شریف رعایہ حزب البحر رعایہ مسبغی شریف کی اجازت دی جاتی ہے جو کہ مجھے سلسلہ علیہ قادریہ رضویہ سے حاصل ہے اور حضرت سیدنا الحبر رضوان مولیٰ شیخ البرکات سے دلائل الخیرات کی اجازت ملی ہے کہ یہ عزیز بھی صرف بہ خاندان رضویہ سے جمیع اعمال و اوراد و اجازت نامہ دینے کا مجاز ہے اور صرف نمبری نسبت خاندانی کو حق ہے مجھ سے اجازت چاہی میں نے خوشی خاطر یہ عزیز بھی صرف اجازت دی ہوں نہ کہ یہ عزیز کسی کو اجازت دے اور اوراد و وظائف متفرقہ سے مستفید فرمائے۔

الفقیر محمد شمس علی القادری الرضوی الرسلدی

۶ کر صفر الخیر ۱۴۱۲ھ

حضرت علامہ کی تحریر کا عکس ملاحظہ ہو

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت مولانا غلام قادر اشرفی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ، لالہ موسیٰ

قطب مدینہ:

'' وفادار، بڑے مخلص اور مسلک کے عاشق ہیں۔آپ نے خدمتِ دین میں بڑی مشقت اٹھائی اور بہت تکالیف برداشت کیں۔سنیت پر سب کچھ قربان کرنے کو تیار ہیں۔''

فقیر قادری

مولانا غلام قادر اشرفی بن میاں باغ علی چشتی ۱۴/ محرم ۱۳۲۳ھ مطابق ۱۰/ مارچ ۱۹۰۶ء میں فرید کوٹ (بھارت) میں پیدا ہوئے۔آپ کے والد میاں باغ علی چشتی کو حضرت میاں محمد شاہ چشتی بسی نو (ضلع ہوشیار پور) سے شرف بیعت حاصل تھا۔

ابھی آپ کا عہد طفولیت ہی تھا کہ والدین کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ ۱۹۱۱ء میں اسکول میں داخل ہوئے اور ۱۹۲۲ء میں امتیازی حیثیت سے میٹرک کرنے کے بعد کالج میں داخلہ لے لیا، مگر طبیعت مائل نہ ہوئی۔کالج کی فضا سے نکلے اور دینی درس گاہ سے منسلک ہو گئے۔ مذہبی تعلیم حاصل کرنا شروع کر دی اور مختلف اساتذہ سے اکتساب کرنے کے بعد سندِ فراغت جامعہ نعیمیہ مراد آباد (یو پی) سے حاصل کی۔

آپ نے جن اساتذہ کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا، ان کے اسماء گرامی یہ ہیں:

۱۔ حضرت مولانا محمد سعید شبلی فرید کوٹی قدس اللہ سرہٗ

۲۔ مفتی اعظم محمد مظہر اللہ رحمتہ اللہ علیہ خطیب و امام جامع مسجد فتح پوری

Marfat.com

دہلی (والد ماجد جناب پروفیسر مسعود احمد صاحب)

۳۔ حضرت مولانا سید غلام قطب الدین رضی اللہ عنہ برہمچاری ، اشرفی سہسوانی

۴۔ حضرت مولانا محمد یسین صاحب برہمچاری

۵۔ حضرت بابا خلیل داس ایم اے (سنسکرت) چتر ویدی رضی اللہ عنہ

۶۔ حضرت مولانا عبدالعزیز فتح پوری رحمتہ اللہ علیہ

۷۔ حضرت صدرالافاضل مولانا نعیم الدین مرادآبادی رحمتہ اللہ علیہ

آپ نے مدرسہ حلقۂ اشاعت الحق گشتی (مرادآباد) کا تبلیغی کورس مکمل بھی کیا، جس میں ہندی ، بھاشا اور سنسکرت کی تعلیم حاصل کی ، اس کے علاوہ گورمکھی اور گیانی پر بھی عبور حاصل کیا۔ (کچھ مدت تھانیدار کے عہدہ پر ملازمت اختیار کی ۔)

دورانِ طالب علمی مرادآباد کی سنی کانفرنس (منعقدہ مارچ ۱۹۲۵ء) میں ایک رضا کار کی حیثیت سے حصہ لیا۔ اس وقت ہندو ، اسلام کے خلاف طرح طرح کی سازشیں کررہے تھے۔ کہیں فتنۂ ارتداد برپا تھا، تو کہیں قتل وغارت کا بازار گرم تھا۔ چنانچہ ان فتنوں کے سدباب کے لئے یہ کانفرنس منعقد ہوئی اور اس میں مشاہیر مشائخ وعلماء اہل سنت نے شرکت کی ۔

تحصیل علم کے بعد آپ نے ۲۸۔۱۹۲۶ء (تین سال) تک ضلع فیروز پور میں تدریس وخطابت کے فرائض سرانجام دیئے اور ساتھ ہی نواب شاہ نواز ممدوٹ کی ہدایت پر سیاسی تحریکوں میں بھی حصہ لیتے رہے ۔

شدھی تحریک میں آپ نے اپنے استاد محترم حضرت مولانا برہمچاری رحمہ اللہ علیہ کے ساتھ بھرپور حصہ لیا اور مختلف بھیس بدل کر مثلاً معالج حیوانات ، وید حکیم ، گانے والی پارٹیوں اور سادھوؤں کی پارٹی وغیرہ بنا کر شدھی تحریک کو کیفر کردار تک پہنچایا۔ اس طرح آپ نے لاکھوں مسلمانوں کو مرتد ہونے سے بچالیا۔

Marfat.com

۱۹۵۲ء میں آپ نے سیاست میں مکمل طور پر دلچسپی لینا شروع کر دی۔ ضلع فیروز پور میں خطابت کے دوران نواب شاہ نواز ممدوٹ کی نگرانی میں مسلم لیگ کے نصب العین اور سائمن کمیشن کے بائیکاٹ کے سلسلے میں کام کرتے رہے۔ شاردا ایکٹ کو ناکام بنانے کے لئے بھی علماء و مشائخ کے شانہ بشانہ کام کیا۔

۱۹۲۹ء میں مولانا نے عملی طور پر سیاست میں حصہ لیا۔ مغلپورہ ایجی ٹیشن میں بھرپور کام کیا۔ ۱۹۳۱ء میں تحریک کشمیر میں اور ۱۹۳۲ء میں جب مسلمانانِ ریاست الور ریاستی مظالم کی تاب نہ لاکر اجمیر شریف، پھرت پور، گوڈگانواں اور دہلی کی طرف ہجرت پر مجبور ہوئے، تو آپ حضرت سید غلام بھیک نیرنگ انبالوی رحمۃ اللہ علیہ (آپ کے پیر بھائی) سیکرٹری جنرل انجمن، تبلیغ الاسلام کے زیرکمان کام کرتے رہے۔

۱۹۳۳ء میں تحریکِ قادیان اور ۱۹۳۵ء میں تحریک مسجد شہید گنج میں بھرپور حصہ لیا۔ ۱۹۳۵ء ہی میں ملک برکت علی بیرسٹر لاہور (مشہور لیگی لیڈر) کے حلقہ انتخاب قصور میں کام کرتے رہے اور ملک صاحب بفضلِ خدا کامیاب ہوئے۔

۱۹۳۸ء میں لالہ موسیٰ ضلع گجرات کے اسلامیہ ہائی اسکول میں مدرس مقرر ہوئے اور پھر مستقل طور پر یہیں رہائش اختیار کر لی اور پوری زندگی مذہب و ملت کی خدمات سرانجام دیتے رہے۔

۱۹۳۸ء ہی میں تحریک آریہ سماج جو نظام حیدرآباد کے خلاف جتھہ بندی کی صورت میں چلائی گئی تھی، کے انسداد کے لئے کافی خدمات سرانجام دیں اور یوم نظام منایا گیا۔

۱۹۳۹ء میں قائدِ اعظم کی ہدایت پر یوم نجات منایا گیا، تو مولانا نے بھی مجلس الاسلام لالہ موسیٰ کے زیر اہتمام یہ دن منایا۔ آپ نے بھرپور

Marfat.com

کوشش کر کے ضلع بھر میں مسلم لیگ کا قیام عمل میں لائے اور جا بجا اس کی شاخیں قائم کیں۔

۱۹۴۰ء میں خضر وزارت میں مسلم لیگ کی سول نافرمانی کی تحریک میں حصہ لیا اور قرارداد پاکستان کے بعد مسلم لیگ کی پبلسٹی کے لئے زندگی وقف کر دی۔ حکیم سردار خان جو اس وقت مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری تھے۔ ان کے ساتھ مولانا ضلع بھر کا دورہ کرتے رہے اور انتخابات کے دوران ضلع بھر کے اہم مقامات پر سر فیروز خان نون اور سردار شوکت حیات خان کی معیت میں دورہ کیا۔ مسلم لیگ کا سبز پرچم لہراتے ہوئے صبح سے لے کر رات گئے تک گلی کوچوں میں پھرتے تھے۔

۱۹۴۵ء میں آپ نے ملک فیروز خان نون اور سردار شوکت حیات کے ساتھ مسلم لیگی امیدواروں کے لئے شب و روز کام کیا اور اسی سال مسلم لیگیوں کی طرف سے قائداعظم کو مسلم لیگ کی طرف سے تھیلی پیش کی۔

ان مجاہدانہ سرگرمیوں کی بناء پر آپ نے مختلف اوقات میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں، مجموعی طور پر آپ نے ملک و ملت کے لئے تقریباً چار سال کا عرصہ جیلوں میں گزارا، مگر آپ کے عزم و حوصلے اور ولولے میں ذرہ بھر بھی کمی واقع نہیں ہوئی۔

۱۹۴۶ء میں آل انڈیا سنی کانفرنس میں حضرت مولانا غلام قادر اشرفی اپنے ساتھیوں سمیت شریک ہوئے۔

جب پاکستان معرض وجود میں آ گیا، تو آپ نے زیادہ تر توجہ مذہبی امور کی طرف مبذول کر دی، تاہم سیاسی تحریکات سے دلچسپی میں کوئی فرق نہ آیا۔ ۱۹۵۳ء میں تحریکِ ختم نبوت میں حصہ لیا، ۱۹۷۰ء کے انتخابات میں جمعیت علماء پاکستان کے لئے بھر پور کام کیا اور پھر ۱۹۷۴ء میں جب دوبارہ تحریک ختم نبوت چلی تو علماء اہلسنّت پاکستان کے شانہ بشانہ کام کیا۔

Marfat.com

تحریکِ نظام مصطفٰے میں قید و بند کی صعوبتیں بھی اس پیرانہ سالی میں برداشت کیں۔

آپ مرید و خلیفہ، شیخ العصر شبیہ غوث اعظم حضرت سید شاہ علی حسین قدس سرہٗ جیلانی اشرفی کچھوچھوی کے تھے اور قطب مدینہ ضیاء الدین احمد قادری رضی اللہ عنہ سے بھی اجازت و خلافت حاصل تھی۔۲ / شوال ۱۳۹۹ھ / ۲۶ / اگست ۱۹۷۹ء کو راہی ملک بقا ہوئے۔آپ کا مزار شریف جی۔ٹی روڈ لالہ موسیٰ پر مرجع خلائق ہے۔ رضی اللہ عنہ ۱۰۸

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض: حضرت خضر علیہ السلام نبی ہیں یا نہیں؟

ارشاد: جمہور کا مذہب یہی ہے اور صحیح بھی یہی ہے کہ وہ نبی ہیں۔زندہ ہیں۔ خدمت بحر انھیں سے متعلق ہے اور الیاس علیہ السلام بر (خشکی) میں ہیں۔ پھر فرمایا چار نبی زندہ ہیں کہ ان کو وعدہ الٰہیہ ابھی آیا ہی نہیں یوں تو ہر نبی زندہ ہے۔ بیشک اللہ نے حرام کیا ہے زمین پر کہ انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کے جسموں کو خراب کرے تو اللہ کے نبی زندہ ہیں روزی دئے جاتے ہیں۔انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام پر ایک آن کو محض تصدیق وعدۂ الٰہیہ کے لئے موت طاری ہوتی ہے بعد اس کے پھر ان کو حیات حقیقی حسی دینوی عطا ہوتی ہے۔ خیر ان چاروں میں سے دو آسمان پر ہیں اور دو زمین پر۔ خضر و الیاس علیہما السلام زمین پر ہیں اور ادریس و عیسٰی آسمان پر علیہما السلام

(ملفوظات۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

REF. NO. _____

LAHORE.

Marfat.com

هوالاشفی ۴۷۲

بندہ قسم بخدا کم از عدیہ واقعہ
تحریر ذیل ہے
بعد بصد تضرع عرض کرتا ہے
آپ کی خیر و عافیت معلوم کرکے
اللہ تعالیٰ کا شکر ادا ہو کہ
بفضلہ تعالیٰ آپ کو سب متعلقین
بخیر و خوشی مقیم رکھے بعد تسلیم
بیت تمنا ہے ارقام فرمائیں
محفوظ مصروف یہی ہے والسلام

Marfat.com

اقوال

ہمارے ہاں اس بارہ کو مختصر سا
پروگرام ہے ۔ دن میں قرآن خوانی
وقت خوانی شجرہ خوانی اور دعا
ایصال ثواب کے بعد صبح ناشتہ ہے
۱۲ بجے دوپہر کھانا ہوگا ۔ بعد
آرام یا گپ شپ کرنا ۔ اور شب
میں پھر نماز عشاء تک سماع یا وقت مناسب
اگر آپ حضرت بیمت لزوم سے سرفراز
فرمائیں تو بڑے نصیب اور قوی امید

پہلی رات شوہر صفی ۔
طیبہ ۔ کلثوم اللہ تعالیٰ
خدمت اقدس اور دیار مقدس
میں سلام پہنچانے کی عرض ہے ۔
خدا کے رسول جل وعلا و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہتے
ہیں کہ اور بہت عرض کرتی ہیں
فرمایا کریں ۔ اور دعا کیا کریں
استعمال کیا کریں ۔ اور استعمال کیا کریں
ادویات سے قطع ہیں
کہ کیا تو یہ لیں کہ ہے جس کا تدارک
ہے ۔ فقط حضور

Marfat.com

میاں محمد فیاض قادری زید مجدہ

خلیفۂ مجاہد اعظم سیدی محمد حبیب الرحمٰن عباسی قادری

وسجادہ نشین حضرت داتا گنج بخش لاہور

۱۹۷۷ء میں، میں اور میرے ماموں زاد محمد محبوب حبیبی، اخی الکریم محمد عارف قادری ضیائی کی معیت میں پہلی مرتبہ سیدی قطب مدینہ نور اللہ مرقدہ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ حضرت مولانا علامہ فضل الرحمٰن قادری علیہ الرحمہ اور اشرف المشائخ حضرت غلام قادر اشرفی علیہ الرحمہ، حضرت سیدی ﷺ کی بارگاہ میں حاضر تھے۔ سلام مسنون عرض کیا، دست بوسی کا شرف حاصل ہوا۔ حضرت اشرف المشائخ نے بھائی عارف کو دیکھتے ہی رونا شروع کر دیا، فرمایا:

''او بھلے انسان یہ ہے تمہاری شرافت!''

سیدی فضل الرحمٰن رحمتہ اللہ علیہ گھبرا گئے اور کہا:

''حضرت عارف آپ کا بیٹا ہے، اس سے جو خطا ہوگئی ہے معاف فرما دیں۔''

اشرف المشائخ رحمتہ اللہ علیہ:

''حضور رونا تو اسی بات کا ہے کہ ان سے خطاء نہیں ہوئی۔ میں تو تمنا کرتا ہوں کہ یہ بھلا مانس خطاء کرے مگر یہ شریف آدمی خطا کرتا ہی نہیں۔ ایک سال قبل آپ ہی کے در دولت پر ملاقات ہوئی تھی۔ میں تو چند مرتبہ چانن گلی (روشن سٹریٹ کو آپ چانن گلی کہا کرتے تھے، جہاں بھائی عارف کی رہائش گاہ ہوا کرتی تھی)

Marfat.com

بھی حاضر ہوا مگر ان کی زیارت سے محروم لوٹا۔ اس نے
تو کبھی ایسی خطا کی ہی نہیں۔''

سیدی قطب مدینہ قدس اللہ سرہ العزیز:

'' حضرت، عارف آپ کا بچہ ہے۔ اس پر کرم ہی فرماؤ
اور درگزر کرتے رہو۔''

اشرف المشائخ علیہ الرحمہ:

'' غریب نواز عارف کو بھی سمجھاؤ۔ ''

قطب مدینہ رضی اللہ عنہ :

'' وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ
وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

حضرت اشرف المشائخ نے بھائی عارف کو گلے لگا لیا، خوش ہو گئے اور بہت دعائیں فرمائیں۔ بھائی عارف حضرت اشرف المشائخ سے بہت معذرت کرتے رہے۔

محمد فیاض قادری عفی عنہ

مکتوب بنام عبدالرؤف عثمان قادری

مدینہ منورہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تاج العلماء مولانا مفتی **محمد عمر** نعیمی قدس اللہ سرہ العزیز

قطب مدینہ:

''حضرت مفتی محمد عمر نعیمی قبلہ رحمۃ اللہ علیہ بڑی فہم و فراست کے مالک اور فتنوں سے بچ کر وقت گزارنا خوب جانتے تھے۔''

فقیر قادری

محسن ملت، محدث و مفسر مولانا مفتی محمد عمر نعیمی ابن محمد صدیق رضی اللہ عنہ، اکتوبر ۱۳۱۱ھ/۱۸۹۳ء میں بمقام مراد آباد پیدا ہوئے۔ قرآن مجید الحاج حافظ محمد حسین سے پڑھا۔ فارسی اور صرف ونحو کی کتابیں مولانا نظام الدین سے پڑھیں، ۱۳۲۴ھ/۱۹۰۶ء کو صدر الافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بہت جلد علوم وفنون اور حدیث شریف کی تکمیل کے ساتھ ساتھ ادب عربی اور طب میں دسترس حاصل کی۔ رضی اللہ عنہ ۱۳۲۹ھ/۱۹۱۱ء میں سند فضیلت حاصل کی، دستار بندی کے وقت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بریلوی، حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خاں، ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری، صدر الشریعہ مولانا محمد امجد علی اعظمی، مولانا محمد فاخر الہ آبادی، شاہ عبد المقتدر بدایونی، مولانا محب احمد بدایونی، مولانا عبد الماجد بدایونی، مولانا شاہ سلامت اللہ رامپوری، مولانا اعجاز حسین رامپوری وغیرہم فخرِ ملت اکابرِ اسلام جلوہ افروز تھے، اعلیٰ حضرت امام احمد

Marfat.com

رضا رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ بریلوی نے دستار بندی کی رسم ادا کی۔

فراغت کے بعد مراد آباد میں اہل سنت کی عظیم درس گاہ جامعہ نعیمیہ کے مدرس اور مہتمم مقرر ہوئے، ۱۳۲۵ھ/ ۱۹۰۷ء میں شیخ المشائخ مولانا سید علی حسین کچھوچھوی کے دست اقدس پر بیعت ہوئے۔

۱۳۲۹ھ/ ۱۹۱۱ء میں اجازت و خلافت سے مشرف ہوئے قیام مرادآباد کے دوران ۱۳۳۸ھ/ ۱۹۱۹ء میں نہایت اہم ماہنامہ السواد الاعظم جاری کیا۔ یہ جریدہ ربع صدی سے زیادہ عرصہ تک علوم اسلامیہ اور سنیت کا سرگرم نقیب رہا۔ حالاتِ حاضرہ اور ملکی سیاست پر زبردست تنقید و تبصرہ کے علاوہ دینی نقطۂ نظر سے رہنمائی کے فرائض بھی انجام دیتے رہے۔ مفتی صاحب نے آل انڈیا سنی کانفرنس کے نائب ناظم کی حیثیت سے نمایاں خدمات انجام دیں ۱۹۴۶ء میں بنارس کے تاریخی اجلاس میں تحریک پاکستان کی پرزور تائید فرمائی۔

تقسیم ملک کے بعد جب آپ نے دیکھا کہ ہندوستان میں عافیت سے رہنا مشکل ہے تو ہجرت کر کے بغداد شریف جانے کے ارادے سے کراچی تشریف لائے اور مبلغ اسلام مولانا عبدالعلیم میرٹھی کے اصرار پر کراچی ہی میں قیام پذیر ہوگئے، دارالعلوم مخزن علوم عربیہ جاری کیا اور جامع مسجد آرام باغ میں اعزازی طور پر خطابت کے فرائض انجام دیتے رہے۔

۲۳/ ذیقعدہ، ۲/ مارچ (۱۳۸۵ھ/ ۱۹۶۶ء) میں کراچی میں وفات پائی۔ آپ کا مزار شریف مسجد دارالصلوٰۃ ناظم آباد کراچی میں ہے، ''مفتی جنت محمد عمر'' (۱۳۸۵ھ) تاریخ وصال ہے۔ جناب صابر براری نے درج ذیل تاریخ وفات لکھی ہے۔

ہادی اہل سنت مفتی عمر نعیمی ۱۰۹ھ

۱۹ ۶۶ ء

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محدث اعظم پاکستان مولانا **محمد سردار احمد** چشتی قادری
قدس اللہ سرہ العزیز

قطب مدینہ:

''عاشق رسول (ﷺ)، پیکر اخلاص، علماء ومشائخ کے قدردان، زبردست عالم ومحدث، سنیت کی بے لوث خدمت کرنے والے تھے۔''

فقیر قادری

قوم کے سردار، پاکستان کے شیخ الحدیث
ہے تری ذات گرامی، لائق صد احترام

(عزیز صاصلپوری)

شیخ الحدیث والتفسیر، جامع شریعت وطریقت حضرت مولانا ابوالفضل محمد سردار احمد ابن چوہدری میراں بخش ۱۳۲۲ھ/۱۹۰۴ء میں موضع دیال گڑھ ضلع گورداسپور میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم قصبہ دیال گڑھ میں حاصل کی۔ ۱۳۴۳ھ/۱۹۲۴ء میں اسلامیہ ہائی اسکول بٹالہ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ایف اے کی تیاری کے لئے لاہور تشریف لائے۔ انہیں دنوں مرکزی انجمن حزب الاحناف لاہور کے زیر اہتمام مسجد وزیر خاں میں عظیم الشان اجلاس ہوا جس میں پاک وہند کے کثیر التعداد علماء ومشائخ کے علاوہ شہزادہ اعلیٰ حضرت حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خان بریلوی بھی شریک ہوئے۔ حضرت شیخ الحدیث حجۃ الاسلام کی شخصیت سے اس قدر متاثر

Marfat.com

ہوئے کہ انگریزی تعلیم کو خیر [illegible] و معارف بریلی شریف چلے گئے۔ حضرت حجتہ الاسلام اور [illegible] مولانا مصطفےٰ رضا خاں بریلوی سے استفادہ کیا اور آخر [illegible] تک صدر [illegible] مولانا حکیم امجد علی مصنف ''بہار شریعت'' کی خدمت [illegible] اجمیر شریف سے سند فراغت حاصل کی۔ زمانہ قیام اجمیر شر[illegible] میرا جمیری سے بھی مستفید ہوئے۔

آپ سلسلۂ عالیہ چشتیہ میں حضرت [illegible] محمد سراج الحق چشتی کے دست اقدس پر بیعت ہوئے اور خلافت [illegible] سلسلۂ قادریہ میں شہزادۂ اعلیٰ حضرت، حضرت حجتہ الاسلام [illegible] مدظلہ خان بریلوی سے فیض یاب ہوئے۔

تکمیل علوم کے بعد پانچ سال تک جامعہ رضویہ منظر اسلام بریلی شریف میں تشنگان علوم کو سیراب فرمایا، پھر جامعہ رضویہ منظر اسلام بریلی میں شیخ الحدیث کے منصب پر فائز ہوئے اور علم حدیث کی گرانقدر خدمات انجام دیں۔ اس دور میں بیشمار اہل علم [illegible] شیخ حدیث رہے۔

تقسیم ملک کے بعد پاکستان تشریف لے آئے۔ کچھ عرصہ وزیر آباد اور سارو کی میں قیام فرمایا۔ ۱۳۶۸ھ/۱۹۴۸ء کے اواخر میں لائل پور تشریف لے آئے اور بے سروسامانی کے عالم میں درس حدیث دینا شروع کیا اور جامعہ رضویہ منظر اسلام کی بنیاد رکھی اور چودہ سال کے مختصر عرصے میں لائل پور کی کایا پلٹ دی۔ اس وقت جگہ جگہ سے صلوٰۃ وسلام کی روح پرور صدائیں سنائی دیتی ہیں، ہزاروں افراد حلقۂ ارادت میں داخل ہوئے۔ سینکڑوں علماء آپ سے درس حدیث لے کر پاکستان کے گوشے گوشے بلکہ دیگر ممالک میں بھی دین متین کی تبلیغ میں مصروف ہیں۔ جامعہ رضویہ منظر اسلام لائل پور عظیم دینی درس گاہ اور لائل پور کی سب سے بڑی مسجد سنی رضوی جامع

Marfat.com

مسجد آپ کی عظمت کی یادگار اور گواہ ہیں۔ ۱۹۴۵ء میں حضرت مفتی اعظم ہند مولانا مصطفٰے رضا خاں بریلوی کی معیت میں حرمین شریفین کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ دوسری مرتبہ ۱۳۷۶ھ/ ۱۹۵۶ء میں اس سعادت سے مشرف ہوئے لیکن پابندی کے باوجود تصویر نہیں بنوائی۔

حضرت قبلہ شیخ الحدیث پیکر اخلاق، سراپا شفقت، باوقار، بارعب اور پرکشش شخصیت تھے، علوم وفنون کے بحر بے پایاں، زبردست مناظر اور باکمال محدث تھے۔ انہیں سرور دو عالم ﷺ سے والہانہ محبت تھی، اسی بے پناہ محبت وعقیدت کا اثر تھا کہ ان کا ہر قول وفعل شریعت وسنت کے مطابق ہوتا تھا، سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ اور امام احمد رضا بریلوی قدس اللہ سرہٗ کی محبت عشق کی حد تک پہنچی ہوئی تھی۔ چونکہ فوٹو کے بغیر بیرونِ ملک جانے پر پابندی تھی اس لئے پاکستان آ کر بے انتہا آرزو کے باوجود نہ بغداد شریف گئے اور نہ بریلی شریف۔

آپ کا وعظ اس قدر پر اثر ہوتا تھا کہ سخت سے سخت دل بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکتا تھا۔ آپ کے مخالف لوگوں نے آپ کے خلاف مخالفتوں کے طوفان اٹھائے مگر آپ کے پائے استقلال میں لغزش نہیں آئی۔ آپ نے تمام عمر علوم دینیہ اور خاص طور پر حدیث شریف کی خدمت اور وعظ و ارشاد کے ذریعہ عوام کے دلوں کو حبِ نبوی (ﷺ) سے منور کرنے میں صرف کی۔

حضرت قبلہ شیخ الحدیث مولانا سردار احمد قدس اللہ سرہٗ کی شخصیت اس قدر پرکشش تھی کہ ایک دفعہ حاضری دینے والا ہمیشہ کے لئے دام محبت و عقیدت میں گرفتار ہو جاتا، کئی دیوبندی علماء آپ کے درس حدیث میں شامل ہوئے اور آپ کی زبان مبارک سے مسلک اہل سنت کے زوردار دلائل سن کر اس قدر متاثر ہوئے کہ بدعقیدگی سے تائب ہو کر مسلک اہل سنت کے مبلغ

Marfat.com

بن گئے۔

یکم شعبان / ۲۹ / دسمبر جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب (۱۳۸۲ھ / ۱۹۶۲ء) کو کراچی میں وصال فرمایا۔ جسد مبارک شاہین ایکسپریس کے ذریعے لائلپور لایا گیا، اسٹیشن سے جامعہ رضویہ تک راستے میں ہزار ہا افراد نے دیکھا کہ جنازہ پر نور کی پھوار پڑ رہی ہے۔ حالانکہ بادل کا کہیں نام و نشان نہ تھا۔ آپ کی نماز جنازہ میں تین لاکھ افراد نے شرکت کی آپ کا مزار سنی رضوی جامع مسجد لائل پور میں مرجع خلائق ہے۔

حضرت مفتی اعظم ہند مولانا شاہ مصطفٰے رضا خاں بریلوی قدس اللہ سرہٗ نے پر درد احساسات کو منظوم فرمایا:

کیا کہوں میں ہائے کیا جاتا رہا — آہ دل کا حوصلہ جاتا رہا
سنیوں کا دل نہ بیٹھے کس طرح — زوران کے قلب کا جاتا رہا
موت عالم کی جہاں کی موت ہے — زندگانی کا مزا جاتا رہا
اس زمانہ کا محدث بے مثال — جس کا ثانی ہی نہ تھا جاتا رہا
مولوی سردار احمد اٹھ گئے — لطف سارا درس کا جاتا رہا
غوث اعظم قطب عالم کا غلام — نائب شاہ رضا جاتا رہا
حضرت صدرالشریعہ کا وہ چاند — میرا مہرِ پرضیاء جاتا رہا

تاریخی شعر ملاحظہ ہوں

مرگیا فیضان جس کی موت سے — ہائے وہ ''فیض انتما'' جاتا رہا

۸۲ ھ ۱۳

یا مجیب اغفرلہٗ تاریخ ہے — کس برس وہ رہنما جاتا رہا

۸۲ ھ ۱۳

دیو کا سر کاٹ کرنوری کہو — چاند روشن علم کا جاتا رہا ۱۱۰

Marfat.com

مکتوب شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سردار احمد صاحب قادری رضوی رضی اللہ عنہ

Marfat.com

دیارِ محبوب میں قبولیت

مدینہ منورہ: یہاں پر محدث اعظم پاکستان، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سردار احمد صاحب قادری رضوی، بانی جامعہ رضویہ، لائل پور کی تعزیت کے سلسلہ میں گلِ گلزار شریعت شمع شبستانِ طریقت حضرت مولانا ضیاء الدین صاحب قادری مدنی دامت برکاتہم کی زیرِ صدارت ایک جلسہ منعقد ہوا، جس میں اکابر و معززین مدینہ منورہ نے شرکت فرمائی، جن میں سے حضرت شیخ محمد حسین رمزو حضرت مولانا محمد علاء الدین صاحب مدنی، حضرت مولانا محمد ابراھیم صاحب ختنی بخاری، حضرت الحاج مولوی ابوبکر صاحب کے اسماء گرامی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

جلسہ میں قرآن خوانی کے بعد ختم شریف پڑھا گیا اور صدر موصوف نے حضرت محدث اعظم پاکستان کے حالات مبارکہ پر روشنی ڈالی اور آپ کے صاحبزادگان و پسماندگان کے لیے دُعا فرمائی اور جملہ حاضرین کو کھانا کھلایا۔ آہ!

پا گئے جنت مقام
قادری رضوی مدام

(مولانا) محمد فضل الرحمٰن مدنی
مہتمم جلسہ ہذا از مدینہ منورہ ۱۱۱

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قائد اہل سنت علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی قادری رضی اللہ عنہ

قطب مدینہ:

''نورانی نہ بکتا ہے اور نہ جھکتا ہے۔''
''اہل سنت میں نورانی دولہا ہے۔''

فقیر قادری

بطل حریت، حق گو مجاہد علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی بن مبلغ اسلام علامہ شاہ عبدالعلیم صدیقی قادری بن شاہ عبدالحکیم جوش صدیقی ۱۷/ رمضان ۱۳۴۴ھ/ ۳۱/ مارچ ۱۹۲۶ء میں میرٹھ (ہندوستان) میں پیدا ہوئے۔ آپ کا سلسلۂ نسب خلیفۂ اول حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے، اسی نسبت سے آپ صدیقی کہلاتے ہیں۔ آپ کے والد ماجد علامہ شاہ عبدالعلیم صدیقی قادری (م ۱۹۵۴ء) امام اہل سنت اعلیٰ حضرت شاہ احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ (م ۲۵/ صفر ۱۳۴۰ھ) کے خلیفۂ مجاز تھے اور جد امجد شاہ عبدالحکیم جوش صدیقی برصغیر کے نامور صوفی، عالم دین اور شاعر تھے۔

علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی نے آٹھ سال کی عمر میں قرآن پاک حفظ کر لیا تھا۔ حفظ قرآن کے بعد ثانوی تعلیم کے لیے ایسے اسکول میں داخلہ لیا جہاں ذریعہ تعلیم عربی تھی۔ عربک کالج میرٹھ سے بھی ڈگریاں حاصل کیں۔ درس نظامی کی کتب متداولہ مدرسہ اسلامیہ قومیہ میرٹھ میں استاذ

Marfat.com

العلماء حضرت مولانا غلام جیلانی میرٹھی سے پڑھیں۔

دستار بندی کے موقع پر ایک پر وقار تقریب کا انعقاد ہوا جس میں آپ کے استاذ محترم مولانا غلام جیلانی میرٹھی، آپ کے والد ماجد مولانا شاہ عبدالعلیم صدیقی قادری اور صدر الافاضل مولانا سید نعیم الدین مرادآبادی کے علاوہ شہزادۂ اعلیٰ حضرت، حضرت مولانا شاہ مصطفےٰ رضا خان مفتی اعظم رضی اللہ عنہ بھی مسند افروز تھے۔

۱۹۷۴ء میں ورلڈ اسلامک مشن کی کانفرنس میں شرکت کے لئے انگلینڈ تشریف لے گئے اور اس کانفرنس میں آپ کو مشن کا چیئرمین منتخب کیا گیا۔

آپ کی تبلیغ سے سینکڑوں غیر مسلموں نے دولت اسلام سے اپنا دامن بھرا جن میں پادری، راہب، وکلاء، انجینئرز، ڈاکٹرز اور دیگر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے پڑھے لکھے لوگ شامل ہیں۔

۱۹۷۰ء کے انتخابات میں آپ جمعیت علماء پاکستان کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔ پھر جمعیت کے ایک اجلاس میں جو مرکزی دارالعلوم حزب الاحناف میں منعقد ہوا۔ آپ کو جمعیت علماء پاکستان کی پارلیمانی پارٹی کا لیڈر منتخب کیا گیا۔

۱۵/اپریل ۱۹۷۲ء کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں عبوری آئین پر تقریر کرتے ہوئے مولانا شاہ احمد نورانی نے اسلام و ختم نبوت کے تحفظ کی پہلی آواز (اسمبلی میں) بلند کی۔

علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی نے ۱۹۶۵ء میں سرینام میں سات ماہ قیام کر کے فتنۂ مرزائیت کو کچلا اور ایک مناظرے میں مرزائیوں کو ایسی شکستِ فاش دی کہ اب مرزائی کسی سنی عالم کے مقابلے میں آنے کے لیے تیار نہیں ہوتے۔

Marfat.com

محافظ ختم نبوت

تحریک ختم نبوت (۱۹۵۳ء) میں آپ کراچی میں مولانا عبدالحامد بدایونی (م ۱۵/ جمادی الاول، ۲۰/ جولائی ۱۳۹۰ھ/ ۱۹۷۰ء) اور دیگر علماء کے ساتھ تحریک میں شریک ہوئے۔ آرام باغ میں جمعہ کے دن تحریک کا آغاز ہوا، تو علامہ نورانی پیش پیش تھے۔ گرفتاری کے لیے رضا کاروں کی تیاری کے علاوہ دیگر ضروری انتظامات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

پاکستان آنے کے بعد آپ نے سب سے پہلا بیان قادیانیوں کے بارے میں جاری کیا تھا۔ آپ نے یحییٰ خان (اس وقت کا صدر) کو مخاطب کرتے ہوئے صاف کہا تھا کہ تمہارا قادیانی مشیر ایم ایم احمد پاکستان کی معیشت کو تباہ کر رہا ہے جس کے نتیجے میں مشرقی پاکستان ہمارے ہاتھ سے نکل سکتا ہے۔

جو آئین ہمارے سامنے عمدہ فریم میں سجا کر پیش کر دیا گیا ہے، اس میں اسلام کو قطعاً کوئی تحفظ نہیں دیا گیا۔ میں اس دستور کو معزز ایوان کے لیے قابل قبول نہیں سمجھتا ہوں اور اس دستور کی مخالفت کرتا ہوں۔ اس (دستور) میں یہ بھی لکھا ہے کہ پاکستان کا صدر مسلمان ہوگا، مگر مسلمان کی تعریف کوئی نہیں جانتا کہ کیا ہے۔ ہر شخص مسلمان بننے کی کوشش کرتا ہے۔ آنحضرت ﷺ کو آخری نبی نہ ماننے والا ہمارے نزدیک مسلمان نہیں ہے اور جو لوگ حضور ﷺ کو آخری نبی نہیں مانتے، ہم ان کو مسلمان نہیں سمجھتے، تو پھر یہ کیسے چور دروازے سے آکر اسلام کے نام پر حکمران بن سکتے ہیں اور تباہی کا سامان پیدا کر سکتے ہیں۔

علامہ ازہری صاحب قدس اللہ سرہ نے مسلمان کی مختصر اور جامع تعریف پیش کی جسے سب نے پسند کیا۔ ۱۷/ اپریل کو اسمبلی میں یہ تعریف پیش

Marfat.com

کی جو اسمبلی کی کارروائی کے صفحہ ۳۵۴ پر موجود ہے۔

قومی اسمبلی کے اندر علامہ شاہ احمد نورانی کی قادیانیت پر یہ پہلی ضرب تھی جس نے بالآخر تحریک کی صورت اختیار کی اور قادیانی اپنے کیفرِ کردار کو پہنچے۔ ۱۹۷۳ء کو جامعہ عنائیتیہ خانیوال میں جمعیت کا ایک عظیم کنونشن منعقد ہوا جس میں تمام علماء کے اتفاق سے آپ کو جمعیت علماء پاکستان کا مرکزی صدر مقرر کیا گیا۔ مئی ۱۹۷۵ء کو آپ دوبارہ جمعیت کے صدر منتخب ہوئے۔

روزنامہ امروز ''مولانا نورانی کا اعزاز'' کے عنوان کے تحت لکھتا ہے:

''مولانا شاہ احمد نورانی متحدہ حزب اختلاف میں شامل تمام جماعتوں کے معیار اور سیاسی سوجھ بوجھ کے مطابق اس عہدہ (وزارت عظمیٰ) کے لیے موزوں ترین امیدوار ہیں۔''

اس انتخاب میں مولوی غلام غوث ہزاروی کے علاوہ حزب اختلاف کے تمام ممبران نے علامہ شاہ احمد نورانی کے حق میں اپنا ووٹ استعمال کیا۔

تحریک نظام مصطفیٰ :

جمعیت علماء پاکستان کے قائد علامہ شاہ احمد نورانی نے بارہا اپنی تقاریر میں فرمایا کہ ہمارا منشور لمبا چوڑا منشور نہیں ہے، بلکہ ہمارے منشور میں صرف دو باتیں ہیں مقام مصطفیٰ کا تحفظ اور نظام مصطفیٰ (ﷺ) کا نفاذ۔

Marfat.com

ہم تک جو روائتیں پہنچی ہیں، ان سے معلوم ہوتا ہے کہ نورانی صاحب نے لادینی عناصر کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور اس جماعت کے سامنے سپر انداز ہونے سے انکار کرتے رہے، جس جماعت کی اکلوتی آرزو ہے کہ اقتدار کی مطلقہ سے حلالہ کرنے پر کب قادر ہوگی۔ یاد رہے کہ یہ وہی مولانا نورانی ہیں جنہوں نے اس دور کے محمد شاہ رنگیلے (یحییٰ خان) کو مے نوشی میں مستغرق دیکھ کر ڈانٹ دیا تھا اور گرج کر کہا تھا: یحییٰ شراب نوشی بند کر دو، ورنہ ہم جا رہے ہیں۔

(ہفت روزہ چٹان: ۳ رمئی ۱۹۷۱ء)

علامہ شاہ احمد نورانی کو بارگاہ رب العزت سے محبت رسول (ﷺ) کا وافر حصہ عطاء ہوا ہے، یہی وجہ ہے کہ آپ کی تقریر چاہے مذہبی ہو، چاہے سیاسی، بارگاہ رسالت (ﷺ) میں ہدیۂ عقیدت پیش کرنے کی خاطر آپ قصیدہ بردہ شریف کے وہ اشعار ضرور پڑھتے ہیں، جن میں نبی پاک ﷺ کی تعریف وتوصیف ہے۔

۱۹۵۸ء میں آپ نے ضیاء الدین بابا خانوف (مفتی اعظم روس) کی خصوصی دعوت پر روس کا دورہ کیا اور ازبکستان، تاشقند، سمرقند و بخارا کے مسلمانوں سے ملے۔ علامہ نورانی واحد غیر ملکی ہیں جنھوں نے روسی حکومت کے ہر اقدام کے برعکس سوشلسٹ رہنما لینن کی قبر پر پھول چڑھانے سے انکار کیا۔ ۱۱۲

۱۷ر شوال ۱۴۲۴ھ۔ ۱۱ر دسمبر ۲۰۰۳ء کو اسلام آباد میں وفات پائی، اور کلفٹن کراچی میں حضرت عبداللہ شاہ غازی علیہ الرحمہ کے مزار کے احاطے میں اپنی والد کے قدموں میں دفن ہوئے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شیخ القرآن ابوالحقائق علامہ **محمد عبدالغفور** ہزاروی قدس اللہ سرہٗ

قطب مدینہ:

''کمال تھا اس میں، حضرت! اعلحضرت عظیم البرکت رضی اللہ عنہ کے ایک بیت ؎

وہی لامکاں کے مکیں ہوئے سر عرش تخت نشین ہوئے
وہ نبی ہے جس کے ہیں یہ مکان وہ خدا ہے جس کا مکاں نہیں

بس حضرت، اس پر انہوں نے منطق و فلسفہ سے خدا کی توحید اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت بیان کرتے کرتے انکار کی کوئی گنجائش باقی نہ رہنے دی۔''

فقیر قادری

حضرت علامہ عبدالغفور ہزاروی ابن مولانا عبدالحمید ابن مولانا محمد عالم ۹ / ذوالحجہ، دسمبر (۱۳۲۸ھ/۱۹۱۰ء) بروز جمعہ ہری پور کے قریب گاؤں چنبہ پنڈ میں پیدا ہوئے۔ کافیہ تک کتابیں والد ماجد سے پڑھیں، بقیہ فنون میں سے زیادہ تر کتابیں استاد الاساتذہ مولانا احمد دین (بھوئی، کیمل پور) سے پڑھیں۔ استاذ العلماء مولانا محبّ النبی، بحر العلوم مولانا یار محمد بندیالوی، استاذ شہیر مولانا قطب الدین غورغشتوی، مولانا میاں عبدالحق غورغشتوی اور علامہ مشتاق احمد کانپوری سے بھی درس لیا، دورۂ حدیث کے لئے حجتہ الاسلام مولانا حامد رضا خاں بریلوی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دارالعلوم منظر اسلام سے سند فراغت حاصل کی۔

Marfat.com

فارغ ہونے کے بعد کچھ عرصہ بجار ضلع لائلپور اور تین سال تک مدرسہ خدام الصوفیہ گجرات میں پڑھاتے رہے،۔ ۱۹۳۵ء میں وزیر آباد ریلوے اسٹیشن کے قریب ایک جامع مسجد میں تشریف لائے اور جامعہ نظامیہ کی بنیاد رکھی، یہیں آپ نے دورۂ قرآن پڑھانے کی ابتداء کی جسے تاحیات بڑی دھوم دھام سے جاری رکھا۔ بڑے بڑے فضلاء اس دورۂ قرآن میں شریک ہوئے۔

زمانۂ تعلیم میں آپ حضرت شیخ الاسلام خواجہ پیر مہر علی شاہ گولڑوی قدس اللہ سرہٗ کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے اور پوری زندگی عرس کی محفلِ خاص میں خطاب فرماتے رہے، آپ نے ہر دینی اور ملی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، ۱۹۴۶ء میں سنی کانفرنس بنارس میں شریک ہوئے اور پاکستان ایسی نظریاتی اسلامی مملکت کے حق میں پر زور تقریر کی، تحریک پاکستان، ختم نبوت اور تحریک جمہوریت میں آپ کی مساعی ناقابل فراموش ہیں، ۱۹۶۸ء میں آپ جمعیت علماء پاکستان کے صدر منتخب ہوئے اور نہایت سرگرمی سے کام کرتے رہے۔

حضرت علامہ عبدالغفور ہزاروی قدس اللہ سرہٗ گاہے گاہے شعر کی صورت میں اپنے جذبات کا اظہار فرماتے تھے، ان کے کلام میں بلا کا سوز تھا، چشتی تخلص کرتے تھے کھڑی شریف، حضرت پیرے شاہ غازی اور حضرت میاں محمد بخش قدس اللہ سرہما کے مزار پر حاضری کے وقت کہے ہوئے بعض اشعار ملاحظہ ہوں۔

برخ مہر درخشانم توباشی　　بقد سروخر امانم توباشی
زخوف رہزناں ایمن نشینم　　متاع دین دایمانم توباشی
شوم آزاد ازفکر طبیباں　　طبیب درد و درمانم توباشی
زظلمت ہائے مرقدمن نہ ترسم

Marfat.com

کہ بامن مہر تابانم تو باشی

علامہ ہزاروی علوم وفنون کے ماہر ہونے کے ساتھ ساتھ جادو بیان مقرر بھی تھے۔ تصوف کے پیچیدہ مسائل کو آسان ترین لفظوں میں بیان کر دینا ان کے قادر الکلام ہونے کا بین ثبوت تھا، جہاں مجلسِ وعظ میں سامعین ان کی خوش بیانی پر جھوم جھوم کر داد دیتے تھے وہاں سیاسی اسٹیج پر ایسی تقریر کرتے کہ بڑے بڑے سیاستدان انگشت بدنداں رہ جاتے، ۹/۱ اکتوبر (۱۳۹۰ھ/ ۱۹۷۰ء) کو وزیر آباد جی ٹی روڈ پر ٹرک کے حادثے میں جام شہادت نوش کیا۔ [۱۱۳]

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

حضور مفتی اعظم سیدی مصطفیٰ رضا خاں قادری علیہ الرحمہ
کے عصا کا عکس

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حکیم الامت مولانا مفتی احمد یار خاں نعیمی قدس اللہ سرہٗ

قطب مدینہ:

''سادہ لباس، منکسر مزاج، سراپا اخلاص و اخلاق کے مالک تھے۔ دین کی خوب خدمت کی۔''

فقیر قادری

شیخ التفسیر حضرت مولانا مفتی احمد یار خان ابن مولانا محمد یار خان بدایونی (قدس اللہ سرہما) سنہ ۱۳۲۴ھ/ ۱۹۰۶ء میں محلّہ قلعہ کھیڑہ اوجھیانی (ضلع بدایون) کے دنیدار گھرانے میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد فارسی درسیات پر عبور رکھتے تھے، انہوں نے جامع مسجد میں ایک مکتب جاری کیا تھا جس میں طلباء کو تعلیم دیتے تھے، حضرت شاہ علی حسین اشرفی میاں کچھوچھوی قدس اللہ سرہٗ کے مرید تھے۔

مولانا مفتی احمد یار خان رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے ابتدائی تعلیم اپنے والد ماجد سے حاصل کی، پھر مدرسہ شمس العلوم، بدایوں میں داخل ہوکر تین سال تک (۱۹۱۶ء تا ۱۹۱۹ء) مولانا قدیر بخش بدایونی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ اور دیگر اساتذہ سے اکتساب فیض کیا، اسی زمانے میں بریلی شریف جاکر حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی قدس اللہ سرہٗ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ ابتدائی کتب محنت و جانفشانی سے پڑھیں، امتحان میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کئے، مولانا حافظ بخش بدایونی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ (ممتحن)

Marfat.com

نے خاص طور پر ان کی تعریف کی اور انہیں انعام کا مستحق قرار دیا، ماہنامہ شمس العلوم، بدایوں میں یہ کیفیت شائع ہوئی۔

مدرسہ شمس العلوم، بدایوں کے بعد مدرسہ اسلامیہ، مینڈھو (ضلع علی گڑھ) میں داخل ہوئے اور کچھ عرصہ پڑھا، چونکہ اس مدرسہ کا تعلق دارالعلوم دیوبند سے تھا اس لئے وہاں سے تعلیم ترک کر کے مراد آباد چلے گئے، اس واقعہ کا ذکر مفتی صاحب نے اپنے مجموعہ کلام دیوان سالک کے ایک حاشیہ میں بھی کیا ہے۔

جامعہ نعیمیہ، مراد آباد میں داخل ہوئے، حضرت صدر الافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی قدس اللہ سرہٗ کی مردم شناس نگاہوں نے جوہر قابل کو پہنچان لیا اور خود پڑھانا شروع کیا، پھر بے پناہ مصروفیات کی بنا پر حضرت مولانا علامہ مشتاق احمد کانپوری ابن استاذ زمن مولانا احمد حسن کانپوری قدس اللہ سرہٗ کو مراد آباد بلا کر مفتی صاحب کی تعلیم ان کے سپرد کر دی۔ ایک سال بعد مولانا احمد حسن کانپوری میرٹھ تشریف لے گئے، مفتی صاحب بھی استاذ گرامی کے ساتھ رہے اور ۱۳۴۴ھ/ ۱۹۲۵ء میں درس نظامی سے فراغت حاصل کر لی، اس وقت آپ کی عمر بیس سال تھی۔

حضرت مفتی صاحب قدس اللہ سرہٗ نے تکمیل کے بعد عملی زندگی کا آغاز جامعہ نعیمیہ، مراد آباد سے کیا جہاں تدریس کے علاوہ فتوی نویسی کا کام بھی کرتے رہے۔ بعد ازاں مدرسہ مسکینیہ دھوراجی، کاٹھیاوار میں نو سال تک تدریس اور خطابت کے فرائض انجام دیتے رہے، اس کے بعد ایک سال جامعہ نعیمیہ، مراد آباد اور تقریباً تین سال کچھوچھہ شریف رہے، پھر مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا سید ابوالبرکات قدس اللہ سرہ العزیز کے بلانے پر پاکستان تشریف لائے اور بارہ تیرہ برس دارالعلوم خدام الصوفیہ، گجرات اور دس برس دارالعلوم خدام الرسول میں فرائض تدریس انجام دیتے رہے،

Marfat.com

وصال سے چھ برس قبل جامعہ غوثیہ نعیمیہ میں تصنیف، افتاء اور تدریس کا کام جاری رکھا۔

حضرت مفتی صاحب اگرچہ درس و تدریس اور تبلیغ کے میدان کے آدمی تھے تاہم مختلف مواقع پر ملی اور سیاسی تحریکوں میں خدمات انجام دیتے رہے۔ تحریک پاکستان کے سلسلے میں صدر الافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی نے قرار داد پاکستان کی تائید کے لئے جو کوششیں کیں، مفتی صاحب ان میں شریک رہے۔ ۱۳۶۵ھ/ ۱۹۴۶ء میں نظریۂ پاکستان کی تائید کے لئے بنارس میں آل انڈیا سنی کانفرنس منعقد ہوئی تو مفتی صاحب پنجاب کے علماء و مشائخ کے عظیم وفد میں شامل تھے۔

حضرت مفتی صاحب رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نہایت خوش اخلاق اور خندہ رو شخصیت تھے، سلام کہنے میں پہل کرتے، معمولات اور وقت کے اتنے پابند تھے کہ جب آپ جمعہ کے روز منبر پر بیٹھتے تو لوگ اپنی گھڑیوں کا ٹائم ٹھیک کر لیتے تھے، پانچ دفعہ حج و زیارت سے مشرف ہوئے، ہر وقت درود شریف پڑھتے رہتے تھے۔ حضرت مفتی صاحب نے تقریباً ۴۶ سال کا عرصہ خدمت دین میں صرف کیا، سیکڑوں علماء کو فیض یاب فرمانے کے ساتھ ساتھ تصانیف کا متعدبہ ذخیرہ یادگار چھوڑا جس سے مسلک اہل سنت و جماعت کو نہایت تقویت ملی۔

حکیم الامت حضرت مولانا مفتی احمد یار خاں نعیمی قدس اللہ سرہٗ کا وصال ۳ / رمضان/ ۲۴ / اکتوبر (۱۳۹۱ھ/ ۱۹۷۱ء) کو ہوا، نماز جنازہ مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا ابو البرکات سید احمد رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔ مفتی صاحب کی آخری آرام گاہ گجرات (پنجاب) میں ہے۔ [۱۱۴]

Marfat.com

مفتی احمد یار خان (مہتمم مدرسہ غوثیہ نعیمیہ
گجرات ——— پاکستان)

محترمی محمد عارف ۔ رضوی زید مجدہ ۔ علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مجھے تعجب ہے آپ نے یہ ناقص عبد اللہ کو کب سے آقا اور مولا سمجھ لیا۔ ایسا کلمہ گناہ بخوا مگر آپ نے مجھے ۱۸-۱۹ ایسا کلمہ لکھ کر اپنا بخوا دیا ہے۔ جزاک اللہ خیر۔ اللہ کریم صحیح اسلام کی توفیق عطا فرمائے۔

درسلام
احمد یار خاں
17 3/71

۱۹ محرم ۹۱ھ ہفتہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مسعود ملت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مدظلہ العالیٰ

قطب مدینہ:

''حضرت مفتی مظہر اللہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی اولاد میں سے پروفیسر محمد مسعود احمد بڑے کام کے آدمی نکلے ہیں۔ اس وقت ضرورت کے مطابق دین کی خوب خدمت کر رہے ہیں۔''

اتباع سنت:

مدینہ طیبہ کی حاضری کے موقع پر آپ کا قیام فقیر قادری کے ہاں ہوتا۔ تین دن کے بعد فرماتے:

''تین دن ہو گئے اب ہم مہمان نہیں، ہمارا کہیں اور انتظام کر دیا جائے۔''

فقیر عرض کرتا، آپ مہمان نہیں بلکہ میزبان ہیں۔ آپ اپنے گھر پر ہی قیام فرما رہیں، تو درخواست کو شرف قبولیت عنایت فرماتے۔ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر صاحب کو مدینہ طیبہ کی بار بار حاضری نصیب فرمائے اور فقیر کو آپ کی خدمت کا شرف نصیب ہوتا رہے۔ آمین

پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد مجددی کا شمار ان فضلاء میں ہوتا ہے جو اپنی قابل قدر تصانیف اور اپنے دینی و علمی کارناموں کی وجہ سے دور دور تک شہرت رکھتے ہیں۔ ان کے قدر دان اور ان کے معتقدین ہندوستان اور پاکستان ہی میں نہیں مشرق وسطیٰ کے ممالک میں بھی پائے جاتے ہیں۔ جہاں مختلف موضوعات پر ان کی تصانیف شوق اور توجہ سے پڑھی جاتی ہیں۔ ان کی تصانیف کی تعداد سو سے زائد ہے جن میں چالیس کتابوں کے ترجمے دوسری زبانوں میں شائع ہو کر مختلف ملکوں میں پھیل گئے ہیں۔ ان کے بزرگوں میں مولانا

Marfat.com

مسعود شاہ (متوفی ۱۳۰۹ھ) نے مسجد فتحپوری دہلی میں ایک دینی مدرسہ اور دارالافتاء قائم کیا اور یہاں مسند رُشد و ہدایت بچھائی۔ وہ پینتیس سال تک درس و تدریس میں مصروف اور مسند تبلیغ وارشاد پر فائز رہے۔ تیرہ کتابیں ان کی تصانیف سے محفوظ ہیں۔

ڈاکٹر محمد مسعود احمد کے والد مفتی اعظم مولانا شاہ محمد مظہر اللہ (۱۳۰۳ھ ـ ۱۳۸۲ھ / ۱۸۸۲ء ـ ۱۹۶۶ء) پاک وھند کے متبحر عالم، مقتدر مصنف اور سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کے مشہور بزرگ تھے، جن کے دست حق پرست پر ہزاروں نے بیعت کی اور ان سے روحانی فیوض حاصل کئے۔ مسجد فتح پوری کی شاہی امامت وخطابت پر آپ تقریباً ستر (۷۰) سال فائز رہے۔ ان کی تصانیف میں پندرہ کتابیں شائع ہو چکی ہیں جن میں دو کتابیں علم ہیئت و توقیت کے فن پر ہیں جن کے جاننے والے علماء اب ہندو پاک میں خال خال ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کی پیدائش دہلی میں ۱۹۳۰ء میں ہوئی، اٹھارہ سال تک ان کی تعلیم وتربیت ان کے والد ماجد کی نگرانی میں ہوئی۔ اس عرصے میں وہ اپنے جدامجد کے قائم کردہ مدرسہ عالیہ مسجد فتحپوری میں وہاں کے اساتذہ کے مروجہ علوم عربیہ و فارسیہ کی تحصیل کرتے رہے اور ساتھ ہی ساتھ اپنے والد ماجد حضرت مفتی محمد مظہر اللہ صاحب سے علمی وروحانی فیوض حاصل کرتے رہے۔

آپ نے اورینٹل کالج دہلی، ادارہ شرقیہ دہلی میں بھی تعلیم حاصل کی اور مشرقی پنجاب یونیورسٹی شملہ سے بھی آپ کا تعلق رہا جہاں سے آپ نے فاضل فارسی کے امتحان میں کامیابی حاصل کی۔ ۱۹۴۸ء میں آپ حیدرآباد سندھ منتقل ہو گئے اور اعلیٰ تعلیم کی تکمیل پاکستان میں کی۔ آپ نے ۱۹۵۱ء میں پنجاب یونیورسٹی سے میٹرک، ۱۹۵۶ء میں بی اے اور ۱۹۵۸ء میں سندھ یونیورسٹی سے ایم اے کیا۔ ۱۹۷۱ء میں سندھ یونیورسٹی حیدرآباد ہی سے آپ نے اردو میں قرآنی تراجم وتفاسیر پر بہت معلوماتی مقالہ لکھ کر پی ایچ ڈی کی سند حاصل کی۔

آپ کے اساتذہ میں مختلف علماء کرام اور یونیورسٹی کے متعدد پروفیسروں کے نام ملتے ہیں۔ جن میں ان کے والد محترم کے علاوہ سب سے اہم شخصیت پروفیسر ڈاکٹر غلام

Marfat.com

مصطفیٰ خاں کی ہے۔ جو اپنے علم و فضل کی وجہ سے اس براعظم میں استاذ الاساتذہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب نے اپنا مقالہ علمیہ آپ ہی کی نگرانی میں مرتب کیا ہے۔ یہ مقالہ ابھی تک میں نے نہیں دیکھا لیکن اس کے متعلق پروفیسر صاحب کی رائے میری نظر سے گزری ہے۔ وہ تحریر فرماتے ہیں:

''میری پوری مدت ملازمت میں وہ میرے سب سے بہتر شاگرد رہے ہیں۔ میں ان پر بجا طور پر فخر کر سکتا ہوں۔ ان جیسے باوقار، باکردار اور باصلاحیت طلباء موجودہ حالات میں خال خال ہی نظر آتے ہیں۔ وہ ان محققین میں سے ہیں جن پر فضلاء اعتماد کر سکتے ہیں اور جن پر کسی یونیورسٹی کو فخر ہو سکتا ہے۔''

ان ہی کے بارے میں آپ یادگار خطوط (کراچی ۱۹۹۸ء) میں تحریر فرماتے ہیں:

''میرے عزیز فاضل شاگرد اور مشہور مصنف ہیں۔ بہت کتابیں لکھی ہیں۔ مجھ سے بہت تعلق رکھتے ہیں۔ کئی کالجوں میں پرنسپل رہ چکے ہیں اور غالباً ڈپٹی (ایڈیشنل) سیکریٹری محکمہ تعلیم کی حیثیت سے فارغ ہوئے ہیں۔'' ۱۱۵

Marfat.com

Professor
Dr. Muhammad Masood Ahmed
M. A., Ph. D

مکتوب بنام فقیر قادری عفی عنہ

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

الایمان من لا محبۃ لہ

محمد مسعود احمد

۲ ۱۰ - سی ،
پی ای سی ایچ سوسائٹی ، کراچی سندھ
ٹیلیفون نمبر ۴۱۲۱۱۳ کوڈ نمبر ۵۴۰۰ ،

تاریخ ۲۳ ذیقعدہ

[illegible]

فون نمبر : کراچی - ۴۵۵۲۴۶۸ حیدرآباد سندھ ۰۲۲۱-۳۰۱۶۱ . ٹیلیکس PK ۲۵۴۱ TASIS فیکس PK ۲۵۱۳۵۸۴ HYDC

مکتوب بنام فقیر قادری عفی عنہ

Marfat.com

Marfat.com

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

الالہ الا اللہ لمن لا محبۃ لہ

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

ایم۔ اے (گولڈ میڈلسٹ)

پی۔ ایچ۔ ڈی

Prof. Dr. Muhammad Masood Ahmed
2/17-C, PECH Society, First Floor,
Karachi-75400.. (Sindh - Pakistan).

مکتوب بنام فقیر قادری عفی عنہ

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

ایم۔اے ، پی ایچ۔ڈی ، اعزاز فضیلت

حوالہ نمبر _____ تاریخ ۱۱ر جمادی الثانی ۱۴۲۶ھ

الحمد للہ الذی ھدانا لھذا وما کنا لنتھدی لولا ان ھدانا اللہ لقد جآءت رسل ربنا بالحق وجآء خاتم النبوۃ والرسالہ بالصدق واز شدنا علم التوحید والعرفان و شرف الصدیقین بالصدق والایقان والصلوۃ والسلام علی بدر الدجی نور الھدی صاحب اسرار قاب قوسین او ادنی وعلی آلہ وازواجہ واصحابہ۔ المحتبی والمقتدی ـــــ اما بعد احقر العباد محمد مسعود احمد عفی عنہ بن مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ (خطیب وامام شاہی مسجد جامع فتحپوری ، دھلی) عرض گزار ہے کہ مجھی ومخلصی شیخ محمد عارف قادری ضیائی مدنی بن قمر الدین دام لطفھم عرصہ دراز سے فقیر سے قلبی اور روحانی تعلق رکھتے ہیں۔ موصوف ہی نے فقیر کو امام احمد رضا محدث بریلوی علیہ الرحمۃ الرضوان پر تحقیق کے لئے سب سے پہلے متوجہ کیا اور دیار حبیب صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضری کے دوران دل وجان سے فقیر کی خدمت کی۔ موصوف نے بڑے تحمل وبردباری اور استقامت کے ساتھ شدائد ومصائب برداشت کئے لیکن متزلزل نہ ہوئے۔ وہ صاحب استقامت ہیں۔ ان کی زندگی حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانثاروں اور حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کے فداکاروں کے لئے مثالی نمونہ ہے۔ وہ علمائے عظام اور فقرائے کرام رحمھم اللہ تعالی کے فیض یافتہ اور تربیت یافتہ ہیں ـــــ فقیر سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ مظہریہ میں محب محترم اخی الکریم شیخ محمد عارف قادری ضیائی مدنی دام عنایتھم کو اجازت دیتا ہے۔ نیز عملیات واوراد مسعودیہ ومظہریہ حصن حصین شریف ، دلائل الخیرات شریف کی اجازت دیتا ہے اور دعا کرتا ہے کہ مولائے کریم شیخ ممدوح کو دارین میں بلندیاں عطا فرمائے ، ان کا فیض جاری وساری رہے اور ان کی آرزو پوری فرمائے۔

آمین اللھم آمین ۔ بجاہ سید المرسلین رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ و آلہ وازواجہ واصحابہ وسلم۔



(احقر العباد محمد مسعود احمد)

کراچی (سندھ)

اسلامی جمہوریہ پاکستان

۱۱ر جمادی الثانی ۱۴۲۶ھ

۱۸ر جولائی ۲۰۰۵ء

ایم۔ اے۔ پی ایچ۔ ڈی سوسائٹی کراچی ۔۔۔۔ سوسائٹی جمہوریہ پاکستان
فون نمبر 455 24 68 فیکس 92-021-455 24 68

سند اجازت برائے فقیر قادری عفی عنہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ قاری محمد مصلح الدین قادری قدس اللہ سرہٗ

قطب مدینہ:

''بکھرے ہوئے ذہنوں کو خوب قابو کرنا جانتے ہیں۔''

فقیر قادری

بمورخہ ۱۱ / ربیع اوّل ۱۳۳۶ھ بمطابق ۱۹۱۷ء بروز پیر بوقت صبح صادق بمقام قندھار شریف ضلع ناندیڑ ریاست حیدرآباد دکن میں پیدائش ہوئی۔ آپ کے والد ماجد کا نام مولانا غلام جیلانی ہے جو بڑے عالم اور صوفی باصفا تھے ان کی تمام عمر خطابت و امامت میں بسر ہوئی۔ آپ کے حافظِ ملت مولانا عبدالعزیز مبارک پوری سے بڑے اچھے اور گہرے تعلقات تھے آپ کا مزار شریف قبرستان میوہ شاہ کراچی میں ہے۔ رحمتہ اللہ علیہما۔

آپ نے بعمر ۱۴ سال ۱۳۵۰ھ میں اپنے والد ماجد سے قرآن مجید حفظ کیا۔ اور حافظ ملت مولانا عبدالعزیز مبارکپوری علیہ الرحمتہ نے تکمیلِ حفظِ قرآن کے موقع پر آپ کی دستار بندی فرمائی۔ ان دنوں حافظ ملت مولانا عبدالعزیز مبارکپوری علیہ الرحمتہ بمقام اجمیر شریف زیر تعلیم تھے۔ حضرت قاری مصلح الدین علیہ الرحمتہ نے اسکول میں ساتویں جماعت بھی پاس کرلی تھی۔ ازاں بعد، مزید دینی تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے قاری صاحب نے بعمر ۱۷ / سال ۱۳۵۴ھ بمطابق ۱۹۳۵ء میں دارالعلوم اشرفیہ۔ قصبہ مبارکپور ضلع اعظم گڑھ (یو۔پی) میں داخلہ لیا اور وہاں آٹھ سال تک زیر

Marfat.com

تعلیم رہے۔

۱۹۴۳ء میں حافظ ملت مولانا عبدالعزیز مبارکپوری علیہ الرحمتہ مبارکپور سے جامعہ عربیہ ناگپور تشریف لے گئے تو حضرت قاری صاحب علیہ الرحمتہ بھی جامعہ عربیہ ناگپور میں منتقل ہو گئے۔ اسی جامعہ میں فارغ التحصیل ہوئے اور وہیں علامہ سید محمد محدث کچھوچھوی علیہ الرحمتہ کی موجودگی میں آپ کی دستار بندی ہوئی۔ قاری صاحب کے اساتذہ میں حافظ ملت مولانا عبدالعزیز مبارکپوری، حضرت علامہ مولانا حامد رضا خان، مولانا امجد علی اعظمی، مولانا محمد سلیمان بھاگلپوری اور مولانا ثناء اللہ اعظم گڑھی علیہم الرحمتہ ہیں۔

علوم متداولہ کی تکمیل کے بعد آپ علوم باطنی کی تحصیل و تکمیل کی جانب متوجہ ہوئے اور آپ نے جامع الشریعہ والطریقہ حضرت مولانا امجد علی صاحب اعظمی علیہ الرحمتہ سے بیعت کی اور تھوڑے ہی عرصہ میں منزل تکمیل وکمال تک جا پہنچے۔ خلعت خلافت سے نواز کر اپنا خلیفہ بنا لیا۔ اس کے علاوہ آپ کو مفتی اعظم ہند مولانا مصطفٰے رضا خان صاحب اور قطب مدینہ مولانا ضیاء الدین صاحب مدنی سے بھی خلافتیں عطاء ہوئیں۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم۔

تقسیم ملک و قیام پاکستان کے بعد آپ ہجرت کر کے ۱۹۴۹ء میں کراچی تشریف لائے۔ ابتداءً آپ کچھ عرصہ دارالعلوم امجدیہ آرام باغ گاڑی کھاتہ میں مقیم رہے۔ ۱۹۵۰ء میں آپ اخوند مسجد کھارادر میں پیش امام وخطیب مقرر ہوئے تو آپ اخوند مسجد میں آ گئے جہاں آپ نے ۱۹ سال خدمات سرانجام دیں۔ اسی دوران تقریباً ڈیڑھ سال آپ نے مرکزی مسجد واہ کینٹ ضلع راولپنڈی میں فرائض امامت و خطابت سرانجام دیئے۔ ۱۹۶۹ء میں آپ میمن مسجد مصلح الدین گارڈن میں پیش امام وخطیب ہوئے۔ آپ نے ۱۹۵۴ء میں پہلا حج ادا فرمایا۔ جب آپ مدینہ طیبہ پہنچے تو حضرت

Marfat.com

قطب مدینہ مولانا ضیاء الدین مدنی علیہ الرحمتہ، قاری صاحب کو ساتھ لے کر سرکار دو عالم ﷺ کے روضۂ اقدس و اطہر پر حاضر ہوئے۔ حضرت قاری صاحب اپنی حیات مبارکہ میں بارہ مرتبہ زیارت حرمین شریفین سے مشرف ہوئے ہر مرتبہ آپ حج کو روانہ ہونے سے قبل حضرت امام الاولیاء سیدنا علی ہجویری داتا گنج بخش قدس اللہ سرہٗ کے مزار اقدس پر ضرور حاضر ہوتے تھے اور فرماتے کہ میرے حج کے لئے ویزا یہیں سے بنتا ہے۔ ۱۹۷۰ء میں سفر حج کے دوران آپ نے سرکار بغداد حضرت محبوب سبحانی محی الدین سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہٗ کے مزار پُر انوار پر حاضری دی۔

مورخہ ۷/ جمادی الثانی ۱۴۰۳ھ بمطابق ۲۳/ مارچ ۱۹۸۳ء بروز بدھ بوقت ساڑھے چار بجے سہ پہر آپ نے داعی اجل کو لبیک کہا۔ مسجد سے ملحقہ کھوڑی گارڈن میں سپرد خاک کیا گیا۔ ۱۱۶

Marfat.com

۸ فروری ۱۹۸۶ء عزیزی مکرم ضیاء بجارفضیائی صاحب

السلام علیکم۔ آپ کا لفافہ ملا۔ ربیع تمام ۸ فروری کو ہمارے گھر آئے تھے
بیٹے کے ہاں ۸ فروری کو ایک بچہ ہوا جو ۔۔۔ سید ۔۔۔ علی
ارادہ ہے رہی کشمکش نہیں آ سکتا کہ فوٹو کاپی کرا کر بھیج دوں
میرے کو ملنے کا شوق ہے۔ فوٹو کاپی میں احتیاط آ سکتا کہ دوا
دربار کی طرف سے ۔۔۔ ہر گروہ کے ۔۔۔ طرف سے سید صاحب قبلہ
دریافت کرنے سے رہتے کہ آپ نے ہمارے لئے کیا کیا ہے فقط

صرف دو دن ندیم رہے گا

فقیر قادری رضوی
محمد ۔۔۔ احمد صدیقی
خطیب مسجد کھوڑی گارڈن

۵ فروری

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مبلغ سنیت عارفِ حقانی پیر سید **محمد معصوم** شاہ جیلانی رضی اللہ عنہ
(بانی نوری کتبخانہ، دربار حضرت داتا گنج بخش قدس اللہ سرہٗ)

قطب مدینہ:

''بڑے متقی اور سنت مطہرہ کے پابند اور سنیت کی اشاعت کے علمبردار تھے۔'' فقیر قادری

مخدوم اہل سنت مولانا سید محمد معصوم شاہ جیلانی ابن حضرت فضل شاہ (سجادہ نشین) چک سادہ شریف، ضلع گجرات، تقریباً ۱۳۱۶ھ/ ۱۸۹۸ء میں پیدا ہوئے۔ دینی تعلیم حضرت مولانا امام دین رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سے حاصل کی، بعدہ لاہور میں حضرت داتا صاحب رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے مزار پُر انوار پر حاضر ہوکر حضرت بابا فضل نور قادری نوشاہی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے دستِ حق پرست پر بیعت ہوئے اور خلافت سے نوازے گئے، حضور داتا صاحب رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سے آپ کو خاص عقیدت تھی۔ آپ نے اپنی زندگی کے اکثر اوقات مزار حضرت داتا صاحب پر گزارے۔ آخر ۱۹۵۷ء میں آپ کے قریب مستقل سکونت اختیار کرلی۔ حضرت شیخ الحدیث علامہ سردار احمد لائلپوری ہر ماہ حضرت داتا گنج بخش رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے دربار میں حاضری کے لئے آتے تو حضرت پیر صاحب سے ضرور ملاقات کرتے اور سنی رضوی کتب خانہ کے لئے بہت سی کتابیں خرید کر لے جاتے۔

آپ کا عظیم الشان کارنامہ نوری کتب خانہ کا قیام ہے۔ اس کے

Marfat.com

اہتمام سے اعلیٰحضرت مجدد ملت امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ کی اکثر کتابیں شائع کی گئی تھیں اور دیگر علمائے اہل سنت کی نایاب کتب کو حیات نو بخشی۔ آپ ہی کے مشورے پر حضرت مفتی احمد یار خان نعیمی قدس اللہ سرہٗ نے قران مجید کا حاشیہ نور العرفان تحریر کیا جو امام احمد رضا بریلوی کے ترجمہ کے ساتھ متعدد بار شائع ہوا۔ حضرت مفتی صاحب نے مرآۃ شرح مشکوۃ بھی آپ ہی کے کہنے پر لکھی اور آپ کی کوششوں سے شائع ہوئی، نیز امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر ایک نظر حضرت مفتی صاحب سے اس غرض سے لکھوائی کہ بعض لوگوں میں، خاص طور پر بعض سادات میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے جو بغض پایا جاتا ہے وہ رفع ہو جائے۔

آپ نہایت متدین بزرگ تھے، تبلیغ دین زندگی کا نصب العین تھا۔ مسلک اہل حق اہل سنت و جماعت کی نصرت وحمایت اور ترویج کے لئے ہمیشہ کوشاں رہے، آپ نے اپنی زندگی میں تقریباً ایک سو مساجد تعمیر کرائیں جن میں لاہور کی حسین و جمیل نمونہ مسجد نبوی جامع مسجد نوری بالمقابل ریلوے اسٹیشن لاہور، آپ کی بے مثال یادگار ہے اور آپ کے عشق رسول کی شہادت دے رہی ہے۔ اس مسجد میں ایک مدرسہ اور ایک فری شفاء خانہ نوری قائم ہے۔ مرکزی مجلس رضا لاہور اسی مبارک ونورانی مسجد میں یوم رضا مناتی تھی اور مجلس رضا کا دفتر بھی اسی مسجد میں قائم تھا۔

آپ نے مختلف خانقاہوں میں رائج بدعات کا قلع قمع کیا اور ان مقامات پر درس و تدریس اور وعظ و تبلیغ کے مراکز قائم کئے، بہت سے سنی مدارس قائم کئے اور متعدد مدارس کی مالی امداد و اعانت فرمائی، اسی جذبہ تبلیغ واشاعت دین کے تحت متعدد کتابیں تصنیف فرمائیں۔ آپ اپنے وقت کے عظیم شیخِ طریقت تھے۔ پورے پاکستان میں آپ کے مریدین کا وسیع حلقہ ہے۔

Marfat.com

۲۹ر شوال، ۱۸ر جنوری (۱۳۸۸ھ/۱۹۶۹ء) بروز شنبہ بوقت عشاء آپ نے رحلت فرمائی اور اپنے پیر طریقت کے پہلو میں چک سادہ میں محوِ خواب ابدی ہوئے۔ حضرت کی، ایک صاحبزادی اور دو صاحبزادے یادگار ہیں، بڑے صاحبزادے سید محمد حسین شاہ سجادہ نشین ہیں اور چھوٹے صاحبزادے سید محمد حسن شاہ لاہور میں نوری بکڈپو کے ذریعے خدمت مسلک انجام دے ہیں۔ ۱۱۷

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

نام مبارک (ﷺ) کب رکھا گیا

علامہ قسطلانی فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے مخلوق کی پیدائش سے دو ہزار سال قبل یہ نام رکھا تھا جیسا کہ حضرت انس کی بیان کردہ حدیث میں ہے۔

کعب احبار نے ابن عساکر سے نقل کیا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے اپنے بیٹے شیث علیہ السلام کو وصیت فرمائی۔

اے بیٹے! میرے بعد تو میرا خلیفہ ہے اس خلافت کو تقوی کے تار اور محکم یقین کے ساتھ پکڑے رہنا، اور جب بھی تو اللہ کا ذکر کرے تو اس کے ساتھ محمد ﷺ کا بھی ذکر کرنا میں نے اس نام کو عرش کے ستونوں پر لکھا دیکھا پھر آسمانوں میں گھوما تو کوئی ایسی جگہ نہ پائی جہاں نام محمد ﷺ نہ لکھا ہو میرے رب نے مجھے جنت میں ٹھہرایا تو جنت کے ہر محل، ہر بالا خانے پر یہ نام لکھا دیکھا میں نے یہ نام حوران بہشتی کے سینوں پر، پردوں کے کناروں پر جنت کے درختوں کی ٹہنیوں پر، شجرہ طوبی کے پتوں پر، سدرۃ المنتھی کے ہر ورق پر اور فرشتوں کی آنکھوں میں لکھا پایا پس اس نام محمد ﷺ کا کثرت سے ذکر کرتا رہ کہ فرشتے ہر گھڑی اس نام کو یاد کرتے ہیں۔

(وسائل الوصول الی شمائل الرسول ﷺ۔ علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی

Marfat.com

حضرت مخدوم اہلسنت کی تحریر کا عکس

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیر طریقت حضرت خواجہ قمر الدین سیالوی رحمتہ اللہ علیہ

قطب مدینہ :

'' زبردشت مناظر ہیں ۔ قادیانی خبیث کا رد فرماتے رہے ۔ اور اس کے رد میں ایک کتاب بھی لکھی ۔''

فقیر قادری

پیر طریقت حضرت خواجہ قمر الدین سیالوی بن خواجہ محمد ضیاء الدین بن خواجہ محمد الدین بن شمس العارفین خواجہ شمس الدین رحمہم اللہ تعالیٰ ۱۵/ جمادی الاول ۱۳۲۴ھ، ۷/ جولائی ۱۹۰۶ء میں سیال شریف ضلع سرگودھا کے مقام پر پیدا ہوئے ۔ اسی سال مسلم لیگ کی عملاً تشکیل ہوئی ۔ آپ کا تعلق ایک بہت بڑے علمی و روحانی گھرانے سے ہے ۔ آپ کے اکابر رشد و ہدایت کے مراکز اور اہل باطل کے لیے ننگی تلوار تھے ۔

حضرت خواجہ محمد ضیاء الدین رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے رد مرزائیت میں شاندار خدمات سرانجام دیں اور ایک معرکتہ الآرا کتاب معیار المسیح مطبوعہ ۱۳۲۹ھ لکھی جو اپنی مثال آپ ہے ۔

آپ نے بحر العلوم العقلیہ حضرت علامہ معین الدین اجمیری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سے اکتساب فیض کیا ۔ علامہ اجمیری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سے مدرسہ ضیاء شمس الاسلام میں پڑھ کر ۱۳۵۱ھ میں سند فراغت و دستار فضیلت حاصل کی ۔

آپ نے علماء حق کے ساتھ مل کر آزادی وطن کے لیے تن من دھن

Marfat.com

کی بازی لگا دی۔ ۱۹۴۶ء میں بنارس کی آل انڈیا سنی کانفرنس میں شرکت کے بعد حصول آزادی کی منزل کو قریب تر لانے میں مصروف ہو گئے۔

پاکستان بننے کے بعد آپ نے قائداعظم کو لکھا کہ پاکستان میں فی الفور اسلامی قوانین نافذ ہونے چاہئیں۔ اس پر قائداعظم نے جواب میں تحریر فرمایا:

''پاکستان کی تحریک میں مشائخ عظام کی خدمات بڑی عظیم اور قابل قدر ہیں۔ آپ اطمینان رکھیں۔ پاکستان میں یقینی طور پر اسلامی قانون ہی نافذ ہوگا۔''

جون ۱۹۷۰ء میں ٹوبہ ٹیک سنگھ (دارالسلام) ضلع فیصل آباد میں آل پاکستان سنی کانفرنس منعقد ہوئی جس میں آپ کو جمعیت علماء پاکستان کا صدر چنا گیا۔ ۱۷/ رمضان ۱۴۰۱ھ/ ۲۰/ جولائی ۱۹۸۱ء میں کار کے حادثہ میں شہید ہوئے۔ اور سیال شریف میں دفن ہوئے۔ [۱۱۸]

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

ایمان کا ایک بنیادی تقاضا

مواھب اللدنیہ میں علامہ قسطلانی فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ پر ایمان تب مکمل ہوتا ہے جب یہ عقیدہ ہو کہ اللہ ﷻ نے آپ ﷺ کے بدن مبارک کو اس طرح بے مثل و مثال بنایا ہے کہ نہ پہلے کوئی ایسا ہوا اور نہ بعد میں ہوگا۔ امام بوصیری نے کیا خوب کہا ہے۔

فھو الذی تم ھنا و صورته ثم اصطفاه حبیبا باری النسم
منزه عن شریک فی محاسنه فجو هر الحسن فیه غیر منقسم

(وسائل الوصول الی شمائل الرسول ﷺ۔ علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مخدوم اہل سنت مولانا سید زاہد علی قادری، فیصل آباد قدس اللہ سرہٗ

قطب مدینہ:

''بڑے صالح و متقی اور بھولے بھالے سید ہیں۔''

فقیر قادری

حضرت مولانا علامہ ابو الفیض سید زاہد علی شاہ قادری رضوی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ ابن سید شاہد علی ۱۳۵۳ھ/۱۹۳۴ء میں پیلی بھیت (یو پی انڈیا) کے محلّہ کھکرا میں سادات کے ایک علمی و روحانی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ آپ کے جدِ امجد مولانا حافظ سید شوکت علی پیلی بھیت کی مشہور شخصیت تھے۔ مرکزی جامع مسجد کی خطابت و امامت کے علاوہ ایک دینی مدرسہ بھی قائم کیا ہوا تھا جہاں کثیر تعداد میں طلباء اکتساب فیض کرتے تھے۔

حضرت مولانا سید زاہد علی قادری نے اردو کی ابتدائی اور تجوید و قرأت کی تعلیم پیلی بھیت کی مرکزی جامع مسجد میں اپنے جد امجد مولانا حافظ سید شوکت علی، مولانا قاری عبدالحفیظ (خطیب سنہری جامع پیلی بھیت) اور قاری نوشہ علی سے حاصل کی۔

۱۹۵۰ء میں ہجرت کر کے سکھر (پاکستان) تشریف لائے اور ۱۹۵۳ء میں جامعہ رضویہ مظہر اسلام فیصل آباد میں داخل ہوئے۔ فارسی اور صرف کی ابتدائی کتابیں مولانا سید منظور حسین شاہ سے پڑھیں، جبکہ اصول الشاشی حضرت مولانا عبدالقادر سے، شرح ملا جامی مولانا حافظ احسان الحق سے، مختصر المعانی اور حسامی حضرت مولانا مفتی مختار احمد سے، ہدایہ مولانا مفتی

Marfat.com

محمد امین سے، مشکوٰۃ شریف، میر زاہد اور رسالہ قطبیہ حضرت مولانا مفتی نواب الدین سے، ہدیہ سعیدیہ ومیبذی حضرت مولانا علامہ ولی النبی سے اور توضیح تلویح، سراجی، شرح عقائد اور دورۂ حدیث (کتبِ احادیث) حضرت محدث اعظم پاکستان مولانا محمد سردار احمد رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سے پڑھ کر ۱۹۶۲ء میں سند فراغت و دستار فضیلت حاصل کی۔

پنجاب یونیورسٹی سے عربی کا پہلا امتحان (ادیب عربی) بھی پاس کیا۔ فراغت سے لے کر تادم زیست آپ جامع مسجد بغدادی گلبرگ فیصل آباد میں فرائض خطابت سرانجام دیتے رہے۔

تدریس کا آغاز جامعہ رضویہ مظہر اسلام فیصل آباد سے کیا۔ ایک سال بعد حضرت محدث اعظم رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے حکم سے جامع مسجد بغدادی میں ''دارالعلوم نوریہ رضویہ'' کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا جہاں آپ نے وقتاً فوقتاً درس نظامی کے تمام اسباق پڑھائے۔ اس وقت جامعہ ایک مرکزی حیثیت کا حامل ہے جہاں دس مدرسین اور ڈیڑھ سو طلباء درس نظامی، تجوید و قرأت اور حفظ قرآن کے شعبوں میں تعلیم و تعلم میں مصروف ہیں۔ دینی درس گاہ کے علاوہ آپ نے ایک پرائمری اسکول بھی قائم کیا جہاں قرب و جوار کے بچے اردو تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

تبلیغ دین کے سلسلے میں آپ ملک کے تقریباً ہر حصے میں تشریف لے جاتے۔ کوئٹہ، کراچی اور پشاور تک آزاد کشمیر میں عباس پور، راولاکوٹ اور مظفر آباد میں آپ نے تبلیغی دورے کیے۔

تحریک ختم نبوت اور تحریک نظام مصطفےٰ میں آپ نے بھرپور حصہ لیا۔ سیاسی طور پر آپ کا تعلق سواد اعظم کی نمائندہ جماعت جمعیت علماء پاکستان سے تھا۔ ۱۹۷۰ء کے انتخابات کے موقعہ پر آپ جمعیت علماء پاکستان فیصل آباد شہر کے صدر تھے۔ انتخابی سرگرمیوں کے سلسلے میں جگہ جگہ تقاریر کر کے

Marfat.com

جمعیت کے منشور نظام مصطفے کے نفاذ اور مقام مصطفے (ﷺ) کے تحفظ سے عوام کو روشناس کرایا۔

آپ نے دینی و مذہبی کتب کی نشر و اشاعت کی خاطر مکتبہ نوریہ رضویہ قائم فرمایا۔ اس مکتبہ کے ذریعے ۱۹۶۸ء سے ۱۹۷۵ء تک اردو کتب کی طباعت ہوتی رہی اور اب ۱۹۷۵ء سے یہ مکتبہ نایاب عربی کتب کی طباعت کا اہتمام کر رہا ہے۔

الحمد للہ، حضرت مولانا سید زاہد علی کی شبانہ روز محنت سے بہت سی نایاب عربی کتب چھپنے سے اہل علم حضرات کے لیے اچھا خاصا علمی ذخیرہ مہیا ہو چکا ہے۔

آپ نے حضرت محدث اعظم مولانا محمد سردار احمد رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے دست حق پرست پر بیعت کا شرف حاصل کیا۔ پھر ۱۹۶۱ء میں کسی دینی کام سے بریلی شریف حاضری ہوئی تو حضرت محدث اعظم کے حکم پر موقع کو غنیمت جانتے ہوئے شہزادۂ اعلیٰ حضرت، حضرت مفتی اعظم ہند دامت برکاتہم العالیہ سے نسبت روحانی حاصل کی۔ حضرت مفتی اعظم نے آپ کو تمام وظائف، اوراد و اعمال اعلیٰ حضرت و سلسلہ قادریہ کی اجازت و سند خلافت بھی عطاء فرمائی۔

الحمد للہ، آپ نے چار مرتبہ حج بیت اللہ شریف اور روضۂ رسولِ خدا علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کا شرف حاصل کیا۔

فروری ۱۹۷۸ء میں آپ جامعہ امجدیہ کراچی کی دعوت پر امام اہل سنت الشاہ احمد رضا خاں بریلوی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے عرس مبارک میں شمولیت کی خاطر کراچی تشریف لے گئے، وہاں پہنچتے ہی دل کا دورہ پڑا اور آپ نے جان جانِ آفریں کے سپرد کی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔ آمین ۱۱۹

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحاج مولانا ابو داؤد محمد صادق، مدظلہ گوجرانوالہ

قطب مدینہ :

'' بڑے تقویٰ والا بزرگ ہے۔ ''

فقیر قادری

عالم باعمل، حق گو مبلغ الحاج مولانا ابوداؤد محمد صادق بن جناب شاہ محمد مرحوم ۱۳۵۰ھ / ۱۹۲۱ء میں کوٹلی لوہاراں (مشرقی) ضلع سیالکوٹ میں اعوان خاندان کے ایک باعظمت گھرانے میں پیدا ہوئے۔

قرآن مجید (ناظرہ) اور پرائمری تک اردو تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ نے علوم عربیہ کے منتخب نصاب درس نظامی کی کتب جامعہ رضویہ منظر اسلام بریلی شریف، مدرسہ نقشبندیہ علی پور شریف اور جامعہ رضویہ مظہر اسلام فیصل آباد میں پڑھیں اور ۱۵ شعبان ۱۳۶۹ھ کو سند فراغت حاصل کی۔

آپ کے اساتذہ میں فقیہ اعظم مولانا محمد شریف کوٹلوی علیہ الرحمہ (م ۱۵ر جنوری ۱۹۵۱ء) مولانا حاجی عبدالغنی صاحب خطیب کوٹلی لوہاراں (مشرقی) قاری یوسف علی بریلوی علیہ الرحمۃ، مولانا محمد آل حسن سنبھلی، مولانا محمد عبدالرشید جھنگوی اور محدث اعظم پاکستان مولانا محمد سردار احمد رحمتہ اللہ علیہ کے اسماء گرامی شامل ہیں۔

فراغت کے بعد آپ نے جامعہ رضویہ مظہر اسلام فیصل آباد سے تدریسی زندگی کا آغاز فرمایا۔ تدریس کے ساتھ ساتھ آپ جامع مسجد نانک پورہ فیصل آباد میں جمعہ کا خطبہ بھی ارشاد فرماتے رہے۔ ایک سال بعد گوجرانوالہ تشریف لائے۔ اس وقت سے اب تک زینت المساجد (جامع مسجد اہل سنت و جماعت) میں بڑی استقامت کے ساتھ خطابت کے فرائض ادا فرما رہے ہیں۔ ۱۴ شوال ۱۳۷۴ھ میں آپ نے جامعہ حنفیہ رضویہ سراج

Marfat.com

العلوم کے نام سے ایک دینی ادارہ بھی قائم فرمایا، جہاں دیگر مدرسین کے علاوہ آپ خود بھی تدریس فرماتے ہیں۔ گوجرانوالہ میں اپنی نوعیت کا یہ مثالی ادارہ ہے۔

آپ نے گوجرانوالہ ہی میں تبلیغ واشاعتِ دین کے سلسلے میں جماعت رضائے مصطفٰے قائم کی اور ماہنامہ ''رضائے مصطفٰے'' کا اجرا فرمایا، جو ہر دور میں کلمہ حق بلند کرنے اور اہل باطل کی فتنہ انگیزیوں کا مسکت جواب دینے میں اپنا انفرادی مقام رکھتا ہے۔

آپ تحفظ ختم نبوت کے لئے ہر دو تحریکوں (۱۹۵۳ء/۱۹۷۴ء) میں میدان عمل میں آئے۔ ۱۹۵۳ء کی تحریک ختمِ نبوت میں آپ تین ماہ تک گوجرانوالہ اور ملتان میں پابند سلاسل رہے۔

۱۹۷۴ء کی تحریکِ ختمِ نبوت میں آپ مجلسِ عمل تحفظ ختم نبوت گوجرانوالہ کے متفقہ صدر چنے گئے۔ اصلاح معاشرہ و درستگی عقائد کی خاطر آپ کی سعی پیہم ایک قابلِ تقلید مثال ہے۔

تحریک پاکستان کے موقعہ پر آپ نظریہ پاکستان سے گہری دلچسپی و وابستگی رکھتے ہوئے مسلم لیگ کے جلسوں اور جلوسوں میں شمولیت فرماتے رہے اور اب نظام مصطفٰے کے نفاذ اور مقام مصطفٰے کے تحفظ کی خاطر سواد اعظم کی نمائندہ جماعت، جمیعت علماء پاکستان سے وابستہ ہیں اور قائدِ اہل سنت مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی کی قیادت میں جمعیت کے منشور کے مطابق ملک پاکستان کو صحیح معنی میں اسلامی قلعہ بنانے میں بھرپور سعی کر رہے ہیں۔ آپ جمیعتِ علماء پاکستان گوجرانوالہ کے سرپرست ہیں۔ ۱۹۷۰ء میں آپ نے جمعیت کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی کا الیکشن لڑا اور اٹھارہ ہزار ووٹ حاصل کیے۔

آپ محدث اعظم پاکستان حضرت مولانا محمد سردار احمد قدس اللہ سرہ کے دستِ حق پرست پر بیعت ہوئے اور تاجِ خلافت سے بھی مشرف ہوئے۔

آپ کے مریدین کی خاصی بڑی تعداد ہے، ایسے ہی معتقدین نے تحصیل شکر گڑھ میں ایک گاؤں کا نام صادق آباد آپ کے نام کی نسبت سے رکھا اور وہاں کی خوبصورت مسجد کے دروازہ پر بھی نام کی نسبت کا اظہار ہوتا ہے۔ [۱۲۰]

Marfat.com

ابو داؤد محمد صادق

خطیب زینت المساجد
امیر جماعت رضائے مصطفےٰ دار السلام گوجرانوالہ

[illegible]

فقیر قادری کے نام مکتوب

Marfat.com

۱۱۶/۹۲

عزیز الحاج نصوی صاحب زید فیضہ

السلام علیکم — مزاج بخیر ہے —

فقیر نے آپ کی خدمت میں تصاویر کے متعلق تار

کی تھی — کہ انہیں دفن کر کے مجھے جلد اطلاع دیں

مدت کے روز انتظار کرنے کے باوجود آپ کی

کوئی اطلاع نہیں آئی — بہت تعجب و افسوس

ہے — امید ہے — کہ حسب وعدہ — خط لکھ کر

جلد اطلاع دینگے کہ ان تصاویر کے کیا کیا ہے

اور سب تصویریں دفن کر دی ہیں یا کچھ

باقی بھی رکھی ہیں — منتظر جواب کا شدید

انتظار ہے — ابو داؤد محمد صادق غفرلہٗ زنتہ المرصد

فقیر قادری کے نام مکتوب

Marfat.com



পোষ্ট কার্ড

پوسٹ کارڈ

POST CARD

POSTAGE PAKISTAN 10 PAISA

پاکستان ڈاک

نام ..... نام

ঠিকানা ..... پتہ

.....

ডাকঘর ..... ڈاکخانہ

জেলা ..... ضلع

منجانب ..... ইতে

پتہ ..... কানা

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقرر جادو بیان مولانا الحاج **محمد شریف** نوری قصوری رحمتہ اللہ علیہ

قطب مدینہ :

''مولانا نور اللہ صاحب کے شاگردوں میں انہیں اللہ تعالیٰ نے بہت عظمت عطا فرمائی ہے۔ ان کی محبتِ حبیب (ﷺ) اور خوش الحانی و سوز و گداز نے مذہب و ملت کی خوب خدمت کی۔ یہ منشا بھی انہی کا شاگرد ہے نعت تو اچھی پڑھتا ہے۔''

فقیر قادری

خطیب پاکستان مولانا الحاج محمد شریف نوری (رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ) ابن مولانا محمد دین مدظلہ العالی۔ ۱۳۵۳ھ/ ۱۹۳۵ء میں بمقام چکوڑی (ضلع گجرات) میں پیدا ہوئے کنجاہ (گجرات) میں میٹرک کا امتحان پاس کیا، اس کے بعد پاکستان کی عظیم دینی درس گاہ دارالعلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور (ضلع ساہیوال) میں تمام متداولہ کتب کی تحصیل و تکمیل کر کے فقیہِ عصر مولانا ابو الخیر محمد نور اللہ نعیمی رحمتہ اللہ علیہ سے درس حدیث لیا اور ۱۳۷۳ھ/ ۱۹۵۳ء میں فراغت حاصل کی، اسی سال قصور میں خطیب مقرر ہوئے اور ۱۳۸۱ھ تک کمال خوبی سے فرائض خطابت انجام دیئے یہیں سے ان کی شہرت دور دراز تک پہنچی۔ آپ کی آواز میں بلا کا سوز تھا اور دوران تقریر مجمع پر چھا جایا کرتے تھے، بڑے سے بڑے مجمع کو کنٹرول کرنا ان کے لئے معمولی بات

Marfat.com

تھی ۔ پاکستان کے سابق گورنر ملک امیر محمد خاں اپنے گھر پر منعقدہ مجلس میلاد کے لئے آپ کو دعوت دیا کرتے تھے۔ آپ نے ۱۹۷۰ء کے عام انتخابات میں جمعیت العلماء پاکستان کے ٹکٹ پر الیکشن میں حصہ لیا۔

قصور کے قیام کی نسبت سے نوری قصوری کے نام سے عوام وخواص کے طبقے میں متعارف ہوئے ۔ ۱۹۵۴ء میں پنجاب یونیورسٹی سے مولوی فاضل اور ۱۹۵۵ء میں ادیب فاضل کے امتحانات نمایاں کامیابی سے پاس کئے ۔ ان کے سحر خطابت کا یہ کارنامہ ناقابل فراموش ہے کہ یکم مئی ۱۹۵۹ء کو کلارک آباد (مضافات رائے ونڈ) کے تقریباً دو ہزار عیسائی ان کی تبلیغ سے متاثر ہوکر حلقہ بگوشِ اسلام ہو گئے تھے۔

۱۳۸۱ھ/۱۹۶۱ء میں لاہور آ گئے ۔ پہلے ایک عرصہ تک جامع مسجد سبیل والی شاہ عالم مارکیٹ میں، پھر کچھ عرصہ سرائے رتن چند میں خطیب رہے، بعدازاں جامع مسجد محمدیہ (راوی روڈ) میں تشریف لے آئے، یہاں آپ نے جامعہ محمدیہ کی بنیاد رکھی، مسجد کا عظیم مینار آپ ہی کی مساعی سے پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

۱۳۸۴ھ میں مقامات مقدسہ کی زیارات کے لئے بغداد شریف، کربلا معلےٰ، نجف اشرف اور بیت المقدس کا سفر کیا اور حج و زیارت سے مشرف ہوئے ۔ ۱۳۹۱ھ میں کمال اشتیاق سے حرمین شریفین کی حاضری سے فیضیاب ہوئے ۔ واپسی پر راستے ہی میں علالت نے آ لیا۔

مولانا نوری بلند اخلاق کے مالک تھے، دوستوں کے دوست تھے اور ملنے جلنے والوں کی بڑی فراخدلی سے تواضع کیا کرتے تھے، جمعیت العلماء پاکستان، پاک سنی تنظیم اور انجمن اصلاح المسلمین کے سرگرم رکن اور ممتاز عہدوں پر فائز رہے ۔ ۱۳۹۰ھ میں جا بجا دورے کئے اور آئینِ اسلام کے نفاذ کے حق میں پرزور تقریریں کیں اور عوام الناس کو آئین اسلامی کی

Marfat.com

تائید وحمایت کے لئے تیار کیا۔

مولانا نوری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے دور کے مقبول ترین مقرر تھے، سامعین ان کی خوش نوائی کے اثر سے کیف وسرور میں ڈوب جاتے تھے، وہ جہاں ایک مرتبہ تقریر کر آتے تھے وہاں کے لوگ ہمیشہ ان کے مشتاق رہتے، تقریر اپنی مادری زبان پنجابی میں کیا کرتے۔ ان کے عقیدتمندوں کا حلقہ نہایت وسیع تھا، انہوں نے اپنے مواعظ کے ذریعے سنیت کا پیغام پاکستان کے گوشے گوشے تک پوری بیباکی سے پہنچایا اور عقائد باطلہ کی تردید پوری قوت سے کی، پرخطر راستوں سے گذرے۔ دھمکیاں سنیں مگر کبھی ان کا عزم متزلزل نہ ہوا۔

مولانا نوری نوراللہ مرقدہ نے وعظ وتقریر کے ساتھ تحریر کا سلسلہ بھی جاری رکھا، لاہور آنے کے بعد ماہنامہ الحبیب جاری کیا اس کے علاوہ آفتاب سنت، بارہ تقریریں، نشری تقریریں، مسئلہ گیارہویں، حرمت تعزیہ داری اور عرب کا مسافر ایسی مقبول عام تصانیف یادگار چھوڑیں۔

۲۸ ربیع الاول ۱۳ رمئی (۱۳۹۲ھ/۱۹۷۲ء) جمعہ ہفتہ کی درمیانی شب میو ہسپتال میں تقریباً ۲ بجے آپ کا انتقال ہوا۔ نمازِ جنازہ مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا علامہ ابوالبرکات سید احمد دامت برکاتہم العالیہ نے پڑھائی۔

آپ اپنے والدگرامی کے اکلوتے فرزند تھے، خطیب پاکستان مولانا غلام الدین قدس اللہ سرہٗ آپ کے عم محترم تھے، مولانا نوری قدس اللہ سرہٗ کے ہاں نرینہ اولاد نہیں ہوئی، اس وقت چار بچیاں بقید حیات ہیں۔

جامع مسجد محمدیہ راوی روڈ پر آپ کا مزار زیر تعمیر ہے۔ [۱۲۱]

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت پیر سید حیدر حسین شاہ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ

قطب مدینہ:

"اپنے نانا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی شبیہ ہیں۔خوب انسان ہیں۔
معاملہ کے بڑے درست ہیں۔"

فقیر قادری

معین الملت پیر سید حیدر حسین بن سید اولاد حسین (ف ۱۹۸۳ء) بن سید صادق علی شاہ (ف ۱۹۲۴ء) بن سید کریم شاہ (ف ۱۹۰۲ھ) کی ولادت باسعادت ۷/مئی ۱۹۱۸ء/ ۲۵/ رجب ۱۳۳۶ھ بروز منگل علی پور سیداں میں ہوئی۔صاحب دربار عظمت مادہ تاریخ ولادت ہے جس سے ۱۹۱۸ء کا سال برآمد ہوتا ہے۔آپ حضرت امیر ملت قدس اللہ سرہٗ کی اکلوتی صاحبزادی سیدہ بنتِ رسول عرف بُوجی صاحبہ (ف ۱۹۶۲ء) کے صاحبزادے تھے۔

آپ شکل وصورت میں اپنے نانا حضرت امیر ملت قدس اللہ سرہٗ سے بہت مشابہت رکھتے تھے۔حضرت امیر ملت آپ سے بہت پیار کرتے تھے۔آپ نے مدرسہ نقشبندیہ علی پور شریف سے قرآن مجید حفظ کیا اور تمام علوم عقلیہ ونقلیہ کی تحصیل کے بعد سند فراغت حاصل کی۔ابتداہی سے پابندی شریعت اور اتباع سنت پر سختی سے کاربند تھے۔ تقویٰ پرہیزگاری، دریادلی، پاکیزگی اور خوش اخلاقی آپ کے اوصاف حسنہ کی بنیادی اور امتیازی صفات تھیں۔سخاوت اور دریادلی میں بے مثال تھے۔آپ نے کئی مساجد اور

Marfat.com

مدارس کا اجراء فرمایا جن میں جامع مسجد شاہ جماعت، دارالعلوم شاہ جماعت محلّہ جماعت پورہ نزد ریلوے اسٹیشن قصور اور جامع مسجد شاہ جماعت اور جامعہ جماعتیہ حیدریہ نارووال قابلِ ذکر ہیں۔

آپ نے اپنے نانا جان حضرت امیر ملت قدس اللہ سرہٗ کے دستِ حق پرست پر بیعت کر کے خلعتِ خلافت حاصل کی تھی۔ بے شمار لوگوں نے آپ کے دستِ حق پرست پر سعادت بیعت حاصل کی۔ ۱۶ مارچ ۱۹۵۳ء کو چورہ شریف میں الحاج پیر محمد شفیع چوراہی (ف ۱۹۶۶ء) نے بھی آپ کو اور صاحبزادہ نذر حسین علی پوری کو اجازت و خلافت سے نوازا۔ آپکو حضور سید عالم ﷺ کے شہر مدینہ پاک سے بے پناہ محبت تھی۔ آپ نے تقریباً ۲۸ مرتبہ زیارت بیت اللہ و حاضری روضہ رسول (ﷺ) کی سعادت حاصل کی۔

دین متین کی تبلیغ سے آپ کو کامل دلچسپی تھی۔ شروع ہی سے آپ دین کی تبلیغ کے لئے طویل سفر فرماتے رہتے تھے۔ پاکستان کے علاوہ ہندوستان میں حیدرآباد دکن، میسور، بنگلور، مدراس، بمبئی اور جنوبی ہند کے علاقے آپ سے مستفیض ہوتے رہتے تھے۔

کچھ عرصہ بریلی شریف میں حضرت حجتہ الاسلام علامہ حامد رضا خاں قادری رحمۃ اللہ علیہ سے اخذِ علوم کرتے رہے۔ جب حضرت حجتہ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ کے انگوٹھے کا آپریشن ہوا تھا، اس وقت پیر صاحب بریلی شریف میں موجود تھے، اور بڑی تفصیل سے یہ واقعہ بیان کیا کرتے تھے۔ (فقیر قادری)

۲۹ دسمبر ۱۹۸۶ء / ۲۷ ربیع الثانی ۱۴۰۷ھ بروز پیر بوقت صبح صادق آپ نے رحلت فرمائی اور روضہ امیر ملت کے ملحقہ حجرہ میں آخری آرامگاہ بنی۔

جناب طارق سلطان پوری نے قطعہ تاریخ وفات کہا۔

اس کی دو تاریخ ہائے وصل طارق نے کہیں

"جلوہ بامِ فضیلت"، "اختر بُرج شرف"

۱۴۰۷ھ ۱۹۸۲ء

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

تیرے کرم سے بے نیاز کونسی شے می ہیں!
جھولی ہی میری تنگ ہے تیرے یہاں کمی نہیں



خط و کتابت کی سدا رسم کو جاری رکھنا ✤ بھول نہ جانا کہیں یاد ہماری رکھنا!
اک چمکتی نہ ستارے تیرے منہ پر ہے گرا ✤ کہکشاں تیرے تلوے کی ہے گرد راہ گزر

سید حیدر حسین شاہ جماعتی

بمقام ڈاک خانہ علی پور سیداں ضلع سیالکوٹ

تاریخ 20 — 7 — 73

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

دوسرے خطوط [illegible]

[illegible]

[illegible]

[

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مفسر اعظم ہند علامہ **محمد ابراہیم** رضا خاں قادری رضی اللہ عنہ

قطب مدینہ:

''امام الذاہدین، بڑے نور والے شہزادے تھے۔ سیدنا اعلحضرت رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان میرا پوتا میری زبان ہوگا۔ بس یہ ہی کافی ہے۔''

فقیر قادری

دس ربیعثانی ۱۳۲۵ھ کا دن نہ صرف خانوادۂ امام احمد رضا بلکہ تمام متوسلین کے لئے بڑا یادگار دن تھا۔ جس میں نبیرۂ اکبر امام احمد رضا و صاحبزادۂ اکبر حجۃ الاسلام مولانا محمد ابراہیم رضا خاں جیلانی میاں کی ولادت باسعادت ہوئی۔ اس جشن مسرت میں امام احمد رضا بنفس نفیس شریک تھے۔ منظر اسلام کے طلبہ کے لئے ان کی خواہش کے مطابق خصوصی دعوت کا اہتمام کیا گیا۔

اس جشن مسرت میں شریک مولانا ظفر الدین فاضل بہاری رقمطراز ہیں:

حضرت حجۃ الاسلام مولانا شاہ محمد حامد رضا خانصاحب کے برابر لڑکیاں ہی پیدا ہوتیں اس لئے سب لوگوں کی دلی تمنا تھی کہ کوئی لڑکا پیدا ہوتا۔ تاکہ اس کے ذریعے اعلیٰ حضرت کے حسب ونسب وفضل وکمال کا سلسلہ

Marfat.com

جاری رہتا۔ خداوند عالم کی شان کہ ۱۳۲۵ھ میں مولوی محمد ابراہیم رضا خانصاحب قبلہ کی ولادت ہوئی۔ نہ صرف والدین اور اعلیٰ حضرت بلکہ جملہ متوسلین کو از حد خوشی ہوئی۔ اس خوشی میں منجملہ اور باتوں کے اعلیٰ حضرت نے جملہ طلبائے مدرسہ اہل سنت و جماعت منظر اسلام کی ان کی خواہش کے مطابق دعوت فرمائی۔ بنگالی طلباء سے فرمایا آپ لوگ کیا کھانا چاہتے ہیں؟ انہوں نے کہا ''مچھلی بھات'' چنانچہ روہو مچھلی بہت وافر طریقے پر منگائی گئی۔ اور ان لوگوں کی حسب خواہش دعوت ہوئی۔ بہاری طلباء سے فرمایا آپ لوگوں کی کیا خواہش ہے؟ ہم لوگوں نے کہا ''بریانی زردہ فیرنی کباب میٹھا ٹکرا وغیرہ'' بہاریوں کے لئے پر تکلف کھانا تیار کرایا گیا۔ پنجاب اور ولایتی طلبا کی خواہش ہوئی ''دنبہ کا خوب چرب گوشت اور تنور کی پکی گرم گرم روٹیاں'' غرض ان لوگوں کے لئے وافر طور پر اسی کا انتظام ہوا۔ اس وقت خاص عزیزوں مریدوں کے لئے جوڑا بھی تیار کیا گیا تھا۔ نہایت ہی مسرت سے لکھتا ہوں کہ میں بھی انہیں خاص لوگوں سے ہوں جن کے لئے جوڑا بھی تیار کرایا گیا تھا۔ [۱۲۲]

استاد زمن حضرت مولانا حسن رضا خاں حسن بریلوی اس جشن مسرت میں شریک تھے اس موقعہ پر آپ نے بڑے یادگار اشعار کہے۔ ان میں یہ مصرعہ ''علم و عمر اقبال و طالع دے خدا'' تو اتنا برجستہ تھا کہ تاریخ ولادت ۱۳۲۵ھ قرار پایا۔

حضرت جیلانی میاں کو یہ طرۂ امتیاز بھی حاصل رہا کہ امام احمد رضا نے خاندان اور بریلی کے معززین کی موجودگی میں ۱۴ شعبان بروز چہار شنبہ ۱۳۲۹ھ کو آپ کی بسم اللہ خوانی کرائی بیعت لی اور خلافت و اجازت سے سرفراز فرمایا۔

صرف یہ ہی نہیں بلکہ یہ فرما کر ''میرا پوتا میری زبان ہوگا'' جیلانی

Marfat.com

میاں کے جذبۂ احقاق حق و ابطال باطل کی عظیم بشارت بھی دیں اور دین و ملت کی خدمات سے بھرپور شاندار مستقبل کی نشاندہی فرمادی۔

حضرت مفسر اعظم ہند جیلانی میاں کی زندگی کے یہ بڑے روشن نقوش تھے۔۔۔۔

۱۔ منظر اسلام ان کے آباو اجداد کا شجر سدا بہار تھا۔ اس کی آبیاری اور گل وغنچہ و جڑ و پتی و شاخ کے سنوارنے میں زندگی بھر مصروف رہے۔ اس راہ میں بڑے صبر آزما مصائب سے آپ کو گزرنا پڑا تا آنکہ مدرسین کی بروقت تنخواہ کے لئے گھر کے زیورات تک رہن رکھ دیئے جاتے۔ یہ تھا وہ ایثار جس نے دارالعلوم منظر اسلام کو منظر اسلام بنائے رکھا۔ حضرت مفتی سید محمد افضل حسین صاحب (جو اس دور میں منظر اسلام کی خدمت تدریس سے وابستہ رہے) نے صحیح ارشاد فرمایا کہ ایسا نرالا مہتمم میری نگاہوں نے نہیں دیکھا۔

۲۔ درس و تدریس میں انہماک کا یہ عالم تھا کہ مسلم شریف و شفا شریف پڑھاتے ہوئے ان کی شروح پیش نظر ہوتیں اور ایسا معلوم ہوتا کہ صاحب مسلم، امام مسلم بن الحجاج قشیری اور صاحب شفا قاضی عیاض کی روحانیت جلوہ گر ہے۔ کبھی کبھی تو ایسا ہوتا کہ الفاظ سے گذر کر معانی میں پہنچ جاتے اور قال کو چھوڑ کر سراپا حال ہو جاتے اپنے اسلاف کرام کی طرح برکۃ المصطفی فی الہند شیخ محقق محدث دہلوی رضی اللہ عنہ سے خاصا شغف رکھتے معتقدات میں ان کی تصانیف ازبر ہوتیں مسلک کے اثبات میں دلائل کے انبار لگادیتے۔ ان کی عبارتیں جھوم جھوم کر پڑھتے یہاں تک کہ ان کے مزار سے بھی استفادہ کرتے۔[۱۲۳]

Marfat.com

مفسر اعظم ہند حضرت جیلانی میاں اپنی آنے والی نسلوں اور سنیوں کے لئے علمی عملی، مسلکی، خانقاہی شاہراہ عمل اور طریقہ کار متعین کر کے ۱۱ر صفر بروز ہفتہ ۱۳۸۵ھ/ ۱۲ر جون ۱۹۶۵ء علی الصباح ۷ بجے اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔ وصال پر ملال کی خبر سے زیارت اور نماز جنازہ میں شرکت کے لئے پورا شہر ٹوٹ پڑا۔ رات کو ۱۰ بجے غسل دیا گیا۔ دوسرے دن اسلامیہ کالج بریلی کے وسیع میدان میں مولانا مفتی سید محمد افضل حسین شاہ صاحب نے نماز جنازہ پڑھائی اور ۹/۳۰ بجے نبیرۂ امام احمد رضا کو انہیں کے دائیں جانب آرام سے لٹا دیا گیا۔ [۱۲۴]

جانشین قطب مدینہ سیدی فضل الرحمٰن قادری مدظلہ ارشاد فرماتے ہیں:

''زبدۃ العارفین حضرت علامہ ابراہیم رضا قادری رحمۃ اللہ علیہ بڑے عابد و زاہد اور نہایت پاکیزہ صفات کے حامل تھے۔ آپ کی زبان مبارک پر ہمیشہ

اللہ رب محمد صلی اللہ علیہ وسلما

نحن عباد محمدٍ صلی اللہ علیہ وسلما

جاری رہتا تھا حتی کہ آپ سوتے ہوتے مگر زبان اسی ورد میں مشغول رہتی''۔

Marfat.com



منبر النبی ﷺ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

حضرت شیخ الشیوخ قطب مدینہ سیدی ضیاء الدین احمد قادری مہاجر مدنی
قدس اللہ سرہ العزیز

کے

خلفاء

Marfat.com

منظر قريب .	GHAR HERAA INTERANSE.	HIRA MAGARASININ YAKIN GORUNTUSU.	GUA HIRA DARI DEKAT.	منظرِ غارِ حراء اندر داخل ہونے کی جگہ سے

حقوق الطبع محفوظة لـ صلاح الصاعدي
Copy Right for Salah Al-Saady
TEL: 0506338945 P.O. BOX: 3271.

Marfat.com

خلفائے حضرت سیدی ومرشدی نوراللہ مرقدہ کی یہ فہرست نامکمل ہے۔احقر فقیر قادری عفی عنہ نے دوسو (۲۰۰) سے زائد خلفاء کی فہرست مرتب کی تھی۔ جوزمانہ آفات و بلیات کے ابتداء ہی میں احباب کی امانتوں و دیگر سامانِ ضروریاتِ زندگی، قیمتی اساساجات، علمی وروحانی خزانہ، قیمتی ونادرمخطوطات، نایاب وکم یاب کتب کا ذخیرہ اور مشاھیرعلماءومشائخ کی یادگاروں کے ساتھ یہ فہرست بھی دین جدید کے جیالے پوجاریوں کے ہاتھوں لٹ گئی۔آپ احباب سے التماس ہے کہ اگرآپ حضرت سیدی قطب مدینہ قدس اللہ سرہ العزیز کے کسی ایسے خلیفہ سے متعارف ہوں جن کا نام اس نامکمل فہرست میں شامل نہیں ہےتو برائے کرم آگاہی فرما کرممنون فرمائیں۔

شکریہ

فقیرقادری عفی عنہ

Marfat.com

المملکۃ العربیۃ السعودیۃ

۱)	فضیلۃ الشیخ العلامہ الحافظ المفتی فضل الرحمٰن المدنی القادری علیہ الرحمہ (خلف الرشید سیدی قطب مدینہ)	مدینہ منورہ	۱۴۲۳ھ
۲)	فضیلۃ الشیخ العلامہ محمد علوی بن عباس الحسنی المالکی علیہ الرحمہ	مکہ مکرمہ	۱۴۲۵ھ
۳)	حضرت فضیلۃ الشیخ عباس بن علوی بن عباس الحسنی المالکی دامت برکاتہم	مکہ مکرمہ	
۴)	حضرت فضیلۃ الشیخ مفتی محمد علی مراد مفتی اعظم شام رحمتہ اللہ علیہ مدفون بقیع شریف	مدینہ منورہ	۱۴۲۱ھ
۵)	حضرت فضیلۃ الشیخ احمد یاسین الخیاری المدنی رحمتہ اللہ علیہ شیخ الروضہ	مدینہ منورہ	۱۳۸۰ھ
۶)	حضرت فضیلۃ الشیخ العلامہ السید یاسین احمد الخیاری رحمتہ اللہ علیہ	مدینہ منورہ	۱۳۴۴ھ
۷)	فضیلۃ الشیخ العلامہ صالح بلوار رحمتہ اللہ علیہ	مکہ معظّمہ	۱۴۱۵ھ
۸)	شیخ طریقت حضرت زکریا بخاری زید مجدہ	مدینہ منورہ	۱۴۲۶ھ
۹)	شیخ طریقت حضرت علامہ عبداللہ ابوبکر الملا رحمتہ اللہ علیہ	الاحساء	۱۳۶۶ھ
۱۰)	حضرت علامہ محمد المصطفیٰ ابن الحاج المختار الشنقیطی	مدینہ منورہ	۱۳۸۹ھ
۱۱)	عبدالمصطفیٰ محمد عارف قادری رضوی	مدینہ منورہ	

Marfat.com

۱۲) السید ابراھیم بن عبداللہ بن احمد خلیفہ الاحساء

عراق

۱۳) حضرت الشیخ العلامہ ابراھیم بن مصطفیٰ نورالدین محمد امین الواعظ بغداد ۱۳۷۸ھ

۱۴) حضرت علامہ مفتی ابراھیم الدوبی بغداد ۱۳۷۹ھ

۱۵) حضرت شیخ طریقت علامہ احمد بن داؤد نقشبندیِ بغداد ۱۳۶۷ھ

۱۶) حضرت شیخ علامہ کمال الدین عبدالحسن الطائی بغداد ۱۳۹۷ھ

۱۷) حضرت فضیلۃ الشیخ علامہ عبدالکریم ۲۰۰۵ء
رحمتہ اللہ علیہ مدرس وخطیب حضرہ جیلانیہ بغداد ۱۴۲۶ھ

۱۸) فضیلۃ الشیخ مفتی محمد صالح النفیر بغداد ۱۴۱۴ھ

۱۹) حضرت علامہ نوری عبدالحمید الملاحویش الکرخ ۱۴۰۰ھ

۲۰) حضرت علامہ سید محمد سعید الخطیب الھیتمی ھیت ۱۴۰۱ھ

ترکیا

۲۱) حضرت سیدی قطب استنبول علامہ محمد سامی افندی بن یحییٰ بن عبدالرحمٰن ۱۴۰۴ھ

۲۲) حضرت علامہ مفتی احمد محمد رمضان ۱۴۰۰ھ

Marfat.com

سوریا

۲۳)	فضیلۃ الشیخ العلامہ عبدالوھاب الصلاحی حلبونی	دمشق	۱۳۹۸ھ
۲۴)	حضرت علامہ مفتی محمد سعید بن درویش الحمزاوی	دمشق	۱۴۰۷ھ
۲۵)	حضرت علامہ سید فخرالدین ابراھیم الحسینی	دمشق	۱۴۱۱ھ
۲۶)	فضیلۃ الشیخ علامہ محمد بدرالدین ابراھیم العلابیتی	دمشق	۱۴۱۳ھ
۲۷)	حضرت علامہ سیدی محمد بشیر احمد حداد مدفون بقیع شریف	حلب	۱۴۰۷ھ
۲۸)	حضرت علامہ سید محمد صالح بن عبداللہ الفرفورالکیلانی	دمشق	۱۴۰۱ھ
۲۹)	فضیلۃ الشیخ مفتی محمد غیاث بن احمد عزالدین البیانوی	حلب	۱۴۰۷ھ
۳۰)	حضرت شیخ الطریقت علامہ سید محمد ھبۃ اللہ ابوالفرج بن عبدالقادرالخطیب الکیلانی	دمشق	۱۴۰۷ھ
۳۱)	فضیلۃ الشیخ علامہ محمد ابویسر بن محمد ابی الخیر عابدین	دمشق	۱۴۰۱ھ
۳۲)	حضرت علامہ مفتی محمود قاسم بعیون الزلکوسی	دمشق	۱۴۰۵ھ
۳۳)	حضرت علامہ محی الدین خالد ابویحی شافعی		۱۴۰۴ھ
۳۴)	حضرت علامہ مفتی حنابلہ سیدی احمد صالح		

Marfat.com

	السامی الشاذلی	دمشق	۱۴۱۴ھ
۳۵)	حضرت علامہ حسن مرزوق جنکۃ المیدانی	دمشق	۱۳۹۸ھ
۳۶)	حضرت علامہ رمضان عمر البوطی الخطیب الاعظم شام	شام	۱۴۱۳ھ
۳۷)	حضرت علامہ خطیب احمد بن محمد علی الدھر	دمشق	۱۳۹۷ھ
۳۸)	حضرت علامہ انور محمد سلیم سلطان داغستانی	دمشق	۱۴۰۱ھ
۳۹)	حضرت علامہ مفتی داؤد بن محمد الحمصی نقشبندی	دمشق	۱۴۰۷ھ
۴۰)	حضرت محمد تیسیر بن توفیق المخزومی	دمشق	۱۴۲۵ھ

المغرب

۴۱)	فضیلۃ الشیخ مفتی احمد بن طاہر الحسینی مالکی		۱۳۷۱ھ
۴۲)	شیخ الطریقہ مفتی احمد بن عیاشی الخزرجی التیجانی		۱۳۷۳ھ

قدس شریف

۴۳)	حضرت علامہ مفتی سیدی سعید الدین العلمی		۱۴۱۳ھ

مصر

۴۴)	حضرت علامہ محمد نجم الدین بن محمد امین الکردی نقشبندی	قاہرہ	۱۴۱۲ھ

Marfat.com

۴۵)	حافظ الحدیث علامہ محمد حافظ بن عبداللطیف بن سالم التیجانی	قاہرہ	۱۳۹۸ھ
۴۶)	حضرت علامہ محمد مفتی نجم الدین بن محمد امین الکردی	قاہرہ	۱۴۰۶ھ

ایران

۴۷)	مجاہد فی سبیل اللہ شیخ محمد بن صالح ضیائی شہید	فارس	۱۴۱۵ھ

افغانستان

۴۸)	حضرت مولانا علامہ مفتی اعجاز حسین اسدی	قندھار	۱۹۷۷ء
۴۹)	حضرت شیخ الحدیث علامہ عبداللطیف قادری	قندھار	۱۹۷۹ء
۵۰)	حضرت علامہ مفتی حبیب اللہ حسنی قادری	مزار شریف	۱۴۱۱ھ
۵۱)	حضرت علامہ عبدالالہ قادری ضیائی	بغلان	۱۴۰۹ھ

بریطانیہ

۵۲)	حضرت علامہ عبدالوھاب صدیقی	کونٹری	۱۹۹۴ء

جنوبی افریقہ

۵۳)	شیخ طریقت علامہ محمد ابراھیم خوشتر صدیقی	ماریشس	۱۴۲۳ھ

Marfat.com

ترکستان

۵۴) حضرت مفتی اعظم مبشر محمد الطرازی ۱۳۹۷ھ

لیبیا

۵۵) حضرت علامہ محمد ادریس ابن مہدی
ابن محمد علی السنوسی ۱۴۰۳ھ

۵۶) حضرت علامہ مفتی ابراھیم باکیر طرابلس ۱۳۷۲ھ

۵۷) حضرت علامہ احمد بن مصطفیٰ العلوی الجزائری مستغانم ۱۳۵۳ھ

یمن

۵۸) حضرت علامہ اسماعیل بن اسماعیل الزین
بالفمی ۱۴۱۴ھ

سوس

۵۹) حضرت علامہ حسن بن محمد ابن بو جمعۃ
البیصاوی ۱۳۶۸ھ

Marfat.com

ہند

۶۰)	ابوالمساکین حضرت علامہ ضیاء الدین قادری رحمتہ اللہ علیہ	پیلی بھیت	۱۳۶۴ھ
۶۱)	شیر بیشہ اہل سنت حضرت علامہ حشمت علی خان رضوی قدس اللہ اللہ سرہ	لکھنوی	۱۳۸۰ھ
۶۲)	نائب غوث اعظم مجاہد ملت علامہ محمد حبیب الرحمٰن عباسی قادری قدس اللہ سرہ	دھام نگر	۱۹۸۱ء
۶۳)	پیر طریقت حضرت مفتی رفاقت حسین رضی اللہ عنہ	کانپور	۱۴۰۳ھ
۶۴)	غازی ملت حضرت مولانا محبوب علی رضوی رحمتہ اللہ علیہ	لکھنوی	۱۳۸۵ھ
۶۵)	حضرت علامہ مفتی محمد وجیہ الدین رحمتہ اللہ علیہ غازی پوری	پیلی بھیت	۱۴۰۴ھ
۶۶)	حضرت پیر طریقت علامہ حافظ شجاع الدین قادری ضیائی	سمیر پور	۱۴۲۷ھ
۶۷)	حضرت پیر طریقت علامہ ظفر احمد بدایونی	داتا گنج	
۶۸)	شیخ الاسلام علامہ سید محمد مدنی میاں اشرفی زید مجدہ	کچھوچھہ شریف	
۶۹)	حضرت شیخ طریقت مولانا سید محمد ہاشمی میاں اشرفی مدظلہ	کچھوچھہ شریف	
۷۰)	حضرت علامہ ارشد القادری	جمشید پور بہار	۲۰۰۲ء
۷۱)	حضرت علامہ عبدالحلیم رضوی اشرفی ضیائی	ناگپور	
۷۲)	حضرت مولانا علامہ سید محمد عبدالحق اعظمی	اعظم گڑھ	۱۴۰۸ھ

Marfat.com

۷۳) حضرت مولانا حافظ قاری محمد احمد جہانگیر اعظمی — اعظم گڑھ

۷۴) حضرت علامہ مفتی محمد طیب رضوی — بمبئی

۷۵) حضرت مولانا مفتی محمد مشاہد رضا خاں — پیلی بھیت — ۱۹۹۹ء

۷۶) حضرت مولانا محمد احمد کانپوری — اعظم گڑھ

۷۷) حضرت قاری محمد امانت رسول رضوی — پیلی بھیت

۷۸) حضرت مولانا غلام آسی پیا حسنی جہانگیری ضیائی پوٹ ملک — رامپور — ۲۰۰۳ء

۷۹) حضرت مولانا محمود احمد قادری — کانپور

۸۰) حضرت علامہ سید قادر محی الدین قادری — حیدرآباد دکن

۸۱) حضرت علامہ زہیر احمد زیدی قادری — علی گڑھ

۸۲) حضرت ابو الفقرا قمر رضا محمد عبد السلام — فتح پوری

۸۳) حضرت مفتی محمد اسلم رضوی مظفر پور — بہار

پاکستان

۸۴) قائد اہل سنت حضرت علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی قادری رضی اللہ عنہ — کراچی — ۱۴۲۴ھ

۸۵) حضرت پروفیسر شاہ فرید الحق مدظلہ — کراچی

۸۶) حضرت شیخ الحدیث علامہ عبد المصطفیٰ الازہری رحمتہ اللہ علیہ — کراچی — ۱۹۸۹ء

۸۷) شیخ القرآن علامہ غلام علی رحمتہ اللہ علیہ — اوکاڑہ — ۲۰۰۰ء

۸۸) حضرت علامہ محمد سعید شبلی قادری حامدی

Marfat.com

	قدس اللہ سرہ	ساہیوال	۱۹۸۲ء
۸۹)	اشرف المشائخ حضرت علامہ غلام قادر اشرفی رضی اللہ عنہ	لالہ موسیٰ	۱۹۷۹ء
۹۰)	شیخ طریقت حضرت علامہ قاری محمد مصلح الدین صدیقی رضی اللہ عنہ	کراچی	۱۹۸۳ء
۹۱)	استاذ العلماء شیخ الحدیث مفتی تقدس علی خاں بریلوی رضی اللہ عنہ	پیر جو گوٹھ	۱۹۸۸ء
۹۲)	حضرت علامہ شاہ تراب الحق قادری مدظلہ	کراچی	
۹۳)	حضرت نور المشائخ پیر سید محمد حسن جیلانی نوری مدظلہ العالیٰ گجراتی	لاہور	
۹۴)	حضرت علامہ مفتی غلام قادر کشمیری	کراچی	۱۴۲۱ھ
۹۵)	قطب لاہور علامہ مفتی عزیز احمد قادری بدایونی	لاہور	۱۴۰۹ھ
۹۶)	خطیب اعظم حضرت علامہ الٰہی بخش قادری ضیائی مدظلہ العالی	لاہور	
۹۷)	خطیب اہل سنت حضرت مولانا محمد شفیع اوکاڑوی رحمتہ اللہ علیہ	کراچی	۱۹۸۴ء
۹۸)	پیر طریقت حضرت ابوالخیر محمد عبداللہ جان مجددی قادری	پشاور	
۹۹)	عمدۃ المقررین مولانا علامہ محمد محفوظ الحق شاہ	بورے والہ	
۱۰۰)	حضرت علامہ محمد عبدالخالق شاہ	بورے والہ	
۱۰۱)	مجاہد ملت مولانا عبدالستار خاں نیازی رحمتہ اللہ علیہ	لاہور	۲۰۰۱ء

Marfat.com

۱۰۲) فاضل شہیر علامہ سید حسین الدین شاہ راولپنڈی

۱۰۳) حضرت علامہ مفتی سید زاہد علی شاہ
رحمتہ اللہ علیہ — فیصل آباد — ۱۹۷۸ء

۱۰۴) فاضل جلیل حضرت علامہ محمد منظور احمد فیضی
اوچی — احمد پور شرقیہ — ۱۴۲۷ھ

۱۰۵) شیخ الحدیث حضرت مولانا حافظ محمد احسان
الحق رحمتہ اللہ علیہ — فیصل آباد — ۱۴۱۰ھ

۱۰۶) حضرت مولانا علامہ الحاج لطیف احمد چشتی — کامونکی — ۱۹۹۷ء

۱۰۷) حضرت مولانا علامہ محمد علی شیخ الحدیث
جامعہ رسولیہ شیرازیہ — لاہور — ۱۹۹۶ء

۱۰۸) جناب حکیم محمد موسیٰ امرتسری چشتی نظامی — لاہور — ۱۹۹۹ء

۱۰۹) حضرت علامہ مولانا حافظ غلام رضا علوی — راولپنڈی

۱۱۰) حضرت صوفی شاہ محمد فاروق رحمانی
قادری چشتی — کراچی — ۱۹۸۳ء

۱۱۱) فاتح عیسائیت حضرت مولانا ابوالنصر
محمد منظور احمد شاہ — ساہیوال

۱۱۲) حضرت مولانا مفتی غلام سرور قادری — لاہور

Marfat.com

مزار مقدس سیدنا معین الدین چشتی رضی اللہ عنہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

جانشینِ قطب مدینہ

حضرت سیدی حافظ فضل الرحمٰن
مدنی قادری مدظلہ العالیٰ

کے

مختصر حالات زندگی

مدینہ طیبہ کی حاضری دائم رہے
فضلِ رحمان قادری با ضیاء کے واسطے

Marfat.com



حضرت مولانا فضل الرحمٰن رحمتہ اللہ علیہ
کے زیر استعمال رہنے والا
عصا کا عکس

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت اشرف المشائخ علامہ غلام قادر اشرفی رحمتہ اللہ علیہ:

حضور آپ نے شادی مدینہ شریف میں کی؟

فرمایا:

جی ہاں مدینہ شریف میں دو شادیاں کی تھیں۔ اولاد پہلی بیوی سے ہے۔ فضل الرحمٰن اور ایک میری بیٹی، چھ بچے فوت ہو گئے تھے۔ ان ہی میں خدا تعالیٰ نے برکت دی ہے۔ فضل الرحمٰن کے تین بیٹے اور تین بیٹیاں ہیں۔ اور بیٹی میری بیچاری معذور ہے، لنگڑی ہے۔ اسے ناسور ہو گیا تھا، آٹھ دس برس بیچاری ناسور میں مبتلا رہی، ناسور اس کا بند ہی نہیں ہوتا تھا۔ بالکل دبلی ہو گئی تھی، بس ھڈیاں، ھڈیاں ہی تھیں۔ یہاں، اللہ تبارک و تعالیٰ ایک ڈاکٹر لے آیا، لبنان سے، اس کو دکھایا، اس نے کہا یہ اچھی تو ہو جائے گی، لیکن اس کی ٹانگ چھوٹی ہو جائے گی۔ کیونکہ یہ جو ھڈی ہے، نشوونما کے قابل نہیں۔ اس نے آپریشن کیا، تقریباً تین گھنٹے سے زیادہ وقت آپریشن میں لگایا۔ الحمد للہ تندرست تو ہو گئی ہے، لیکن بیچاری لنگڑی ہے، چلتی پھرتی ہے۔ حرم شریف تک تو چلی جاتی ہے، اور کہیں جانا ہوتا ہے، کسی رشتہ دار کے ہاں یا شادی بیاہ میں تو گاڑی پر چلی جاتی ہے، اور ایک بچی میں نے پالی ہوئی ہے بچپن سے، وہ بھی بیچاری معذور ہے، اس کی ٹانگیں چھوٹی ہیں، بدوانی ہے، حمدہ اس کا نام ہے۔ وہ بھی بیچاری چلنے پھرنے سے عاجز ہے۔ وہ میری بیٹی سے بھی زیادہ عاجز ہے، چلنے پھرنے میں، وہ بھی حرم شریف تک تو چلی جاتی ہے، جب جانا ہوتا ہے۔ ۱۲۵

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فضیلۃ الشیخ حضرت علامہ حافظ مفتی فضل الرحمٰن قادری مدنی مدظلہ العالیٰ ربیع ثانی ۱۳۴۴ھ / دسمبر ۱۹۲۵ء میں مدینہ منورہ کے محلّہ باب السلام، زقاق الزرندی میں صبح کی آذان کے وقت پیدا ہوئے۔ فضل الرحمٰن مدنی (''رحمان'' میم الف کے ساتھ) مادۂ تاریخ ولادت باسعادت نکلتا ہے۔ شیخ العرب والعجم سیدی ضیاء الدین احمد قادری رضی اللہ عنہ نے آپ کا نام حضرت ''شاہ فضل الرحمٰن'' محدث گنج مرادآبادی کے نام پر رکھا۔

حضرت شیخ الاسلام سیدی قطب مدینہ قدس اللہ سرہ العزیز نے فرمایا:

''مدینہ شریف میں دو نعمتیں حاصل ہوتیں تھیں۔

ایک یہ کہ جب مدینہ طیبہ میں کوئی بچہ پیدا ہوتا تو چالیس دن پورے ہونے کے بعد، نومولود کو نہلا دھلا کر نئے کپڑے پہنا کر عطر لگاتے، بخور کرتے اور حرم شریف میں لے جاتے۔ حرم شریف میں جو اغوات ہوتے ان کے سپرد کر دیتے، آغا اس نومولود کو حجرہ مقدسہ کے اندر لے جاتا اور کچھ وقت تک حجرہ مبارکہ کے غلاف شریف کے نیچے لٹا دیتا، اور حجرہ شریف کی غبار مبارک اس کے منہ پر مل کر کے واپس باہر لے آتا۔

اور دوسری نعمت جو تھی وہ یہ کہ مدینہ شریف میں مرنے والے کی نماز جنازہ پڑھ کر اس کی میت کو حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی بارگاہ میں پیش کر دیتے۔ مواجھہ شریف میں اس کی چارپائی کو رکھ کر کے صلاۃ وسلام عرض کرتے۔ میت کے لئے شفاعت کی درخواست پیش کرتے، مغفرت کی دعا کے بعد میت کو بقیع شریف میں دفن کرنے کے لئے اٹھا کر لے جاتے۔ (الحمدللہ یہ نعمت سیدی قطب مدینہ قدس سرہ العزیز کو بھی نصیب ہوئی۔)

الحمدللہ فضل الرحمٰن ان خوش نصیبوں میں سے ہے جنہیں اللہ تبارک وتعالیٰ نے یہ نعمت عطا فرمائی۔ یہ وہ آخری بچہ ہے جسے حجرہ مقدسہ میں داخل کیا گیا۔ اس کے بعد نجدی نے اس نعمت سے محروم کر دیا۔ حکم ہو گیا کہ یہ بدعت ہے، شرک ہے اس کو ختم کر دو۔ دیکھو اللہ تعالیٰ کب ان ظالموں پر زوال لاتا ہے۔ فقیر کو زندگی سے محبت نہیں، مگر دل چاہتا ہے کہ

Marfat.com

ایک دن نجدی کا زوال دیکھ کر مروں۔'' [۱۲۶]

حضرت سیدی فضل الرحمٰن مدنی مدظلہ کی دو بہنیں اور چار بھائی، چھوٹی عمر ہی میں انتقال کر گئے تھے۔ ان میں سے آپ کے ایک بھائی کا نام بشیر تھا اور دوسرے کا نام احمد اور تیسرے کا نام ابراھیم اور چوتھے کا نام قاسم تھا۔

حضرت سیدی قطب مدینہ قدس اللہ سرہ کی بیٹی سیدہ آمنہ مدظلہا کی پیدائش محلّہ باب السلام زقاق صقیفۃ الرصاص میں ۱۳۵۷ھ میں ہوئی۔ اور سب سے چھوٹی بیٹی فضیلۃ جو کہ حضرت آمنہ مدظلہا سے ایک سال چھوٹی تھیں ۱۳۵۸ھ میں اسی مکان میں پیدا ہوئیں۔ اور باب المجیدی والے مکان زقاق الضروان میں انتقال فرما گئیں۔ یہ مکان اب حرم نبوی شریف میں شامل ہو چکا ہے۔

حضرت علامہ فضل الرحمٰن قادری مدظلہ قبلہ نے چار سال کی عمر میں اپنے والد ماجد سے قرآن کریم حفظ کرنا شروع کیا اور سات برس کی عمر میں چوبیس سپارے حفظ کر لئے پھر گلے کی بیماری کے سبب سلسلۂ تعلیم آگے نہ بڑھ سکا اور اپنے والد کریم کے ساتھ علاج کی غرض سے ۱۳۵۲ھ میں آٹھ سال کی عمر میں حیدرآباد دکن کا سفر کیا۔ شفایاب ہو کر لوٹے تو دوبارہ قرآن مجید حفظ کرنا شروع کیا، نو سال کی عمر میں باقی چھ سپارے حفظ کر کے مکمل قرآن مجید حفظ کر لیا۔ ان ہی ایام میں حضرت سیدی قطب مدینہ قدس اللہ سرہ العزیز سے شرف بیعت حاصل ہوا۔

اپنے والد کریم سے سلسلہ تعلیم شروع کیا اور مدرسہ سیدنا مالک بن سنان (رضی اللہ عنہ) میں داخلہ لیا۔ آپ کے استاذ شیخ محمد علی السمان جو کہ مدرسہ کے مدیر تھے، آپ پر بہت مہربان تھے، خصوصی توجہ سے نوازتے رہے۔ السید احمد الخیاری شیخ الروضہ و مدیر المدرسہ و مدرس مدرسۃ القرات، خلیفۂ مجاز سیدی قطب مدینہ شیخ ضیاء الدین احمد قادری رضی اللہ عنہ سے عرصہ دراز تک فیض حاصل کیا۔ استاتذہ آپ کی ذھانت کے بے حد معترف تھے۔ نیز الاستاذ مصطفیٰ الحموی سے سلسلہ تعلیم رہا۔ شیخ القراء شیخ حسن شاعر رحمتہ اللہ علیہ کے حلقہ درسِ قرآن میں شامل رہے، القراءت السبع کی سند امتیازی حیثیت سے حاصل کی۔ تمام

Marfat.com

امتحانات میں ہمیشہ اول پوزیشن حاصل کرتے رہے۔ قائد اہل سنت حضرت علامہ شاہ احمد نورانی قبلہ قدس اللہ سرہ العزیز، سیدی فضل الرحمٰن مدظلہ کے ساتھ شیخ القراء کے حلقۂ درس میں شریک رہے۔

شیخ الاسلام سیدی ضیاء الدین احمد قادری قدس اللہ سرہ العزیز اور مبلغ اسلام حضرت علامہ شاہ عبدالعلیم صدیقی قادری رحمتہ اللہ علیہ خلیفہ مجاز حضرت مجدد اعظم اعلحضرت علامہ احمد رضا خاں قادری محدث بریلوی سے علوم کی تکمیل کی۔ حضرت مبلغ اسلام سے خصوصی طور پر ''ادب'' کی کتب کا درس لیا۔ اور فقہ کی تعلیم حضرت علامہ شاہ محمد علی حسین مدنی قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سے حاصل کی اور امتیازی درجہ کی سند عنایت ہوئی۔

چھوٹی عمر میں والد کریم سے مجاز و ماذون ہوئے پھر تاجدار کچھوچھہ حضرت شاہ علی حسین اشرفی رضی اللہ عنہ جب ۱۳۵۴ھ میں مدینہ طیبہ حاضر ہوئے، آپ کو گود میں لیتے ہوئے اپنے سر مبارک سے عمامہ مبارک (اشرفی تاج) اتار کر سیدی فضل الرحمٰن کے سر پر رکھتے ہوئے خلافت و اجازت سے نوازا اس وقت آپ کی عمر دس برس تھی۔

۱۳۶۴ھ میں شہزادہ اعلحضرت سیدی مفتی اعظم علامہ مصطفیٰ رضا خاں نوری رحمتہ اللہ علیہ کی قبل از حج مدینہ طیبہ میں حاضری ہوئی تو آپ کو سند حدیث و تمام سلاسل کی اجازت و خلافت سے سرفراز فرماتے ہوئے تمام اوراد و وظائف کی خصوصی اجازت عطا فرمائی۔ اور پھر مکہ مکرمہ میں میزاب رحمت کے نیچے کھڑے ہو کر خلافت و اجازت کے الفاظ کا اعادہ فرمایا۔

حضرت سیدی قطب مدینہ قدس اللہ سرہ العزیز نے فرمایا:

''۷/ ذوالحجہ بروز پیر ۱۳۶۴ھ / ۱۹۴۵ء کو جب ہلکی ہلکی بوندا باندی ہو رہی تھی۔ حضرت شہزادے میاں قبلہ (رحمتہ اللہ علیہ) نے علماء و مشائخ کی موجودگی میں فضل الرحمٰن کو میزاب رحمت کے نیچے اپنے ساتھ کھڑا کرتے ہوئے خلافت و اجازت کے الفاظ کا اعادہ فرمایا۔ ایک سجادہ اور ایک صدری اور گیارہ ریال عنایت فرمائے۔ اس وقت علماء و مشائخ

Marfat.com

میں سے یہ حضرات بھی موجود تھے۔ محدث اعظم حضرت مولانا سردار احمد صاحب، حضرت علامہ سید علوی عباس مالکی مکی۔ حضرت سید عمر رشید صاحب۔ حضرت قبلہ مولانا عبدالعلیم صدیقی۔ حضرت علامہ سید مصطفیٰ خلیل مکی، حضرت علامہ سیدی محمد عریس مدنی مالکی۔ حضرت مولانا سید ابوالحسنات قادری لاہوری۔ حضرت علامہ مفتی مظہر اللہ دھلوی۔ مجاہد ملت حضرت علامہ عبدالحامد بدایونی۔ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

حضرت! فضل الرحمٰن بڑا خوش بخت ہے۔ اسد ہے، اسد۔"

مبلغ اسلام حضرت علامہ شاہ عبدالعلیم صدیقی قادری رحمتہ اللہ علیہ نے ۱۳۶۵ھ میں جبکہ آپ کی عمر اکیس (۲۱) برس تھی۔ ۱۲۷ سند حدیث کے ساتھ جمیع سلاسل کی اجازت و خلافت عنایت فرمائی اور وہ تسبیح عنایت فرمائی جو سیدنا اعلیٰحضرت عظیم البرکت رضی اللہ عنہ نے آپ کو عطا فرمائی تھی۔ اس دن آپ کے سب سے بڑے بیٹے حضرت حافظ حبیب الرحمٰن قادری رحمتہ اللہ علیہ کا عقیقہ تھا۔

حضرت مولانا علامہ شاہ محمد علی حسین قادری مدنی قدس اللہ سرہ العزیز نے ۱۳۷۰ھ میں اپنے تمام سلاسل کی اجازت وخلافت سے سرفراز فرمایا۔

حضرت ملک یوسف باشلی رحمتہ اللہ علیہ نے ۱۳۷۵ھ میں اپنے جمیع سلاسل کی سند سے سرفراز فرماتے ہوئے شیخ الدلائل کا سجادہ آپ کے سپرد کیا۔

۱۳۸۰ھ میں حضرت محدث کبیر علامہ سید علوی عباس مالکی مکی رضی اللہ عنہ نے جمیع علوم و فنون اور سند حدیث کے ساتھ جمیع سلاسل کی اجازت وخلافت سے نوازتے ہوئے اپنی خاص چادر سبز رنگ والی عنایت فرمائی۔

۱۳۹۰ھ میں قطب استنبول حضرت علامہ شیخ سامی افندی نے سند حدیث اور طریقہ قادریہ وشاذلہ ورفاعیہ اور سلسلہ نقشبندیہ کی خلافت و اجازت سے مجاز و ماذون فرمایا۔

۱۳۹۲ھ حافظ الحدیث علامہ محمد حافظ بن عبداللطیف بن سالم التیجانی المصری نے سند حدیث عنایت فرمائی۔

Marfat.com

سنہ ۱۴۱۰ھ میں آپ بغداد شریف سیدنا غوث الثقلین قدس سرہ اللہ العزیز کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو حضرت شیخ عبدالکریم مدرس وخطیب حضرہ جیلانیہ نے سند حدیث اور سلسلہ عالیہ قادریہ ونقشبندیہ میں مجاز وماذون فرمایا۔

عقدِ نکاح

سنہ ۱۳۶۲ھ میں آپ کا نکاح سیدہ حفصہ [۱۲۸] بنت عبدالرحمٰن محمد سعید ابوالطاہر رحمتہ اللہ علیہ سے ہوا۔ رسم نکاح شیخ القراء شیخ حسن شاعر رحمتہ اللہ علیہ نے ادا فرمائی۔ (نیز حضرت علامہ شاہ احمد نورانی قبلہ کا نکاح بھی حضرت شیخ القراء نے ہی پڑھایا تھا) حاضرین میں چھوارے تقسیم کئے گئے اور معزز مہمانوں کو ایک ایک پاؤ مصری اور ایک ایک شیشی عطرِ عود کا ھدیہ پیش کیا گیا۔ جب احقر نے یہ پڑھ کر سنایا تو سیدی قطب مدینہ کی صندقچی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا اسے کھولو۔ کھولنے پر ایک تھیلی کی طرف اشارہ فرمایا کہ یہ لے آو۔ اس میں سے مصری کا ایک ٹکڑا اور عطر کی شیشی احقر کو عنایت فرمائی۔ فرمایا یہ ان ہی میں سے بچی ہوئی ہیں سیدی والد صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے سنبھال رکھیں تھیں۔ احقر نے عرض کیا حضرت آپ کے نکاح کی محفل میں فقیر بھی شامل ہوگیا۔ مسکراتے ہوئے دعا فرمائی۔

اکابرین کی شرکت نے اس شادی کو تاریخی حیثیت دے دی ان میں سے چند ایک کے اسمائے گرامی مندرجہ ذیل ہیں۔

حضرت علامہ محمد یوسف بن محمد تاج الدین دمشقی، شیخ تقی الدین بن یوسف نبھانی، حضرت علامہ شاہ عبدالعلیم صدیقی قادری، حضرت علامہ شاہ علی حسین مدنی، سید مصطفیٰ خلیل مکی، عاشق النبی سید امین کتبی، حضرت علامہ نور سیف مکی، محدث کبیر علامہ سید علوی عباس مالکی مکی، قطب جدہ سید عبدالقادر سقاف، علامہ شیخ عبدالرحمٰن بن ابوبکر الاحساء، شیخ الدلائل ملک یوسف باشلی، سید یوسف عنیوسہ موذن الحرم النبوی الشریف، سید احمد برزنجی، علامہ محمد عریس مدنی، حضرت سید عمر رشید، احمد یسین الخیاری شیخ الروضہ، محمد بن عبداللہ سراج مکی، سید احمد بن محمد بن عبداللہ رشیدی، عبدالوھاب الصلائی حلبونی، السید

Marfat.com

ھاشم مدنی، بلبل مدینہ السید محمد عبدالرحمٰن نجار، جمال خان لودھی، حکیم سید امجد حسین حیدرآبادی۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو تین بیٹے اور تین بیٹیاں عطا فرمائیں۔

۱) حبیب الرحمٰن ۱۳۶۵ھ

۲) رضوان قادری ۱۳۷۳ھ

۳) خلیل الرحمٰن ۱۳۷۷ھ

عادات وخصائل:

آپ نہایت پاکیزہ اوصاف اور اعلیٰ اخلاق کے مالک ہیں۔ بے حد شفیق وملنسار، نہایت سخی وفراخ دل، بامروت وبا اخلاق ہیں۔ مہمان نوازی و پردہ پوشی آپ کا شعار اور علماء ومشائخ کی تعظیم وتوقیر آپ کا شیوہ ہے۔ مساکین کے لئے دروازے کھلے رکھتے ہیں اور سائل کی حاجت برائی کے لئے کوشاں رہتے ہیں۔ ''الولد سر لابیہ'' کی شان کا مظہر ہیں۔

آپ تاجر کتب ہیں سب سے پہلے آپ نے باب جبریل (علیہ السلام) حارۃ الاغوات میں ''مکتبہ فضل الرحمٰن'' قائم کیا۔ پھر باب سیدنا عمر (رضی اللہ عنہ) پر منتقل ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے ایسی برکت عطا فرمائی ہوئی تھی کہ خریداروں کا ہمیشہ جھرمٹ رہتا تھا۔ پھر توسیع حرم کے سبب مکتبہ فندق الحرم کے نیچے منتقل کرنا پڑا، مکتبہ کے نام میں ''ابی حبیب'' کا اضافہ کیا۔ تعلق دار علماء ومشائخ کو کتب قیمت خرید پر ہی فروخت کرتے۔ اگر آپ محسوس فرماتے کہ خریدار عالم کی مالی حالت بہتر نہیں تو بہت کم قیمت وصول کرتے یا بطور ھدیہ پیش کردیتے۔ مکتبہ کے دوسری طرف قالینوں کی تجارت شروع کی۔

عادتِ مبارکہ یہ تھی کہ ہر آنے والے کو پہلے ناشتہ کرایا جاتا اور بعد میں بات چیت، صبح سے ظہر کی اذان تک یہ سلسلہ جاری رہتا۔

جن دنوں آپ کا مکتبہ باب عمر پر تھا ایک یمنی نوجوان آپ کے پاس ملازم تھا۔ ایک مرتبہ اس نے سولہ ہزار ریال کی گڑبڑ کی احقر آگاہ ہوا۔ رات حضرت مولانا مدظلہ

Marfat.com

تواتیہ میں تشریف رکھتے تھے۔ فقیر حاضر ہوا اور سارا واقعہ عرض کیا، آپ کا چہرہ متغیر ہو گیا۔ فرمایا کیا تم سمجھتے ہو مجھے خبر نہیں؟ افسوس ہے کہ تم خدا کی مخلوق کے عیب تلاش کرتے ہو، یہ دیکھو میرے پاس بنک کی رسید کا عکس ہے جس کے ذریعہ اس نے یہ رقم یمن ارسال کی ہے، وہ ہمارے پاس کام کرتا ہے، ہمارے بچوں کی مانند ہے۔ یہ جو اس سے خطا ہو گئی ہے اگر ہم اس پر ستر نہیں کریں گے تو دوسرا کون کرے گا ؟ ہر انسان سے خطا ہو سکتی ہے، اللہ تعالیٰ درگزر فرمانے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی اصلاح فرمائے اچھا بچہ ہے، خطا ہو ہی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ میری، آپ کی، اس کی اور ہم سب کی خطائیں معاف فرمائے۔ یہ راز اب تمہارے پاس امانت ہے خبردار اس کو کسی پر ہرگز ہرگز ظاہر مت کرنا۔ مجھے بہت خفت اٹھانی پڑی جو کہ میرے چہرے سے عیاں ہو رہی تھی، آپ نے محسوس کرتے ہوئے فرمایا آپ میرے بھائی ہو، میرے لئے رضوان کی مانند ہو آپ کی اصلاح میرے لئے واجب ہے۔ اگر میں ہی غافل رہوں تو کیا کوئی غیر یہ فریضہ انجام دے گا؟ پھر محبت بھرے انداز میں نصیحتیں فرماتے رہے اور مشروبات وفواکہ سے دلجوئی فرمائی۔

۱۹۷۴ء میں پاکستان تشریف لائے، لاہور سے قصور جا رہے تھے، حضرت پیر بہاالدین صاحب (مرید کے) کی گاڑی تھی۔ حضرت مولانا مدظلہ ڈرائیور کے ساتھ والی سیٹ پر تشریف رکھے ہوئے تھے، حضرت پیر سید حیدر حسین شاہ رحمتہ اللہ علیہ علی پوری اور یہ فقیر پچھلی سیٹ پر بیٹھے ہوئے تھے۔ ڈرائیور نے حضرت پیر بہاالدین صاحب کی تعریف کرتے ہوئے کہا۔

"ایک مرتبہ پیر صاحب نے آٹھ سو روپے دے کر مجھے لاہور ٹریکٹر کے اسپیر پارٹس خریدنے کے لئے بھیجا۔ بس پر سوار ہوا، کسی نے میری جیب تراش لی خالی ہاتھ مرید کے واپس ہوا، پیر صاحب کو بتایا آپ نے کسی قسم کی ناراضگی کا اظہار نہ کیا مزید آٹھ سو روپے دیئے، میں دوبارہ لاہور گیا اور اسپیر پارٹس خرید کر لے آیا۔"

حضرت سیدی فضل الرحمٰن نے فرمایا:

Marfat.com

''الحمدللہ ہماری تو کبھی چوری ہوئی ہی نہیں۔''

حضرت پیر سید حیدر حسین شاہ رحمتہ اللہ علیہ نے کہا مولانا وہ جو ''فیصل آباد'' ابھی اتنا ہی کہہ پائے تھے۔آپ نے کہا پیر صاحب کچھ نہیں بولنا، آپ کو اللہ کی قسم ہے عارف کو نہ بتانا۔اور پھر ثوب (کرتا) تو میں نے اپنے ہاتھوں سے دیا تھا، اس نے چوری تو نہیں کیا تھا، اور میں نے تو معاف بھی کر دیا تھا۔ پیر صاحب نے کہا مولانا آپ بھول گئے عارف تو اس وقت ہمارے ساتھ ہی تھا۔اس بارے میں یہ تو سب کچھ پہلے ہی سے جانتا ہے۔

حضرت نے احقر کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔ ''بیٹا یہ کسی کو نہیں بتانا۔''

واقعہ یوں ہوا کہ اس سے پہلے جب حضرت سیدی فضل الرحمٰن مدنی مدظلہ پاکستان آئے تو فیصل آباد بھی تشریف لے گئے، صاحب خانہ ہی کے ایک فرد نے آپ سے التجا کی کہ آپ کا کرتا میلا ہے مجھے عنایت فرمائیں میں دھو کر لے آتا ہوں۔آپ نے انکار کیا وہ شخص بضد رہا اور آپ کا کرتا لے گیا۔جیبیں اچھی طرح صاف کر دیں اور کرتا باہر پھینک کر چلا گیا۔آپ بیٹھے انتظار کرتے رہے بہت دیر ہونے کے بعد تلاش کرنے پر باہر ثوب مل گیا۔ چونکہ اب آپ کے پاس کچھ رقم نہ تھی، حضرت پیر حیدر حسین رحمتہ اللہ علیہ نے بطور قرض بیس ہزار روپے آپ کو دیئے۔

ایک مرتبہ ایک پیر صاحب جن کا تعلق ضلع ہزارہ سے تھا، آپ کی گلی سے باہر نکل رہے تھے اور آپ داخل ہو رہے تھے۔آمنا سامنا ہوا سیدی فضل الرحمٰن آگے بڑھے سلام کیا اور گفتگو کے دوران کہا کہ:

''حضرت آپ اور آپ کے ساتھی کل ظہر کا کھانا غریب خانہ
پر ہمارے ساتھ تناول فرمائیں ہمیں بڑی مسرت ہوگی۔''

پیر صاحب نے بڑی بے رخی کا مظاہر کرتے ہوئے انکار کر دیا۔یہ اس لئے تھا کہ وہ پیر صاحب سیدہ کا نکاح غیر سید کے ساتھ ناجائز سمجھتے تھے۔سیدی فضل الرحمٰن نے گھر پہنچنے پر سیدی قطب مدینہ سے گزارش کی۔

''سیدی فلاں پیر صاحب سے ابھی گلی میں میری ملاقات ہوئی میں نے

Marfat.com

ان کو کل بعد ظہر کھانے کی دعوت دی مگر انہوں نے انکار کر دیا۔ ''

حضرت سیدی رحمتہ اللہ علیہ نے مسکراتے ہوئے فرمایا:

'' ان کی فقیر کے ساتھ نہیں بنتی۔ ''

چند دن کے بعد وہ پیر صاحب حضرت مولانا کے مکتبہ کے سامنے سے گزرے آپ نے سلام مسنون پیش کیا، مصافہ کیا اور مکتبہ میں بیٹھاتے ہوئے مشروبات سے تواضع فرمائی۔ اس کے بعد بھی چند مرتبہ راہ چلتے آپ کی پیر صاحب سے ملاقات ہوئی، آپ سلام میں پہل کرتے اور بڑی محبت سے ملتے۔

ایک مرتبہ احقر راقم الحروف نے آپ سے ترکیا کی مطبوعہ دلائل الخیرات کے متعلق دریافت کیا کہ یہ کہاں سے حاصل ہو سکتی ہے؟ اسی وقت تین چار جگہ پر رابطہ کیا معلوم ہوا کہ مدینہ منورہ میں اس وقت مطلوبہ نسخہ کسی کے پاس موجود نہیں جدہ سے مل سکتا ہے۔ ان دونوں حجاز مقدس میں شدید بارشیں ہو رہیں تھیں، سڑکیں ٹوٹ گئیں، حاجیوں کی بسیں سیلاب میں بہہ گئیں۔ راستے بند ہونے کی وجہ سے ہوائی جہاز میں بہت رش ہو گیا مگر آپ نے کوشش کر کے دوسرے دن صبح ۸ بجے کی فلائٹ میں سیٹ ریزرو کرا لی اور دوسرے دن جدہ روانہ ہو گئے۔ رات گئے واپسی ہوئی، گلی مین آمنا سامنا ہوا سلام عرض کیا آپ کے ہاتھ میں ایک بنڈل تھا فقیر نے اٹھا لیا اور تواتیہ میں چلے گئے۔ چونکہ آپ تھکے ہوئے تھے لیٹ گئے، بنڈل کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے کہا اسے کھولو، بنڈل کھولا اس میں کتابیں تھیں، ایک کتاب فقیر کو عنایت فرمائی، جب دیکھا تو حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔ یہ تو وہی دلائل الخیرات تھی جو فقیر نے طلب کی تھی، بڑی خوشی سے کھول کر دیکھنا شروع کیا اس میں ایک ورق ٹیڑھا تھا میں بار بار اس کی طرف دیکھ رہا تھا۔ حضرت سیدی نے فرمایا کیا بات ہے؟ عرض کیا حضور خیر ہے، پھر دو تین بار استفسار کرنے کے بعد فرمایا، مجھے دکھاؤ، دلائل شریف آپ کو تھما دی جب آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ اس میں ورق ٹیڑھا ہے تو فرمایا۔ آپ نے کیوں نہیں بتایا؟ کیوں خاموش رہے؟ اور اس کے بدلے میں دوسری دلائل شریف عنایت فرمائی۔ اب میں بار بار بنڈل کی طرف دیکھ رہا تھا، فرمایا اور چاہیے، عرض کیا

Marfat.com

حضور فرمایا لے لو، دوسرا نسخہ لے لیا مگر نظریں بنڈل پر ہی مرکوز رہیں۔ پھر پوچھا کیا اور چاہتے ہو؟ نظریں نیچی کرتے ہوئے خاموش رہا، فرمایا جتنی چاہتے ہو لے لو، فقیر نے سری دلائل الخیرات شریف لے لی، فرمایا اور لے سکتے ہو احقر نے شکریہ ادا کرتے ہوئے عرض کیا سیدی تین ہی میرے لئے کافی ہیں۔ ان ایام میں اس مطبوعہ دلائل الخیرات کی قیمت ایک سو بیس ریال تھی۔ ایک نسخہ جناب میاں محمد فیاض قادری سجادہ نشین سیدنا علی ہجویری (رضی اللہ عنہ) اور دوسرا نسخہ حکیم محمد موسیٰ صاحب امرتسری کو بطور ھدیہ پیش کر دیا۔

حافظ طاہر مداح النبی جو بینائی سے معذور تھے، اکثر مدینہ طیبہ حاضر ہوتے اور قطب مدینہ سیدی ضیاء الدین احمد قادری رضی اللہ عنہ کی مجلس میں باقاعدگی سے شرکت کرتے، بڑے ذوق وشوق اور خوش الحانی سے نعت شریف پڑھتے۔

اکوڑہ خٹک سے نسبت رکھنے والے ایک خان صاحب جو کہ مدینہ طیبہ میں مقیم تھے نے حافظ صاحب پر پندرہ ہزار ریال کا الزام لگایا۔ ان کا کہنا تھا کہ پچھلے برس حافظ صاحب کو میں نے پندرہ ہزار ریال کی مالیت کا سونا دیا تھا کہ میرے گھر پہنچا دیں مگر انہوں نے نہیں پہنچایا۔ جبکہ حافظ صاحب کا بیان تھا کہ مذکورہ شخص نے مجھے ایک بیگ دیا کہ یہ میرا بیٹا آپ سے وصول کر لے گا۔ میں نابینا انسان ہوں مجھے کچھ خبر نہیں تھی کہ اس بیگ میں کیا تھا ان کا بیٹا میرے پاس آیا اور بیگ لے گیا۔

شخص مذکورہ نے حافظ صاحب کے مدینہ منورہ آنے سے پہلے ہی، وارنٹ گرفتاری حاصل کر رکھے تھے۔ باب جبریل پر حافظ صاحب کی اور ان صاحب کی ملاقات ہوئی گلے ملے، سلام ودعا کے بعد حافظ صاحب کا بیگ پہنچانے پر شکریہ ادا کرنے کے بعد اپنے کمرے میں لے گئے اور کہا حافظ صاحب آپ تشریف رکھیں میں آپ کے پینے کے لئے جوس لے کر آتا ہوں۔ دروازے کو قفل کرتے ہوئے چلے گئے، تھوڑی دیر بعد پولیس کو لیتے ہوئے واپس ہوئے اور حافظ صاحب کو ان کے حوالے کر دیا۔

جب حضرت سیدی قطب مدینہ قدس اللہ سرہ العزیز تک یہ خبر پہنچی تو آپ نے فرمایا: ''فضل الرحمٰن کو بلا لاؤ''، حضرت مولانا آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے

Marfat.com

فرمایا ''فضل! حافظ صاحب مداح النبی اور نابینا ہیں، حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے مہمان ہیں، اس کو تھانہ میں رات نہ گزارنی پڑے، جیسے بھی ہو ان کو لے آؤ، اللہ تبارک وتعالیٰ تم کو برکت دے گا، یہ بڑے اجر کا کام ہے۔''

مذکورہ شخص کو بلایا ان سے بات چیت ہوئی مگر وہ رقم وصول کئے بغیر کسی بھی طرح حافظ صاحب کی خلاصی کرنے پر رضامند نہ ہوا۔ حضرت مولانا تھانے گئے اور اپنی ضمانت پر حافظ صاحب کو لے آئے اور حضرت سیدی قطب مدینہ رحمتہ اللہ علیہ کے سامنے لا بٹھایا۔ حضرت سیدی بہت خوش ہوئے اور آپ کو بہت دعاؤں سے نوازا۔ حافظ صاحب سے بڑی شفقت ومحبت سے گفتگو فرماتے ہوئے ان کی دلجوئی کرتے رہے۔

دوسری رات مدعی کو بلایا اور ان سے کچھ رقم کم کرنے کو کہا مگر وہ راضی نہ ہوئے۔ آپ نے اپنی جیب سے پندرہ ہزار ریال نکال کر اسے دیتے ہوئے سند تحریر کرالی۔ وہاں جو حضرات موجود تھے ان میں سے بعض حضرات نے بھی اس رقم میں کچھ حصہ شامل کیا۔

عادت کریمہ تھی کہ گودام سے کتب کے کارٹن مزدوروں سے اٹھواتے اگر ان میں کوئی عمر رسیدہ ہوتا تو اس سے وزن تو کم اٹھواتے مگر مزدوری زیادہ دیتے۔ نوجوان مزدور کو بھی زیادہ وزن اٹھانے کی اجازت نہ ہوتی، اگر کوئی مزدور زیادہ وزن اٹھانے کی کوشش کرتا تو اسے منع فرما دیتے کہتے اپنی قوت سے کم وزن اٹھاؤ تاکہ مسلسل کام کرسکو یہ تو نہیں کہ آج مشقت زیادہ اٹھاؤ اور دوسرے دن تھک کر آرام کرنے لگو۔ وزن اٹھانے کے لئے آپ نے تین پہیوں والی سائیکلیں بھی رکھی ہوئیں تھیں، جن کے آگے ٹرالی ہوتی۔ جب کبھی احقر کو فرماتے گودام سے کتب اٹھوالاؤ، فقیر سائیکل کی ٹرالی پر ایک دو کارٹن لاد کر لے آتا وزن تو کچھ زیادہ نہ ہوتا، مگر گرمی کی وجہ سے پسینہ خوب نکل آتا اگر آپ دکان پر تشریف رکھے ہوتے، تو دیکھتے ہی ناراضگی کا اظہار فرماتے۔ تم کیوں اٹھالائے؟ مزدور سے کیوں نہیں اٹھوایا؟ کس طرح پسینہ نکل رہا ہے! آئندہ تم گودام مت جانا، اپنے آپ کو تم بہت طاقتور خیال کرتے ہو، ہماری بات کی تو کوئی قدر نہیں۔ پھر تھوڑی ہی دیر بعد بڑے پیار ومحبت سے سمجھانا شروع کردیتے۔

Marfat.com

ایک مرتبہ آپ اپنے مکتبہ میں تشریف فرما تھے۔ایک مغربی نژاد آئے، آپ کے ہاتھ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا، یہ انگھوٹھی مجھے دکھاؤ، سیدی نے انگھوٹھی اتار کر دے دی۔ بغور ملاحظہ کرنے کے بعد بولے کیا فروخت کرو گے؟ آپ نے انکار کیا تو اس صاحب نے کہا، اگر بیچو تو میں پندرہ سو ریال میں خریدتا ہوں۔ سیدی نے فرمایا یہ انگھوٹھی مجھے ھدیہ میں ملی ہے، اس لئے اس کو فروخت کرنا مناسب نہیں۔تو انہوں نے دو ہزار کی پیشکش کی آپ کے انکار پر وہ صاحب تین ہزار ریال تک پہنچ گئے۔آپ نے ان کو مکتبہ کے اندر بلایا اور چائے سے ضیافت فرمائی۔کہا جو آپ سمجھ رہے ہیں، وہ یہ نہیں۔انہوں نے کہا آپ کیا کہنا چاہتے ہیں؟ فرمایا آپ اسے زمرد سمجھ رہے ہو مگر یہ تو عقیق ہے۔شیخ صاحب کو یہ بات درست معلوم نہ ہوئی اس لئے ساڑھے تین ہزار قیمت لگا دی اور چل دیئے ابھی وہ چند قدم پر ہی تھے سیدی نے ان کو بلایا اور انگھوٹھی ان کے سپرد کر دی۔شیخ صاحب نے ساڑھے تین ہزار ریال آپ کو پیش کئے۔سیدی نے یہ کہتے ہوئے رقم واپس کردی کہ یہ میری طرف سے ھدیہ ہے۔شیخ صاحب کو آپ کی دیانت و امانت پر بہت تعجب ہوا اور وہ آپ کے گرویدہ ہو گئے۔

سیدی قطب مدینہ رضی اللہ عنہ کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے آپ کے معمولات کو جاری رکھنے کی کوشش میں رہے۔روزانہ کی مجلس میلاد، مہمانوں کی آمد، مہمان نوازی اور لنگر کا سلسلہ جاری وساری رہا۔چونکہ محبت رسول (ﷺ) کا درس اپنی پوری تابانی سے چل رہا تھا۔ دینِ جدید والوں کے سینے جل اٹھے، آپ کو حضرت سیدی قطب مدینہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے چند ماہ بعد ۱۴۰۱ھ / ۱۹۸۱ء میں پابند سلاسل کر دیا، چار ماہ اور دو دن زندان کی مصیبتیں برادشت کیں، صبر وشکر کے کلمات زبان سے جاری رہے۔

یہ آفتاب شبِ پیر شوال ۱۴۲۳ھ، ۳۰ر دسمبر ۲۰۰۲ء کو غروب ہو گیا۔ رحمتہ اللہ علیہ

کل من علیھا فان ہ ویبقی وجہ ربک ذو الجلال و الا کرم ہ

انا للہ و انا الیہ راجعون

Marfat.com

سیدی حبیب الرحمٰن قادری رحمتہ اللہ علیہ

آپ ۱۳۶۵ھ میں مدینہ منورہ کے محلّہ باب السلام زقاق صقیفۃ الرصاص میں پیدا ہوئے۔ کم عمری میں قرآنِ مجید حفظ کر لیا۔ ابتدائی سے ثانوی تعلیمی مراحل مدینہ طیبہ میں طے کئے۔ پھر ریاض یونیورسٹی میں داخلہ لیا اور انجینیر نگ کا ڈپلومہ حاصل کیا۔

حالت جذب طاری ہوئی۔ بلند اخلاق، طہارت وتقویٰ، عبادت وریاضت میں سلف صالحین کا نمونہ تھے۔ مہمان نوازی میں اپنے دادا سیدی قطب مدینہ قدس سرہ کے مظہر اور ادب واحترام میں اپنی مثال آپ تھے۔ ہمیشہ نفیس لباس پسند فرماتے اگر لباس پر معمولی سا دھبہ محسوس فرماتے تو فوراً تبدیل فرما لیتے۔ اگر اکابر علماء کرام ومشائخ عظام میں سے کوئی تشریف لاتے تو ان کو سلام کرنے میں ہمیشہ پہل کرتے ان کے ہاتھ کا بوسہ لیتے۔ اپنا ہاتھ کبھی کسی کو چومنے نہ دیتے۔

ہمیشہ تلاوت قرآن کریم یا دلائل الخیرات شریف کے ورد میں مشغول رہتے۔ گھر سے بہت کم نکلتے۔ جنت البقیع شریف کی حاضری معمول تھا اور ہمیشہ پیدل حاضری کو جاتے اور گھنٹوں بقیع شریف پر کھڑے رہتے۔ اگر راستے میں چلتے ہوئے کوئی متعلقین میں سے آپ کو دیکھ لیتے اور اپنے ساتھ گاڑی میں بیٹھنے کے لئے کہتے تو آپ اشارے سے معذرت کر لیتے۔

سیدی قطب مدینہ ضیاء الدین احمد قادری رضی اللہ عنہ فرماتے:

"یہ بھی میری طرح مجذوب ہو گیا ہے دیکھیں کب اس حالت سے نکلتا ہے۔" [۱۲۹]

اڑتالیس برس کی عمر میں ۱۴۱۳ھ میں واصل بحق ہوئے۔ بقیع شریف میں مدفون ہیں۔ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔

Marfat.com

حضرت علامہ ڈاکٹر رضوان قادری زیدمجدہ

سیدی ڈاکٹر علامہ رضوان ۱۳۷۳ھ میں مدینہ منورۃ، محلّہ باب السلام، زقاق صقیفۃ الرصاص میں پیدا ہوئے۔ ثانویہ تک تعلیمی مراحل مدینہ منورہ میں طے پائے۔ ہمیشہ امتحان میں امتیازی پوزیشن حاصل ہوئی۔

۱۳۹۸ھ میں جامعہ الملک سعود ریاض کے کلیۃ التربیہ سے تاریخ جغرافیہ میں بی۔اے کیا۔ ۱۹۸۳ء میں جامعہ نیو یارک سے ایجوکیشن میں ایم۔اے کیا اور پھر اسی یونیورسٹی سے جون ۱۹۸۷ء میں ایجوکیشن میں ڈاکٹریٹ کیا۔ نیو یارک میں قیام کے دوران مختلف مقامات پر دینی لکچر دیتے رہے۔ آپ کی تبلیغ سے متعدد افراد نعمت اسلام سے مشرف ہوئے۔

فراغت کے بعد جامعہ ملک سعود ریاض میں اسسٹنٹ پروفیسر مقرر ہوئے، اور جامعہ اسلامیہ نیاگرا نیویارک کے مدرسہ اسلامیہ کے ناظم بھی ہیں۔

کلیۃ التربیہ مدینہ منورہ میں پروفیسر ہیں۔ یونیورسٹی میں رجسٹرار کے عہدے پر رہ چکے ہیں۔ اور شعبہ طریق وتدریس کے سربراہ ہیں۔ درجہ عالیہ کے طلباء وطالبات کو تعلیمی منصوبہ بندی اور ایجوکیشن ڈپلومہ کے پروفیسر ہیں۔ معاشرتی علوم اور شعبہ عمرانیات میں تحقیق کرنے والوں کی راہنمائی کرتے ہیں۔ تعلیم وتدریس میں آپ کے موضوعات یہ ہیں:

(۱) اکیڈمک رہنمائی۔ (۲) استاتذہ کا علمی معیار مقرر کرنا۔
(۳) اکیڈمی کے انتظامی امور کی مہارت کی تعلیم۔
(۴) ایڈوائزر علوم ادبیہ کی تدریس کی تعلیم۔

آپ کا شمار مدینہ طیبہ کی اہم شخصیات میں ہوتا ہے۔ علمی اور تعلیمی کانفرنسوں اور سیمیناروں میں شرکت، ریڈیو اور ٹیلیویزن کی محافل میں شرکت۔ متعدد کالجوں اور یونیورسٹیوں کی کمیٹی کے ممبر ہیں، ممتاز ماہر تعلیم ہیں۔ متعدد کتب کے مصنف ہیں۔

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

الى سعادة سيدى داكتور رضوان . حفظه الله تعالىٰ

السلام عليكم و رحمة الله و بركاته وبعد

قال تعالىٰ (كل من عليها فان ويبقى وجه ربک ذوالجلال و الا كرام) لقد وصليى نباء وفات سيدى ومرشدى والمربى سماحة الشيخ فضل الرحمن القادرى رحمة الله تعالىٰ وتغمده بواسع رحمة انه هو الرحمن الرحيم وقد وصلنى الخبر قبل يومين و اصابنى حينما اشد الحزن والا لم ومرت هذه اليومين اثقل على من مدة السجن السنة و ثمان اشهر و لكن أُسال الله ان يصبرنى و يصبركم على ماحدث . ولقد اصبحت المريدين اليتم بعد وفاة المرشدى رحمة الله انى الان اتمنى منكم السير على نفس خطا ابيک رحمة الله . وانا الان اجد الماً فى قلبى بسبب اختى سلمى الى هى فى الحقيقة مظلومة و مسكينه و ايضاً تعزية ستى آمنه و ستى حمدة و سيدى خليل الرحمن و اختى عزه و اختى بدور واتمنى ان تو صلو التعزيتى لبقية اصحاب واصدقاء حلقه الضيائيه و لكل اهلة و ذوية.

واتمنى لكم من الله تعالىٰ جزيل الشكر و الاجر العظيم .

وتغمد الله الفضيلة بواسع رحمة واسكنه فسيح جناته.

والله يوفقكم و يسد د خطاكم.

خادمكم

محمد عارف القادرى

٢٩/١٠/١٤٢٣ ھ

Marfat.com

سیدی ڈاکٹر خلیل الرحمٰن زیدمجدہ

آپ مدینہ منورہ میں ۱۳۷۷ھ میں باب المجیدی زقاق الضراوان میں پیدا ہوئے ثانوی تک تعلیمی مراحل مدینہ طیبہ میں طے کئے۔ اورایم۔بی۔بی۔ایس کی تعلیم پاکستان میں کراچی کے ڈاؤ میڈیکل کالج (DMC) سے حاصل کی۔ واپس مدینہ طیبہ گئے اور تبوک فوجی ہسپتال میں تعین ہوئے۔ پھر المانیہ گئے اور آٹھ سال تعلیم حاصل کرنے کے بعدای۔این۔ٹی۔(ENT)اسپشیلسٹ کی ڈگری حاصل کی اور تا حال مذکورہ ہسپتال میں تعین ہیں۔

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

نگاہ مبارک (ﷺ) کا اعجاز

رسول اللہ ﷺ جس طرح دن کی روشنی میں دیکھتے تھے اسی طرح رات کے اندھیرے میں بھی دیکھ لیتے تھے۔

آنحضرت ﷺ جس طرح سامنے دیکھتے تھے اسی طرح پیچھے کھڑی صفوں کو ملاحظہ بھی فرمالیتے تھے۔

آنحضرت ﷺ ثریا میں گیارہ تارے دیکھتے تھے۔

آنحضرت ﷺ اندھیرے کمرے میں چراغ جلائے بغیر نہ بیٹھتے تھے۔

آنحضرت ﷺ کو جاری پانی اور سبزہ کو دیکھنا بہت پسند تھا۔

آنحضرت ﷺ کو لیموں اور سرخ کبوتر دیکھنا بہت پسند تھا۔

(وسائل الوصول الی شمائل الرسول ﷺ۔علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی۔)

Marfat.com



قبور ازواج الرسول صلى الله عليه وسلم بالبقيع ١٣٢٦هـ.	AZWAG RSUL ALLAH IN AL-BAGEE 1326H.	PEYGAMBER EFENDIMIZIN(S.A.V.) ZEVCELERININ CENNETUL BAKIDE MEZARI SERIFIERI 1326H.	KUBUR ISTERI RASULULLAH SAW DI BAQI 1326H.	جنت البقیع میں مزارات ازواج مطہرات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	حقوق الطبع محفوظة لـ صلاح الصاعدي Copy Right for Salah Al-Saady TEL: 0506338946 P.O. BOX: 3271.

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

جانشینِ قطبِ مدینہ

حضرت سیدی حافظ فضل الرحمٰن

مدنی قادری مدظلہ

مشاھیر کی نظر میں

Marfat.com



مسـجد المصلى (الغمامـة)



مسـجد سـيدنا أبي بكـر الصديـق

Marfat.com

۱) سیدی قطب مدینہ قدس اللہ سرہ العزیز

۱) فضل الرحمٰن اللہ کا شیر ہے۔اس کی بیعت میری بیعت ہے۔
۲) فضل الرحمٰن میرے ہاتھ پاؤں ہے۔
۳) جس نے فضل الرحمٰن کا بازو پکڑ لیا اس کا کام ہو گیا۔

۲) شہزادۂ اعلحضرت سیدی مصطفیٰ رضا خاں نوری رضی اللہ عنہ

﴿ حضرت مولانا فضل الرحمٰن بڑا مؤدب اور سخی ہے۔ میرے دل کا سکون ہے۔ شیر کا بچہ ہے نا۔ ﴾

۳) جنابہ آمنہ مدظہا

سیدی قطب مدینہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی فرماتی ہیں۔ جب بھائی صاحب چھوٹے تھے۔ حضرت والد صاحب قبلہ کے کمرے میں داخل ہوتے تو آپ فرمایا کرتے۔

﴿ فہد آ گیا۔فہد آ گیا۔ ﴾

۴) حضرت مجاہد اعظم سیدی محمد حبیب الرحمٰن عباسی قادری

﴿ ہمارا بھائی (سیدی فضل الرحمٰن) نیم مجذوب ہے۔ ﴾

Marfat.com

۵) حضرت علامہ **سید احمد سعید کاظمی** رضی اللہ عنہ

﴿ حضرت مولانا فضل الرحمٰن مدنی قبلہ مدظلہ العالی میری آنکھوں کا نور ہیں اللہ تعالیٰ اس آستانہ مبارکہ کی رونقیں قائم رکھے۔ ﴾

۶) حضرت علامہ **غلام قادر اشرفی** قدس اللہ سرہ العزیز

﴿ حضرت مولانا فضل الرحمٰن قبلہ غریب نواز سخاوت کا بحر مواج بیکراں ہیں دنیا سے بیزار اور آپ کا دل مدینہ ہے۔ ﴾

۷) حضرت علامہ ابوالبرکات **سید احمد** قادری رضی اللہ عنہ مفتی اعظم پاکستان

﴿ آپ کی (سیدی فضل الرحمٰن) بارگاہ میں نذر پیش کرنا فقیر کے لئے سرمایہ آخرت ہے۔ ﴾

۸) مجاہد ملت **عبدالستار خاں** نیازی رحمتہ اللہ علیہ

﴿ آپ کا وجود گرامی نعمت ہے۔ الولد سر لابیہ ﴾

۹) حضرت پیر **سید حیدر حسین** علی پوری رحمتہ اللہ علیہ

﴿ اس وقت مدینہ طیبہ میں حضرت علامہ فضل الرحمٰن صاحب سے بڑھ کر کوئی اور دوسرا اپنے مسلک کا اتنا پابند نہیں۔ گویا کہ ہمہ وقت تلوار پر چل رہا ہے۔ ﴾

Marfat.com

۱۰) حضرت علامہ **غلام علی** اوکاڑوی رحمتہ اللہ علیہ

﴿ حضرت مولانا فضل الرحمٰن پیکر علم وعمل، صوفی با صفا، عاشق رسول (ﷺ) اور مہر ومحبت کا سمندر ہیں۔ ﴾

۱۱) حضرت علامہ پیر **شریف احمد شرافت** نوشاہی رحمتہ اللہ علیہ

﴿ حضرت مولانا فضل الرحمٰن کے بارے میں کیا عرض کروں آپ پاک مسلک، پاک ذات اور پاک صفات ہیں۔ کمزوروں کا سہارا ہیں۔ ﴾

۱۲) حضرت حافظ **خیر محمد سندھی** مہاجر مدنی رحمتہ اللہ علیہ

﴿ سیدی فضل لمبے ہاتھوں والا ہے، ساتھیوں پر خوب خرچ کرتا ہے۔ ﴾

۱۳) حضرت شیخ **زکریا بخاری مدنی** رضی اللہ عنہ

﴿ شیخ فضل الرحمٰن نور عینی۔ ہمارا حبیب ہے۔ ﴾

۱۴) **سید سلیمان الواعظ** نقیب حضرہ قادریہ رضی اللہ عنہ

﴿ حبیبی فضل کریم ابن کریم ہے اور ستار ومعین ہے۔ ﴾

Marfat.com

۱۵) حضرت علامہ مفتی **محمد حسین نعیمی** رحمتہ اللہ علیہ

﴿ آپ (فضل الرحمٰن قادری) سخیوں کے قافلے کے سردار ہیں۔ ﴾

۱۶) حضرت مفتی **تقدس علی خاں** قادری رضی اللہ عنہ

﴿ حاتم طائی کی باتیں سنی تھیں عملی طور پر حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب قبلہ میں دیکھیں ۔ ﴾

۱۷) زبدۃ الحکماء سیدی **محمد عظیم قاسمی** قادری رضی اللہ عنہ

آپ نے ایک مکتوب بنام راقم الحروف میں تحریر فرمایا:

﴿ حضرت صاحب سیدی وسندی فضیلت مآب، قبلۂ عالم، جنید زماں، شیخ المشائخ موحد ربانی مولانا فضل الرحمٰن مدظلہ العالی کو مودبانہ سلام عرض کریں۔ ﴾

Marfat.com

۱۸) حضرت علامہ ڈاکٹر مسعود احمد مجددی مدظلہ عالی



پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

Marfat.com

١٩) حضرت علامہ افتخار احمد قادری مدظلہ عالی

Iftikhar Ahmad Qadri
Darul Uloom Qadria Ghareeb Nawaaz
P.O.Box: 3727
Ladysmith, 3370
South Africa
Cell: 0731576199
Tel: 063 635 7863 Fax: 063 637 8633
Email: info@darululoom.co.za

افتخار أحمد قادري
المدينة المنورة ، العوالي
ت : ٠٤ ٨٣٤٤١٥٠ .
جوال : ٠٥٦٧٧٢٩٦٣٦ .
ص . ب : ٢٥٥٠٩
E-mail: Iftekhar_qadri@hotmail.com

قدوۃ السلف فضیلۃ الشیخ العلامۃ الحافظ فضل الرحمن

علیہ الرحمۃ والرضوان

حضرت شیخ فضل الرحمن القادری ثم المدنی رحمۃ اللہ علیہ سے میرا تعلق اور سلسلہ بڑے لمبے سال (۱۹۸۲ تا ۲۰۰۲م) رہا، اس طویل عرصہ میں میں نے ان سے بہت متعدد معاملے کئے، نہایت وثوق کے ساتھ میں وضاحت کرتا ہوں کہ ہمیشہ میں نے ان کو معاملات میں سو فیصد صحیح، امین اور قوی پایا۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

الدین المعاملۃ ۔ صحیح معاملہ کرنا ہی دین ہے صحیح معاملہ دین کی روح ہے، حضرت میں یہ روح ہمیشہ جلوہ بار رہتی تھی۔

علالت کے آخری ایام میں جب لکھنے پڑھنے سے معذور ہوگئے تھے، دنیا بھر سے آنے والے خطوط کے بارے میں مجھے حکم دیتے، میں پڑھکر سناتا، اگر بعض خطوط کے جوابات دینا مناسب سمجھتے تو مجھے حکم دیتے میں ان کے جوابات لکھتا پھر انکو سناتا پھر آپ دستخط فرماتے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ جوابات کے انتخاب میں اگر کوئی کمی محسوس کرتے تو مجھ سے فرماتے بہ لفظ بڑھا دیجئے، علماء واکابر کے لئے ان کے انتخاب کا پورا خیال اور اہتمام فرماتے اور علماء کے لئے بالکل مناسب الفاظ لکھنے کا حکم دیتے۔ حضرت قطب مدینہ پر لکھی جانے والی کتاب جسے صدیق مکرم جناب عارف ضیائی صاحب نے ترتیب دیا ہے اسکا بیشتر حصہ بھی حضرت شیخ فضل الرحمن علیہ الرحمۃ والرضوان کو میں نے سنایا اور مولف بھی ساتھ تشریف رکھتے تھے، کئی ایک مقامات پر حضرت نے بعض الفاظ کا اضافہ بھی فرمایا اس طرح اس کتاب کے مستند اور ثقہ ہونے کی تصدیق بھی فرمادی۔

Marfat.com

Iftikhar Ahmad Qadri
Darul Uloom Qadria Ghareeb Nawaaz
P.O Box: 3727
Ladysmith, 3370
South Africa
Cell: 0731576199
Tel: 063 635 7863 Fax: 063 637 8633
Email: info@darululoom.co.za

افتخار أحمد قادري
المدينة المنورة ، العوالي
ت : ٠٤ ٨٣٤٤١٥٠ .
جوال : ٠٥٦٧٧٢٩٦٣٦ .
ص . ب : ٢٥٥٠٩
E-mail: Iftekhar_qadri@hotmail.com

علماء کرام کے القاب اور میرے اور حبیب عارف ضیائی کے ساتھ اسطرح شفقت و محبت کا معاملہ کیوں فرماتے تھے اس لئے کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد عالی ان کے پیش نظر تھا

من لم یرحم صغیرنا ویوقر کبیرنا فلیس منا — جو ہمارے چھوٹوں پر مہربانی نہ کرے اور بڑوں کا احترام نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں ہے

اس کے مطابق چھوٹوں کو نوازنا اور بڑوں کا احترام کرنا ان کی طبیعت ثانیہ تھی ۲۰۰۲ء میں ان کے وصال سے بہت پہلے سانحہ اوریقہ کا میرا دیرا اسٹیمپ ہو چکا تھا مگر آج کل کرتے کرتے مہینہ گزر گیا اور میں اوریقہ کا سفر نہ کر سکا - یکایک ایک شب میں ان کے وصال کی جانکاہ خبر ملی اس سے میں ہکا بکا ہو گیا ایک روز قبل ان کی خدمت میں حاضر ہوا تھا اور وہ بالکل اپنے سابق حال پر تھے بہر حال یہ تو قضاء الٰہی کا معاملہ تھا جنازہ میں شرکت کے بعد دوسرے تیسرے روز ہی میں جنوب اوریقہ پہونچ گیا کچھ دنوں کے غور و فکر کے بعد میں اس نتیجہ تک پہونچ گیا کہ حضرت نے اپنے کرم خاص سے مجھے سفر اوریقہ سے روک رکھا تھا بیس سالہ محبت و عقیدت کے تعلقات کا تقاضا تھا کہ وہ مجھ پر یہ کرم فرماتے اور ان کے جنازۂ مبارکہ میں شریک ہوتا -

اس سے مجھے یقین ہو گیا کہ آپ ولایت کے درجہ پر فائز تھے

اللّٰھمّ أنزل علی قبرہ الشریف شآبیب رحمتک و حوّلہ إلی روضۃ من ریاض الجنۃ وارفع درجاتہ فی الفردوس الأعلی انک سمیع مجیب. وصلّی اللّٰھم علی حبیبک ونبیک سیدنا محمد وآلہ وأصحابہ وأزواجہ أجمعین -

افتخار احمد قادری
المدینۃ المنورۃ ٢ رمضان المبارک ١٤٢٦ھ
4 10 05

Marfat.com

۲۰) عبدالرؤف عثمان قادری

الحمد للہ مجھے سیدی قطب مدینہ قدس سرہ العزیز پر کتاب جس کے مولف جناب سیدی محمد عارف قادری ضیائی ہیں، کی کمپوزنگ کا شرف حاصل ہے۔ فقیر سات برس مدینہ طیبہ الف الف الصلاۃ والسلام علی ساکنھاومنورھا کی حاضری سے بہرہ وررہا۔ جانشین قطب مدینہ قدوۃ الساکین حضرت علامہ سیدی فضل الرحمٰن قادری نوراللہ مرقدہ کی بارگاہ میں تسلسل سے حاضری ہوتی رہی۔ آپ کریم النفس اورانتہائی متواضع ومنکسر المزاج بزرگ تھے۔ اخلاق حسنہ کے مجسمِ پیکر اور مہمان نوازی وسخاوت میں اپنی مثال آپ تھے۔ ہرآنے والے کا بڑی محبت وشفقت سے استقبال فرماتے، اگر کوئی نعت پڑھنے والا ہوتا تو اس سے نعت کی فرمائش کرتے اور جانے والے کو محبت بھرے انداز میں الوداع کہتے۔

مولف کتاب ھذا پر خصوصی طور پر مہربان تھے۔ ایسا بھی ہوا کہ آپ کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتے۔

"بھائی عارف آپ کا اور ہمارا مقام برابر ہے۔ آپ بھی سیدی والدصاحب قبلہ کے خلیفہ ہواور میں بھی۔"

آپ کی زبانِ مبارک سے یہ بھی سنا گیا۔

"اللہ تعالیٰ مجھے یہ کتاب، مطبوعہ دیکھنی نصیب فرمائے۔"

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

جانشینِ قطبِ مدینہ

حضرت سیدی حافظ فضل الرحمٰن

مدنی قادری مدظلہ العالیٰ

کے

خلفاء

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھوالقادر

(۱)	حضرت سیدی ڈاکٹر رضوان قادری مدظلہ العالیٰ خلف الصدق وجانشین سیدی فضل الرحمٰن قادری	مدینہ منورہ
(۲)	حضرت سیدی ڈاکٹر خلیل الرحمٰن قادری مدظلہ خلف الرشید سیدی فضل الرحمٰن قادری	مدینہ منورہ
(۳)	سیدی محمد تیسیر بن توفیق المخزومی علیہ الرحمہ	دمشق ۱۴۲۵ھ
(۴)	مولانا علی احمد سندیلوی مدظلہ	لاہور
(۵)	محمد عبداللہ آل رشید مدظلہ	الریاض
(۶)	حضرت عبدالقادر بن سید محمد المعروف باپو شریف بانی رکن دعوت اسلامی	کراچی
(۷)	مولانا علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری علیہ الرحمہ	لاہور ۱۴۲۸ھ
(۸)	حضرت علامہ شاہ تراب الحق قادری مدظلہ العالیٰ	کراچی
(۹)	حضرت علامہ مفتی شاہ محمد مجیب اشرف مدظلہ العالیٰ	ہند
(۱۰)	حضرت علامہ قاری محمد خالد چشتی زید عنایہ	لاہور
(۱۱)	حضرت علامہ افتخار احمد قادری مدظلہ	ہند
(۱۲)	حضرت علامہ سید محمد حسینی اشرفی مدظلہ العالیٰ	ہند
(۱۳)	مولانا محمد الیاس عطار امیر دعوت اسلامی	کراچی

Marfat.com

(۱۴) حضرت علامہ مفتی عبدالعزیز حنفی قادری مدظلہ العالیٰ کراچی

(۱۵) حضرت مولانا عبدالعزیز خان قادری ضیائی زیدمجدہ لاہور

(۱۶) حضرت حافظ محمد فیاض احمد قادری زیدمجدہ لاہور

(۱۷) حضرت صاحبزادہ محمد فیاض قادری سجادہ نشین سیدنا علی ہجویری لاہور

(۱۸) حضرت علامہ محمد عبدالحکیم اختر شاہجہانپوری علیہ الرحمہ لاہور ۱۹۹۳ء

(۱۹) سیدی برکات محمد حبیب الرحمٰن قادری سلمہ الرحمٰن مدینہ منورہ

(۲۰) سیدی جیلانی محمد عبدالقادر قادری سلمہ الرحمٰن مدینہ منورہ

(۲۱) عبدالمصطفیٰ محمد عارف قادری رضوی عفی عنہ مدینہ منورہ

(۲۲) مولانا عبدالستار مدنی علیہ الرحمہ مدینہ منورہ ۱۴۲۸ھ

لقطة من داخل بئر زمزم
المصدر السعودي للدلم من الحجاج الكعبة

Marfat.com

حضرت علامہ شاہ عبدالعلیم صدیقی قادری رحمتہ اللہ علیہ
کی سند کا عکس

Marfat.com

(بسم الله الرحمن الرحيم)

إجازة بمرويات السنة المحمدية

المسلسلة وعلومها ، وتراث كتاب الله العزيز

الحمد لله، وصلى الله على سيدنا محمد الفاتح الخاتم وعلى آله وصحبه

وبعد :-

فان العبد الضعيف محمد الحافظ التجاني بن عبداللطيف بن سالم الحسني الحسني ، يروي موطأ الإمام مالك ، إمام دار الهجرة ، رضي الله عنه ، عن إمام المحدثين الرحالة الكبير محدث المغرب السيد محمد عبدالحي بن سيدي عبدالكبير الكتاني ، عن المعمر أحمد بن المنلا صالح السويدي البغدادي الشافعي ، عن السيد مرتضى الزبيدي الحسيني ، عن المعمر محمد بن سنه الفلاني المالكي ، عن الشريف الولاتي عن محمد بن أركماش ، عن الحافظ بن حجر العسقلاني ، عن المعمر حسين بن أبيله المراغي ، عن عزالدين أحمد بن إبراهيم بن عمر الفارضي ، عن أبي اسحق إبراهيم ابن يحيى الحافظ المكناسي ، عن أبي عبدالله محمد بن سعيد بن أحمد بن سعيد ابن ذرقون ، عن أبي عبدالله أحمد بن محمد بن غلبون الحلبي ، عن أبي عمر عثمان ابن أحمد الفجاطي ، عن أبي عيسى يحيى بن عبدالله ، عن عم أبيه عبدالله ابن يحيى بن يحيى ، عن أبيه يحيى بن يحيى ، عن إمام دار الهجرة مالك بن أنس رضي الله عنه آمين .

طريق آخر

عن السيدة الصالحة أمة الله ، ابنة الحافظ الكبير الشيخ عبد الغني الدهلوي - وأسانيد ، مبينة في ثبته « الباقيات الغنية » ، طبع الهند - وهي تروي عن أبيها جماعة

حافظ الحدیث علامہ محمد الحافظ بن عبداللطیف بن سالم التیجانی کی سند کا عکس

Marfat.com

(٢)

عن إمام الحديث بدار الهجرة ، السيد محمد عابد الأنصاري السندي المدني • وعـــــو

عن المعمر صالح بن محمد الفلاني المالكي • عن المعمر محمد يحيى سفه الفلاني

طريق آخـــر :-

عن العلامة محمد عبد الباقي الأنصاري الهندي ، المتوفى بالمدينة المنورة ، وعن شيخنا العلامة ألفا ياسم المتوفى بالمدينة المنورة سنة ١٣٤٠ هجرية • كلاهما عن الشيخ صالح الطاهري المالكي المدني • عن الشيخ محمد بن علي الخطابي المالكي • عن أبي حفص عمر بن عبد الكريم ابن عبد الرسول المكي • عن الشيخ المعمر صالح بن محمد الفلاني المالكي

وتروي العلوم الدينية ـ ومصدرها كتاب الله عز وجل والسنة المحمدية والفقه والتفسير وما يتعلق بذلك ـ عن حافظ المغرب أبي الإمتال السيد محمد عبد الحي بن عبد الكبير الكتاني ، وعن الشيخ محمد الصادق الرياحي التونسي حفيد شيخ الإسلام سيدي إبراهيم الرياحي • كلاهما عن العلامة الشيخ الطيب السفر التونسي • عن العلامة الشيخ الماحي الدارقوري المتوفى قرب المدينة المنورة • وعن شيخنا سيدي أحمد بن محمد التجاني الشريف الحسني رضي الله عنه ـ وقد سافر الشيخ الماحي من الدارقوز إلى المغرب ليأخذ عن الشيخ وقد أخذ عنه العلم والطريق ، وأخذ الشيخ سيدي أحمد التجاني الإجازة العامة عن الشيخ سيدي محمود الكردي المدني بالقاهرة عن شيخ الإسلام الشيخ محمد ابن سالم الحفني ـ نسبة الى حفنا بمحافظة الشرقية بمصر

وتروي عن الشيخ الحفني بسنده أعلى • عن السيد زين الدين الزبيدي الخلوتي المتوفى بطنطا سنة ١٢٦٢ هجرية عن خمسين وماية سنة وستة أباء السعن والد ، الشيخ بدر

عن شيخ الاسلام الشيخ عبد الله [illegible] عن الشيخ [illegible]

حافظ الحدیث علامہ محمد الحافظ بن عبد اللطیف بن سالم التیجانی کی سند کا عکس

Marfat.com

(٢)

وللشيخ الحفنى ثبت خاص به جمعت فيه أسانيده،

ونروى كتب السنة والتفسير والفقه ، من طريق إمام دار الحديث بدمشق شيخ المحدثين بالمشرق الشيخ بدر الدين الحسنى عن الشيخ ابراهيم السقا عن الشيخ الأمير الصغير ، عن والده الشيخ ، عن الأمير الكبير ، عن شيوخه الذين جواهم ثبت المصروف بثبت الأمير .

ونروى عن مولانا الشيخ ألفاهانم ، عن الشيخ محمد عبد الباقى الأنصارى ، أسانيد الشيخ صالح الطاهرى وثبته مطبوع . وللشيخ محمد عبد الباقى الأنصارى ثبت مطبوع أيضا نروى عنه مباشرة

ونروى ثبت العلامة المحدث الشيخ عبد الستار الصديقى الحنفى السندى ، المترفى بمكة ، عنه مباشرة .

ونروى بسنده ، وعن المحدث الصالح الشيخ عبد الله البازى الحنفى المكى ثبت العلامة الشيخ حسين بن السيد محمد الحبشى المكى .

ونروى عن الشيخ محمد الصادق الرياحى التونسى ، عن شيخ الإسلام سيدى إبراهيم الرياحى مرويات الإمام محمد بن يحيى الولاتى حافظ المغرب فى عصره .

ونروى فهرس الفهارس والأثبات للسيد محمد عبد الحى الكتانى عنه ، وهو مطبوع جامع لمعظم الفهارس والأثبات فى المشرق والمغرب .

ونروى عن الشريف العلامة الواصل الكامل الإمام الشيخ محمد الفاسى الدمياطى . والشريف السيد كمال الدين القاووقجى ، ثبت والده العلامة الإمام العارف السيد الشيخ أبى المحاسن المشهور بالقاووقجى ، وهو مطبوع أيضا .

حافظ الحدیث علامہ محمد الحافظ بن عبد اللطیف بن سالم التیجانی کی سند کا عکس

Marfat.com

(٤)

وسندنا فى صحيح البخارى ، من طريق شيخنا الشيخ محمد عبدالحى الكتانى ، عن المعمر الشيخ أحمد بن المنلا صالح السويدى البغدادى الحنفى ، عن قادرة المتأخرين السيد محمد مرتضى الزبيدى الحسينى . وهو عن المعمرين عيسة الفلانى المالكى . وهو عن الشيخ محمد بن العجيل اليمنى (بفتح العين المهملة وكسر الجيم) . وهو عن مفتى مكة القطب النهروالى . وهو عن الشيخ أحمد بن عبدالله بن أبى الفتوح الطاووسى عن المعمر بابا يوسف الهروى ، عن محمد بن شاذبخت الفارسى الغرغانى ، عن يحيى بن عمار بن عصيل بن مقبل بن شاهان الختلانى ، عن محمد بن يوسف الفربرى عن الإمام محمد بن إسماعيل البخارى رضى الله عنه ، صاحب الجامع الصحيح . قال

حدثنا مكى بن إبراهيم ، قال حدثنا يزيد بن أبى عبيد ، عن سلمة بن الأكوع رضى الله عنه ، قال : سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول : " من يقل على مالم أقله فليتبوأ مقعده من النار " .

حدثنا محمد بن المثنى ، حدثنا الوليد بن مسلم ، حدثنا ابن جابر ، حدثنى بسر بن عبدالله الحضرمى ، أنه سمع أبا إدريس الخولانى ، أنه سمع حذيفة بن اليمان يقول : كان الناس يسألون رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الخير ، وكنت أسأله عن الشر مخافة أن يدركنى . فقلت : يارسول الله ، إنا كنا فى جاهلية وشر ، فجاءنا الله بهذا الخير ، فهل بعد هذا الخير من شر ؟ قال : نعم . قلت : وهل بعد ذلك الشر من خير ؟ قال : نعم وفيه دخن . قلت : وما دخنه ؟ قال : قوم يهدون بغير هديى ، تعرف منهم وتنكر . قلت : وهل بعد ذلك الخير من شر ؟ قال : نعم ، دعاة على أبواب جهنم ، من أجابهم إليها قذفوه فيها . قلت يارسول الله ، صفهم لنا . قال : هم من جلدتنا ، ويتكلمون بألسنتنا

حافظ الحدیث علامہ محمد الحافظ بن عبداللطیف بن سالم التیجانی
کی سند کا عکس

Marfat.com

(٥)

قلت : فما تأمرني إن أدركني ذلك . قال : تلزم جماعة المسلمين . قلت : فإن لم يكن جماعة ولا إمام ؟ قال : فاعتزل تلك الفرق كلها ، ولو أن تعض بأصل شجرة حتى يدركك الموت وأنت على ذلك .

وإني قد أجزت الأخ الشيخ فضل الرحمن بن الشيخ ضياء الدين [illegible] الحنفية المحمدية المسرشدة وعلومها وقراءة كتاب الله العزيز بأسانيدنا إلى المصطفى صلى الله عليه وسلم . وأسأل الله لنا وله كمال المتابعة ، وأن يدرجنا فيمن نضر الله وجهه فبلغ عن رسول الله صلى الله عليه وسلم ، فكان له شرف حمل رسالة المصطفى صلى الله عليه وسلم إلى من بعده من أمته وكان له نصيب من تراث هذا السيد الأعظم صلى الله عليه وسلم .

والحمد لله أولا وآخرا وصلى الله على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم .

~~القاهرة يوم الجمعة المبارك ١٩ شوال ١٣٩٢ — ٢٤ نوفمبر سنة ١٩٧٢~~

إمضاء

محمد الحافظ بن عبد اللطيف بن سالم التجاني .

المدينة المنورة
غرة المحرم سنة ١٣٩٧

لطف الله به آمين

محمد الحافظ بن عبد اللطيف بن سالم التجاني
لطف الله به آمين

حافظ الحدیث علامہ محمد الحافظ بن عبداللطیف بن سالم التیجانی
کی سند کا عکس

Marfat.com

فضل الرحمٰن

عفی اللہ عنہ بمنہ وکرمہ
وبجاہ حبیبہ صلی اللہ علیہ وسلم

MOLANA FADLURREHMAN QADRI
P O BOX 9
MADINA MUNAWWARAH (S.A.)



حضرت مولانا فضل الرحمٰن کے دستخط اور مواہیر

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھوالقادر

جانشینِ قطبِ مدینہ علیہ الرحمۃ

فضیلۃ الشیخ مولانا فضل الرحمٰن مدنی

کے

دوتاریخی خطبات

Marfat.com



قطار الحجاز في العشرينات الهجرية

Marfat.com

خطابات

(۱) پیش لفظ:

حضرت مولانا لطیف احمد چشتی کامونکی

(۲) خطبہ صدارت:

اجلاس عام ''مرید کے'' ۱۰/اگست ۱۹۷۰ء

(۳) پیغام بنام:

سنی کانفرنس ''مرید کے'' ۱۹/اگست ۱۹۷۰ء

(۴) دعا:

۱۹۷۴ء میں کھوڑی گارڈن میں بزم رضا کی جانب سے ایک جلسہ حضرت علامہ فضل الرحمٰن مدنی قادری کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جب کہ جلسہ کی سرپرستی حضرت علامہ قاری مصلح الدین صدیقی قادری رحمتہ اللہ علیہ نے کی۔
اس جلسہ کے آخر میں حضرت مولانا فضل الرحمٰن نے جو دعا فرمائی وہ پیش خدمت ہے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیشِ لفظ

حضرات گرامی!

پاکستان کے قیام کے ساتھ ہی پاکستان میں اسلامی دستور کا نفاذ کر دیا جاتا تو آج ملک میں موجود افراتفری پیدا نہ ہوتی۔ پاکستانی پود کو اسلامی کردار و اخلاق، نیز دینی تعلیم و تربیت دینے کی بجائے بے دینی اور آوارگی کا بیہودہ راستہ دکھایا گیا۔ نتیجۃً آج اغیار نے ان حالات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ملک کو اپنے اساسی نظریہ اسلام کی بجائے غیر ملکی نظریۂ ''سوشلزم'' کی دعوت سے دو چار کر دیا ہے جمعیۃ العلمائے پاکستان نے اس دینی اور ملکی فتنے کو چیلنج کیا۔ اور وہ بھولے بھالے پاکستانی مسلمان جو اپنی نادانی کی وجہ سے سوشلزم اسلامی سوشلزم کے نعرے کے فریب میں پھنس گئے ہیں ان کو اس فتنہ سے بچانے کے لئے کمر ہمت باندھی۔ ایک سو تیرہ پاکستانی علماء کے فتوے کے بعد مکہ المکرّمہ اور مدینہ منورہ کے باسٹھ علماء کی طرف سے سوشلزم پر کفر کا فتویٰ عوام کے سامنے آچکا ہے۔ اب اعلیحضرت عظیم البرکت مجدد مائۃ حاضرہ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ مجاز حضرت مولانا ضیاء الدین صاحب مدنی مدظلہ العالیہ کے فرزند ارجمند مفتیٔ مدینہ حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہ العالی کا سنی کانفرنس کامونکی منعقدہ ۷۰-۸-۱۹ پر مرسلہ پیغام حاضر خدمت ہے۔ نیز حضرت موصوف نے جو خطبۂ صدارت اجلاس عام منعقدہ مورخہ ۷۰-۸-۱۰ بمقام ''مرید کے'' میں پڑھا وہ بھی ساتھ ہی پیش خدمت ہے۔ ملاحظہ فرمائیں اور فیصلہ کریں کہ مسلمانان پاکستان مدینہ منورہ کے ایسے معزز بزرگ، معتمد و متبحر عالم دین کے مدلل خیالات کو مسترد کر کے آخرت میں رسول عربی علیہ السلام کو کیا منہ دکھائیں گے۔ اب بھی وقت ہے کہ محبان رسول (علیہ السلام) اس فتنہ سے اپنے

Marfat.com

ایمان کو بچائیں اور سوشلزم کے تصورات سے تائب ہوکر اپنی نجات کے راستہ پر گامزن ہوں۔

وما علینا الا البلاغ

لطیف احمد چشتی

جمعیت العمائے پاکستان کامونکی

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

جبہ قبا اور فرجی

مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے تنگ آستینوں والا رومی جبہ پہنا۔

آنحضرت ﷺ کی آستینیں پنچوں تک ہوتی تھیں آپ ﷺ نے قبا اور فرجی بھی پہنیں اور تنگ آستینوں والا جبہ بھی زیب تن فرمایا۔

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بارے میں روایت ہے کہ انہوں نے ایک کالی چادروں کا کسروانی جبہ نکالا جس کا گریبان دیبا کا تھا اور اس کے گریبان پر کام بنا ہوا تھا اور فرمایا کہ یہ رسول اللہ ﷺ کا جبہ ہے جو عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس تھا۔ ان کے انتقال کے بعد میں نے اسے اپنے قبضہ میں لے لیا۔ نبی ﷺ اسے پہنا کرتے تھے اور ہم اسے پانی میں بھگو کر مریضوں کو پلا کر شفا حاصل کرتے ہیں۔

(وسائل الوصول الی شمائل الرسول ﷺ۔ علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی)

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

باسم الله وبحمده تعالیٰ ابتدانی القاء کلمتی هذا مصلیاو مسلما علی افضل الخلق سیدنا محمد ﷺ.

حضرات الا فاضل المشائخ العظام والعلماء الکرام وجمهور الکریم وفقهم الله لخیر العمل ، السلام علیکم ورحمة الله وبرکاتهٗ.

ان العالم الاسلامی الیوم فی حالة تدعُوُ الی الله شفاق البکاء من لحظر الفارح والأمر الخطیرالأدهی الشیوعیه التی مدت تفشی فی اکثر البلدان العربیة والاسلامیة وان تفشی هذا المرض الفتاک فی هذه البلاد الاسلامیه باکستان الحبوبة اصبح تیزاید کثیراً علماً بان الشیوعیة هی اشد الطبقات فی العالم الا سلامی عداوة وما یجری من الاستعداد الحدیدی اُصبح معروف الیٰ حِدّ ما ویظهر لنا فی البلدان الاشتراکیه بانهالم تترک للجماهیں فیها ایّ اثر من الحربه مطلقاً اومن قدسیة الانان وحقة فی الحیاه بل نعانی کبتاً و اضطهادًا فی العالم الیوم والبلدان الشیوعیه الاسجنا کبیراً هذا یجب بأن لانثق ولا نعمة علی اعداء الا سلام الذین لا یرقبون فی مؤمن الا و ذمة هولاء لیس لهم عاطفة ولا عهد ولا میثاق ولا صله ینخدو نارسیه لا طحاعهم المادیة وینظاهرون بمظاهر الماعده والا حسان ویفکرون فی تقویة دعا ئم الضاء علی الاسلام والمسلمین لیل ونهار و صبح ماء ایها المسلمون ان ای بلد دخلت علیه الشیوعیه فی سوء حال ان الا شتراکیة والشیوعیة المنتشره فی هذا الایام انها الا یام انها من الاسلام ما هی الامکر وخداع، للمسلمین یقصدون القضاء علی الاسلام ان الاسلام دستور متکامل لا یحتاج الی تعدیل او

Marfat.com

نـظـام او قـانون انزل الله القرآن وعلى سيدالمرسلين تبيانا لكل شيء فاذا تـمسكنابه ولسنة نبيهٖ ﷺ بـلـغنا العلىٰ ولنلقى نظرة الى التاريخ الاسلامى الـمـجيـد يـنـضح جلياً ان الاسلام انتشرً كثيراً فى عهد الخلفاء الراشدين رضـوان الـلـه عـليهـم اجـمـعيـن حتـى فـى زمـن الخليفة الزاهد عمر بن عبـدالـعـزيـز كـان يبـحـث عن احد يأ خذ الزكاة فلا يجد مستحق لها فيه خـلهـافـى بيـت مال المسلمين ولم يبقى فقيراً واحد لسيره على الدستور الاسـلام ايها السملون ان ذهاب المسجد الا قصىٰ ثالث الحرمين و اولى الـقبـلتيـن مـا الا نتـحبة لتـغشـى الشيوعية فى الممالک العربية وقد نزل بـالـمسـلـميـن مـانرىٰ اليوم فى احتلال فلسطين الطاهره ارض الانبياء ثم سـقـوط الـقـدس الشـريف و حـريقها واقدم اليهود الملعونين على تمزيق الـمسـلـميـن وارتـكـا بهم الفضنائع نتجبة للسير على الشيوعيه فيها ايها الـمسـلـمـون انـا شـدكـمُ بـالـله ان تنأ زروا وتوحدوا صفوكم وتمسكو ابـديـنـكـم ودستـوركـم انـمـا مثـل الـمـؤمن للمؤمن كالبينان يشد بعضه بـعـضـاًفيجب علينا الاتحاد فان فى الاتحاد قوة لنصر المومنين بقول الله عـزوجـل ان تنصر و الله ينصركم وَيثبت اقدامكم فلا شيوعيه واشتراكيه فـى الاسـلام فـلنستعد لا علاء كلمة بكل ما اوتينا من قوة وستكون كلمة الذين كفر السلفى و كلمة الله هى العلياء.

واسلام عليكم ورَحمة الله وبر كاته

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ترجمہ :

اللہ تعالیٰ کے نام اور اس کی تعریف کے ساتھ افضل الخلائق سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر درود بھیجتے ہوئے اپنی اس تقریر کا آغاز کرتا ہوں۔

حضرات! افاضل، مشائخ عظام، علمائے کرام اور معزز حاضرین اللہ تعالیٰ آپ کو بہتر کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بے شک آج عالم اسلام ایسی حالت میں ہے۔ جو رُلا دینے والے خوف، بھیانک خطرے اور عظیم فتنے کی خبر دے رہی ہے۔ خبردار ہو کر سن لیجئے کہ وہ عظیم خطرہ سوشلزم ہے جو کہ اکثر عربی اور اسلامی ممالک میں پھیلتا جارہا ہے اور اگر یہ مہلک مرض میرے محبوب اسلامی ملک پاکستان میں بھی پیدا ہو گیا تو یہ زیادہ ہی بڑھتا چلا جائے گا کیونکہ اس سوشلزم نے پہلے ہی عالم اسلام میں شدید طبقاتی دشمنی پیدا کردی ہے اور اس آہنی پردے کے پیچھے یہ فتنہ بڑی سرعت کے ساتھ دور تک مقبول ہو چکا ہے۔ اشتراکی ممالک میں ہم پر اس کے اثرات آشکارا ہو چکے ہیں کہ اس نے ان علاقوں میں عوام میں ذرہ بھر بھی جذبہ آزادی انسانیت کا احترام اور عوام کا زندگی بسر کرنے کا حق تک باقی نہیں رہنے دیا۔ بلکہ آج کی دنیا میں پریشانی اور اضطراب کو بہت بڑھا دیا ہے۔ اور اشتراکی ممالک بہت بڑے قید خانوں کی شکل اختیار کر چکے ہیں۔ اس لئے ضروری ہو گیا ہے کہ ہم اسلام کے دشمنوں پر اعتماد و اعتبار نہ کریں۔ (جو کسی مومن کے بارے میں بھی کسی قسم کی رواداری اور وعدہ کی پرواہ نہیں کرتے) پس یہ وہ لوگ ہیں جن کی نظر میں ہمدردی، وعدہ معاہدہ اور صلہ

Marfat.com

کی کوئی چیز نہیں یہ تو اپنے مادی لالچوں کی خاطر ہمیں آلہ کار بناتے رہتے ہیں۔ اور ظاہراً احسان و مروت کا اظہار کرتے رہتے ہیں۔ لیکن باطناً وہ رات دن اور صبح و شام مسلمانوں کے خلاف اپنے منصوبوں کو قوی کرنے کے متعلق ہی سوچتے رہتے ہیں۔

اے مسلمانو! جن ممالک میں سوشلزم آیا وہ بہت بری حالت میں ہیں۔ سوشلزم اور کمیونزم جن کو آج اسلام کا نام دیا جا رہا ہے یہ مسلمانوں کے خلاف ایک گہری سازش اور مکر و فریب کا جال ہے۔ اسلام ایک کامل دستور ہے ایک غیر متبدل نظام ہے۔ ایک ایسا قانون ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے سید المرسلین ﷺ پر قرآن کی صورت میں نازل فرمایا جو ہر چیز کی وضاحت کرنے والا ہے جب ہم اس قرآن کو اور اللہ کے نبی کی سنت کو مضبوطی سے تھام لیں گے تو ہم ترقی حاصل کر لیں گے۔ ہم اگر اسلامی تاریخ میں نگاہ ڈالیں تو ہم پر یہ واضح ہو جائے گا کہ خلفائے راشدین کے زمانے میں اسلام بہت زیادہ پھیلا یہاں تک کہ خلیفہ راشد حضرت عمر بن عبدالعزیز کے دور خلافت میں لوگ زکوٰۃ لے کر کسی مستحق کی تلاش میں پھرتے تھے اور کوئی زکوٰۃ لینے والا نہ پا کر بیت المال میں داخل کر دیتے تھے۔ اور دستور اسلامی کی برکات تھیں کہ اس دور میں کوئی فقیر نہ رہا۔

اے مسلمانوں! بلاد عربیہ میں سوشلزم آنے ہی کا نتیجہ ہے کہ ہمارے ہاتھوں سے مسجد اقصیٰ جو تیسرا حرم اور قبلہ اول ہے چھن چکا ہے۔ مسلمانوں پر آج جو مصائب نازل ہو رہے ہیں اور جنہیں ہم دیکھ رہے ہیں یعنی انبیاء کی سرزمین مقدس فلسطین پر یہودیوں کا غاصبانہ قبضہ بیت المقدس کا سقوط اور اس کے جلائے جانے کا سانحہ۔ مسلمانوں کا قلع قمع کرنے کے صیہونی اقدامات اور ان کی ذلت اور رسوائی کے سامان یہ سب سوشلزم پر گامزن ہونے کا ہی نتیجہ تو ہیں۔

پس اے مسلمانو!

میں تمہیں خدا کا واسطہ دے کر کہتا ہوں کہ تم کندھے سے کندھا ملا کر باہمی تعاون کی فضا پیدا کرتے ہوئے اپنی صفوں کو متحد کر لو۔ اور اپنے دین اور دستور حیات کو مضبوطی سے پکڑ لو۔ اور آپس میں کینے اور بغض کو ختم کر دو اور آپس کے اختلافات چھوڑ دو، یقیناً

Marfat.com

مومن دوسرے مومن کے لئے ایک دیوار کی طرح ہے جس کا ایک حصہ دوسرے کو قوت دیتا ہے۔ پس ہم پر متحد ہو جانا واجب ہے کیونکہ اتحاد ہی میں مسلمانوں کی نصرت کے لئے طاقت ہے۔ اللہ عز وجل فرماتا ہے کہ اگر تم اللہ کے دین کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد فرمائے گا اور تمہیں ثابت قدمی بخشے گا۔ پس سوشلزم اور اشتراکیت کی اسلام میں کوئی گنجائش نہیں۔ اس لئے ہمیں اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے پوری طاقت اور تمام وسائل کے ساتھ تیار ہو جانا چاہئے اور انشاء اللہ عنقریب کلمہ کفر ذلیل ہو جائے گا اور اللہ کا کلمہ بلند ہو جائے گا۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ



ترکیا سے مدینہ منورہ پہنچنے والی سب سے پہلی ریل گاڑی کا انجن

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الذى جعلنا من امةِ سيدنا محمد ﷺ، وامرنا باتباعهٖ صلوات اللّٰہ وسلامه عليه وعلى اله واصحابه وسلم تسليماً، اما بعد ايهاالساده حضرات الافاضل العلماء والمشائخ الفضلاء والحاضرين الكرام ! اسلام عليكم ورحمة الله وبركاته و بعد ايها المسلمون نحمد الله سبحانه ان جعلنا من خير اُمة اخرجت للناس تاُمر بالمعروف و تنهى عن المنكر فالواجب اليوم علىٰ كل مسلم محاربة الشيوعيه والصهيونية لانها ليست من الاسلام فلا شيوعية ولا صهيونيه فى الاسلام وان الاسلام برئٌ عنها ولو تمعنا بالحقيقة فيها لوجدنا بيحنٌ للمومن اِذ لا يكون الانسان حُرًّافى تصر فاته الشوعيه بل يكون مقيدًا بتعاليمهم الباطله المزيّفَه ان دين الاسلام هو دين العقيدة ان دين الاسلام هو دين التسامح والتاخى والتاذر ويد عونا الى ان يكون يدًا واحدة ضدا لكفار الشيوعية والصهيونية والملحدون مثل المؤمن للمومن كا لبنيان يشدُّ بعضه بمعضاً لا خلاف بعد اليوم بين المسلمين الا اذا خرج عن الشريعة السمحاء فيحب له نصحة وافكامه باللتى هى احسن متجنبا الانانية والتباغض والتحا سد فان قبل فيها ونعمت والاّفتركه لله لان الحب لله والبغض لله.

ايها المسلمون يجب علينا ان نوحد صفوفنا ونجمع بين كلمتنا وان نتمشى بتعاليم الدين الاسلامى وان يكون دستور ناهُو كتاب اللّٰہ ﷻ وسنةَ نبيه ﷺ و التقيد باحد المذاهب الاربعة الحقه أسوة باسلافنا وان نحتفظ بآداب النبى الكريم ﷺ ونتحلى باخلاقه الشريفه ﷺ ايها الاخوان المسلمون هل ترون دستور يعلوا علىٰ كتاب الله الذى لاياتيه الباطل من بين يديه ولامن خلفه وسُنّة نبينا سيدنا محمد الصادق المصدوق ﷺ حاشا لله لا يعلواى دستور اونظام على كتاب اللّٰہ ﷻ وسُنّة رسول الله

Marfat.com

ﷺ رفقنا اللّٰہ ﷻ لاتباعه ﷺ وانی اقدم شکری لجمیع الحاضرین فی هذا الاجتماع فی الکامونکی العظیم وانی قد انبت بکلمتی هذا لتکون معتبرة عن بعض شعوری نحو جمعیة علماء پاکستان الافاضل وفقهم اللّٰہ ﷻ لخیر العمل واعانهم للقیام بخدمة الاسلام والمسلمین وانی اسأل اللّٰہ الکریم ان یحفظ الجمیع وان یحفظ لناشیخ الاسلام حضرت العلامةالبرکه المجاهد الکبیر محب الفقراء والمساکین صاحب الفضیلة والارشاد عمدة العارفین مربی المریدین حضرت خواجه محمد قمر الدین حفظ الله و ابقاه ومتع المسلمین بطول حیاته لکی یرشد الناس والمسلمین.

واسلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

قاله بفمهٖ و حَررهٗ بنانهٖ فضل الرحمن القادری المدنی

اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ

تیل کا استعمال

آنحضرت ﷺ سر مبارک میں تیل کا استعمال کثرت سے فرماتے اسی طرح داڑھی مبارک میں کنگھی اور سر انور پر قناع کا استعمال بھی کثرت سے فرماتے۔

قناع وہ کپڑا جو تیل لگانے کے بعد سر پر رکھا جاتا ہے تا کہ کپڑے اور عمامہ خراب نہ ہو۔

آنحضرت ﷺ جب تیل لگانے کا ارادہ فرماتے تو بائیں ہتھیلی پر تیل انڈیلتے ابتداء بھنوؤں سے ہوتی پھر آنکھوں کی باری آتی اور پھر سر پر تیل لگاتے۔

(وسائل الوصول الی شمائل الرسول ﷺ۔ علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ترجمہ:

اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ شروع کرتا ہوں جو بے حد مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔ سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے ہمیں ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی امت میں سے بنایا اور ہمیں آپ کی پیروی کرنے کا حکم فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور سلام آپ پر ہوں اور آپ کی آل و اصحاب پر ہوں اور اللہ تعالیٰ سب پر صحیح طور پر سلامتی رکھے۔ اس کے بعد مدعا یہ ہے:

اے سردارو، عالمو، فاضلو، بزرگو اور حاضرین کرام! آپ پر اللہ تعالیٰ کی سلامتی ہو اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور برکتیں ہوں اور اے جمیع مسلمانو! ہم خدائے پاک کی تعریف کرتے ہیں کہ اس نے ہمیں بہترین امت میں سے بنایا جو لوگوں کو فائدہ پہنچانے کے لئے تیار کی گئی جو نیکی کا حکم دیتی ہے اور برائی سے منع کرتی ہے۔ پس آج ہر مسلمان پر ضروری ہے کہ وہ سوشلزم اور یہودیت کا مقابلہ کرے۔ کیونکہ اسلام میں ان کا کوئی وجود نہیں۔ نہ تو اسلام میں کوئی سوشلزم ہے اور نہ یہودیت ہے اور یقیناً اسلام ان چیزوں سے بری الذمہ ہے۔ اور اگر ہم صحیح طور پر اس میں فائدہ بھی حاصل کر لیتے ہیں تو ہم ضرور اسے مؤمنین کے لئے ایک قید خانہ کی مثال ہی سمجھیں گے۔ کیونکہ انسان اس نظام میں اپنے شرعی تصرفات میں آزاد نہیں رہتا۔ بلکہ ان کے باطل اور ملمع شدہ نظام کی پیروی کا مقید ہو جاتا ہے۔ بے شک دین اسلام ہی صحیح العقیدہ دین ہے اور دین اسلام ہی درگزر، اخوت اور رواداری کا مذہب ہے اور وہ ہمیں اس بات کی دعوت دیتا ہے کہ سوشلزم یہودیت اور ملحدوں کی ملت کے مقابلے میں ایک متحدہ طاقت ہونی چاہئے۔ مومن کی مثال اس بنیاد کی طرح ہے جس کا ایک حصہ دوسرے حصے کو مضبوط کر جاتا ہے۔ آج کے بعد مسلمانوں کے درمیان کوئی اختلاف نہ ہونا چاہئے سوائے اس کے کہ کوئی اس کشادہ دامن شریعت سے ہی نکل جائے۔ اس صورت میں اسے نصیحت کرنا اور احسن طریقہ سے سمجھانا ضروری ہے۔ اس حالت

Marfat.com

میں کہ سمجھانے والا تکبر بغض اور حسد سے ماوراء ہو۔ پس اگر وہ خیال کرے تو اچھی بات ہے اور اس کے لئے بہتر ہے ورنہ اس کو خدا کی رضا کے لئے چھوڑ دینا چاہئے کیونکہ محبت اور عداوت خدا کی رضا کے لئے ہونی چاہئے۔

اے مسلمانو! ہم پر واجب ہے کہ ہم اپنی صفوں کو منظّم کر لیں اور ہم اپنی آواز کو متحدہ کر لیں اور دین اسلام کی تعلیمات کے مطابق اپنی زندگی بسر کریں اور ہمارا دستور العمل اللہ عزوجل کی کتاب اور اس کے نبی ﷺ کی سنت مطہرہ اور ائمہ اربعہ حقہ میں سے کسی ایک کی پیروی اپنے بزرگوں کے نمونے کے مطابق ہونا چاہئے اور یہ بھی کہ ہم نبی پاک ﷺ کے احکام کی پیروی کریں اور آپ کے شرعی اخلاق سے آراستہ رہیں۔

اے مسلمان بھائیو!

کیا تم ایسے دستور کا تصور بھی کر سکتے ہو جو اللہ کی کتاب سے بڑھ کر ہو۔ جس کے مقابلے میں باطل کسی طور پر نہیں ٹھہر سکتا یا ایسے دستور کا تصور کر سکتے ہو جو ہمارے آقا مولا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی سنت سے بڑھ کر ہو جنہیں صادق و مصدوق تسلیم کیا گیا ہر گز نہیں، کوئی دستور یا نظام اللہ تعالیٰ کی کتاب اور رسول اللہ ﷺ کی سنت سے ہر گز بڑھ کر نہیں ہو سکتا۔ اور اللہ تعالیٰ ہمیں نبی کریم ﷺ کی اتباع کی توفیق عطا فرمائے اور بے شک میں سب سے پہلے کامونکی کے اس اجتماع میں تمام حاضرین کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور میں نے اپنی اس تقریر کے ذریعے جناب کو خبردار کر دیا ہے کہ میری تقریر سے فاضل علما، جمعیت علمائے پاکستان کے بارے میں میرے بعض جذبات کا اظہار ہو جائے اللہ تعالیٰ ان علمائے حق کو بہتر عمل کی توفیق عطا فرمائے اور خدمت اسلام اور امت مسلمہ کے لئے ڈٹ جانے میں ان کی مدد فرمائے اور میں اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ وہ ہم سب کو قیادت کے لئے شیخ الاسلام حضرت علامہ مجاہد کبیر صدر جمعیت العلمائے پاکستان، محب الفقراء والمساکین صاحب فضیلت والا رشاد، عمدۃ العارفین، مربی المریدین حضرت خواجہ محمد قمر الدین صاحب کی حفاظت فرمائے اور مسلمانوں کو ان کی عمر دراز سے ہدایت پہنچا۔ تا کہ وہ تمام لوگوں اور مسلمانوں کو فائدہ پہنچاتے رہیں۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سیدی فضل الرحمٰن مدنی

کی

دعا

ربنا تَقبّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَمِیْعُ العلیمُ وتُبْ علینا یا مَوْلانا انک انت التواب الرحیم وجُدْ علینایامولانا انک اَنْتَ الجَوَّادُ الکَرِیْمُ وبفَضْلِکَ اللّٰھم عامِلْنَا بما انت اَھْلُهُ ولاتُعَامِلْنَا بما نحن اَھْلُه فانک اھل التقوی و اھل المغفرة وَجَعَلَ اللّٰھم جُمَعَنَا ھذاجمعاًمغفوراً مرحوماً مقبولاً بِفَضْلِکَ و مَنِّکَ وکَرَمِکَ یا اکرم الاکرمین ویاارحم الراحمین اللّٰھم اِنَّ مغفرتک عن ذُنُوْبِنَا وَتجاوُزُک عَلیٰ سیاء تنا وسِتْرُک عَلیٰ قَبیحِ اَعْمَالِنَا یَطْمَعُنَا اَنْ نَسْئَلَکَ مَالاَ نَسْتَوْجِبُ منک مِمَّا قَدَّرْنا به فَصِرْنا نَدْعُوْکَ آمین وَنَسْئَلُکَ مسْتَانِسِینَ فَاِنَّکَ انت المحسن الینا یَاربّی ونحن مُجیئُوْنَ الی

Marfat.com

اَنْفُسِنَا تتوَدّدُ الينا بالنِعَمِ ونَتوَ غَّدُ اليک بالمعاصِیُ فَلَمْ نَجِدُ کریماًاعتق منک علی اَجْلِدَةِ ضُعَفآءِ مِثْلِناَولکن اعتقادی بفضلک حملتناعلی البحراة علیه فا للّٰه اللّٰهم علینا بِفَضْلِکَ وجودک وکرمک واحسانک وبجاه حبیبِک الاَعْظَمِ ﷺ

الهی نَجّنا مِنْ کل ضِیْقٍ بجاه المصطفیٰ مولیٰ الجمیع

الهی نجّنا من کل ضیق بجاه ا لمصطفیٰ مولی الجمیع

الهی نجّنا من کل ضیق بجاه المصطفیٰ مولی الجمیع

وهَبْ لنا فِي مَدِیْنَتِهٖ قراراً ، وهب لنا فی مَدِیْنَتِهٖ قراراً

وهب لنا فی مَدِیْنَتِهٖ قراراً بِاِیْمَانٍ و دفنٍ بالبقیع.

اللّٰهم اغفرللمومنین والمومنات والمسلمین والمسلمات الا حیآءِ منهم والاَموَات انک یا مولانا سمیع کریم مجیب الدعوات قاضی الحاجات . اللهمَّ صلِّ علی سَیَّدِنَا مُحَمَّدٍ مِنْ نُور الذاتِ سَیَّدِنَا مُحَمَّدٍ مِنْ نُور الذاتِ سَیَّدِنَا مُحَمَّدٍ مِنْ نُور الذاتِ وَعَلی سَیِّدِیْ فِیْ سَائِر الأسماءِ والصفاتِ وَعَلی آلِه وَصَحْبِهِ وَابْنِهِ مَحْبُوبِکَ غَوْثِ الأَعْظَمِ وَسَلِّم تَسْلِیماً.

اللهمَّ صلِّ علی سَیِّدِنَا وَمَوْلانامُحَمَّدٍطِبّ القُلُوبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِیَةِ الابْدَانِ وَشِفَائِهَاوَنُورِ الأَبْصَارِ وَضِیَائِهَا

Marfat.com

وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَابْنِهِ مَحْبُوبِکَ سَيِّدنا غَوْثُ الأَعْظَمِ الجِيْلِى وَبارِکْ وَسَلِّم،اللهُمَّ صَلِّ وَسَلِّم عَلى سَيِّدِنا مُحَمَّدٍ صَلاةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الأَهْوَالِ وَالآفَاتِ وَتَقْضِىْ لَنَا بِهَا جَمِيعَ الحاجاتِ وَتُطَهِّرُنا بها مِنْ جَمِيعِ السَيِّئاتِ وَتَرْفَعُنا بها عِنْدَکَ يارَبَّنا أَعْلَى الدَّرَجاتِ وَتُبَلِّغُنا بها أَقْصَى الغَايَات مِنْ جَمِيعِ الخَيْرَاتِ فِى الحياةِ وَبَعْدَ الممَاتِ يا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ اِنَّکَ عَلى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْر وَعَلَى آلِه وَصَحْبِهِ وَابْنِهِ مَحْبُوبِکَ غَوْثِ الأَعْظَمِ عَبْدُ القَادرُ الجِيْلِى وَسَلِّم تسْلِيماً.

اللهمَّ صلِّ صَلاةً كامِلَةً وَسَلِّمْ سَلامَاً تاماً عَلى سَيِّدِنا وَمَوْلانا مُحَمَّد الذىْ تَنْحَلُّ بِهِ العُقَدُ و تَنْفَرِجُ بِهِ الكُرَبُ وَتُقْضِى بِهِ الحَوَائِجُ وَتُنَالُ بِهِ الرَّغائِبُ وَحُسْنُ الخَوَاتِيمِ وَيُسْتَسْقَىٰ الغَمامُ بِوجْهِهِ الكَرِيْمِ وَعَلَى آلِه وَصَحْبِهِ وَابْنِهِ مَحْبُوبِکَ غَوْثِ الأَعْظَمِ سَيِّدِنا عَبْدُ القَادرُ الجِيْلِى فِى كُلِّ لَمْحَةٍ وَنَفس بِعَدَدَ كُلِّ مَعْلُومٍ لَکَ يااللّٰه، اللهُمَّ اغفِرْ لامَّةِ سَيدِنا مُحَمَّدٍ صَلَى اللّٰهُ تَعَالى عَلَيْهِ وَسَلَمْ، اللهُمَّ استُر اُمَّةِ سَيدِنا مُحَمَّدٍ صَلَى اللّٰهُ تَعَالى عَلَيْهِ وَسَلَمْ،اللهُمَّ فَرِّجْ عَنْ اُمَّةِ سَيدِنا مُحَمَّدٍ صَلَى اللّٰهُ تَعَالى عَلَيْهِ وَسَلَمْ،اللهُمَّ تَجاوَزْ عَنْ اُمَّةِ سَيدِنا مُحَمَّدٍ

Marfat.com

صَلَى اللّٰهُ تَعَالى عَلَيْهِ وَسَلَمْ،اللهُمَّ اَرْحَمْ اُمَّةِ سَيدِنا مُحَمَّدٍ صَلَى اللّٰهُ تَعَالى عَلَيْهِ وَسَلَمْ اللّٰهم انصُرْ امة سيدنا محمدٍ صَلَى اللّٰهُ تَعَالى عَلَيْهِ وَسَلَمْ اللَّهُمَّ وَلِمَنْ وَالاها، اللَّهُمَّ عادِ مَنْ عَادَاها، رَبَّنا اغْفِرْلنا وَلِوَ الدِينا ووالِدِ والِدِينا فِى الدِّين والدُّنْيَا ولِمَشَائِخِنَا وَ لِمَشَائِخِ مَشَائِخِنا وَلأُ سْاتيذنَا ولأسْاتِذى أساتِيذِنا ولِمَنْ أُوْصَانا وَاسْتَوْصَانا وَجُدْ عَلَيْنَا اِنَّکَ أَنْتَ الجَوَّادُ الكَرِيمُ، رَبَّنَا آتِنَا فِىْ الدُّنْيا حَسَنَةً وَفِى الآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ، اللهُمَّ يا رَبَّنَا حُلَّ هَذِهِ العُقْدَة وَأَزلْ هَذِهِ العُسْرَةِ وَلَقِّنَا حُسْنَ المَيْسُورِ وقِنَا سُوءَ المَقْدُورِ وارْزُقْنَا حُسْنَ الطَلَبِ و اكْفِنَا سُوءَ المُنْقَلَبِ بِجَاهِ حَبِيْبِکَ الأَعْظَمِ سَيِّدِ العَجَمِ وَالعُرْبِ صَلَى اللّٰهُ تَعَالى عَلَيْهِ وَسَلَمْ، اللَّهُمَّ حُجَّتِىْ وَ عُدَّتِى فَاقَتِىْ وَوَسِيْلَتِى اَنْقَطَع حِيْلَتِىْ وَرَأْسَ المَالِ وَعَدَمَ احْتِيَالِى وَ كَنْزِىْ وَعَجْزِىْ وَبِحَبِيْبِکَ الأَعْظَمْ سَيِّدِنا مُحَمَّدٍ صَلَى اللّٰهُ تَعَالى عَلَيْهِ وَسَلَمْ شَفِيْعِى فِى يَوْمِىْ وَغَدِىْ،اِلهِى قَطرَةً مِنْ بِحَارِ جُودِکَ تُغْنِينَا وَذَرَّةً مِنْ تَيَّارِ عَفْوِکَ تَكْفِيْنَا، رَبِّ هَبْ لِى مَا لا يَنْفَعُکَ، وَاغْفِرْ لِى مَالا يَضُرُّکَ، يَا رَبِّ يَا كَافِى، يَارَبِّ يَا كَافِى، يَارَبِّ يَا كَافِى اِنَّ رَبِّى سَمِيع قَرِيْب مُجِيْبُ، اِنَّ رَبِّى سَمِيع قَرِيْب مُجِيْبُ، اِنَّ رَبِّى

Marfat.com

سَمِيع قَرِيب مُجِيبُ، رَبَّنَا تَقَبَلَ مِنَّا اِنَّکَ أَنْتَ السَّمِيعُ العَلِيمُ وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّکَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ، رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا بِبَرَکَةِ نَبِيِّنَا و سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَى اللّٰهُ تَعَلى عَلَيْهِ وَسَلَم وَبِحُرْمَةِ سُوْرَ ةِ الفَاتِحَةِ الشَرِيْفَةِ ... وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالى عَلَى خَيْرِ خَلقِهِ وَنُوْرِ عَرْشِهِ وَقَاسِمِ رِزْقِهِ سَيِّدِنَا وَمَوْلانَا وَوَلِيِّ نِعْمَتِنَا وَحَبِيْبِ رَبِّنَا سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَآلِه وَصَحْبِهِ وَابْنِهِ مَحْبُوبکَ غَوْثِ الأعْظَمِ سَيِّدنا عَبدِ القَادرِ المُحْيِ الدِّينِ وَجَمِيْعِ الصَّالِحِيْنَ بِرَحْمَتِکَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَالحَمْدُ للّٰه رَبِّ العَالَمِيْنَ.ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفرلنا وترحمنا لنکونن من الخاسرين،غُفْرَانک ربنا واليکَ المَصِير ولاحَوْلَ ولاقوةَ الابااللهِ العلى العظِيمُ وصلى الله وبارک وسلم على سيدنا ونبيناومولانا محمد وعلى آلهٖ وصحبه وبارک وسلم تسليماً كثيراً والحمدلله رب العالمين سبحان ربک رب العزة عما يصفون وسلام على المرسلين والحمد لله رب العالمين.

بِحَقِّ لاَ اِلَهَ الاَ اللّٰه مُحَمَّد رَسُولُ اللّٰه صَلَى اللّٰهُ تَعَالى عَلَيْهِ وَسَلَمْ.

Marfat.com

الحرم المكي ١٢٩٧هـ	MAKAH HARAM 1297H	MESCIDI HARAM MEKKE 1297H	MEKAH HARAM 1297H	حرم شريف مكة مكرمه	حقوق الطبع محفوظة لـ صلاح الصاعدي Copy Right for Salah Al-Saady 111 0506338945 P O BOX 3271

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

(۱) حضرت سیدی فضل الرحمٰن قادری مدظلہ العالیٰ کے محبت نامے

(۲) حضرت سیدی فضل الرحمٰن قادری مدظلہ العالیٰ کے نام خطوط

(۳) حضرت سیدی فضل الرحمٰن قادری مدظلہ العالیٰ کے نام تعزیت نامے

Marfat.com

بدر بدر .	BIR BADOR.	BEDIR KUYUSU.	PERIGI BADR.	بئر بدر (بدر شریف میں پانی کا کنواں)	حقوق الطبع محفوظة لـ صلاح الصاعدي Copy Right for Salah Al-Saady TEL: 0506338946 P.O. BOX: 3271.

Marfat.com

فاضل جليل حضرت مولانا الشاه فضل الرحمن القادری دام
مجدهم المدينته المنوره
خلف الرشيد حضرت العلام مولانا الشاه ضياء الدين احمد قادری
رضوی مهاجر مدنی مدظله العالی

مدينه منوره
١٦ / ذوالقعدة ١٣٩٣ھ
١٠ / دسمبر ١٩٧٣ء

بسم الله الرحمن الرحيم الحمد للهِ وكفیٰ والصلوٰة والسلام
علیٰ سيدنا محمد المصطفیٰ وعلیٰ آله و صحبه وسلم انما كتبه فضيلة
سيد الوالد حفظه فيه الكفاية لمن نور الله قلبه ولا سيما ماحرره البر
وفيسر محمد مسعود احمد ايده الله بروح منه وان علماء الحجاز قد
قرظوا علی ماكتبه فريد العصر محی السنة العلامة الكبير مولانا الشيخ
احمد رضا خان نور الله مرقده واثاب المؤلف الاجر العظيم وصلی الله
علی سيدنا محمد وعلیٰ آله وصحبه وسلم

حرره من المدينة المنورة
فضل الرحمن القادری

مکتوب بنام پروفیسر مسعود احمد مجددی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

فضل الرحمن بن الشیخ الشیخ الدین القادری

المملکۃ العربیۃ السعودیۃ ص.ب ۹۲ المدینۃ المنورۃ

أز مدینہ منورہ علی ساکنہا
ومنورہا الف الف الصلاۃ
والسلام

آمین

صاحب فضیلت والارشاد ڈاکٹر پروفیسر علامہ محمد مسعود احمد صاحب دامت برکاتہم وفیوضاتہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ - الحمد للہ علی کل حال طالب خیریت بخیریت ہے - آپ کا تعزیت نامہ عزیزم الشیخ حبیب الرحمن قادری ضیائی رحمۃ اللہ علیہ کا وصول ہوا - بندہ آپ کا مشکور وممنون ہے کہ آپ ہمارے شریک غم ہیں - اللہ تعالیٰ سے التجاء ہے کہ آپ کا عمر مبارک زیادہ سے زیادہ صحت وعافیت کے ساتھ تادیر رکھے تاکہ سنی اور سنیوں کا لا آپ کے زریعے سے رکھے - وفرمات آپ نے سنیوں کے لئے لیا ہے وہ اہلہ منا الشمس ہے - اللہ تعالیٰ آپکو سلامت رکھے اور مزید علیہ عیطا از بلد مبدقات نصیب فرمائے - بارگاہ رسالت میں آپ کا الصلوٰۃ والسلام پیش کر دیا ہے -

گر قبول افتد زہے عز وشرف

تمام علماء ومشائخ اور تمام مسنی بھائیوں کو السلام للمسنون وتشکر ناچیزی جانب سے پیش کریں - آپکے حق میں بندہ کوئی لائق الفاظ میں ادا کر سکتا کیونکہ اردو بول چال میں کمزور ہے لہذا اگر مقدم یا موخر الفاظوں میں پیش نظر آپ سے تو معاف فرما کر حسنون ومرحوم فرمائیں - یہ خط مکرمی ومحترمی وخلیفہ ضیائی بھائی محمد عارف سے لکھوا رہا ہوں - وہ بھی آپکو شکریہ ادا کرتے ہیں اور دعوات صالحہ میں فرماتے ہیں باقی عند التلاقی فقط والسلام والتسلیم مع الاکرام

باقی عند التلاقی

قالہ بفمہ وأمر لتحریرہ

الفقیر الی اللہ تعالیٰ

فضل الرحمن

عفی اللہ عنہ وستر عیوبہ وذنوبہ وسلم

آمین بجاہ طہ ویس صلی اللہ علیہ وسلم

مکتوب بنام پروفیسر محمد مسعود احمد مجددی

Marfat.com

أخی المکرم القاری

مکرمی ومحترمی محمد عارف

الضیائی المؤ

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

جوتا پہننے اور اتارنے کا طریقہ

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی جوتا پہنے تو پہلے دایاں پہنے اور پھر بایاں اور جب اتارے تو پہلے بایاں پاؤں باہر نکالے اس طرح دایاں پاؤں پہننے میں اول اور اتارنے میں آخر ہو۔

آنحضرت ﷺ جب بات چیت کے لیے بیٹھتے تو جوتا اتار دیتے تھے۔

(وسائل الوصول الی شمائل الرسول ﷺ۔ علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی)

Marfat.com

رب العالمین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا رحمت اللعالمین

خون دل دیکر لکھا رہی ہے شان رسالت مآب
ہم نے تحفظ ناموس رسالت کی قسم کھائی ہے

مقام المدینۃ المنورۃ
تاریخ ۲۴/۱۲/۱۴۰۱ھ

بخدمت :
فضل الرحمٰن قادری
بن شیخ ضیاء الدین مدنی قادری رضوی

مکرمی و محترمی بھائی محمد عارف قادری سلمہ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ! ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

آپکا تار بلا تعزیت و دلجوئی کا شکریہ !

مولا کریم آپ کو سلامت رکھے اور ہم کو ، آپ کو حضرت مرحوم کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے اور

ہمیں ، آپ کو اور سب کو فقید الامت کے فیوض و برکات سے نوازے ۔

انا للہ وانا الیہ راجعون حسبنا اللہ ونعم الوکیل ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۔

مولائے کریم بطفیل حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں ، آپ کو صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحوم حضرت قبلہ والد صاحب

کو اعلیٰ علیین جگہ عطا فرمائے ۔

ہمارے آپ کے جملہ محبین متوسلین کو مضمون واحد ہے ۔

حاضرین مجلس ، ضیائیہ کی جانب سے سلام مسنون قبول ہو اور مضمون واحد ہے ۔

فقط والسلام

دعاگو : فضل الرحمٰن
عفی اللہ عنہ عنہ وکرم
وبجاہ حبیبہ صلی اللہ علیہ وسلم

MOLANA FADLURREHMAN QADRI
P O BOX 9.
MADINA MUNAWWARAH (S.A.)

مکتوب بنام فقیر قادری

Marfat.com

بسم اللہ وبحمدہ

فقیر حاضر

فقیر حاضر خدمت عالی عارف
سلام وممنون ودعاؤں کے بعد عرض ہے
آپ کا گرامہ نامہ پہنچا جس سے
فقیر کو بے حد مسرت حاصل
ہوئی۔ آپ نے فقیر کو بہت یاد فرمایا
فقیر کو بھی آپ کی یاد ستاتی رہتی ہے
خصوصاً دوپہر اور ظہر کا طعام
کھاتے وقت آپ کی یاد ستاتی ہے
اگر کہیں والی سیاہ مرچ
فقیر کو بہت اچھا لگتا ہے
فقط والسلام آپ کا بھائی
۳/۸/۶۳ء
فضل عمر

اگر کہیں والی سیاہ مرچ میسر
نہ ہو تو سفید مرچ کے ساتھ
دو بار کھانا — اصل مسئلہ کھانا ہے
اگر کھانا میں نہ ملے تو بھی

مکتوب بنام فقیر قادری

Marfat.com

رساله

من مراسلونا فى المدينة المنورة

بسم الله الرحمن الرحيم

كلمة الشكر

" يـايتهـا الـنـفـس الـمطمنة ارجعى الى ربک راضية مرضية فادخلى فى عبادى وادخلى جنتى " صدق الله العظيم

انتقل الى رحمة الله سيدى الوالد صاحب الفضيلة والارشاد الشيـخ ضيـاء الـديـن احمد القادرى المدنى ظهر يوم الجمعه الرابع من ذى الحجه ١٤٠١ھ فى المدينه المنوره.

فـنـقـدم خـالـص الشكر بواسطه مجله الدعوه الاسلاميه لكل من واسـانـا وقـدم التـعـازى سـواء شخصيا او برقيا اوتلفونيا بهذه المناسبه و نـخـص بـالشكر كل من ساداتنا العلماء و المشائخ والمجبين والمريدين وادارت الجمعيات الاسلاميه.

وسـال الـلـه عز وجل ان ينغمد الفقيد بواسع رحمته ويسكنه فسيـح جـنـاتـه وان لا يريهم مكروه فى عزيز لديهم و انا لله وانا اليه لراجعون

طالب الدعاء و الداعى لكم

فضل الرحمن ضياء الدين القادرى المدينه المنوره ١٣٠ـ

مکتوب بنام مجلّہ الدعوہ الاسلامیہ

Marfat.com

مکتوب حضرت شیخ الفضیلت علامہ محمد فضل الرحمٰن مدنی مدظلہ العالیٰ

بنام

مولانا محمد مظفر اقبال مصطفوی لاہور

ازمدینة المنورہ

محرم ۱۴۰۲ھ

الیٰ حضرۃ المحترم الفاضل الکامل مولانا محمد مظفر اقبال مصطفوی صاحب

اسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

جناب والدِ محترم کے سانحہ ارتحال پر آپ کا تعزیتی خط ملا۔ جس کے لیے میں آپ کا بیحد مشکور وممنون ہوں، خدا تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

حقیقت یہ ہے کہ جناب والد صاحب کا سایہ کرم ہمارے سروں سے اُٹھ جانے پر ہم یتیم ہو گئے ہیں۔ آپ سب مزید دُعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس صدمہ کے تحمل کی قوت عطا فرمائے۔ اوران کے روحانی فیوض وبرکات سے متمتع فرمائے۔ آمین۔

المرسل الداعی لکم بالخیر

فضل الرحمٰن القادری

مکتوب بنام مولانا محمد مظفر اقبال مصطفوی

Marfat.com

۴۰/ رجب ۱۴۰۱ھ
۱۰/ مایو ۸۱ء

ملبورن

استرالیا

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم
الحمد للہ والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا ومولانا محمد حبیب اللہ
وعلی آلہ وصحبہ ومن والاہ۔

سیدی حفظکم اللہ ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ

میں الحمد للہ آپ کی دعاؤں سے بخیریت ہوں ۔ سورلین ، کینبرا ، ملاوی
افریقا الجنوبیہ ، زمبابوی ، وڈیوننین ، کے آخری ممالک کا
دورہ ختم کر کے ۲۰/ اپریل ۸۱ء سے استرالیا کے دورہ پر ہوں
مختلف شہروں کا دورہ ختم کر لیا ہے اب انشاء اللہ ۳۰/ مایو
سے پوری لیبنڈ ، تو جزائر فجی ، وملیشیا ، سنگاپور کا دورہ
کرتا ہوا کراچی پہنچوں گا ۔ آخر جون میں قبل رمضان المبارک
استرالیا ، امریکہ کراچی پہنچوں گا ۔
استرالیا ، نیوزی لینڈ کے علاقوں میں ہر جگہ میرا آنا ہوا ہے ، جہاں بھی
گیا ہوں ، دعا کرتا ہوں اللہ تعالیٰ اپنے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ
وسلم کے صدقے ہمارا نبایغہ ساعی کو کامیاب فرمائے آمین

حضرت سیدی دامت برکاتہم العالیہ کانپور میں کئی
سو لوگ حاضر ہوتے رہے اور ملاقات ہوتی رہی

دربار اقدس میں حاضری پر صلوٰۃ وسلام عرض
کرتا ہوں حاضرین کو دعاؤں میں ضرور یاد فرمائیں

حالی حضرت کانپور میں مودبانہ سلام
عرض ہے حمد احقر العباد و گنہگار
اور بچوں کو سلام و دعا
حاضرین محفل کانپور میں مودبانہ سلام
عرض ہے

خادم [illegible] اللہ
محمد
۱۴۰۱ ۔ الحمد للہ
۴ رجب

Marfat.com

مولانا فضل الرحمن غازی

مکتبہ فضل الرحمن واولادہ

متصل ــــ فندق الحرم مدینہ منورہ

۱۳/ جمادی الاولیٰ ۹۹ھ

سیدی السلام علیکم

الحمدللہ ہم سب خیریت ہیں ۔ مجھے اور دیگر ہیں سب آپ حضرات کو یاد کرتے ہیں ۔ اخوی خلیل الرحمن حفظہ اللہ الحمدللہ بخیریت ہیں ۔ آج کل ان کے گلے کی چھیماں ہیں ۔ مکان ان کو بہت اچھا ملا ہے ۔ میں آج کل کراچی میں ہوں ۔ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[

یا اللہ جل جلالہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

دار العلوم معہ لائبریری شیرازیہ رضویہ (رجسٹرڈ)

امیر روڈ، بلال گنج، عقب حضرت داتا صاحب لاہور

۷۸۶/۹۲

بخدمت جناب واجب الاحترام محترم مکرمی و محبی مشفق و شفیق

حضرت علامہ مولانا فضل الرحمٰن خلف الرشید حجۃ الاسلام حضرت العلام

مولانا ضیاء الدین رحمۃ اللہ علیہ .

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

بعد از سلام مسنون! عرض ہے کہ جب آپ نے مجھے ائرپورٹ پر الوداع فرمایا اس وقت مجھے کچھ پریشانی ہوئی مگر دوسرے ہی دن مجھے سیٹ مل گئی جس کی وجہ سے مجھے میں بڑی آسانی کے ساتھ گھر پہنچ گیا۔ اور آپ نے اس حقیر پُر تقصیر پر جو احسانات فرمائے انکا شکریہ ادا کرنے کیلئے میرے پاس الفاظ نہیں۔ خصوصاً آپنے تحفہ جغرافیہ پر جو تاثرات لکھے ہیں اور جس محنت شاقہ سے آپ نے مجھے جدہ ائرپورٹ پر پہنچائے۔ یہ آپ کا اپنے ادنیٰ غلام پر وہ ایثار اور قربانی ہے جس کی مثال نہیں مل سکتی۔

میں نے پاکستان پہنچتے ہی آپکی خدمت عالیہ میں اپنی خیریت کا پتہ لکھا تھا۔ اور پورے حالات سے آپکو آگاہ کیا۔ مگر آج رات کو مولوی شمشیر زمان کا ٹیلیفون آیا جس سے پتہ چلا کہ آپکو میرا خط نہیں ملا۔ کیونکہ اس نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن صاحب فرماتے ہیں کہ مولانا محمد علی نے لاہور پہنچ کر اپنی خیریت کا پتہ نہیں دیا۔

آپ نے جو تاثرات لکھے ہیں کاتب نے اس کا ترجمہ کر دیا ہے اور آئندہ ہماری کتاب کی اشاعت میں وہ ساتھ چھپ جائیں گے۔ اور میں بے کردار ہونگا۔

آپ فرماتے ہیں کہ میں آپکو بھول گیا مگر یہ حقیقت ہے کہ میں آپکے احسانات کو کبھی بھی نہیں بھلا سکتا اور میں تو کیا میری اولاد بھی آپکے احسانات بھلا نہیں سکتی۔

اس دفعہ میں ارادہ کر رہا ہوں کہ سب سے بڑی بیٹی اور بچوں کی والدہ کو ساتھ لے جاؤں۔ آپ مخصوص دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ خزانہ غیب سے امداد فرمائے اور اسباب مہیا ہو جائیں اور وہ سب کچھ ہو سکے۔

Marfat.com

یا اللہ جل جلالہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سید الانام

دار العلوم معہ جامعہ رسولیہ شہزادیہ رضویہ (رجسٹرڈ)

امیر روڈ، بلال گنج، عقب حضرت داتا صاحب لاہور

اور اگر کوئی معتمد آدمی آپ کے خدام میں سے مجھے مل گیا تو میں اپنی نئی چھپنے والی مطبوعات اس کے ہاتھ ارسال کر دوں گا۔

مجھے پتہ چلا ہے کہ حکومت نے آپ کا ہرا دامساں شہید کر دیا ہے۔ کیا حکومت نے اس کا معاوضہ بھی دیا ہے یا نہیں؟ آپ چونکہ شوگر کے مریض ہیں اس کا بڑا فکر رہتا ہے اس لئے آپ حکومت جرمانہ سے فرمائیں اور لکھیں کہ اب صحت کیسی ہے۔ اور جو شوگر کی تکلیف ہوئی تھی اب اس سے محفوظ ہوں۔

میرے صحت کیلئے بھی دعا فرمائیں۔

اور سب دوستوں کو سلام عرض کریں۔

والسلام

محمد علی عفا اللہ عنہ

جامعہ رسولیہ شہزادیہ بلال گنج لاہور

نوٹ: پاکستان سے کوئی چیز منگوانا ہو تو ارسال فرمائیں۔ خاکسار حاضر ہے۔

Marfat.com

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

الاتلفان من لا محبۃ لہ

محمد مسعود احمد

۱۶-سی،
پی ای سی ایچ سوسائٹی، کراچی (پاکستان)
کوڈ نمبر ۷۵۴۰۰

۱۰ نومبر ۱۹۹۳ء

جناب فضائل مآب، جمیع مسرت کمال، حسنات و مسرت آثار، مکرم الفقراء

دامت برکاتہم الکریم

فرزندان و مسلمانان حضرت شیخ فضل الرحمن الدعوی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ صحیفہ حالی نظر نواز ہوا۔ عنایت کرم کا ممنون ہوں۔

آپ کی دعائیں فقیر کے لیے نعمت بے بہا ہیں، فقیر دعاؤں کا محتاج ہے۔

مولیٰ تعالیٰ آپ کو دارین میں ہر برکات کرامت و کامرانی سے نوازے۔ آمین!

فقیر نے آپ کی خدمت میں کچھ کتابیں ارسال کی تھیں۔ نہیں معلوم کہ
آپ کو ملی یا نہیں۔ مطلع فرمائیں کہ ممنون فرمائیں۔

فقیر عازم کعبہ ہے۔ آپ عرفہ میں جواب عنایت فرمائیں۔

آپ کی یاد فقیر کے لیے باعث مسرت و طمانیت ہے۔

دعا ہے کہ مولیٰ کریم اپنے کرم سے حاضری کی
فقیر حسن عاقبت کے لیے دعا فرمائیں۔ مولیٰ تعالیٰ آپ کو اپنے کرم سے حاضری کی
سعادت عطا فرمائے۔ آمین!

اہل خانہ سلام عرض کرتے ہیں۔ فقیر کی طرف سے نونہال ارکان
اور اہل محفل کو سلام کہیں۔

فقط والسلام

محمد مسعود عفی عنہ

فون نمبر ۴۵۵۲۴۶۸ فیکس نمبر ۲۵۶۱۵۷۴ - ۲۱ - ۹۲

Marfat.com







پرنسپل

گورنمنٹ ڈگری کالج سکھر



کوڈ نمبر ٦٥٢٠٠

سندھ

اسلامیہ جمہوریۃ پاکستان :

○

فون نمبر

سکھر ـــــ ٠٧١ـــ ٦٠١٠٩

حیدرآباد سندھ ـ ٠٢٢ـــ ٣٠١٩١

کراچی ـــــ ٠٢١ـــ ٤٩٢٠٣٠

ٹیلیکس ٢٥٤٤١ TABA ـ PK

فیکس ٩٢١ـ ٥٢٤٣ ـ PK

Marfat.com

Marfat.com

محمد مسعود احمد

فون نمبر ۴۵۵۲۴۶۸ فیکس نمبر ۲۵۶۱۵۷۴ - ۲۱ - ۹۲

Marfat.com

محمد مسعود احمد

۲ ۱۰ - سی ،
پی ای سی ایچ سوسائٹی ، کراچی (سندھ)
ٹیلی فون نمبر ۵۴۰۰۰۰

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

الایمان ھو المحبۃ التامۃ



Marfat.com

Marfat.com

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

الایمان من لا محبۃ لہ

محمد مسعود احمد

۱۰۲ - سی ،
پی ای سی ایچ سوسائٹی ، کراچی (سندھ)
کوڈ نمبر ۵۳۲۰۰ ،

۲۳ ذیقعدہ ۱۴۱۸ھ

تحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ۔ امید ہے کہ مزاج اقدس بفضلہ تعالیٰ
بعافیت ہوں گے ۔ فقیر سیدھا سادا ہے ۔ آپ کی دعائیں فقیر کے لیے سرمایہ
نجات ہیں ۔ مولیٰ تعالیٰ آپ کا سایہ تادیر ہمارے اوپر رکھے ۔ آمین ۔
فقیر نے دعاؤں میں یاد رکھنے کی گزارش کی تھی ۔ آپ کا
خط ابھی ابھی موصول ہوا ۔ فقیر بیحد شکر گزار ہوا ۔ یہاں آکر معلوم ہوا
کہ علالت کی اطلاعات سے غلط فہمی ہوئی ۔ حاضری کا
ارادہ تھا ، بعض اعذار کی بنا پر حاضری کا ارادہ نہ تھا ۔ جب مولیٰ تعالیٰ
کو منظور ہوگا فقیر کی حاضری ہو جائے گی ۔

فقیر کی گزارشات کے متعلق آپ جن خیالات عالیہ کا
اظہار فرمایا ہے فقیر کے لیے باعث افتخار ہیں ۔ فقیر سی لائن
نہیں ۔ گمنامی و بیکاری کے گزارنے کا امیدوار ہے ۔
سب اہل خانہ کو سلام کہیں ۔ حاضرین محفل سلام

فون نمبر ۴۵۵۲۴۶۸ فیکس نمبر ۲۵۶۱۵۷۴ - ۲۱ - ۹۲

قبول فرمائیں ۔ خیر اندیش سلام

حاجی مسعود محمد

Marfat.com

محمد مسعود احمد

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

الالطاف من الاحبۃ بالہ وانہ ھو المحسن والکفی وانہ ھو العواصم والحیاۃ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ حضرت قدوۃ علیہا الرحمۃ کے سانحۂ ارتحال کی خبر پڑھ کر

سخت صدمہ ہوا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ابتلائے حال حضرت موصوفہ کی علالت کی خبر سے

ہوا تھا اور اپنے عجز کی وجہ سے کچھ نہ لکھ سکا۔ اب ان کی وفات کی خبر سے

حواس معطل ہو گئے ہیں۔ کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا لکھوں۔ ان کی

ذات گرامی کے ساتھ بہت سی یادیں وابستہ ہیں۔ ان کی یاد سے

کہاں تک آنسو روکوں۔

حقیقت یہ ہے کہ ان کی وفات ہم سب کے لئے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔ سب کا سہارا

چھن گیا۔ ہم سب کے سر سے ماں کا سایہ اٹھ گیا۔ ہم سب یتیم ہو گئے۔

ہم سب کی ماں چلی گئی۔ ہم سب کی ماں چلی گئی۔

فون نمبر ۴۵۵۲۴۶۸ فیکس نمبر ۲۵۶۱۵۷۴ - ۲۱ - ۹۲

Marfat.com

مکتبہ قادریہ

جامعہ نظامیہ رضویہ لوہاری منڈی لاہور

حوالہ نمبر ..... ۷۸۶/۹۲ تاریخ 19-8-95

محترم و مکرم حضرت فضیلۃ الشیخ سید فضل الرحمٰن المدنی حفظہ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب مدظلہ نے عمرہ سے واپسی پر رسالہ مبارک سید الشہداء ترجمہ کے لئے راقم کو دیا بحمدہٖ تعالیٰ ترجمہ ان کی خدمت میں پیش کر دیا اس کا انعام یہ مقدر کہ آپ کی طرف سے مولانا خالد حسن مجددی صاحب نے اس رسالہ مبارکہ کی اصل کاپی اور آپ کے فرزند ارجمند ڈاکٹر رضوان صاحب کا معراج شریف کے موضوع پر وقیع اور قابل قدر رسالہ موصول ہوا جس کے لئے راقم سراپا تشکر ہے۔ رسالے کے آخر میں دعا بڑی رقت انگیز ہے فقیر کی طرف سے ان کی خدمت میں ہدیۂ تبریک اور درنیاز مندانہ سلام مسنون پیش فرمادیں۔

فقیر کو دعیہ صالحہ میں یاد رکھیں مولائے کریم جل مجدہ اپنی محبت میں فنا فرمادے اور اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سچا غلام اور پیرو بنادے مع اہل وعیال حاضری نصیب فرمائے اور خاتمہ بالخیر فرمائے آمین

والسلام

نیازکیش: محمد عبدالحکیم شرف قادری

Marfat.com

فون : ۴۱۴۳۵۴

محمد عبدالمصطفیٰ الازہری (فاضل جامعہ ازہر مصر)

شیخ الحدیث دارالعلوم امجدیہ عالمگیر روڈ۔ کراچی نمبر ۵ پاکستان

رہائش :۔ قادری منزل، ایس ون ۹۸۔۹۹
سعود آباد۔ کراچی

مورخہ _____

سعادت مند مکرم ولدنا فضل الرحمن صاحب
زادہ اللہ تعالیٰ برکاتہ وعیشا
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

آج ہی آپ کا گرامی نامہ تشریف لایا اور حضرت سید کی اور آپ کی تکلیف سے دکھی دل کو بہت صدمہ ہوا۔ آپ حضرات کی دائمی توجہ بہت درکار ہے حضرت قبلہ حضرت کی خدمت میں باادب سلام مسنون عرض کریں۔ اور حضرت قبلہ مرزا صاحب کی خدمت میں بھی آپ کے گرامی نامہ کے ساتھ سلام مسنون کے ساتھ والسلام

خیر اندیش
حاجی محمد مشتاق عزیزی الازہری
۲۷ جمادی الثانی

Marfat.com

"الفاروق"
جہانگیر روڈ کراچی ۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم
P92
حق حق حق

۱۱ دسمبر ۱۹۸۰ء

محب قلبی و روحی عالم ربانی فاضل حقانی مولینا شاہ فضل الرحمن صاحب الفاروقی سلامت باکرامت باشد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ الحمد للہ شانہ آپکو موجب متعلقین محبین مخلصین متوسلین اپنے خاص کرم کے سایہ میں رکھے۔ عزت دو جہاں بخشے۔ امید ہے کہ فقیر کا خط مورخہ ۳۰ نومبر ۱۹۸۰ء کا تحریر کردہ مل گیا ہوگا۔ بندے نے تو اخبارات میں خبر سنتے ہی دعاؤں کا خصوصی سلسلہ شروع کر دیا تھا اور تمام حلقوں میں برابر اعلیحضرت کیلئے دعائے صحت کا لہ عا۔ الدعا کی گئی اور اس ہفتے کے اندر یہاں پر ایک بہت بڑی محفل جسمیں ہزاروں کا اجتماع تھا شہادت سرور عالم علیہ السلام سید الشہداء امام حسین رضی اللہ عنہ کی منعقد ہوئی چار دسمبر کو اور علامہ مولینا مولوی محمد شفیع صاحب اوکاڑوی [illegible] کے بعد ذکر شہادت بیان کیا آپکی بھی اعلیحضرت کیلئے دعاء بڑے خشوع و خضوع سے ہوئی۔ یہاں پہونچ کر اعلیحضرت کے مرض کی تفصیل معلوم ہوئی۔ الحمد للہ کہ اب حضرت والا بحمد اللہ صحت کی طرف آرہے ہیں جیسا کہ اخبارات میں خبر آئی ہے۔ اگرچہ تیمار خود بھی بیمار ہے کمزوری باقی ہے۔ اور ذیابیطس کی وجہ سے آنکھ کی بینائی قوت آہستہ آہستہ آرہی ہے لیکن فکر زیادہ تر اعلیحضرت کی علالت کی ہے اور صحت کی دعا جاری ہے امید واثق ہے کہ بمدد قہ سید المرسلین رحمت للعالمین بہت جلد اعلیحضرت کو سلف صالحین کی طرح صحت کاملہ عطا فرمائیں جو کہ ان کے جد امجد محمد احمد رضا خاں صاحب مرحوم اور والد ماجد مولینا نقی علی خاں صاحب مرحوم کو عطا فرمائی تھی۔ یہاں سے ان کیلئے کسی چیز کی ضرورت ہو تو بلا تاخیر لکھیں فقیر انکی ہر خدمت کو سعادت عظمیٰ سمجھتا ہے۔ آپ حضرات بھی عاجز کو اپنے کامل صحت کی دعا کے [illegible] فقیر دعا گو بھی ہے دعا کیجئے گا۔ اہل محفل کو سلام دعا۔ اہل خانہ کو حسب مراتب سلام، دعا۔ بچوں کو پیار۔ جو حضرات قبلہ محترم کی عیادت کی آئیں انکو بھی میرا سلام پہنچائیں اہل خانہ اور رحمانی جماعت بہت بہت سلام کہتے ہیں محمد مخلص رحمانی کو دعا کہنا۔

دعا گو محمد فاروق رحمانی عفی عنہ

بقلم عاجز نذر محمد رحمانی عفی عنہ

Marfat.com

الشیخ فضل الرحیم القادری المدینہ

مولانا ابوالبرکات وجمیع علماء السنیہ یرحوا منکم ان تترأسوا
مؤتمر العلماء ۱۲ لایلپور ۱۲ تاریخ ۱۲/۱۴ یونیہ و اخبروا نورالی بوصولکم کراچی

المرسل شاہ احمد نورانی حزب الاحناف
لاہور

المملکۃ العربیۃ السعودیۃ
[illegible]

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

کچھ بچا کر نہ رکھتے

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کبھی صبح کا کھانا عشاء کے لیے اور عشاہ کا کھانا صبح کے لیے بچا کے نہ رکھا۔

ترمذی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نبی اکرم ﷺ کل کے لیے کچھ ذخیرہ نہ فرماتے تھے۔

رسول اللہ ﷺ جب رات کو کھانا کھا لیتے تو صبح کو نہ کھاتے اور جب صبح کا کھانا تناول فرما لیتے تو رات کو نہ کھاتے۔

(وسائل الوصول الی شمائل الرسول ﷺ۔ علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی)

Marfat.com

حضرت سیدی مفتی فضل الرحمٰن قادری مدنی زید مجدہ کے محترم چچا جناب حضرت الحاج مقبول احمد رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی وفات حسرت آیات پر حضرت پیر سید حیدر حسین شاہ علی پوری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا تعزیتی پیغام۔

یا نبی سلام علیک یا حبیب سلام علیک یا رسول سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

حضرت المعظم ذوالمجد والفضل اخی المحترم والمکرّم ادام اللہ فیوضکم

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

آپ کے کرامت نامہ سے آپ کے مکرمی ومحترمی ومخدومی چچا الحاج مقبول احمد صاحب (محلّہ اراضی یعقوب۔سیالکوٹ) کی وفات حسرت آیات کا پڑھ کر جو، جو میرے دل کو صدمہ عظیمہ پہنچا ہے وہ احاطۂ تحریر وتقریر سے خارج ہے، گو ہم اس صدمہ عظیمہ کی برداشت کے لائق تو نہیں ہیں مگر رضائے ربی کے سامنے تو اظہار بے بسی ہے مولا کریم کے حضور میں دعا ہے کہ مرحوم کو تو بے حساب جنت الفردوس میں جگہ عطاء فرماوے اور آپ تمام کے تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرماوے آمین ثم آمین بجاہ سیدنا طہ ویسن ﷺ میں ان کی روح پرفتوح کو ایصال ثواب کے لئے ایک بڑی مجلس قائم کررہا ہوں۔انشاء اللہ تعالیٰ۔

فی الحال واللہ تاللہ باللہ اپنی اس بیماری کی وجہ سے چلنے پھرنے سے معذور ومجبور اور لاچار ہوں، سخت بیمار ہوں بستر پر پڑے پڑے یہ چند حروف پیش کرنے کی سعادت حاصل کررہا ہوں مطلع رہوگے۔اگر میں سردیوں تک زندہ رہا تو ضرور ہی ضرور حاضر ہوں گا۔انشاء اللہ العزیز، کیونکہ میں آپ کی خدمت اقدس میں حاضری کے لیے اور حضرت سیدی قبلہ قطب مدینہ کی خاطر تو ماہی بے آب کی طرح تڑپ رہا ہوں گو میں نظروں سے ہزاروں میل دور ہوں مگر دل وجان سے آپ کے بہت ہی زیادہ قریب ہوں۔

Marfat.com

آپ میری طرف سے اپنے تمام کے تمام خاندان عالیہ کے ہر ہر فرد سے میری طرف سے اظہار افسوس فرمائیں۔

شریک غم

سید حیدر حسین شاہ علی پوری

علی پور سیداں ضلع سیالکوٹ

پاکستان

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

انگوٹھی اور اس کا نگینہ

آنحضرت ﷺ کی انگوٹھی چاندی کی تھی اور اس کا نگینہ حبشی تھا۔ حبشی حبشہ کی طرف نسبت کی وجہ سے ہے۔ یہ نگینہ سنگ سلیمانی کا تھا جو کہ ایک قیمتی پتھر ہوتا ہے اور اس میں سفیدی و سیاہی ہوتی ہے یا یہ عقیق تھا ان دونوں کی کانیں حبشہ میں ہیں۔ نبی ﷺ کا ایسی انگوٹھی پہننا جو ساری عقیق کی ہو ثابت نہیں ہے۔

(وسائل الوصول الی شمائل الرسول ﷺ۔ علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی۔)

Marfat.com

فرزند ارجمند حضرت حبیب الرحمٰن قادری کے سانحۂ ارتحال پر حضرت علامہ محمد سبحان رضا خان قادری زیب سجادہ خانقاہ عالیہ قادریہ رضویہ کا تعزتی پیغام۔

وصال پر ملال

یہ روح فرسا خبر تمام مسلمانان عالم کے لئے غم ناک ثابت ہوئی کہ صوفی حبیب الرحمٰن صاحب کا 17 رذی قعدہ بروز پیر ۱۴۱۳ھ مطابق ۱۰ رمئی ۱۹۹۳ء کو اچانک وصال ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

آپ کا تعلق خاندان اعلیٰ حضرت مجدد دین وملت سے بہت گہرا تھا آپ کے جد امجد حضرت قطب مدینہ علامہ ضیاء الدین مدنی علیہ الرحمہ اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کے خلیفۂ برحق تھے۔ اور جانشین قطب مدینہ حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب، مرحوم ومغفور کے والد محترم ہیں۔ اللہ تعالیٰ کسی بھی باپ کو ضعیفی کے ایام میں اولاد کے غم سے دوچار نہ کرے آمین۔ حضرت صوفی حبیب الرحمٰن صاحب ایک مجذوب صفت انسان تھے۔ آپ سے متعدد کرامات کا صدور ہوا۔ مدینہ منورہ دیار حبیب علیہ التحیۃ والثناء (صلی اللہ علیہ وسلم) میں آپ اپنے والد بزرگوار کے ساتھ رہتے تھے۔ آپ کے خاندان کو خاندان اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی رضی اللہ عنہ سے دلی عقیدت ومحبت ہے آپ کے دولت کدہ پر اکثر وبیشتر محفل میلاد میں اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کا کلام پڑھا جاتا ہے۔ حضرت صوفی صاحب مرحوم نیک دل رکھنے کے ساتھ نہایت عابد ومتقی تھے۔

ادراہ اعلیٰ حضرت وتمام اراکین حضرت مولانا علامہ فضل الرحمٰن صاحب کے ساتھ اس غم میں برابر کے شریک ہیں اور مرحوم کے لئے دعاء کرتے ہیں کہ مولی تعالیٰ جنت الفردوس میں اعلیٰ سے اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔

امین بجاہ سید المرسلین۔ اللھم برد مضجعه و نور قبره.

شریک غم فقیر قادری محمد سبحان رضا خان سبحانی غفرلہ

Marfat.com



Marfat.com

شیخ محمد عارف قادری ضیائی، مدینہ منورہ سے، مخدومی حضرت شیخ فضل الرحمٰن قادری مدظلہ کی اہلیہ کے وصال پر اظہارِ غم:

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

الالٰہی ان لا محبۃ لہ

محمد مسعود احمد

۲۰۱-سی،
پی ای سی ایچ سوسائٹی، کراچی (سندھ)
کوڈ نمبر ۵۳۰۰،
۵ جون ۱۹۹۲ء

علم مصطفےٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام!

اشکِ غم کا در اقدس پہ دعا ہو جانا
میں نے لکھا ہے خموشی کا ادا ہو جانا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

اخبار جنگ میں مخدومی حضرت شیخ فضل الرحمٰن قادری مدظلہ العالی کی اہلیہ محترمہ کے وصال کی خبر پڑھ کر شدید صدمہ ہوا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! ——— ہر آنے والے کو جانے والے کو جانا ہے۔ سب غریب الوطن ہیں، وطن وہی ہے جہاں جانا ہے ——— پس ماندگان کو صبر کی تلقین ہو تو کیونکر ہو کہ ان کے لئے تو صبر ہی سب سے بڑا امتحان ہے۔ جب یہ رفیقِ سفر ہو تو بچوں کو پالنے والے، منزل تک پہنچانے والے ——— ہمارے آقا حضور کے درجات بلند فرمائے اور سب متعلقین کو صبرِ جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین! حضرت مخدومنا العالی کی خدمت میں تعزیت نامہ پیش کر دیجئے۔

آپ کی خدمت میں کئی خطوط ارسال فرمائے مگر جواب نہ آیا، جس کے متعلق تشویش ہر لمحہ رہی۔ ایک دن نے بتایا کہ آپ لکڑی کے سہارے چل رہے تھے۔ یہ سن کر فکر میں اضافہ ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و عافیت کے ساتھ سلامت رکھے۔ بچے بھی

فون نمبر ۴۵۵۲۴۶۸ فیکس نمبر ۲۵۶۱۵۷۴ - ۲۱ - ۹۲

Marfat.com

Marfat.com

محترم المقام لائق صد احترام

جناب الحاج محمد عارف صاحب قادری اعوی ضیائی جبلی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ طرفین مرطوب القلوب

المرام آنکہ آپ جناب نے طویل عرصہ سے شرف ملاقات

نہ بخشا شاید ہم سے کوئی گستاخی ہوگئی ہوگی۔ امید کرتا ہوں

کہ آپ کرم فرمائیں گے۔ حافظ خیر محمد صاحب مدظلہ العالی کی

خدمت میں جب بھی حاضر ہوتا ہوں آپ کے خط اور حالات سے

متعلق سوال ہوتا ہے اور یہی حال مولانا فضل الرحمان صاحب دامت برکاتہ

کا ہے تو جواب نہ ہونے کی وجہ سے بندہ حاضری میں تاخیر کرتا ہے

لیکن وہ تو شاید بھولتے ہی نہیں۔ امید کرتا ہوں کہ جناب

بندہ کے لیے نہیں تو ان بزرگ ہستیوں کے لیے کچھ لکھ دیا کریں

جناب میاں فیاض صاحب سے ٹیلیفون پر بات کرتے وقت حالات

کے حالات کی بہتری کا سن کر بہت خوشی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ اپنے

محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے سے مزید سے مزید تر بہتری فرمائے

آمین ثم آمین

تابعدار

محمد نعمان طاہر

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

مرکزی مجلس رضا

لاہور



قبر العمات (صفيه وعاتكه) عمتا رسول الله ﷺ



Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھوالقادر

اراکین مجلس رضا

اراکین مجلس رضا پر حضرت ضیاء الملت والدین مدنی مدظلہ العالیٰ کی خاص الخاص نگاہ کرم ہے۔ گویا اس مجلس کی حقیقی روح حضرت موصوف کا فیضان نظر ہے۔

حکیم محمد موسیٰ امرتسری

حضرت سیدی قطب مدینہ رضی اللہ عنہ مرکزی مجلس رضا کی مالی اعانت بھی کیا کرتے تھے۔

فقیر قادری عفی عنہ

بیاد : امام اہل سنت اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان قادری بریلوی قدس سرہٗ

مرکزی مجلس رضا

نوری مسجد بالمقابل ریلوے اسٹیشن ۔ لاہور

Marfat.com

الھام

مالک ومسعول : مسعود حسن شہاب دھلوی
مشیر ادارہ : ابوالصالح محمد فیض احمد اویسی

حکیم محمد موسیٰ امرتسری سے ایک انٹرویو

از :۔ محمد رضا المصطفیٰ چشتی نظامی کوٹلی لوہاری مغربی

قسط: اول

جلد: ۳۴ شمارہ: ۱۵

۲۱/ اپریل ۱۹۷۵ء مطابق ۸/ ربیع الثانی ۱۳۹۵ھ

قسط: دوم

جلد: ۳۵ شمارہ: ۱۶

۲۹/ اپریل ۱۹۷۵ء مطابق ۱۸/ ربیع الثانی ۱۳۹۵ھ

قسط: سوم

جلد: ۳۶ شمارہ: ۱۷

۵/ مئی ۱۹۷۵ء مطابق ۲۲/ ربیع الثانی ۱۳۹۵ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھوالقادر

شہزادۂ اعلیٰحضرت حضور مفتی اعظم رضی اللہ عنہ

فقیر حقیر محمد عارف قادری عفی عنہ ۱۹۷۰ء/ ۱۳۹۰ھ میں شہزادہ اعلیٰحضرت مفتی اعظم حضرت سیدی مصطفیٰ رضا خان قادری نوری قبلہ اور سیدی فضیلۃ الشیخ فضل الرحمٰن قادری مدنی جانشین قطب مدینہ منورہ رحمۃ اللہ علیہما کی معیت میں فریضۂ حج ادا کرنے کی سعادت سے بہرہ ور ہونے کے بعد مدینہ طیبہ زادھا اللہ شرفا وتعظیما کی حاضری سے مشرف ہوا۔ حضرت سیدی مفتی اعظم بھی چند دن بعد مدینہ منورہ حاضر ہوگئے۔ حضرت قطب مدینہ رضی اللہ عنہ نے اپنے مکان کے سامنے ہی حضرت کی رہائش کا بندوبست فرمایا تھا۔

حضرت سیدی مفتی اعظم رضی اللہ عنہ کی زیارت کیلئے آنے والے مہمانان رسول مقبول (ﷺ) اور علماء عرب وعجم کا تانتا بندھا رہتا تھا۔ یہاں تک کہ آپ وقت مقررہ پر کھانا بھی تناول نہ فرما سکتے تھے۔

ہمارے قافلے کی روانگی کے لئے ۳/ مُحَرَّمْ کے دن بعد نماز عشاء کا وقت مقرر ہوا۔ پروگرام کے تحت ۱۰/ مُحَرَّمْ کربلا معلیٰ کی حاضری تھی۔ احقر نے ۲/ مُحَرَّمْ کو حضرت سیدی مفتی اعظم رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں مرکزی مجلس رضا کا تفصیلاً تعارف کراتے ہوئے تحریری پیغام کی درخواست پیش کی۔ ۳/ مُحَرَّمْ کی رات کو حضرت مفتی اعظم پیغام ارشاد فرماتے گئے اور

Marfat.com

حضرت علامہ مفتی محمد حسین قادری رحمتہ اللہ علیہ (سکھر) تحریر فرماتے گئے۔آخر میں حضرت نے خود ملاحظہ فرمایا اور تصحیح فرماتے ہوئے دستخط فرما کر احقر کو عنایت فرمایا۔

۳ر مُحَرَّمْ بعد نماز عصر حضرت سیدی ومرشدی قطب مدینہ رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں عرض کیا۔ چونکہ ایام حج تھے اور ان دنوں میں مدینہ شریف میں مہمانانِ رسول مقبول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی کثرت ہوتی ہے۔ دنیا بھر سے آئے ہوئے حجاج حضرت سیدی ضیاء الملت والدین رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں فیوض و برکات حاصل کرنے کیلئے حاضر رہتے تھے۔حضرت سیدی کے لئے ان ایام میں چند سطریں احاطہ تحریر میں لانا ممکن نہ تھا۔

احقر نے حضرت مرشدی رضی اللہ عنہ کو سیدی مفتی اعظم کا پیغام سناتے ہوئے عرض کیا کہ قبلہ آپ بھی کرم فرماتے ہوئے چند سطریں قلمبند فرما دیں تو ہمارے لئے باعث برکت ہوگا۔ آپ خاموش رہے۔ دوبارہ عرض کرنے پر فرمایا حالات آپ کے سامنے ہیں، فرصت تو بالکل نہیں ہے۔اگر کوئی ذمہ داری اٹھائے اور فرصت کے ایام میں آجائے تو فقیر ضرور تحریر کر دے گا۔احقر نے عرض کیا سیدی ہماری تو آج عشاء کے بعد روانگی ہے۔آپ یہ کام حضرت مولانا فضل الرحمٰن کے ذمہ لگائیں۔فرمایا، بیٹا فضل الرحمٰن تو میرے ہاتھ پاؤں ہے۔مگر اس کا معاملہ تو یہ ہے جو اس کو بازو سے پکڑ لے وہ اسی کے ساتھ چل دیتا ہے اس کا کام تو ہو جاتا ہے۔اس کو بھی تو کوئی پکڑ کر لے آئے تو کام ہوگا عرض کیا سرکار آپ نے حضرت مفتی اعظم کا پیغام تو سن لیا ہے۔اور سنتے ہوئے ماشاء اللہ سبحان اللہ اور اعلیٰ حضرت کا کیا مقام ہے، فرماتے رہے۔ممکن ہو تو اسی پر دستخط فرما دیں تو آپ نے فرمایا ''قلم دو'' احقر نے قلم پیش کیا تو دستخط فرما دیئے۔نماز مغرب کے بعد حضرت سیدی فضل الرحمٰن قادری مدنی کی بارگاہ میں آپ کے مکتبہ پر حاضر ہوا اور مدعا عرض کیا آپ نے بھی کرم فرماتے ہوئے دستخط فرما دیئے۔الحمدللہ

(صفحہ ۶۸۲ پر سیدی مفتی اعظم رضی اللہ عنہ کے پیغام کا عکس ملاحظہ فرمائیں)

Marfat.com

مولانا محمود احمد رفاقتی تحریر فرماتے ہیں:

حضرت سیدی الکریم مفتی اعظم کی زیارت و دید کے لئے پاکستان کے حضرات کا بڑا مجمع تھا۔اس محفل میں مرکزی مجلس رضا کے صدر میاں محمد عارف ضیائی بھی تھے۔ ۲۵، ۳۰ برس کے نوجوان تھے، وہ مرکزی مجلس رضا کی رپورٹ کے لئے حضرت والا کا پیغام چاہتے تھے۔۔۔ گزارش منظور ہوئی۔۔۔۔۔۔حضرت والا مفتی اعظم قدس سرہ کا وہ پیغام و دعانامہ مرکزی مجلس رضا لاہور نے چھاپ کر شائع کر دیا۔ ۱۳۱

Marfat.com

۱۷ھ
۹۲

الحمد للہ رب العلمین والصلاۃ والسلام علی سید المرسلین وعلی الہ
وصحبہ اجمعین اما بعد - اعلیحضرت عظیم البرکت امام اہل سنت مجدد دین وملت
وحید عصر فرید دہر امام ہمام علامہ شاہ عبد المصطفیٰ محمد احمد رضا خاں قادری برکاتی بریلوی
قدس سرہ العزیز - اس صدی کے مجدد برحق حقیقی معنوں میں اسلام کے ستون اور رکھوالے تھے
سیدنا اعلیحضرت عظیم البرکت رضی المولیٰ تعالیٰ عنہ اپنے اوصاف دینی - خدمات علمی اور
عظیم الشان تجدیدی کارناموں کے سبب اپنے عصر کے منفرد لبطل جلیل تھے - اسلام کی
بقا وتحفظ میں اعلیحضرت نے جس عزم وحوصلہ سے کام لیا ہے اس کا تقاضا تھا کہ آپکی خدمات
کو اجاگر کرنے کیلئے مجالس اور یادگاریں قائم کی جائیں یہ بات معلوم ہر کر بڑی ہی مسرت
بلکہ خوشی حاصل ہوئی کہ اہل لاہور نے مرکزی مجلس رضا کے نام سے یادگار مجلس قائم کرکے
امام اہل سنت قدس سرہ کی حیات طیبہ پر مضامین کے علاوہ اعلیحضرت کی تصنیفات کو
مفت شائع کرنے کا اہتمام کیا ہے - مولیٰ عزوجل اپنے حبیب پاک صاحب لولاک
علیہ الصلاۃ والسلام کے وسیلہ جلیلہ سے مجلس کے اراکین خصوصاً صالح جوان الحاج محمد عارف
رضوی ایم ایل اے سلمہ المولیٰ تعالیٰ کی ہمتوں میں برکت عطا فرمائے اور علم نافع - عمل صالح اور
اسلام کی بیش از بیش خدمت کی توفیق مرحمت فرمائے - آمین یارب العالمین بجاہ نبیک
وحبیبک سید المرسلین صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین

نقیر محمد عفی عنہ
خادم محکمہ اوقاف سابق
زائر مدینہ منورہ
آمین

فضل العزیز ۹۸ غفر لہ الباری
عفی عنہ عمری
بالمدینۃ المنورہ ۱۳۹۳ محرم الحرام

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

حضرت مجاہد اعظم علامہ **محمد حبیب الرحمٰن** قادری عباسی رضی اللہ عنہ رئیس اعظم اڑیسہ

۱۳۹۳ھ میں مدینہ منورہ کی حاضری کی نعمت نصیب ہوئی۔
حضرت مجاہد اعظم علامہ محمد حبیب الرحمٰن عباسی قادری رضی اللہ عنہ رئیس اعظم اڑیسہ کی صحبت بابرکات سے مستفید ہوا۔ اس دوران سیدی مجاہد ملت رضی اللہ عنہ سے مرکزی مجلس رضا کے لئے پیغام تحریر کرنے کے لئے گذارش کی گئی کریمانہ کرم فرماتے ہوئے پیغام تحریر فرمایا۔ جب احقر نے طلب کیا تو وہ کہیں کتب میں گھو گیا۔ حضرت نے دوبارہ تحریر فرمایا اور بہت دعاؤں سے نوازتے ہوئے احقر کو عنایت فرمایا۔ ابھی میں حضرت قبلہ رحمتہ اللہ علیہ کی بارگاہ میں ہی حاضر تھا کہ وہ پہلے والا پیغام بھی مل گیا۔ وہ بھی عنایت فرمادیا۔

(آئندہ صفحات پر پیغام کا عکس ملاحظہ فرمائیں)

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

معلم
سيد احمد شيخ
مكة المكرمة بوسطه بكس نمـ ٨١
باب العمرة – الشبيكة ☎ نمـ ٢٨٢٩٧

MOALLIM
Syed Ahmed Shaki
BABUL UMRAH SHUBEKAH
Mecca Phon No - 28297
POST BOX 81

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

معلم
سيد احمد شيخ
مكة المكرمة بوسطه بكس نمـ ٨١
باب العمرة – الشبيكة ☎ نمـ ٢٨٢٩٧

MOALLIM
Syed Ahmed Shaki
BABUL UMRAH SHUBEKAH
Mecca Phon No - 28297
POST BOX 81

بسم الله الرحمن الرحيم

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

حضرت اشرف المشائع حضرت علامہ **غلام قادر** اشرفی رحمتہ اللہ علیہ

حضرت اشرف المشائخ علامہ غلام قادر اشرفی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سنہ ۱۳۹۴ھ کو مرکزی مجلس رضا کے منعقد کردہ ''یوم رضا'' کے جلسہ میں تشریف لے گئے۔ واپسی پر فقیر راقم الحروف کو نامہ مبارک تحریر فرمایا۔

خط کا عکس اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

بازار سے سامان

آنحضرت ﷺ اونٹ کو خود باندھ لیتے اور جانوروں کے آگے چارہ خود ڈال لیتے۔ خادم کے ساتھ کھانا کھا لیتے، آٹا گوندھنے میں اس کی مدد فرما دیتے اور اپنا سامان خود بازار سے اٹھالاتے۔

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بازار گیا آپ ﷺ نے پاجامہ خریدا اور اسے اٹھا لیا میں آگے بڑھا تا کہ اسے اٹھالوں فرمایا جس کی چیز ہو وہ اسے اٹھانے کا زیادہ حق دار ہے۔

(وسائل الوصول الی شمائل الرسول ﷺ۔ علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی)

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

حضرت علامہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مجددی مدظلہ کا ارشاد گرامی:



Marfat.com

ہفت روزہ الہام بہاولپور
۲۱/اپریل ۱۹۷۵ء

مرکزی مجلس رضا لاہور

مخدومی حکیم محمد موسیٰ امرتسری سے ایک انٹرویو

محمد رضاء المصطفی چشتی نظامی کوٹلی لوہاراں ۔ مغربی

مرکزی مجلس رضا لاہور کے زیر اہتمام سالانہ جلسہ ''یوم رضا'' منعقد ۲/ مارچ ۱۹۷۵ء بمطابق ۱۸/صفر ۱۳۹۵ھ بمقام جامعہ مسجد نوری بالمقابل ریلوے اسٹیشن لاہور میں شرکت کا موقع ملا۔اس اجلاس کی عظیم کامیابی سے متاثر ہوکر اور مطبوعات مرکزی مجلس رضا کے مطالعہ کے بعد یہ خیال پیدا ہوا کہ اس ادارے کی تاریخ اور آئندہ کے عزائم معلوم کئے جائیں۔ چنانچہ اراکین مجلس کے مشیر علمی حضرت مخدومی الحاج حکیم محمد موسیٰ امرتسری مدظلہ العالیٰ کے پاس چند سوالات لے کر حاضر ہوا انہوں نے ازارہ کرم میرے سوالات کے جو جوابات دیئے وہ اس قابل ہیں کہ عوام اہلسنّت بالخصوص عشاق ''امام احمد رضا'' کو بھی ان سے مطلع کیا جائے۔

س: مجلس رضا کب اور کس نے قائم کی؟

ج: میرے مشورے سے الحاج محمد عارف رضوی ضیائی صاحب نے چند مخلص احباب کے تعاون سے ۱۹۶۸ء میں اپنے مکان واقع روشن اسٹریٹ نیا منزنگ لاہور میں قائم کی اور وہی مجلس کے پہلے صدر مقرر ہوئے اور اس سلسلے میں انہوں نے انتھک محنت سے کام کیا مگر وہ ذاتی مصروفیات کے باعث ۱۹۷۱ء میں مجلس کی صدارت سے علیحدہ ہوگئے لیکن ان کی تمام تر دلی ہمدردیاں آج مجلس کے ساتھ ہیں اور مرکزی مجلس رضا کے صحیح بانی وہی ہیں۔

س۔ مجلس رضا کے قیام کے مقاصد پر روشنی ڈالئے۔

ج۔ امام اہلسنّت اعلحضرت شاہ احمد رضا قادری بریلوی قدس سرہ اس پایہ کے عالم دین

Marfat.com

ہیں کہ گذشتہ دوسوسال میں ان کے مرتبہ اور مقام کا فقیہ اور متنوع علوم وفنون پر حاوی کوئی اور شخصیت نظر نہیں آتی اور جو شخص بھی ان کی کتابوں کا بنظر عمیق مطالعہ کرے گا اسے میری اس رائے سے لازماً متفق ہونا پڑے گا۔ مگر افسوس کا مقام یہ ہے کہ اس رجل عظیم کے بارے میں اپنوں نے تو کچھ بھی کام نہ کیا اور جو کیا وہ جدید تقاضوں کو پورا نہیں کرتا تھا مگر دوسری طرف مخالفین اہلسنّت نے اس عظیم وجلیل شخصیت کے بارے میں کذب بیانی اور دروغ گوئی سے کام لیتے ہوئے عوام وخواص کے اذہان میں اعلحضرت کے خلاف غلط تاثرات پیدا کر دیئے تھے اندریں حالات مرکزی مجلس رضا کے قیام کی شدید ضرورت محسوس کی گئی اور اس نے سیاست سے علیحدہ رہ کر اعلحضرت عظیم المرتبت کے صحیح علمی منصب اور علوِ مرتبت نیز ان کی ناقابل فراموش دینی وملی خدمات سے عامتہ الناس کو روشناس کروانے کا بیڑا اٹھایا۔

س۔ الحاج محمد عارف قادری ضیائی کی علیحدگی کے بعد پھر یہ کام کس کے سپرد ہوا؟

ج۔ جناب ضیائی صاحب کے بعد ڈاکٹر اختر حسین صاحب صدر جناب میاں محمد شفیع رضوی نائب صدر جناب ظہور الدین خاں صاحب سیکرٹری اور جناب محمد مقبول احمد قادری ضیائی خازن مقرر ہوئے، اور موخر الذکر دونوں حضرات کی خدمات بہت زیادہ ہیں اور حق یہ ہے کہ ان ہی کی وجہ سے ''مجلس رضا'' روز افزوں شاہراہ ترقی پر گامزن ہے حضرت الحاج صاحبزادہ سید محمد حسن شاہ صاحب گیلانی نوری ضیائی مدظلہ العالیٰ اس مجلس کے سرپرست ہیں۔

س۔ مرکزی مجلس رضا کا دفتر نوری مسجد سے ملحقہ عمارت میں کب منتقل ہوا؟

ج۔ الحاج محمد عارف رضوی ضیائی کے استعفاء کے بعد۔

س۔ مرکزی مجلس رضا نے آج تک کون کون سی کتابیں شائع کی ہیں؟

ج۔ جو کتب ورسائل مجلس رضا کی طرف سے طبع ہو کر اطراف واکناف عالم میں مقبول خاص وعام ہو چکے ہیں ان کے نام یہ ہیں۔

Marfat.com

(۱) تجلی المشکوٰۃ از اعلحضرت قدس سرہ (۵ ہزار)

(۲) اعلحضرت بریلوی کا فقہی مقام مولانا اختر شاہجہانپوری (۱ ہزار)

(۳) فاضل بریلوی اور ترک موالات از ڈاکٹر پروفیسر محمد مسعود احمد، ایم اے، پی ایچ ڈی

(۴) پیغامات یوم رضا از محمد مقبول احمد قادری رضوی ضیائی

(۵) مولانا احمد رضا خان کی نعتیہ شاعری از ملک شیر محمد خاں اعوان

(۶) سوانح سراج الفقہا از مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری

(۷) فاضل بریلوی علمائے حجاز کی نظر میں از ڈاکٹر پروفیسر محمد مسعود احمد ایم اے پی ایچ ڈی

(۸) فاضل بریلوی کا فقہی مقام از مولانا غلام رسول سعیدی

(۹) المجمل المعدد لتالیفات المجدد از علامہ ظفر الدین بہاری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ

(۱۰) محاسن کنیز الایمان از ملک شیر محمد خان اعوان

(۱۱) اعلحضرت کی شاعری پر ایک نظر از سید نور محمد قادری

اور یہ کتابیں پاک و ہند کے علاوہ دنیا کے اکثر ممالک کے اہل علم و فضل و کمال کے پاس پہنچ چکی ہیں۔ جن ممالک میں مجلس کی مطبوعات جا چکی ہیں ان کے نام یہ ہیں۔ حجاز مقدس، مصر، کویت، شارقہ، ترکی، تھائی لینڈ، امریکہ، برطانیہ، کینڈا، ایران، افغانستان، مسقط، ماریشیس وغیرہ آپ نے جلسہ یوم رضا پر حضرت مولانا شاہ محمد عارف اللہ قادری صاحب سے سنا ہوگا کہ انہوں نے برطانیہ کے حالیہ دورہ کے دوران مجلسِ رضا کی تصانیف وہاں کے اکثر اہل علم کے ہاتھوں میں دیکھیں ان تصانیف میں سے بعض متعدد مرتبہ طبع ہوئی ہیں۔

س۔ جلسہ ''یوم رضا'' کے انعقاد کے بارے میں بھی کچھ ارشاد کیجئے؟

ج۔ مرکزی مجلس رضا نہ صرف خود یوم رضا کو نہایت تزک و احتشام سے مناتی ہے بلکہ ہر قصبہ اور ہر شہر کے عوام سے بذریعہ اخبارات یہ اپیل بھی کرتی رہی ہے کہ وہ ہر سال اعلحضرت کی یاد میں یہ نورانی مجلس منعقد کیا کریں۔ چنانچہ اس کا خاطر خواہ نتیجہ برآمد

Marfat.com

ہوااور الحمدللہ کہ اب پورے ملک میں یوم رضا کی تقاریب انعقاد پذیر ہونے لگی ہیں اور بیرونی ممالک ماریشیس (افریقہ) اور انگلستان وغیر میں بھی اس کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

س۔ مجلس رضا کے آیندہ کے عزائم کے متعلق بھی آپ اظہار خیال مناسب سمجھیں گے؟

ج۔ مجلس کی طرف سے اعلحضرت قدس سرہ العزیز پر متعدد کئی تصانیف وقتاً فوقتاً منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوتی رہیں گی، اور سابقہ مطبوعات کی طباعت واشاعت بھی پروگرام میں شامل ہے۔

س۔ جبکہ مرکزی مجلس رضا کئی قیمتی اور دیدہ زیب کتابیں طبع کرا کر بلا قیمت تقسیم کرتی ہے تو ان کے مصارف کے انتظام کی کیا صورت ہے؟

ج۔ مجلس رضا کا کام محض اللہ تعالیٰ کے بھروسہ پر چل رہا ہے۔



Marfat.com

ہفت روزہ الہام بہاولپور ۲۹/اپریل ۱۹۷۵ء

مرکزی مجلس رضا لاہور

مخدومی حکیم محمد موسیٰ امرتسری سے ایک انٹرویو

از : محمد رضاء المصطفی چشتی نظامی

گذشتہ سے پیوستہ

س۔ مصارف کے انتظام کی کیا صورت ہے؟

ج۔ جب کوئی کتاب چھاپنے کا پروگرام بنتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی طباعت کے اسباب بھی خود ہی پیدا فرما دیتا ہے دوست احباب سے حسب ضرورت مطالبہ کیا جاتا ہے اور یہ خدمت تقریباً جناب مقبول احمد قادری ضیائی صاحب کے سپرد ہے۔ موصوف خود ہی احباب سے مطالبہ کرتے ہیں اور ان کے اخلاص کا ہاتھ کبھی خالی رہا ہی نہیں اور وہ اپنی گرہ سے بھی بہت کچھ صرف کرتے رہتے ہیں۔ جزاہ اللہ تعالیٰ احسن الجزاء۔

س۔ مجلس رضا کی کئی سال کی کوششوں کے نتائج پر بھی روشنی ڈالئے؟

ج۔ کار خیر ہمیشہ نتائج سے بے پرواہ ہو کر کرنا چاہیے چنانچہ مجلس کا کام اسی اصول کے تحت ہو رہا ہے چونکہ اللہ تعالیٰ کسی کی محنت کو رائیگاں نہیں کرتا۔ لہذا غایت درجہ مفید نتائج برآمد ہوئے ہیں تحدیث نعمت کے طور پر چند مثالیں عرض ہیں آج سے آٹھ سال قبل تک اخبارات میں اعلحضرت قدس سرہ کا صرف نام لکھا جانا بھی محال تھا۔ اب آپ دیکھتے ہیں کہ ہر سال اخبارات میں آپ سے متعلق بکثرت مضامین شائع ہوتے ہیں اردو ''دائرۃ المعارف پنجاب یونیورسٹی '' میں اعلیٰ حضرت پر ''رضا بریلوی'' کے عنوان کے تحت پروفیسر محمد مسعود احمد صاحب کا ایک تحقیقی مقالہ چھپ چکا ہے اور اکثر غیر جانب دار محققین اس عظیم شخصیت کی طرف متوجہ ہو گئے ہیں ریڈیو ٹیلی ویژن پر بھی اب پر تقاریر ہونے لگی ہیں۔

Marfat.com

اعلیٰ حضرت پر ایم اے کے مقالے لکھے جا چکے ہیں اور ایک صاحب ان پر پی ایچ ڈی بھی کر رہے ہیں ملک کے مشہور مورخ ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی نے اپنی انگریزی تالیف ''علماء ان پالٹیکس'' میں تحریک ترک موالات میں اعلیٰ حضرت کے اہم کردار کا ذکر ''مجلس رضا'' کی شائع کردہ کتاب ''فاضل بریلوی اور ترک موالات'' کے حوالے سے کیا ہے یکم اپریل ۱۹۷۵ء کے اردو ڈائجسٹ میں جناب مقبول جہانگیر کا اعلیحضرت پر ایک مضمون شائع ہوا ہے اردو ڈائجسٹ ایسے پرچے سے قبل ازیں یہ توقع عبث تھی ۱۹۷۴ء کے عید میلاد النبی (ﷺ) کے موقع پر مجلس رضا کے معاون علمی جناب حفیظ تائب صاحب نے اعلیٰ حضرت کی نعت گوئی پر نہایت پر مغز تقریر کی اور امسال ۲۵ صفر ۱۳۹۵ھ کو کراچی ٹیلی ویژن سے جناب حسن مثنیٰ ندوی نے فاضلانہ تقریر کی جو سب اسٹیشنوں سے ٹیلی کاسٹ ہوئی ۔ازیں علاوہ مجلس بیرونی ممالک کے علماء کو اعلیٰ حضرت کی خدمات جلیلہ سے متعارف کرانے کی مساعی کر رہی ہے ۔ مرکزی مجلس رضا لاہور کی موثر خدمات کے مفید نتائج سے مخالفین اہل سنت حواس باختہ ہو گئے ہیں چنانچہ ہفت روزہ اہل حدیث لاہور نے ۲۱/ مارچ کے شمارے میں رونا رویا ہے کہ اعلیٰ حضرت قدس سرہ کا چرچا کیوں ہو رہا ہے اور خاص طور پر یہ شکایت کی ہے کہ ان کے ریڈیو پر کیوں پروگرام نشر ہوتے ہیں؟

س۔ کسی کام کی اہمیت کا اندازہ اس کی مخالفت سے ہوتا ہے آپ بتا سکتے ہیں کہ اپنوں یا بیگانوں میں مجلس رضا کی مخالفت کی کیا نوعیت ہے؟

ج۔ اپنوں میں سے چند حاسدوں یا شہرت کے بھوکوں کے سوا جملہ اہل سنت کارکنان مجلس رضا کیلئے دعا گو ہیں اور بیگانوں کی مخالفت ظاہر و باہر ہے چنانچہ بعض وہ لوگ جو اہلسنّت کو تنگ نظری کا طعنہ دیتے نہیں تھکتے احقر (حکیم محمد موسیٰ امرتسری) سے صرف اس لئے ناراض ہو گئے ہیں کہ میرا مرکزی مجلس رضا سے تعلق کیوں ہے؟ مثلاً مشہور خطاط نفیس رقم صاحب کو جب علم ہوا کہ مجلس رضا کے ساتھ احقر کا کچھ تعلق ہے

Marfat.com

تو وہ انقطاع تعلقات پر مجبور ہو گئے اس موقع پر جناب نفیس رقم صاحب کی وسعت قلبی کا ایک اور واقعہ بتانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ ''مکتبہ نبویہ'' والوں نے انہیں فتاوی رضویہ کا ٹائیٹل لکھنے کو بھیجا اور انہوں نے اس کی کتابت سے انکار کر دیا۔ یعنی وہ اپنے قلم سے اعلیحضرت عظیم البرکت کا نام نامی واسم گرامی لکھنا نہیں چاہتے تھے یہ بات ایک دوسرے صوفی منش خطاط تک پہنچی تو انہوں نے اسے اعلیحضرت علیہ رحمتہ کی کرامت قرار دیا یعنی اعلیحضرت نے اپنا نام اپنے مخالفین سے لکھوانا پسند نہیں کیا کراچی کے ایک اور دیو بندی نے کھل کر کہہ دیا کہ ہم تو آپ کے اعلیحضرت کو دفن کر چکے تھے مگر آپ نے پھر زندہ کر دیا ہے۔ لہذا اب ہمیں مزید پچاس سال رات دن کام کرنا پڑیگا۔ اس پر احقر نے کہا گویا آپ کو مزید پچاس سال کذب وافترا کا وظیفہ پڑھنا پڑے گا۔ اس پر وہ خاموش ہو گیا میں ان لوگوں کی اس روش سے اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ مجلس رضا نے معقولیت کے ساتھ جو کام کیا ہے۔ اس سے یہ بوکھلا گئے ہیں اور مجلس کے کام کے موثر ہونے کی یہ بین دلیل ہے۔

س۔ آپ اس موقع پر کوئی ایسی بات بتانا پسند فرمائیں گے جس سے یہ معلوم ہو سکے کہ اعلیحضرت کے مخالفین کس کس قسم کے کذب و افترا سے کام لیتے ہیں؟

ج۔ چند سال کی بات ہے کہ نقشبندیہ سلسلہ کی ایک خانقاہ کے ایک ایسے منتظم جو دیو بندی مذہب اختیار کر چکے ہیں اور اپنے اسلاف کو بھی دیو بندی ثابت کرنے میں کوشاں نظر آتے ہیں۔ وہ لاہور آئے تو پروفیسر محمد اقبال مجددی صاحب انہیں اس غرض سے ملنے گئے کہ مجدد الف ثانی قدس سرہ کے بارے میں اگر ان کے ہاں کوئی لیٹریچر ہو تو اسے ان کے پاس جا کر دیکھا جائے۔ دوران گفتگو ان پیر صاحب نے تقویٰ بر طرف یہ کہہ دیا کہ مولوی احمد رضا خان بریلوی نے حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کی تکفیر و تکذیب کی تھی اور پھر مخالفت کے خوف سے اس نے فتوی واپس لیا تھا۔ محمد اقبال صاحب نے مجھے یہ بات سنائی تو میں نے انہیں اعلیحضرت فاضل بریلوی

Marfat.com

علیہ الرحمتہ کی حسب ذیل تحریر دکھائی جس میں ان لوگوں کی ایسی بہتان تراشیوں کا ذکر کیا ہے.

لہذا عوام مسلمین کو بھڑ کانے اور دن دہاڑے ان پر اندھیری ڈالنے کو یہ چال چلتے ہیں کہ علمائے اہلسنّت کے فتوی تکفیر کا کیا اعتبار، یہ لوگ ذرا ذرا سی بات پر کافر کہہ دیتے ہیں ان کی مشین میں ہمیشہ کفر ہی کے فتوے چھپا کرتے ہیں، اسماعیل دہلوی کو کافر کہہ دیا مولوی اسحٰق صاحب کو کہہ دیا۔ مولوی عبدالحئ صاحب کو کہہ دیا۔ پھر جن کی حیا اور بڑھی ہوئی ہے وہ اتنا اور ملاتے ہیں کہ معاذ اللہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب کو کہہ دیا، شاہ ولی اللہ صاحب کو کہہ دیا، حاجی امداد اللہ صاحب کو کہہ دیا، مولانا فضل الرحمٰن صاحب کو کہہ دیا۔ پھر جو پورے ہی حد حیا سے اونچے گزر گئے وہ یہاں تک بڑھتے ہیں کہ معاذ اللہ عیاذ باللہ حضرت شیخ مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کو کہہ دیا۔ غرض جسے جس کا زیادہ معتقد پایا اس کے سامنے اسی کا نام لے دیا کہ انہوں نے اسے کافر کہہ دیا یہاں تک کہ ان کے بعض بزرگواروں نے مولانا مولوی شاہ محمد حسین صاحب الہٰ آبادی مرحوم ومغفور سے جا کر جڑ دی کہ معاذ اللہ معاذ اللہ حضرت سیدنا شیخ اکبر محی الدین ابن عربی قدس سرہٗ کو کافر کہہ دیا، مولانا کو اللہ تعالیٰ جنت عالیہ عطا فرمائے انہوں نے آیۃ کریمہ ان جاء کم فاسق بِنَبَاءٍ فتبینوا پر عمل فرمایا خط لکھ کر دریافت کیا جس پر یہاں سے رسالہ ''انجاء البری عن وسواس المفتری '' لکھ کر ارسال ہوا اور مولانا نے مفتری کذاب پر لاحول شریف کا تحفہ بھیجا غرض ہمیشہ ایسے ہی افترا اٹھایا کرتے ہیں۔

(تمہید ایمان بآیات قرآن صفحہ ۶۹)

Marfat.com

ہفت روزہ الہام ۵ر مئی ۱۹۷۵ء

مرکزی مجلس رضا لاہور

مخدومی حکیم محمد موسیٰ امرتسری سے ایک انٹرویو

از رضا المصطفیٰ چشتی نظامی

گذشتہ سے پیوستہ

س۔ آپ مجلس رضا کے کس عہدے پر فائز ہیں؟

ج۔ میں مجلس کا رکن بھی نہیں عہدے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ہاں اراکین مجلس مجھ سے حسن ظن رکھنے کی وجہ سے میرے مشوروں کو قبول کرتے ہیں۔ اور میں ایک سنی ہونے کی حیثیت سے حتی المقدور تعاون کرتا ہوں۔

س۔ میں نے مجلس رضا کی مطبوعات میں آپ کو مجلس کا رُوح رواں لکھا دیکھا ہے؟

ج۔ یہ سوال لکھنے والوں سے کیجئے مجھ جیسا بے رُوح انسان ایسے عظیم ادارے کی روح کیسے ہوسکتا ہے؟

س۔ کیا مجلس رضا کا کسی سیاسی جماعت سے تعلق ہے؟

ج۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے مجلس کا کوئی ذمہ دار شخص کسی سیاسی جماعت سے متعلق نہیں ہے اور علمی اداروں کے اراکین کو سیاست سے کنارہ کش رہنا ضروری بھی ہے سیاست میں الجھنے والے کبھی علمی کام نہیں کر سکتے۔

س۔ مرکزی مجلس رضا کی کوئی شاخ قائم ہوئی ہے؟

ج۔ گوجرانوالہ میں مجلس رضا کے نام سے ایک ادارہ قائم ہوا ہے جس کا الحاق مرکزی مجلس رضا سے ہے یہ لوگ مرکزی مجلس رضا کی اعانت کرتے ہیں اس ادارہ کے صدر علامہ محمد فرید رضوی ہیں حال ہی میں ایک شاخ انگلستان میں بھی قائم ہوئی ہے جناب محمد الیاس صاحب ساکن مانچسٹر کی مساعی جمیلہ سے یہ ادارہ معرض وجود میں

Marfat.com

آیا ہے انگلستان کی یہ شاخ مرکزی مجلس رضا لاہور کی مطبوعات کے انگریزی تراجم شائع کرے گی چنانچہ انہوں نے پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد ایم اے پی ایچ ڈی کی مقبول ترین تالیف ''فاضل بریلوی علمائے حجاز کی نظر میں'' کا انگریزی ترجمہ شروع کر دیا ہے جو بہت جلد مانچسٹر سے طبع ہو جائے گا انشاء اللہ العزیز اور وہ لوگ مانچسٹر میں باقاعدگی سے یوم رضا منایا کریں گے اس کے علاوہ بعض احباب جن کا تعلق بمبئی مالیگاؤں (عیارت مالی انگلستان) سے ہے مجلس کی مطبوعات کا ترجمہ گجراتی زبان میں عنقریب شائع کروائیں گے۔ انشاء اللہ گجراتی کا یہ کام مولانا نیاز احمد مصطفوی اور مولانا محمد میاں صاحب کریں گے۔

س۔ آپ مرکزی مجلس رضا کے ذمہ دار حضرات کا اگر مختصر تعارف کرا دیں تو بہتر ہوگا؟

ج۔ مرکزی مجلس رضا کے بانی اور سابق صدر جناب الحاج پیر محمد عارف رضوی ضیائی لاہور کی آرائیں برادری کے ایک جواں سال چشم و چراغ ہیں، زمیندار ہیں اور ضیاء الملت والدین حضرت مولانا ضیاء الدین احمد قادری رضوی مہاجر مدنی مدظلہ العالی خلیفہ مجاز اعلیٰحضرت فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ سے بیعت ہیں اور حضرت مجاہد ملت مولانا حبیب الرحمٰن قادری رضوی مدظلہ سے اجازات یافتہ بھی ہیں سرپرست جناب الحاج صاحبزادہ پیر طریقت سید محمد حسن شاہ گیلانی نوری مدظلہ العالیٰ خلف سید محمد معصوم شاہ قادری نوری رحمتہ اللہ علیہ زمیندار ہیں، تاجر ہیں، پیر ہیں۔ شاہ صاحب موصوف ضیاء الملت والدین حضرت مولانا ضاء الدین احمد قادری مدنی سے بھی فیض یافتہ ہیں صدر محترم الحاج اختر حسین صاحب، حضرت سید محمد معصوم شاہ قادری کے مرُید رشید ہیں اور پنجاب ہوٹل کے مالک ہیں ڈاکٹر صاحب موصوف نہایت نیک مخلص اور متدین انسان ہیں۔ نائب صدر میاں محمد شفیع رضوی صاحب حضرت علامہ ابوالحسات قادری رحمتہ اللہ علیہ کے تربیت یافتہ اور مقبول عام پریس لاہور اور ہجویری پبلشرز کے مالک ہیں سیکرٹری جناب ظہور الدین خان صاحب کسی دفتر میں ملازم

Marfat.com

ہیں اور اعلحضرت کی تعلیمات کے شیدائی ہیں انہوں نے مجلس کیلئے اپنے آپ کو وقف کر رکھا ہے۔ خازن جناب الحاج مقبول احمد قادری رضوی ضیائی مدظلہ العالیٰ بہترین پاٹن میکر اور حضرت ضیاء الملت والدین ضیاء الدین احمد قادری مدنی مدظلہ العالیٰ کے مرید صادق ہیں اراکین مجلس رضا پر حضرت ضیاء الملت والدین مدنی مدظلہ العالیٰ کی خاص نگاہ کرم ہے گویا اس مجلس کی حقیقی روح حضرت موصوف کا فیضان نظر ہے۔

اس موقعہ پر مولانا عبدالحکیم اختر شاہجہان پوری، مولانا الحاج باغ علی نسیم، علامہ اقبال احمد فاروقی ایم اے، جناب بشیر حسین ناظم ایم اے، جناب ابوالطاہر فدا حسین مدیر مہر وماہ لاہور، جناب محمد عالم مختار حق صاحب اور مورخ لاہور جناب میاں محمد الدین کلیم کا ذکر نہایت ضروری ہے یہ حضرات مرکزی مجلس رضا کے یوم تاسیس سے ہی خصوصی معاونت فرما رہے ہیں تقریباً عرصہ ۴ سال سے فاضل جلیل مولانا عبدالحکیم شرف قادری اور مولانا الحاج محمد منشا تابش قصوری چشتی سیالوی مخلصانہ تعاون فرما رہے ہیں، پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب ایم اے پی ایچ ڈی پرنسپل گورنمنٹ کالج سندھ کی کرم فرمایوں کا تو شکریہ ادا کرنا مشکل ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب حضرات کو جزائے خیر سے نوازے۔ آمین!:

س۔ آپ نے کبھی سیاست میں حصہ لیا ہے؟

ج۔ تحریک پاکستان کے دنوں میں مشائخ کرام بالخصوص مرشدی شیخ المشائخ حضرت میاں علی محمد خان سجادہ نشین بسی شریف رحمتہ اللہ علیہ کے ارشاد کے مطابق مسلم لیگ میں کام کیا۔ مگر تشکیل پاکستان کے بعد کسی سیاسی جماعت سے کوئی تعلق نہیں رہا۔ اور اب گوشۂ تنہائی کی تلاش ہے۔

س۔ میں آپ کا شکر گذار ہوں کہ آپ نے اپنا قیمتی وقت ضائع کر کے مجلس رضا کے بارے میں نہایت قیمتی معلومات بہم پہنچائیں۔ اور اب میں آپ سے کچھ مزید

Marfat.com

استفسارات کرنا ضروری سمجھتا ہوں وہ یہ کہ فیض الاسلام راولپنڈی اور دیگر جرائد میں آپ نے بعض ایسے علماء پر مضامین لکھے ہیں جو اہل سنت کے مخالفین میں شمار ہوتے ہیں۔

ج۔ آپ نے مجھ سے بڑی اہم بات پوچھی ہے میں یہ جواب دے کر آپ کو مطمئن کر سکتا ہوں کہ میں نے وہ سب مضامین ایک مورخ کی حیثیت سے لکھے ہیں لیکن میں تاویلات اور ہیر پھیر کی گفتگو کا عادی نہیں۔ لہذا واضح طور پر کہتا ہوں کہ ''ایسی سب تحریریں میرے دور جاہلیت کی یادیں ہیں۔'' ☆

استفسارات کے جوابات اپنے علم کے مطابق دے دیئے ہیں اب میری معروضات بھی سنیئے ''مرکزی مجلس رضا'' اہل سنت کے ایک اہم ادارے کی حیثیت اختیار کر چکی ہے۔ اس کے سرپرست سید محمد حسن شاہ صاحب قبلہ اور دیگر ذمہ دار حضرات کو اس مجلس کو وسعت دینے کی کوشش کرنی چاہیے جناب الحاج محمد عارف ضیائی صاحب کو مجبور کر کے پھر مجلس میں لانا چاہیے اور خدمت مشورہ حضرت مولانا محمد عبدالحکیم خان اختر شاہجہان پوری مدظلہ العالیٰ کے سپرد ہونی چاہیے اس لئے کہ موصوف ذی علم ہونے کے ساتھ ساتھ راسخ العقیدہ انسان ہیں اور اعلحضرت رضی اللہ عنہ کے مسلک کے صحیح ترجمان ہیں حضرت اختر صاحب اعلحضرت پر ایک عظیم کتاب بنام معارف رضا لکھ رہے ہیں جو بلاشبہ اس موضوع کا انسائیکلو پیڈیا ہوگی۔

پبلشر : شہاب الدین دہلوی

پرنٹر : ولی اللہ

گردیزی پرنٹنگ پریس

بہاولپور

مقام اشاعت : ماڈل ٹاون۔ بہاولپور

Marfat.com

☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مرکزی مجلس رضا

روشن سٹریٹ نیا مزنگ لاہور

نمبر.....

تاریخ ۸ ستمبر ۱۹۷۴ء

از محترم الحاج میاں محمد عارف صاحب مادری رضوی ضیائی جنسری
چک سکندر الہ آباد۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ حضور حاجی مشرف
فانا توی کی آدھی امت (یعنی اس کے افکار و نظریات
پر عامل لوگ مرزائی) کے غیر مسلم اقلیت قرار
دیئے جانے پر آپ کو مبارک باد پیش کرتا
ہوں۔ قبول فرمائیں۔

میں بجز بلی ہوں۔ مگر ہر یلو میوں کا میاں خادم
ہوں۔ لہذا غصہ تھوک دیجئے۔ اور ہمکر ملیئے۔
ضروری مشورے کرنے ہیں۔ مدینہ طیبہ
جانے سے قبل ہم جنسوں کو معاف کر دینا چاہئے آپ کے
مرتبہ شایان کی بات ہے۔

والسلام
محمد جنسری

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

مرکزی مجلس کے متعلقہ ابتدائی دور کے کچھ مکتوبات کے عکوس
بنام فقیر محمد عارف قادری عفی عنہ

Marfat.com



مسجد القبلتين بالمدينة المنورة ١٣٢٦هـ.	AL-GEBLATAIN M. IN AL-MADINAH AL-MUNAWARA 1326H	KIBLETEYN MESCIDI IN MEDINEI MUNEVVERE 1326H.	MASJID KIBLATAIN DI AL-MADINAH AL-MUNAWWARAH 1326H.	دو قبلوں والی مسجد مسجد قبلتین مدینہ منورہ	حقوق الطبع محفوظة لـ صلاح الصعدي Copy Right for Salah Al-Saady TEL: 0506338945 P.O. BOX: 3271.

Marfat.com

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد
ایم اے، پی ایچ ڈی، ۱۲ فضیلت

حوالہ نمبر _____ تاریخ ۲۶ مئی

ارجمند الکریم شیخ محمد عارف ماہروی صبیحی مدنی راہ اللہ المعظم و فقہ کم

دیر شیہ کرم خط ملا۔ 1969ء میں غائبانہ محبت کا کرشمہ سامنے آیا
کچھ دلوں نے اس محبت کو پروان چڑھایا۔ محمد زاہد علی ۳۵ سال
ہو گئے، یہ محبت عالم دوام کے لیے جاوداں ہو گئی۔ شیخ محمد عارف ماہروی نے یہ کتاب لکھ کر حق محبت ادا کر دیا ہے۔
کے لیے نمونہ ہے۔ ان دونوں نے سب کے لیے فقر اور اسلامی حکومت کے قیام کی جدوجہد کی۔ وہ حضرت سلطان العارفین
کی طرف منسوب ہیں، ہر دو کا مرکز مدینہ ہے۔ دونوں حضرات کا وسیلہ بنے
کہ اللہ تعالیٰ ان کے لیے ہر مکان کو پسند فرمائے، فقر کے ہر نشان بنے اور
خوب کھلے پھولے پھلے۔ ان کی تعلیمی اور روحانی سلسلہ قائم رہے
ان کی خدمات جلیلہ قبول فرما کر ان کو بہت بہت مقبول
بنائے اور اپنے قرب خاص سے خوب خوب نوازے۔ آمین

۱۰۔ سی۔ پی۔ ای۔ سی۔ ایچ سوسائٹی کراچی ۷۵۲۰۰ اسلامی جمہوریہ پاکستان
فون نمبر 455 24 68 فیکس 92-021-455 24 68 ای میل armazhar@sat.net.pk

Marfat.com

بشرفِ ملاحظہ جناب محمد عارف صاحب

صدر "مرکزی مجلسِ رضا"

19 چاہ مجائیاں والا، نیا مزنگ

لاہور

Marfat.com

Marfat.com

میں صبحِ امید کا مژدہ بن جاتی ہیں اور یہ بھی غنیمت ہے۔ کیوں؟ اسلیے کہ اب، یہ تو کہہ سکتے ہیں:۔

؎ گئے دن کہ تنہا تھا میں انجمن میں
یہاں اب مرے رازداں اور بھی ہیں

آپ پورے عزم اور حوصلے کے ساتھ مسلک اہلسنت و جماعت کی ترویج و اشاعت کا کام جاری رکھیں، احقر ہر ممکن اعانت کے لیے تیار ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ عنقریب شرفِ نیاز بھی حاصل کروں گا۔ "تقدیم" جو پچھلے سال... "مقالاتِ یومِ رضا" پر کوکب صاحب نے لکھی تھی اس کے تلخ تجربے اور غلط بتانے سے سبق حاصل کرنا۔ ایسی کسی غلطی کا اعادہ نہ ہو جائے۔ معتمد علمائے کرام اور اہلِ نظر حضرات کا تعاون حاصل کرنا انتہائی ضروری ہے تاکہ کوئی غلط نظریہ منظرِ عام پر نہ آسکے جس سے فائدے کی بجائے مسلک کو الٹا نقصان پہنچے۔ اللھم ارنا الحق حقا و الباطل باطلا و الحقنی بالصالحین۔ فقط والسلام

احقر العباد:۔ اختر شاہجہان پوری مظہری
سی۔ بی۔ عابد مجید کالج اسکول۔ آر۔ اے بازار
لاہور چھاؤنی

مؤرخہ 9 جون 1969ء

Marfat.com

فقیر
تاج محمد
صدیقی القادری
یکہ توت پشاور شہر

صدرِ عالم یارسول اللہ توئی — بدرِ عالم یاحبیب اللہ توئی
صبا بحسنِ ادب کو نوغوثِ اعظم را — خدا سپرد بہ تو کارِ ہر دو عالم را
تو آں شہی کہ کنی رد قضائے مبرم را — بری ز خاطرِ ناشاد محنت و غم را

۹۲ جلوۃ القادریہ

۱۱ شعبان ۱۳ ھ

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَآءِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُصْطَفٰی وَعَلٰی اٰلِهِ الْمُجْتَبٰی وَاَصْحَابِهِ الْهُدٰی لَاسِیَّمَا
عَلٰی مُرْشِدِنَا سَیِّدِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیْ غَوْثِ الْوَرٰی وَعَلَیْنَا مَعَهُمْ یَارَبَّ الْعُلٰی بِقَدْرِ حُسْنِهٖ وَجَمَالِهٖ اَبَدًا اَبَدًا

بزرگوارم مکرم و فخر جناب محمد عارف صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ

وعلیکم السلام سنت سیدا سید الانام علیہ الف الف الف

Marfat.com

ڈاکٹر وحید قریشی
ایم ۔ اے ، پی ایچ ۔ ڈی ، ڈی ۔ لٹ

فون :

صحیفہ

SAL/L/101/561
۷۔5۔72

مکرمی ۔ تسلیم ۔

آپ کے ادارے کی شایع کردہ کتاب ~~جون ۱۹۷۲~~ اپریل ۱۹۷۲ صحیفہ
میں شایع ہوا ۔ متعلقہ صفحے کا اقتباس حاضر خدمت ہے صحیفے میں تبصرے
کے لیے ہر کتاب کے دو نسخے وصول کیے جاتے ہیں ۔ امید ہے آپ اپنے ادارے
کی مطبوعات تبصرے کے لیے بھیجتے رہا کریں گے ۔

آپ کا مخلص

(ڈاکٹر وحید قریشی)
مدیر صحیفہ ۔

Marfat.com

نہیں - کتاب میں درج شدہ حقائق بڑے شگفتہ اور دلکش انداز میں بیان ہوئے ہیں - وہ باب جس میں خواتین کے ان احتجاجی جلسوں کو درج کیا گیا ہے جو خضر وزارت کے خلاف کیے گئے ، کتاب کا سب سے اہم ، نادر اور دلچسپ حصہ ہے -

سرفراز مرزا کی یہ کتاب پاکستان کے سرمایۂ تاریخ میں ایک گراں قدر اضافہ ہے - میں لائق مورخ کو ان کی اس پہلی علمی کاوش پر مبارک باد پیش کرتا ہوں -

(وحید قریشی)

۶- تجلی المشکواۃ | تالیف : مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی - ضخامت : ۴۷ صفحات - کاغذ سفید - کتابت و طباعت روشن - سرورق رنگین - بلا قیمت - ناشر : مرکزی مجلس رضا ، روشن سٹریٹ نمبر ۲ نیا مزنگ لاہور -

مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی علیہ الرحمہ اہل سنت (حنفی) مسلک کے بریلوی مکتب فکر کے بانی اور اس صدی کے بہت بڑے فقیہہ اور متبحر عالم تھے - ہمارے علماء مسائل شریعت سے تو واقف ہوتے ہیں لیکن دوسرے علوم خصوصاً ریاضی وغیرہ سے بہت کم واقف ہوتے ہیں حالانکہ بعض مسائل بالخصوص میراث اور زکٰوۃ وغیرہ میں ریاضی سے ناواقفیت کی بنا پر بڑی الجھنیں پیدا ہو جاتی ہیں - مولانا احمد رضا خاں مرحوم کی ایک خصوصیت یہ بھی تھی کہ وہ ریاضی کے بھی ماہر تھے - اس لیے ایسے مسائل کو بہت خوبی سے حل کرتے تھے -

زیر نظر کتابچے میں زکٰوۃ سے متعلق مولانا مرحوم نے سات سوالوں کا جواب بڑی تفصیل سے دیا ہے ؛ زکوۃ تدریجاً دینی چاہیے یا یک مشت - راس المال میں کمی بیشی سے زکواۃ میں کمی بیشی ہو گی یا نہیں اور کس حساب سے ؟ سادات کو زکواۃ دینا جائز ہے یا نہیں ؟ زکواۃ کے مصارف کیا ہیں ؟ سونا یا چاندی کی علٰحدہ علٰحدہ زکواۃ کیا ہو گی اور مجموعی صورت میں کیا ہوگی ؟ کن صورتوں میں سونے کو بنیاد بنایا جائے گا اور کن صورتوں میں چاندی کو ؟ غرض زکواۃ سے متعلق ان تمام مسائل کو کھول کر مثالوں کے ساتھ بیان کیا گیا ہے اور زکواۃ کے حساب لگانے کے لیے ایک تقویم بھی درج کی گئی ہے -

۷- ادب اور زندگی | مصنف : مجنوں گورکھپوری - ضخامت : ۴۴۵ صفحات - کاغذ سفید - کتابت و طباعت گوارا - مجلد مع گردپوش - قیمت : دس روپے - ناشر : مکتبہ دانیال وکٹوریہ چیمبر نمبر ۲ صدر کراچی -

مجنوں صاحب اردو کے ان گنے چنے نقادوں میں شامل ہیں جنھوں نے

تجلی المشکواۃ پر صیغہ کا تبرہ

Marfat.com

MUFTI S. SHUJAAT ALI QUADRI
4/810 Liaquatabad, Karachi.

۷۸۲

مولانا مکرم!

سلام مسنون،

مضمون حاضر خدمت ہے = میں حضرت فقیہ اعظم رحمۃ اللہ علیہ پر ایک مضمون عربی میں لکھ رہا ہوں اور کوشش کروں گا کہ کسی ملک چھپ کر بلاد عربیہ میں دستیاب ہو جائے۔ مگر یہ ایک طویل اور دشوار کام ہے۔ [illegible] دوستوں سے نظر ثانی کا خواستگار ہوں۔ امید کہ آپ حضرت رسالہ کو ملاحظہ کر سکیں گے۔ رسالہ مضمون ہی کا ایک حصہ ہے جو بعض ضروریات کے ساتھ حاضر خدمت ہے۔ اگر چھپ نہ سکے تو میں امید کرتا ہوں۔ کہ واپس کر دیں گے۔ اگر حضرت فقیہ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی شان میں کچھ کوتاہی ہو گئی ہو تو میں تمام اہانت و جسارت سے معافی کا خواستگار ہوں۔ نیز اپنے قیمتی مشوروں سے بھی اور اصلاح سے بھی انشاء اللہ ہمیشہ رجوع رکھوں گا۔

۸-۲-۶۹

Marfat.com

Professor
Dr. Muhammad Masood Ahmed
M.A. (G.M.); Ph.D.; S.E.S.—I

Marfat.com

Marfat.com

Professor
Dr. Muhammad Masood Ahmed
M.A. (G.M.); Ph.D.; S.E.S.—I

گورنمنٹ کالج
شعبۂ تعلیمات (السنہ)
لاہور ۳۱ مئی ۱۹۷۱ء

۷۰۱

محترم المقام زیدمجدکم

وعلیکم السلام۔

مکتوب عزیز مورخہ ۲۲ مئی و ۲۵ مئی و ۲۶ مئی موصول ہوئے۔ مزاج شریف کا حال معلوم ہوا۔ اللہ تعالیٰ تعلیم کو جلد از جلد بہتر بنائے۔ ہمارے ہاں تعلیم کی حالت بہت ابتر ہے۔ ہر سال نئی نئی تجاویز پیش ہوتی ہیں اور ہر سال نئے نئے تجربے ہوتے ہیں۔ تیسری منصوبہ میں تعلیم کی طرف توجہ کی گئی ہے۔ کچھ کام ہوا ہے۔ مگر ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ ہر سال بجٹ میں تعلیم کے لئے روپیہ بڑھایا جاتا ہے۔ مگر یہ روپیہ ناکافی ہے۔ ہر سال نئے نئے تجربے ہوتے ہیں۔ مگر ابھی تک کوئی مناسب طریقہ تعلیم رائج نہیں ہو سکا۔ ہر سال نئی نئی کتابیں لکھی جاتی ہیں۔ مگر ابھی تک کوئی مناسب نصاب تعلیم مرتب نہیں ہو سکا۔ ہر سال نئے نئے امتحانات ہوتے ہیں۔ مگر ابھی تک کوئی مناسب طریقہ امتحان رائج نہیں ہو سکا۔

رسالہ تعلیم و تربیت کے بارے میں آپ کا مشورہ درست ہے کہ اس کو بند کر دیا جائے۔ مگر یہ کام اتنا آسان نہیں ہے جتنا آپ سمجھ رہے ہیں۔ یہ رسالہ تقریباً پچیس سال سے نکل رہا ہے۔ اس سے بہت سے لوگوں کا مفاد وابستہ ہے۔ اس کے بند ہونے سے بہت سے لوگ ناراض ہوں گے۔ اس لئے اس کو بند کرنے سے پیشتر متبادل انتظام کرنا ضروری ہے۔ اس کے بارے میں کچھ سوچا جائے گا۔

آپ نے مکتوب مورخہ ۲۶ مئی میں لکھا ہے کہ "خدا سب کو ایک سی عقل نہیں دیتا"۔ یہ کس کی رائے ہے؟ یہ معلوم ہو جائے تو بہتر ہے۔ تاکہ بہت سے لوگوں کی عقل درست ہو جائے۔

کتابوں کا پیکٹ مل گیا ہے۔ اس میں ۱۶ کتابیں ہیں۔ اس عنایت کا بہت بہت شکریہ۔ ان کتابوں کا مطالعہ کروں گا۔ کتابوں کے مطالعہ کے بعد ان پر تبصرہ بھی لکھوں گا۔ ان شاء اللہ۔

آپ نے مکتوب مورخہ ۲۶ مئی میں لکھا ہے کہ ہمارے ہاں تعلیم کا معیار بہت گر گیا ہے۔ اس کا سبب کیا ہے؟ میرے خیال میں اس کا سبب یہ ہے کہ ہمارے ہاں تعلیم کو کبھی بھی اہمیت نہیں دی گئی۔ ہمیشہ تعلیم کو نظر انداز کیا گیا ہے۔ ہمیشہ تعلیم کا بجٹ کم رکھا گیا ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم روپیہ مہیا کیا گیا ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم وقت دیا گیا ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم توجہ دی گئی ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم محنت کی گئی ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم سوچا گیا ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم کام کیا گیا ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم تجربے کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم امتحانات لئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم نصاب مرتب کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم طریقے رائج کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم اساتذہ تیار کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم تربیت کا انتظام کیا گیا ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم سہولتیں بہم پہنچائی گئی ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم عمارتیں بنائی گئی ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم فرنیچر مہیا کیا گیا ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم سامان مہیا کیا گیا ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم تجربہ گاہیں بنائی گئی ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم کتب خانے بنائے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم کتابیں مہیا کی گئی ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم رسالے جاری کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم اخبار مہیا کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم ریڈیو مہیا کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم ٹیلی ویژن مہیا کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم فلمیں مہیا کی گئی ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم سہولتیں بہم پہنچائی گئی ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم توجہ دی گئی ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم محنت کی گئی ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم سوچا گیا ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم کام کیا گیا ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم تجربے کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم امتحانات لئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم نصاب مرتب کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم طریقے رائج کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم اساتذہ تیار کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم تربیت کا انتظام کیا گیا ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم سہولتیں بہم پہنچائی گئی ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم عمارتیں بنائی گئی ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم فرنیچر مہیا کیا گیا ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم سامان مہیا کیا گیا ہے۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم تجربہ گاہیں بنائی گئی ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم کتب خانے بنائے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم کتابیں مہیا کی گئی ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم رسالے جاری کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم اخبار مہیا کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم ریڈیو مہیا کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم ٹیلی ویژن مہیا کئے گئے ہیں۔ ہمیشہ تعلیم کے لئے کم فلمیں مہیا کی گئی ہیں۔

Marfat.com

اللہ اللہ

قافلے نے سُوے طیبہ کمر آرائی کی — مشکل آسان الٰہی مری تنہائی کی
لاج رکھ لی طمع عفو کے سودائی کی — اے میں قربان مرے آقا بڑی آقائی کی
فرش تا عرش سب آئینہ ضمائر حاضر — بس قسم کھایئے اُمی تری دانائی کی
پانسو سال کی راہ ایسی ہے جیسے دو گام — آس ہم کو بھی لگی ہے تری شنوائی کی
چاند اشارے کا ہلا حکم کا باندھا سورج — واہ کیا بات شہا تیری توانائی کی

تنگ ٹھہری ہے رضا جس کے لئے وسعتِ عرش
بس جگہ دل میں ہے اُس جلوۂ ہر جائی کی

(حدایق بخشش۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com





Marfat.com

Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com





۱۷ مئی ۱۹۷۱ء

مکرمی السلام

اس سے قبل ایک حرفِ ارسال کر چکا ہوں امید ہے کہ مل گیا ہوگا۔ اخبار ایک ہفتے کے لیے جاری ہو گیا ہے کیونکہ اس خیال سے کہ ہفتہ وار پیپر کی اشاعت میں دلچسپی نہیں لوگا۔ کل جب ہفتہ وار اور پھر روزانہ کی۔ ترک موالات کی ایک نسخہ تقریباً تیار ہے بھیجوں گا۔ آپ خود المجمعۃ الملونہ سے تبادل کر لیں اور دوسری تدبیں ازراہ کرم ارسال کریں۔

اخبار کا خیال ہے کہ ایک نقاد آپ کی شاعری پر

کیا جائے :- "فاضل بریلوی علامہ حجازی کی نظر میں"

اس سلسلے میں حسام الحرمین کی عبارت ہو سکتی ہے۔ الغرض

Marfat.com

بیادِ امامِ اہلِ سنت مجددِ وقت اعلیٰ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان قادری بریلوی قدس سرہ العزیز

مرکزی مجلسِ رضا

نوری مسجد

بالمقابل ریلوے اسٹیشن ◎ لاہور

نمبر ——— تاریخ ———

۷۸۶

از مخدوم محب الفقراء والمساکین محمد عاطف مظہری ضیائی صاحب زید لطفہ

السلام علیکم ۔ مزاج شریف ۔!

آپکا دلی آرزو کہ پورا ہونا پر مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ مقبول فرمائیں ۔ بھائی اس نالائق و گنہگار کیلئے دعا بھی کیجئے ۔ اور میرے مرحوم والدین کو بھی ایصالِ ثواب کیلئے دعا کیجئے ۔ اور میرے والد ماجد مرحوم کو بھی ایصالِ ثواب کیلئے دعا کیجئے ۔ اور میری مغفرت طلب کیجئے ۔ اور میری والدہ ماجدہ مرحومہ و مغفورہ کی بلندی مراتب کیلئے خاص طور پر دعا کیجئے ۔

حضرت شیخ حذی مدظلہ کی خدمت اقدس میں سلام عرض کیجئے اور میرے لئے دعا کی التجا کیجئے ۔

فاضل بریلوی اور ترک موالات کے غلط نام ارسال ہے ۔ خاص طور پر ایک غلطی کو ضرور تصحیح کر دیجئے ۔ وہ یہ کہ صفحہ ۱۱۷ سطر ۲ میں لکھا ہے کہ "شدت پر" کو درحقیقت پر تاکید کر دیجئے ۔

پیغامات بھی حاصل کیجئے ۔ مولانا فتنہ نمائش مقصودی سے ملاقات ہو تو انہیں بھی سلام عرض کریں اور وہ بھی کہیں کہ اپنی کتاب میں

۱۹۷۲ء

Marfat.com

۷۱۶/۹۲

حکیم محمد موسیٰ امرتسری
۵۵ - ریلوے روڈ - لاہور

مورخہ ۱۳ دسمبر ۱۹۷۲ء

مطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام

بخدمت عزیز مکرم الحاج محمد عارف صاحب رضوی زید لطفہ
ہمدرد ہاؤس -

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ - مزاج شریف ؟

نامہ عنبر شمامہ موصول ہو کر باعث فرحت و انبساط ہوا۔ خدا وند کریم حبیب علی اصدعلیہ وسلم کا شکر ہے کہ آپ نے خیر و عافیت لکھی ہے۔ (ماشاء اللہ) تلفنہ رکھی جرأت رندانہ قابل داد ہے - ع جست جس جس بھی اسی طرح چلے جائیں گے۔ جس وقت آپ کا یہ خط ملا۔ اس وقت سید محمد حسن صاحب نوری میرے پاس تشریف فرما تھے۔ انہیں آپ کی یہ مکتوب شریف سنا دیا گیا۔ سید محمد حسن صاحب اور ڈاکٹر صاحب عالم ہوائی جہاز کے ذریعے حاضری دیں گے۔ اس لئے کہ بحری جہاز میں ابھی تک بندوبست نہیں ہو سکا۔ ماسٹر وزیر علی صاحب سے متعلق شاکر صاحب نے بتایا ہے کہ آج کسی کے ذریعے خبر ملی ہے کہ ان کا بحری جہاز میں بندوبست ہو گیا ہے۔ اللہ سب کام سے خیریت سے -

---

قبل ازیں ایک عریضہ بذریعہ ڈاک روانہ کر چکا ہوں۔ امید کہ مل گیا ہوگا۔ اور آپ نے کتابوں میں غلطیاں نکال دی ہوں گی۔

آپ کی عریضہ جناب میاں جمیل احمد شرقپوری کے ہاتھ روانہ کیا ہے۔ وہ بھی مل گیا ہوگا۔ اور آپ نے میرے لئے دعا بھی کی ہوگی۔

ہاں بھائی! آپ کو پہلے خطوں میں اس مصیبت کے بارے میں نہ لکھ سکا۔ اب عرض ہے کہ برادرم غلام مرتضیٰ کے لئے ضرور دعا کیجئے

P.T.O

Marfat.com

ابھی تک اس کا پڑھ گیا نہیں بلکہ کچھ اضافہ ہی ہوا ہے - معلوم ہوا ہے کہ کچھ
میرے مخالف ہیں - یہ اُن کے بہکانے میں آیا ہے - یہ پریشانی آپ
میری - مرتضیٰ اور بہکانے والوں کیلئے یہ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ان کا
پڑھ دور کردے اور ہم سب کو راہ راست پر لائے - حاجی صاحب!
آپ کو معلوم ہے کہ اس مرتبہ حج کی درخواست نہ دینے کی وجوہات میں
سے ایک بڑی وجہ یہی پریشانی کا اندازہ
کیجئے - اور اس پریشانی کو دربار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے
رفع کروانا ہے - اور خاتمہ بالایمان کی دعا تو سب سے مقدم ہے

غیر ضروری - بابا جی سلام لکھواتے ہیں اور دعا کی درخواست کرتے
ہیں - حضرت محمد حسن شاہ صاحب بھی سلام لکھنے کو کہہ گئے ہیں
اور پیسہ بھی لے گئے ہیں -

نوٹ :- پہلے جو عریضہ روانہ کیا گیا تھا وہ پوسٹ پکس نمبر پر نہیں پہنچایا گیا
تھا - شاید اب تک وصول ہو گیا ہوگا -

نوٹ دیگر :- حضرت مولانا جمیل احمد صاحب کو ایک رقعہ اور ایک ڈبی
گولیوں کی بنام میاں محمد سلیمان منہاس حوالت
پاکستان کی ہو گئی ہے - آپ یہ چیزیں میاں صاحب سے لیکر
وہاں پہنچا دیں - ضروری گزارش ہے -

والسلام بالاکرام محمد موسیٰ نعمی

Marfat.com

حکیم محمد موسیٰ امرتسری
۵۵ ریلوے روڈ لاہور

مدینہ منورہ
۷۸۶

مکرم المقام السید محمد عارف رضوی مفاخری کمالپ

سلام مسنون۔!

عید کارڈ ملا۔ اور آپ کے نیک عزائم سے آگاہی ہوئی آپ کا سلام حضرت مولانا صاحب عزالہ کی خدمت میں پیش کر دیا گیا، انہوں نے فرمایا کہ میرا سلام بھی لکھ دیں۔ آپ کی طرف سے متعدد مرتبہ سرکار ابد قرار کے حضور سلام عرض کر چکا تھا۔ اب خط کا لکھ بھی عرض کر دیا گیا۔ قبول فرمائیں آمین۔!

یہاں یہ خط صرف اس لئے لکھ رہا ہوں کہ حضرت مولانا صاحب کے لئے خوارش کھونی آدھ سیر نہایت عمدہ قسم کی فیروزوں سے یا جنس دوکانہ سے لیتے آئیں، نیز ایک جائے نماز کے لئے بھورے رنگ کا سفید یا کوئی بھی لے آئیں۔ یہ چیزیں ہمراہ تحفہ دکھا کر جنس دوکانہ سے لے لیں۔ قیمت میں خود ادا کروں گا۔

اگر آپ سے پہلے مولانا باجع علی ملیں تو یہ چیزیں ان کے ہاتھ بھجوا دیں ——— اگر آپ سے ملنا ہو تو میرے لئے یا پنجہ سر گھی لیتے آئیں۔ قیمت خود ہی لے لیں۔ جو چیز آپ لائیں۔ سید حسین شاہ علی پوری سے دو تین دفعہ ملاقات ہو گئی تھی۔ واپس چلے گئے ہیں۔ پھر حاضر ہوں گا۔

Marfat.com

[illegible] عبدالواحد، سید محمد حسن شاہ وغیرہم احباب کی [illegible]
[illegible] سلام قبول فرمائیں۔

[illegible] عبدالرب وسط چینی دعاگو سلامتی کے تمام ہیں [illegible]

والسلام

دعاجو دیوانگی محمد موسیٰ عفی عنہ

۷ رشوال ۱۳۷۳ھ

۹ دسمبر ۱۹۵۳ء

ہدیۂ تبریک جمعرات

بوقت مغرب

[illegible] کو بتا دیں کہ ہر طرح سے خیریت ہے۔

Marfat.com

۷۸۶

خوشی نصیب محمد عارف صاحب

سلام مسنون!

یہ میرا تیسرا خط آپکی طرف پرواز کر رہا ہے، مگر ابھی تک
آپکی جانب سے کوئی خط نہیں ملا۔ میں خط کو لکھ رہا ہے
کہ میں خیریت کے ساتھ پہنچ گیا ہوں۔ میں اس انتظار
میں ہوں کہ آپ کا خط آئے اور میں گنج شکر کی شکر
کی شکر تقسیم کروں۔ آج یہاں اکثر دھواں اوڑہ ہے اور آپ
کا ہوا غالباً یہی ہوگا۔

آج عید کارڈ صاحب برکات حضرت صاحب مدظلہ العالی کی
خدمت اقدس میں بھی روانہ کیا ہے۔ بارگاہ بے کس پناہ میں حاضر ہو کر عید مبارک ارسال کرنے کی
مولانا محمد خلیف زار صاحب ملیں تو انہیں بھی عید مبارک کہہ دیں۔
حضرت صاحب قبلہ۔ مولانا فضل الرحمٰن صاحب اور ان کے صاحبزادگان۔
ماما نور محمد صاحب سیاکلوی۔ حافظ سردار محمد صاحب کو بھی سلام کہیں،
اور مدینہ پاک کی فضاؤں، درجنوں۔ پانیوں سب کو میرا سلام کہیں،

والسلام: محمد یونس تقی عفی عنہ

باباقدم رسول صاحب حرم شریف میں ملیں تو انہیں بھی میرا سلام عرض کر کے دعا
کی درخواست کریں۔

۱۸ رمضان المبارک
۵ نومبر ۱۹۷۴ء

Marfat.com

۷۸۶

مخلصی جان رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

5/11/74

محترم المقام حضرت الحاج محمد عارف رضوی ضیائی صاحب
زید مجدکم

السلام مسنون۔

آپ کا مکتوب گرامی محررہ ۲۶ اگست بعنی پروگرام ۳ نومبر کو ملا اور حالات سے آگاہی ہوئی۔ اللہ کرے آپ کو خوش و خرم رکھے کہ اس عقیر کو دعاؤں میں یاد رکھتے ہیں اور حضرت صاحب قبلہ کو یاد کرتے ہیں۔ میرے کرم فرماؤں کے بارے میں حضرت صاحب کے ارشاد گرامی پر عمل کیجئے۔ مدینہ طیبہ میں بحر بخشش میں غرق رہیے۔ اب خوشی کا ثمین مشیئے

(۱) غلطی کا اعتراف کرتا ہوں کہ میں مولانا خلیل صاحب کے بجائے سید محمد حسن شاہ صاحب کا نام بھیجنا چاہتا تھا۔ حضرت سے برائے التزام اور اللہ کریم کی مشیت دعا کی درخواست کرنی تھی۔ ان شاء اللہ ورسولہ اکرم ۔ بہرحال نقصان نہیں ہوگا۔ مولانا خلیل صاحب سے ضرور وصول کیجئے۔

(۲) سید محمد حسن شاہ صاحب کے بجائے مجنون فلاسفہ کا نام مرتبان نمکیات حضرت صاحب کے لئے اور آپ کے لئے بھیجا جا رہا ہوں۔ حضرت صاحب کے لئے صوف چکر بھیجا جا رہا ہے۔ حضرت صاحب اپنی لوف سے ہمائی اور میرے روغن بادام شاہ صاحب اپنی لوف سے لا رہے ہیں۔ بادام روغن خود نکلوایا ہے۔

(۳) حاجی میاں دارا صاحب کو ایک بوتل مکہ دے دی گئی ہے۔ یہ ان سے وصول کریں۔

(۴) بابا غلام قادر صاحب آپ کی دعا سے اچھے ہو گئے ہیں

Marfat.com

استدراک

Marfat.com

مدینے کے حلقے خط بھجوا دیں - ایروں غیروں کے ہاتھ آنے والے

۷۸۶ / ۹۲

۱۵ر نومبر ۱۹۷۲ء

اخی مکرم محب الفقراء والمساکین الحاج محمد عارف رضوی ضیائی جیسی صاحب زید لطفہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ - مزاج شریف ؟

خیریت جانبین نیک مطلوب ہے ۔

خدا آپ فنافی المدینہ کا مرتبہ عطا کرے اور آپ ہم سبکو وقتاً فوقتاً مدینہ منورہ

(۱) ہی میں بلائے اور وہیں ہمکو مرنے کی کوشش میں لگا رہنے دے ۔۔۔ آمین !

---

(۲) حضرت میر محمد حسن شاہ صاحب کے ہاتھ مبلغ بیس روپے بھیجے رہا ہوں - یہ شیب کے لئے ہیں -

---

(۳) قصیدہ بردہ شریف کی تحریری اجازت حضرت صاحب قبلہ مدظلہ سے لیکر بھیجدیں - ولیے میں یہ قصیدہ دس سال سے با اجازت پڑھتا ہوں - مگر مدینہ شریف کی اجازت بڑی چیز ہے -

---

(۵) بہت ضروری بات یہ ہے کہ انجمن تکمیل الزنا خلیل صاحب کے ذریعے مہر بلوا لیں ۔ ہے - اس سلسلے میں مشورہ ہوں -

۳ / ۲۰ / ۱۶

خانصاحب صاحب شہر قبوری سے سفید - بادام اور مغز اخروٹ جگر شیرازی

۳ / ۱۶

عرائض آپ کو مل گیا ہوگا -

---

(۶) دعا - الفنہ خان صاحب خورشید کو دے دیا جائے -

والسلام مع الاحترام

محمد یوسف عفی عنہ

حضرت شاہ صاحب کے ہاتھ مندرجہ ذیل اور سفوف جگر ارسال ہیں - حضرت مولانا نعیم صاحب کے لئے ارسال ہوا ہے ایک آپ کی نذر اور ایک حضرت صاحب کی

Marfat.com

یادگارِ امام اہلسنت مجدد ملت اعلیٰحضرت مولانا مفتی شاہ محمد احمد رضا خان قادری بریلوی قدس سرہ العزیز

مرکزی مجلس رضا

۱۹- چاہ بھائیانوالہ، نیا مزنگ، لاہور

نمبر ۵۱

تاریخ ۱۰۷۵ھ

بردم عبارت نمبر

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ آپ کی [illegible]

مقبول و منظور ہوئی جس کی دلیل آپ [illegible]

بھی زیادہ کامیاب ہوتا ہے۔ استمرار [illegible]

واللہ ولی التوفیق "کتاب امدکار" کے [illegible]

کرتے لگا دیئے جائیں۔ حقیقۃ القول [illegible]

بطور پیش خیمہ ہے وگرنہ کتاب [illegible]

بارگاہِ رضوی میں نذرانۂ عقیدت پیش کرنے کی [illegible]

۲۶ دن کو جلسہ کے بعد مکمل نقشہ جو ارسال خدمت عالی ہے [illegible]

والسلام

[illegible]

Marfat.com

فیضِ رضا پائندہ باد

۱۔ انکشافِ لفوتِ احمد رضا پائندہ باد ۔ ۔ ۔

۲۱

برادرم ... زید لطفہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ مزاجِ گرامی؟ امید ہے بخیر ہوں گے۔

جو مضمون ہے اس میں آن مسئلوں کی بیان کیا گیا ہے۔ اور اس

"الدولۃ المکیہ" کی اشاعت کو دو مہینے سے بھی زائد ہو گئے ہیں

اول تو میرے جو مراسلے دعا کی خدمت میں پیش ہوئے ان کا جواب

کا جواب آنا چاہیے۔ اگر فرصت سے تو دو ایک سطر تحریر فرما دیں

کسی قدر مندرجہ ذیل چیزیں بھی ارسال فرما دیں تاکہ کام جاری

رہے۔ امید ہے میری تکلیف کا برا نہ منائیں گے۔

۱- رسالہ فکلۃ کی چند کاپیاں (مصنفہ اعلیٰحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

۲- میرا حسنون (اعلیٰحضرت مقتی صاحب)

۳- تمام نظمیں (متعلقہ انور رضا)

اگر فرصت نہ ہو تو مطبوعہ تین تالکہ میں خدمتی کسی انور کو بھیج

دیں۔ ایک دو انگوریں آپ کا مستحق بھی ہو گیا ہے۔ اگر کوئی مضمون بھی آیا ہو تو بھیج دیں۔ فقط

والسلام

مرسلہ:- اختر شاہجہانپوری مظہری

سی۔ بی۔ عابد مجید کالی سول

آر۔ کے۔ بارود۔ لاہور چھاؤنی

۱۲ اعظمی اتوار

بخدمت

جناب محمد عارف صاحب، حضور مرکز انوار رضا

۱۹ کشن سٹریٹ۔ چاہ میانوالہ

نیلمرنگ۔ لاہور

Marfat.com

۷۸۶/۹۳

جناب صدر گرامی قدر!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ مزاج گرامی ابلغ

[illegible] کی نوازش نامہ بذریعہ منی آرڈر موصول

پائی۔ شکریہ! حوصلہ افزائی کی ممنون ہوں۔ دوسرے

دوسرے نتائج کے لئے اقدام پر کچھ یاد ماہ

معارف سال بعد پیش کرتا ہوں۔

برادرم! جو قدم آگے اٹھ گیا ہے وہ پیچھے نہ ہٹے

پائے۔ آئندہ خدا چاہے تو پختگی سے قدم اٹھائے جائیں گے

مستقل مزاجی کے ساتھ اگر انتہائی مشقت اٹھانی

میں تعمیر میں شمار کیے جائیں۔ احقر اپنی استطاعت کے مطابق

کرتا رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ملنے قریب دفتر میں حاضر ہونے کی کوشش

کروں گا۔ فقط والسلام

احقر العباد:۔ اختر شاہجہانپوری عفی عنہ

۱۹/۱۰/۷۶

صحابی شاہد مجید کی آمد کل

آمد ۲۲ بار مہ لاہور جمعہ کو



بخدمت گرامی جناب محمد عارف جمیل صاحب

[illegible] مرکزی مجلس موضوعات لاہور

[illegible] محمد اسمٰعیل والد [illegible] نیا مزنگ

[illegible]

Marfat.com

۷۸۶
۹۲

جناب صدرِ گرامی قدر!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ عرض ہے کہ "الوحید رضا" کے مطلوبہ کثر مضامین کی تصحیح اور دیکھ بھال کی جا چکی ہے۔ لہٰذا اب کاتب کے سپرد کر دینے چاہییں۔ اس سلسلہ میں اب مزید دیر کرنا مناسب نہیں۔ احقر بیسویں نومبر سے قبا ب کی خدمت میں حاضر ہو جائے گا تاکہ آپ مضامین سنتے جائیں اور جانے والے لفافے بابین وجہ کوئی تعطل نہ ہو سکے۔ میرا خیال ہے کہ ہفتہ کے روز تاریخ 18 کو اگر ہم تینوں دن کے گیارہ بجے حکیم محمد موسیٰ صاحب کے دکان پر اکٹھے ہو جائیں اور اس سلسلہ میں حتمی مشورہ کر لیں تاکہ مزید دیر نہ ہو۔ امید ہے آپ ضرور تشریف لے آئیں گے۔ علاوہ ازیں فتاوی رضویہ کتاب النکاح کو اشاعت کا بھی جلد بندوبست ہو جانا چاہیے۔ آخر کار کی تصحیح

کا بھی کچھ حساب لگایا ہے۔ اس کے علاوہ چار مضامین آخر میں اور لکھنے ہیں اور یہ جملہ حساب چالیس روپے کے لگ بھگ ہو جائے گا۔ امید ہے ہفتے کے روز آپ دکان پر ضرور تشریف لے آئیں گے۔ فقط والسلام

مرسلہ:- اختر شاہجہان پوری

سی۔ بی۔ عابد مجید ہاشمی اسکول

آرائیں بازار۔ لاہور چھاؤنی

15/12/39



جناب محمد اورنگ زیب صاحب صدر مرکزی مجلس رضا

19 رجسٹریشن سرٹیفکیٹ۔ نیا مزنگ

لاہور

Marfat.com

۷۸۶
۹۲

برادرم حاجی محمد عارف نشتوی، زید!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ - مزاجِ گرامی قریباً ایک ہفتہ ہوا اختر شباب کے درِ دولت پر حاضر ہوا تھا لیکن زیارت نہ ہو سکی - فتاویٰ رضویہ کا مطالبہ مسودہ تیار ہے حکیم صاحب کے پاس ہیں لیجیا یا تقاضا اسی وجہ سے سائیکل پر حویلی بارسٹاپین میل کا سفر کیا تھا - عرض ہے کہ مذکورہ مسودہ اگر میسر آ جائے تو جلد طبع کرا لیا جائے حکیم صاحب قبلہ کے پاس سے لیجیے یا چاہیں تو کہہ دیں تاکہ میں 18/6 کو آ کر لے جاؤں -

فقط والسلام

اختر شاہجہان پوری

مکرمی محمد عارف رضوی صاحب .....

سیکرٹری انجمن رضا لاہور .....

روشن سٹریٹ ۲ نیا مزنگ

لاہور .....

اختر شاہجہان پوری

ت - ب - عابد مجید کاٹی اسکول

آ ر ص - بازار لاہور چھاؤنی

مورخہ ۱۲ اپریل سنہ ۱۹۷۱ء

Marfat.com

۷۸۶
۹۲

مکرمی جناب حاجی محمد عارف:

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ - مزاج گرامی ! فتاوی رضویہ
کتاب النکاح کے ریویو : شیخ کی ضمنی فہرست کے مطابق تو لگتا
ہے کہ پوری لیکن مرتبہ نقلی کی ضمنی فہرست مسودہ میں نہیں
ہے یعنی اس حصے کا دوسرا ورق یا صفحہ ۳ ، صفحہ ۴ شامل کتاب
نہیں ہے - تمام حصوں کو بار بار دیکھا گیا ان کی اندراج میں
موجود نہیں ہے - جناب اپنے علمی ذخائر کی پڑتال کریں شاید
ورق کسی دیگر حصے کے مسودہ کی کتابت یا اندراج میں مجلد کر
بات تو نہیں گیا ہے ؟ آخر کا مضمون "و اللہ تعالی اعلم"
شامل کتاب تو ہے یا نہیں ؟ والسلام

پوسٹ کارڈ
POST CARD
ٹکٹ
پتہ

حامد جناب محمد حامد رضوی صاحب
جامعہ مدینہ العلوم محمدی رضا - لاہور
سٹریٹ سوئیٹ ٹیلرنگ
لاہور

المستعار : احقر العباد
حاجی محمد عارف
آرائیں مارکیٹ - لاہور چھاؤنی

۸ ربیع الاول ۱۴۱۲ھ
۹۲-۱۲-۱

Marfat.com

SENDER'S NAME AND ADDRESS (PLEASE SHOW YOUR POSTCODE)

Maulana Muhammad Ibrahim Khushtar Siddiqi Qadri
NO.1, Cross Street,
Nelson, Lancs, U.K.

AN AIR LETTER SHOULD
NOT CONTAIN ANY ENCLOSURE;
IF IT DOES IT MAY BE SURCHARGED
OR SENT BY ORDINARY MAIL

SECOND FOLD HERE

BY AIR MAIL
AIR LETTER
PAR AVION AEROGRAMME

MEDIEVAL JOUSTING
TOURNAMENT
NELSON STADIUM CARR RD
SUNDAY 22ND AUG. 1976 3 P.M.
OFFICE NELSON 692890

10½P
VC10
AUG 1976
LANCS.

TO
Alhaj Muhammad Arif Razvi Ziai,
Markazi Majlis Raza,
Rau~~s~~han Street, Naya Muzang,
Lahore,
P A K I S T A N.

Marfat.com

۷۸۷/۹۲

بجس مرتبی صدیقی الحاج محمد عارف رضوی خیالی جعلک اللہ عارفا کما سمک عارف
آمین

پیسوم مسنون فیروز عافیت مزاج عالی

مولی تعالیٰ کریمے کہ آپ ہمیشہ وجوہ خیر و برکت اور راہ رضا میں رواں دواں
بحمدہ تعالیٰ آپ کی یاد تازہ۔ اور کار رضا میں سرگرم عمل کا آوازہ کانوں کو مسموع ہے،
مرکزی مجلس رضا کے زیر اہتمام لجاجت مزید کی آگاہی اور دیگر رسائل نامہ منسلکہ
کی رشاعت کی دست یاں کیئے یہ خبر مسطور حاضر خدمت کر رہا ہوں نیز
یہ جاننا چاہتا ہوں کہ اگر تمہید ایمان کا انگریزی ترجمہ مطبوعہ ہوا ہو تو چشم ما روشن
دل ما شاد ورنہ ترجمہ مذکور کا مسودہ مبیضہ راقم الحروف کو دیا جائے یہ بندہ رضوی آگاہی
کی جانب سے اشاعت کی سعادت حاصل کریگا احباب اہل سنت۔ ارکین مجلس رضا
حکیم اہل سنت حکیم محمد موسیٰ صاحب وغیرہ کی خدمت میں سلام۔ آخر دل خانہ خیر مزاج

والسلام

سب کو سلام و دعا۔ مکمل تازہ کوائف۔

کیسے آگاہ کن کا مسندہ جون رضا
بول بالے مری سرکار دن کے

بندہ عاجز۔ خوش تر
نزیل حال گزرن سنڈیمن۔ بلیسن
لنگانشائر۔ برطانیہ
8-8-1976

Marfat.com

خ ۱۵۵/صد/۱۷

PRESIDENT'S HOUSE
MUZAFFARABAD

۳ مئی ۸۱ء

مکرمی محمد عارف صاحب

السلام علیکم۔

۱۶ مئی کو یوم رضا کے جلسہ میں شمولیت کیلئے محترم مولانا محمد سعید اللہ نقشبندی صاحب کے مکتوب مورخہ ۲۱ اپریل کے ساتھ مجھے آپ کا مراسلہ بھی مل گیا ہے۔ جس کیلئے میں آپ کا شکر گزار ہوں۔

پروگرام کے مطابق ۱۶ مئی کی شام مجھے محبنگ سے واپس لاہور پہنچنا تو ہے لیکن عین ممکن ہے کہ کسی وجہ سے مقررہ وقت پر نہ پہنچ سکوں اور اسطرح جلسہ کی صدارت کیلئے آپ کی پُرخلوص پیش کش سے مستفید نہ ہو سکوں۔ چنانچہ مہربانی فرما کر صدارت کیلئے کسی اور صاحب کا انتخاب فرما لیجئے۔ اگر میں بروقت لاہور پہنچ گیا تو جلسہ میں شرکت کرکے مجھے خوشی ہوگی۔

حضرت مولانا محمد سعید اللہ نقشبندی صاحب سے سلام عرض کر دیجئے۔ والسلام

مخلص

محمد عبداللہ البیجی

بخدمت محمد عارف صاحب
صدر مرکزی مجلس رضا
روشن سٹریٹ۔ نیا مزنگ
لاہور۔

Marfat.com

ٹیلیفون نمبر ۶۸۳۵۲

جامعہ نظامیہ رضویہ (رجسٹرڈ)
اندرون لوہاری گیٹ لاہور

بحوالہ نمبر _____ مورخہ ۱۸ - ۱۰ - ۱۹۶۹ء

۷۸۶

مکرمی محترمی سید درس حسین صاحب ۔ السلام علیکم ۔

حمد و نعت و منقبت

گذارش ہے ۔ جناب کی گرانی میں جلسہ ہوا ۔ حسن انتظام قابل دید تھا ۔ جلسہ حسب فرمان شاہ ہمدان رحمۃ اللہ علیہ بخیر و عافیت اختتام کو پہنچا تھا ۔ مدعا عرض خدمت ہے کہ جلسہ کے اخراجات مدرسہ آنسہ کے ذمہ ہوئے ہیں ۔ رقم کا انتظام فرمائیں تسلیم کرنے کی بھی عملاً کام مشغول ہوں ۔ لفافہ وقت پر ارسال خدمت ہے ۔ کرنے سے معذور ہوں ۔ امید ہے عنایت فرمائیں گے ۔ والسلام

Marfat.com

منجانب :- ملک محمد اکبر خان ساقی اُترآء

بمقام اُترآء ۔ نزد فتانہ آباد ۔ ضلع سرگودھا

۱۰ ۔ ۱۰ ۔

محترم جناب محمد عارف صاحب زید مجدہ !

السلام علیکم ! امید ہے مزاج گرامی بخیر ہونگے ۔

جناب ؟ گرامی نامہ اور ارسال کردہ کتب بغور و تفصیل پڑھیں ۔ یاد فرمائی کیلئے آپ ؟ ازحد ممنون ہوں ۔ جلسہ میں شریک ہونا میرا دینی و مذہبی فریضہ تھا ۔ جسے میں نے پورا کیا ۔ اس میں شکریہ کی کیا بات ہے ۔ ہاں آپ جیسے بہت تو جوانوں کی ہمت افزائی کی داد دینی پڑتی ہے ۔ جنہوں نے باوجود مشغولیت کے اس اہم موقع پر جلسے کا انتظام کیا ۔ آپ ؟ وقت میرے نزدیک تابل صد تحسین و تبریک ہیں ۔ اللہ تعالیٰ آپ کے اس جذبہ میں مزید اضافہ فرمائے (آمین)

ہزار بندہ تیرے جذبوں کا سلسلہ دراز کرے ۔

کرایہ وغیرہ کیلئے آپ ؟ فکر نہ کریں ۔ اور نہ ہی یہ کوئی بڑی بات ہے ۔ آپ نے تو اپنی معمولی سی بات کو محسوس کر کے تکلف کا اظہار فرمایا ہے ۔ معلوم یہی ہوتا ہے کہ آپ نے یہ سمجھا کہ ساقی کچھ محسوس کر کے نہ گیا ہو ۔ والا نکہ مجھے اس عظیم الشان جلسہ کی انتظامیہ اور پھر آپ جیسے مخلص جوان نوجوانوں کی محنت و لگن سے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا ہے آپ کے خلوص ۔ مروت اور اخلاص کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ آپ ؟ کا حکم قابل داد ہے ۔ کرایہ بھیجنے کی ہرگز ضرورت نہیں ۔ میں یہ سمجھوں گا کہ ایک دوست کی ملاقات کیلئے لاہور گیا تھا ۔ جس سے کچھ علم و دانش نے مجھے اپنے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صدقے بہت کچھ دیا ہے ۔ شاید جناب کو معلوم نہ ہو کہ میں یہاں کی ایک نعرہ باز تحریک سے تعلق رکھتا ہوں ۔

P.T.O

Marfat.com

Marfat.com

۷۸۶/۹۲

منجانب :- ملک محمد اکبر خان ساقی اُتراء

بمقام اُتراء۔ نزد شاندآباد۔ ضلع سرگودھا

22.4.70

واجب الاحترام جناب محمد عارف صاحب۔ زید مجدہٗ!

سلام مسنون! خدا کرے کہ آنکہ۔ اُمید ہے مزاجِ گرامی بخیر ہونگے۔

جناب کی طرف سے مجددِ دین وملت قبلہ شاہ احمد رضا خانصاحب بریلوی قدس سرہٗ کے سالانہ عرس شریف میں شرکت کی دعوت موصول ہوئی۔ یاد فرمائی کیلئے آپ کا ممنون ہوں۔ اس سے قبل آپ کا کارڈ بھی ملا تھا۔ جواباً بندہ نے عرض کیا تھا۔ کہ انشاءاللہ تعالےٰ حاضر ہو جاؤں گا۔ اب آپ کی طرف سے دوسرا خط ملا ہے۔ بندہ انشاءاللہ تعالےٰ اس مبارک تقریب میں حاضر ہو کر اور تقریر کر کے فرزد سعادت حاصل کریگا۔ ویسے تو میں کے راہ راست کو لدھیانہ پہنچ جاؤں گا۔ لیکن آپ کی سہولت 26 راپریل صبح 8 بجے بسرکت علی ہال میں ہوگی۔ آپ مطمئن رہیں۔

پہلے خط میں بندہ نے زر تعاون کے متعلق لکھا تھا۔ لیکن تادم تحریر تشہیر اشتہار موصول نہیں ہوئے۔ بہتر ہے کہ خط ملتے ہی فوری طور پر پوسٹر ارسال فرما کر ممنون فرمائیے۔ تاکہ مکمل پروگرام سے آگاہی ہو سکے۔ شکریہ!

جملہ احباب و اراکین مجلس کی خدمت میں سلام۔

فقط مخلص خادم

Sa[illegible]
22.4.70

ملک محمد اکبر خان ساقی

ناظم اعلیٰ انجمن تحفظ ناموس رسالت
بمقام اتراء نزد قائدآباد ضلع سرگودھا

Marfat.com

۷۸۷/۹۲

منجانب :- ملک محمد اکبر خان ساقی اُتراء

بمقام اُتراء۔ نزد فتح آباد۔ ضلع سرگودھا

واجب الاحترام جناب محمد عارف صاحب۔ زید مجدہٗ

صدر مرکزی مجلس رضا ـــــــ لاہور

السلام علیکم! خدا کرے آپ بخیر و عافیت ہوں گے۔ آپ کے مزاج گرامی بخیر ہونگے۔ جناب کی طرف سے مرسلہ خط اور رسالہ تجلی المشکوٰۃ موصول ہوا۔ یاد فرمائی کیلئے آپ کا انتہائی ممنون ہوں۔ پتہ بالکل ٹھیک تھا۔ صرف نام غلط لکھا تھا۔ براہ کرم آئندہ کیلئے اوپر چھپا ہوا پتہ نوٹ فرمالیں تاکہ جب کبھی ضرورت پڑے۔ آپ کے پاس پتہ وغیرہ کنفرم ہو۔

۔ اس دفعہ انشاء اللہ تعالیٰ "یادِ مجدد دین وملت قبلہ اعلیٰحضرت" کا عرس نہایت اہتمام سے منایا جائیگا۔ آپ کے مرکزی دفتر میں بھی باقاعدگی سے ہونے والی کارروائی کی روئیداد بھیجی جائیگی۔

۔ اخبارات کیلئے بتہ مضمون تیار کر رکھا ہے۔ مختلف رسائل و جرائد میں بھیجے جائیں گے آپ اخبارات کے دفاتر میں جاکر انہیں اعلیٰحضرت پر باقاعدہ نمبر نکالنے پر آمادہ کیجئے۔ انشاء اللہ عزیز اس میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔ ہم یہاں سے اپنے طور پر مختلف اخبارات کو اس بارے میں لکھ رہے ہیں۔

۔ مدہوش میں ہونے والے تاریخی اجلاس میں آپ کے یاد فرمانے پر انشاء اللہ حاضر ہوکر نیاز حاصل کروں گا۔

۔ مجموعہ مقالات کیلئے جناب کے مضمون کا منتظر ہوں۔ میں آپ کا انتہائی ممنون ہوں گا اگر آپ اس کو قابل سمجھیں۔ محرم کی وجہ سے تقاریر کے پروگرام قدرے زیادہ ہیں۔ لیکن انشاء اللہ

Marfat.com

چند دن تک وقت نکال کر ایک اچھا سا جلسہ مختصر ہی کیوں نہ ہو۔ بعضوں
بھیج کر شرکت کی سعادت حاصل کروں گا۔

ایک بار آ فرصت پھر آ ہے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جملہ ساتھیوں کو
میری طرف سے سلام عرض کر دیجئے۔

فقط خاکسار خادم

Saqi

ملک محمد اکبر خان ساقی اتراء

ناظم اعلیٰ انجمن تحفظ ناموس رسالت
بمقام اتراء نزد قائدآباد ضلع سرگودھا

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

واہ کیا مرتبہ اے غوث ہے بالا تیرا — اُنچے اونچوں کے سروں سے قدم اعلیٰ تیرا
سر بھلا کیا کوئی جانے کہ ہے کیسا تیرا — اولیاء ملتے ہیں آنکھیں وہ ہے تلوا تیرا
کیا دبے جس پہ حمایت کا ہو پنجہ تیرا — شیر کو خطرے میں لاتا نہیں کتا تیرا
تو حسینی حسنی کیوں نہ محی الدین ہو — اے خضر مجمع بحرین ہے چشمہ تیرا
تجھ سے در، در سے سگ اور سگ سے ہے مجھکو نسبت — میری گردن میں بھی ہے دور کا ڈورا تیرا
اس نشانی کے جو سگ ہیں نہیں مارے جاتے — حشر تک میرے گلے میں رہے پٹا تیرا
بد سہی، چور سہی، مجرم و ناکارہ سہی — اے وہ کیسا ہی سہی ہے تو کریما تیرا

فخر آقا میں رضا اور بھی اک نظم رفیع
چل لکھا لائیں ثنا خوانوں میں چہرا تیرا

(حدایق بخشش۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

السلام علیکم جناب فقیہ ملت صاحب اوّل اللہ سلمہ

السلام وعلیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مزاج آپ کا مع عزیزہ عائشہ سلمہا اللہ تعالیٰ بخیر ہوگا۔ الحمدللہ کہ

اس سال دنیا یا دکھیڑ کر دل عاشق ہوگیا الحمدللہ کہ

بعد از بعد اللہ تعالیٰ مزید کو توفیق تبلیغ مرحمت

فرمائے۔ عرض ضرورت یہ ہے کہ آپ اپنے نام جاری

جامعہ نظامیہ مروجہ آپ علمہ وسالم ارسال فرمائیں

سالانہ مدرسہ میں دیگر بھی ہمت سے مدد ہوجائے

اس لئے آپ کو کم از کم پانچ عدد سالمے اور ارسال فرمائیں

بہرحال خدا کے لئے تو فرد بھی ارسال فرمائیں

العبد

الراقم محمد گل احمد خان عفی عنہ

خادم التدریس جامعہ نظامیہ رضویہ

اندرون لوہاری دروازہ لاہور

۷۸۶

۱۲ ربیع الاول ۱۳۹۷ھ

جناب مولانا مفتی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مزاج آپ کا مع عزیزہ عائشہ سلمہا اللہ تعالیٰ بخیر ہوگا۔ الحمدللہ کہ

اس سال دنیا یا دکھیڑ کر دل عاشق ہوگیا الحمدللہ کہ

بعد از بعد اللہ تعالیٰ مزید کو توفیق تبلیغ مرحمت

فرمائے۔ عرض ضرورت یہ ہے کہ آپ اپنے نام جاری

جامعہ نظامیہ مروجہ آپ علمہ وسالم ارسال فرمائیں

سالانہ مدرسہ میں دیگر بھی ہمت سے مدد ہوجائے

اس لئے آپ کو کم از کم پانچ عدد سالمے اور ارسال فرمائیں

بہرحال خدا کے لئے تو فرد بھی ارسال فرمائیں

العبد

الراقم محمد گل احمد خان عفی عنہ

خادم التدریس جامعہ نظامیہ رضویہ

اندرون لوہاری دروازہ لاہور

Marfat.com

بعالی خدمت

جناب مولانا محمد عارف صاحب زیدت مکارمہ

سرکزی مجلس رضا

۱۹ - چاہ بھائیاں نوالہ، نیا سرنگ

Lahore W. Pakistan

Marfat.com

۷۸۶

عرض داشت - مسلم یونیورسٹی، علیگڑھ
۱۲ مئی ۱۹۲۹ء

مخدومی و معظمی زیدت مکارمکم و ارتفاعکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ - گرامی نامہ موصول ہوا - آنجناب کے ارشاد کی تعمیل ضرور کروں گا اور المتخلص بہ مغفور و مرحوم کے متعلق جو کچھ معلوم ہے لکھ کر اپنی نیازمندی کے ثبوت کے علاوہ اپنے مرجع عقیدت و ملاذ دینی کے حق میں ایک ننھا سا گوشت پوست آپ کے قدردانوں کو واضح کر سکے اور نئی حیثیت سے متعارف کرا سکے اور امکان بھر آپ کی شعرگوئی کی عمر ابھی حیثیت متعین کرنے میں اپنی سعادت محسوس کروں گا - فی الحال میرے پاس تمام مواد نہیں ہے - راسخ جا کر میں پہلا کام یہی کروں گا اور خدا نے چاہا تو جون کے آخر تک آپ کی خدمت میں ضرور روانہ کر دوں گا - میرا خیال ہے کہ سوانح زیادہ مفصل نہ لکھے جائیں - صرف پندرہ بیس سطروں میں تعارف کرا کے عمر بھر شاعری کے متعلق لکھوں اور نمونہ کلام پیش کرتے ہوئے عمر بھر اشعار کا اردو میں ترجمہ بھی کر دوں - آپ صرف اتنا اور فرما دیجئے کہ کس قدر اشعار کا انتخاب کیا جائے - راقم اس ماہ میں فارغ ہو جائیگا - آئندہ اللہ جل شانہ نے چاہا تو مراسلہ بھیجا جائے گا -

عاصی بفضل ربہ متعال بعافیت ہے - خدا آپ کو بھی ہر طرح بخیر رکھے - آمین !

مولانا مرحوم کی خدمت کے پیش از پیش مواقع عطا فرمائے - آمین ! آپ کے مشن کو کامیاب بنائے اور آپ کی مساعی قبول فرمائے - آمین ! فقط نیازمند

عاصمہ [illegible]

Marfat.com

صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری

مدیر ماہنامہ نورِ اسلام ⑨ ہفت روزہ سفینۂ اسلام

ناظمِ دار المبلغین حضرت میاں صاحب آستانہ عالیہ حضرت

میاں شیر محمد صاحب شرقپور شریف ضلع شیخوپورہ (مغربی پاکستان)

Marfat.com

LAHORE PHONE
ESTD. 1937 LYALLPUR PHONE - 2204
PAKISTAN'S PIONEER NEWSPAPER
Daily "SAADAT" Lyallpur
Published Simultaneously from Lyallpur and Lahore

Ref. No.....

Dated...30/4/70...

Marfat.com

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض: عذاب فقط روح پر ہوتا ہے یا جسم پر بھی؟

ارشاد: روح وجسم دونوں پر۔ یوں ہی ثواب بھی حدیث میں ہے۔ ایک لنجھا کسی باغ کے سامنے پڑا تھا اور میوے دیکھ رہا تھا مگر اس تک جا نہ سکتا تھا۔ اتفاقاً ایک اندھے کا اس طرف گزر ہوا کہ باغ میں جا سکتا تھا مگر میوے اسے نظر نہ آتے۔ لنجھے نے اندھے سے کہا تو مجھے باغ میں لے چل وہاں جا کر ہم اور تم دونوں میوے کھائیں۔ اندھا اس کو اپنی گردن پر سوار کر کے باغ میں لے گیا۔ لنجھے نے میوے توڑے اور دونوں نے کھائے اس صورت میں کون مجرم ہوگا۔ دونوں ہی مجرم ہیں۔ اندھا جسم ہے اور لنجھا روح۔

(ملفوظات۔ امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عرض: قبر کھودی وہاں مردے کی ہڈیاں نکلیں تو کیا کیا جائے؟

ارشاد: اگر اور جگہ مل سکتی ہے تو ہرگز اس میں دفن نہ کریں اور اس قبر کو بدستور درست کردیں ورنہ ان ہڈیوں کو ایک طرف رکھ کر حائل کا فصل دے کر اس کو دفن کریں اور اگر یہ معلوم ہو کہ پہلے یہاں قبر تھی اگر چہ اب یہاں نشان باقی نہ رہا تو اس صورت میں وہاں قبر کھودنا جائز نہیں ہاں اگر کوئی جگہ اور نہ مل سکے اور یہ قبر پرانی ہو چکی ہو تو مجبوراً جائز ہے۔

(ملفوظات۔امام احمد رضا خاں قادری)

Marfat.com

۶۲

محترم و مکرم حضرت الحاج فخر عارف قادری صاحب ناظم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ؛

اس سے پہلے کچھ تحریروں احقر کی طرف سے سرکار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حضور ہدیہ درود و سلام پیش کر کے مجھ ناچیز پر احسان فرمائیں۔ پچھلے دنوں احقر حضرت علامہ عبدالحلیم اختر شاہجہانپوری مدظلہ العالی کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوا۔ حضرت صاحب نے خلوص و محبت بھرے جذبات میں آپ کا ذکر خیر کیا۔ احقر نے آپ کا سلام بھی حضرت صاحب کی خدمت میں کہہ دیا۔ یوں آپ کے خصائص بیان ہوتے گئے وقت کا پتا ہی نہ چلا مرکزی مجلس رضا کے متعلق بھی آپ کے حوالہ سے کافی معلومات ملیں۔

بہر حال حضرت مولانا صاحب نے کچھ کتب آپ کو ارسال کرنے کو دی

Marfat.com

ہیں۔ جو احقو ارسال کر رہا ہے۔ کچھ باقی رہ گئی ہیں وہ آئندہ
ارسال کروں گا۔ آپ کتابوں میں موجود "مرکزی مجلس امام اعظم
ایڈریس سے سلام شاہجہانپوری مدظلہ" کو فوری خط لکھ دیں۔ بعد
کی وصولی کی اطلاع بھی فوری دیں۔ عرض ہے۔ اس سے قبل
علامہ صاحب نے جو کتب بھجوائی تھیں وہ تو آپ کو معلوم ہے
کہ تونگیرہ شریف کے خواجہ صاحب کی نظر ہو گئیں۔

اب علامہ صاحب اور احقو کی طرف سے سلام قبول
فرمائیں اور دعا کی درخواست

فقط

فخر فیاض الدین عفی عنہ
۹۳/۴/۲۵

ادارہ تعارف نعمانیہ
323-شادباغ لاہور 54900
پاکستان

Marfat.com

مکتبہ قادریہ

جامعہ نظامیہ غوثیہ دربار منڈی لاہور

حوالہ نمبر ..... ۷۱۶/۹۲ تاریخ 22-3-96

محترم و مکرم فضیلۃ الشیخ محمد عارف المدنی اکرمہ اللہ تعالیٰ وجعل

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! البقیع الشریف مثواہ ومثوای

آپ کا مکتوب گرامی موصول ہوا، اسد نظامی صاحب کے بارے میں شکایت کا آپ نے صحیح ازالہ فرمایا، شکریہ!

جناب حافظ فیاض احمد صاحب آپ کا مکتوب گرامی پہنچانے کے بعد نہیں ملے، نہ ہی انہیں دلائل الخیرات شریف دکھائی، جو کچھ فقیر سے ہو سکے اس کے لئے حاضر ہوں

عزیزم ممتاز احمد سدیدی صاحب جامعہ ازہر مصر میں داخلے کے لئے کامیابی کی دعا فرمائیں، ایڈریس یہ ہے: عمارہ رقم ۲۷۔ صالۃ المذاکرۃ، الدور الثانی مدینۃ البعوث الاسلامیۃ العباسیۃ۔ بالقاہرہ۔ مصر۔

راقم داتا صاحب قدس سرہ کے قدموں میں قادری منزل نزد سستا ہوٹل ایک مکتبہ قادریہ قائم کر چکا ہے جس کی بنا پر مصروفیت بڑھ گئی اور وقت پہلے سے کم رہ گیا ہے۔

ھدایۃ السالکین کے بارے میں گزارش یہ ہے کہ میں نے وہ کتاب چھپنے کے بعد دیکھی، مجھے ایک استفتاء دیا گیا تھا جس میں چھ سات سوال تھے، ایک سوال یہ تھا کہ جو شخص بندے کے کاسب ہونے کا انکار کرے اس کا کیا حکم ہے؟ میں نے لکھا کہ وہ کافر ہے، غالباً اسی کو بنیاد بنا کر اور مرید ہونے کے ناطے

Marfat.com

تصدیق کنندگان میں میرا کوئی نام شامل کر دیا گیا۔ میں بعض بااثر احباب سے کہا ہے کہ آئندہ میرا نام شامل نہ کیا جائے، میرا حضرت اخندزادہ سیف الرحمٰن صاحب سے رابطہ بھی ہے اور نہ ہی آمدورفت ہے جیسے کہ آپ کے علم میں آچکا ہے۔

آپ جانتے ہیں کہ الحمدللہ محض دنیا کی دولت حاصل کرنا نہ تو میرا مقصد ہے اور نہ ہی مجھے اس کا ڈھنگ آتا ہے، نتیجہ یہ ہے کہ اب تک زمین خرید کر اپنا مکان نہیں بنا سکا۔

محفل ذکر اب بھی ہوتی ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ کچھ وقت اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے مختص کر دیا جائے، اگر کوئی آجائے تو اسے بھی شامل کر لیا جائے ورنہ ذکر تو اکیلے بیٹھ کر بھی کیا جا سکتا ہے، الحمدللہ! اخبار ہائے سال سے یہ سلسلہ جاری ہے، جتنے احباب موجود ہوں ان میں لنگر بھی تقسیم کیا جاتا ہے، ان سے طلب بھی کچھ نہیں کیا جاتا۔ دین متین، ذکر اللہ، تبلیغ اور مسلک اہل سنت کے بارے میں گفتگو بھی ہو جاتی ہے۔ اسے آپ ذکر کی مجلس یا جو بھی نام دے لیں آپ کو اختیار ہے۔ حضرت مولانا ریحان رضا خان صاحب سے خلافت تو آپ لے کر دے ہی چکے ہیں۔ حضرت مولانا فضل الرحمٰن المدنی مدظلہ العالی سے بھی اجازت لے دیں تو ممنون ہوں گا۔

آجو بین الدفتین سطور ہے ضرورت ہے کہ الزبدۃ الزکیۃ، بحل النور فی بعض النساء عن زیارۃ القبور، جلی الصوت لنھی الدعوۃ امام الموت یا منزل العین ایسے رسائل کا اختصار ترجمہ پیش کیا جائے، اقامۃ القیامۃ، طرد الدفاعی یا حسام الحرمین دو رسالے

Marfat.com



صورة القلعة خيبر.	KHAIBAR CHARGE	HAYBER KALESININ GORUNTUSU.	GAMBAR BENFENG KHAIBAR.	قلعة خيبر (خيبر)	حقوق الطبع محفوظة لـ صلاح الصادي Copy Right for Salah Al-Saady TEL: 0806338945 P.O. BOX: 3271.

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالقادر

مقالہ

مولانا محمد منشا تابش قصوری

Marfat.com



مدینہ منورہ کی قدیم فصیل

Marfat.com





Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

تابش نور ضیاء حضرت ذوالمنن ہے زیدی

حشمت قبول

میری زندگی کے حسین ترین دن اور راتیں وہی ہیں جو دیارِ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں گزریں، مسجد نبوی میں جبہ سائی نصیب عالیہ میں دست بستہ صلوٰۃ وسلام کا طواف روضہ مقدسہ اور گنبد خضریٰ کا سایہ ریاض جنت کی بہاریں اور ہزاروں تبرکات کے مرکز مدینہ طیبہ کا ہر کنکر گوشہ گوشہ نگار!! اللہ اللہ!! یہ عنایت حیرت انگیز اور اس ناچیز پر کرم بیکراں سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور کیا کچھ نہیں ملا اور کیا کیا نہیں ملا۔

سب کچھ ملا جو مل گئی اس در کی حاضری
گو مفلس، مال زر خویش و اقربا سے جدا ہوا
تا بل تقاضا ہے مجھے جنت ہری نصیب

اس در کی حاضری سے تو قسمت بنا گئی

مدینہ عالیہ کے فیوض و برکات میں حضرت شیخ الاسلام مولانا ضیاء الدین احمد مدنی دامت برکاتہم العالیہ خلیفہ مجاز امام اہل سنت اعلیٰحضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ کی ذات گرامی بھی بحسنہٖ فیض ہے عالم اسلام کے گوشہ گوشہ سے آنے والے علماء و مشائخ اہل سنت کا آپ مرجع بنے ہوئے ہیں۔ آپ کے معتقدین و مریدین اور خلفاء کا وسیع حلقہ پاک و ہند کے علاوہ جنوبی افریقہ و دیگر بعید ممالک میں پھیلا ہوا ہے۔ آپ کی بارگاہ عالیہ میں اکابر نیاز مندی سے حاضری دیتے نظر آتے ہیں۔ اس جامع شریعت و طریقت شخصیت کا دستر خوان بڑا وسیع ہے۔ حج و زیارت کے سلسلہ میں مدینہ طیبہ حاضری دینے والے خوش نصیب مسلمان آپ کے در اقدس کی حاضری کو اپنی سعادت سمجھتے ہیں۔ میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تقریبات کا وسیع پروگرام بھی آپ کے معمولات میں شامل ہے۔ ربیع الاول کے چاند کا نظر آنا ہے۔ ربیع الاول کے چاند کا نظر آنا ہے۔ حاضرین میں سے کچھ لوگ کھانا کھاتے ہیں اور بقیہ کے لئے کھانا لگایا جاتا ہے۔ زائرین میں بعض ایسے بھی ہیں جو ارادۃً تناول کھانا میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلہ سے اس دستر خوان سے بہرہ ور ہوتے ہیں حالانکہ میلاد النبی میں انکی شرکت تا نوی حیثیت رکھتی ہے۔ مگر مہمان ہر آنے والے کو رسول کریم کا مہمان سمجھ کر خدمت کی جاتی ہے کسی دل دکھانا خوب کا شیوہ نہیں۔ ہر سال اگر کوئی آپ کی بارگاہ عالیہ میں عرض کرنا چاہے تو آپ خاموشی سے عرض و معروض سنتے ہیں آخر میں مختصر کلمات زبان سے تسلی و تشفی فرماتے ہیں۔ دسمبر ۱۹۷۳ء / ذوالقعدۃ المبارکہ ۱۳۹۳ھ

حسین ناچیز کو مدینہ منورہ میں حاضری کا سعادت نصیب ہوئی۔ بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صلوٰۃ وسلام عرض کرنے بعد ایک سو بیس جمع کے وقت آپ کے در دولت پر حاضر ہوا۔ دروازہ پر دستک

Marfat.com

جسے قبول ہوئی - دربار غوثیہ حقانیہ میں دست بوسی کے لئے حضرت کی طرف سے خلعت خرقہ و نقارہ حضرت پیر سید حمید حسین شاہ صاحب علی پوری مدظلہ

زمانے گئے ! مشاغل یاد آگئے - کل ہی حضرت کا یاد فرمانے کا

آگے بڑھا - قدمبوسی کا شرف نصیب ہوا - پھر تو آپ کی خدمت میں حاضری میرا معمول بن گیا - تقریباً ۳۷ سال

مدینہ منورہ حاضری رہی ان میں بیسیوں روز ایسے تھے جن میں حضرت کی زیارت سے فیض یاب ہوتا رہا

حضرت شیخ الاسلام دامت برکاتہم العالیہ کی نظر شفقت جو مجھ پر تھی اس کا بعض احباب اپنی محفل میں اظہار کرتے

رہتے تھے چنانچہ حضرت فقیہ اعظم مولانا ابوالخیر محمد نور اللہ البرکاتی القادری بانی و مہتمم دار العلوم حنفیہ غوثیہ لاہور (سابق استاد الاساتذہ

تو سر ملے ذرا تیرے در پہ جھکا !! مولانا ضیاء الدین احمد مدظلہ تو آپ کے پرانے مہربان تھے، چنانچہ زیر لب اس سعادت پر

اللہ تعالیٰ کا شکر بجالاتا - ایک روز حضرت فقیہ اعظم مدظلہ نے مولانا محمد شریف شرفپوری سے فرمایا جاؤ میری ڈاک

مولانا ضیاء الدین احمد قادری کے مکان سے لے آؤ - خیال رہے کہ ان ایام حضرت فقیہ اعظم مدظلہ بیمار تھے حج و زیارت کے سلسلہ میں

مدینہ منورہ حاضر تھے اور مولانا ضیاء الدین احمد کے قریب ہی قیام پذیر تھے - مولانا محمد شریف بعد از عصر

جب مولانا ضیاء الدین احمد کے مکان سے ڈاک لے کر حاضر ہوئے تو آپ نے مسند پر تشریف نہیں رکھتے تھے بلکہ حوائج ضروریہ

کے لئے بالاخانہ پر تشریف لے جا رہے تھے - مولانا شرفپوری نے سوچا - یہیں واپس چلتے !! تھوڑی دیر بعد

حضرت فقیہ اعظم نے ارشاد فرمایا مفتی ! اتم جاؤ - مولانا ضیاء الدین احمد قادری آپ کے پرانے مہربان تھے !!

راقم السطور جب کبھی بھی مدینہ منورہ حاضر ہوا تو ان تک حضرت کا مسند عالی تھا اور ایک "حبذوب تام" بالکل خاموش بیٹھے تھے

ان کی موجودگی میں راقم نے حضرت کے مسند کے نیچے سے تازہ ڈاک اٹھائی اور فقیہ اعظم کے خطوط نکال لایا - ساتھ ہی

فقیہ اعظم سے عرض گزار ہوا کہ حضور کا بقیہ تمام مسند خالی ہے ان کی عدم موجودگی میں میں یہ جسارت کی ہے - یہ سنتے ہی

فقیہ اعظم نے فرمایا تمہارا یہ قدم غلط اٹھا ہے - حضرت کی عدم موجودگی میں ایسا نہیں چاہئے تھا - میں اپنے یہ خطوط

نہیں سرہانہ واپس لے جاؤ - بندہ نے عرض کیا - خطوط آ چکے ہیں - ناچار بے دلی سے اٹھ کر دوبارہ لے جانے لگا تو بزرگ نے

ہنس کر فرمایا چلو آپ ملاحظہ فرمالیجئے ! حکم ہوا اس غلطی کی اگر حضرت سے معافی مانگو گے تو بخشے جاؤ گے

جائیں گے - میں نے عرض کیا اپنی اس جسارت پر نادم ہوں اور حضرت سے بعد از زیارت معافی طلب کر لوں گا

چنانچہ - بندہ دو ہفتے کی زیارت کے بعد حضرت شیخ الاسلام مدظلہ کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوا اور تمام واقعہ سنایا

اپنے کہنے ہوئے الفاظ پر شرمندگی کا اظہار کیا - یہ کسی غلطی نہیں !! یہ شفقت اور

عنایت ہے - اب جانے کا ارادہ ترک ہوا - حضرت کے حکم پر تھوڑا سا وقت حاضری میں اپنے

فقیہ اعظم نے فرمایا تمہارا یہ قدم غلط اٹھا ہے - حضرت کی عدم موجودگی میں ایسا نہیں چاہئے تھا - میں اپنے یہ خطوط

نہیں سرہانہ واپس لے جاؤ - بندہ نے عرض کیا - خطوط آ چکے ہیں - ناچار بے دلی سے اٹھ کر دوبارہ لے جانے لگا تو بزرگ نے

ہنس کر فرمایا چلو آپ ملاحظہ فرمالیجئے ! حکم ہوا اس غلطی کی اگر حضرت سے معافی مانگو گے تو بخشے جاؤ گے

جائیں گے - میں نے عرض کیا اپنی اس جسارت پر نادم ہوں اور حضرت سے بعد از زیارت معافی طلب کر لوں گا

چنانچہ - بندہ دو ہفتے کی زیارت کے بعد حضرت شیخ الاسلام مدظلہ کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوا اور تمام واقعہ سنایا

اپنے کہنے ہوئے الفاظ پر شرمندگی کا اظہار کیا - یہ کسی غلطی نہیں !! یہ شفقت اور

عنایت ہے - اب جانے کا ارادہ ترک ہوا - حضرت کے حکم پر تھوڑا سا وقت حاضری میں اپنے

فقیہ اعظم نے فرمایا تمہارا یہ قدم غلط اٹھا ہے - حضرت کی عدم موجودگی میں ایسا نہیں چاہئے تھا - میں اپنے یہ خطوط

نہیں سرہانہ واپس لے جاؤ - بندہ نے عرض کیا - خطوط آ چکے ہیں - ناچار بے دلی سے اٹھ کر دوبارہ لے جانے لگا تو بزرگ نے

ہنس کر فرمایا چلو آپ ملاحظہ فرمالیجئے ! حکم ہوا اس غلطی کی اگر حضرت سے معافی مانگو گے تو بخشے جاؤ گے

جائیں گے - میں نے عرض کیا اپنی اس جسارت پر نادم ہوں اور حضرت سے بعد از زیارت معافی طلب کر لوں گا

چنانچہ - بندہ دو ہفتے کی زیارت کے بعد حضرت شیخ الاسلام مدظلہ کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوا اور تمام واقعہ سنایا

اپنے کہنے ہوئے الفاظ پر شرمندگی کا اظہار کیا - یہ کسی غلطی نہیں !! یہ شفقت اور

عنایت ہے - اب جانے کا ارادہ ترک ہوا - حضرت کے حکم پر تھوڑا سا وقت حاضری میں اپنے

فقیہ اعظم نے فرمایا تمہارا یہ قدم غلط اٹھا ہے - حضرت کی عدم موجودگی میں ایسا نہیں چاہئے تھا - میں اپنے یہ خطوط

نہیں سرہانہ واپس لے جاؤ - بندہ نے عرض کیا - خطوط آ چکے ہیں - ناچار بے دلی سے اٹھ کر دوبارہ لے جانے لگا تو بزرگ نے

ہنس کر فرمایا چلو آپ ملاحظہ فرمالیجئے ! حکم ہوا اس غلطی کی اگر حضرت سے معافی مانگو گے تو بخشے جاؤ گے

جائیں گے - میں نے عرض کیا اپنی اس جسارت پر نادم ہوں اور حضرت سے بعد از زیارت معافی طلب کر لوں گا

چنانچہ - بندہ دو ہفتے کی زیارت کے بعد حضرت شیخ الاسلام مدظلہ کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوا اور تمام واقعہ سنایا

اپنے کہنے ہوئے الفاظ پر شرمندگی کا اظہار کیا - یہ کسی غلطی نہیں !! یہ شفقت اور

عنایت ہے - اب جانے کا ارادہ ترک ہوا - حضرت کے حکم پر تھوڑا سا وقت حاضری میں اپنے

Marfat.com

کہاں خلیفہ ہوں ۔ حضرت شیخ الاسلام مدظلہ نے فرمایا بیٹا اپنے استاذ کو اور بزرگوں کو چاہیے دعا
راقم جب بھی حضرت فقیہ اعظم کی خدمت میں حاضر ہوتا تو یہ بھی عرض کرتا کہ ناچیز نے آپ کے
پر حضرت سے دعا کی درخواست کرتا تھا !! میری زبان سے یہ لفظ ابھی مکمل نہیں ہوئے تھے کہ حضرت
فقیہ اعظم مدظلہ گویا ہوئے !! حضرت اچھا فرمایا یہ جملہ !! ابھی یہ جملہ میرے استاذ گرامی کی
زبان سے پورا ادا بھی نہ ہوا تھا کہ حضرت شیخ الاسلام فرمانے لگے !! مجھے چار شخصوں پر کامل اعتماد تھا
میرے اللہ کسان میں انہیں تصرف کی مکمل اجازت دے ۔

(۱) پیر سید حیدر حسین شاہ صاحب ملتانی
(۲) حاجی لال دین صاحب لاہوری
(۳) عزیز محمد یوسف حسان رضوی لاہوری
(۴) محمد شفاء الحسن فوری

یہ جملہ میری زبان سے نکلا ہی تھا ۔ گو حضرت نے انتہائی شفقت سے نوازا تاہم اس مذکورہ بالا واقعہ کے بعد
مجھے حضرت کی خدمت میں [redacted] تصرف تو نہ ملی بات مجھے اونچی آواز
سے کہنے کی جرأت نہ ہو سکی ۔ حضرت شیخ الاسلام مدظلہ شریعت و طریقت کا امام) اہل سنت و جماعت
کے مقتدا و پیشوا ہونے کے باوجود عاجزی و انکساری اور تواضع کا مجسمہ تھے ۔ کیا عرض کروں اس ناچیز
کو حضرت کا کس قدر نوازا اور میرے زنگ آلود دل کو [redacted] کتنی شفقت سے صاف اور پاک کیا ۔
راقم الحروف کا معمول تھا ۔ جب محفل میلاد شروع ہوتی تو میں کوشش کرتا کہ سب حاضرین تشریف لے جائیں تو ناچیز اکیلا رہ جائے ،
اور دل نہیں چاہتا تھا کہ جدائی ہو ۔ میں نے برتن اٹھانے اور صاف کرنے شروع کر دیئے ۔ ایک دو دفعہ حضرت
نے فرمایا یہ چھوڑو اور دھونا چھوڑ دو ۔ جب تمام برتن صاف کر چکا تو حضرت کی خدمت میں عرض کیا
حضور !! اور حکم فرمایا ۔ برتن صاف ہو گئے !! عرض کیا کر چکا ہوں ۔ اب کیسے یکسوں
مجھے تو ندامت محسوس ہو رہی ہے جس کا قلب سیاہ ہو وہ کیا کہے مگر آپ کی کمال عاجزی کا یہ عالم تھا کہ میں
کی خدمت میں دو تین دفعہ پیش کر چکا ہوں ۔ عرض کیا حضور برتن صاف کر چکا ہوں ۔ اور حکم ۔ !!
فرمانے لگے اب اگر میرا دل دھو سکتے ہو تو دھو دو ۔ !! ان کلمات کے بعد جو میری حالت
ہوئی الفاظ میں ان کو بیان نہیں کیا جا سکتا ۔ مختصر یہ کہ میرے [redacted] نے میرے
سیاہ داغوں کو تر کر دیا ۔ اور ہچکیوں کے ساتھ میں اجازت لیتا ہوا ۔ اپنے مکان پر [redacted] آیا ۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھوالقادر

مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام

اختتامیہ

Marfat.com



مرقد مبارک سیدنا علی ہجویری حضرت داتا گنج بخش رضی اللہ عنہ

Marfat.com

میاں محمد اویس قادری زید مجدہ
سجادہ نشین سیدنا علی ہجویری (داتا گنج بخش رضی اللہ عنہ) لاہور

حضرت سیدی محمد عارف قادری مدظلہ سے ہمارے خاندانی تعلقات ہیں۔اس بنا پر مجھے بچپن ہی سے آپ کی صحبت نصیب رہی۔ آپ کی محبت و شفقت بے مثال ہے۔ آپ کے لیل ونہار دیکھے اور جلوت وخلوت میں وقت گزارا، آپ کی خلوت کو جلوت سے بہتر پایا۔ دوستوں پر مہربان، اور محسنوں کے قدردان ہیں۔ عاجزی و انکساری آپ کی فطرت ہے، نفرت اور غیبت سے بیزار ہیں، کسی کے ظلم پر بھی زبان پر شکوہ کے الفاظ نہیں لائے۔ سیدنا اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں قادری رضی اللہ عنہ کی تعلیمات کے فدائی ہیں۔ مدینہ طیبہ میں اقامت کی تمنا، قادریت پر موت اور جنت البقیع میں تدفین کی تڑپ قابل تقلید ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مجددی مدظلہ العالی فرماتے ہیں:۔

''آپ نے بڑے تحمل اور بردباری اور استقامت کے ساتھ شدائد ومصائب برداشت کئے لیکن متزلزل نہ ہوئے صاحب استقامت ہیں۔ان کی زندگی حضور ﷺ کے جانثاروں اور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کے فداکاروں کے لئے مثالی نمونہ ہے''۔

''عاشق رسول (ﷺ) ہیں۔ انہوں نے عشق ومحبت کی منزلوں میں بڑی سختیاں جھیلی ہیں۔ ہمت نہیں ہاری، کامیاب وکامران لوٹے''۔

آپ حضرت قطب مدینہ سیدی ضیاء الدین احمد قادری مہاجر مدنی رضی اللہ عنہ کے مرید باصفا اور آپ سے مجاز و ماذون ہیں۔ اور دیگر متعدد علماء ومشائخ سے بھی خلافت واجازت

Marfat.com

حاصل ہے۔

مجھے حضرت سیدی قطبِ مدینہ علیہ الرحمہ کی دست بوسی کا بارہا شرف حاصل ہوا۔ آپ پر قطبِ مدینہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی بے شمار نوازشات وعنایات دیکھنے میں آتی رہیں۔ آپ پر سیدی قطب مدینہ کے انعام وکرام کی بارشیں ملاحظہ فرماتے ہوئے بعض حضرات کو ان کے بارے میں سوال کرتے ہوئے سنا گیا۔

''کیا آپ سیدی قطبِ مدینہ کے صاحبزادے ہیں''؟

بعض حضرات کو دیکھا گیا کہ وہ سیدی قطبِ مدینہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوتے ہوئے اپنا تعارف سیدی محمد عارف قادری ضیائی کی نسبت وتعلق سے کراتے۔

فقیر حضرت مجاہد ملت علامہ محمد حبیب الرحمٰن عباسی قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی زیارت سے مشرف ہوا۔ ایسا عاشقِ رسول (ﷺ) اور عجز وانکسار والا انسان زندگی میں نہیں دیکھا۔ حضرت سیدنا غوث اعظم سید عبد القادر جیلانی قدس اللہ سرہ العزیز سے ایسا عشق تھا کہ ہر ملنے والے کو بڑے ہی عجز ونیاز سے فرماتے:۔

''میرے لئے دعا کردو، قادری مروں اور مدینہ شریف کی مٹی نصیب ہوجائے''۔

سیدی محمد عارف قادری سے ایسا گہرا تعلق تھا، جو الفاظ میں بیان کرنا ناممکن ہے۔ جب مجھے آپ کی دست بوسی کی سعادت حاصل ہوئی، تو میں نے اپنا تعارف اس طرح کرایا، حضور میں حضرت محمد عارف قادری کی بہن کا بیٹا ہوں۔ آپ کا نام سنتے ہی حضرت مجاہد ملت علیہ الرحمہ نے میرے پاؤں کو چوم لیا۔ میرے رونگٹے کھڑے ہوگئے، بدن پسینہ میں شرابور ہوگیا، کپکپی طاری ہوگئی، کچھ دیر مبہوت رہا۔ ایسا تو کبھی بھی میرے تصور میں بھی نہ آسکتا تھا، ایسے عظیم انسان جن کی قطبِ مدینہ علیہ الرحمہ تعریف فرمائیں، جو مجاہدِ اعظم ومناظرِ اعظم، امام المتقین ورئیس التارکین، قدوۃ الساکین وزبدۃ العارفین کے القابات سے مشہور ومعروف ہوں، کسی کی محبت میں ایسا بھی کرسکتے ہیں!

پہلی مرتبہ لاہور میں سیدی محمد عارف قادری کے دولت کدہ پر حضرت مولانا علامہ

Marfat.com

فضل الرحمٰن قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی زیارت سے مستفیض ہوا۔ الحمد للہ پھر مدینہ طیبہ میں عرصہ دراز تک آپ سے فیض حاصل کرتا رہا، آپ بے حد کریم اور سخی تھے، وسعت علمی اور وسعت قلبی میں اپنی مثال آپ تھے۔ جب میں مدینہ شریف میں پہلی مرتبہ آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو سلام مسنون کا جواب عنایت فرماتے ہوئے فرمایا:

''ہمارا بھائی عارف کیسا ہے''؟

اور پھر آپ کی زبان مبارک سے مختلف اوقات میں ان کے بارے میں یہ کلمات سنے گئے:

(۱) بھائی عارف ایک عرصہ سے سیدی والدِ ماجد علیہ الرحمہ سے وابستہ رہے ہیں۔ ان کو جس قدر والدِ جلیل سے صحبت رہی ہے یہ شرف کم ہی افراد کو نصیب ہوا۔ ان کی جلوتوں اور خلوتوں کو انہوں نے بھرپور دیکھا ہے۔

(۲) ہمارے گھر میں آپ کو پورا اختیار ہے، جو چاہو بغیر اجازت کے لے جا سکتے ہو۔

(۳) ہمارا اور آپ کا مقام برابر ہے آپ بھی سیدی والد صاحب قبلہ رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ ہو اور میں بھی۔

(۴) آپ ہمارے وکیل ہو، جس کو چاہو ہمارے سلسلہ میں داخل کرو، اور جس کو چاہو ہماری طرف سے اجازت دو۔

(۵) ہمارے گھر میں کوئی پروگرام ہو تو ممکن ہی نہیں کہ بھائی عارف کو اس کی خبر نہ ہو۔

(۶) اللہ کرے بھائی عارف کی مؤلفہ کتاب مجھے زندگی میں مطبوعہ دیکھنی نصیب ہو۔

مذکورہ بزرگوں میں مندرجہ ذیل اوصاف مشترک تھے عاشقان رسول (ﷺ)، شریعت پر سختی سے پابند، علماء و مشائخ کی تعظیم و تکریم کرنا۔ ہر کسی سے محبت کرنا اور عجز و انکساری سے پیش آنا۔ کسی کی تعظیم اس کی شخصیت کی وجہ سے نہیں بلکہ نسبت کی وجہ سے کرنا۔ غیبت سے نفرت اور دوسروں کے عیب چھپانا۔ دوسروں کی مدد کرنا اور خود کسی سے مدد نہ لینا۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان نفوسِ قدسیہ کے فیوض و برکات سے ہمیں مالا مال

Marfat.com

فرمائے۔ ہماری دنیاو آخرت میں خیر و برکت عطا فرمائے اور مولف کی تمنا کے مطابق ان کو مدینہ طیبہ میں مقیم رکھے، قادریت پر موت اور ان کی جنت البقیع میں تدفین کی آرزو پوری فرمائے۔ آمین

بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

میاں محمد اویس قادری

سجادہ نشین حضرت داتا گنج بخش۔ لاہور

تاریخ عام حیل فضیلۃ الامام الشیخ

السید آل رسول الاحمدی المارہروی



۱۲۹۶ھ	۱۲۹۶ھ	۱۲۹۶ھ	۱۲۹۶ھ
طارم محلّ ۳۲۸	واصل بربّ ۳۳۱	أصفیٰ عمل ۳۲۱	أجود قرب ۳۱۶
بحر سمیّ ۳۲۰	أشبہ بجد ۳۱۷	آل رسول ۳۲۷	أنقیٰ صفا ۳۳۲
فرد أجلّ ۳۱۸	أصفی السّنا ۳۲۳	آل روح دین ۳۲۹	جان عرب ۳۲۶
کنف صفیّ ۳۳۰	شاہ ہدیٰ ۳۲۵	نور نجیّ ۳۱۹	أفق العلیٰ ۳۲۲
۱۲۹۶ھ	۱۲۹۶ھ	۱۲۹۶ھ	۱۲۹۶ھ

امام احمد رضا قادری

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھوالقادر

مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام

حواشی

Marfat.com

المدينة داخل السور في القرن الثالث عشر الهجري صورة رسمها
المستشرق الإنكليزي الرحالة برايتون

المدينة كما تبدو للقادم إليها من خارج السور صورة رسمها المستشرق
الرحالة برايتون في منتصف القرن الثالث عشر الهجري عندما زارها باسم
الحاج عبدالله.

Marfat.com

۱۔ ماخذ اولیائے سیالکوٹ از رشید نیاز مطبوعہ سیالکوٹ

۲۔ محمد عبدالحکیم شرف: تذکرہ اکابر اہل سنت

۳۔ رضی حیدر خواجہ: تذکرہ محدث سورتی۔ ڈاکٹر محمد مسعود احمد: کچھ صاحب تذکرہ کے بارے میں صفحہ ۱۷ تا ۲۰

۴۔ **مفتی مکہ معظّمہ سیدی عبدالرحمٰن سراج قدس اللہ سرہٗ**

حضرت سیدی شیخ عبدالرحمٰن عبداللہ سراج ۱۲۳۹ھ میں مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ قرآن کریم حفظ کیا اور دیگر علوم وفنون حاصل کئے، اپنے والد عبداللہ سراج ومفتی مکہ استاذ العلماء شیخ جمال عبداللہ سے شرف تلمذ سے مشرف ہوئے۔ شیخ عبداللہ سراج کی رحلت کے بعد مکہ معظّمہ کے شیخ العلماء کی سند پر رونق افروز ہوئے۔ حضرت علامہ سید احمد زینی دحلان مفتی شافعیہ ومولانا رحمت اللہ ہندی بانی مدرسہ صولیۃ سے علوم اخذ فرما کر اپنے ہم عصر علماء سے ممتاز ہوئے۔ جب آپ کے استاد علامہ مفتی جمال عبداللہ، مدینہ طیبہ کی زیارت کے لئے گئے تو آپ کو اپنی مسندِ افتاء پر اپنا نائب مقرر کر گئے۔ حضرت علامہ شیخ جمال کے رحلت فرمانے پر مفتی مکہ مکرمہ کے عہدہ پر فائز ہوئے، جب تک منصب افتاء پر فائز رہے کسی سے ہدیہ قبول نہ کیا۔

(اعلام الحجاز، محمد علی مغربی)

آپ نے تقریباً ایک سو مشائخ سے سند حدیث حاصل کی۔ علامہ حاج احمد المطیلی مکی وشیخ عثمان بن خضر وعبدالملک القلعی ومحمد بن ھاشم فلانی وشیخ صدیق بن صالح انہاوندی واحمد الشنقیطی ومرزیجان شیخ حبیب الرحمٰن ہندی وشیخ احمد ابوالخیر مرداد مکی ومحمد بن محمد المرغنی

Marfat.com

وغیرہم سے روایت کرتے ہیں اور آپ سے شیخ احمد رضا خاں قادری بریلوی ہندی و شیخ محمد مراد قازانی مکی و معمر جمال الدین و شیخ جمال مکی وغیرہم روایت کرتے ہیں۔ (فہرس الفہارس)

جب آپ مفتی احناف مکہ معظّمہ تھے اس وقت شیخ محمد عابد بن حسین مفتی مالکیہ و سید ابراہیم نائب الحرم مفتی حنابلہ و سید عبداللہ بن محمد الزواوی مفتی شافعیہ اور سید علوی سقاف نقیب الاشرف تھے۔

مفتی عبدالرحمٰن سراج اپنے بیٹے عبداللہ عبدالرحمٰن کو ساتھ لے کر مصر چلے گئے اور ۱۳۱۴ھ میں ۷۵ سال کی عمر میں وہاں ہی وصال فرمایا۔

(محمد علی مغربی اعلام الحجاز جلد۳)

سندِ اجازت

شیخ الاسلام ابی الخیر محمد بن محمد الجزری الشافعی۔ حضرت الشیخ ابی القاسم عمر بن فہد۔ حضرت الحافظ جلال الدین السیوطی۔ حضرت الشیخ السراج عمر بن الجائی۔ حضرت الشیخ علی الاجھوری۔ حضرت مولائی الشریف محمد بن عبداللہ۔ حضرت الشیخ محمد بن سنتہ العمری۔ حضرت الشیخ صالح الفلانی۔ حضرت الشیخ عبداللہ سراج مفتی مکہ۔ حضرت عبدالرحمٰن سراج مفتی مکہ۔ حضرت الشیخ احمد رضا خاں قادری محدث بریلوی۔ قطب مدینہ ضیاء الدین احمد القادری

۵ محمد مسعود احمد ڈاکٹر پروفیسر، حیات امام اہلسنّت۔ رضا اکیڈمی لاہور

۶ ہفت روزہ خطیب دہلی مورخہ ۲۲، مارچ ۱۹۱۵ء صفحہ ۳، ۱۷، ۴، ۱۷ ج ۱، صفحہ ۱۱، ماخوذ امام احمد رضا نمبر ہفت روزہ ہجوم صفحہ ۱۵)

۷ بحوالہ: عبدالحئ رضوی مولانا: تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ صفحہ ۴۴۵

۸ محمد مسعود احمد ڈاکٹر پروفیسر، حیات امام اہلسنّت۔ رضا اکیڈمی لاہور

Marfat.com

۹ اکرام امام احمد رضا'' صفحہ ۳۰

۱۰ پروفیسر مجید اللہ قادری: تذکرہ خلفائے اعلیٰ حضرت، کراچی صفحہ ۱۶۵۔۱۷۱

۱۱ عبدالحی بن عبدالکبیر الکتانی فہرس الفہارس

۱۲ خیرالدین الزرکلی: الاعلام جلد ۱، صفحہ ۱۳۵، مطبوعہ بیروت

۱۳ خیرالدین الزرکلی: الاعلام جلد ۷، صفحہ ۱۵۷۔۱۵۸، مطبوعہ بیروت

۱۴ محمد الیاس برنی صراط الحمید، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ صفحہ ۱۷۔ ۱۳۴۶ھ

۱۵ خیرالدین الزرکلی: الاعلام جلد ۱ صفحہ ۱۳۵ مطبوعہ بیروت

۱۶ عبدالحَی بن عبدالکبیر الکتانی: فہرس الفہارس صفحہ ۹۲۸ مطبوعہ بیروت

۱۷ محمد عبدالحَی بن عبدالکبیر الکتانی۔ فہرس الفہارس صفحہ ۳۲۹۔۳۳۰ مطبوعہ بیروت

۱۸ محمد عبدالحَی بن عبدالکبیر الکتانی۔ فہرس الفہارس صفحہ ۱۱۰۷ تا ۱۱۱۰

۱۹ مختصر شرح قصیدہ ہمزیہ

قصیدہ ام القریٰ فی مدح خیر الوریٰ ﷺ المشہورۃ بالھمزۃ، عارف باللہ حضرت علامہ شیخ شرف الدین ابی عبداللہ محمد بن سعید البوصیری رحمۃ اللہ علیہ المتوفی ۶۹۴ھ کا اٹھارہ فصلوں پر مشتمل چار سو چھپن (۴۵۶) اشعار کا قیصدہ مبارکہ ہے اس کی مختصر شرح حضرت علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی قدس اللہ سرہ العزیز نے فرمائی الحمد للہ یہ قصیدہ بمع مختصر شرح منجانب حزب القادریہ لاہور، باہتمام عبدالعزیز خان قادری ضیائی رجب ۱۴۱۸ھ میں زیور طبع سے آراستہ ہو کر، برائے اجر وثواب حضرت حجۃ الاسلام سیدی حامد رضا خان قادری خلف الاکبر المجدد الاعظم الامام احمد رضا خان قادری بریلوی رضی

Marfat.com

اللہ عنہما تقسیم کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ معاونین جزب القادریہ لاہور کو اجر عظیم سے نوازے۔ آمین ثم آمین۔

۲۰ خیرالدین الزرکلی اعلام جلد ۸ صفحہ ۲۱۸، مطبوعہ بیروت

۲۱ محمد عبدالحی بن عبدالکبیر الکتانی۔ فہرس الفہارس

۲۲ حضرت میاں راج شاہ صاحب سوندھ شریف ضلع گوڑگانواں پنجاب کے باشندہ اور سلسلہ عالیہ قادریہ کے عالی نسبت بزرگ تھے، ۱۲/ رمضان ۱۳۰۶ھ میں واصل بحق ہوئے۔ (بشیر القادری علامہ غلام جیلانی میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ)

۲۳ حضرت شاہ آل رسول مارہروی قدس اللہ سرہٗ

نورِ جاں عطر مجموعۂ آل رسول
میرے آقائے نعمت پہ لاکھوں سلام

حضرت مخدوم شاہ آل رسول مارہروی قدس اللہ سرہٗ تیرہویں صدی ہجری کے اکابر اولیاء اللہ سے تھے، ۱۲۰۹ھ میں ولادت باسعادت ہوئی، اپنے بڑے چچا حضرت اچھے میاں اور والد ماجد حضرت شاہ آل برکات ستھرے میاں قدس سرہما کی آغوش شفقت ومحبت میں تربیت اور نشوونما پائی، حضرت عین الحق شاہ عبدالمجید بدایونی، حضرت مولانا شاہ سلامت اللہ کشفی بدایونی قدس سرہما سے خانقاہ برکاتیہ میں ابتدائی درسیات پڑھ کر فرنگی محل کے علماء حضرت ملانور صاحب، مولانا عبدالواسع صاحب سے تکمیل کی، ۱۲۲۶ھ میں مخدوم شیخ العالم عبدالحق رودلوی المتوفی ۸۷۰ھ کے عرس مبارک کے موقع پر مشاہیر علماء مشائخ کی موجودگی میں دستار بندی ہوئی، اسی سن میں حضرت اچھے میاں کے ارشاد کے بموجب حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے درسِ حدیث میں شریک ہوئے،

Marfat.com

صحاح ستہ کا دور کرنے کے بعد سلاسلِ حدیث وطریقت کی سندیں مرحمت ہوئیں، واپسی میں متوسلین کی خواہش والتجا پر بریلی تشریف لے گئے، حضرت مولانا شاہ نیاز احمد بریلوی المتوفی ۱۲۵۰ھ کو آپ کی آمد کی خبر ہوئی ملاقات کا ارادہ فرمایا، مگر آپ پیش قدمی فرما کر پہونچے اور ملاقات فرمائی، حضرت نیاز ادب واحترام سے پیش آئے، تعظیم دی، کچھ دیر گفتگو کے بعد حضرت فرودگاہ واپس تشریف لے گئے، حضرت کو اجازت وخلافت حضرت اچھے میاں قدس اللہ سرہٗ سے تھی، والد ماجد نے بھی اجازت مرحمت فرمائی تھی، مگر مرید حضرت اچھے میاں کے سلسلے میں فرماتے تھے، حضرت مخدوم شاہ آل رسول علیہ الرحمۃ تیرہویں صدی کی وہ عظیم شخصیت تھی جن کے فیض یافتوں کی مساعی وکوشش سے اسلام کی گرتی ہوئی دیوار سنبھل گئی، اور اسے پھر سے قوت واستحکام مل گیا، حضرت کے دور میں بھی سلسلہ برکاتیہ کی کافی اشاعت ہوئی، قطب العالم شیخ المشائخ شاہ علی حسین اشرفی سرکار کچھوچھہ شریف، مجدد مأتہ حاضرہ مولانا شاہ احمد رضا بریلوی، حضرت تاج العارفین شاہ ابوالحسن نوری نبیرہ وسجادہ نشین، جیسے یگانۂ روزگار عارف آپ کے خلفاء تھے، ۱۸/ ذوالحجہ ۱۲۹۶ھ میں حضرت نے انتقال فرمایا۔

۲۴ حضرت حافظ شاہ حسین خان جہانپوری رحمتہ اللہ علیہ

محلّہ ہاتھی تھان شاہ جہان پور میں سکونت تھی، علاوہ صاحب نسبت اور عالی مقامات ہونے کے فارسی واردو گو شاعر تھے دیوان احمد کے نام سے مجموعہ کلام شائع ہو چکا ہے، رؤساء شہر میں شمار تھے۔

Marfat.com

۲۵ حضرت شاہ خلیل احمد رحمتہ اللہ علیہ

سال ولادت ۱۲۵۲ھ محمد عین اللہ نام نامی، والد کا نام صدیق احمد صفی پور ضلع اُناؤ کے مشہور بزرگ، تیس برس ضلع رائے بریلی میں سرکار انگریز میں ملازمت کی، حضرت شاہ خادم صفی، صفی پوری سے مرید ہوئے، ۱۲۸۴ھ میں مرشد نے خلافت عطا کی اور فرمایا کہ سب خلفاء میں یہ اچھے ہیں، تیرہ ربیع الثانی بروز چہارشنبہ رہگزار عالم باقی ہوکر بعد عصر تجہیز وتکفین ہوئی۔آپ کے ۴۵ خلفاء تھے، دو کتابیں اسراء خادمی اور ارشاد خادمی تالیف فرمائیں، آپ کے فرزند و جانشین صاحبزادہ حضرت شاہ جمیل احمد المتوفی ۱۳/ ربیع الثانی ۱۳۶۹ھ مطابق ۱۹۵۰ء نامور شیخ طریقت گذرے ہیں۔ان کا مدفن بھی صفی پور میں ہے۔ (چراغ صفوی)

۲۶ محمود احمد قادری: تذکرہ علمائے اہل سنت صفحہ ۸۸ تا ۹۰

۲۷ خیرالدین الزرکلی، الاعلام جلد ۶، صفحہ ۱۸۶ مطبوعہ بیروت

۲۸ محمد طاہر فاروقی، پروفیسر، سیرت امیر ملت صفحہ ۶۱ مطبوعہ لاہور

۲۹ محمود احمد قادری مولانا، تذکرہ علماء اہل سنت صفحہ ۱۷۸ مطبوعہ بہار ہند

۳۰ امام احمد رضا خاں قادری، ملفوظات حصہ دوم مرتبہ مصطفیٰ رضا خاں قادری صفحہ ۱۳۶ مطبوعہ، لاہور۔

۳۱ امام احمد رضا خان قادری، ملفوظات حصہ دوم مرتبہ مفتی اعظم صفحہ نمبر ۱۳۶، ۱۳۷ مطبوعہ لاہور۔

۳۲ امام احمد رضا خان قادری انوار البشارہ۔ مطبوعہ کراچی صفحہ ۱۰

۳۳ بدرالدین مولانا، سوانح اعلیحضرت مطبوعہ ہند، صفحہ ۳۳۲، ۳۳۳

Marfat.com

۳۴ محمد شہاب الدین رضوی، علماء عرب کے خطوط فاضل بریلوی کے نام صفحہ ۴۷۔۴۸

۳۵ مجموعہ مصحح شیخ الدلائل حافظ محمد عبدالحق مہاجر مکی صفحہ ۱۷۸، ۱۳۶، ۲۲۶، ۲۴۸ مطبع اکلیل المطابع بلیا، ہند ۱۳۲۸ھ

۳۶ خیرالدین الزرکلی۔الاعلام، جلد ۷ مطبوعہ بیروت

۳۷ خیرالدین الزرکلی۔الاعلام جلد ۲، صفحہ ۱۸۶ مطبوعہ بیروت

۳۸ دلائل الخیرات۔ مصحح مولانا عبدالحق مہاجر مکی مطبوعہ اکلیل المطابع، بلیا ہند صفحہ آخر ۱۳۲۸ھ

۳۹ محمود احمد قادری مولانا، تذکرۂ علماء اہلسنّت مطبوعہ ہند صفحہ ۱۷۸

۴۰ تذکرہ علماء اہلسنّت مطبوعہ ہند صفحہ ۱۷۷

۴۱ صراط الحمید طبع ۱۳۴۶ھ صفحہ ۱۴۷

۴۲ انس یعقوب کتبی: اعلام من ارض النبوہ الجزء الاول صفحہ ۱۹۸، ۲۰۳

۴۳ محمود احمد قادری، مولانا: تذکرہ علماء اہلسنّت صفحہ ۱۷۲

۴۴ الاعلام خیرالدین الزرکلی جلد ۷ صفحہ ۶۷

۴۵ محمد سعید بن ولید طولہ: تاریخ عائلات المدینہ (مخطوطہ)

۴۶ محمد سعید بن ولید طولہ: تاریخ عائلات المدینہ (مخطوطہ)

۴۷ محمد سعید بن ولید طولہ: نفحات الفیض القدوسی (مخطوطہ)

۴۸ محمد سعید بن ولید طولہ: سبحۃ العقیق التمینہ فی تراجم سندی المدینہ (مخطوطہ)

۴۹ محمد عبدالحکیم شرف قادری مولانا: تذکرہ اکابر اہل سنت صفحہ ۱۷۹۔۱۷۰

۵۰ محمد عبدالحکیم شرف قادری مولانا: تذکرہ اکابر اہل سنت، صفحہ ۷۸ تا ۸۰

۵۱ سید آل رسول حسنین میاں برکاتی: سراج العوارف

۵۲ رضی حیدر خواجہ: تذکرہ محدث سورتی، سورتی اکیڈمی، کراچی۔

Marfat.com

۵۳ خیر الدین الزرکلی : الاعلام جلد ۷ صفحہ ۲۴۳_۲۴۴

۵۴ عبدالحکیم شرف قادری مولانا : تذکرہ اکابر اہل سنت ، صفحہ ۵۳۶ تا ۵۴۱

۵۵ خیر الدین الزرکلی : الاعلام جلد ۵ صفحہ ۶۵_۶۶

۵۶ خیر الدین الزرکلی : الاعلام جلد ۵ صفحہ ۳۱۹_

ابراھیم الدروبی : البغدادیون صفحہ ۹_۱۰

۵۷ شیخ الاسلام : سیدنا عبد القادر الکیلانی رضی اللہ عنہ و اولادہ ، صفحہ ۸۸، ۳۵۱_۳۶۱

۵۸ لب الالباب ، ج ۱، ص ۲۷۰_۲۸۰

تاریخ علماء سامراء، ص ۴۶_۵۳

۵۹ عبدالحق انصاری: تاریخ الدولۃ المکیہ

۶۰ یونس ابراہیم السامرائی: تاریخ علماء بغداد، صفحہ ۵۳۲_۵۳۴

۶۱ شیخ الاسلام ، سیدنا عبدالقادر رضی اللہ عنہ واولادہ ، صفحہ ۴۷۳_۴۷۴

۶۲ (ا) لب الالباب : ج ۲، صفحہ ۳۰۶_۳۱۰

(ب) بلوغ الادب فی ترجمہ : السید الشیخ رجب ص ۱۵۳_۱۷۲

(ج) الاعلام الرزکلی ، ج ۱، صفحہ ۶۷

(د) معجم المولفین العراقین ، ج ۱، صفحہ ۳۷

۶۳ خیر الدین الزرکلی : الاعلام جلد ۴ صفحہ ۲۴۹ مطبوعہ بیروت

۶۴ ہفت روزہ الفقیہ ، امرتسر جلد ۸۲ شمارا ۲۱/۱ مطبوعہ ۲۸/۲۱ محرم الحرام ۱۳۶۴ھ ۱۴/۷ جنوری یوم یکشنبہ صفحہ ۸ ک ، ۱، ۲

۶۵ آڈیو کیسٹ مملوکہ عبدالروف عثمان قادری نزیل مدینہ منورہ

۶۶ امام اہل سنت سیدنا اعلحضرت عظیم البرکت رضی اللہ عنہ ، حضرت ملک العماء مولانا ظفر الدین بہاری رحمتہ اللہ علیہ کو ایک مکتوب میں اپنی بیماری اور ضعف کا ذکر فرماتے

Marfat.com

ہوئے تحریر کرتے ہیں:

ضعف میں فرق نہیں، مسجد کو چار آدمی کرسی پر بٹھا کر لے جاتے اور کرسی پر لاتے ہیں، اسی حالت میں ترک موالات و ترک وطن و استعانت بکفار و ادخال مشرکین بمسجد وغیرہ امور دائرہ پر ایک جواب لکھنا پڑا کہ پانچ جز سے زائد ہو گیا، آیہ کریمہ ممتحنہ کی اس میں کافی بحث کر دی گئی ہے، اس لحاظ سے اس کا نام ''المحجة المؤتمنة فی آیةالممتحنة'' رکھا ہے، یہ رسالہ چھپ رہا ہے۔

(مکتوبات امام احمد رضا خاں بریلوی صفحہ ۷۳)

۶۷ امام اہل سنت سیدنا اعلحضرت عظیم البرکت رضی اللہ عنہ، حضرت علامہ شاہ عبدالسلام جبل پوری رضی اللہ عنہ کو ایک مکتوب محررہ ۲۵ ربیع اول ۱۳۳۹ھ میں وصال سے گیارہ ماہ قبل اپنی بیماری کا تذکرہ کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

مولا تعالیٰ نے فضل فرمایا مگر ضعف بدرجہ غایت ہے، نواں روز ہے، بخار کا دورہ ہوا۔ ضعف کو اور قوت پہنچی، کئی روز تجربہ کیا، مسجد تک جانے آنے کی تعب سے فوراً بخار آجاتا ہے، مجبوراً کئی روز سے یہ ہے کہ کرسی پر بیٹھا کر چار آدمی لے جاتے اور لاتے ہیں، ظہر پڑھ کر جاتا اور مغرب پڑھ کر آتا ہوں۔

(مکتوبات امام احمد رضا خاں بریلوی صفحہ ۴۷)

۶۸ ایک مکتوب بنام حضرت علامہ محمد عبدالسلام جبل پوری رحمتہ اللہ علیہ میں تحریر کیا: ڈھائی سال سے اگرچہ امراض درد کمر و مثانہ و سر وغیرہ کا الزم ہو گئے ہیں، قیام و رکوع و سجدہ بذریعہ عصا ہے مگر الحمدللہ دین پر استقامت عطا فرمائی ہے۔

(مکتوبات امام احمد رضا خاں بریلوی صفحہ ۴۷)

۶۹ حضرت مجدد اعظم شاہ احمد رضا خاں قادری قدس سرہ العزیز اپنے خلیفہ حضرت علامہ شاہ عبدالسلام جبل پوری رضی اللہ عنہ کو اپنی پہاڑ (نینی تال) سے واپسی کا اسطرح ذکر فرماتے ہیں:

چودہ محرم کو پہاڑ سے واپس آیا، لاری والے میرے احباب تھے، مولیٰ تعالیٰ انہیں

Marfat.com

جزائے خیر عطا فرمائے امین۔

(مکتوبات امام احمد رضا خاں بریلوی صفحہ ۵۰)

۷۰ آڈیو کسیٹ مملوکہ محمد حبیب الرحمٰن قادری مدینہ منورہ

۷۱ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

آپ کی کنیت ابو عبداللہ ہے۔ آپ حضور انور ﷺ کے آزاد کردہ ہیں۔ آپ فارسی النسل رام ہرمز کی اولاد سے ہیں۔ فارس کے شہر اصفہان کے علاقہ کے رہنے والے تھے۔ تلاش دین میں دیس چھوڑ کر پردیسی بنے پہلے عیسائی بنے ان کی کتابیں پڑھیں بہت مصیبتیں جھیلیں۔ حتی کہ بعض عربیوں نے غلام بنا لیا اور یہود کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ ان کے آقا نے انہیں مکاتب کر دیا۔

حضور انور ﷺ نے ان کا مال کتابت ادا کر کے آزاد کر دیا۔ آپ دس سے زیادہ آقاؤں کے پاس پہونچے حتی کہ حضور انور ﷺ تک پہنچ گئے۔ حضور انور ﷺ نے فرمایا کہ سلمان ہمارے اہل بیت سے ہیں۔ جنت ان کی مشتاق ہے۔ بڑی عمر پائی۔ ساڑھے تین سو سال عمر ہوئی۔ ہمیشہ اپنے ہاتھ سے کما کر کھایا اور صدقہ کیا۔ مدائن میں وفات ہوئی وہاں ہی مزار ہے ۳۵ھ میں وفات ہوئی۔ مدائن کا نام اب سلمان پاک ہے یہ جگہ بغداد شریف سے ۳۰ میل دور ہے۔ ان کے ساتھ حذیفہ ابن یمان رضی اللہ عنہ اور جابر (عبداللہ ابن جابر) رضی اللہ عنہ کے مزارات ہیں۔ مدینہ منورہ میں عوالی میں آپ کا باغ ہے۔ اس میں دو کھجور کے درخت حضور ﷺ کے لگائے ہوئے ہیں۔

(احمد یار خان مفتی: المصابیح شرح مشکوۃ۔ اجمال ترجمہ اکمال)

Marfat.com

۷۲ سیدنا حذیفہ ابن یمان رضی اللہ عنہ

آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے۔آپ کے والد کا نام جیل ہے۔ یمان لقب ہے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ حضور انور ﷺ کے صاحب اسرار راز دار ہیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے چالیس دن بعد آپ کی وفات مدائن میں ہوئی وہاں ہی آپ کی قبر شریف ہے۔ ۳۵ھ میں وفات ہوئی۔

(احمد یار خان مفتی: المصابیح مشکوۃ جلد ہشتم۔اجمال ترجمہ اکمال صفحہ ۱۵)

۷۳ فیصل الاول

عراق کا بادشاہ ابوغازی فیصل بن حسین بن علی الحسنی الھاشمی ۱۳۰۰ھ / ۱۸۸۳ء کو طائف میں پیدا ہوا۔اپنے دور میں عرب کے معروف سیاستدانوں میں سے تھا۔قبیلہ بنی عتیبہ جو کہ بادیہ حجاز میں ساکن تھے، میں پرورش شروع ہوئی۔ ۱۳۰۸ھ / ۱۸۹۱ء میں اپنے والد کے ہمراہ آستانہ گیا۔ ۱۳۲۷ھ کو واپس ہوا، اور ''مجلس النواب العثمانی'' کا شہر جدہ میں نائب مقرر ہوا۔ ۱۹۱۶ء میں دمشق گیا۔ ''الجمعیۃ السریۃ'' کا حلف اٹھایا۔اس کے والد نے ترکوں پر حملہ کر دیا۔ ۱۹۱۶ء میں شمالی افواج کی قیادت اس کے سپرد ہوئی۔ ۱۳۳۷ھ میں ترکوں کو سوریہ سے نکالنے کے بعد وہاں داخل ہونے پر شہریوں نے زبردست استقبال کیا۔ پھر اپنے والد کا نائب بن کر صلح کی غرض سے برطانیہ گیا۔ ۱۹۲۰ء میں دمشق آیا اور سوریہ کا قانوناً بادشاہ بنا دیا گیا۔۲۴/۷/ ۱۹۲۰ء کو فرانس نے سوریہ پر حملہ کر کے قبضہ کر لیا۔ ملک فیصل یورپ چلا گیا، کچھ مدت اٹلی میں قیام کیا اور پھر برطانیہ چلا گیا۔

اس وقت انگریزوں نے عراق پر جنگ مسلط کر رکھی تھی۔ ۱۹۲۱ء میں برطانیہ کے تعاون سے بغداد آیا، عراقی نمائندگان نے حکومت سنبھالنے کی دعوت دی،

Marfat.com

۱۳۳۹ھ / ۱۹۲۱ء میں فیصل عراق کا بادشاہ مقرر ہوا۔ داخلی اصلاحات میں مصروف ہوگیا۔ پارلیمنٹ مقرر کی اور ملک کا دستور وضع کیا، ملک کے استحکام میں اہم کردار ادا کیا۔ انگریزوں کے ساتھ معاہدے اور مقامی آبادی کے ماتحت علاقات قائم کئے۔ سعودی عرب، ترکیہ، ایران و دیگر عراق کے ہمسایوں کے ساتھ صلح و دوستی پیدا کی، ترکیہ اور برطانیہ کے دورے کئے۔

ملک فیصل کا انتقال ۱۳۵۲ھ / ۱۹۳۳ء کو سوئزر لینڈ میں ایک ہوٹل میں ہوا، میت کو بغداد لا کر دفن کر دیا گیا۔ غازی بن فیصل اس کا جانشین مقرر ہوا۔

(خیر الدین الزرکلی۔ جلد ۵۔ ص ۵۶۱۔)

۴۷۔ الشیخ قاسم القیسی قدس سرہٗ۔ مفتی اعظم عراق

حضرت سیدی قطب مدینہ ضیاء الدین احمد قادری رضی اللہ عنہ کے قیام بغداد مقدس کے دوران آپ سے بڑے گہرے برادرانہ مراسم تھے۔ آپ مفتی اعظم عراق کے علم و فضل اور زہد و تقوی کے بڑے مداح تھے۔ آپ فرمایا کرتے کہ اگر میں چند دن مفتی اعظم عراق سے ملاقات کے لئے نہ جاتا تو آپ خود تشریف لے آیا کرتے۔ فرمایا جب ہم عراق گئے تو آپ نے اصرار فرما کر تین دن الاعظمیہ میں اپنے ہاں ٹھہرایا۔ ان دونوں آپ بہت مشغول تھے مگر پھر بھی اکثر وقت ہمارے ساتھ ہی گزارتے۔ الشیخ قاسم الفرضی القیسی ۱۲۹۳ھ / ۱۸۷۶ء کو بغداد میں پیدا ہوئے۔ سات سال کی عمر میں قرآن شریف ختم کر لیا اور ترکی و فارسی کی زبانیں سیکھنے کے لئے مدرسہ منیف افندی میں داخلہ لیا۔ ۱۳۰۳ھ میں شیخ عبد الحسن الطائی سے فن خطاطی میں مہارت حاصل کی، اور شیخ علامہ عبد الوہاب النائب و دیگر متعدد مشائخ سے علوم فنون اخذ کئے۔ الشیخ عبد الوہاب النائب و الشیخ عبد السلام الشواف مدرس حضرۃ القادریہ سے عام و خاص اجازت حدیث اور

Marfat.com

خلافت سے بہرور ہوئے۔

۱۳۱۷ھ میں امتحان میں پہلی پوزیشن حاصل ہوئی اور خانقین میں قانون اسلامی کے استاد مقرر ہوئے، تقریباً ایک سال تک اس منصب پر ایک استاد و مرشد کی حیثیت سے کام کیا اور مفتی شہر کے عہدۂ جلیلہ پر فائز ہوئے۔ بغداد شریف میں درس و تدریس کا سلسلہ جاری رکھا۔ ۱۳۱۹ھ میں الصویرہ میں قضا کے استاد مقرر ہوئے۔ والی بغداد نے ۱۳۲۶ھ کو حکام کے تنظیمی ڈھانچہ طے کرنے کے لئے آپ کو فوری طور پر بغداد مقدس طلب کیا، اس کونسل کا آپ کو با اصرار منتظم اعلیٰ بنایا گیا۔ ۱۳۲۷ھ میں بغداد شریف میں آپ کو ''مجلس المعارف'' کا رکن، اور ''مجلس العلمی'' اوقاف کا رکن مقرر کیا۔ کچھ عرصہ دار المعلمین میں مدرس رہے، پھر شرعی ریسرچ کمیٹی کے ممبر منتخب ہوئے، مختلف ادوار سے گزرے ہمیشہ دعوت وارشاد کا کام جاری رکھا، آپ اپنی وفات کے وقت مفتی اعظم عراق، اور حضرہ قادریہ کے خطیب وجمیعت الھدیۃ الاسلامیہ کے رائیس تھے۔ آپ کی چالیس سے زیادہ مولفات مطبوعہ و مخطوطہ شکل میں موجود ہیں۔ اتوار کی صبح ۲۷ محرم ۱۳۷۹ھ کو الاعظمیہ میں فوت ہوئے، اور حضرہ قادریہ میں دفن ہوئے۔

(بغدادیون اخبارھم ومجالسھم ص ۱۷۲)

(لب الالباب ج ۲ ص ۱۲۳۲۔ ۳۱۵)

۷۵ آڈیو کیسٹ مملوکہ عبدالروف نزیل جدہ

۷۶ حضرت مولانا سید محمد فرید پاشا قادری علیہ الرحمہ حضرت سیدی قطب مدینہ رحمتہ اللہ علیہ کو ہر سال تیلیا رومال ارسال فرماتے جو آپ کے زیرِ استعمال رہتے۔

۷۷ آڈیو کیسٹ مملوکہ سید محمد حسن قادری نوری بکڈپو لاہور

۷۸ حضرت علامہ شاہ ریحان رضا خاں رحمتہ اللہ علیہ

حضرت علامہ الحاج شاہ ریحان رضا خاں عرف رحمانی میاں ۱۸ ذوالحجہ ۱۳۵۲ھ /

Marfat.com

۱۹۳۴ء کو خواجہ قطب بریلی شریف میں ولادت باسعادت ہوئی۔ خاندانی روایت کے مطابق محمد نام رکھا گیا اور عرف ریحان رضا قرار پایا۔ ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی۔ پھر والد ماجد کے حکم پر لائل پور پاکستان میں جامعہ منظر اسلام کے سابق شیخ الحدیث محدث اعظم پاکستان مولانا سردار احمد قدس سرہ کی خدمت میں تین سال تک تحصیل علوم فرمایا۔ حضور مفتی اعظم ہند قدس سرہ سے بیت وخلافت کا شرف حاصل تھا۔ آپ صفات انسانی کے جامع اور اپنے خاندانی اصول پر مضبوطی سے قائم رہنے والے، نڈر، بے باک، مخلص اور عفو وکرم آپ کے اوصاف حمیدہ تھے۔ آپ نے اپنے وقت میں بے شمار سماجی وملی کارنامے انجام دئے۔ آپ ایک اچھے سیاستداں اور اپنے موقف کا برملا اظہار کرنے میں کسی کو خاطر میں نہ لاتے، یہاں تک کہ ایوان حکومت میں بھی کسی سے نہ خوف کھاتے اور اپنے مسلک کی بھر پور وضاحت فرماتے۔ غیر ممالک کے کئی دورے کیئے اہلسنت کی ترویج وخانقاہ رضویہ کے فروغ میں مثالی اقدام فرمایا۔ عشق رسول (ﷺ) ومحبت انبیاء واولیاء آپ کی تقریروں کے خصوصی عنوانات ہوتے۔ خطابت وصحافت کے ساتھ ساتھ شعر وادب کا پاکیزہ ذوق تھا۔ آپ کے اشعار میں دعوت فکر، حرارت قلبی وجوش ایمانی جیسے اہم مضامین کی کثرت ہوتی۔ جس کو پڑھ کر ہر قاری متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔ اسلام وسنیت کا یہ عظیم مجاہد دین نے لافانی خدمات کو انجام دیتے ہوئے ۱۸ رمضان ۱۴۰۵ھ / ۱۹۸۵ء کو داعی اجل کو لبیک کہا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

۷۹ حضرت حافظ خیر محمد سندھی مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ

ابو عبد الہادی حافظ خیر محمد سندھی ۱۳۱۵ھ میں گھوٹکی سندھ میں پیدا ہوئے۔ سلسلہ عالیہ قادریہ میں بھرچنڈی شریف والوں کے مرید تھے۔ چودہ برس کی عمر میں گھر سے نکلے۔ ڈھائی سال کے عرصہ میں مدینہ منورہ پہنچے۔ حضرت سیدی

Marfat.com

کامل المہدی رضی اللہ عنہ کی خدمت کے لئے پوری زندگی وقف کر رکھی تھی، بکریاں پالی ہوئیں تھیں ان کے دودھ سے چائے بنا کر مہمانوں کی ضیافت فرماتے، بے حد نفیس مزاج تھے۔

حضرت مجاہد اعظم سیدی محمد حبیب الرحمٰن عباسی قادری رضی اللہ عنہ کے عاشقوں میں سے تھے۔فرمایا کرتے:

''ارے ان کو محبوب الملت کہو۔''

اکثر علماء عرب سے آپ کا ذکر فرماتے اور آخر میں پوچھتے کیا آپ لوگوں نے زندگی میں کوئی ایسا عالم دیکھا ہے۔ پچھتر (۷۵) برس کی عمر میں صفر ۱۳۹۰ھ کو رحلت فرما کر جنت البقیع شریف میں دفن ہوئے۔

۸۰ مجید اللہ قادری پروفیسر: تذکرہ خلفائے اعلی حضرت

۸۱ مجید اللہ قادری پروفیسر: تذکرہ خلفائے اعلی حضرت

۸۲ مجید اللہ قادری پروفیسر: تذکرہ خلفائے اعلی حضرت

۸۳ خیر الدین الزرکلی: الاعلام جلد ۷ صفحہ ۸۲ ـ ۸۳

۸۴ محمد خیر رمضان: الاعلام للزرکلی تتمۃ جلد ا صفحہ ۹۲-۹۳

۸۵ مجید اللہ قادری پروفیسر: تذکرہ خلفائے اعلی حضرت صفحہ ۳۳۳ تا ۳۴۰۔

۸۶ مجید اللہ قادری پروفیسر: تذکرہ خلفائے اعلی حضرت

۸۷ محمد عبدالحکیم شرف قادری مولانا: تذکرۂ اکابر اہل سنت صفحہ ۲۳۶ تا ۲۴۲

۸۸ عبدالحکیم شرف قادری مولانا: تذکرہ اکابر اہل سنت صفحہ ۱۱۳ تا ۱۱۷

۸۹ محمد عبدالحکیم شرف قادری مولانا: تذکرۂ اکابر اہل سنت صفحہ ۲۰۲ تا ۲۰۹

۹۰ یونس ابراھیم السامرائی: تاریخ علماء بغداد-صفحہ ۶۸۶-۶۸۷

۹۱ ابراہیم عبدالغنی الدروبی: شیخ الاسلام سیدنا عبدالقادر الکیلانی واولادہ - صفحہ ۴۷۳-۴۷۴

۹۲ ابراہیم عبدالغنی الدروبی: شیخ الاسلام سیدنا عبدالقادر الکیلانی واولادہ۔

Marfat.com

۹۳ یونس ابراہیم السامرائی: تاریخ علماء بغداد صفحہ ۱۷۳ -۱۷۵

۹۴ محمد عبدالحکیم شرف قادری مولانا: تذکرۂ اکابر اہل سنت صفحہ ۲۳۲ تا ۲۳۳۔

۹۵ محمود احمد قادری مولانا، تذکرہ علمائے اہل سنت صفحہ ۱۹۱-۱۹۲

۹۶ یونس ابراہیم السامرائی: تاریخ علماء بغداد۔ صفحہ ۴۳۲

۹۷ یونس ابراہیم الشیخ السامرائی: تاریخ علماء بغداد صفحہ ۸۵-۸۶

۹۸ سید قاسم محمود، اسلامی انسائیکلو پیڈیا۔ (شاہکار بک فاؤنڈیشن، کراچی)

۹۹ زبدۃ الحکماء حکیم سلطان بخش (متوفی ۱۳۹۵ھ) ایک زمانہ سے مدینہ طیبہ میں مقیم تھے بچپن ہی میں والدین کا انتقال ہوگیا تھا۔ حضرت امیر سلطان رحمۃ اللہ علیہ، سجادہ نشین حضرت سلطان العارفین (رحمۃ اللہ علیہ) نے پرورش اپنے ذمہ کرم پر لے لی۔ حضرت کی اہلیہ محترمہ شیراں بی بی نے دودھ پلایا۔ پھر حضرت حکیم سلطان محمد صاحب کے سپرد فرمادیا۔ انہیں سے علم طب حاصل کیا اور ان ہی کے مرید ہوئے۔ حضرت زبدۃ الحکماء رحمۃ اللہ علیہ حضرت قطب مدینہ کی بارگاہ میں ہمیشہ حاضر ہوتے تھے۔ ۱۹۷۰ء میں جب شہزادہ اعلیٰ حضرت مفتی اعظم سیدی مصطفیٰ رضا خاں قادری رضی اللہ عنہ مدینہ طیبہ حاضر ہوئے تو آپ روزانہ حضرت کی بارگاہ میں حاضر ہوتے۔ ان دنوں حکیم صاحب بیمار تھے۔ حضرت سے دعا کے لئے عرض کرتے، حضرت نسخہ تجویز فرمادیتے۔ چند دن ایسا ہی ہوا۔ آخر عرض کی کہ مجھے نسخہ نہیں، دعا کی ضرورت ہے پھر حضرت مفتی اعظم تادیر دعا فرماتے رہے۔

۱۰۰ محمد عبدالحکیم شرف قادری مولانا: تذکرۂ اکابر اہل سنت صفحہ ۲۸۱ تا ۲۸۲۔

۱۰۱ محمود احمد قادری۔ تذکرہ علماء اہلسنت۔ مطبوعہ کانپور بھارت.

۱۰۲ رضی حیدر خواجہ، تذکرہ محدث سورتی۔ مطبوعہ کراچی۔ صفحہ ۲۶۷، ۲۶۸

Marfat.com

۱۰۳ عبدالحکیم شرف قادری - تذکرہ اکابر اہلسنت - لاہور

۱۰۴ ڈاکٹر اقبال احمد اختر قادری: مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ دھلوی مطبوعہ کراچی

۱۰۵ محمد صادق قصوری: تذکرۂ خلفائے اعلی حضرت صفحہ ۲۱۷ تا ۲۲۱

۱۰۶ محمد صدیق ہزاروی: تعارف علماء اہل سنت صفحہ ۲۶ تا ۳۰

۱۰۷ مجلّہ امام احمد رضا کانفرس: پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مجددی

۱۰۸ محمد صدیق ہزاروی مولانا: تعارف علماء اہل سنت صفحہ ۲۰۴ تا ۲۰۷

۱۰۹ عبدالحکیم شرف قادری مولانا: تذکرۂ اکابر اہل سنت، صفحہ ۴۹۶ - ۴۹۷

۱۱۰ عبدالحکیم شرف قادری مولانا: تذکرہ اکابر اہل سنت صفحہ ۱۴۹ تا ۱۵۵

۱۱۱ پندرہ روزہ رضائے مصطفیٰ، گوجرانوالہ، ۱۲/ ذوالحجہ ۱۳۸۲ھ ۷/ مئی ۱۹۶۳ء صفحہ ۸

۱۱۲ محمد صدیق ہزاروی مولانا: تعارف علماء اہل سنت، ص ۳۳ تا ۵۲

۱۱۳ محمد عبدالحکیم شرف قادری: تذکرۂ اکابر اہل سنت، ص ۲۴۹ تا ۲۵۰

۱۱۴ محمد عبدالحکیم شرف قادری: تذکرۂ اکابر اہل سنت، ص ۵۴ تا ۵۷

۱۱۵ ڈاکٹر اعجاز انجم لطیفی: ڈاکٹر پروفیسر محمد مسعود احمد حیات، علمی اور ادبی خدمات: مطبوعہ کراچی۔

۱۱۶ شاہ تراب الحق قادری: عرفان منزل کراچی، مصلح الدین نمبر

۱۱۷ محمود احمد قادری مولانا: تذکرۂ علمائے اہل سنت (مطبوعہ بھوانی پور ھند)، صفحہ ۲۴۷ تا ۲۴۸

۱۱۸ محمد صدیق ہزاروی مولانا: تعارف علماء اہل سنت، صفحہ ۲۶۸ تا ۲۷۱

۱۱۹ محمد صدیق ہزاروی مولانا: تعارف علماء اہل سنت، صفحہ ۱۱۳ تا ۱۱۵

۱۲۰ محمد صدیق ہزاروی مولانا: تعارف علماء اہل سنت، مطبوعہ لاہور

۱۲۱ محمد عبدالحکیم شرف قادری: تذکرۂ اکابر اہل سنت، صفحہ ۴۸۶ تا ۴۸۸

۱۲۲ مولانا ظفر الدین، حیات اعلیٰ حضرت صفحہ ۴۷ - ۴۸

Marfat.com

۱۲۳ مفتی عبدالواجد قادری، حیات مفسر اعظم ہند صفحہ ۱۳

۱۲۴ محمد ابراہیم خوشتر صدیقی قادری - تذکرہ جمیل

۱۲۵ آڈیو کیسٹ مملوکہ: عبدالرؤف عثمان قادری: نزیل مدینہ منورۃ

۱۲۶ آڈیو کیسٹ مملوکہ: ام حبیب فاطمہ: نزیل مدینہ منورۃ

۱۲۷ حضرت سیدی قطب مدینہ سیدی ضیاء الدین احمد قادری رضی اللہ عنہ کو بھی اکیس برس کی عمر میں سیدنا اعلحضرت عظیم البرکت احمد رضا خاں قادری محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ سے خلافت واجازت حاصل ہوئی۔ اور امام احمد رضا خاں قادری رضی اللہ عنہ کو بھی اکیس برس کی عمر میں حضرت خاتم الاکابر سید شاہ آل رسول مارہری قدس سرہ العزیز سے مجاز و ماذون ہوئے۔

۱۲۸ **سیدہ حفصہ**

آپ کی پیدائش ۱۳۳۸ھ میں مدینہ منورہ میں ہوئی اور وفات ۱۴۱۵ھ میں ہوئی۔ جنت البقیع میں مدفون ہیں۔ آپ سیدنا عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے مبارک سلسلہ نسب سے تھیں۔ بیر عروہ اور اس سے ملحقہ زرعی اراضی آپ کو اپنے نانا سے وراثت میں حاصل ہوئی۔ مدینہ منورہ کا ایک متمول اور اثر ورسوخ والا یہ کنواں اور اراضی خریدنا چاہتا تھا، مگر حضرت سیدی فضل الرحمٰن مدظلہ نے انکار کر دیا۔ فرماتے ایک برکت والی زمین اور کنواں ہے اس سے ہماری نسبت ہے۔ وہ متمول اور اثر ورسوخ والا شخص وزارت اوقاف میں بڑے عہدے پر تھا اس نے یہ کنواں اور اراضی یہ ظاہر کرتے ہوئے کہ یہ آثار میں سے ہیں اور یہ کسی کی ملکیت میں نہیں رہ سکتے، وزارت اوقاف کے قبضہ میں کرا دیا۔

اس کنوے کے پانی میں اللہ تعالیٰ نے شفا رکھی تھی۔ خصوصاً گردے کی پتھری والے چند دن کے استعمال سے شفا یاب ہوتے۔ پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل

Marfat.com

جاتی، پھر یہ کنواں بند کر دیا گیا۔

بئر عروة

۱۲۹ فقیر قادری حضرت سنوسی الہند مجاہد اعظم سیدی محمد حبیب الرحمٰن عباسی قادری قدس سرہ العزیز سے جب آخری مرتبہ مدینہ طیبہ سے رخصت ہو رہا تھا۔ جس وقت گاڑی پر سوار ہونے لگا تو آپ نے فرمایا:

'' ذکر کرتے رہنا، اب دیکھیں کب ملاقات ہوتی ہے۔ میرا غوث تجھے استقامت دے۔'' آمین

یہ حضرت سیدی مجاہد ملت رضی اللہ عنہ سے آخری ملاقات تھی۔ بعد میں اس شرف عظیم سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے محروم ہی رہا۔ اور حضرت سیدی حافظ حبیب الرحمٰن مدنی رحمتہ اللہ علیہ بھی اسی حالت جذب میں اپنے خالق سے ملے۔

فقیر نے نتیجہ اخذ کیا کہ جب ایسے پاک نفوس یہ فرمائیں کہ دیکھیں یہ کام کب ہوتا ہے، تو اکثر اس کا نتیجہ نفی ہی میں ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ستر عطا فرمائے۔ آمین

۱۳۰ ماہنامہ ''الدعوۃ'' عربی کراچی نومبر ۱۹۸۱ء

۱۳۱ جہان مفتیٔ اعظم صفحہ ۱۰۸۷

Marfat.com

مولف

سیدی ضیاء الدین احمد القادری رضی اللہ عنہ

کے قلم سے

زیر تدوین

سیدی حبیب الرحمٰن قادری رضی اللہ عنہ

انشاء اللہ تعالی

منصۂ شہود

پر

جلوہ افروز ہوگی

Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com



Marfat.com



Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com